# نقوشِ رفتگاں

مفتی محمد تقی عثمانی

مکتبہ معارف القرآن کراچی ۱۴

# نقوشِ رفتگاں

# نقوشِ رفتگاں

مفتی محمد تقی عثمانی

❊

مکتبہ معارف القرآن کراچی ۱۴

جملہ حقوق ملکیت بحق مکتبۂ معارف القرآن کراچی محفوظ ہیں

باہتمام : محمد مشتاق سنی
طبع جدید : ربیع الاول ۱۴۲۸ھ - اپریل ۲۰۰۷ء
مطبع : زمزم پرنٹنگ پریس کراچی
ناشر : مکتبۂ معارف القرآن کراچی
فون : 5031565 - 5031566
ای میل : i_maarif@cyber.net.pk

ملنے کے پتے :

❋ مکتبۂ معارف القرآن کراچی
فون 5031565 - 5031566

❋ ادارۃ المعارف کراچی
فون 5049733 - 5032020

ڈھونڈیں ہم اب نقوشِ سبک رفتگاں کہاں؟
اب گردِ کارواں بھی نہیں کارواں کہاں؟

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الحمد للہ و کفیٰ وسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ

# حرف آغاز

زندگی میں جن شخصیتوں سے کسی بھی نوعیت کا رابطہ رہا' جب وہ اس دنیا سے سدھارے اور آخرت کی منزل کی طرف روانہ ہوئے تو اپنے طبعی تأثرات میں اپنے ماہنامے "البلاغ" میں لکھتا رہا۔ ان تأثرات میں اُن کے اوصاف و کمالات اور ان کے ساتھ گذرے ہوئے واقعات شامل ہوتے تھے۔ بعض احباب نے خیال ظاہر کیا کہ اب یہ مضامین جن کا خاصا ذخیرہ جمع ہو چکا ہے' ایک مجموعے کی صورت میں شائع کردیئے جائیں۔ چنانچہ میرے بیٹے عزیزم مولوی عمران اشرف سلّمہٗ نے "البلاغ" کی پرانی فائلوں سے ان مضامین کو اکٹھا کرکے انہیں کتابی صورت دیدی ہے جو اب "ادارۃ المعارف" سے شائع ہو رہے ہیں۔

بعض بزرگوں یا بعض علمی یا ادبی شخصیات کے بارے میں لکھنے کا ارادہ تھا' لیکن موقع نہ مل سکنے کی وجہ سے اُن پر کچھ لکھا نہیں جاسکا۔ لہٰذا اگر اس مجموعے میں اس دور کی کسی اہم شخصیت کا تذکرہ نہ ہو تو اس کے لازماً یہ معنی نہ سمجھے جائیں کہ خدانخواستہ اُن سے اعراض برتا گیا ہے' بلکہ بسا اوقات میری مصروفیات اس کا سبب بنی ہیں۔

اللہ تعالیٰ اس مجموعے کو قارئین کیلئے مفید بنائیں۔ آمین

احقر
محمد تقی عثمانی
۱۸ جمادی الاول ۱۴۱۴ھ

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | اسمائے گرامی | سنہ وفات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ۱ | مولانا شمس الحق فرید پوریؒ | ذی قعدہ ۱۳۸۸ھ | ۱۱ |
| ۲ | مولانا ظفر احمد عثمانیؒ | ذی قعدہ ۱۳۹۴ھ | ۱۶ |
| ۳ | جناب محمد زکی کیفیؒ | محرم الحرام ۱۳۹۵ھ | ۲۲ |
| ۴ | شاہ فیصل مرحوم | ربیع الاول ۱۳۹۵ھ | ۵۶ |
| ۵ | مولانا محمد میاںؒ | ۱۳۹۵ھ | ۶۱ |
| ۶ | جناب آغا شورش کاشمیریؒ | ۱۳۹۵ھ | ۶۲ |
| ۷ | مولانا انوار الحسن شیر کوٹیؒ | شوال المکرم ۱۳۹۶ھ | ۶۳ |
| ۸ | مولانا مفتی محمد شفیعؒ | شوال المکرم ۱۳۹۶ھ | ۶۵ |
| ۹ | مولانا اطہر علیؒ | شوال المکرم ۱۳۹۶ھ | ۷۶ |
| ۱۰ | مولانا محمد احمد تھانویؒ | محرم الحرام ۱۳۹۷ھ | ۷۷ |
| ۱۱ | مولانا عبد الماجد دریا بادیؒ | ۱۳۹۷ھ | ۷۹ |
| ۱۲ | مولانا محمد سلیمؒ | ۱۳۹۷ھ | ۸۳ |
| ۱۳ | علامہ سیّد محمد یوسف بنوریؒ | ذی قعدہ ۱۳۹۷ھ | ۸۵ |
| ۱۴ | مولانا اکبر علیؒ | شوال المکرم ۱۳۹۷ھ | ۱۱۱ |
| ۱۵ | پروفیسر محمد حسن عسکریؒ | صفر المظفر ۱۳۹۸ھ | ۱۱۹ |
| ۱۶ | جناب ماہر القادریؒ | جمادی الثانی ۱۳۹۸ھ | ۱۲۶ |
| ۱۷ | مولانا اسعد اللہؒ | رجب المرجب ۱۳۹۹ھ | ۱۳۰ |
| ۱۸ | مولانا محمد الحسنیؒ | ۱۳۹۹ھ | ۱۳۲ |
| ۱۹ | مولانا اسحاق جلیس ندویؒ | ۱۳۹۹ھ | ۱۳۴ |
| ۲۰ | مولانا احتشام الحق تھانویؒ | ۱۴۰۰ھ | ۱۳۵ |
| ۲۱ | شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خانؒ | رجب المرجب ۱۴۰۰ھ | ۱۳۸ |
| ۲۲ | مولانا مفتی محمود | ذی قعدہ ۱۴۰۰ھ | ۱۴۰ |
| ۲۳ | مولانا غلام غوث ہزارویؒ | ربیع الثانی ۱۴۰۱ھ | ۱۵۱ |
| ۲۴ | مولانا مفتی محی الدین | ربیع الثانی ۱۴۰۱ھ | ۱۵۴ |

| نمبر شمار | اسمائے گرامی | سنہ وفات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ۲۵ | میری والدہ ماجدہؒ | رجب المرجب ۱۴۰۱ھ | ۱۵۹ |
| ۲۶ | مولانا محمد شریف جالندھریؒ | ذی قعدہ ۱۴۰۱ھ | ۱۶۵ |
| ۲۷ | مولانا محمد متین الخطیبؒ | ربیع الثانی ۱۴۰۲ھ | ۱۶۸ |
| ۲۸ | جسٹس کریم اللہ درانیؒ | ربیع الثانی ۱۴۰۲ھ | ۱۷۴ |
| ۲۹ | شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا کاندھلویؒ | شعبان المعظم ۱۴۰۲ھ | ۱۷۶ |
| ۳۰ | مولانا شمس الحق افغانیؒ | ۱۴۰۳ھ | ۱۸۵ |
| ۳۱ | مولانا قاری محمد طیبؒ | شوال المکرم ۱۴۰۳ھ | ۱۸۹ |
| ۳۲ | مولانا قاضی سعد اللہؒ | ۱۴۰۴ھ | ۱۹۵ |
| ۳۳ | پروفیسر محمد ایوب قادریؒ | ۱۴۰۴ھ | ۱۹۸ |
| ۳۴ | مولانا عبد السلام نوشہرویؒ | ۱۴۰۴ھ | ۲۰۱ |
| ۳۵ | مولانا نور الحسن بخاریؒ | ربیع الثانی ۱۴۰۴ھ | ۲۰۳ |
| ۳۶ | مولانا تاج محمودؒ | ربیع الثانی ۱۴۰۴ھ | ۲۰۴ |
| ۳۷ | مولانا مفتی عبد اللہؒ | جمادی الاولیٰ ۱۴۰۵ھ | ۲۰۷ |
| ۳۸ | مولانا محمد شریف جالندھریؒ | جمادی الاولیٰ ۱۴۰۵ھ | ۲۰۹ |
| ۳۹ | مولانا محمد محترم فہیم عثمانیؒ | جمادی الاولیٰ ۱۴۰۵ھ | ۲۱۱ |
| ۴۰ | مولانا حاجی محمد شریفؒ | ۱۴۰۵ھ | ۲۱۶ |
| ۴۱ | مولانا مفتی محمد عمر بلوچؒ | رمضان المبارک ۱۴۰۵ھ | ۲۲۲ |
| ۴۲ | دار العلوم کے شہید طلبہؒ | ۱۴۰۵ھ | ۲۲۴ |
| ۴۳ | حضرت ڈاکٹر محمد عبد الحئیؒ | رجب المرجب ۱۴۰۶ھ | ۲۲۶ |
| ۴۴ | مولانا نور احمدؒ | جمادی الثانی ۱۴۰۷ھ | ۲۳۲ |
| ۴۵ | مولانا قاری فتح محمدؒ | شعبان المعظم ۱۴۰۷ھ | ۲۴۲ |
| ۴۶ | مولانا حافظ محمد اللہؒ | رمضان المبارک ۱۴۰۷ھ | ۲۴۸ |
| ۴۷ | مفتی سیاح الدین کاکا خیلؒ | شعبان المعظم ۱۴۰۷ھ | ۲۵۴ |
| ۴۸ | دو ذاتی حادثے | شعبان، شوال ۱۴۰۸ھ | ۲۵۹ |
| ۴۹ | جنرل محمد ضیاء الحق شہیدؒ | محرم الحرام ۱۴۰۹ھ | ۲۹۲ |
| ۵۰ | مولانا محمد ادریس میرٹھیؒ | جمادی الثانی ۱۴۰۹ھ | ۲۹۶ |
| ۵۱ | مولانا عبد الحقؒ | ۱۴۰۹ھ | ۳۰۱ |
| ۵۲ | مولانا محمد مالک کاندھلویؒ | ۱۴۰۹ھ | ۳۰۷ |

| نمبر شمار | اسمائے گرامی | سنہ وفات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ۵۳ | مولانا امیر الزمان کشمیریؒ | رمضان المبارک ۱۴۰۹ھ | ۳۱۰ |
| ۵۴ | جناب محمد رضی عثمانیؒ | محرم الحرام ۱۴۱۱ھ | ۳۱۴ |
| ۵۵ | مولانا نجم الحسن تھانویؒ | ۱۴۱۱ھ | ۳۲۶ |
| ۵۶ | مولانا مفتی احمد الرحمٰنؒ | رجب المرجب ۱۴۱۱ھ | ۳۳۲ |
| ۵۷ | مولانا فقیر محمدؒ | ۱۴۱۲ھ | ۳۳۷ |
| ۵۸ | مولانا ظفر احمد انصاریؒ | جمادی الثانی ۱۴۱۲ھ | ۳۴۳ |
| ۵۹ | اہلیہ محترمہ مولانا اشرف علی تھانویؒ | رمضان المبارک ۱۴۱۲ھ | ۳۵۷ |
| ۶۰ | مولانا مسیح اللہ خانؒ | جمادی الاولیٰ ۱۴۱۳ھ | ۳۶۱ |
| ۶۱ | مولانا مفتی جمیل احمد تھانویؒ | رجب المرجب ۱۴۱۵ھ | ۳۶۹ |
| ۶۲ | مولانا مفتی ولی حسنؒ | رمضان المبارک ۱۴۱۵ھ | ۳۷۳ |
| ۶۳ | مولانا سید ابوذر غفاریؒ | جمادی الاول ۱۴۱۶ھ | ۳۸۴ |
| ۶۴ | شیخ عبدالفتاح ابوغدہؒ | شوال المکرم ۱۴۱۷ھ | ۳۸۷ |
| ۶۵ | مولانا محمد منظور نعمانیؒ | ذی الحجہ ۱۴۱۷ھ | ۳۹۵ |
| ۶۶ | مولانا محمد مجاہدؒ کی شہادت | شوال المکرم ۱۴۱۸ھ | ۴۰۹ |
| ۶۷ | حضرت مولانا عبداللہ صاحبؒ | جمادی الثانی ۱۴۱۹ھ | ۴۱۶ |
| ۶۸ | حکیم محمد سعید صاحبؒ | جمادی الثانی ۱۴۱۹ھ | ۴۲۲ |
| ۶۹ | حضرت مولانا سبحان محمود صاحبؒ | ذوالحجہ ۱۴۱۹ھ | ۴۲۷ |
| ۷۰ | آہ! حضرت مولانا<br>سید ابوالحسن علی ندویؒ | رمضان المبارک ۱۴۲۰ھ | ۴۴۴ |
| ۷۱ | آہ! حضرت مولانا<br>محمد عاشق الٰہی بلند شہری | رمضان المبارک ۱۴۲۲ھ | ۴۵۴ |
| ۷۲ | حضرت مولانا مفتی رشید احمد صاحب | ذوالحجہ ۱۴۲۲ھ | ۴۶۱ |
| ۷۳ | پروفیسر محمد شمیم صاحب | محرم ۱۴۲۳ھ | ۴۶۸ |

# مولانا شمس الحق صاحب فرید پوریؒ

ذیقعدۃ ۱۳۸۸ھ کو مشرقی پاکستان کے معروف عالم دین حضرت مولانا شمس الحق صاحب فرید پوری رحمۃ اللہ علیہ بھی اللہ کو پیارے ہو گئے۔ شب و روز کے ہنگاموں میں نہ جانے کتنوں کے بارے میں یہ خبر ملتی ہے کہ وہ ہم سے رخصت ہو گئے۔ بہت سوں کے چھوٹ جانے سے دل شدید رنج والم بھی محسوس کرتا ہے۔ لیکن ایسے لوگ کم ہوتے ہیں جن کی وفات کی خبر دلوں پر بجلی سی گرا دے، جن کا آفتابِ زندگی مشرق میں غروب ہو تو مغرب والے اندھیرا محسوس کریں۔ اور جن کی یاد ان لوگوں کے دل میں بھی ایک ہُوک پیدا کر دے جو ان سے رشتہ داری کا رسمی رابطہ نہیں رکھتے۔

اللہ تعالیٰ مولانا شمس الحقؒ پر اپنی رحمت کی بارشیں برسائے، وہ ایسے ہی لوگوں میں سے تھے۔ اپنے اخلاص، للّٰہیت، مجاہدانہ عزم و عمل اور پُرخلوص خدمات کی وجہ سے وہ علمی اور دینی حلقوں میں ہردلعزیز شخصیت کے مالک تھے، اور جو شخص بھی علم و دین کی کچھ قدر و قیمت اپنے دل میں رکھتا ہے اس کے لئے ان کی وفات ایک عظیم سانحہ ہے۔

غیر منقسم ہندوستان میں علم دین کے دو بڑے مرکز تھے۔ دارالعلوم دیوبند اور مظاہر العلوم سہارنپور۔ مولانا رحمۃ اللہ علیہ نے دونوں سے اکتساب فیض کیا تھا، ان دونوں اداروں میں ان کو اکابر اہلِ اللہ کی صحبت اٹھانے کا موقع ملا، پھر دارالعلوم دیوبند سے فارغ ہونے کے بعد تھانہ بھون میں حکیم الامت حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے چشمۂ فیض سے بھی سیراب ہوئے، جہاں علم کی حقیقت کے ساتھ قلب کو سوز و گداز نصیب ہوا۔

مولاناؒ مشرقی پاکستان کے شہر فرید پور کے رہنے والے تھے آخر وقت تک وطن وہی رہا، لیکن علمی اور تبلیغی خدمات کے لئے ڈھاکہ کو اپنا مستقر بنالیا تھا، وہیں پر قلعۂ لال باغ کے پاس جامعہ قرآنیہ کے نام سے ایک دینی مدرسے کی بنیاد ڈالی جو ڈھاکہ کے مشہور اور مرکزی دینی اداروں میں نمایاں حیثیت رکھتا ہے۔ کبھی کبھی چھٹیاں گذارنے کے لئے یا خرابیٔ صحت کی بنا پر اپنے اہل و عیال کے پاس فرید پور چلے جاتے تھے۔ ورنہ مدرسہ کے انتظام کے علاوہ ملک کی

دینی اور کسی حد تک سیاسی سرگرمیوں میں مؤثر حصہ لینے کی وجہ سے سال کے بیشتر اوقات یہیں گذارتے تھے اللہ تعالیٰ نے ان کے اخلاص اور دینی لگن کی وجہ سے انہیں عوام و خواص میں غیر معمولی مقبولیت اور وجاہت عطا فرمائی تھی' وہ چاہتے تو اپنے لئے بہتر کوٹھی بنگلے بنوا سکتے تھے۔ لیکن انہوں نے اپنے قیام کے لئے جامعہ قرآنیہ کا ایک ایسا تنگ و تاریک حجرہ منتخب کیا جسے دیکھ کر کن فی الدنیا کانک غریب (دنیا میں ایسے رہو جیسے ایک پردیسی) کی عملی تفسیر سامنے آجاتی تھی۔

مولانا بنگلہ زبان کے بڑے اچھے مصنّف تھے۔ بنگال کے عوام کو دینی تعلیمات سے روشناس کرانے کے سلسلے میں ان کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ "بہشتی زیور" حکیم الامت حضرت تھانویؒ کی وہ مقبولِ عام کتاب ہے جس نے لاکھوں بلکہ شاید کروڑوں مسلمانوں کو فائدہ پہنچایا' زندگی کا کوئی گوشہ ایسا نہیں ہے جس سے متعلق ایک مسلمان کی ضروریات کو اس میں جمع نہ کردیا گیا ہو' حضرت مولانا شمس الحق صاحبؒ نے اس عظیم الشان کتاب کا بنگلہ ترجمہ کیا ہے جو ان اطراف میں بہت مقبول ہے' اس کے علاوہ حضرت مولانا تھانویؒ کی اور بھی بہت سی تصانیف کو بنگلہ زبان میں منتقل کرنے کا سہرا انہی کے سر ہے۔

اخلاص اور خیر خواہی کے ساتھ حق گوئی اور بیباکی ان کی خاص صفت تھی' وقت کے حکمرانوں کے ساتھ ان کے بڑے اچھے تعلقات تھے' اور عام طور سے وہ ان میں گھلے ملے رہتے تھے' لیکن جہاں کہیں دین کا معاملہ آجاتا اور حدود اللہ میں کوئی رخنہ پڑتا نظر آتا' وہ پوری صفائی' بیباکی اور جرأت و عزیمت کے ساتھ اپنی بات کہنے سے نہ چوکتے۔ اس صاف گوئی کے صلے میں انہیں بعض حکمرانوں کا معتوب بھی بننا پڑا۔ لیکن چونکہ ان کا غم و غصہ اخلاص کے ساتھ ہوتا تھا' اس لئے عام طور سے حکمران اس کا احساس کرتے تھے کہ ان کی حمایت و مخالفت میں کوئی ذاتی مفاد یا گندی سیاست کا کوئی داعیہ شامل نہیں ہوتا' وہ جو کچھ کہتے ہیں' اللہ کے لئے کہتے ہیں۔ اس احساس کا نتیجہ تھا کہ سیکڑوں معاملات میں حکمرانوں کی مخالفت کے باوجود کوئی ان کے درپے آزار نہیں ہوا۔ اور کسی نے انہیں اپنا دشمن نہیں سمجھا۔

مولاناؒ نے عمر زیادہ نہیں پائی بمشکل ساٹھ تک پہنچے ہوں گے' لیکن سالہا سال سے مختلف بیماریوں نے انہیں گھیر رکھا تھا' اور ان مسلسل و متواتر بیماریوں نے انہیں بہت

ضعیف بنا دیا تھا۔ مجھے اپنے بچپن میں تو انہیں تندرست و توانا دیکھنا یاد ہے لیکن بڑے شعور کے بعد انہیں مکمل طور سے صحت مند کبھی نہیں دیکھا' اختلاج قلب کے مستقل مریض تھے ایک زمانے میں سارے جسم پر سخت ورم آگیا تھا' لیکن ان تمام بیماریوں کے باوجود دین کی خدمت کے لئے ان کے عزم و حوصلہ میں کبھی کمی نہیں آئی۔ ایسا محسوس ہوتا تھا کہ عمر گذرنے کے ساتھ ساتھ اسلام اور مسلمانوں کے ساتھ ان کی محبت میں بے پناہ اضافہ ہو رہا ہے' اور خدمت دین کے ولولے جوان ہو رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان کے جس حصے میں جب کبھی علماء کی طرف سے کسی اجتماعی کام کا پروگرام بنتا' ناممکن تھا کہ مشرقی پاکستان کے علماء میں مولانا شمس الحق صاحب رحمتہ اللہ علیہ کا نام اس کا جزنہ ہو......!

تین سال پہلے جہاد پاکستان کے فوراً بعد والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب مدظلہم العالی اور حضرت مولانا محمد یوسف بنوری صاحب دامت برکاتہم نے ان کی دعوت پر مشرقی پاکستان کا دورہ کیا۔ راقم الحروف بھی ان حضرات کے ساتھ تھا۔ ڈھاکہ کے تمام اجتماعات اور نجی مجلسوں میں وہ اپنی بیماری کے باوجود دل و جان سے شریک رہے' لیکن جب کشور گنج' چاٹ گام اور سلہٹ وغیرہ جانے کا موقعہ آیا تو وہ سفر کے قابل نہ رہے اور ڈھاکہ ہی میں رک گئے۔ اور اس کے بعد ان پر مرض کا شدید حملہ ہوا' جب ہم لوگ واپس ڈھاکہ پہنچے تو مولاناؒ اس وقت بھی شدید بیمار تھے' اور ان کو بار بار دل کے دورے پڑ رہے تھے۔ اتفاق سے حضرت والد صاحب مدظلہم بھی سفر کے دوران بیمار ہو گئے تھے اور مسلسل سفر نے بے حد کمزور کردیا تھا' اس بناء پر سفر کو مختصر کر کے کراچی واپس جانا ضروری ہو گیا۔ چنانچہ ہم عصر کے وقت ڈھاکہ پہنچے اور اسی رات دو بجے کے طیارے سے کراچی روانہ ہونا تھا' ہمارا قیام مدرسہ اشرف العلوم میں تھا۔ میں سوچ رہا تھا کہ ذرا مہلت ملے تو مولانا رحمتہ اللہ علیہ سے ملاقات کر آؤں' اتنے میں ایک صاحب میرے پاس ان کا پیغام لیکر آئے کہ میں بھی بیمار ہوں اور حضرت مفتی صاحب بھی' تھوڑی دیر کے لئے تم آجاؤ کچھ ضروری باتیں کرنی ہیں۔ میں کرم فرمائے محترم جناب مولانا مفتی محی الدین صاحب کو والد صاحب کے پاس چھوڑ کر لال باغ چلا گیا۔ جھٹپٹے کا وقت تھا' میں مولاناؒ کے کمرے میں داخل ہوا تو کچھ دیر کے لئے ششدر رہ گیا۔ یہ مسجد کے ایک گوشے میں ایک نہایت تاریک سا کمرہ تھا' چاروں طرف سے بند بیچ میں ایک پارٹیشن کھڑا تھا' اور اس کے سائے میں ایک چھوٹا سا تخت بچھا ہوا تھا' یہ تخت

مولاناؒ کا بستر استراحت تھا' تخت کے نیچے ایک چٹائی پڑی تھی' مولاناؒ اس چٹائی پر بیٹھے ہوئے کھانا کھا رہے تھے' کھانا کیا تھا؟ ایک بڑے سے پیالے میں دال اور شوربے کا ملا جلا سالن تنوری روٹی اور بس۔

اس سے قبل مولاناؒ کا خصوصی کمرہ دیکھنے کا اتفاق نہیں ہوا تھا' ہمیشہ مدرسہ کے دفتر میں ملاقات ہوتی رہی جو بڑا کشادہ اور خاصا باسلیقہ تھا۔ آج پتہ چلا کہ جس شخص نے مدرسہ اور مسجد کی اتنی بڑی اور کشادہ عمارتیں بنوائی ہیں وہ خود اس طرح رہتا ہے؟ میں محو حیرت تھا کہ اختلاج قلب کا وہ مریض جو صبح و شام دل کے جھٹکے سہہ رہا ہے' اس حجرے میں اس بے سروسامانی کے ساتھ کیسے گزارہ کر سکتا ہے؟ معاً میرے ذہن میں حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک الفاظ گونج گئے' کن فی الدنیا کأنک غریب او عابر سبیل (دنیا میں ایسے رہو جیسے تم ایک پردیسی ہو یا ایک مسافر)

مولانا مجھے دیکھ کر بہت خوش ہوئے' اس وقت بھی طبیعت پر اختلاج کا اثر تھا' لیکن کافی دیر تک بڑے اثر انگیز انداز میں مسلمانوں کے باہمی افتراق کا ذکر کرتے رہے اور اسے ختم کرنے کی کچھ عملی تجاویز بتائیں۔

فرمانے لگے :

"ہم تو چند روز کے مہمان ہیں خدا جانے پھر ملاقات ہو گی یا نہیں' اب آپ کے کام کرنے کا وقت ہے' خدا کے لئے اس افتراق کو ختم کرنے کی کوشش کیجئے یہ ہماری تمام بیماریوں کی جڑ ہے۔ حضرت مفتی صاحب کو اللہ تعالیٰ عافیت کے ساتھ سلامت رکھے' ان سے میرا سلام کہئے' اور میری طرف سے کہہ دیجئے کہ اتحاد کی جس دعوت کو لیکر وہ چلے ہیں وہ وقت کی اہم ترین ضرورت ہے اسے کسی قیمت پر نہ چھوڑیں۔"

اس وقت نہ جانے کیوں بار بار میرے دل میں یہ خیال آرہا تھا کہ شاید یہ مولاناؒ سے آخری ملاقات ہو'-------اور بالآخر یہ ملاقات آخری ہی ثابت ہوئی۔ ایک سال بعد پھر ڈھاکہ جانا ہوا لیکن مولاناؒ خرابیٔ صحت کی بنا پر فریدپور میں تھے' ملاقات کی حسرت ہی لیکر واپس آگیا'------- اور اب چند روز پہلے حضرت والد صاحب مدظلہم کی زبانی یہ اضطراب انگیز خبر سن ہی لی کہ مولاناؒ ہم سے ہمیشہ کے لئے رخصت ہو گئے' ان کی بے چین

روح مالک حقیقی سے جاملی اور ان کی ع
عمر بھر کی بے قراری کو قرار آہی گیا

علم و فضل کی دنیا میں کبھی کی نہیں رہی، لیکن اخلاص اور دین کی سچی تڑپ وہ جنس گراں ہے جو کہیں خال خال ہی ملتی ہے۔ اس اعتبار سے مولاناؒ کی وفات ملّت کا ایسا نقصان عظیم ہے جسکی تلافی ممکن نہیں۔ اللہ تعالیٰ مولاناؒ پر اپنی رحمتیں نازل فرما کر انہیں دارِ آخرت کا سکون اور چین نصیب فرمائے، ان کے بعض صاحبزادگان بھی عالم ہیں، امید ہے کہ انشاء اللہ وہ اپنے والد ماجد کے مشن کو سنبھال کر ان کے لئے ذخیرۂ آخرت ثابت ہوں گے، اللہ تعالیٰ انہیں صبر جمیل عطا فرمائے اور خدمت دین کی توفیق ارزانی فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

البلاغ جلد ۲ شمارہ ۱۲

# حضرت مولانا ظفر احمد عثمانیؒ

ابھی حضرت مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ کے سانحہ وفات کا زخم تازہ ہی تھا کہ آج حضرت مولانا ظفر احمد صاحب عثمانیؒ کے حادثۂ ارتحال نے دلوں پر بجلی گرادی۔ آج کسی اور موضوع پر اداریہ لکھنے کا ارادہ تھا، لیکن اس المناک خبر نے دل و دماغ کو ہر دوسرے موضوع کے لئے بند کر دیا۔

برصغیر کے جن اہل علم و اخلاص نے اس خطے کو ایمان و یقین اور دین کے علم صحیح سے جگمگایا تھا اب وہ ایک ایک کر کے رخصت ہو رہے ہیں، اور ہر جانے والا اپنے پیچھے ایسا مہیب خلا چھوڑ کر جا رہا ہے جس کے پُر ہونے کی کوئی امید نظر نہیں آتی۔ جہاں تک علم کے حروف و نقوش، کتابی معلومات اور فنی تحقیقات کا تعلق ہے ان کے شناوروں کی اب بھی زیادہ کمی نہیں، اور شاید آئندہ بھی نہ ہو۔ لیکن دین کا وہ ٹھیٹھ مزاج و مذاق اور تقویٰ و طہارت، سادگی و قناعت اور تواضع و للّٰہیت کا وہ البیلا انداز جو کتابوں سے نہیں، بلکہ صرف اور صرف بزرگوں کی صحبت سے حاصل ہوتا ہے، اب مسلسل سمٹ رہا ہے اور اب اس خسارے کی تلافی کا کوئی راستہ نظر نہیں آتا۔

دیوبند، سہارنپور اور تھانہ بھون کو اللہ تعالیٰ نے اس صدی میں ان نورانی شخصیتوں کا مرکز بنایا تھا جنھوں نے، اپنے علم و فضل، جہد و عمل، ورع و تقویٰ، سادگی و انکسار اور خشیت و انابت میں قرون اولیٰ کی یاد تازہ کر دی تھی۔ انہوں نے اپنے عمل سے یہ ثابت کیا کہ دین اور اس کے احکام کی اتنی جزرسی اور احتیاط کے ساتھ پابندی اس چودھویں صدی میں بھی ممکن ہے، اور قرونِ اولیٰ کی مثالیں آج بھی زندہ کی جا سکتی ہیں۔

لیکن اب علم و دین کے ان مراکز سے فیض پانے والے رفتہ رفتہ کوچ کر رہے ہیں اور کرب انگیز بات یہ ہے کہ جو دولت انہوں نے دیوبند، سہارنپور اور تھانہ بھون کے اکابر سے حاصل کی تھی وہ بھی انہی کے ساتھ رخصت ہو رہی ہے۔ ان حضرات کے علم و فضل کے مداح اب بھی بہت ہوں گے، ان کے کارناموں سے علمی استفادہ بھی بند نہیں ہو گا لیکن ٹھیٹھ مزاج و مذاق اور اصلاح و عمل کی وہ دولت جو صرف انہی حضرات سے حاصل ہو سکتی تھی

اسے حاصل کرنے والے نہ صرف کالعدم ہیں بلکہ اس کی طرف توجہ اور اس کی اہمیت کا احساس بھی مفقود ہے۔

شیخ الاسلام حضرت علامہ شبیر احمد صاحب عثمانیؒ، حضرت علامہ سید سلیمان ندویؒ، حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنیؒ، حضرت مولانا مفتی محمد حسن صاحبؒ، حضرت مولانا عبدالقادر صاحب رائے پوریؒ، حضرت مولانا عبدالغنی صاحب پھول پوریؒ، حضرت مولانا خیر محمد صاحب جالندھریؒ، حضرت مولانا بدر عالم صاحب میرٹھیؒ، حضرت مولانا وصی اللہ صاحب الہٰ آبادیؒ، حضرت مولانا محمد رسول خاں صاحب ہزارویؒ، حضرت مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلویؒ یہ سب حضرات وہ ہیں جن کے علم یا سیاست خوشہ چین تو کافی ملیں گے، لیکن ایسے افراد ڈھونڈے سے بھی ملنے مشکل ہیں جنہوں نے ان کے عملی کمالات کو جذب کیا ہو۔

حضرت مولانا ظفر احمد صاحب عثمانی رحمۃ اللہ علیہ اسی مقدس قافلے کے ایک رکن تھے آج وہ بھی ہم سے رخصت ہوئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

حضرت مولانا ظفر احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ کے بھانجے تھے، اور حضرت تھانویؒ نے بیٹے کی طرح ان کی تربیت کی تھی۔ انہوں نے دینی تعلیم کانپور اور مظاہر العلوم سہارنپور میں حاصل کی تھی جہاں انہیں حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری رحمۃ اللہ علیہ کی طویل صحبت نصیب ہوئی۔ بعد میں انہوں نے متفرق اوقات میں مظاہر العلوم کے استاذِ حدیث، خانقاہ تھانہ بھون کے مفتی اور مصنف اور مدرسہ عالیہ کے شیخ الحدیث کی حیثیت میں سالہا سال علمی اور تدریسی خدمات انجام دیں۔

حکیم الامت حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ ہی کے حکم سے اور انہی کی سرپرستی میں انہوں نے "اعلاء السنن" تالیف کی جو علم حدیث میں اس صدی کا شاید سب سے بڑا کارنامہ ہے۔ یہ کتاب اٹھارہ ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے اور اس کے دو مبسوط مقدمے "**انہاء السکن**" اور "**ابجاء الوطن**" اس کے علاوہ ہیں اس کتاب میں تمام فقہی ابواب سے متعلق احادیث نبویہ کو جمع کر کے ان کی بے نظیر شرح لکھی گئی ہے جس نے اپنی تحقیق، وسعت معلومات اور دقت نظر کے لحاظ سے پورے عالم اسلام سے اپنا لوہا منوایا ہے۔ افسوس ہے کہ اب اس کتاب کی ابتدائی جلدیں نایاب ہو چکی ہیں۔ اور جو حصے دستیاب ہیں ان کی بھی

کتابت و طباعت شایانِ شان نہیں ہے۔ اب اس کتاب کے دوبارہ شائع ہونے کے امکانات نظر آرہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس کے اسباب مہیا فرمادیں[1]۔

علم تفسیر میں حضرت مولانا ظفر احمد صاحبؒ کا بڑا کارنامہ "احکام القرآن" ہے۔ یہ کتاب بھی حکیم الامت حضرت تھانویؒ کے ایماء پر چار حضرات نے لکھنی شروع کی تھی۔ پہلی دو جلدیں جو سورہ فاتحہ سے سورہ نساء تک کی تفسیر پر مشتمل ہیں، حضرت مولانا ظفر احمد صاحبؒ کی لکھی ہوئی ہیں۔ بیچ کی دو جلدیں احقر کے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب مدظلہم نے لکھی ہیں۔ اور آخری جلد حضرت مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلویؒ نے۔ یہ حصے اگرچہ طبع ہوچکے ہیں، مگر ان کی کتابت و طباعت بھی انتہائی ناقص ہے اور سورہ نساء سے سورہ شعراء تک کا حصہ ابھی نامکمل ہے۔ پچھلے دنوں جب حضرت مولانا ظفر احمد صاحب عثمانیؒ دارالعلوم تشریف لائے تو انہوں نے ذکر فرمایا تھا کہ میں سورہ نساء سے احکام القرآن کی تالیف کا آغاز کرچکا ہوں۔ خدا جانے یہ مسودہ کہاں تک پہنچ سکا ہوگا؟[2]

علم فقہ میں حضرت موصوفؒ کی عظیم یادگاران کے فتاویٰ کا مجموعہ "امداد الاحکام" ہے۔ جب حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانویؒ نے فتویٰ لکھنا چھوڑ دیا تھا تو خانقاہ تھانہ بھون میں آنے والے تمام سوالات کا جواب حضرت مولانا ظفر احمد صاحبؒ ہی

---

[1] اس کتاب کا ایک مقدمہ "انہاء السکن" کراچی میں بھی طبع ہوچکا ہے اور اسی کو شام کے محقق عالم شیخ عبد الفتاح ابو غدہ مدظلہم نے "قواعد فی علوم الحدیث" کے نام سے اپنی گراں قدر تعلیقات کے ساتھ شائع کردیا ہے۔ دوسرا مقدمہ "إنجاء الوطن" ابھی ان کے پاس زیر طبع ہے ادھر "اعلاء السنن" کی جلد اول پر حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب مدظلہم کی فرمائش کے مطابق مصنف علیہ الرحمۃ نے حال ہی میں نظر ثانی کی ہے اس کے مسودہ پر آج کل راقم الحروف تحقیق و تعلیق کر رہا ہے اور انشاء اللہ یہ جلد ہی عنقریب ٹائپ کی عمدہ طباعت کے ساتھ دارالعلوم کراچی دارالتصنیف سے شائع ہوجائے گی اللہ تعالیٰ باقی جلدوں کی اشاعت کا بھی انتظام فرمادے۔ آمین (م ت ع)

یہ کتاب عربی ٹائپ پر ادارۃ القرآن کراچی سے شائع ہوگئی ہے جس کے ۲۱ حصے ۱۳ مجلدات پر مشتمل ہیں۔ ناشر

[2] بحمد اللہ یہ بھی عربی ٹائپ پر ادارۃ القرآن سے ۵ جلدوں پر مشتمل چھپ چکا ہے۔ ناشر

لکھا کرتے تھے۔ اس طرح ان کے لکھے ہوئے فتاویٰ کا ایک ضخیم مجموعہ تیار ہوگیا' جس کا انتخاب فرما کر حضرت تھانویؒ نے ہی اسکا نام "امدادالاحکام" تجویز فرمایا تھا جسے "امدادالفتاویٰ" کا تتمہ کہنا چاہئے۔ اس کا مسودہ سات ضخیم رجسٹروں میں ہے ابتک یہ گرانقدر مجموعہ شائع نہیں ہو سکا تھا' اب حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب مدظلہم کی نگرانی اور سرپرستی میں یہ کتاب دارالعلوم سے شائع ہو رہی ہے' پہلی جلد کی کتابت مکمل ہو چکی ہے' اور امید ہے کہ وہ انشاء اللہ جلد ہی منظرعام پر آجائے گی[لہ]

یہ علم تفسیر' علم حدیث اور علم فقہ میں حضرت مولاناؒ کے صرف تین نمایاں ترین کارناموں کا مختصر تعارف تھا۔ اس کے علاوہ بھی حضرت موصوفؒ نے مختلف دینی موضوعات پر عربی اور اردو میں دسیوں کتابیں یا مقالات لکھے ہیں لیکن اگر صرف مذکورہ بالا تین کاموں ہی کو دیکھا جائے تو بلاشبہ وہ ایسے کام ہیں جو آج کے دور میں بڑی بڑی اکیڈمیاں سالہاسال کی محنت اور لاکھوں روپے کے خرچ سے بھی انجام نہیں دے پاتیں۔ حضرت مولاناؒ نے یہ سارے کام تن تنہا انجام دیئے۔ رحمہ اللہ رحمۃً واسعۃً۔

علمی خدمات کے ساتھ ساتھ حضرت مولانا ظفر احمد صاحبؒ کی سیاسی اور اجتماعی خدمات بھی ناقابل فراموش ہیں۔ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کے ایماء پر انہوں نے قیام پاکستان کی تحریک میں سرگرم حصہ لیا۔ حضرت تھانویؒ نے قائداعظم محمد علی جناح مرحوم کے پاس مختلف علماء کے جو تبلیغی وفود بھیجے ان میں وہ بھی شامل تھے۔ شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی قدس اللہ سرہ نے قیام پاکستان کی جدوجہد کے لئے جو جماعت "جمیعت علماء اسلام" کے نام سے قائم فرمائی تھی ایک عرصہ تک وہ اس کے نائب صدر رہے اور ہندوستان کے طول و عرض میں پاکستان کے حق میں رائے عامہ کو ہموار کیا۔ سلہٹ کے عوام سے پاکستان میں شمولیت کیلئے جو ریفرنڈم کرایا گیا' اس میں پاکستان کی کامیابی بڑی حد تک دو حضرات کے مرہون منت ہے ایک حضرت مولانا ظفر احمد صاحب عثمانیؒ اور دوسرے حضرت مولانا محمد سہول صاحب عثمانیؒ۔

مولانا کی انہی خدمات کا اثر تھا کہ جب پاکستان بنا اور اس سرزمین پر پہلی بار پاکستان کا

---

لہ بحمداللہ اس کی ۲ جلدیں بہترین کتابت پر مکتبہ دارالعلوم کراچی سے شائع ہوگئی ہیں۔ ناشر

پرچم لہرانے کا وقت آیا تو قائد اعظم کی نگاہ انتخاب دو حضرات پر پڑی ایک شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد صاحب عثمانیؒ جنہوں نے مغربی پاکستان میں یہ جھنڈا لہرایا اور دوسرے حضرت مولانا ظفر احمد صاحب عثمانیؒ جن کے ہاتھوں سے مشرقی پاکستان میں یہ پرچم بلند ہوا۔

قیام پاکستان کے بعد اگرچہ انتخابی سیاست سے موصوف کا کوئی تعلق نہیں رہا، لیکن جب کبھی مسلمانوں کو کوئی اجتماعی ضرورت پیش آئی تو مولاناؒ ان لوگوں میں سرفہرست تھے جن کی طرف سب کی نگاہیں باتفاق اٹھتی تھیں۔

عبادت و تقویٰ میں مولاناؒ نے حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوریؒ اور حکیم الامت حضرت تھانوی قدس اللہ سرہ جیسے حضرات کی صحبت اٹھائی تھی، ان کی عملی زندگی میں اس صحبت کا اثر نمایاں تھا۔ ہم جیسے طفلان مکتب نے انہیں ضعف اور کبر سنی کی حالت ہی میں دیکھا۔ لیکن اس عمر میں بھی ان کی ہمت و عزیمت اور ان کا جذبہ و حوصلہ ہم جوانوں کے لئے قابل رشک تھا۔ آخر وقت تک دار العلوم اسلامیہ ٹنڈوالہ یار میں صحیح بخاری کا درس دیتے رہے اور پچاسی سال کی عمر میں ضعف و امراض کے ساتھ بھی نہ صرف پانچوں وقت کی نمازیں مسجد میں باجماعت ادا کرتے بلکہ ظہر و عصر کی نمازوں میں امامت بھی خود فرماتے تھے۔ احقر کو مشرقی پاکستان کے ایک دورے میں آپ کی رفاقت میسر ہوئی۔ ضعف و علالت کے باوجود عبادات کا اہتمام اور وعظ و تذکیر کا جذبہ ہر دم جوان معلوم ہوتا تھا۔

آخری بار دار العلوم تشریف لائے تو اساتذہ دار العلوم نے ان سے اجازت حدیث لی، اس وقت کمزوری کا یہ عالم تھا کہ موٹر میں بیٹھنے کے لئے بھی دو آدمیوں کے سہارے کی ضرورت تھی لیکن اسی مجلس میں "احکام القرآن" کی تکمیل کے لئے تصنیفی کام شروع کرنے کا ارادہ ظاہر فرمایا اور کہا کہ جب مجھے مرض اور کمزوری کا زیادہ احساس ہونے لگتا ہے تو میں صحیح بخاری کا درس شروع کر دیتا ہوں اور اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے صحت و قوت عطا فرما دیتے ہیں۔

آخر وقت تک ڈاک کے جواب میں پابندی حیرت انگیز تھی، کبھی یاد نہیں ہے کہ والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب مد ظلہم نے یا احقر نے کوئی عریضہ لکھا ہو اور تیسرے چوتھے روز جواب نہ آیا ہو۔

اعلاء السنن کی پہلی جلد "احیاء السنن" کے نام سے چھپی تھی اور اس میں ایک

ضرورت کی بناء پر "الاستدرک الحسن" کے نام سے ایک ضمیمہ کا اضافہ کیا گیا تھا۔ ان مختلف ناموں اور سوال وجواب کے انداز کی بناء پر علماء کو بالخصوص عالم عرب کے اہل علم کو بڑی الجھن پیش آتی تھی۔ احقر کے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب مدظلہم نے خواہش ظاہر فرمائی کہ یہ جلد ایک مسلسل کتاب کی صورت اختیار کرے اور اس کا نام بھی "احیاء السنن" کے بجائے "اعلاء السنن" ہی ہو جائے تو اچھا ہو۔ یہ کام کس قدر الجھا ہوا اور دیدہ ریزی کا طالب تھا اسکااندازہ وہی لوگ کر سکتے ہیں جنہوں نے یہ کتاب دیکھی ہے لیکن حضرت مولانا عثمانیؒ نے اس پیرانہ سالی میں یہ پیچیدہ کام بھی مکمل فرما دیا۔ اب یہ کتاب دارالعلوم کے دارالتصنیف سے ٹائپ پر شائع ہونے والی ہے۔ تمنا تھی کہ یہ حضرت موصوف کی حیات ہی میں منظر عام پر آجائے لیکن تقدیر میں ہر کام کا ایک وقت مقرر ہے ولن یؤخر اللہ نفسا اذا جاء اجلھا۔

حضرت مولاناؒ کے ساتھ موجودہ صدی کی ایک تاریخ رخصت ہو گئی وہ ان مقدس ہستیوں میں سے تھے جن کا صرف وجود بھی نہ جانے کتنے فتنوں کے لئے آڑ بنا رہتا ہے۔ ان کی وفات پورے عالم اسلام کا سانحہ ہے اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے انہیں جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور ہمیں ان کے فیوض سے مستفید ہونے اور ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

البلاغ جلد ۸ شمارہ ۱۲

## جناب محمد زکی کیفیؒ

# میرے بھائی جان

تم کیا گئے کہ رونقِ ہستی چلی گئی

باقی رہنے والی ذات صرف اللہ کی ہے' اس دنیا کی ہر شخصیت' خواہ وہ کتنی دلکش' کتنی پر بہار' کتنی ہر دلعزیز اور کتنی زندگی افروز ہو بالآخر اسے ایک نہ ایک دن یہاں سے جانا ہے۔ آگے اور پیچھے کا فرق ضرور ہے لیکن ہم میں سے کون ہے جو یہاں ہمیشہ رہنے کے لئے آیا ہو۔ لیکن انسان کی غفلت کا یہ عالم ہے کہ وہ اس سامنے کی حقیقت کو ہمیشہ نظرانداز کر کے اس کائنات اور اس میں پائی جانے والی رنگینیوں سے اس طرح دل لگا بیٹھتا ہے جیسے اسے ان کے بقائے دوام کی کوئی ضمانت مل گئی ہے کل من علیہا فان اور وما تدری نفس بای ارض تموت کے قرآنی ارشادات سے کوئی کٹر سے کٹر دہریہ بھی انکار نہیں کر سکتا' لیکن عملی زندگی میں یہ مسلّم حقیقت ہماری نظروں سے اس طرح اوجھل رہتی ہے جیسے یہ کوئی حقیقت ہی نہیں۔

اس کا نتیجہ ہے کہ اب تک اس بات پر یقین کرلینے کو دل آمادہ نہیں ہوتا کہ آج جو کچھ لکھنے جا رہا ہوں وہ اپنے سب سے بڑے بھائی (مولانا محمد زکی کیفی صاحبؒ) کی وفات کا تذکرہ ہے' ان کے سفر آخرت کا بیان ہے' ان کے دنیا سے رخصت ہونے کے واقعات ہیں۔ جانتا ہوں کہ یہ روح فرسا واقعات پیش آچکے' مانتا ہوں کہ یہ دنیا فانی ہے اور اس میں بھائی جان جیسی ہنستی کھیلتی' اور چہکتی مہکتی شخصیت کا یکایک اٹھ جانا کوئی پہلا یا نیا واقعہ نہیں جسے

تسلیم نہ کیا جائے لیکن دل میں رہ رہ کر اٹھنے والی اس ہوک کو کیا کروں جو بھائی جان کے نام کے ساتھ "مد ظلہم" کے بجائے "مرحوم و مغفور" کے الفاظ لکھتے ہوئے دل پر لرزہ' ہاتھوں میں کپکپاہٹ اور جسم میں جھرجھری پیدا کردیتی ہے۔ ہروقت' ہر آن اور ہر لحہ سامنے رہنے والی اس دلکش تصویر کو کیا کہوں جس کے بارے رہ رہ کر یہ محسوس ہوتا ہے جیسے وہ ابھی سامنے سے مسکراہٹوں کے پھول بکھیرتی نمودار ہوگی۔ اور ہمیشہ کی طرح دل کے سارے داغ دھودے گی۔ غموں کے سارے بادل چھٹ جائیں گے اور یہ ڈراؤنا خواب جو ایک ہفتہ سے نظر آرہا ہے یک بیک ختم ہوجائے گا۔ ہر گھڑی کانوں میں گونجنے والی اس محبت بھری آواز کو کیا کروں جو ہر پریشانی کے موقع پر تسلی اور سکون کا پیغام بن کر سنائی دیتی تھی اور اب بھی یہ محسوس ہوتا ہے کہ وہ غموں کے اس انبوہ میں یک بیک سنائی دیگی اور ہمیشہ کی طرح آج بھی اس کی لذت و حلاوت سے جسم و جان کا گوشہ گوشہ سکون پاجائیگا۔ وہ آواز جس نے ہر کٹھن گھڑی میں ماں باپ' بہن بھائی اور بیوی بچوں سے لیکر اپنے تمام عزیز و اقارب اور دوست احباب کے حوصلے ابھارے۔ جس نے ہر نازک موڑ پر' یہاں تک کہ اپنے آخری لمحات تک اپنوں پرایوں سب کی ڈھارس بندھائی۔ جس نے ایک عرصہ تک علم و ادب اور دین و سیاست کی محفلیں زندہ رکھیں اور جس کی نغمہ بار چہک سے لاہور کے علمی و ادبی حلقے اب بھی مترنم ہیں کیسے یقین کرلوں کہ اب وہ جیتے جی دوبارہ سنائی نہیں دے گی ؎

زمزموں سے جس کے لذت گیر ابتک گوش ہے
کیا وہ آواز اب ہمیشہ کے لئے خاموش ہے

لیکن نہیں! اب یہ یقین کرنا پڑے گا قدرت کے قوانین اٹل ہیں اور اس قسم کی جذباتی شاعری سے ان کا مفہوم بدلا نہیں کرتا۔ اگر کوئی سخت سے سخت محنت یا بڑی سے قیمت کسی جانے والے کو واپس لاسکتی تو میں سب سے پہلے اپنے بھائی جان کو موت کے پنجوں سے چھین کر اس "کاشانہ زکی" کو دوبارہ خوشیوں سے آباد کرنے کی کوشش کرتا جو ابھی چند روز پہلے تک مسرتوں کا گہوارہ تھا اور آج آنسوؤں میں بسہ رہا ہے۔ اگر کسی بڑی سے بڑی قربانی کے ذریعہ کسی کی موت کو مؤخر کرنا ممکن ہوتا تو میں سب سے پہلے بھائی جان کو اپنے ان

دل شکستہ والدین کے سامنے لا کھڑا کرتا جنھوں نے اس ضعیفی میں بسترِ علالت پر ایسے بیٹے کا زخم سہا ہے۔ لیکن تقدیر کے فیصلوں میں اس اگر مگر کی گنجائش نہیں' میں کیا اور میرا صدمہ کیا؟ اور اس صدمے کو دور کرنے کے لئے میری کسی قربانی کی حقیقت کیا؟ اس زمین کے سینے پر سب سے بڑا صدمہ ابو بکر صدیقؓ' عمر فاروقؓ' عثمان غنیؓ' علی مرتضیٰؓ' صدیقہ عائشہؓ' فاطمۃ الزہرہؓ اور تمام صحابہؓ نے سہا تھا۔ قربانی پیش کرنے کا لفظ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ان جاں نثاروں پر جچتا تھا اور اگر کوئی بڑی سے بڑی قربانی کسی کی اجل کے فیصلے کو ٹال سکتی تو وہ یقیناً سرکارِ دو عالم محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے صرف ایک سانس کے بدلے اپنی ہزاروں زندگیاں نچھاور کر دیتے۔ لیکن حکیم و علیم کا بنایا ہوا یہ کارخانہ حیات کوئی ہنسی کھیل نہیں ہے جس کے فیصلے آرزوؤں' تمناؤں اور حسرتوں کے مدار پر گردش کیا کریں۔ تم ایک محدود دائرے میں رہ کر سوچتے ہو۔ تمہاری ساری تمنائیں اور حسرتیں اسی تنگ دائرے سے وابستہ ہیں۔ اس دائرے سے باہر وہاں تک ان کی رسائی نہیں جہاں سے پوری کائنات کا نظام کنٹرول ہو رہا ہے' جہاں کائنات کی ہر چیز کی گھڑی گھڑی کا حساب مقرر ہے اور جہاں کی مستحکم اور حکیمانہ منصوبہ بندی میں کوئی جھول نہیں ہے۔ اگر تمہیں اس مستحکم منصوبہ بندی اور اس میں پنہاں حکمتوں کا علم نہیں تو ان حکیمانہ منصوبہ بندیوں کا قصور نہیں تمہاری جہالت کا قصور ہے۔ تم اس کائنات میں خدائی کے اختیارات لیکر نہیں خدا کے بندے بن کر آئے ہو لہٰذا مشیت کی حکمتوں کو جھانکتے پھرنا تمہارا کام نہیں' تمہارا کام یہ ہے کہ قدرت کے فیصلوں کے آگے سرِ تسلیم خم کرو اور انکی حکمتوں کو اللہ کے حوالے کر دو۔

ہاں ایک ظلوم و جہول بندے کی حیثیت سے کسی المناک واقعہ پر رنجیدہ ہونا اور اپنے کسی چھوٹ جانے والے کو شرعی حدود میں رہ کر یاد کرنا تمہارا فطری حق ہے اور اللہ نے تمہارے اس حق پر پابندی نہیں لگائی۔ اس تنبہ کے بعد مشیت ایزدی کے سامنے سرِ تسلیم خم ہے اور اس بات پر ایمان ہے کہ جو کچھ ہوا وہ حکیم مطلق کی حکمتوں کے عین مطابق ہے۔ ماشاء اللہ کان وما لم یشأ لا یکون اور ذلک تقدیر العزیز العلیم اور انا للہ وانا الیہ راجعون

لیکن اس حادثے نے دل و دماغ پر جو غیر معمولی اثر ڈالا ہے اور اس کے بعد بھائی جان مرحوم کے ساتھ گزرے ہوئے تیس سالہ واقعات کی جو چلتی پھرتی تصویریں ہر لمحے نگاہوں

کے سامنے ہیں ان سے مسلسل دل پر لگنے والے نشتروں کو روکنا میرے بس کی بات نہیں۔ آج ان نشتروں میں آپ کو بھی تھوڑا سا حصہ دار بنانا چاہتا ہوں۔

بچپن کے بالکل آغاز میں بھائی جان کا تصور ہمارے ذہن میں ایک ایسی محبوب مگر بارعب شخصیت کا تھا جن سے آنکھیں ملانا مشکل تھا۔ ان کا سب سے پہلا واقعہ جو مجھے یاد ہے' وہ یہ ہے کہ ہمارے دیوبند کے مکان میں ایک کمرہ بھائی جان کے لئے مخصوص تھا۔ اس میں ایک میز پر ان کی کتابیں کاپیاں اور قلم دوات رکھی رہتی تھی۔ میری عمر اس وقت بمشکل چار سال کی ہوگی' میں ایک روز ان کے کمرے میں داخل ہوا تو کھیلتے کھیلتے میرا ہاتھ ان کی دوات کو لگا اور ساری روشنائی میز پر پھیل گئی' روشنائی کے اس طرح پھیل جانے سے واقعتاً جو نقصان ہو سکتا ہے اس کا احساس تو اس وقت کیا ہوتا؟ لیکن بھائی جان کی بارعب شخصیت کے پیش نظر اس کے جو نتائج ہماری ذات پر اثر انداز ہو سکتے تھے ان کا اندیشہ ضرور دامن گیر ہو گیا۔ بھائی جان کا رعب تو بیشک چھایا ہوا تھا۔ لیکن جس چیز کا رعب تھا۔ اس کا عملی تجربہ کبھی نہیں ہوا تھا' آج یہ یقین تو ہو گیا کہ اب یہ عملی تجربہ ہو کر رہیگا لیکن وہ کیسا ہوگا؟ اور ہمارے لئے کس حد تک قابل برداشت ہوگا؟ اس کا اندازہ بالکل نہیں تھا۔ ہم نے پہلے تو روشنائی کو صاف کرنے کی کوشش کی لیکن جب علاج سے درد بڑھتا ہی چلا گیا تو اس کو اپنے حال پر چھوڑ کر باہر نکل آئے اور گھر میں ایک ایک فرد سے یہ تحقیق شروع کی کہ بھائی جان کا ہاتھ (طمانچے کا ہاتھ) کیسا پڑتا ہے؟ لیکن اس کا جواب پانے کے لئے بجائے ہر فرد کے چہرے پر ہنسی دیکھ کر تشویش بڑھتی چلی گئی اور اس وقت رفع نہ ہوئی جب تک بھائی جان خود نہ آگئے۔ کیونکہ وہ بھی دوسروں کی زبانی میرا یہ سوال سنکر مسکرائے اور پھر ایک تبسم آمیز مصنوعی غصے کے ساتھ مجھے تھپتھپا کر رخصت کر دیا۔ مجھے اپنے اس سوال کا عملی جواب تو اس کے بعد کبھی نہ مل سکا لیکن بڑے ہونے کے بعد بھائی جان یہ بات یاد دلا کر اکثر چھیڑا کرتے تھے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ ان کی رفاقت کے سلسلے میں ان کی سب سے پرانی بات جو مجھے یاد ہے وہ یہی ہے۔

قارئین البلاغ شاید یہ الجھن محسوس کریں کہ اس مرتبہ میں نے خلافِ عادت یہ ذاتی قصے کیوں چھیڑ دیئے ہیں' لیکن میں نے دو وجہ سے ان واقعات کو بیان کرنا نامناسب نہیں سمجھا۔ ایک وجہ تو یہ ہے کہ قارئین البلاغ سے آٹھ سالہ رفاقت کی بناء پر اپنا حق سمجھتا

ہوں کہ اس جیسے موقع پر انہیں اپنے تاثرات میں حصہ دار بناؤں۔ دل میں ابلنے والے ان جذبات کی داستان آپ نہیں تو اور کون سنے گا۔ پچھلے آٹھ سال سے ہر مہینے کم از کم البلاغ کا اداریہ تو ضرور لکھتا ہی ہوں لیکن لکھتے وقت مجھے یہ اندازہ نہیں ہوتا کہ اسے کون کون پڑھے گا؟ صرف ایک شخصیت ایسی تھی۔ جس کے بارے میں مجھے یقین ہوتا تھا کہ اسے جس دن البلاغ ملے گا اسی روز یہ اداریہ لازماً اس کے مطالعہ میں آئیگا اور وہ بھائی جان کی شخصیت تھی۔ بھائی جان کو اس بات سے بڑی غیرت آتی تھی کہ حضرت والد صاحب مدظلہم یا ہم بھائیوں میں سے کسی کی کوئی قابل ذکر بات انہیں کسی تیسرے شخص کے واسطے سے معلوم ہو' وہ ہماری ایک ایک بات سے خود باخبر رہتے تھے۔ اکثر ایسا ہوتا تھا کہ البلاغ پہنچنے کے تیسرے ہی دن ان کا خط مجھے مل جاتا جس میں اداریہ پر تبصرہ اور اس کے محاسن و معائب کا تذکرہ ہوتا تھا اور خط نہ ملے تب بھی یہ ممکن نہیں تھا کہ بھائی جان کو کوئی دوسرا شخص البلاغ میں میرے کسی مضمون کا حوالہ دے اور وہ انہوں نے نہ پڑھا ہو۔ آج یہ پہلا موقع ہے کہ میں اداریہ لکھ رہا ہوں اور اس پر کیف یقین سے محروم ہوں۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ بھائی جان کا تذکرہ محض میرا ذاتی تذکرہ نہیں' ان کی شخصیت ان خاموش رضاکاروں میں سے تھی جو انتہائی خلوص کے ساتھ ملک و ملّت کی قیمتی خدمات انجام دیتے رہتے ہیں' لیکن جب شہرت اور کریڈٹ کے ہار تقسیم ہوتے ہیں تو گوشہ گمنامی میں جا بیٹھتے ہیں۔ جو لوگ ملک کی دینی تحریکات کے اندرونی احوال سے باخبر ہیں ان سے پوچھئے کہ ملک کی دینی تحریکات میں کونسا موقع ایسا تھا جس میں دامے قدمے سخنے ان کا کوئی نہ کوئی حصہ نہ ہو؟ لیکن جب ان تحریکات سے شخصیتوں کا ابھرنے کا موقع آتا تو وہ محض ایک دینی کتابوں کے ناشر و تاجر یا زیادہ سے زیادہ ایک کامیاب شاعر تھے اس سے آگے کچھ نہیں۔ انہوں نے سچ کہا تھا۔

کہنے کو ایک ذرۂ ناچیز ہیں مگر
تعمیرِ کائنات کے کام آرہے ہیں ہم

بڑے بڑے دینی اور سیاسی رہنماؤں کے تذکرہ نگار آپ کو بہت سے مل جائیں گے

لیکن وہ خاموش رضاکار جن کے خون پسینے سے ملک و ملّت کا چمن سیراب ہوتا ہے ان کے حالات سنانے والا آپ کو ڈھونڈے سے بھی ملنا مشکل ہے اور آج میں آپ کو ایک ایسے ہی رضاکار کا حال سنا رہا ہوں۔

ہاں تو بچپن میں بھائی جان کی شخصیت ہمارے لئے صرف ایک بارعب شخصیت تھی لیکن پھر رفتہ رفتہ اس رعب پر محبت غالب آتی چلی گئی۔ قیام دیوبند کے دوران مجھے ان کے چند ہی مناظر یاد ہیں جن میں سے وہ منظر بھلائے نہیں بھولتا جب ۱۹۴۸ء میں ہم چار بھائی اور دو بہنیں والدین کے ساتھ بغرض ہجرت پاکستان کے لئے روانہ ہو رہے تھے اور بھائی جان دہلی کے اسٹیشن پر بھیگی نگاہوں کے ساتھ ہمیں رخصت کر رہے تھے۔ میں اس وقت پانچ سال کا بچہ تھا اور زیادہ سے زیادہ اتنا سمجھ سکتا تھا کہ ان کے یہ آنسو والدین اور بھائی بہنوں سے جدائی کے تاثرات ہیں' لیکن بعد میں ذرا ہوش آیا تو اندازہ ہوا کہ بات صرف اتنی نہیں تھی بلکہ ان آنسوؤں میں غموں حسرتوں اور تفکرات کا ایک جہاں پوشیدہ تھا۔ ہم بھائیوں میں تنہا وہ تھے جنہوں نے قیام پاکستان کی تحریک میں حضرت والد صاحب مدظلہم کا ہاتھ بٹایا تھا جنہوں نے اس مقصد کے لئے والد صاحب کے ساتھ سفر کئے تھے، جو سرحد ریفرنڈم' لاہور کانفرنس اور حیدر آباد کانفرنس میں والد صاحب کے ساتھ رہے تھے۔ جنہوں نے اس کام کے لئے دیوبند میں نوجوانوں کی ایک تنظیم بنائی تھی جنہوں نے فسادات کے زمانے میں لوگوں کے گھروں پر راتوں کو پہرے دیئے تھے اور جن کی جوانی کی بیشتر امنگیں پاکستان سے وابستہ تھیں' لیکن اسوقت بھائیوں میں تنہا وہی تھے جنہیں والد صاحب کے ساتھ پاکستان آنے کے بجائے ہندوستان میں رکنا پڑ رہا تھا۔ اس ہندوستان میں جہاں (قیام پاکستان کے بعد) ایک لمحہ ٹھہرنا بھی ان کے لئے دوبھر تھا اور جہاں کا ماحول اس وقت (خود بقول ان کے) انہیں کاٹ کھانے کو دوڑتا تھا لیکن چونکہ حضرت والد صاحب مدظلہم شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانیؒ کی فوری طلبی پر اچانک روانہ ہوئے تھے اور دیوبند میں بہت سے الجھے ہوئے کام نمٹانے باقی تھے جن میں بھائی جان کے سوا بھائیوں میں سے کوئی بھی کمسنی کے سبب نمٹا نہیں سکتا تھا' اس لئے حضرت والد صاحب انہیں کچھ عرصے کے لئے وہیں چھوڑ کر جانے پر مجبور ہوئے۔ بھائی جان اس وقت تیئیس چوبیس سال کی عمر میں ان تمام الجھے ہوئے کاموں کا بوجھ' والد صاحب کے ساتھ پاکستان نہ پہنچنے کی حسرت اور گھر والوں سے جدائی کا غم لئے کھڑے تھے اور گویا زبان

حال سے اپنا یہ شعر پڑھ رہے تھے کہ۔

میں ہوں کہ مرے دم سے ہے میخانے کی رونق
میرا ہی بھری بزم میں اک جام تہی ہے

پھر تقریباً سات مہینے وہ ہندوستان میں رہے۔ اس دوران ان کی جو کیفیت تھی اس کا اندازہ ان کے ایک منظوم خط سے ہوتا ہے جو انہوں نے عید کے موقع پر ہم سب بہن بھائیوں کے نام بھیجا تھا اس خط کے یہ اشعار مجھے آج تک یاد ہیں۔ ہ

مانا کہ میں دل درد کا خوگر ہی بنا لوں
لیکن جو خلش چھپ نہ سکے کیسے چھپالوں
آنکھوں میں ہے اندھیر تو دل ڈوب رہا ہے
ایسے میں بتاؤ کہ میں کس کس کو سنبھالوں
تم عید کی خوشیوں سے کرو گھر میں چراغاں
میں محفل دل اپنے ہی داغوں سے سجالوں
ماں باپ جدا، بھائی بہن پاس نہیں ہیں
ایسے میں بتاؤ کہ میں کیا عید منالوں

لیکن ملّی غیرت کا یہ عالم تھا کہ جس ماحول میں پاکستان کا نام لینا جرم تھا وہاں اعلانیہ پاکستانی ٹوپی پہنتے پاکستان کے حق میں بحثیں کرتے اور اس کے خلاف کسی کی زبان سے ایک لفظ نہیں سن سکتے تھے۔ عیدالاضحیٰ کا موقعہ آیا اور گائے کی قربانی پر جگہ جگہ فسادات ہوئے۔ بہت سے مسلمانوں نے گائے کی جگہ بکرے ذبح کئے انہیں بھی سمجھایا گیا کہ ایسے ماحول میں گائے کی قربانی مناسب نہیں لیکن انہوں نے کسی کی ایک نہ سنی، گائے خرید کر کھلم کھلا ذبح کی اور ہندوؤں کے خوف سے اس معمول کو ترک کرنا گوارا نہیں کیا۔ ان کا مسلک خود ان کے بقول یہ تھا۔

غیر کے سامنے جھک جائے یہ سر؟ ناممکن!
اس نے اے جان جہاں آپ کا در دیکھا ہے

تقریباً سات مہینے ہندوستان میں رہے اور انہوں نے یہ زمانہ جس کرب میں گزارا اس کا تذکرہ وہ بعد میں کبھی کبھی کیا کرتے تھے۔ ان کی عمر اس وقت کوئی بہت زیادہ نہ تھی لیکن انہوں نے نہایت خوش اسلوبی سے اپنی کٹھن ذمہ داریوں کو نبٹایا۔ حضرت والد صاحب مدظلہم کی شخصیت دیوبند میں تمام اعزاء و اقرباء و احباب کے لئے ایک مرکز و محور کی حیثیت رکھتی تھی اور ان کی بہت سی ذمہ داریاں حضرت والد صاحب مدظلہم کے سر تھیں جنہیں وہ پاکستان پہنچنے کے بعد نبٹا نہیں سکتے تھے۔ بھائی جان دیوبند میں حضرت والد صاحب مدظلہم کے نمائندے بن کر اور حضرت والد صاحب مدظلہم کی ہدایات کے مطابق تمام ضروری کام انجام دیتے رہے۔ اس زمانے میں دونوں کے درمیان جو خط و کتابت ہوئی اسے دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ بھائی جان کتنا کٹھن کام انجام دے رہے تھے۔ ان کے کارنامے کے تصور سے خود انہی کا ایک شعر یاد آگیا۔

میں کچھ نہ سہی لیکن میری ہی اسیری ہے
اک ربط ہوا قائم گلزار سے زنداں تک

سات آٹھ مہینے بعد محرم ٦٨ھ میں وہ ہماری بھابھی اور ضعیف دادی جان کو لے کر کراچی پہنچے۔ ادھر ان کی جلد از جلد آمد کے انتظار میں ہم لوگوں کا عالم یہ تھا کہ برادر محترم مولانا محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہم روزانہ ڈاکیہ کا انتظار کرنے کی بجائے خود ڈاک خانے پہنچ جاتے اور وہاں سے حضرت والد صاحب مدظلہم کی ڈاک چھنٹوا کر لایا کرتے۔

جسمیں عموماً بھائی جان کا خط ضرور ہوا کرتا تھا۔ وہ روزانہ اپنے حالات کی تفصیل سے مطلع کیا کرتے تھے اور پھر جس روز ان کا وہ خط موصول ہوا جس میں انہوں نے اپنی آمد کی تاریخ سے مطلع کیا تھا' اس روز گھر بھر میں مسرت کا عالم ناقابل بیان تھا۔ ہم سب لوگ انہیں لینے کے لئے ایئرپورٹ پہنچے اور انتظار کی شدید گھڑیاں گزارنے کے بعد اچانک ان کا جو

مسرت سے دمکتا ہوا چہرہ سیڑھیوں پر نمودار ہوا وہ اس وقت بھی اس طرح فردوس نگاہ ہے جیسے ابھی یہ واقعہ ہو رہا ہے۔ ہماری ضعیف دادی جان ان کے ہمراہ تھیں' اور اس وقت نقل و حرکت سے معذور ہو گئی تھیں' اس وقت ان کو کرسی سے کار تک لانے کا انتظام کچھ مشکل نہ تھا' لیکن بھائی جان اپنی ایک جھلک دکھا کر دوبارہ ہوائی جہاز میں گئے اور واپس آئے تو دادی جان کو انہوں نے بازوؤں میں اٹھایا ہوا تھا اور پھر اسی حالت میں انہیں باہر لیکر آئے۔

کراچی پہنچنے کے تھوڑے ہی عرصہ بعد انہوں نے والدین کے مشورے سے لاہور کو مستقل سکونت کے لئے اختیار کر لیا۔ انار کلی میں مال روڈ کے قریب ایک وسیع دکان کرائے پر لی اور "ادارۂ اسلامیات" کے نام سے دینی کتابوں کا ایک کتب خانہ قائم کیا' جو بحمد اللہ اب تک قائم ہے۔ یہ کتاب خانہ کیا تھا؟ شہر بھر کے علمی اور ادبی حلقوں کا ایک مرکز تھا' جہاں علم و ادب اور دین و سیاست کی باغ و بہار محفلیں جمتیں اور ہر شعبہ زندگی کے افراد کا رنگا رنگ اجتماع رہتا تھا۔

۱۳۷۰ھ مطابق ۱۹۵۱ء میں بھائی جان نے والدین کے ہمراہ پہلا حج کیا۔ اس سفر میں مجھے بھی والدین اور بھائی جان کی رفاقت میسر آئی۔ میری عمر تو اس وقت صرف نو سال تھی۔ اس مبارک سفر میں والدین کی خدمت کی سعادت بھائی جان کے حصے میں آئی۔ وہ نہ صرف والدین کا بلکہ دوسرے ہمراہیوں کا کام بھی خود ہی کرنے کی فکر میں رہتے۔ مناسک حج کی ادائیگی میں ان کی والہیت قابل دید تھی' وہ ملتزم پر کھڑے ہو کر جس انداز سے بلک بلک کر دعائیں مانگتے اس کا نقشہ آج بھی آنکھوں کے سامنے پھر رہا ہے۔ اس سال حج کے موقع پر گرمی انتہا کو پہنچی ہوئی تھی اب تو حجاج کے لئے حکومت کی طرف سے بہت سی سہولیات مہیا کر دی گئی ہیں' اس وقت ان سہولیات کا نام نہیں تھا۔ منیٰ میں درجہ حرارت ۱۲۰ درجے تک پہنچا ہوا تھا۔ قربان گاہ پر بلا مبالغہ سینکڑوں افراد کھڑے کھڑے چکرا کر گرے اور ختم ہو گئے۔ اس قیامت کی گرمی میں بھائی جان نے تنہا تمام ہمراہیوں کی طرف سے بڑے ذوق و شوق کے ساتھ قربانی ادا کی۔ وہ ہمیشہ ان تمام مشقتوں کا ذکر انتہائی محبت کے ساتھ کرتے اور کوئی شخص ان کا ذکر شکایت آمیز انداز میں کرتا تو اسے نرمی و ہمدردی سے ٹوکتے تھے۔ ان کا مسلک تو خود انہی کے الفاظ میں یہ تھا کہ۔

تیرے دیوانوں کو خوفِ دار کیا؟
پھول چننے ہیں تو خوفِ کار کیا؟

مکہ مکرمہ میں ہمارا قیام حرم شریف کے باب الرباط کے اوپر بنی ہوئی ایک عمارت میں تھا' جہاں سے حرم شریف کا منظر ہروقت سامنے رہتا تھا' ایک دن اچانک بارش شروع ہوگئی بھائی جان بجلی کی سی پھرتی سے نیچے اتر کر میزاب رحمت کی طرف لپکے اور اس کے پانی سے اپنا جسم اور کپڑے تر کرلائے۔ میں نے بھی ان کے پیچھے پیچھے لپکنے کی کوشش کی مگران کا ساتھ نہ دے سکا اور قریب پہنچنے تک بارش رک گئی۔ وہ ہر ہر سعادت کے حصول میں اسی طرح ہمیشہ سبقت لیجاتے اور ہم ان کی گرد کو نہ پہنچ سکتے۔ لیکن یہ معلوم نہ تھا کہ وہ آخرت کے سفر میں بھی اتنی عجلت سے کام لیں گے اور اس مرحلے میں بھی اتنی جلدی ہمیں پیچھے چھوڑ جائیں گے۔ آہ وہ کیسا شعر کہہ گئے تھے۔

پھر مری گرد کو بھی پا نہ سکے گی دنیا
جس کو دل سے مرا بنتا ہو وہ اب بن جائے

حج کے سفر سے واپسی پر سفینہ عرب ہی میں ہم نے شہید ملت لیاقت علی خاں صاحب مرحوم کی شہادت کی خبر سنی۔ اس خبر پر جہاز کے تمام ہی افراد آبدیدہ تھے' لیکن بھائی جان کو میں نے اس موقع پر بچوں کی طرح روتے دیکھا۔

بچپن میں ہمیں بھائی جان کے ساتھ بے تکلف ہونے کی جرأت نہ ہوئی' لیکن پھر رفتہ رفتہ انہوں نے ہم سب بھائیوں کو اپنے آپ سے اس حد تک قریب کرلیا کہ تکلف کے سارے پردے اٹھ گئے۔ ان سے ملاقات کرکے بیک وقت ایک باپ کی شفقت' ایک بھائی کا پیار اور ایک بے تکلف دوست کا لطف محسوس ہوتا تھا۔ ہمارے لئے اس سے بڑھ کر روزِ عید کوئی نہ ہوتا جب وہ کراچی آجاتے اور ان کے لئے اس سے بڑھ کر مسرت کا دن کوئی نہ ہوتا جب ہم بھائیوں میں سے کوئی لاہور پہنچ جاتا۔ ریلوے اسٹیشن یا ایئرپورٹ پر ایک دوسرے کو دیکھتے ہی ہماری کائنات مسرتوں سے گنگنا اٹھتی۔ ہم آپس میں ملتے ہی دنیا ومافیہا

سے بے خبر ہو جاتے ایسا معلوم ہوتا جیسے اس فضائے بیکراں کا ہر ذرّہ ہماری مسکراہٹوں میں محو ہے اور افق سے افق تک مسرتوں کا اجالا ہی اجالا پھیل گیا ہے۔ بھائیوں کے درمیان الفت ومحبت کا تعلق ایک فطری چیز ہے لیکن ہمارے تعلق میں بھائیوں کی محبت کے ساتھ دوستی کی ایک ایسی گھلاوٹ شامل ہوگئی تھی جسے بیان کرنے کے لئے اظہار محبت کے تمام اسلوب بے معنی معلوم ہوتے ہیں۔ ہمارے درمیان دین ومذہب' تاریخ 'تصوّف' معیشت وسیاست' شعروشاعری' لطائف وظرائف' ادب وصحافت غرض کوئی موضوع ایسا نہ تھا جو زیر بحث نہ آیا ہو۔ بحث ومباحثہ سے لیکر تفریح اور خوش طبعی تک وہ ہم چھوٹوں کے ساتھ اس طرح شریک تھے جیسے وہ ہمارے ہم عمر اور بے تکلف دوست ہوں۔ ہم بات بات پر ہنستے بلکہ بعض اوقات بے بات بھی' ہماری تلمیحات کو بسا اوقات دوسرے لوگ سمجھ نہ پاتے اور پوچھتے کہ اس میں ہنسی کی کیا بات تھی؟ بھائی جان اکثر کہا کرتے تھے اور یہ ہم سب کا حال تھا کہ دنیا کی کسی محفل اور کسی تفریح میں اتنا کیف وسرور میسر نہیں ہوتا جتنا بھائیوں کی ملاقات میں ہوتا ہے اور اگر کوئی دوسرا شخص ہمیں اس طرح ایک دوسرے میں محو دیکھ لے تو شاید ہمیں دیوانہ سمجھے مگر وہاں تو حال یہ تھا کہ ؎

خلقے پس دیوانہ ودیوانہ بکارے

انہیں خود کوئی راحت یا خوشی میسر آتی تو والدین اور بہن بھائیوں کو اس میں شریک کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ بعض اوقات یہ جذبہ اس حد تک بڑھ جاتا کہ دوسروں کو الجھن ہونے لگتی۔ ایک مرتبہ میں لاہور میں تھا' رات گئے تک انہوں نے گھر بھر کو گشت زعفران بنائے رکھا' سونے کے وقت ہم اپنے اپنے کمروں میں چلے گئے میں بستر پر لیٹ چکا تھا' روشنیاں گل ہو چکی تھیں' اچانک انہوں نے اپنے کمرے سے مجھے پکارا' مجھے کچھ تشویش سی ہوئی اور میں دوڑا ہوا پہنچا۔ لیکن انہوں نے مجھے اپنے قریب بستر پر بٹھایا اور بستر کے ایک حصے کی طرف اشارہ کیا۔ بات صرف اتنی تھی کہ ان کے سرہانے ایک کھڑکی تھی اور باہر سے ایک درخت کی شاخیں اس کھڑکی کو چھوتی تھی چودھویں رات کی چاندنی اس درخت کے پتوں میں چھن چھن کر بستر پر ایک عجیب سماں پیدا کر رہی تھی۔ بھائی جان کہنے لگے کہ

"دیکھو! کتنا خوبصورت منظر ہے' مجھے یہ منظر بڑا حسین معلوم ہوا میں نے سوچا کہ تم بھی اس منظر سے لطف اندوز ہو کر سوؤ' بس تمہیں اسی لئے بلایا تھا۔" اور پھر اتنی سی بات مزید آدھا گھنٹہ ان کے پاس بیٹھنے اور باتیں کرنے کا بہانہ بن گئی۔ یہی وہ باتیں تھیں جن کے بارے میں وہ کہا کرتے تھے کہ دوسرے لوگ انہیں دیکھیں تو ہمیں دیوانہ کہیں۔

اسی آخری حج سے واپسی کے بعد وہ بار بار کہتے تھے کہ اب دل یہ چاہتا ہے کہ سب بھائی ایک ساتھ عمرہ کے لئے جائیں اور میں نے اس کے لئے دعائیں بھی کی ہیں' مگر یہ کسے معلوم تھا کہ ان کی یہ آرزو ان تمناؤں میں ہے جن کے بارے میں وہ کہہ گئے تھے کہ۔۔

تمنائیں ہیں لاکھوں' کم ہے لیکن فرصتِ ہستی
اقامت کے ارادے ہیں مگر حالت سفر کی ہے

والدین سے انہیں جو تعلق تھا اس کی مثال ملنی مشکل ہے۔ وہ دور رہنے کے باوجود ان کے چھوٹے چھوٹے مسائل اور ان کی تمام جزئیات سے پوری طرح باخبر رہتے اور ادا ادا سے انہیں راحت پہنچانے کی فکر کرتے تھے۔ والدین کو بھی ان سے جو راحت ملتی اور جس مزاج شناسی کے ساتھ وہ ان کی خدمت کرتے وہ ہم لوگوں کے لئے قابل رشک تھی۔ اللہ تعالیٰ حضرت والد ماجد مدظلہم کو عافیت کے ساتھ ہمارے سروں پر سایہ فگن رکھے' پچھلے دنوں جب انہیں دل کا دورہ ہوا تو دوپہر کے وقت انہیں ہسپتال میں داخل کیا گیا اور شام کو مغرب کے فوراً بعد بھائی جان ان کے سرہانے موجود تھے۔ اس کے بعد پندرہ بیس روز تک انہوں نے جس انداز سے حضرت والد صاحب مدظلہم کی خدمت کی وہ ہمارے لئے ایک گرانقدر مثال تھی۔ اسی زمانے میں پہلی بار انہیں بھی دل میں معمولی تکلیف محسوس ہوئی چند روز انہوں نے اس تکلیف کو چھپایا' لیکن ایک روز ہسپتال ہی میں کہنے لگے کہ "تم لوگ سوچو گے کہ مینڈکی کو بھی زکام ہو گیا لیکن میں چند روز سے دل کے پاس ایک خلش محسوس کر رہا ہوں' اسی وقت معائنہ کرایا گیا لیکن کارڈیو گرام بالکل صاف تھا' اس لئے اطمینان ہو گیا لیکن واپس لاہور پہنچنے کے بعد انہیں یکے بعد دیگرے وجع القلب کے متعدد دورے ہوئے اور کچھ وقفے کے بعد ایک شدید حملہ ہوا' جس کی شدت کی اطلاع ہمیں بہت بعد میں ہوئی مگر

بحمد اللہ کچھ دنوں کے بعد ان کی طبیعت ٹھیک ہوگئی اور اس کے بعد انہوں نے کراچی کے کئی سفر کئے۔

حضرت والد صاحب مد ظلہم سے ان کی خط و کتابت جسے انہوں نے پوری طرح محفوظ رکھا ہے' گذشتہ ۲۶ سال کی پوری تاریخ ہے جس میں ملک و ملت سے لیکر دارالعلوم اور گھریلو مسائل تک کوئی قابل ذکر واقعہ فروگزاشت نہیں ہوا۔ پھر حضرت والد صاحب مد ظلہم کی علالت کے بعد سے زیادہ تر خط و کتابت مجھ سے رہتی تھی۔ چند مہینے ہوئے ہیں کہ انہوں نے ایک مختصر خط میں ہمارے دیوبند کے ایک قریبی عزیز کے انتقال کی خبر دی' یہ خبر ہم سب کے لئے انتہائی اندوہناک تھی' اسلئے ساتھ ہی انہوں نے مجھے لکھا کہ حضرت والد صاحب مد ظلہم کو اس حادثے کی اطلاع کسی مناسب موقع پر رفتہ رفتہ کرکے دینا' ایسا نہ ہو کہ اچانک اس اطلاع سے حضرت والد صاحب کی صحت پر خدانخواستہ کوئی برا اثر پڑے۔ چنانچہ یہ اطلاع ان کی ہدایت کے مطابق اسی طرح دی گئی۔ لیکن یہ کسے معلوم تھا کہ اب کچھ ہی دنوں بعد بھائی جان خود اپنے بارے میں اس سے زیادہ جانکاہ خبر اس سے کہیں زیادہ ضعف و علالت کے عالم میں حضرت والد صاحب مد ظلہم کو سنانے کی ذمہ داری بھی ہمیں سونپنے والے ہیں۔ آہ بھائی جان کا کیسا شعر کس موقع پر یاد آیا ہے۔

ابھی سے کس لئے ہے عارض گلنار پر شبنم
ابھی تو بات محفل میں حدیث دیگراں تک تھی

ابھی عیدالفطر کے بعد وہ برادر محترم جناب محمد رضی صاحب مد ظلہم کی بچی کی شادی میں شرکت کے لئے کراچی آئے تھے۔ اس موقع پر وہ انتہائی بے تابانہ انداز میں حج و زیارت کی خواہش کا ذکر کرنے لگے۔ اس وقت عالم اسباب میں اس خواہش کے پورے ہونے کا کوئی راستہ نظر نہیں آتا تھا۔ بات آئی گئی ہوگئی' لیکن یہ تمنا دعا بن کر اُن کے سینے میں مچلتی رہی' یہاں تک کہ انہوں نے وہ نعت کہی جو البلاغ کے اس شمارے میں شائع ہو رہی ہے' اور جس کا مقطع یہ ہے کہ۔

دعا ہے یہ کیفی کہ اس سال ہم بھی
مدینے کے دیوار و در دیکھ آئیں

اس وقت تک بھی بظاہر اسباب حج کو جانے کی کوئی صورت نہیں تھی اور دن بالکل قریب آچکے تھے لیکن بارگاہ قضا و قدر میں ان کی یہ دعا قبول ہو چکی تھی' ان کو معلوم بھی نہ تھا کہ ان کے ایک مخلص اور باوفا دوست جو کسی سرکاری عہدے پر فائز نہیں ہیں انہیں حج پر لیجانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ چنانچہ یہ نعت شائع کرنے کے دوسرے تیسرے ہی دن اچانک ان کا ٹیلی فون آیا کہ حکومت پاکستان کی طرف سے جو حج وفد بنا ہے اسمیں آپ کا نام بھی شامل ہے۔ بھائی جان نے لمحہ بھر کے لئے بھی اس وفد میں شامل ہونے کی کوشش نہیں کی تھی' لیکن جب غیب سے یہ صورت پیدا ہوئی تو انہوں نے حضرت والد صاحب مدظلہم سے اجازت کے لئے کراچی ٹیلیفون کیا' والد صاحب نے حالات سنکر اجازت دیدی۔ اس زمانے میں انھیں سینے میں وجع القلب (انجائنا) کی تکلیف چل رہی تھی' لیکن حضرت والد صاحب مدظلہم نے فرمایا کہ انشاء اللہ حجاز مقدس کی برکت سے وہ ٹھیک ہو جائے گی۔ چنانچہ انہوں نے حج کا ارادہ کرلیا اور اسی دوران انہوں نے وہ نعت کہی جو ان کی آخری نعت ہے اور جس کا مطلع ہے۔

اس لئے آرزو ہے جینے کی
دیکھ لوں پھر زمین مدینے کی

وہ حج کے ارادے سے کراچی پہنچے' ایئرپورٹ سے گھر آتے ہوئے راستے ہی میں انہوں نے سنایا کہ میں نے حج وفد میں شمولیت کی خود ذرہ برابر کوشش نہیں کی تھی' البتہ ایک روز اللہ تعالیٰ سے یہ باتیں کر رہا تھا کہ "مالک بے نیاز آپ نے میری کوئی دعا کبھی رد نہیں کی' لیکن میں حج و زیارت کی دعا کر رہا ہوں' ابھی تک اس کے پورا ہونے کے آثار نظر نہیں آتے اور اب حج کی آخری پرواز بھی جانے والی ہے۔ اب اگر حج مقدر نہیں تو عمرہ ہی کے اسباب پیدا فرما دیجئے۔" کہنے لگے کہ "میں یہ دعا کر کے فارغ ہوا ہی تھا کہ میرے پاس ٹیلی فون آیا کہ تمہارا نام حج وفد میں شامل کرلیا گیا ہے" اس کے بعد انہوں نے اپنی یہ دونوں نعتیں بڑے مزے لے لیکر سنائیں۔

اس انداز سے بھائی جان حج کو گئے ان کے رفیق خاص جناب مصطفیٰ صادق صاحب

(مدیر وفاق لاہور) راوی ہیں کہ جس ذوق و شوق وا لہیت اور رعایت حدود کے ساتھ انہوں نے مناسک ادا کئے ہیں' وہ سب لوگوں کے لئے باعث رشک تھے۔ ان کے بڑے صاحبزادے مولوی محمود اشرف سلمہ مدینہ طیبہ میں زیر تعلیم تھے۔ وہ اس سفر میں ان کے ساتھ رہے' وہ بتاتے ہیں کہ انہوں نے دل کی تکلیف کو کسی فضیلت کے حصول یا عاشقانہ آرزو کی تکمیل میں آڑے آنے نہیں دیا۔ اور یہ تکلیف آڑے آتی بھی کیسے؟ انہیں تو۔ خود ان کے الفاظ میں۔ اس بات کا یقین تھا کہ

پھر سائے میں ہم روضۂ اطہر کے رہیں گے
دیکھیں گے تجھے' تو غم ایام! کہاں ہے؟

چنانچہ وہ حج کے پورے سفر میں بحیثیت مجموعی تندرست رہے' اور ان کی طبیعت لاہور کے مقابلے میں بہت بہتر رہی۔ تقریباً انیس روز بعد وہ کراچی پہنچے تو یہ ہجری حساب سے ان کی ولادت کا دن تھا اور اس روز ان کی عمر کے بچاس سال پورے ہوئے تھے' اس مرتبہ کراچی میں وہ چوبیس گھنٹے ٹھہر کر' لاہور روانہ ہوئے۔ اس وقت یہ وہم و گمان کیسے ہو سکتا تھا کہ یہ ان سے آخری ملاقات ہو گی' لیکن برادر محترم جناب مصطفےٰ صادق صاحب (مدیر وفاق لاہور) نے صحیح لکھا تھا کہ "وہ حج کے موقع پر اللہ کے مہمان بنکر گئے تھے مگر اس عارضی مہمانی سے ان کی طبیعت سیر نہیں ہوئی' اور وہ بہت جلد اللہ کے دائمی مہمان بن گئے" ان کی اصلی خواہش تو وہ تھی جس کا اظہار انہوں نے اپنے ایک شعر میں کیا تھا۔

الٰہی نبضِ ہستی ٹوٹ جائے ایسے عالم میں
زہے قسمت کہ ان کا آستاں ہے اور جبیں میری

اور۔

نگاہ اولین کیفی کہ جب روضہ پہ ہو یارب
تمنا ہے کہ رہ جائے نگاہ واپسیں ہو کر

وہ اکثر ایک بزرگ کا واقعہ بڑے رشک آمیز انداز میں سنایا کرتے تھے کہ انہوں نے ایک مرتبہ خواب میں نبی کریم سرور دو عالم صلی اللہ وسلم کی زیارت کی اور اس خواب میں یہ تمنا ظاہر کی کہ آپ کے جلوہ جہاں آرا کے بعد میں کسی اور کو دیکھنا نہیں چاہتا اس لئے اس دیدار کے بعد میری بینائی سلب ہو جائے' چنانچہ وہ بیدار ہوئے تو بینائی جا چکی تھی۔ اس واقعہ سے متاثر ہو کر انہوں نے کس قیامت کا شعر کہا تھا۔

چھین لے مجھ سے نظر اے جلوہ خوش روئے دوست
میں کوئی محفل نہ دیکھوں اب تری محفل کے بعد

اللہ تعالیٰ نے ان کی یہ ساری دعائیں اور آرزوئیں کس شان سے پوری کی ہیں؟ اللہ اکبر! حج سے واپس ہونے کے بعد انہیں چند ہی روز گزرے تھے کہ دل کی تکلیف شروع ہو گئی' یہ تکلیف انہیں پہلے بھی بارہا ہو چکی تھی۔ اسلئے شروع میں کسی کو کوئی تشویش نہ ہوئی' ادھر حضرت والد صاحب مد ظلہم کی طبیعت کئی روز سے ناساز تھی' پاؤں میں ایک انتہائی شدید قسم کا درد روز بروز شدت اختیار کر رہا تھا۔ اس لئے بھائی جان نے اس حالت میں کراچی والوں کو صحیح صورتحال سے مطلع کرنا پسند نہ کیا' ٹیلیفون پر یہی کہتے رہے کہ طبیعت بحمد اللہ! افاقہ پذیر ہے۔ عاشورہ کے دن حضرت والد صاحب مد ظلہم العالی کی پوری ٹانگ میں ایسا شدید درد شروع ہوا جو اس سے پہلے کبھی نہ ہوا تھا اور جس کے بارے میں معالجوں کا خیال تھا کہ یہ درد کی شدید ترین قسم ہے' یہاں تک کہ نقل و حرکت بالکل بند ہو گئی۔ اسی حالت میں مغرب کے بعد لاہور سے فون آیا کہ بھائی جان کی تکلیف اب نسبتہً شدت اختیار کر گئی ہے اور معالجوں کا مشورہ یہ ہے کہ انہیں ہسپتال میں داخل کر دیا جائے۔ ہرچند کہ بعد میں فون کی کچھ دوسرے اطلاعات اطمینان بخش بھی ملیں مگر دل لحظہ بہ لحظہ بے تاب ہو رہا تھا۔ طے یہ کیا گیا کہ ہم میں سے ایک بھائی صبح آٹھ بجے کی پرواز سے لاہور پہنچ جائے گا۔ لیکن یہ کسے معلوم تھا کہ صبح ہونے سے پہلے کیا قیامت گزرنے والی ہے؟ آہ! بھائی جان ہی کا شعر پھر یاد آ گیا۔

ستارے ڈوبنا، شبنم کا رونا، شمع کا بجھنا
ہزاروں مرحلے ہیں صبح کے ہنگام سے پہلے

بھائی جان کے تیماردار بالخصوص احقر کے بہنوئی الحاج حافظ شفقت علی صاحب، بھائی جان کے مخلص اور باوفا دوست جناب مصطفیٰ صادق صاحب مدیر وفاق۔ احقر کے بھانجے حکیم سید مشرف حسین صاحب اور دوسرے اعزاء انہیں ہسپتال لے جانا چاہتے تھے مگر وہ ہسپتال جانے پر راضی نہ تھے اور بضد تھے کہ انہیں گھر ہی میں رکھا جائے۔ ان کے اشعار کہاں تک سناؤں کہ ہر موقع پر ان کا ایک شعر اس طرح یاد آجاتا ہے جیسے وہ اسی موقع کیلئے کہا گیا ہو۔

دلِ مضطر نے مرنے کی تمنا عمر بھر کی ہے
نہ پوچھو داستانِ زیست کیونکر مختصر کی ہے
عزیزو جستجو بے فائدہ اب چارہ گر کی ہے
یہ ہے دردِ محبت! چوٹ یہ قلب و جگر کی ہے

انہی کے اس اصرار کی بناء پر ہسپتال لیجانے میں تاخیر ہوئی یہاں تک کہ گیارہ بجے کے قریب انہیں متلی ہوئی جس سے حالت بگڑ گئی۔ اس وقت تیمارداروں نے ہسپتال لیجانے کا فیصلہ کر لیا اور انہوں نے سپر ڈال دی۔ انکو بڑی احتیاط سے ہسپتال لیجایا گیا، وہاں بھی اور راستے میں بھی نہ صرف باتیں کرتے رہے، بلکہ اپنی کیفیت کو بہتر بتاتے رہے، انہیں گلوکوز کا ڈرپ لگایا گیا، اسی حالت میں اچانک انہوں نے ڈاکٹر صاحب سے سانس رکنے کی شکایت کی گویا اپنا ہی یہ شعر پڑھ رہے ہوں۔

یوں سلسلۂ تارِ نفس ٹوٹ رہا ہے
محسوس یہ ہوتا ہے قفس ٹوٹ رہا ہے

ڈاکٹروں نے بار بار سانس دلانے کی تدبیریں کیں، آکسیجن تو پہلے ہی لگی ہوئی تھی، مگر کوئی کوشش کامیاب نہ ہو سکی وہ عالم بالا کا سفر شروع کر چکے تھے، آخری بار انہوں نے ہچکی کی

سی پھرتی سے دو کروٹیں لیں اور اس تماشا گاہ کی سرحد پار کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

بجلی تڑپ کے قصۂ غم ہی چکا گئی
الجھا ہوا میں خاروخسِ آشیاں میں تھا

ڈاکٹروں نے بڑی محنت سے قلب کی مالش کرکے اسے حرکت میں لانے کی کوشش کی مگر ان کے چہرے پر چھایا ہوا ابدی سکون یہ کہہ رہا تھا کہ۔

اب کیا ستائیں گی ہمیں دوراں کی گردشیں[۱]
ہم اب حدود سود و زیاں سے نکل گئے

بھائی جان ۲۲ ذی الحجہ ۱۳۴۴ھ کو دیوبند میں پیدا ہوئے تھے، حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کا نام "محمد زکی" تجویز فرمایا تھا اور تاریخی نام "سعید اختر" (۱۳۴۵) رکھا گیا تھا (جس میں آٹھ دن حذف کرنے پڑتے ہیں) بعد میں جب انہوں نے شعرو سخن کا سلسلہ شروع کیا تو اپنا تخلص کیفی کرلیا تھا۔ ان کی ذہانت وذکاوت اور حاضر جوابی بچپن ہی سے حیرت انگیز تھی۔ ہمارے جدامجد حضرت مولانا محمد یاسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ ان سے بے پناہ محبت کرتے تھے۔ ایک مرتبہ حضرت والد صاحب مدظلہم اور ہمارے دادا "رحمۃ اللہ علیہ" کا دہلی جانا ہوا، بھائی جان اس وقت بہت چھوٹے تھے، والد

---

[۱] یہ تمام اشعار بھائی جان ہی کے ہیں اور غور کرنے سے آخری شعر میں عجیب وغریب لطیفہ یہ نظر آیا کہ اگر اس شعر کو اس طرح پڑھا جائے کہ۔ اب کیا ستائیں گی تمہیں دوراں کی گردشیں
تم تو حدود نفع وزیاں سے نکل گئے
تو پہلا مصرعہ ان کی عیسوی تاریخ وفات ۱۹۷۵ء بن جاتا ہے اور دوسرا مصرعہ (آٹھ دن کے فرق سے) ان کی ہجری تاریخ پیدائش (یعنی ۱۳۴۵ھ) رحمہ اللہ تعالیٰ رحمۃً واسعۃً۔

صاحب انہیں ساتھ لے گئے۔ فتح پوری کی مسجد میں کسی نماز کے لئے جانا ہوا' وہاں سے واپسی میں بھائی جان نے حضرت والد صاحب مد ظلہم کے جوتے اٹھائے 'مگر دادا مرحوم کے جوتے نہیں اٹھائے' دادا مرحوم نے ازراہِ تفنّن پوچھا' "کیوں بھئی یہ کیا؟ تم نے میرے جوتے کیوں نہیں اٹھائے؟ بھائی جان نے حضرت والد صاحب مد ظلہم کے طرف اشارہ کرتے ہوئے برجستہ جواب دیا "آپ کے جوتے یہ اٹھائیں گے۔"

ہم بھائیوں میں یہ سعادت صرف بھائی جان ہی کے حصے میں آئی کہ انہوں نے حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ کی خدمت و صحبت بلکہ بیعت کا شرف بھی حاصل کیا' حضرت والد صاحب مد ظلہم انہیں ہر سال تھانہ بھون ساتھ لیجاتے تھے' اور حضرت تھانوی رحمتہ اللہ علیہ ان سے بہت محبت فرماتے تھے' بارہا حضرت نے انہیں سرکی مالش کرنے کا موقع دیا۔ حضرتؒ پان رکھنے کے عادی نہیں تھے' لیکن کھانے کے بعد بغیر کتھے چونے کا سادہ پتہ کبھی کبھی تناول فرمالیا کرتے تھے۔ بھائی جان اکثر ان کو بروقت پان پیش کر دیتے تھے' اس لئے حضرت نے ازراہِ مزاح ان کا نام "پانی" رکھا ہوا تھا۔ جب پان کی ضرورت ہوتی اور بھائی جان پاس نہ ہوتے تو فرماتے' "وہ ہمارا پانی کہاں گیا؟" ایک بہت بڑی سعادت انہیں یہ حاصل ہوئی کہ ایک روز انہوں نے حضرت سے درخواست کی کہ "مجھے پند نامہ عطار پڑھا دیجئے۔" حضرت رحمتہ اللہ علیہ کے پاس اتنا وقت کہاں تھا کہ وہ کسی بچے کو پند نامہ پڑھائیں لیکن بھائی جان پر غیر معمولی شفقت و محبت کے پیش نظر آپ نے اس معصومانہ درخواست کو ٹھکرانا پسند نہیں فرمایا اور جواب دیا کہ "اور تو میرے پاس کوئی وقت نہیں ہے لیکن عصر کے بعد میں ہوا خوری کے لئے جاتا ہوں' اسوقت کتاب لیکر میرے ساتھ چلا کرو میں اس فرصت میں تمہیں پند نامہ پڑھا دونگا۔"

چنانچہ عصر کے بعد بھائی جان کتاب لیکر پہنچ گئے اور درس شروع ہو گیا۔ اس وقت حضرت کے اکابر خلفاء بھی موجود تھے' انہیں اطلاع ہوئی تو انہیں بڑا رشک آیا۔ اور انہوں نے بھی اس درس میں شامل ہونے کی اجازت چاہی۔ حضرتؒ نے اجازت دیدی اس کے بعد اس پر کیف درس میں حضرت والد صاحب مد ظلہم' حضرت مولانا مفتی محمد حسن صاحبؒ' حضرت مولانا خیر محمد صاحبؒ اور حضرت ڈاکٹر عبدالحیؒ صاحب مد ظلہم بھی شامل ہو گئے اور یہ درس رمضان بھر میں جاری رہا۔ حضرت مفتی محمد حسن صاحب رحمتہ اللہ علیہ بھائی جان سے

اکثر اس واقعہ کا ذکر فرمایا کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ تم تو ہمارے ہم سبق ہو اور تمہارے طفیل ہمیں حضرتؒ سے پند نامہ پڑھنے کی سعادت ملی ہے"۔

بھائی جان نے جب بچپن میں لکھنا سیکھا تو حضرت والد صاحب مدظلہم نے ان سے سب سے پہلا خط حضرت حکیم الامت رحمتہ اللہ علیہ کے نام لکھوایا۔ اس خط کا جو جواب حضرتؒ نے مرحمت فرمایا وہ ایک مستقل سبق بھی ہے اور بھائی جان کے لئے ایک عظیم سرمایہ سعادت بھی۔ حضرتؒ نے فرمایا کہ "برخوردار سلمہ السلام علیکم مع الدعا تمہارے حروف دیکھ کر دل خوش ہوا۔ تمہاری علمی و عملی ترقی کی دعا کرتا ہوں۔ خط ذرا اور صاف کر لو' اس سے مکتوب الیہ کو بھی سہولت و راحت ہوتی ہے اس نیت سے ثواب بھی ملتا ہے۔ دیکھو! میں تم کو بچپن سے صوفی بنا رہا ہوں' درد سر کا یہ تعویز سر میں باندھ لو' سب گھر والوں کو سلام و دعا۔ اشرف علی۔

عام لوگ سوچیں گے کہ خط صاف کرنے کا تصوّف سے کیا واسطہ؟ لیکن یہ حکیم الامت حضرت تھانوی رحمتہ اللہ علیہ کی خصوصیت تھی کہ انہوں نے شریعت و طریقت کے اہم ترین تقاضوں یعنی آداب معاشرت' اخلاق اور صفائی معاملات کی طرف اپنے متعلقین کو اس وقت بطور خاص متوجہ فرمایا جب دین کے ان شعبوں کو دین سے خارج سمجھ لیا گیا تھا' اور اد وظائف یا نوافل میں سستی پر حضرتؒ نے کبھی عتاب نہیں فرمایا' لیکن اگر کوئی شخص آداب معاشرت یا معاملات وغیرہ میں کوتاہی کرتا یا ایسا کام کرتا جس سے دوسروں کو تکلیف پہنچے تو اس پر سخت گرفت فرماتے تھے۔

حضرتؒ کی اسی تعلیم و تربیت کا اثر تھا کہ بھائی جان ہمیشہ اپنی نقل و حرکت میں اس بات کا خاص اہتمام کرتے تھے کہ ان سے کسی دوسرے کو کوئی تکلیف نہ پہنچے۔

حضرت حکیم الامتؒ سے بھائی جان کے بیعت ہونے کا واقعہ بھی عجیب ہے۔ بھائی جان اس وقت تک نابالغ تھے' حضرتؒ کی شفقتوں اور عنایتوں کو دیکھتے ہوئے انہوں نے ایک دن خود ہی حضرتؒ سے بیعت کی درخواست کی۔ حضرت عموماً بلوغ سے پہلے بیعت نہیں فرماتے تھے اس لئے ازراہ خوش طبعی فرمایا کہ بیعت خالی ہاتھ تھوڑے ہی ہوتے ہیں' امرود لے کر آؤ تو بیعت کریں۔ وہ موسم ایسا تھا کہ بازار میں امرود نہیں آرہے تھے' اس لئے حضرتؒ نے یہ بات انہیں ٹالنے کے لئے فرمائی تھی اور خیال یہ تھا کہ اس موسم میں وہ امرود

نہیں لاسکیں گے۔ لیکن بھائی جان نہ جانے کہاں سے تلاش کر کے امرود لے آئے؟ حضرتؒ نے دیکھا تو بڑا تعجب ہوا اور چونکہ وعدہ فرما چکے تھے اس لئے بیعت کے لئے راضی ہو گئے۔ لیکن حضرتؒ کی برابر شرعی احکام کی رعایت کون کرے گا؟ بھائی جان اس وقت نابالغ تھے اور نابالغ سے ہدیہ قبول کرنا والدین کی اجازت کے بغیر شرعاً جائز نہیں تھا' اس لئے بھائی جان کو واپس بھیجا کہ جا کر اپنے والدین سے پوچھ کر آؤ بھائی جان اجازت لے آئے' تو اس کے بعد بیعت فرمایا۔

اس واقعہ کے بعد ۷ ربیع الثانی ۱۳۵۶ھ کو حضرت والد صاحب مد ظلہم نے حضرت حکیم الامت کے نام ایک خط تحریر فرمایا جس میں لکھا کہ۔

"محمد زکی سلمہ کے لئے الحمد للہ مرید ہونے کی کھلی ہوئی برکت ظاہر ہوئی کہ نماز کا بہت ہی شوق ہو گیا عشاء کی نماز کے وقت پہلے سو جاتا تھا اب بیٹھا ہوا انتظار کرتا رہتا ہے۔"

حضرت حکیم الامتؒ نے اس کے جواب میں تحریر فرمایا:۔

"ماشاء اللہ! دعا کیجئے مجھکو بھی اس بے گناہ بچے کی برکت نصیب ہو اور ہمت عمل اور استقامت و اخلاص عطا ہو۔"

بھائی جان کے بچپن کے بہت سے معاملات حضرت حکیم الامتؒ ہی کے مشوروں سے انجام پائے۔ ۱۰ رجب ۵۵ء کے مکتوب میں حضرت والد صاحب مد ظلہم نے حضرت تھانویؒ کو لکھا:۔

"محمد زکی سلمہ سال بھر سے زائد ہوا کہ اس کو حفظ قرآن مجید شروع کرا دیا تھا مگر کچھ عرصہ چھ ماہ سے وہ بیمار چلا جاتا ہے..... اب بعض اقرباء کا مشورہ یہ ہے کہ حفظ قرآن کی محنت یہ برداشت نہیں کر سکتا.... سخت تردد میں ہوں' کیا کروں۔"

حضرتؒ نے جواب دیا:۔

"اگر زکی میرا بچہ ہوتا تو حفظ چھڑا دیتا' پھر جب کسی موقع پر قوت ہوتی (گو بعد فراغ درسیات سہی) پھر تکمیل کرا دیتا۔ اس وقت بہت سہولت ہو جاتی ہے"۔

اس طرح بھائی جان اٹھارہ سال کی عمر تک حضرت حکیم الامت رحمتہ اللہ علیہ کی ہدایات اور عنایات سے فیضیاب ہوتے رہے۔ اسی دوران حضرت والد صاحب مد ظلہم کو ایک مرتبہ ایک خط حضرت تھانویؒ کے پاس تھانہ بھون بھیجنا تھا۔ والد صاحب چاہتے تھے کہ

یہ خط آج ہی حضرتؒ کو پہنچ جائے۔ ادھر سہارنپور سے تھانہ بھون جانے والی گاڑی میں سفر کا کوئی امکان نہیں رہا تھا۔ بھائی جان نے یہ خدمت اپنے ذمہ لی' دیوبند سے مظفر نگر اور مظفر نگر سے شاملی پہنچے' خیال تھا کہ شاملی سے تھانہ بھون جانے والی گاڑی مل جائے گی' مگر شاملی پہنچے تو گاڑی نکل چکی تھی۔ بھائی جان نے وہاں سے ایک سائیکل کرائے پر لی اور شاملی سے تھانہ بھون تک کا طویل راستہ اسی سائیکل پر طے کر کے مکتوب بروقت حضرتؒ کو پہنچا دیا۔

حضرت تھانویؒ کے علاوہ دیوبند میں حضرت میاں صاحبؒ (حضرت مولانا سید اصغر حسین صاحبؒ) بھی بھائی جان سے نہایت شفقت فرماتے تھے' اور بھائی جان کو انکی خدمت و صحبت کا بھی خوب خوب موقع ملا۔ انہیں بچپن ہی سے بزرگوں سے فیضیاب ہونے اور ان کی خدمت و صحبت سے فائدہ اٹھانے کا خاص ذوق تھا اور اس لحاظ سے انہیں یہ شعر کہنے کا واقعی حق پہنچتا تھا کہ۔

اس وقت سے میں تیرا پرستار حسن ہوں
دل کو مرے شعور محبت بھی جب نہ تھا

اور بزرگوں کی اسی صحبت کا اثر تھا کہ ان پر دین اور فہم دین کا ایک ایسا پختہ رنگ چڑھا ہوا محسوس ہوتا تھا جو کسی ماحول میں کبھی مغلوب یا مرعوب نہیں ہوا' وہ جس ماحول میں رہے ہمیشہ اپنا رنگ دوسروں پر چھوڑ کر آئے۔

رنگیں ہے ہم سے قصہ مہر و وفا کہ ہم
اپنی وفا کا رنگ ترے رخ پر مل گئے

(بھائی جان)

انہوں نے ابتدائی تعلیم دارالعلوم دیوبند میں شروع کی' اور فارسی و ریاضی کی تکمیل کے بعد درس نظامی شروع کیا۔ مگر بعض حالات کی بناء پر چوتھے سال کے بعد درس نظامی کی تعلیم جاری نہ رکھ سکے۔ اس کے باوجود بزرگوں کی صحبت اور وسیع مطالعہ نے ان کو علم و عمل کی وہ دولت نصیب فرمائی جو بسا اوقات اچھے اچھے فضلاء میں نظر نہیں آتی۔ مطالعہ کی وسعت کا عالم یہ تھا کہ دین و مذہب' شعر و ادب اور تاریخ و سیاست کا کوئی موضوع ایسا نہ تھا

جو انکے مطالعہ کی حدود سے خارج ہو۔ خاص طور سے بزرگان دیوبند کی کوئی کتاب کیا' چھوٹا سا رسالہ بھی ایسا نہ ہو گا جو ان کی نظر سے نہ گزرا ہو۔ کتاب سے انہیں عشق تھا اور نئی کتاب کو دیکھ کر اسے پڑھے بغیر چھوڑ دینا ان کے لئے ممکن ہی نہ تھا۔ خاص طور سے تاریخ اور تصوف پر ان کا مطالعہ قابل رشک تھا۔ وہ بڑے بڑے اہل علم و فکر کی مجلس میں بیٹھتے اور محفل پر چھائے رہتے۔ برصغیر کی دینی شخصیات اور ان کے ضروری حالات انہیں ازبر تھے' حضرت تھانویؒ کے مواعظ و ملفوظات اور حضرت والد صاحب مدظلہم کی تصانیف کا حتی الامکان حرف حرف پڑھنے کی کوشش کرتے تھے' ان کا حافظہ لطائف و ظرائف اور عجائب ونوادر کا خزانہ تھا اور تقریباً ہر ملاقات میں ان کی زبان سے کچھ نئے واقعات یا علمی و ادبی فوائد سننے میں آتے تھے۔

شعر و سخن کا بچپن ہی سے شوق تھا' ۱۹۴۵ء سے باقاعدہ شعر کہنے لگے تھے اور نومشقی کے اس دور میں بھی اس انداز کے شعر کہتے تھے۔

تیرے نثار' مشقِ ستم میں کمی نہ کر
اتنے تو داغ ہوں کہ گلستاں کہیں جسے
آلامِ روزگار سے اُکتا گیا ہے دل
وہ درد دے کہ درد کا درماں کہیں جسے
ہم ہیں قتیلِ اِک صنمِ نازک خیال کے
آلامِ روزگار ذرا دیکھ بھال کے !

---

نظامِ عالم ہے یونہی قائم یہی ادائے فلک رہی ہے
جہاں پہ گل ہیں فنا پہ مائل' وہیں کلی بھی چٹک رہی ہے

اسی زمانے میں ایک غزل انہوں نے خواب میں کہی تھی جسکا ایک شعر سن لیجئے۔

اف تصور کی تیرے رعنائی
تجھ سے بھی کچھ سوا حسیں نکلا

جگر مراد آبادی مرحوم سے بھائی جان کے بڑے اچھے تعلقات تھے' انہیں جب پہلی بار بھائی جان نے اپنی غزل کا یہ مطلع سنایا کہ۔

ہم ہیں قتیل اِک مُحبّتِ نازک خیال کے
آلامِ روزگار ذرا دیکھ بھال کے

تو جگر مرحوم چونک اٹھے' بڑی داد دی' اور ساتھ ہی مشورہ دیا کہ مشقِ سخن ضرور جاری رکھیں اس کے بعد بھائی جان کے ذوق شعرگوئی نے بڑی ترقی کی' ملک کے تمام نامور شعراء ان کی غزلوں کے نہایت مداح تھے۔ وہ بلاشبہ اپنے فکروفن کے لحاظ سے دور حاضر کے گنے چنے شعراء میں سے تھے۔ انہوں نے اردو شاعری کو بہت کچھ دیا اور اس میدان میں پامال راہوں سے ہٹ کر نئے نئے راستے تلاش کئے۔ اس کے باوجود وہ عوامی مشاعروں میں شریک ہونے سے کتراتے تھے۔ ملک کے مشہور شعراء میں سے شاید ہی کوئی ایسا ہو جس سے ان کے خوشگوار مراسم نہ ہوں اور جو ان کا قدرداں نہ ہو' لیکن دوستوں کے اصرار کے باوجود انہوں نے عام مشاعروں میں بہت کم شرکت کی۔ البتہ شعروسخن کی مخصوص نشستوں میں وہ بکثرت شریک ہوتے۔ بارہا ہمیں بھی ساتھ لے گئے لیکن ان مجالس میں نماز باجماعت کا ہمیشہ اہتمام کرتے۔ جمی ہوئی محفل کے عین درمیان جب نماز کا وقت آجاتا تو وہ اپنے چند ساتھیوں کو لیکر نماز ادا کرتے' اور جہاں منتظمین کی طرف سے اس میں کوتاہی محسوس ہوتی وہاں جانا چھوڑ دیتے تھے۔ رفتہ رفتہ انہوں نے شعراء میں ایک ایسا حلقہ بنا لیا تھا جو نظری اعتبار سے پکا مسلمان تھا اور شاعری میں مقصدیت کو پیش نظر رکھتا تھا۔

انہوں نے فارسی اور اردو شاعری کا انتہائی وسیع و عمیق مطالعہ کیا تھا' اور اس معاملے

میں بھی وسعت مطالعہ میں ان کی ہمسری بہت کم لوگ کرتے تھے۔ فارسی اور اردو کے بلا مبالغہ ہزارہا اشعار انہیں یاد تھے اور جب سنانے پر آتے تو گھنٹوں سناتے رہتے تھے۔ فارسی میں حافظ اور سعدی کے علاوہ نظیری اور عرفی کے بڑے مداح تھے۔ اردو کے قدیم شعراء میں داغ' میر اور غالب سے اور زمانۂ مابعد کے شعراء میں فانی' حسرت' اصغر اور جگر سے بہت متاثر تھے۔ اقبال کا کماحقہ' مطالعہ انہوں نے کافی بعد میں کیا۔ (اور شاید میرے اصرار کو بھی اس میں دخل ہو) چنانچہ آخری دنوں میں ان کی بہت تعریف کرنے لگے تھے۔

ان کی شاعری کا اصل میدان غزل تھا لیکن متعدد نظمیں بھی انہوں نے بڑے معرکے کی کہی ہیں' جن میں سے "دارالعلوم کراچی" پر ان کی نظم اس لحاظ سے ایک شاہکار ہے کہ اس قسم کی نظموں میں عموماً شاعری کی لطافت باقی نہیں رہا کرتی لیکن یہ نظم شاعری کے لحاظ سے بھی بے نظیر ہے۔ اس کے علاوہ ۶۵ء اور ۷۰ء کے جہاد پاکستان کے موقع پر انہوں نے دسیوں ولولہ انگیز نظمیں کہی ہیں جن میں سے بعض البلاغ میں شائع بھی ہو چکی ہیں۔ ان کی تمنا تھی کہ اب ان کی شاعری نعت کے لئے مخصوص ہو جائے' انہوں نے کہا بھی تھا کہ ۔

یہ ربِ محمد سے دعا ہے مری کیفی
ہو نعتِ محمد مرے اشعار کی دنیا

چنانچہ تقریباً ڈیڑھ سال سے انہوں نے غزل کہنی چھوڑ دی تھی اور مسلسل نعتیں کہہ رہے تھے۔ ان میں سے متعدد نعتیں البلاغ میں شائع بھی ہو چکی ہیں۔ کچھ عرصہ سے انہوں نے روزنامہ وفاق لاہور میں حالات حاضرہ پر روزانہ ایک قطعہ لکھنا شروع کیا تھا جو اجتماعی' سیاسی اور معاشرتی مسائل میں ان کی گہری سوچ کا مظہر ہوتا تھا۔

میں نے بارہا ان سے مجموعہ کلام مرتب کر کے شائع کرنے کی فرمائش کی مگر وہ ہر مرتبہ ٹال گئے' البتہ ان کی بیاض تقریباً مرتب شکل میں محفوظ ہے جس کا عنوان انہوں نے خود "کیفیات" تجویز کر رکھا ہے۔ اللہ نے توفیق دی تو انشاء اللہ اسے مرتب کر کے شائع کرانے کا ارادہ ہے۔

جیسا کہ پہلے لکھ چکا ہوں ان کا تجارتی کتب خانہ "ادارۂ اسلامیات" کتابوں کی دکان نہیں علم و ادب کا ایک مرکز اور علم و فن کا ایک گہوارہ تھا۔ ملک بھر کے علماء فضلاء' دانشور'

ادبا، شعراء اور صحافی وہاں نظر آتے' باغ و بہار مجلسیں جمتیں...... اور علم و ادب کے پروانوں کا ایک میلہ سا لگا رہتا۔ بھائی جان لاہور بلکہ پنجاب میں حضرت والد صاحب مدظلہم کے نمائندے کی حیثیت اختیار کر گئے تھے۔ حضرت والد صاحب مدظلہم کو ان اطراف میں کوئی کام پیش آتا تو انہیں سے فرماتے اور وہ انتہائی خوش اسلوبی سے انجام دیتے تھے۔ والد صاحب کے احباب اور متعلقین لاہور جاتے تو بھائی جان کے یہاں ٹھہرتے اور لوگوں کو کسی مسئلہ میں والد صاحب کی رائے معلوم کرنی ہوتی تو "ادارہ اسلامیات" کا رخ کرتے تھے۔ حضرت مولانا مفتی محمد حسن صاحبؒ اور حضرت مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلویؒ بھائی جان سے انتہائی شفقت و محبت فرماتے اور مؤخرالذکر ایک زمانے میں دیر دیر تک ادارہ اسلامیات میں بیٹھے رہتے تھے۔

اللہ تعالیٰ نے انہیں ذکاوت و ذہانت' فہم و فراست' معاملات کی سمجھ بوجھ اور اس کے ساتھ ملکی و ملی مسائل کی خاص لگن عطا فرمائی تھی اور اسی کا نتیجہ تھا ان کے یہاں دینی اور سیاسی رہنماؤں کے بکثرت اجتماعات ہوتے رہتے' اور خاص خاص اجتماعی تحریکات کے موقع پر ان کا مکان عوام و خواص کا مرجع بن جاتا تھا۔ ملک و ملت کے مخلص رہنماؤں کو اپنے یہاں ٹھہرا کر اور ان کی خدمت و ضیافت کر کے انہیں نہایت مسرت ہوتی اور وہ کہا کرتے تھے کہ ہمیں ملک و ملت کے مسائل میں بھرپور عملی حصہ لینے کا موقع تو بہت کم ملتا ہے اس لئے یہ خواہش رہتی ہے کہ "جو حضرات ملت کی مخلصانہ خدمات انجام دے رہے ہیں ان کی کچھ خدمت کا موقع مل جائے" اور پھر وہ ظاہری خدمت کے علاوہ ان کے مشوروں میں پوری طرح شریک رہتے اور بہت سے مواقع پر اپنی عملی مداخلت سے مختلف الجھنیں دور کر دیتے تھے۔

مختلف زمانوں میں کئی وزراء اور بہت سے اونچے سرکاری عہدہ داروں سے انکے قریبی تعلقات رہے لیکن انہوں نے کبھی اپنی ذات کے لئے کوئی مادی منفعت حاصل نہیں کی' انہیں اس قسم کی موقع پرستی سے گھن آتا تھا اور اپنی خودداری کی بدولت انہوں نے کبھی ایسے مواقع سے فائدہ نہیں اٹھایا' جب کسی ناجائز کام کے ارتکاب کے بغیر انہیں کوئی فائدہ پہنچ سکتا تھا۔ بعض اوقات مختلف مسائل میں ان کی ذاتی رائے حکومت کے موافق ہوتی لیکن اس کا اظہار صرف اپوزیشن کے لوگوں کے سامنے کرتے تھے اور ایسے لوگ تو نہ

جانے کتنے ہوں گے جنہیں ان کی ذات سے فائدہ پہنچا' مگر انہیں پتہ بھی نہ چل سکا کہ یہ فائدہ پہنچانے والا دراصل کون تھا؟

قدرت نے انہیں انتہائی فیاض طبیعت دی تھی' ان کی مہماں نوازی خاندان بھر میں ضرب المثل تھی۔ ایسے دن ان کی زندگی میں شاید بہت کم ہوں گے جب ان کے دسترخوان پر صرف ان کی بیوی بچے بیٹھے ہوں یا ان کے گھر میں کوئی مہمان مقیم نہ ہو۔ اس کے علاوہ نہ جانے کتنے افراد تھے جنکا انہوں نے باقاعدہ وظیفہ مقرر کیا ہوا تھا جن میں سے بعض کا علم گھر والوں کو بھی وفات کے بعد ہوا۔ ان پر مالی اعتبار سے انتہائی سخت اور کٹھن اوقات بھی گزرے ہیں اور بعض اوقات یہ سلسلہ کافی دنوں تک دراز رہا ہے' لیکن ان کی فیاضی' دریا دلی اور مہمان نوازی میں کبھی فرق نہیں آیا۔ خرچ کے معاملہ میں نہایت کشادہ دست تھے اور یہ جملہ بکثرت کہا کرتے تھے کہ "خدا بے حساب دیتا ہے' میں حساب کیوں رکھوں؟" عزیز و اقارب کے حقوق کی ادائیگی اور معاملات کی صفائی کا خاص ذوق انہوں نے حضرت والد صاحب مدظلہم سے حاصل کیا تھا۔ دور پرے کے رشتہ داروں کے دکھ درد میں بھی شریک رہتے اور ان کے کام آنے کی کوشش کرتے تھے۔ وہ سنایا کرتے تھے کہ حضرت والد صاحب مدظلہم نے ایک مرتبہ مجھے کوئی چیز بازار سے لانے کا حکم دیا' میں نے وہ چیز لا کر دیدی لیکن آٹھ آنے بچ گئے تھے وہ والد صاحب کو نہ دیئے' حضرت والد صاحب نے کچھ انتظار کیا' اس کے بعد بلا کر حساب لیا اور پوچھا کہ "باقی آٹھ آنے کہاں ہیں؟" میں نے وہ آٹھ آنے والد صاحب کو دیدیئے انہوں نے پہلے وصول فرمالئے' اس کے بعد مجھے واپس کرتے ہوئے فرمایا کہ "میرا مقصد یہ سمجھانا تھا کہ آئندہ حساب ہمیشہ صاف رکھنے کی عادت ڈالو' اب حساب صاف ہو گیا' یہ پیسے اب تمہارے ہیں" بھائی جان فرماتے تھے کہ۔ اس کے بعد سے یہ سبق ایسا ذہن نشین ہو گیا کہ جب تک معاملہ صاف نہ ہو طبیعت بے چین رہتی ہے۔

بھائی جان کی خوش مذاقی' خندہ پیشانی اور حسن اخلاق کا عالم یہ تھا کہ جو شخص ان سے ملا گرویدہ ہو گیا۔ وہ بچوں میں بچے' جوانوں میں جوان اور بوڑھوں میں بوڑھے تھے۔ ہنسی مذاق سے لیکر فکر و تدبر کی باوقار مجلسوں تک ہر قسم کے ماحول میں وہ اپنے آپ کو اسی طرح پیش کرتے جیسے اسی محفل کے آدمی ہیں' اور ہر محفل میں انکی شمولیت سے آب و رنگ پیدا ہو جاتا۔

ہم ہیں کیفی ایک ابر و بہار
جس طرف گزرے' گھر برسا گئے

وہ غم اور تشویش کے دشمن تھے' غمزدہ سے غمزدہ ماحول کو اپنی ظرافت اور خوش طبعی سے گل و گلزار بنا دیتے تھے اور کسی فکر و غم کی بات کو زیادہ دیر تک موضوع گفتگو نہ رہنے دیتے' سخت سے سخت حالات میں بھی وہ مسکراتے رہتے اور دوستوں کا غم و فکر بٹانے کی کوشش کرتے' باوقار انداز میں ہنسنا ہنسانا ان کی وہ خصوصیت تھی جو ان کے تمام متعلقین میں مشہور و معروف تھی اور آہ! اب یہ محسوس ہوتا ہے جیسے یہ شعر انہوں نے اپنے ہی لئے کہا تھا کہ۔

فرصت خندہ لبی تھی کتنی
پھول ہنسنے کے سوا کیا کرتے

خوش طبعی و ظرافت اور بھی بہت لوگوں میں ہوتی ہے لیکن بعض اوقات یہ صفت دین سے غفلت پیدا کر دیتی ہے' خاص طور سے ہنسی مذاق کی محفلوں میں شرعی حدود کی رعایت و حفاظت عموماً مشکل ہوتی ہے لیکن یہ بھائی جان پر اللہ تعالیٰ کا کرم تھا کہ ایسی بے تکلف مجلسوں میں بھی ان کے قلب کو دین سے غافل نہیں پایا۔ غلطیاں کس انسان سے نہیں ہوتیں؟ لیکن اپنی غلطیوں پر ندامت اور تنبیہ کے بعد فوراً توبہ و استغفار کی طرف رجوع وہ خصلت ہے جو گناہوں کو بھی باعث رحمت بنا دیتی ہے اور اللہ تعالیٰ نے انہیں یہ دولت نصیب فرمائی تھی۔ انہوں نے کتنا پیارا شعر کہا ہے اور یہ محض قال نہیں ان کا حال تھا۔

عجب کیا؟ شان رحمت ڈھانپ لے میرے گناہوں کو
خطا کی ہے' مگر تیری عطا کو دیکھ کر کی ہے

بزرگوں کی صحبت کی برکت سے انہیں اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایک خاص تعلق نصیب ہوا تھا وہ دعا مانگتے تو اس طرح مانگتے کہ ان پر رشک آتا تھا' اللہ تعالیٰ کی ذات پر اتنا بھروسہ اور ایسا توکّل کم لوگوں میں ہوتا ہے وہ معمولی غور و فکر اور مشورے کے بعد بڑے بڑے فیصلے کر لیتے اور اللہ پر بھروسہ کرتے' ایسے مواقع پر "اللہ مالک ہے" اور "انشاء اللہ اسی میں خیر

ہو گی" ان کا تکیہ کلام تھا۔ تلاوت قرآن کا انہیں خاص ذوق تھا' رمضان المبارک میں ایک دن میں دس دس پاروں کی تلاوت کر لیتے تھے۔ روزانہ تلاوت' ادعیہ ماثورہ اور بعض دوسرے وظائف و اوراد کے پابند تھے' شب و روز کے مختلف معمولات میں مسنون دعائیں ورد زبان تھیں اور اپنے بزرگوں اور عزیزوں کو روزانہ کچھ نہ کچھ ایصال ثواب کا معمول تھا۔

اللہ تعالیٰ نے انہیں بڑا خوش نصیب بنایا تھا۔ ان کے والدین' مشائخ اور عزیزان سے ہمیشہ نہ صرف خوش بلکہ ان کے مداح رہے۔ وہ بزرگوں کے لاڈلے تھے اور ان سے سدا دعائیں لیتے رہے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں موت بھی اتنی خوش نصیبی کی عطا کی کہ باید و شاید۔ اپنی عمر کے ٹھیک بیچوں بیچ انہوں نے پہلا حج کیا اور عمر کے بالکل آخر میں دوسرے حج سے سرفراز ہوئے' انشاء اللہ گناہوں سے پاک صاف ہو کر لوٹے' عاشورہ کے دن اور جمعہ کی رات میں آخرت کا سفر شروع کیا جمعہ کے متصل بعد نماز جنازہ ادا کی گئی' اور عصر کے بعد سپرد خاک کئے گئے۔

ان کی وفات پر بڑے بڑے علماء' اولیاء اور صلحاء کو اشک ریز پایا۔ حرمین شریفین میں ان کے لئے قرآن کریم ختم ہوئے اور بعض حضرات نے ان کی طرف سے عمرے ادا کئے۔ دور دراز کے دینی مدارس میں ان کے لئے از خود ختم قرآن اور ایصال ثواب کیا گیا۔ آج ہی دارالعلوم دیوبند سے مولانا معراج الحق صاحب (نائب مہتمم دارالعلوم دیوبند) کا مکتوب گرامی موصول ہوا ہے۔ جس سے معلوم ہوا کہ وہاں بھی ان کے لئے ختم قرآن کیا گیا ہے۔ صرف اہل دیوبند ہی نہیں' مختلف مکاتب فکر کے دینی رسائل و جرائد نے ان پر اداریئے لکھے اور ان کے حسن عمل کی شہادت دی۔ حضرت تھانویؒ کے خلفاء میں سے ایک صاحب کشف بزرگ نے وفات سے اگلے روز انہیں بیداری کی حالت میں دیکھا کہ بڑے خوش و خرم ہیں اور اس مفہوم کی کوئی بات کہہ رہے ہیں کہ میں بڑے آرام سے ہوں' لوگ کیوں پریشان ہیں؟

دار فانی سے کوچ کرنے کے بعد ایک بہت بڑی خوش نصیبی صالح اولاد ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں اس جہت سے بھی خوش نصیب بنایا ہے۔ ماشاء اللہ ان کے تین لڑکے اور تین لڑکیاں ہیں اور سب بحمد اللہ صوم و صلوٰۃ کے پابند اور دینی ماحول کے پروردہ ہیں۔ بڑے

لڑکے عزیزم مولوی محمود اشرف سلمہ' حافظ' قاری اور جامعہ اشرفیہ سے فارغ التحصیل عالم ہیں اور دارالعلوم کراچی میں ایک سال فتوی کی تربیت حاصل کر چکے ہیں اور اب تقریباً ڈیڑھ سال سے مدینہ طیبہ کے جامعہ اسلامیہ میں زیر تعلیم تھے وہیں انہیں اس حادثے کی اطلاع ہوئی اور سب سے پہلے اپنے والدین کی طرف سے عمرہ کر کے پاکستان آئے ہیں۔ دوسرے لڑکے مسعود اشرف سلمہ انٹر کام کر چکے ہیں ماشاء اللہ سعید نوجوان ہیں اور اپنے والد ماجد کے صحیح معنی میں دست و بازو رہے ہیں۔ تیسرے لڑکے سعود اشرف سلمہ' میٹرک کرنے کے بعد پہلے سال میں زیر تعلیم ہیں۔ اور ذہانت و فطانت میں اپنے والد کی یادگار ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو اپنے والد کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

---

جس وقت اس جاں گداز حادثے کی اطلاع ملی ہے' اس وقت حضرت والد صاحب مد ظلہم کی ٹانگوں میں اسقدر کرب کی تکلیف تھی کہ عمر بھر ایسی تکلیف یاد نہیں ہے' کروٹ لینا تو بڑی بات ہے' پاؤں کو ذرا سا سرکانا دوسرے کی مدد کے بغیر ناممکن تھا۔ ادھر والدہ محترمہ مد ظلہا سات سال سے صاحب فراش ہیں' اس لئے ان دونوں کے لاہور پہنچنے کا تو کوئی سوال ہی نہ تھا۔ میں اور بڑے بھائی جناب مولانا محمد رفیع صاحب بھی وہاں نہ پہنچ سکے اس طرح ہم ان کی نماز اور تجہیز و تکفین میں بھی شامل نہیں ہو سکے۔ ہم نے ابھی تک ان کی آخری آرام گاہ تک بھی نہیں دیکھی اور جب یہاں کوئی قبر نظر آتی ہے تو متمم بن نویرہ کے وہ اشعار یاد آتے ہیں جو اس نے اپنے بھائی مالک کے مرثیہ میں کہے تھے اور حقیقت یہ ہے کہ ان کا صحیح مطلب بھی پہلی بار ہی سمجھ میں آیا ہے۔

| | |
|---|---|
| لقد لامنی عند القبور علی البکا | رفیقی لتذراف الدموع السوافک |
| فقال اتبکی کل قبر رأیته | بقبر اللوی بین الثوی فالدکادک |
| فقلت له ان الشجا یبعث الشجا | فدعنی فهذا کله قبر مالک |

اس صدمے۔ اور عظیم صدمے۔ نے البتہ ایک تنبہ ضرور پیدا کیا ہے اور وہ یہ کہ اس جیسے المناک موقع پر رنج و غم تو فطری چیز ہے' لیکن صدمے کی یہ شدت جو نا قابل برداشت ہونے لگتی ہے' ہماری ایک بہت بڑی بھول کا نتیجہ ہے۔ بھائی جان ہی نے کہا تھا کہ۔

یہ دنیا کھیل ہے اور کھیل بھی ہے چند لمحوں کا
نظر جو کچھ بھی آتا ہے اسے خوابِ گراں سمجھو

ہم اس سبق کو عقلی اور نظری طور پر تو مانتے رہے لیکن اس حقیقت کا ہر وقت استحضار ہم سے نہ ہوسکا۔ عملی طور پر یہاں رہتے ہوئے ہم بار بار یہ بات بھول جاتے ہیں کہ یہ ایک مسافر خانہ ہے منزل نہیں' یہاں جو ملتا ہے بچھڑنے کے لئے ملتا ہے۔ نہ یہاں کی ملاقات دائمی ہے نہ جدائی دائمی۔ نہ یہاں کی کوئی مسرت پائیدار ہے' نہ غم مستقل۔ ناقابل تلافی صدمہ اور صبر نا آشنا اضطراب اس کو ہو جو اس دنیا ہی کو اپنا سب کچھ سمجھتا ہو' جسے مرنے کے بعد کسی دوسری زندگی کا یقین نہ ہو' جس نے دنیوی زندگی کے بلبلوں پر امیدوں کے محل بنا رکھے ہوں۔ لیکن جس شخص کو اللہ کی ذات و صفات اس کی قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ پر ایمان ہو' جو آخرت کی ابدی زندگی پر یقین رکھتا ہو' جس کو اس بے ثبات دنیا کی حقیقت مستحضر ہو اس کے لئے دنیا کا کوئی بڑے سے بڑا صدمہ ناقابل برداشت نہیں ہو سکتا۔ یہ بات قطعاً ناممکن ہے کہ دو محبت کرنے والے ہمیشہ ایک ساتھ ہی دنیا سے رخصت ہوا کریں' ان میں سے کسی نہ کسی کو دوسرے کی جدائی کا صدمہ برداشت کرنا ہی پڑیگا' لیکن اگر اللہ کے ساتھ تعلق مضبوط ہے' اگر آخرت پر ایمان مستحکم ہے اور اس دنیا کی حقیقت نظروں کے سامنے ہے تو یہ جدائی ایک وقتی اور عارضی جدائی ہے۔ اس کے بعد ایک ایسی ابدی زندگی آنے والی ہے جسکو فنا اور زوال نہیں۔ اصل ملاقات وہاں کی ملاقات ہے جس کے بعد کبھی جدائی نہیں ہو سکتی۔ للذا ان صدمات میں محو ہو جانے اور ہمہ وقت یادوں میں کھوئے رہنے سے بہتر یہ ہے کہ اس ملاقات کی تیاری کرو' اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق مضبوط کر لو تو تمام دنیوی تعلقات اعتدال پر بھی آجائیں' ان کی حقیقت بھی مستحضر ہو جائے' اور آخرت میں ان کے بقائے دوام کی ضمانت بھی مل جائے' اس دنیا میں اللہ سے لو لگانے کے سوا سکون و عافیت کا کوئی راستہ نہیں۔ اور بھائی جان ہی کے بقول۔

وہ آشنا اگر ہے تو عالم ہے آشنا
وہ آشنا نہیں' تو کوئی آشنا نہیں

میرے جذبات و واردات کی یہ بے ربط سی کہانی میرے اندازے سے زیادہ طویل ہو گئی' اور اب اسے مختصر کرنے کی از سر نو محنت اٹھانے کا دماغ نہیں۔ لہٰذا قارئین سے معذرت خواہ ہوں۔ لیکن آخر میں حضرت والد صاحب مدظلہم کی ایک بات آپ تک پہنچا دینا اپنا فرض سمجھتا ہوں جسے اس پورے مضمون کا حاصل سمجھنا چاہئے اور جو آب زر سے لکھنا کیا؟ لوح دل پر نقش کرنے اور رکھنے کے لائق ہے۔

ظاہر ہے کہ بیٹے اور ایسے بیٹے کے حادثۂ وفات کا صدمہ باپ سے زیادہ کس کو ہو گا؟ اور صدمہ بھی ایسے ضعف اور ایسی کرب انگیز علالت کے عالم میں کہ کروٹ لینا ایک پہاڑ تھا۔ لیکن شرعی حدود میں اظہار رنج و غم کے باوجود جس صبر و ہمت سے انہوں نے یہ جانکاہ حادثہ برداشت کیا ہے وہ اپنی مثال آپ ہے۔ جسمانی اور روحانی اذیت کا یہ اجتماع عمر بھر کبھی پیش نہیں آیا تھا' لیکن اس پیکر تسلیم و رضا نے اس عالم میں بھی ہم لوگوں کو جو سبق دیا ہے وہ بے مثال ہے۔ وہ اظہار غم و الم سے زیادہ ہم سب کی تسلی کے لئے ایک عجیب و غریب مضمون بیان فرماتے رہے جو آخر میں انہوں نے مرحوم کے بچوں کے نام ایک مکتوب میں قلمبند بھی کرا دیا۔ یہ مکتوب چونکہ بڑی قیمتی نصائح پر مشتمل ہے اس لئے بجنسہٖ نقل کر رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو ان حقائق کے ہمہ وقت استحضار کی توفیق عطا فرمائیں آمین۔

---

نور نظر لخت جگر مولوی محمود' مسعود' سعود' حمیرا' زہرا' سمیرا اور بہو صالحہ اللہ تعالیٰ تم سب کو بعافیت رکھے۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'

داغ ہی داغ نظر آتے ہیں
کس طرح قلب و جگر کو دیکھوں
نہ وہ محفل ہے نہ وہ پروانے
خاک اے شمع سحر کو دیکھوں

میرے عزیز از جان بچو! آج حادثہ جانکاہ کو انیسواں دن ہے۔ ان ایام میں تم سب سے ملنے اور باتیں کرنے خط لکھنے کی کتنی تمنائیں دل میں گزرتی ہوں گی' اس کا اندازہ بھی مشکل ہے۔ مگر اس حادثہ اور اس سے پہلے پیش آنے والی بیماری نے کہ عمر بھر میں مجھے کبھی ایسی

شدید بیماری پیش نہیں آئی' اس مجموعے نے ایسا نیم جان مُردہ کر دیا کہ آج سے پہلے چند سطریں لکھنے کی بھی ہمت نہ ہو سکی۔ آج بمشکل قلم اٹھایا تو چل نہ سکا۔ اب برخوردار مولوی امین اشرف کے قلم سے لکھوا رہا ہوں!

میرے عزیز بچو! یہ واقعہ جیسا کرب انگیز' حسرت ناک و جانکاہ ہے' اس کا اثر مرحوم ہو جانے والے نوجوان صالح کے ماں باپ' بچوں اور بیوی اور بھائی بہنوں پر درجہ بدرجہ جو کچھ ہونا تھا وہ ایک طبعی اور فطری امر ہے اور جب تک حدود سے تجاوز نہ ہو شرعاً مذموم بھی نہیں۔ لیکن یہ سب کرب انگیزی اور غم و صدمہ کا ایک طرفہ پہلو صرف اس بنیاد پر ہے کہ ہم واقعات کو الٹا پڑھتے ہیں اور یہاں سے شروع کرتے ہیں کہ ایک پچاس سالہ نوجوان جس کے ساتھ ایک ایک عزیز کی ہزاروں امیدیں وابستہ تھیں یکایک ہم سے رخصت ہو گیا۔ اس کا اثر ظاہر ہے کہ بے چینی اور شدید ترین صدمہ ہی ہو سکتا ہے۔

آؤ! اب واقعات کو ذرا سیدھا پڑھو کہ صبر آئے' بلکہ شکر کا موقعہ ملے۔

ذرا سمجھو کہ ہر مومن کا عقیدہ ہے کہ ہر پیدا ہونے والے انسان کی عمر کی گھڑیاں اور سانس اس کے پیدا ہونے سے پہلے ہی اللہ کے دفتر میں لکھے ہوتے ہیں۔ جانے والا لخت جگر پچاس سال سترہ دن کی زندگی لے کر اس دنیا میں آیا تھا۔ زمین و آسمان اپنی جگہ سے ٹل سکتے تھے۔ قضاء و قدر کے اس فیصلے میں ایک منٹ' ایک سیکنڈ فرق نہیں آ سکتا تھا۔ اس لئے یہ تو ہم سب کا ایمان ہونا چاہئے کہ یہ حادثہ یوں ہی ہونا تھا کہ جس طرح ہوا' لیکن اب ذرا یہ سوچو کہ اس حادثہ جانکاہ کو ہم سب پر آسان کرنے کے لئے حق تعالیٰ جل شانہ نے کیسے کیسے انعامات فرمائے۔

سب سے پہلی بات تو یہ کہ الحمد للہ اپنی تمام ہی اولاد کو وہ اس حالت پر چھوڑ گئے جب کہ وہ کسی کے محتاج نہ تھے۔ وہ سب اپنے قدموں پر کھڑے ہونے کے قابل ہو چکے تھے۔ ذرا سوچو اگر معاملہ اس کے خلاف ہوتا تو یہی ایک مصیبت اور دس گنی بن جاتی۔

دوسری بات یہ دیکھو کہ مرحوم کو جس قدر گہرا تعلق اپنی بیوی اور اولاد سے تھا' ماں باپ اور بہن بھائیوں سے بھی اس سے کچھ کم نہ تھا۔ لاہور رہنے کی بنا پر ہم سے جدائی کے دو طرفہ تاثرات قدم قدم پر ظاہر ہوتے تھے' لیکن وہاں کے مشاغل اور ضروریات کی بنا پر مشکل سے سال بھر میں ایک ہی مرتبہ وہ کراچی آ سکتے تھے۔ اس سال جبکہ اللہ جل شانہ کو

اس دنیا سے ان کی جدائی ہمیشہ کے لئے منظور ہوئی تو غیر شعوری طور پر چار مرتبہ ایسے حالات پیدا فرما دیئے کہ ان کو بار بار کراچی آنا پڑا اور ایک مرتبہ سب بچوں کے ساتھ آنے کا موقع بھی مل گیا۔ یہ کس کو معلوم تھا کہ یہ بار بار کی پیش آنے والی ملاقات اللہ تعالیٰ کے انعامات اور آئندہ پیش آنے والے صدمہ پر تسلّی کے سامان تھے۔

تیسری بات یہ دیکھو کہ سب سے بڑا ہونہار بیٹا مولوی محمود سلمہ تین ماہ پہلے ان سے جدا ہو چکا تھا۔ جس سے ملنے کی اس حادثہ جانکاہ سے پہلے بظاہر کوئی امید نہ تھی۔ قدرت نے غیبی سامان فرما دیا۔ امسال ان کے لئے حج کا سامان ہو گیا اور اس طرح وہ حج و زیارت کے فرائض اور حرمین شریفین کی برکات سے بھی بہرہ ور ہوئے۔ اور سعادت مند بیٹے کو بھی اٹھارہ دن ان کی مکمل خدمت کا موقعہ مل گیا۔

پھر یہ بھی سوچو کہ عادتاً حج و زیارت میں مہینہ ڈیڑھ مہینہ تو لگ ہی جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس خوش نصیب بندے کو صرف اٹھارہ دنوں میں حج و زیارت کے تمام مراحل سے گزار کر ایسے وقت کراچی واپس پہنچا دیا جبکہ ان کی وفات میں صرف سترہ دن باقی تھے۔ اگر مواصلاتی نظام میں ذرا بھی تاخیر ہوتی تو مرحوم اپنے بیوی بچوں، ماں، باپ، بہن بھائیوں سے جدا رہتے ہوئے بحالت غربت اس دنیا سے سفر کرتے۔ ذرا یہ سوچو اس وقت ماں باپ اور اولاد و بیوی پر کیا گزرتی۔ مگر اللہ تعالیٰ نے ان کے تمام مراحلِ سفر کو آسان فرمایا اور پوری تندرستی کے ساتھ واپس والدین کے پاس کراچی اور پھر اہل عیال کے پاس لاہور خوش و خرم پہنچا دیا۔ حج کی خوشی میں احباب کی دعوت بھی کر لی۔

اور ان تمام انعامات سے بڑھ کر سب سے بڑا انعام یہ کہ آخری عمر میں ان کو حج و زیارت سے مشرف فرما کر گناہوں سے پاک فرما دیا۔ اور پاک وصاف اپنی بارگاہ میں بلا لیا۔

اب غور کرو۔ اگر جانے والے مرحوم کو سال بھر پہلے یہ قطعی اطلاع ہو جاتی کہ عاشورہ محرم ۱۳۹۵ھ ان کی عمر کا آخری دن ہے اور وہ خود اپنے مرنے کے سامان کرتے تو اس سے بہتر اور مرنے کا کیا سامان ہوتا۔ بس اسوقت مشکل سے یہ سطور ہی لکھوا سکا ہوں اور کچھ بولنے کی ہمت نہیں۔ والسلام بندہ محمد شفیع عفا اللہ عنہ۔ ۲۹ر محرم ۱۳۹۵ھ

# شاہ فیصل مرحوم

پچھلے مہینے سعودی عرب کے فرماں روا شاہ فیصل مرحوم کی ناگہانی شہادت نے پورے عالم اسلام میں یکایک صف ماتم بچھادی۔ اس دنیا سے نہ جانے کتنے افراد روزانہ آخرت کے سفر پر روانہ ہوتے ہیں، لیکن ایسے لوگ خال خال ہی ہوتے ہیں جن کی وفات کو اسلامی دنیا کے ہر خطہ میں اپنا حادثہ اور اپنا نقصان سمجھا جائے جن کی جدائی سے ہر مسلمان اپنے دل میں ٹیس محسوس کرے اور جن کے اٹھ جانے سے وہ لوگ بھی اشک بار ہوں جو کبھی زندگی میں مرحوم کی صورت تک نہ دیکھ سکے۔ اللہ تعالیٰ شاہ فیصل مرحوم کو درجات بلند عطا فرمائے وہ ایسے ہی لوگوں میں سے تھے۔ ان کی وفات صرف سعودی خاندان یا سعودی عرب کا نہیں، پورے عالم اسلام کا عظیم حادثہ ہے۔ اور اس کی خبر سن کر ہر وہ مسلمان تڑپ اٹھا ہے جس کے دل میں اسلام اور مسلمانوں کی محبت کی ادنیٰ رمق موجود ہے۔

شاہ فیصل مرحوم کی وفات کا سانحہ محض اس لحاظ سے اندوہناک نہیں ہے کہ وہ ایک مسلم ریاست کے فرماں روا، ایک دولت مند بادشاہ اور ایک صاحب اقتدار شخصیت کے حامل تھے۔ کیونکہ نہ جانے کتنے حکمران اس دنیا سے اس طرح اٹھتے ہیں کہ ان کے سوگ میں صرف پرچم سرنگوں ہوتا ہے اور ان کی یاد میں صرف پرشکوہ مقبرے تعمیر ہوجاتے ہیں، ورنہ جہاں تک عام لوگوں کے دل کا تعلق ہے اس میں کسی قابل ذکر غم واندوہ کی پرچھائیاں بھی نہیں پڑتیں، اور بعد میں یہ احساس بھی نہیں رہتا کہ کون آیا تھا اور کون چلا گیا؟ لیکن حرمین شریفین کے اس خادم عالم اسلام کے اس بطل جلیل اور صحرائے عرب کے اس درویش بادشاہ کا حال دنیا کے عام حکمرانوں سے بالکل مختلف تھا۔ اس کی وفات پر نہ سعودی عرب کا پرچم سرنگوں ہوا[1] اور نہ اس کے لئے کوئی عالیشان مقبرہ تعمیر ہوا۔ اس کی قبر کی تصویر

---

[1] سعودی عرب کے پرچم پر چونکہ کلمہ طیبہ لکھا ہوا ہے، اس لئے اسے کسی بھی بڑے سے بڑے حادثے پر سرنگوں نہیں کیا جاتا۔

ساری دنیا نے دیکھی ہے کہ لق و دق ریگستان کے بیچ میں اس کے گرد کچی اینٹوں کی کوئی چار دیواری بھی نہیں ہے۔ ایک سادہ، کچی اور ریتلی قبر جس پر صحرا کی ہواؤں نے پوری مٹی بھی باقی نہیں چھوڑی لیکن مسلمانوں کے دل سے پوچھئے کہ اس کی وفات کا صدمہ کیسا انمٹ، اس کی یاد کیسی زندہ جاوید، اس کی محبت و عظمت کیسی پائیدار اور اس کا ذکر کتنا ناقابل فراموش ہے۔

یہ محبت و عظمت اور یہ عقیدت و مقبولیت دنیا کے ہر حکمران کو نصیب نہیں ہوتی، بات صرف اتنی بھی نہیں ہے کہ وہ ایک ایسے خطہ زمین کے فرماں روا تھے جس سے دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذباتِ عقیدت وابستہ ہیں، کیونکہ اسی خطے کی تاریخ میں شریف مکہ جیسے حکمران موجود ہیں۔ بلکہ بات للّٰہیت، اس سوز و گداز، اس مجاہدانہ جذبے اور اس تدبر کی ہے جو اللہ نے شاہ فیصل کو اس طرح ودیعت فرمایا تھا کہ ماضی قریب کے حکمرانوں میں اس کی مثال ملنی مشکل ہے اور جس کی بدولت ان کی حکومت ایک محدود رقبہ زمین پر نہیں، مسلمانوں کے قلب و روح کی وسعتوں پر تھی۔

انہوں نے ۱۹۶۴ء میں سعودی عرب کا اقتدار سنبھالا تھا، اور ایک ایسے وقت میں اتحاد عالم اسلامی کا نعرہ بلند کیا تھا، جب دنیا بھر کی طاقتیں اس نعرے کی مخالف تھیں اور پرائے تو پرائے اپنے بھی اس کا مذاق اڑاتے تھے۔ لیکن وہ انتہائی خاموشی اور تدبر و وقار کے ساتھ اس راہ کی جدوجہد میں مصروف رہے اور دھمکیوں، طعنوں اور تمسخر و استہزاء کے اوچھے ہتھیار ان کے پائے استقامت میں جنبش پیدا نہ کر سکے۔ ان کے دل میں وحدت اسلامی کی مچلتی ہوئی آرزو نے پہلے رابطہ عالم اسلامی، پھر اسلامی سیکریٹریٹ اور بالآخر مسلم سربراہ کانفرنسوں کی شکل اختیار کرلی۔ اور جہاں چند عرب سربراہوں کا سر جوڑ کر بیٹھنا ناممکن نظر آرہا تھا وہاں چشم فلک نے یہ ایمان افروز نظارہ بھی دیکھا کہ شاہی مسجد لاہور کے فرش پر انڈونیشیا سے مراکش تک کے سربراہ ایک ساتھ بارگاہ الٰہی میں سجدہ ریز تھے۔ اس نظارہ میں شاہ فیصل کی شخصیت سب سے الگ سب سے ممتاز اور سب سے زیادہ دلآویز تھی۔ مسجد کی ہیبت و جلال سے ان کی جھکی ہوئی نگاہیں، ان کا متواضع انداز خرام، ان کا منفرد طرز بندگی اور

دعا کے وقت ان کی آنکھوں میں چھلکتے ہوئے آنسو اس بات کی گواہی دے رہے تھے کہ وہ محض کسی سیاسی ضرورت سے نہیں بلکہ اپنے دل کے جذبۂ بیتاب کی تسکین کے لئے یہاں تک پہنچے ہیں۔

سربراہ کانفرنس کے موقع پر ان کی خاموشی' ان کی متانت اور بھیڑ بھاڑ سے علیحدگی کا تاثر ہر شخص پر یہ تھا کہ وہ اس موقع کو اپنی شخصیت ابھارنے کے لئے نہیں' بلکہ مقصد کو قریب کرنے کے لئے استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ اور پھر ایک اسلامی سکریٹریٹ کے پلیٹ فارم ہی سے نہیں اور نہ جانے کتنے راستوں سے وہ اسلامی وحدت کے لئے دن رات کام کر رہے تھے' اور نہ جانے کتنے اسلامی ملکوں کے درمیان علاقائی چپقلش کو انہوں نے اپنی دردمندی اور دلسوزی اور اپنی سوجھ بوجھ سے ختم کرایا تھا۔ اسلامی دنیا کے ہر خطے کے مسائل ان کے اپنے مسائل تھے اور وہ ہر مسلمان ملک کے دکھ درد میں برابر کے شریک تھے۔ اللہ نے انہیں دولت کے ساتھ اسے خرچ کرنے کے لئے دل بھی عطا کیا تھا اور صرف سعودی عرب ہی نہیں تمام عالم اسلام ان کی دریا دلی کا گواہ ہے۔

حرمین شریفین کی خدمت اور حجاج وزائرین کو سہولت بہم پہنچانے کے لئے انہوں نے جو کارنامے انجام دیئے وہ بلاشبہ تاریخی یادگار اور صدقات جاریہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان کے عہد میں سعودی عرب نے مادی اعتبار سے بڑی ترقی کی اور اس میں کوئی شک نہیں کہ اس ترقی کے ساتھ اس خطے میں بعض ایسے منکرات بھی داخل ہوگئے جنہیں دیکھ کر دل کڑھتا ہے لیکن یہ شاہ فیصل کی شخصیت ہی تھی جس نے مغربی طرز زندگی کے اس سیلاب پر اپنی حکمت ودور اندیشی اور تدین اور خودداری سے بڑی حد تک بند باندھے' جو آجکل مادی ترقیات کے ساتھ لازم ہوکر رہ گیا ہے۔ انہوں نے اسلام اور اسلامی شعائر کو ڈر ڈر کر جھینپ جھینپ کر اختیار نہیں کیا بلکہ پوری خود اعتمادی اور عزت ووقار کے ساتھ اختیار کیا اور آخر دم تک اپنی یہ آن برقرار رکھی۔ یہی وجہ ہے' کہ زمانے کی عام رفتار کے تحت مادی ترقیات کے ساتھ مغربیت کا جتنا زہر معمولاً ہر اسلامی ملک میں پھیلا ہوا ہے سعودی عرب اس سے سب سے کم متاثر ہوا۔

جس وقت شاہ فیصل نے اقتدار سنبھالا اس وقت سعودی عرب کا تمام ترقی انحصار امریکہ پر تھا اور اسکے اثرات سے آزاد رہنا کوئی آسان کام نہیں تھا۔ لیکن شاہ فیصل نے

بڑی حکمت، تدبّر اور تدریج کے ساتھ اس صورتحال کو بدلنے کی کوشش کی جو اب تک جاری ہے اور اسی حالت میں جب عرب اسرائیل جنگ چھڑی تو انہوں نے مسلمانوں کی فتح' بیت المقدس کی اور عرب علاقوں کی واگذاری کیلئے اپنی ساری پونجی بلکہ اپنے وجود و بقا تک کو داؤ پر لگا کر تمام مغربی طاقتوں سے ایسی ٹکرلی جو ہمیشہ یادگار رہے گی۔ تیل کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کا کام جتنا موثر تھا اتنا ہی نازک خطرناک اور جراٌت و ہمت کا متقاضی تھا۔ شاہ فیصل نے اپنی جان پر کھیل کر یہ اقدام کئے اور پورے عالم اسلام کے دل موہ لئے۔

شاہ فیصل عالم اسلام کے وہ واحد سربراہ تھے جن سے مسلمانوں نے بہت سی توقعات قائم کی تھیں دینداری اور شجاعت و ہوش مندی کا جو امتزاج اللہ نے انہیں عطا فرمایا تھا اسے مسلمان اپنے قائدین میں عرصہ دراز سے ترس رہے ہیں۔

شاہ فیصل کی زندگی عالم اسلام کے حکمرانوں کے لئے ایک سبق کی حیثیت رکھتی ہے۔ دنیا کا کوئی بھی فرماں روا خواہ اس نے اپنے سطوت و جلال کے کتنے ہی پرچم لہرائے ہوں بالآخر اسکا انجام وہی خاک ہے جس میں آج شاہ فیصل محو آرام ہیں۔ دنیا میں اقتدار و اختیار کبھی کسی کا قائم نہیں رہا لیکن جو شخص اس اختیار و اقتدار کو اللہ کی رضا اور ملت کی فلاح و بہبود میں استعمال کرے' اس پر دنیا میں تعریف و تحسین اور آخرت میں اللہ کی رحمتیں برستی ہیں۔ اور جو شخص اس اقتدار کو محض اپنی ذاتی ہوس کی تسکین کا ذریعہ بناتا ہے قبر کے انجام تک پہنچنے کے بعد نہ دنیا میں اس کی یاد باقی رہتی ہے اور نہ آخرت میں اس کا کوئی نصیب۔ شاہ فیصل کوئی قرون اولیٰ کے حکمران نہیں تھے اور نہ انہیں اسلام کا پورا آئیڈیل کہا جاسکتا ہے' لیکن ماضی قریب کے حکمرانوں میں وہ اسلام سے شاید سب سے زیادہ قریب تھے۔ اسی قرب نے انہیں حیات جاوید بخش دی ہے اور آج اگر سارا عالَمِ اسلام اس طرح رو رہا ہے جیسے اسکا شفیق باپ اور مخلص بزرگ سر سے اٹھ گیا ہو تو یہ اسی دین سے قُرب کا نتیجہ ہے۔ عالم اسلام کی اس عدیم المثال سوگواری میں ہمارے موجودہ حکمرانوں کے لئے یہ سبق سب سے زیادہ نمایاں ہے کہ جو حکمران اسلام سے جتنا قریب ہو گا ملت اسلامیہ اتنا ہی اسے گلے لگانے کے لئے تیار رہے۔

آج ہر مسلمان کے قلب و روح کی گہرائیوں سے یہ دعائیں بلند ہو رہی ہیں کہ اللہ تعالیٰ شاہ فیصل مرحوم پر اپنی رحمتیں نازل فرمائیں' انہیں جنت الفردوس میں مقام بلند عطا

فرمائے اور انکے جانشین شاہ خالد بن عبدالعزیز کو یہ توفیق بخشے کہ وہ پوری جرأت و ہمت اور فہم و تدبّر کے ساتھ وحدت اسلامی کے مشن کو آگے بڑھا سکیں۔ اللہ تعالیٰ سعودی عرب اور سارے عالم اسلام کو داخلی اور خارجی فتنوں اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رکھے اور اسلامی دنیا کو ایسی قیادت نصیب فرمائے جو اس کی ہچکولے کھاتی ہوئی کشتی کو پار لگا سکے' آمین ثم آمین۔

البلاغ جلد ۹ شمارہ ۴

# حضرت مولانا محمد میاں صاحبؒ

پچھلے دنوں برصغیر کے جلیل القدر عالم دین حضرت مولانا محمد میاں صاحبؒ دہلی میں انتقال فرماگئے۔ موصوف آخری عہد کے علماء دیوبند میں ایک ممتاز مقام کے حامل تھے۔ جمعیت علماء ہند کے معروف رہنما اور حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنیؒ کے معتمد خاص تھے۔ احقر کے جدّ امجد حضرت مولانا محمد یاسین صاحبؒ کے مخصوص شاگردوں میں سے تھے اور موصوفؒ کے پاس ان کی آمدورفت بالکل گھر کے بچوں کی طرح رہتی تھی۔ علم و فضل میں مقام بلند پر فائز تھے اور تحریر انتہائی عالمانہ، سلیس اور شگفتہ تھی۔ ان کی تصانیف میں "علماء ہند کا شاندار ماضی" ان کے شاہکار کی حیثیت رکھتی ہے جس میں انہوں نے اکبر کے زمانے سے لے کر تقسیم ہند تک کے اہل علم کی دعوت و عزیمت کی تاریخ نہایت محنت سے دلچسپ انداز میں مرتب فرمائی ہے۔ حضرت شیخ الہندؒ کی تحریک ریشمی رومال سے متعلق بھی انہوں نے پہلی بار ایسے حقائق کا انکشاف کیا جو ہنوز پردہ میں تھے اور دیگر بہت سے موضوعات پر بھی ان کی تحریریں نہایت گراں قدر ہیں۔ آخر عمر میں سیاست سے کنارہ کش ہوگئے تھے اور دہلی میں علمی خدمات انجام دے رہے تھے۔ راقم الحروف کو کبھی ان کی زیارت کا شرف حاصل نہیں ہوا لیکن البلاغ ان کے پاس پہنچتا تھا اور وہ ناچیز کی تحریروں کی ہمت افزائی خطوط کے ذریعے کرتے رہتے تھے۔ والد ماجد حضرت مولانا محمد شفیع صاحب مدظلہم چند سال پہلے حرمین میں موجود تھے تو وہ اپنی معذوری اور ضعف کے باوجود انہیں تلاش کرتے ہوئے پہنچے اور ملاقات ہوئی، جو حضرت والد صاحب مدظلہم سے ان کی آخری ملاقات تھی۔ ان کی وفات سے علمی دنیا کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرماکر انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے، آمین ثم آمین۔

# آغا شورش کاشمیری صاحبؒ

اس عرصہ میں یہ دوسرا حادثہ ہفت وار "چٹان" کے مدیر شہیر آغا شورش کاشمیری مرحوم کی وفات کا ہوا۔ ادبی اور صحافتی حلقوں میں ان کی ذات کسی تعارف کی محتاج نہیں تھی۔ وہ ایک منفرد انداز تحریر کے مالک تھے۔ شعر گوئی میں مولانا ظفرعلی خان مرحوم اور خطابت میں مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاریؒ کے جانشین تھے۔ ایسا بہت کم ہوتا ہے کہ کسی شخص میں نثر نظم اور خطابت تینوں کی مہارت بیک وقت جمع ہو جائے' لیکن شورش کی ذات میں یہ تینوں ملکات حیرت انگیز طور پر جمع تھے۔ انہوں نے سیاست میں قدم رکھا تو اس کی خاطر قید و بند کی ناقابل بیان صعوبتیں برداشت کیں' جن کی تفصیل ان کی کتاب "پس دیوار زنداں" میں موجود ہے۔ ذہنی اور قلبی طور پر وہ آخر تک اسلاف دیو بند کے شیدائی رہے اور اس کے اظہار میں نہ صرف انہوں نے کبھی تامل نہیں کیا' بلکہ اس کی خاطر انہوں نے بہت سے رنگ کے مول لئے۔ انسان سے غلطیاں بھی سرزد ہو جاتی ہے چنانچہ ان سے بھی سرزد ہوئیں۔ لیکن بحیثیت مجموعی وہ دین کے خادم اور حق و صداقت کے سپاہی تھے۔ پچھلے دنوں جب راقم الحروف کے بڑے بھائی مولانا زکی کیفی مرحوم کا وصال ہوا تو وہ تعزیت کے لئے حضرت والد صاحب مدظلہم کے پاس تشریف لائے تھے اور دیر تک گفتگو کرتے رہے۔ یہ ان سے آخری ملاقات تھی۔ اس حادثہ میں دارالعلوم اور ادارہ البلاغ مرحوم کے اہل خاندان کے غم میں شریک ہے' اور دل سے دعا کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

البلاغ جلد ۹ شمارہ ۱۱۔ ۱۲

# مولانا انوار الحسن شیر کوٹی ؒ

ایک اور المناک حادثہ 'جس کی اطلاع البلاغ میں کافی تاخیر سے دی جا رہی ہے 'مولانا انوار الحسن شیر کوٹی رحمتہ اللہ علیہ کی وفات کا حادثہ ہے۔ علمی حلقوں میں مولانا مرحوم کا نام محتاج تعارف نہیں' وہ خود دارالعلوم دیوبند کے فیض یافتہ تھے' اور اکابر دیوبند کے عاشق زار۔ وہ لائل پور کے ایک کالج میں استاذ تھے' لیکن نجی طور سے ہمہ وقت تصنیف و تالیف میں مشغول رہتے تھے۔ علماء دیوبند کی سوانح حیات ان کا خاص موضوع تھا' اور انہوں نے متعدد علمائے دیوبند کی سوانح بڑی عرق ریزی اور جانفشانی سے مرتب فرمائی ہیں۔ جن میں سے "حیات امداد" "سیرت یعقوب و مملوک" "اور "انوار قاسمی" شائع ہو چکی ہیں اور "حیات ذوالفقار" زیر طبع ہے۔ خاص طور سے شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی رحمتہ اللہ علیہ سے انہیں عشق تھا' اور ان پر انہوں نے تین ضخیم کتابیں لکھی ہیں "تجلیات عثمانی" علامہ عثمانی ؒ کے معاصر علماء کا مفصل تذکرہ ہے' انوار عثمانی ان کے خطبات و مکاتیب کا مجموعہ ہے' اور یہ دونوں کتابیں شائع ہو چکی ہیں' ایک تیسری کتاب انہوں نے "حیات عثمانی" کے نام سے لکھی تھی جو ابھی مسودے کی شکل میں ہے' اور اس میں انہوں نے علامہ عثمانی ؒ کی مفصل سوانح قلم بند کی ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی رحمتہ اللہ علیہ کے علمی مکاتیب کا مجموعہ "قاسم العلوم" اپنے اردو ترجمہ اور تشریحات کے ساتھ شائع کر کے بڑی گراں قدر خدمت انجام دی ہیں۔

ابھی شعبان ۹۶ھ میں راقم الحروف کا لائل پور جانا ہوا تو انہوں نے بڑی محبت سے "حیات عثمانی ؒ" کا مسودہ دکھایا۔ ان کی خواہش تھی کہ یہ کتاب مکتبہ دارالعلوم سے شائع ہو' اور احقر نے اس کا وعدہ بھی کر لیا تھا' اس کے علاوہ وہ اس وقت مقدمہ فتح الملہم کا اردو ترجمہ بھی کر رہے تھے 'معلوم نہیں کہ وہ کتنا ہو سکا؟ علماء دیوبند کے حالات پر وہ معلومات کا خزانہ تھے اور انہوں نے اس سلسلے میں بڑا نادر مواد جمع کر رکھا تھا اس کے باوجود وہ بڑے متواضع' منکسر المزاج' خلیق' ملنسار اور نرم خو تھے۔ ان سے آخری ملاقات شعبان میں ان

کی قیام گاہ پر ہوئی، وہ لاہور تک میرے ساتھ شریک سفر ہونا چاہتے تھے مگر بروقت اسٹیشن نہ پہنچ سکے، اس کے بعد ۹ شوال ۹۶ھ کو (یعنی حضرت والد ماجد کی وفات سے ایک روز پہلے) وہ اچانک بیمار ہوئے اور آناً فاناً زندگی کے سارے مراحل طے کر کے مالک حقیقی سے جا ملے انا للہ وانا الیہ راجعون اللہ تعالیٰ انہیں جوار رحمت میں مقامات عالیہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے آمین۔

البلاغ جلد ۱۱ شمارہ ۲

# والد محترم حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ
# مفتی اعظم پاکستان

اپنی زندگی میں احقر کو کوئی مضمون اور کوئی تحریر کبھی اتنی صبر آزما معلوم نہیں ہوئی جتنا صبر آزما آج کا اداریہ ہے۔ کوئی پیچیدہ سے پیچیدہ بات لکھنے میں اتنی دشواری پیش نہیں آئی جتنی دشواری بظاہر صاف اور سیدھی سی حقیقت بیان کرنے میں محسوس ہو رہی ہے کہ میرے والد ماجد' میرے استاد و معلم' میرے شیخ و مربیّ' میرے ہادی و رہنما' میرے مرشد و آقا اور میرے غم خوار و غمگسار' حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب (رحمتہ اللہ علیہ) آخرت کے سفر پر روانہ ہو گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

زندگی میں کبھی کسی واقعے یا حقیقت کے تسلیم کرنے سے کلیجہ اس بری طرح نہیں ٹوٹا جس طرح اس حقیقت کو تسلیم کرتے ہوئے ٹوٹ رہا ہے کہ جس منور چہرے کا دیدار غم و تشویش کا مداوا تھا' اب زندگی بھر کیلئے روپوش ہو چکا ہے۔ جس مقدس آواز کو سنکر ہر مشکل آسان معلوم ہوتی تھی' اب جیتے جی سنائی نہیں دے گی۔ جس مبارک وجود کی ڈھارس پر ہم وقت کے ہر طوفان سے لڑ سکتے تھے' اس کا سایہ سر سے اٹھ چکا ہے' اور زندگی اب تک جس ذات کے گرد گھوم رہی تھی' اب وہ جلوہ افروز نہیں رہی۔ علم و فضل کی وہ محفل اجڑ گئی۔ اصلاح و ارشاد کی وہ مسند ویران ہو گئی۔ تفقہ اور تدین کا وہ آفتاب روپوش ہو گیا' اصابت رائے اور دینی بصیرت کا وہ سرچشمہ چھن گیا۔

اب تک جو ذاتی' اجتماعی اور علمی الجھنیں ایک "اباجی" کا محبوب ترین خطاب استعمال کر کے سلجھ جاتی تھیں' انہیں اب کون سلجھائے گا وہ اعتدال و توازن اور رعایت حقوق اب کہاں میسر ہو گی جس سے اب تک زندگی کا لمحہ لمحہ فیضیاب تھا۔ یارب یہ کیسا انقلاب ہے؟ یہ کیسی آزمائش ہے؟ یہ کیسا صدمہ ہے؟ خدایا! تو ہی اس صدمے پر صبر دیگا' تیرے سوا کوئی نہیں جو دستگیری کر سکے۔ اَللّٰهُمَّ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَاَ اِلَّا اِلَيْكَ۔

لوگ اپنے بڑوں کے نام کے ساتھ طرح طرح کی دعائیں لکھا کرتے ہیں' کوئی "دامت

برکاتہم" لکھتا ہے کوئی "دامت فیوضہ" کوئی "زید مجدہم" لیکن میں جب بھی اپنے والد ماجد کا اسم گرامی لکھتا تو ان میں سے کوئی دعا مجھے اپنے مقصود و مدعا پر صریح نہ معلوم ہوتی' اس لئے میں نے حضرت والد صاحبؒ کے لئے پوری طرح سوچ کر بلکہ ان تمام جملوں کے بجائے "مدظلہم" کی دعا اختیار کی تھی' چنانچہ میں ہمیشہ ان کے اسم گرامی کے ساتھ یہی جملہ لکھا کرتا تھا۔ اور اگرچہ قلم کو اس جملے کی عادت سی پڑ گئی تھی' لیکن مجھے یاد نہیں کہ میں نے ان کے لئے یہ دعا کبھی محض عادۃً لکھ دی ہو' اور اس کے معنی کی طرف دھیان نہ گیا ہو' بلکہ جب کبھی میں یہ جملہ لکھتا' یہ دل کی گہرائیوں کی آواز ہوتی۔ میں اور کوئی لفظ بے خیالی میں لکھ سکتا تھا' مگر یہ جملہ شاید کبھی بے خیالی کے عالم میں قلم سے نہیں نکلا۔ حد یہ ہے کہ کسی تحریر میں اگر بار بار حضرت والد صاحبؒ کا نام لکھنا ہوتا تو میں ہر بار پورے اہتمام کے ساتھ یہ جملہ لکھا کرتا تھا' یہاں تک کہ یہ دعا ان کے نام کے ساتھ لازم و ملزوم سی ہوگئی تھی۔

آج اسی ذات کے نام سے "مدظلہم" کا یہ جملہ ہمیشہ کے لئے چھوٹ رہا ہے' آج اس جملے کے بجائے ان کے نام کے ساتھ "رحمۃ اللہ علیہ" لکھتے ہوئے جو کچھ دل پر بیت رہی ہے' زبان و قلم میں طاقت کہاں سے لاؤں جو اس کیفیت کا ہزارواں حصہ بھی کاغذ پر منتقل کرنے کی صلاحیت رکھتی ہو۔

اپنی زندگی کے اس سب سے بڑے حادثے پر ـــــ جس کے بعد سے زندگی شب و روز کے ایک کرب انگیز تسلسل کا دوسرا نام ہے ـــــ کیا لکھوں؟ کس طرح لکھوں؟ کس کے لئے لکھوں؟ اپنے تاثرات کے اظہار کے لئے الفاظ ڈھونڈتا ہوں تو اپنی حالت اس بچے سے مختلف معلوم نہیں ہوتی جس کی امنگوں کی ساری کائنات لٹ چکی ہو' اس کے دل میں فریاد و فغاں کے طوفان برپا ہوں' لیکن اسے ایک لفظ بولنا نہ آتا ہو۔ فرق یہ ہے کہ وہ بچہ جی کھول کے رو لیتا ہے تو اسے الفاظ کی حاجت نہیں رہتی' اور یہاں آنکھوں کا عالم یہ ہے کہ وہ آنسوؤں کو ترس ترس کر پتھر ہو چکی ہیں' کسی کو اپنے مقدس والد ماجدؒ کی وفات پر اشک ریز دیکھتا ہوں تو پتھرائی ہوئی نگاہیں اس پر رشک کرتی ہیں کہ۔

شبنم! تجھے اجازتِ اظہارِ غم تو ہے
تو خوش نصیب ہے کہ تری آنکھ نم تو ہے

اب جو کچھ بیت رہی ہے اسے جھیلنے کے لئے صرف دل ہے' جو نہ جانے کس طرح دھڑک رہا ہے' اور خدا جانے کب تک دھڑکتا رہے گا؟

بات صرف ایک باپ کا سایہ سر سے اٹھ جانے کی نہیں ہے' اگر بات صرف اتنی ہوتی تو یہ صدمہ ایسا گمبھیر نہ ہوتا' دنیا میں کسی باپ کا سایہ ہمیشہ باقی نہیں رہتا اور بہت کم خوش نصیب ایسے ہوتے ہیں جنہیں یتیمی سے سابقہ نہ پڑتا ہو۔ لیکن یہاں معاملہ ایسا ہے کہ ان کے سفرِ آخرت سے نہ جانے کتنے سائے اس غمزدہ سر سے اٹھ گئے ہیں' باپ کا سایہ' استاد کا سایہ' شیخ و مربی کا سایہ' ہادی و رہنما کا سایہ اور ایک ایسے غم خوار و غم گسار کا سایہ جس کے اٹھنے کے بعد زندگی میں پہلی بار یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ غم اور صدمہ کسے کہتے ہیں؟ ورنہ سخت سے سخت صدمہ اور بڑی سے بڑی فکر ان کے قدموں میں پہنچ کر بے نشان ہو جاتی تھی' اور ان کی پائنتی بیٹھ کر ایسا محسوس ہوتا تھا جیسے اس کائنات میں ہمارے لئے محبت و شفقت کے سوا کچھ نہیں۔

اب بھی جب صدمہ ناقابل برداشت ہونے لگتا ہے تو پاؤں بے ساختہ ان کے کمرے کی طرف اٹھ جاتے ہیں' وہاں ان کی چارپائی اسی طرح بچھی ہے۔ جس پر لیٹ بیٹھ کر انہوں نے اپنی عمر کے آخری چار سالوں میں گوناگوں امراض و آزار کے عین درمیان نہ جانے کتنے بے شمار دلوں کے لئے شفا کا سامان کیا' کتنے تشنگانِ علم و معرفت کی پیاس بجھائی' کتنے ٹوٹے دلوں کو دلاسے دیئے۔ ان کے لبوں سے نکلی ہوئی ان گنت دعاؤں اور بے شمار اذکار و تسبیحات کی مہک آج بھی اس کمرے میں بسی ہوئی ہے۔ اسی چارپائی کے سامنے بچھے ہوئے تخت پر ان کے سجدوں کے انوار آج بھی جگمگا رہے ہیں۔ دیوار پر وہ گھنٹہ اب بھی نصب ہے جس پر ہر دس پندرہ منٹ بعد ان کی نگاہیں پڑتیں' اور وقت کی قدر پہچاننے کا عملی سبق دیتی تھیں۔ چارپائی کے سامنے وہ کرسیاں اسی طرح رکھی ہیں جن پر وزیر امیر سے لیکر چپراسی اور مزدور تک یکساں حیثیت میں بیٹھتے اور اس مرد درویش کے جاہ و جلال سے یکساں طور پر مرعوب ہو کر رہتے تھے جس کے کپڑوں میں بعض اوقات ایک سے زائد پیوند ہوا کرتے تھے۔

غرض اس کمرے کی بیشتر چیزیں آج بھی اسی طرح موجود ہیں لیکن اگر نہیں ہے تو وہ

شخصیت جس نے اس کمرے اور اس کی ہر چیز کو دلکشی عطا کر کے اسے ہمارے لئے سامان قرار بنا دیا تھا' اپنی مختصری زندگی میں .بفضلہٖ تعالیٰ دنیا کے بڑے بڑے علماء وصلحاء اور عابد وزاہد شخصیتوں کی زیارت کا شرف حاصل ہوا اور "ہر گلے را رنگ وبوئے دیگراست" کے مصداق بلندیٔ کردار کی مختلف مثالیں سامنے آئیں۔ اللہ تعالیٰ نے ہر ایک کو جدا خصوصیات کا حامل بنایا ہے اور ان میں سے خوانخواستہ کسی کی ناقدری یا تنقیص نہیں کی جا سکتی لیکن اپنے اس تاثر کو چھپانا میں خلاف دیانت سمجھتا ہوں کہ کردار و عمل کی جو بعض خصوصیات اپنے مقدس والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی میں درخشاں دیکھیں وہ ایسی بے نظیر اور بے مثال تھیں کہ صرف نسبی تعلق کی محبت نہیں بلکہ علم اور بزرگی کی عقیدت بھی روئے زمین پر ان کے برابر کسی سے نہ ہو سکی۔

یہ ناکارہ اللہ تعالیٰ کی اس نعمت پر جتنا شکر ادا کرے کم ہے کہ اس نے احقر کو عمر کے چونتیس سال حضرت موصوف رحمۃ اللہ علیہ کے قدموں میں رہنے کی سعادت عطا فرمائی۔ اس طویل عرصے میں یوں تو بحمد اللہ ہم سب بھائیوں کو ان کے قریب رہنے کی سعادت حاصل رہی لیکن خاص طور پر حضرت مولانا محمد رفیع صاحب اور احقر کو جدائی کی نوبت بہت کم آئی۔ کیونکہ ہم دونوں حضرتؒ ہی کے ساتھ ایک مکان میں رہتے تھے' اکثر وبیشتر سفر میں بھی معیت نصیب ہو جاتی تھی۔ زیادہ سے زیادہ دو مرتبہ دو دو ماہ کے لئے مفارقت ہوئی۔ ایک مرتبہ ۶۳ء میں احقر کے سفر عمرہ کے وقت اور دوسری بار ۶۵ء میں حضرت موصوفؒ کے سفر افریقہ کے وقت کہ اس سفر میں محترم حضرت مولانا محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہم ان کے ساتھ تھے۔ ان دو مواقع کے علاوہ کبھی دو ماہ کی جدائی سے زیادہ سابقہ نہیں پڑا' اور ان دونوں مواقع پر بھی میں ہی جانتا ہوں کہ اس مفارقت کو کس طرح برداشت کیا ہے۔

اور آخری پانچ سال میں تو شب و روز کے بیشتر اوقات حضرت علیہ الرحمۃ کے قدموں ہی میں گزرتے تھے۔ ان کی علالت کی بنا پر احقر نے اپنا متفرق جگہوں کا سارا کام سمیٹ کر اپنا دفتر ان کی پائنتی سے متصل ایک چھوٹے سے کمرے میں بنا لیا تھا' جہاں ہر وقت ان کی زیارت سے مشرف ہونے کے علاوہ ان کی طبیعت کے ہر اتار چڑھاؤ سے باخبر رہ سکوں' چنانچہ میں اپنا سارا کام ان کے سامنے انجام دیتا اور جہاں کوئی الجھن پیش آتی' فوراً ان سے رجوع کرتا اور وہ کافور ہو جاتی۔ وہ بھی اپنے تقریباً ہر کام سے اجمالاً یا تفصیلاً احقر کو مطلع

فرماتے رہتے تھے۔ یہ حضوری کی عادت اس قدر راسخ ہو گئی تھی کہ جمعہ کے روز چند گھنٹوں کے لئے شہر جانا بھی بھاری معلوم ہوتا تھا اور ہم دونوں بھائی کسی دوسری جگہ کے سفر سے تو حتی الامکان پرہیز ہی کرتے تھے۔ بعض مرتبہ احباب اور کرم فرما اس پر برا بھی مناتے' لیکن شدید مجبوری کے بغیر ہم سفر نہیں کرتے تھے' اور اگر چند روز کا سفر پیش آ بھی گیا تو روزانہ فون پر بات کئے بغیر چین نہ آتا تھا اور جلد از جلد واپسی کی فکر رہتی تھی۔

ابھی پچھلے شعبان کی بات ہے کہ میں ایک بزرگ کے شدید اصرار پر ایک ہفتے کے لئے لائل پور اور لاہور کے سفر پر چلا گیا لیکن ادھر تو میرا عالم یہ تھا کہ دل و دماغ ہر وقت حضرت والد صاحب رحمتہ اللہ علیہ کی طرف لگا رہتا تھا' ادھر جب میں واپس آیا تو حضرتؒ نے اس ناکارہ سے فرمایا کہ اس مرتبہ بطور خاص تمہاری طرف بہت دھیان لگا رہا اور اسی حالت میں قرآن کریم کی ایک آیت کا مطلب سمجھ میں آیا' میں سورہ یوسف کی تلاوت کر رہا تھا کہ یہ آیت آئی :

" اِنِّیْ لَیَحْزُنُنِیْٓ اَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ وَاَخَافُ اَنْ یَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ "

"مجھے یہ بات رنجیدہ کرے گی کہ تم اس (یوسفؑ) کو (میرے پاس سے) لے جاؤ' اور مجھے اندیشہ ہے کہ اسے بھیڑیا نہ کھا جائے۔"

فرمایا کہ یہاں ذہن اس طرف منتقل ہوا کہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے دو چیزوں کا ذکر الگ الگ فرمایا ہے۔ ایک جدائی کا رنج' دوسرے بھیڑیئے کے کھا جانے کا اندیشہ۔ ان کو حضرت یوسف علیہ السلام کے جدا کرنے میں صرف بھیڑیئے کا خوف نہ تھا بلکہ ایک مستقل رنج یہ تھا کہ اتنی دیر کے لئے وہ جدا ہو جائیں گے۔ معلوم ہوا کہ جس سے انسان کو محبت ہو' اس کا محض نظروں سے دور ہو جانا مستقل باعث رنج ہے' خواہ کوئی اور اندیشہ نہ ہو۔

غرض بات دور نکل گئی' عرض یہ کر رہا تھا کہ اگرچہ اپنی نااہلی اور نالائقی کی بنا پر یہ ناکارہ حضرتؒ سے حاصل کچھ نہ کر سکا جس کی حسرت آج دل کا مستقل داغ بنی ہوئی ہے' لیکن اس نعمت پر اللہ تعالیٰ کا جتنا شکریہ ادا کروں کم ہے کہ بفضلہ تعالیٰ ان کے اتنے قریب رہنے کی سعادت اللہ تعالیٰ نے عطا فرمائی کم از کم آخری دور میں ہمہ وقت ان کے اتنا قریب شاید کوئی اور نہیں رہا۔

اتنے قرب کی حالت میں عموماً یہ ہوتا ہے کہ محبت خواہ کتنی بڑھ جائے' لیکن عقیدت

بعض اوقات اتنی نہیں رہتی جتنی دور دور سے کسی بزرگ کو دیکھ کر ہوتی ہے۔ کیونکہ قرب کی وجہ سے زندگی کا ہر گوشہ سامنے آتا ہے اور یہ ہم جیسے کی طبعی خصلت ہے کہ وہ خود بے علمی کے جس تحت الثریٰ میں ہوں، کسی بزرگ کی کوئی کمزوری سامنے آئے تو اس کی عقیدت میں کمی ضرور واقع ہو جاتی ہے۔

لیکن حضرت والد ماجد علیہ الرحمتہ کا معاملہ اس کے بالکل برعکس یہ تھا کہ ان سے جتنا جتنا قرب بڑھتا گیا، اسی نسبت سے ان کی عقیدت میں اضافہ ہوتا چلا گیا۔ شروع شروع میں ان سے بس ایسی ہی محبت تھی جیسی ایک بیٹے کو باپ سے ہونی چاہئے، لیکن جوں جوں ذرا ہوش آیا اور کارزارِ حیات میں ان کے بے مثال طرزِ فکر اور حیرت انگیز طرزِ عمل پر غور کرنے کی توفیق ہوئی، اسی نسبت سے محبت کے ساتھ ساتھ عقیدت بڑھتی ہی چلی گئی۔ جب بھی کبھی نجی یا اجتماعی زندگی کا کوئی واقعہ پیش آتا، ان کے ایک نئے کمال کا انکشاف ہوتا اور آخر میں تو عقل اور اندازوں نے ہار مان لی تھی کہ ہم جیسے لوگ اس مقام کا ادراک کر ہی نہیں سکتے جہاں سے وہ سوچتے اور عمل کرتے ہیں۔

لہٰذا آج جس قدر صدمہ ایک شفیق ترین باپ کا سایہ سر سے اٹھ جانے کا ہے، اتنا ہی بلکہ اس سے بھی زائد صدمہ اس بات کا ہے کہ دنیا ایک ایسی ہستی سے محروم ہو گئی جس نے اسلاف کے کتابی واقعات کا جیتی جاگتی زندگی میں اپنے عمل سے مشاہدہ کرایا تھا۔ ان کا وجود ـــــ اور صرف وجود بھی ـــــ نہ جانے کتنے فتنوں کے لئے آڑ بنا ہوا تھا، اور نہ جانے کتنے سہمے ہوئے دلوں کو سہارا دے رہا تھا۔

البلاغ کے بہت سے قارئین نے جہاں احقر کو تعزیت کے ہمدردانہ پیغامات بھیجے ہیں، وہاں یہ بھی لکھا ہے کہ ہم حضرت علیہ الرحمتہ کے بارے میں تمہاری تحریر کے منتظر ہیں۔ میں ان حضرات کی محبت و شفقت کا ممنون ہوں لیکن انہیں یہ کیسے بتاؤں کہ جس شخص کی تحریروں کی وہ ہمیشہ حوصلہ افزائی کرتے رہے ہیں آج اس موضوع پر اس کا قلم ٹوٹ چکا ہے۔

"سانس لینا مجھے مشکل ہے فغاں کیسے ہو"

اب تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ باقی ماندہ زندگی حضرت والد ماجد رحمتہ اللہ علیہ کی

ملاقات کے انتظار سے عبارت ہے اگر یہ انتظار کچھ طویل ہوا' اللہ نے دل کو قرار عطا فرمایا اور حوادث روزگار سے فرصت ملی تو انشاء اللہ حضرت رحمتہ اللہ علیہ کی مفصل سوانح اپنی بساط کے مطابق مرتب کرنے کی کوشش کروں گا لیکن بحالات موجودہ اس موضوع پر لکھنا احقر کے لئے ایک ناقابل برداشت آزمائش ہے۔

الحمد اللہ! یہ حقیقت ہر آن مستحضر ہے کہ اللہ تبارک تعالیٰ کا کوئی فعل حکمت سے خالی نہیں۔ دنیا کے اس مسافر خانے میں کبھی کوئی ہمیشہ رہنے کے لئے نہیں آتا۔ ساری غلطی یہاں سے لگتی ہے کہ ہم اس راہ گذر کو منزل سمجھ بیٹھتے ہیں اور یہاں کے تعلقات اور حاصل شدہ راحتوں کو اپنا دائمی حق قرار دے لیتے ہیں۔ حضرت والد ماجد رحمتہ اللہ علیہ چند سالوں سے قرآن کریم کی یہ آیت نہایت کثرت سے اور شاید روزانہ کئی کئی بار پڑھا کرتے تھے کہ

مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ

تمہارے پاس جو کچھ ہے فنا ہو جائیگا اور اللہ کے پاس جو کچھ ہے وہ باقی رہنے والا ہے۔

اور یہی وہ قرآنی حقیقت ہے جس سے غفلت کے نتیجے میں یہاں کی تکالیف پہاڑ معلوم ہوتی ہیں' اور صدمے ناقابل برداشت ہونے لگتے ہیں۔

جب پونے دو سال پہلے احقر کے برادر مرحوم مولانا محمد زکی صاحب کی وفات ہوئی' اس وقت حضرت والد ماجد رحمتہ اللہ علیہ نے جیسا پیکر صبر و استقامت بن کر دکھایا اس کی مثال ملنی مشکل ہے۔ اسی موقع پر حضرتؒ نے بار بار یہ حکیمانہ بات فرمائی تھی کہ انسان حادثات کے موقع پر دنیا کے واقعات کو الٹا پڑھتا ہے' اور اس کے نتیجے میں بے صبری کا مظاہرہ کرتا ہے۔ مثلاً وہ یہاں سے سوچنا شروع کرتا ہے کہ اس حادثے میں سے میرا کیا کیا نقصان ہو گیا؟ اور یہ حادثہ ابھی پیش نہ آتا تو کیا تھا؟ حالانکہ وہ واقعات کو سیدھا پڑھے تو اس کی سمجھ میں آئے کہ یہ حادثہ تو کسی نہ کسی وقت پیش آنا تقدیر میں لکھا تھا لیکن اللہ تعالیٰ نے یہ حادثہ ہمیں کتنا نرم کر کے دکھایا اور اس کے لئے کیا کیا اسباب جمع فرمائے؟ اگر انسان ان باتوں کو سوچے تو اسے صبر و سکون آئے۔

آج جب حضرت والد ماجد رحمتہ اللہ علیہ کے کھولے ہوئے اس راستے پر ذہن سوچتا ہے تو بے ساختہ اللہ تبارک تعالیٰ کا شکر زبان پر آتا ہے' اور احساس ہوتا ہے کہ جس واقعے کو ہم صبر کا موقع سمجھ رہے ہیں' وہ در حقیقت شکر کا موقع ہے۔

اس حقیقت سے کون انکار کرسکتا ہے کہ حضرت والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کا یہ سانحہ کبھی نہ کبھی پیش آنا ہی تھا۔ حضرات انبیاء علیہم السلام سے زیادہ دنیا کو کس کی ضرورت ہوسکتی ہے؟ جب وہ حضرات وفات سے مستثنیٰ نہ ہوسکے تو کون ہے جسے اس سے مستثنیٰ سمجھ لیا جائے؟ للٰذا یہ وقت تو آنا ہی تھا۔ لیکن اللہ تبارک وتعالیٰ نے اس حادثے کو ہمارے لئے ہلکا کرنے کے لئے کتنے تسلی کے سامان جمع فرمائے؟

کتنے لوگ ہیں جن کے باپ بچپن ہی میں سر سے اٹھ جاتے ہیں' لیکن اللہ تعالیٰ نے حضرت رحمۃ اللہ کو اس وقت اس دنیا سے اٹھایا جب کہ ان کی اولاد کا سب سے کمسن فرد یعنی احقر عمر کے چونتیس سال پورے کرچکا تھا اور آہ! ابھی انتقال سے صرف پانچ دن پہلے کی تو بات ہے' ۵ شوال کا دن گزر چکا تھا اور ہم عشاء کے بعد حضرتؒ کے کمرے میں جمع تھے' اچانک مجھے خیال آیا کہ آج ۵ شوال تھی اور یہ میرا یوم پیدائش ہے' اس لئے بیساختہ میرے منہ سے نکل گیا' "اباجی آج میری سالگرہ ہے۔" حضرتؒ کے چہرۂ انور پر محبت ہی محبت چھاگئی اور انتہائی دلآویز تبسم کے ساتھ پوچھا :

"اچھا؟ ماشاء اللہ! اب تمہاری عمر کتنی ہوگئی؟"

"چونتیس سال پورے ہوگئے۔" میں نے عرض کیا۔

اس پر ایک لمحہ توقف کے بعد فرمایا "الحمدللہ! اللہ تعالیٰ نے تھوڑی سی عمر میں بہت سے مراحل سے گزار دیا۔"

پھر کتنے مصنفین ہیں جو اپنا کوئی خاص شروع کیا ہوا کام ادھورا چھوڑ گئے' لیکن حضرت والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ کے تقریباً سارے ہی کام اللہ تعالیٰ نے پورے کرادیئے۔ ان کی کوئی تصنیف جسے مکمل کرنے کا ارادہ ہو' نامکمل نہیں رہی بلکہ کوئی تصنیف ایسی نہیں رہی جو ان کی زندگی ہی میں شائع نہ ہوگئی ہو۔

پھر اگر ان کی وفات کا حادثہ بالکل یک بارگی پیش آتا تو خدا جانے ہماری حالت کیا ہوتی؟ لیکن گزشتہ چار سال میں قدرتی طور سے ان پر امراض وعوارض کا ایسا سلسلہ چل رہا تھا کہ ہر شخص کو ہر وقت دھڑکا لگا ہوا تھا۔ ہر روز بیم ورجا کی کیفیت رہتی تھی' اس عرصے میں ان کا گھر سے باہر نکلنا تقریباً ختم ہوچکا تھا اور بہت سی ذمہ داریاں ہمیں انجام دینے کی عادت پڑنے لگی تھی۔

غرض یہ تو صرف چند پہلو ہیں' اللہ تعالیٰ نے اس حادثے کو نرم کرنے کے لئے ایسے غیر معمولی اسباب ہمارے لئے پیدا فرمائے کہ ان پر اللہ تعالیٰ کا جتنا شکر ادا کیا جائے کم ہے۔

یہ تمام حقائق اپنی جگہ ہیں' اور بلاشبہ ان پر غور کرنے سے بڑا سکون بھی ملتا ہے' لیکن جس پیکر شفقت و رحمت کی آغوش میں عمر کے چونتیس سال اس طرح گزرے ہیں کہ دنیا کے مکروہات کا کبھی احساس نہیں ہوا' اس کی یاد ایسی چیز نہیں ہے جسے آسانی سے کم کیا جاسکے۔ اس یاد کی ٹیسیں ختم کرنا میرے بس کی بات نہیں۔ گھر کی ہر ہر چیز اور دارالعلوم کے ایک ایک کام سے ان کی سینکڑوں یادیں وابستہ ہیں' اور ہر قدم پر نہ جانے کتنے نشتر دل میں چبھوتی رہتی ہیں' گھبرا کر قرآن مجید کی تلاوت شروع کرتا ہوں تو اس میں بھی کسی نہ کسی آیت کے بارے میں ان کی بتائی ہوئی کوئی بات یاد آتی ہے' لہٰذا یادوں کی اس کائنات سے کہاں اور کس طرح بھاگ سکتا ہوں؟

اس عالم اضطراب میں حضرت والد ماجد رحمتہ اللہ علیہ کی سوانح سے متعلق کوئی باربط اور معتدل تحریر احقر کے بس کی بات نہیں' اداریئے میں حضرت کے آخری ایام کے کچھ حالات لکھنے کا خیال تھا' لیکن دماغ شل اور قلم کند رہا۔ اور اللہ تعالیٰ احقر کے بڑے بھائی جناب محمد ولی رازی صاحب کو جزائے خیر دے کہ انہوں نے اس موضوع پر ایک مفصل مضمون سپرد قلم کردیا جو شامل اشاعت ہے۔

اب میں قارئین سے معذرت کے ساتھ رخصت ہوتا ہوں' اور اس بات کے لئے بھی معذرت خواہ ہوں کہ کئی صفحات کے اس اداریئے میں اپنے جذبات کے لئے بے ربط اظہار کے سوا کوئی کام کی بات ان کی خدمت میں پیش نہیں کرسکا۔

ہاں! ایک ضروری بات یاد آگئی۔ رمضان المبارک میں حضرت والد ماجد رحمتہ اللہ علیہ پر پے درپے دل کی تکلیف کے حملے ہوتے رہے اور طبیعت بہت خراب رہی' عید کے بعد جب کیفیت بہتر ہوئی تو ایک روز فرمانے لگے :

"رمضان میں جب میری طبیعت زیادہ خراب تھی تو یہ امید تھی کہ شاید اللہ تعالیٰ مجھے رمضان نصیب فرمادے۔ یہ فرما کر وہ کچھ رکے' اور میں سوچنے لگا کہ وہ رمضان کی موت کی آرزو کا ذکر کرنا چاہتے ہیں مگر معاً یہ محسوس ہوا کہ وہ جو کچھ اور کہنا چاہتے ہیں' اور تردد ہو رہا ہے کہ یہ بات کہوں یا ........ نہ کہوں! پھر ذرا سے توقف کے بعد رک رک کر فرمایا :

"لیکن میرا حال بھی عجیب ہے' لوگ تو رمضان میں مرنے کی تمنا کرتے ہیں' لیکن میں تمنا نہ کرسکا' اس لئے کہ مجھے یہ خیال لگا رہا کہ اگر رمضان میں یہ واقعہ ہوا تو اوپر والوں (گھر والوں اور تعزیت کرنے والوں) کو بڑی تکلیف ہوگی اور ان کے روزوں اور تراویح وغیرہ کے معمولات میں دشواری پیش آئے گی۔"

اللہ اکبر! میں اپنے کانوں سے یہ الفاظ سن رہا تھا' اور اس ایثار مجسّم کو تک رہا تھا جس کی پرواز فکر ہمارے تصور کی ہر منزل سے آگے تھی۔ عبادت و زہد کے شیدائی بحمد اللہ آج بھی کم نہیں لیکن بستر مرگ پر ان رعایتوں کا پاس کرنیوالے اب کہاں ملیں گے؟

ان کا یہ بے ساختہ جملہ ان کی پوری زندگی کے طرز فکر کی تصویر ہے' وہ خود اکثر یہ شعر پڑھا کرتے تھے۔

تمام عمر اسی احتیاط میں گزری
کہ آشیاں کسی شاخِ چمن پہ بار نہ ہو

آخر میں قارئین سے اس دعا کا خواہشگار ہوں کہ اللہ تعالیٰ زندگی کے اس سب سے بڑے حادثے پر صبر جمیل کی توفیق بخشے' قلب کو سکون و قرار نصیب ہو اور باقی ماندہ زندگی ـــــ جس کا ایک ایک لمحہ پہاڑ معلوم ہو رہا ہے' حضرت والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ کے نقش قدم کے مطابق اپنی مرضیات میں صرف کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ ایسے صدمے کے ساتھ ذمہ داریوں کا جو بارگراں برادر بزرگ جناب مولانا محمد رفیع عثمانی مدظلہم اور اس ناکارہ کے ان ناتواں کندھوں پر آپڑا ہے اس کے بعد اندازہ ہوتا ہے کہ اس مختصر سے وجود نے ـــــ جو چار سال سے بظاہر اپنے جسم کا بوجھ بھی نہیں اٹھا سکتا تھا ـــــ کتنے بڑے پہاڑ اٹھا رکھے تھے! لہٰذا قارئین براہ کرم یہ دعا بھی فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں ان ذمہ داریوں سے صدق و اخلاص کے ساتھ اپنی رضا کے مطابق عہدہ برآ ہونے کی توفیق کامل مرحمت فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

دارالعلوم اور البلاغ کے سر سے ایک ایسا عظیم سایہ اٹھ گیا جس سے ان کی ساری دلکشی قائم تھی۔ اب وہ دلکشی تو کہاں سے آئے گی؟ لیکن ان کا مشن بحمد اللہ زندہ ہے ان کی

تعلیمات وہدایت آج بھی ہمارے لئے مشعلِ راہ ہیں۔ دارالعلوم اور البلاغ کے خدام اپنی پوری فرومائیگی اور عاجزی کے باوجود یہ عہد کرتے ہیں کہ جب تک دارالعلوم اور البلاغ زندہ ہیں، وہ انشاء اللہ ان کے مشن ان کے طرزِ فکر اور ان کی قائم کی ہوئی راہِ اعتدال کو اپنی بساط کے مطابق زندہ اور سربلند رکھنے کی پوری کوشش کریں گے۔ دعا فرمایئے کہ اللہ تعالیٰ انہیں اس کی ہمت، توفیق اور اس کا حوصلہ عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

البلاغ جلد ۱۰ شمارہ ۱۱-۱۲

# حضرت مولانا اطہر علی صاحبؒ

یہ قدرت کا عجیب وغریب نظام ہے کہ جس رات حضرت والد ماجد رحمتہ اللہ علیہ کا وصال ہوا' اسی رات چند گھنٹے پہلے ان کے عظیم رفیق حضرت مولانا اطہر علی صاحب رحمتہ اللہ علیہ میمن سنگھ میں واصل بحق ہوئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

حضرت والد ماجد رحمتہ اللہ علیہ کی طرح وہ بھی کسی ایک ملک یا خاندان کی نہیں' پوری امت مسلمہ کی گرانقدر متاع تھے' اور ان کی وفات کے صدمے نے امت مسلمہ کے لئے حضرت والد ماجد رحمتہ اللہ علیہ کے حادثۂ وفات کا صدمہ دوچند کردیا ہے۔ ہمارے پاس اس حادثے پر بھی اظہار غم کے لئے الفاظ نہیں ہیں۔ حکیم الامتؒ کے دو عظیم خلفاء کا بیک وقت دنیا سے اٹھ جانا ایک سانحہ عظیم ہے' اللہ تعالیٰ اس امت کو شرور و فتن سے محفوظ رکھے' حالات انتہائی پرخطر نظر آتے ہیں اور بے ساختہ زبان پر یہ کلمات جاری ہے اللّٰھم لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا اِلَّا اِلَیْکَ۔

البلاغ جلد ۱۰ شمارہ ۱۱۔۱۲

# مولانا محمد احمد تھانویؒ

اللہ والوں کے قافلے تیزی سے عالم آخرت کیطرف جارہے ہیں' پچھلے تین چار مہینے سے کیسی کیسی عظیم ہستیاں اُٹھ گئیں' ابھی انہی کے فراق سے دل و دماغ متاثر اور آنکھیں اشکبار تھیں کہ پچھلے مہینے حضرت مولانا محمد احمد صاحب تھانویؒ بھی اللہ کو پیارے ہوگئے۔

البلاغ کے پچھلے شمارے ہی میں تو ان کے قلم سے حضرت مولانا اطہر علی صاحبؒ اور حضرت بابا نجم احسن صاحبؒ کی تواریخ وفات شائع ہوئی تھیں' کسے خبر تھی کہ البلاغ کا اگلا شمارہ انکی وفات کی خبر لے کر نمودار ہوگا اور یہ ساری تواریخِ وفات صرف ایک ہندسے کے اضافے سے خود ان کی تواریخِ وفات بن جائیں گی۔

حضرت مولانا محمد احمد صاحبؒ تھانہ بھون کے منتسبین میں معروف عالم تھے' وہ حضرت مولانا مفتی جمیل احمد صاحب تھانوی مدظلہم کے چھوٹے بھائی تھے جو حکیم الامت حضرت تھانویؒ کی اہلیہ محترمہ کے داماد ہیں۔ انہوں نے سکھر میں مدرسہ اشرفیہ کی بنیاد ڈالی جو اپنے علاقے کی ممتاز ترین دینی درسگاہ ہے' اور اس خطے میں اس نے علم و دین کی قابل قدر خدمات انجام دی ہیں' وہ نہایت وجیہ' باوقار اور فعّال شخصیت کے مالک تھے' ادا ادا سے ذہانت مترشح ہوتی تھی۔ قرآنی آیات سے تواریخ کے استخراج میں ان کو حیرت انگیز حد تک ملکہ حاصل تھا' حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ' حضرت مولانا ظفر احمد صاحب عثمانیؒ اور احقر کے برادر بزرگ مولانا محمد زکی کیفی صاحبؒ کی وفات پر انہوں نے جو تاریخیں نکالیں' وہ البلاغ میں شائع ہوکر نہایت مقبول ہوئیں۔ اس کے بعد ایک مرتبہ احقر کے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ سے ملاقات کے لئے آئے تو حضرتؒ نے ان سے ازراہ مزاح فرمایا:

"آپ کی تاریخیں دیکھ کر تو ہمارا بھی دل چاہنے لگا ہے کہ جلدی سے مرجائیں' تاکہ آپ ہماری بھی ایسی اچھی تاریخیں نکالیں۔"

آہ! کہ یہ مزاح کی بات حقیقت بن گئی' انہوں نے حضرت والد صاحبؒ کی تواریخ

وفات کا استخراج کیا، جو ذی قعدہ ذی الحجہ کے مشترکہ شمارے میں شائع ہوئی، اگلے شمارے میں انہی کے قلم سے حضرت مولانا اطہر علی صاحبؒ اور حضرت بابا نجم احسنؒ کی تواریخ وفات شائع ہوئیں، اور اس زیر نظر شمارے کے مرتب ہونے تک وہ خود ایک تاریخ بن گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

ان کی عمر کچھ زیادہ نہ تھی، وہ بمشکل پچپن ساٹھ کے لگ بھگ ہوں گے، لیکن چند سال سے انہیں قلب کا عارضہ لگ گیا تھا، ایک ایکسیڈنٹ میں ان کے ہاتھ کی ہڈی بھی ٹوٹ گئی تھی اور بینائی بھی کمزور ہو گئی تھی۔ چند سال پہلے تک وہ بڑے توانا اور طاقت ور لگتے تھے، لیکن پھر ایک دم سے انکی صحت گرتی چلی گئی یہاں تک کہ چہار شنبہ ۷ محرم ۹۷ھ کی صبح انہیں جو قلب کا دورہ ہوا اس نے انہیں اس جہان فانی کی کشاکش سے آزاد کردیا۔

وہ آخر وقت تک مصروفِ عمل رہے۔ حضرت والد ماجدؒ کی وفات کے بعد ان کے کئی خطوط آئے جن سے صحت مترشح تھی، پھر ابھی چند روز پہلے انہوں نے اپنے صاحبزادے کی شادی پورے اہتمام سے کی، لیکن اس فرض سے سبکدوش ہو کر خود ہی اپنے خالق سے جا ملے۔ اللہ تعالے ان کی بال بال مغفرت فرمائے، انہیں اپنے جوارِ رحمت میں جگہ دے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

مدرسہ اشرفیہ سکھر ان کا صدقۂ جاریہ ہے، اللہ تعالیٰ ان کے صاحبزادگان اور متعلقین کو توفیق بخشے کہ وہ اس امانت کی ٹھیک ٹھیک حفاظت کر کے اسے دین کا مضبوط حصار بنا سکیں۔ آمین۔

البلاغ جلد ۱۱ شمارہ ۲

# حضرت مولانا عبدالماجد دریا بادیؒ

جانا تو سبھی کو وہاں ہے جہاں سے کوئی لوٹ کر دنیا میں نہیں آتا' لیکن پچھلے چند سال سے اور بالخصوص گزشتہ چند مہینوں سے ایسی ایسی شخصیتیں اٹھ رہی ہیں جن کا صدمہ کسی ایک فرد' انجمن یا ادارے کا نہیں بلکہ پوری ملت کا صدمہ ہوتا ہے۔ ابھی رمضان سے محرم تک کے حادثات پر آنسو خشک نہیں ہوئے تھے کہ اسی مہینے جناب مولانا عبدالماجد دریا بادیؒ بھی اللہ کو پیارے ہوگئے انا للہ وانا الیہ راجعون مولانا دریا بادیؒ کی ذات برصغیر میں کسی تعارف کی محتاج نہیں تھی۔ وہ ایک صاحب طرز ادیب' بلند پایہ صحافی' صاحب تصنیف' فلسفی اور اردو انگریزی کے مشہور مفسر قرآن تھے۔ ان کی ابتدائی زندگی فلسفے کے "گماں آباد" میں بسر ہوئی اور وہاں سے وہ دین اور دینی عقائد کے بارے میں شکوک و شبہات میں ایسے مبتلا ہوئے کہ مدتوں الحاد و تشکیک کا شکار رہے۔ لیکن پھر اللہ نے ایسی توفیق دی کہ قرآن و سنت کی صداقت و حقانیت واضح ہوئی۔ فلسفے کا خمار اترا' عقل و عقلیت کے فریب کھلے' تصوف کا رنگ چڑھا اور بالآخر ملی اور اسپنسر کا یہ شیدائی خانقاہ تھانہ بھون کے ایک بوریہ نشین (حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ) کے آگے دو زانو ہو گیا۔

مولانا دریا بادیؒ اس لحاظ سے بھی ایک مثالی شخصیت تھے کہ انہوں نے بیعت تو حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی قدس سرہ کے ہاتھ پر فرمائی لیکن حضرت مدنیؒ ہی کی اجازت بلکہ ایماء پر تربیت کا تعلق آخر تک حکیم الامت تھانویؒ سے قائم رکھا۔ یہ پوری داستان انہوں نے اپنی کتاب "حکیم الامت" میں جس دلنواز انداز سے بیان کی ہے اور حضرت تھانویؒ کی پہلی ملاقات سے لیکر تربیت کے مختلف مراحل تک کے حالات جس دلکشی کے ساتھ قلم بند کئے ہیں وہ مولانا دریا بادیؒ ہی کا حصہ تھا۔

ان کا شمار حضرت تھانویؒ کے خلفاء میں تو نہیں لیکن ممتاز متوسلین میں ضرور تھا۔ وہ حضرت تھانویؒ کے عاشق تھے اور اپنی تحریروں میں جگہ جگہ حضرتؒ کو مرشد تھانوی' کے لقب سے یاد کرتے ہیں' لیکن بہت سے معاملات میں ان کی رائے حضرت تھانویؒ سے مختلف رہی

ہے۔ حضرتؒ سے متعدد مسائل پر سوال و جواب ہوئے اور مولانا دریا بادیؒ حضرتؒ کی فہمائش کے بعد بھی اپنی رائے پر قائم رہے' اسکے باوجود تعلق اور عقیدت میں فرق نہیں آیا۔ ان کا اخبار جو پہلے "سچ" پھر "صدق" اور آخر میں "صدق جدید" کے نام سے نکلتا رہا اپنے طرز کا منفرد اور نرالا جریدہ تھا' جسے کتابت و طباعت کی عصری خوشنمائی عمر بھر نصیب نہ ہو سکی' لیکن مولانا دریا بادیؒ کے قلم کی حلاوت ایسی تھی کہ اسے شروع کر کے ختم کئے بغیر چھوڑ دینا اہل ذوق کے لئے مشکل تھا۔ وہ اپنے اداریہ میں (جو سچی باتیں کے زیر عنوان ہوا کرتا تھا) عموماً کسی کا موضوع پر لکھنے کی بجائے دنیا بھر کے اخبارات و رسائل کے تراشے نقل کرتے اور ہر تراشے کے ساتھ اپنا مختصر تبصرہ ایک دو سطروں میں کر دیتے' لیکن یہ ایک دو سطریں مفصل اداریوں پر بھاری ہوتی تھیں۔ ان کا قلم صحیح معنی میں بے باک اور نڈر تھا۔ انہوں نے جس بات کو درست سمجھا اس کے اظہار میں انکو نہ کبھی حکومت کا خوف دامن گیر ہوا' اور نہ عوام یا رائے عامہ کا۔ وہ آخر تک اپنی رائے کا اظہار بے خوف و خطر کرتے رہے خواہ اس کے نتائج کچھ ہوں۔

قادیانیت کے مسئلے میں ان کا نرم گوشہ پوری امت کے خلاف تھا اور بلاشبہ یہ ان کی سنگین ترین غلطی تھی جس پر اللہ ان کی مغفرت فرمائے لیکن وہ پوری امت کی مخالفت کے باوجود اپنے اس موقف پر قائم رہے۔ عفا اللہ تعالیٰ عنہ وغفر لہٗ

اردو اور انگریزی زبان میں انکی تفسیریں خاصی مقبول ہوئیں اور مسلمانوں کو ان سے کافی فائدہ پہنچا۔ چونکہ انہوں نے دینی علوم زیادہ تر مطالعے سے حاصل کئے تھے' اس لئے تفسیر میں بعض باتیں جمہور کے خلاف بھی آگئیں۔ لیکن مجموعی حیثیت سے وہ ایک مفید تفسیر ہے جس میں عصری معلومات کا بھی بڑا ذخیرہ ہے' خاص طور سے فرقِ عیسائیت کے مباحث بے نظیر ہیں۔

دوسروں پر تنقید کے معاملے میں مولانا دریا بادیؒ بڑے معتدل اور متوازن مزاج کے مالک تھے' کسی کی مخالفت کے جوش میں حد سے گزر جانا ان کا طریقہ نہ تھا' وہ اختلاف رائے کے باوجود دوسروں کی اچھی باتوں کی تعریف میں بخل سے کام نہ لیتے تھے۔

راقم الحروف کو مولانا سے بالمشافہ تو کبھی نیاز حاصل نہ ہو سکا لیکن خط و کتابت کافی رہی۔ وہ غائبانہ ہی اس ناکارہ پر بے حد شفقت فرماتے تھے۔ "البلاغ" بڑے شوق سے پڑھتے تھے اور اس کے مضامین کو "صدق جدید" میں نقل کر کے ناچیز کی عزت افزائی فرماتے

رہتے تھے۔ صدق میں جب کبھی البلاغ کا ذکر فرماتے تو دو چار تعریفی جملے ضرور لکھ دیتے تھے۔ بارہا البلاغ کو انہوں نے "پاکستان کا بہترین دینی ماہنامہ" قرار دیا۔ "تفسیر ماجدی" کی جلد اول طبع ہوئی تو انہوں نے ازراہ شفقت احقر کے پاس بھیجی' اور اس پر تبصرہ لکھنے کا بھی حکم دیا۔ احقر نے اس پر جو تبصرہ لکھا اس میں تعریف کے ساتھ بعض باتوں پر ادب کے ساتھ تنقید بھی تھی۔ احقر ان کے سامنے طفل مکتب کی بھی حیثیت نہیں رکھتا' لیکن یہ ان کی بڑائی کی بات تھی کہ انہوں نے پوری وسعت قلب کے ساتھ اسے گوارا فرمایا۔ البلاغ میں احقر کی کوئی تحریر انہیں پسند آتی تو اکثر ہمت افزائی فرماتے' اور کبھی کبھی احقر کی غلطیوں پر متنبہ فرمادیتے تھے۔ عرصہ سے وہ فالج کی بناء پر بالکل صاحب فراش تھے' اور اس کی وجہ سے "صدق" بھی مختصر اور غیر مرتب سا ہونے لگا تھا۔ احقر کے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ کی وفات پر انہوں نے بمشکل ایک سطر کا تعزیت نامہ بھیجا اور بالآخر ریڈیو سے یہ اطلاع مل ہی گئی کہ وہ دنیا کے جھنجھٹ سے نجات پاکر اپنے مالک حقیقی سے جا ملے۔ اللہ تعالیٰ ان کی زلات سے درگزر فرماکر انہیں جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ آمین۔

افسوس ہے کہ احقر کے پاس مولانا دریا بادیؒ کے تمام خطوط محفوظ نہیں رہ سکے لیکن معمولی تلاش سے دو خط مل گئے وہ ذیل میں حاضر ہیں۔

مورخہ ۲۶ دسمبر ۱۹۶۷ء

السلام علیکم ورحمتہ اللہ' البلاغ برابر پہنچتا رہتا ہے۔ ماشاءاللہ وبارک اللہ ردّ تجدّد میں بہت سی کوششیں آپ کے ملک میں ہو رہی ہیں اور جوش خروش ان میں اچھا خاصا ہوتا ہے لیکن جتنی سنجیدہ پر مغز' متین و محکم اور ساتھ ہی مہذب و شائستہ البلاغ کی تحریریں ہوتی ہیں وہ اسی کا مخصوص حصہ ہے۔

ایک ہلکی سی فروگزاشت البتہ عرض کردینے کے قابل ہے حضرت مسیح کے سلسلے میں بار بار جو "پھانسی" کا لفظ آپ کے ہاں آتا ہے' اس کے بجائے "سولی" ہونا چاہئے دونوں کے درمیان فرق عظیم ہے۔ رومی قانون میں رواج صرف سولی کا تھا۔ والسلام دعا گو و دعا خواہ' عبدالماجد۔

۴ اگست ۱۹۷۶ء

برادرم محترم' السلام علیکم

جولائی کا البلاغ پہنچا آپ کا مقالہ "جدت پرستی" پر بے مثل ہے۔ انشاء اللہ دو ہفتہ بعد صدق میں نقل شروع ہوگی اور ۴-۵ قسطوں میں ہوجائے گی۔ صدق خود ہی بہت مختصر ہوگیا اور بالکل منتشر اور غیر مرتب ہوگیا ہے۔

فالج میں مدت سے مبتلا ہوں' سماعت' بصارت کی ابتری میں گرفتار ہوں' نسیان وغیرہ۔ خدا کرے مولانا شفیع صاحب صحیح و تندرست ہوں' مولانا عبدالباری ندوی مرحوم ہوچکے۔ میں اپنا خط خود نہیں پڑھ سکتا ہوں والسلام۔ دعاگو و دعا خواہ' عبدالماجد

البلاغ جلد ۱۱ شمارہ ۳

# حضرت مولانا محمد سلیم صاحبؒ

پچھلے مہینے مدرسہ صولتیہ مکہ مکرمہ کے مہتمم حضرت مولانا محمد سلیم صاحب رحمتہ اللہ علیہ اس دارفانی سے کوچ کرکے اپنے مالک حقیقی سے جاملے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ موصوف حضرت مولانا رحمت اللہ صاحب کیرانوی رحمتہ اللہ علیہ کے پوتے تھے' اور انہوں نے مکہ مکرمہ میں مدرسہ صولتیہ کے نام سے جس مدرسے کی بنیاد ڈالی تھی' آخر وقت تک اس کی پاسبانی کرتے رہے۔ شروع میں حضرت مولانا سلیم صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے دہلی سے ماہنامہ "ندائے حرم" کے ذریعے عرصے تک دین کی دعوت و تبلیغ کا فریضہ انجام دیا۔ اس کے بعد وہ مکہ مکرمہ کی طرف ہجرت فرماگئے' اور آخر وقت تک مدرسہ صولتیہ کے انتظام وانصرام میں مصروف رہے۔ یہ مدرسہ تعلیمی خدمات انجام دینے کے علاوہ مکہ مکرمہ میں حجاج اور زائرین کو گوناگوں سہولیات فراہم کرنے کی خدمت بھی انجام دیتا ہے۔

حضرت مولانا محمد سلیم صاحب رحمتہ اللہ علیہ ایک باغ و بہار شخصیت کے مالک تھے' اور ضعفِ سن کے باوجود اپنے دفتر میں روزانہ بڑی محنت سے اپنے فرائض انجام دیتے تھے۔ راقم الحروف پر نہایت مہربان تھے اور جب بھی مکہ مکرمہ حاضری ہوتی' ان کی شفقتوں سے بہرہ اندوز ہونے کا موقع ملتا تھا۔ مکہ مکرمہ میں اکثر قیام ان کے پاس ہی رہتا اور ان کے زیر سایہ بالکل اپنے گھر کی سی راحت میسر آتی تھی۔

اللہ تعالیٰ نے انہیں ایک دردمند دل عطا فرمایا تھا جو ہر خطے کے مسلمانوں کے دکھ درد سے بے چین ہوتا اور ان کے مسائل کے حل کے لئے متفکر رہتا تھا' مکہ مکرمہ میں چونکہ عالم اسلام کے تمام اطراف سے اہل علم وفکر کی آمدورفت رہتی ہے اسلئے وہ ہر خطے کے مسائل سے باخبر رہتے تھے اور ان کے بارے میں لوگوں کو مشورے بھی دیتے رہتے تھے۔ وہ اتحاد مسلمین کے داعی تھے' اور مسلمانوں کی باہمی خانہ جنگیوں کو روکنے کے لئے کوشاں رہتے تھے۔ بلاشبہ ان کی وفات علمی و دینی حلقوں کے لئے ایک بڑا سانحہ ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں مقام بلند عطا فرمائے۔ آمین

اب موصوف کے فرزند ارجمند مولانا محمد شمیم صاحب مدرسہ صولتیہ کے امین ہونگے۔ بفضلہٖ تعالیٰ وہ اپنے مزاج ومذاق اور اخلاق وعادات کے اعتبار سے اپنے والد ماجدؒ کی صحیح یادگار ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ دارالعلوم کراچی کے تمام اساتذہ، طلبہ اور کارکن اس صدمے میں ان کے ساتھ شریک ہیں اور دلی تعزیت پیش کرتے ہیں۔

البلاغ جلد ۱۱ شمارہ ۹

# حضرت علامہ سید محمد یوسف صاحب بنوریؒ

## اک شمع رہ گئی تھی سو وہ بھی خموش ہے

بقیۃ السلف' استاذ العلماء' شیخ الحدیث حضرت علامہ سید محمد یوسف صاحب بنوری (رحمتہ اللہ علیہ) بھی راہی آخرت ہوگئے۔ گذشتہ شمارے میں ان کے حادثۂ وفات کی اطلاع کے ساتھ ان پر قدرے تفصیل کے ساتھ لکھنے کا وعدہ کرچکا ہوں' لیکن آج جبکہ اس موضوع پر قلم اٹھانا چاہتا ہوں تو یادوں کا ایک طویل سلسلہ قلب وذہن میں اس طرح مجتمع ہے کہ ابتدا کرنے کے لئے سرا ہاتھ نہیں آتا۔

حضرت بنوری رحمتہ اللہ علیہ کی شخصیت ایسی دلنواز' ایسی حیات افروز' ایسی باغ وبہار اور ایسی بھاری بھرکم شخصیت تھی کہ اس کی خصوصیات کا ایک مختصر مضمون میں سمانا مشکل ہے۔ ان کی ذات اپنے شیخ حضرت علامہ سید انور شاہ کشمیریؒ قدس سرہ کی مجسم یادگار تھی۔ علم حدیث تو خیران کا خاص موضوع تھا جس میں اس وقت ان کا ثانی ملنا مشکل تھا۔ لیکن اپنے شیخ کی طرح وہ ہر علم وفن میں معلومات کا خزانہ تھے' ان کی قوت حافظہ' ان کی وسعت مطالعہ' ان کا ذوق کتب بینی' ان کی عربی تقریر و تحریر' ان کا پاکیزہ شعری مذاق' اکابر و اسلاف کے تذکروں سے ان کا شغف' علماء دیوبند کے ٹھیٹھ مسلک پر تصلّب کے ساتھ ان کی وسعت نظر اور رواداری' دین کے لئے ان کا جذبہ اخلاص' للّٰہیت' زندگی میں نفاست' سادگی اور بے تکلفی کا امتزاج' ان کا ذوق مہماں نوازی' ان کی باغ وبہار علمی مجلسیں' ان کے عالمانہ لطائف وظرائف' ان میں سے کونسی ایسی چیز ہے جسے بھلایا جاسکتا ہو؟

دنیا کا تجربہ شاہد ہے کہ محض کتابیں پڑھ لینے سے کسی کو علم کے حقیقی ثمرات حاصل نہیں ہوتے بلکہ اس کے لئے "پیش مردے کاملے پامال شو" پر عمل کی ضرورت ہے۔ حضرت مولانا بنوری صاحب رحمتہ اللہ علیہ کو بھی اللہ تعالیٰ نے جو مقام بلند نصیب فرمایا وہ ان کی ذہانت وذکاوت اور علمی استعداد سے زیادہ حضرت علامہ انور شاہ صاحب کشمیریؒ کے فیض صحبت اور حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ کے فیض نظر کا

نتیجہ تھا۔ انہوں نے تحصیل علم کے لئے کسی ایک مدرسے میں صرف کتابیں پڑھ لینے اور ضابطہ کی سند حاصل کر لینے پر اکتفاء نہیں کیا' بلکہ اپنے اساتذہ کی خدمت و صحبت سے استفادہ کو اپنا نصب العین بنا لیا۔ وہ ایک ایسے وقت دار العلوم دیوبند پہنچے تھے جب وہاں امام العصر حضرت علامہ انور شاہ صاحب کشمیری رحمتہ اللہ علیہ کے علاوہ شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی ؒ' عارف باللہ حضرت مولانا سید اصغر حسین صاحبؒ' حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحبؒ' حضرت مولانا اعزاز علی صاحبؒ' حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن صاحبؒ اور حضرت مولانا مفتی شفیع صاحبؒ جیسے آفتاب و ماہتاب مصروف تدریس تھے۔ حضرت مولانا بنوریؒ اپنے تمام ہی اساتذہ کے منظور نظر رہے لیکن امام العصر حضرت علامہ انور شاہ صاحب کشمیری رحمتہ اللہ علیہ سے آپ کو جو خصوصی تعلق رہا اس کی مثال شاید حضرت شاہ صاحبؒ کے دوسرے تلامذہ میں نہ ملے۔ مولانا مرحومؒ نے حضرت شاہ صاحبؒ کی خدمت و صحبت کو اپنی زندگی کا نصب العین بنا لیا تھا۔ چنانچہ وہ ایک عرصہ تک سفر و حضر میں اپنے شیخ کی نہ صرف معیت سے مستفید ہوتے رہے' بلکہ ان کی خدمت اور ان سے علمی و روحانی استفادے کی خاطر مولاناؒ نے نہ جانے کتنے مادّی اور دنیوی مفادات کی قربانی دی۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں جن غیر معمولی صلاحیتوں سے نوازا تھا' ان کے پیش نظر اگر وہ چاہتے تو تحصیل علم سے فراغت کے بعد نہایت خوشحال زندگی بسر کر سکتے تھے' لیکن انہوں نے حضرت شاہ صاحبؒ کی صحبت اور علمی مذاق کی تسکین پر ہر دوسرے فائدے کو قربان کر دیا۔ اور یہ بات خود انہوں نے احقر کو سنائی تھی کہ "جب میرا نکاح ہوا تو بدن کے ایک جوڑے کے سوا میری ملکیت میں کچھ نہ تھا۔"

علم و دین کے لئے مولاناؒ کی یہ قربانیاں بالآخر رنگ لائیں' حضرت شاہ صاحبؒ کی نظر عنایت نے علمی رسوخ کے ساتھ ساتھ ان میں للّٰہیت اور اخلاص عمل کے فضائل کی آبیاری کی' اور اسی کا نتیجہ تھا کہ دین کے خدام میں اللہ تعالیٰ نے انہیں مقبولیت' محبوبیت اور ہر دلعزیزی کا وہ مقام بخشا جو کم لوگوں کو نصیب ہوتا ہے۔ ان کے اساتذہ' ان کے ہم عصر اور ان کے چھوٹے' تقریباً سب' ان کے علمی مقام اور ان کی للّٰہیت کے معترف رہے۔ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ' جیسے مردم شناس بزرگ کی خدمت میں مولاناؒ کی حاضری تین چار مرتبہ سے زیادہ نہیں ہوئی' لیکن انہی تین چار ملاقاتوں

کے بعد حضرت تھانویؒ نے ان کو اپنا مجاز صحبت قرار دیدیا تھا۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت بنوری رحمتہ اللہ علیہ کو اس دور میں علمی و دینی خدمات کے لئے نہ صرف چن لیا تھا' بلکہ ان کے کاموں میں غیر معمولی برکت عطا فرمائی تھی۔ ان کے علم و فضل کا سب سے بڑا شاہکار ان کی جامع ترمذی کی شرح "معارف السنن" ہے جو تقریباً تین ہزار صفحات پر مشتمل ہے اور چھ جلدوں میں شائع ہو چکی ہے۔ چونکہ پچھلے سات سال سے دارالعلوم کراچی میں جامع ترمذیؒ کا درس احقر کے سپرد ہے' اس لئے بفضلہ تعالیٰ مولاناؒ کی اس کتاب کے مطالعے کا خوب موقع ملا ہے' اور اگر میں یہ کہوں تو شاید مبالغہ نہ ہو گا کہ احقر کو اس کتاب کا ایک ایک صفحہ پڑھنے کا شرف حاصل ہے۔ لہٰذا میں بلا خوفِ تردید یہ کہہ سکتا ہوں کہ اگر حضرت علامہ انور شاہ صاحب کشمیری رحمتہ اللہ علیہ کے محدّثانہ مذاق کی جھلک کسی کتاب میں دیکھی جا سکتی ہے تو وہ معارف السنن ہے۔ افسوس ہے کہ علم و فضل کا یہ خزانہ تشنۂ تکمیل رہے گا' اور کتاب الحج کے بعد اس کی تصنیف آگے نہ بڑھ سکی' احقر کے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے نہ جانے کتنی بار مولاناؒ سے اس کی تکمیل کی طرف توجہ دینے کی خواہش ظاہر فرمائی' لیکن مولاناؒ کی مصروفیات اس قدر بڑھ چکی تھیں کہ وہ اس خواہش کو پورا نہ فرما سکے۔ اب اول تو اس کی تکمیل کی ہمت کون کرے؟ اور اگر کوئی کرے بھی تو حضرت شاہ صاحبؒ کا وہ فیضان علمی اور حضرت مولانا بنوریؒ کا وہ اسلوب بیان کہاں سے لائے؟

اللہ تعالیٰ نے مولانا کو عربی تقریر و تحریر کا جو ملکہ عطا فرمایا تھا وہ اہل عجم میں شاذ و نادر ہی کسی کو نصیب ہوتا ہے۔ خاص طور سے انکی عربی تحریریں اتنی بے ساختہ' سلیس' رواں اور شگفتہ ہیں کہ ان کے فقرے فقرے پر ذوق سلیم کو حظ ملتا ہے' اور ان میں قدیم و جدید اسالیب اس طرح جمع ہو کر یک جان ہو گئے ہیں کہ پڑھنے والا جزالت اور سلاست دونوں کا لطف ساتھ ساتھ محسوس کرتا ہے۔ مولاناؒ کی تحریروں میں اہل زبان کے محاورات' ضرب الامثال اور استعارے ایسی بے تکلفی کے ساتھ استعمال ہوئے ہیں کہ بہت سے عربوں کی تحریروں میں بھی یہ بات نہیں ملتی۔ "نفحۃ العنبر" تو ایک طرح سے خالص ادبی تصنیف ہے' لیکن "معارف السنن" اور "یتیمۃ البیان" جیسی ٹھوس علمی اور تحقیقی تصانیف میں بھی ادب کی چاشنی اس انداز سے رچی بسی ہوئی ہے کہ وہ نہایت دلچسپ اور شگفتہ کتابیں بن گئی

ہیں۔

حضرت مولانا بنوری رحمتہ اللہ علیہ کو اللہ تعالیٰ نے حق کے معاملے میں غیرت و شدت کا خاص وصف عطا فرمایا تھا' وہ اپنی انفرادی زندگی اور عام برتاؤ میں جتنے نرم' خلیق اور شگفتہ تھے' باطل نظریات کے بارے میں اتنے ہی شمشیر برہنہ تھے' اور اس معاملہ میں نہ کسی مداہنت یا نرم گوشے کے روادار تھے' اور نہ مصالح کو اہمیت دیتے تھے۔ بعض اوقات ان کی کسی تحریر یا تقریر کے بارے میں یہ شبہہ گزرتا تھا کہ شاید یہ عام دینی مصالح کے خلاف ہو' لیکن چونکہ ان کے اقدامات کا محرک للہیت اور اخلاص کے سوا کچھ نہ تھا' اس لئے اللہ تعالیٰ ان کے اقدامات میں برکت عطا فرماتے' ان کے بہتر نتائج ظاہر ہوتے' اور "لاکھ حکیم سر بجیب ایک کلیم سربکف" کا عملی مشاہدہ ہوتا' چنانچہ باطل فرقوں اور نظریات کی تردید میں اللہ تعالیٰ نے مولاناؒ سے بڑا کام لیا۔ انکار حدیث کا فتنہ ہو یا تجدد اور قادیانیت کا' مولانا ہمیشہ ان کے تعاقب میں پیش پیش رہے۔ اس کے علاوہ جس کسی نے بھی قرآن و سنت کی تشریح میں جمہور امت سے الگ کوئی راستہ اختیار کیا' مولاناؒ سے یہ برداشت نہ ہو سکا کہ اس کے نظریات پر سکوت اختیار کیا جائے۔ مولانا کو خاص طور سے اس بات کی بڑی فکر رہتی تھی کہ علمائے دیوبند کا مسلک کسی غلط نظریے سے ملتبس نہ ہونے پائے' اور سیاسی سطح پر کسی شخص کے ساتھ علمائے دیوبند کے اتحاد و تعاون سے یہ مطلب نہ لے لیا جائے کہ علمائے دیوبند اس شخص کے نظریات کے ہم نوا ہیں۔

مثلاً مولانا ابوالکلام آزاد مرحوم نے آزادئ ہند کے لئے جو جدوجہد کی' مقتدر علمائے دیوبند کی ایک جماعت نہ صرف اس کی مداح رہی بلکہ ان کے ساتھ اتحاد و تعاون بھی کیا' اور خود مولانا بنوری رحمتہ اللہ علیہ بھی اس جہت سے ان کی بعض خوبیوں کے معترف تھے لیکن اس سیاسی اشتراک کی بنا پر یہ خطرہ تھا کہ مولانا آزاد مرحوم نے جن مسائل میں جمہور امت سے الگ راستہ اختیار کیا ہے' انہیں علمائے دیوبند کی طرف منسوب نہ کیا جانے لگے' یا کم از کم علمائے دیوبند کی خاموشی کو ان نظریات کی تائید نہ سمجھ لیا جائے۔ اس لئے مولانا آزاد مرحوم کے ان نظریات کی علمی تردید کے لئے حضرت مولانا بنوری صاحب قدس سرہ نے ایک مفصل مقالہ لکھا جس پر بعض لوگوں نے بُرا بھی منایا' لیکن مولاناؒ نے اس معاملہ میں کسی "لومۃ لائم" کی پروا نہیں کی۔ مولاناؒ کا یہ مقالہ "مشکلات القرآن" کے مقدمے میں شامل

ہے 'جواب "بتیمۃ البیان" کے نام سے الگ بھی شائع ہو چکا ہے۔

اسی طرح مولانا عبید اللہ سندھی مرحوم چونکہ حضرت شیخ الہندؒ کی تحریک کے رکن رکین رہے ہیں' اور آزادیٔ ہند کے لئے انہوں نے بے مثال قربانیاں دی ہیں' اس لئے علمائے دیوبند نے اس جہت سے ہمیشہ انکی قدر دانی کی ہے' اور جہاں آزادیٔ ہند کے لئے علماء دیوبند کی جدوجہد کا ذکر آتا ہے وہاں مجاہدین کی فہرست میں مولانا عبید اللہ سندھی مرحوم کا نام بھی شامل ہوتا ہے' لیکن مولانا سندھی مرحوم دارالعلوم دیوبند کے تعلیم یافتہ نہ تھے' اور ان کے نظریات میں دینی اعتبار سے وہ تصلّب نہ تھا جو علماء دیوبند کا طرہ امتیاز رہا ہے' اسی لئے وہ بعض عقائد و احکام میں وقتاً فوقتاً جادہ اعتدال سے ہٹ جاتے تھے۔ احقر نے اپنے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمتہ اللہ علیہ سے سنا ہے کہ ایک مرتبہ انہوں نے کسی ایسے ہی نظریئے کا اعلان کر دیا تھا جو جمہور علمائے امت کے خلاف تھا تو حضرت شیخ الہند رحمتہ اللہ علیہ نے ان کو فہمائش کی' اور بات سمجھ میں آنے پر انہوں نے دارالعلوم دیوبند کی مسجد میں علی الاعلان اپنی غلطی کا اعتراف اور ندامت کا اظہار کیا۔ لیکن حضرت شیخ الہندؒ کی وفات کے بعد کوئی شخص ایسا نہ رہا جو نظریاتی طور پر ان کی رہنمائی کر سکے۔ اس کے علاوہ ان کے مزاج میں مسلسل مصائب جھیلنے سے تشدّد بھی پیدا ہو گیا۔ چنانچہ آخری دور میں انہوں نے پھر بعض ایسے نظریات کی تبلیغ شروع کر دی جو جمہور علمائے امت کے خلاف' بلکہ نہایت خطرناک اور زائغانہ تھے۔ ادھر چونکہ علمائے دیوبند کی جدوجہد آزادی میں برابر مولانا سندھی مرحوم کا نام آتا تھا' اس لئے خطرہ تھا کہ ان کے نظریات علماء دیوبند کی طرف منسوب نہ ہوں' اس لئے حضرت مولانا بنوریؒ نے نہ صرف مولانا سندھیؒ کے ان نظریات کی تردید کی' بلکہ شیخ العرب والعجم حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی رحمتہ اللہ علیہ کو بھی اس طرف متوجہ کیا جو سیاسی جدوجہد میں مولانا سندھی مرحوم کے رفیق رہے تھے۔ چنانچہ حضرت مولانا مدنی قدس سرہ نے مولانا سندھی مرحوم کے ان نظریات کی تردید میں ایک مضمون لکھا جو اخبار مدینہ بجنور میں شائع ہوا۔ مولانا سندھی مرحوم کی تردید کے بارے میں یہ تمام تفصیلات احقر نے خود حضرت بنوری رحمتہ اللہ علیہ سے سنی ہیں۔ اور گذشتہ سال دوبارہ مولاناؒ نے احقر سے ان کی توثیق فرمائی۔

جماعت اسلامی کے حضرات سے اجتماعی معاملات میں مختلف مراحل میں مختلف علماء

دیوبند کا اشتراک عمل جاری رہا' بائیس دستوری نکات کی ترتیب اور تحریک ختم نبوت وغیرہ میں خود مولاناؒ نے ان کے ساتھ مل کر کام کیا' لیکن جہاں تک مولانا مودودی صاحب کے نظریات کا تعلق ہے' مولاناؒ نے ان پر مفصل تنقید فرمائی' اور حال ہی میں عربی زبان میں یکے بعد دیگرے تین کتابچے تحریر فرمائے' جن میں سے دو شائع ہو چکے ہیں' اور تیسرا زیر طبع ہے۔

غرض یہ مولانا کا خاص مزاج تھا کہ وہ جمہور علمائے سلف کے خلاف کسی نظریئے کو خاموشی سے برداشت نہ کر سکتے تھے۔ عام مجلسوں میں بھی ان کا یہی رنگ تھا کہ غلط بات پر بروقت تنقید کر کے حق گوئی کا فریضہ نقد ادا کر دیتے تھے۔ ۱۹۶۸ء میں جب ادارۂ تحقیقات اسلامی کی طرف سے ایک بین الاقوامی اسلامی کانفرنس منعقد ہوئی (جس کا اہتمام ادارہ تحقیقات کے سابق ڈائریکٹر ڈاکٹر فضل الرحمٰن صاحب نے کیا تھا) تو اس کے پہلے ہی اجلاس میں ایک مقرر نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اولیات کو غلط انداز میں پیش کر کے متجدّدین کے آزاد اجتہاد کے لئے گنجائش پیدا کرنی چاہی اور اس کے لئے انداز بھی ایسا اختیار کیا کہ جیسے قوّت اجتہادیہ میں حضرت عمرؓ کے اور ہمارے درمیان کوئی خاص فرق نہیں۔ اس محفل میں عالم اسلام کے معروف اور جید علماء موجود تھے۔ لیکن اس موقع پر اس بھرے مجمع میں جن صاحب کی آواز سب سے پہلے گونجی' وہ حضرت مولانا بنوریؒ تھے' انہوں نے مقرر کی تقریر کے دوران ہی صدر محفل مفتی اعظم فلسطین مرحوم سے خطاب کر کے فرمایا۔

سیدی الرئیس! الجموا هذا الخطیب۔ الجموا هذا الخطیب۔ ماذا یقول؟

جناب صدر! ان مقرر صاحب کو لگام دیجئے' براہ کرم ان کو لگام دیجئے یہ کیا کہہ رہے ہیں؟ ان کے یہ بلیغ الفاظ آج بھی کانوں میں گونج رہے ہیں!

مولانا کی رگ و پے میں اس بات کا یقین و اعتقاد پیوست تھا کہ اکابر علماء دیوبند اس دور میں "ما انا علیہ واصحابی" کی عملی تفسیر تھے اور ان کا فہم دین اس دور میں خیر القرون کے مزاج و مذاق سے سب سے زیادہ قریب تھا' وہ چاہتے تھے کہ اکابر دیوبند کے افکار اور ان کے علمی و دینی کارناموں کو زیادہ سے زیادہ پھیلایا جائے۔ چنانچہ جب مولاناؒ ایک طویل عرصے کے لئے پہلی بار حجاز اور مصر و شام کے سفر پر تشریف لے گئے تو وہاں قیام کے مقاصد میں سے ایک بڑا مقصد یہ بھی تھا کہ علماء دیوبند کی خدمات اور ان کی علمی تحقیقات سے عالم عرب کو روشناس کرایا جائے۔ چنانچہ مولاناؒ نے علماء دیوبند اور ان کی علمی و عملی خدمات پر مفصل

مضامین لکھے جو وہاں کے صف اول کے اخبارات و رسائل میں شائع ہوئے۔ اور ان کے ذریعے مصر و شام کے چوٹی کے علماء مولانا بنوریؒ سے قریب آگئے۔ مولاناؒ نے انہیں مختلف صحبتوں میں اکابر دیوبند کے علوم سے متعارف کرایا اور کم از کم علماء کی حد تک مصر و شام میں علماء دیوبند کے کارنامے اجنبی نہیں رہے۔

اسی دوران ایک مشہور عربی رسالے کے دفتر میں مولانا کی ملاقات علامہ جوہر طنطاوی مرحوم سے ہوگئی جنکی "تفسیر الجواہر" اپنی نوعیت کی منفرد تفسیر ہے۔ بعض لوگوں نے تو امام رازی کی تفسیر کبیر پر یہ فقرہ چست کیا ہے کہ "فیہ کل شئ الا التفسیر" (یعنی اس میں تفسیر کے سوا سب کچھ ہے) لیکن واقعہ یہ ہے کہ تفسیر کبیر کے بارے میں یہ جملہ بہت بڑا ظلم ہے۔ ہاں اگر موجودہ دور میں کسی کتاب پر یہ جملہ کسی درجے میں صادق آسکتا ہے تو وہ علامہ طنطاوی مرحوم کی تفسیر الجواہر ہے۔ اور واقعہ یہ ہے کہ یہ کتاب تفسیر کی نہیں بلکہ سائنس کی کتاب ہے اور سائنس کی باتوں کو قرآن کریم سے ثابت کرنے کے شوق میں علامہ طنطاوی مرحوم نے بعض جگہ آیات قرآنی کی تفسیر میں ٹھوکریں بھی کھائی ہیں۔

علامہ طنطاوی مرحوم سے حضرت مولانا بنوریؒ کا تعارف ہوا تو انھوں نے مولاناؒ سے پوچھا کہ کیا آپ نے میری تفسیر کا مطالعہ کیا ہے؟ مولاناؒ نے فرمایا کہ "ہاں! اتنا مطالعہ کیا ہے کہ اس کی بنیاد پر کتاب کے بارے میں رائے قائم کرسکتا ہوں۔ علامہ طنطاوی نے رائے پوچھی، تو مولاناؒ نے فرمایا" آپ کی کتاب اس لحاظ سے تو علماء کے لئے احسان عظیم ہے کہ اس میں سائنس کی بے شمار معلومات عربی زبان میں جمع ہوگئی ہیں۔ سائنس کی کتابیں چونکہ عموماً انگریزی زبان میں ہوتی ہیں اس لئے عموماً علمائے دین ان سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔ آپ کی کتاب علماء دین کے لئے سائنسی معلومات حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے لیکن جہاں تک تفسیر قرآن کا تعلق ہے اس سلسلے میں آپ کے طرز فکر سے مجھے اختلاف ہے۔ آپ کی کوشش یہ ہوتی ہے کہ عصر حاضر کے سائنس دانوں کے نظریات کو کسی نہ کسی طرح قرآن کریم سے ثابت کردیا جائے اور اس غرض کیلئے آپ بسا اوقات تفسیر کے مسلمہ اصولوں کی خلاف ورزی سے بھی دریغ نہیں کرتے۔ حالانکہ سوچنے کی بات یہ ہے کہ سائنس کے نظریات آئے دن بدلتے رہتے ہیں۔ آج آپ جس نظریئے کو قرآن سے ثابت کرنا چاہتے ہیں ہوسکتا ہے کہ کل وہ خود سائنس دانوں کے نزدیک غلط ثابت ہوجائے، کیا اس صورت

میں آپ کی تفسیر پڑھنے والا شخص یہ نہ سمجھ بیٹھے گا کہ قرآن کریم کی بات "معاذاللہ" غلط ہوگئی!

مولانا نے یہ بات ایسے مؤثر اور دلنشیں انداز میں بیان فرمائی کہ علامہ طنطاوی مرحوم بڑے متاثر ہوئے اور فرمایا "ایھا الشیخ! لست عالما ھندیا وانما انت ملک انزل اللہ من السماء لاصلاحی" (مولانا! آپ کوئی ہندوستانی عالم نہیں ہیں بلکہ آپ کوئی فرشتے ہیں جسے اللہ تعالیٰ نے میری اصلاح کے لئے نازل کیا ہے)۔ یہ واقعہ میں نے مولانا سے بارہا سنا اور شاید "بینات" کے کسی شمارے میں بھی مولاناؒ نے اسے نقل بھی کیا ہے۔

---

احقر کے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو مولانا بنوریؒ سے بڑی محبت تھی اور ان کے اخلاص و للہیت اور علمی و عملی صلاحیتوں کی بڑی قدر فرماتے تھے۔ اگرچہ دارالعلوم کے جلسوں میں کئی بار مولاناؒ نے تقریر کے دوران فرمایا کہ حضرت مفتی صاحب میرے استاذ ہیں اور میں نے مقامات حریری آپ ہی سے پڑھی ہے' لیکن حضرت والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ مولاناؒ کے علمی و عملی کمالات کی بنا پر ان کا نہایت اکرام فرماتے تھے' چنانچہ یہ دونوں بزرگ علمی اور اجتماعی مسائل میں ایک دوسرے سے مشورے کے بغیر کوئی قدم نہیں اٹھاتے تھے۔ ملاقاتیں اور مشورے تو پہلے بھی رہتے تھے لیکن جب سے مولانا کراچی میں قیام پذیر ہوئے' اس وقت سے تو دونوں بزرگوں کے درمیان آمدورفت بہت بڑھ گئی تھی۔ اس وجہ سے ہم خدام کو گزشتہ بیس سال میں حضرت مولانا بنوریؒ کو بہت قریب سے دیکھنے کا موقع ملا ہے اور جتنا جتنا قربِ بڑھتا گیا' اسی نسبت سے مولانا کی محبت و عظمت اور عقیدت میں اضافہ ہوتا چلا گیا۔ حضرت والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور مولاناؒ نے جدید فقہی مسائل کی تحقیق کے لئے مدرسہ عربیہ نیو ٹاؤن اور دارالعلوم کراچی کے علماء پر مشتمل ایک "مجلس تحقیق مسائل حاضرہ" قائم فرمائی تھی جس کا اجلاس ہر ماہ دارالعلوم کورنگی یا مدرسہ عربیہ نیو ٹاؤن میں منعقد ہوا کرتا تھا۔ یہ مجلس عام طور سے صبح کو شروع ہوکر شام تک جاری رہتی' بیچ میں کھانے اور نماز کا وقفہ ہوتا' پیچیدہ فقہی مسائل زیر بحث آتے' کتابوں کا اجتماعی طور سے مطالعہ ہوتا۔ تمام شرکاء مجلس اپنا اپنا نقطہ نظر آزادی سے پیش کرتے۔ ہم جیسے فرومایہ خدام بھی اپنے طالب علمانہ شبہات کھل کر پیش کرتے' اور یہ بزرگ

کمال شفقت کے ساتھ انہیں سنتے اور جب تک تمام شرکاء مطمئن نہ ہو جاتے' فیصلہ نہ ہوتا۔

حضرت والد صاحب رحمتہ اللہ علیہ اور حضرت مولانا بنوریؒ دونوں کی طبیعت ان مجلسوں میں کھل جاتی تھی اور ہم خدّام دونوں کے علمی افادات سے نہال ہو جاتے' اور پھر یہ مجلسیں خشک علمی مسائل تک محدود نہ تھیں' بلکہ دونوں بزرگوں کی شگفتہ مزاجی اور علمی و ادبی مذاق نے ان مجلسوں کو ایسا باغ و بہار بنادیا تھا کہ مجلس کا دن آنے سے پہلے ہی بڑے اشتیاق کے ساتھ اس کا انتظار لگتا تھا۔ علمی تحقیقات کے علاوہ یہ مجلسیں نہ جانے کتنے لطائف و ظرائف اور دلچسپ و سبق آموز واقعات سے معمور ہوتی تھیں۔ حضرت والد صاحب رحمتہ اللہ علیہ کا ذہن اکابر علمائے دیو بند کے واقعات کا خزانہ تھا' اور کوئی بھی موضوع چھڑ جائے' حضرت والد صاحب رحمتہ اللہ علیہ دیو بند کے بزرگوں میں سے کبھی حضرت تھانویؒ کا' کبھی حضرت میاں صاحبؒ کا' کبھی حضرت شاہ صاحبؒ کا' کبھی حضرت مفتی عزیزالرحمان صاحبؒ کا' اور کبھی کسی اور بزرگ کا کوئی واقعہ سنادیتے اور مجلس کے لئے رہنمائی کا ایک نیا دروازہ کھل جاتا۔ حضرت مولانا بنوری رحمتہ اللہ علیہ نے بارہا فرمایا کہ مجھے تو حضرت مفتی صاحب رحمتہ اللہ علیہ سے ملاقات کا شوق اس لئے لگتا ہے کہ ان کے پاس پہنچ کر اپنے بزرگوں کے نئے نئے واقعات سننے کو مل جاتے ہیں۔ اودھر حضرت بنوری رحمتہ اللہ علیہ کو حضرت شاہ صاحبؒ سے جو خصوصی محبتیں رہیں' حضرت والد صاحب رحمتہ اللہ علیہ ان کے حالات بڑے ذوق و شوق سے باقاعدہ فرمائش کر کے سنا کرتے۔ اور سنانے والے حضرت والد صاحبؒ ہوں یا حضرت بنوریؒ ہم خدام کے لئے تو ہر حال میں چاندی ہی چاندی تھی' اللہ اکبر' یہ پر کیف نورانی مجلسیں کس طرح دیکھتے ہی دیکھتے خواب و خیال ہو گئیں۔ حضرت والد صاحب رحمتہ اللہ علیہ ان محفلوں میں اکثر اپنے اساتذہ کا ذکر فرما کر عجیب کیف کے عالم میں یہ مصرعہ پڑھا کرتے تھے کہ ع

ایک محفل تھی فرشتوں کی جو برخاست ہوئی

کسے خبر تھی کہ چند ہی سالوں میں یہ محفلیں بھی برخاست ہونے والی ہیں!

غرض علمی اور اجتماعی مسائل میں حضرت والد صاحب رحمتہ اللہ علیہ اور حضرت بنوریؒ کا اشتراک عمل ہم خدام کے لئے گوناگوں فوائد کا دروازہ بن گیا۔ اکثر و بیشتر اجتماعی مسائل میں کوئی تحریر لکھی جاتی تو وہ حضرت والد صاحبؒ اور حضرت بنوریؒ کی طرف سے

مشترکہ طور پر شائع ہوتی' اور اس کا مسودہ تیار کرنے کا مرحلہ آتا تو ہم خدام میں سے کسی کو اس کے لئے مامور کیا جاتا' اور بسا اوقات قرعہ فال احقر کے نام پڑتا' مسودے کو جب ان بزرگوں کے سامنے پیش کیا جاتا اور یہ حضرات اس کی عبارت میں کوئی اصلاح فرماتے تو اس سے نت نئے آداب و فوائد حاصل ہوتے تھے اور جب کسی تحریر پر ان حضرات کی طرف سے دعائیں ملتیں تو ایسا محسوس ہوتا کہ دنیا و مافیہا کی تمام نعمتیں دامن میں جمع ہو گئی ہیں۔

حضرت والد صاحبؒ اور حضرت بنوریؒ کی وجہ سے کراچی کو پورے ملک میں علمی اور دینی اعتبار سے مرکزیت حاصل تھی۔ چنانچہ جب کوئی اجتماعی مسئلہ اٹھتا' اطراف ملک سے اہل علم کراچی کا رخ کرتے تھے' اس طرح ان حضرات کے طفیل ملک بھر کے اہل علم و دین سے نیاز حاصل ہوتا رہتا تھا۔ پچھلے سال جب حضرت والد ماجد رحمتہ اللہ علیہ کے وصال کا حادثہ پیش آیا تو اس مرکزیت کا ایک زبردست ستون گر گیا۔ حضرت بنوریؒ اس وقت سکھر میں تھے اور تقریباً سو میل کا سفر کر کے کراچی کے لئے طیارہ پکڑنا چاہا' لیکن سیٹ نہ مل سکی' اور نماز جنازہ اور تدفین میں شامل نہ ہو سکے۔ بعد میں جب تعزیت کے لئے تشریف لائے تو وہ بچوں کی طرح رو رہے تھے' اور زبان پر بار بار بے اختیار یہ جملہ تھا کہ "اب ہم مشورے کے لئے کہاں جائیں گے"؟ کسے معلوم تھا کہ مولانا کا یہ اضطراب صرف سال بھر کا ہے' اور آئندہ سال اسی مہینے میں کراچی کی دینی مرکزیت کا یہ دوسرا ستون بھی گر جائیگا۔ حضرت والد صاحب رحمتہ اللہ علیہ کی وفات کے بعد حضرت بنوریؒ کی ذات ہم سب کے لئے ایک عظیم سہارا تھی آہ! کہ اب یہ سہارا بھی ٹوٹ گیا۔ اب ملک کے دوسرے حصوں کی طرح کراچی میں بھی سناٹا ہی سناٹا ہے۔

انا للہ وانا الیہ راجعون

---

حضرت بنوریؒ کی وفات یوں تو پوری ملت کے لئے ایک عظیم سانحہ ہے' لیکن احقر اور برادر محترم جناب مولانا محمد رفیع عثمانی مدظلہم کے لئے یہ ایسا ہی ذاتی نقصان ہے جیسے مولاناؒ کے قریبی اعزہ کے لئے۔ اس لئے کہ وہ ہم پر اس درجہ شفیق اور مہربان تھے کہ الفاظ کے ذریعہ ان کا بیان ممکن نہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا کرم ہے کہ اس نے بیس سال تک حضرت مولاناؒ کی صحبتیں عطا فرمائیں۔ صرف علمی محفلوں ہی میں نہیں' نجی مجلسوں اور سفر و حضر میں بھی

مولاناؒ کی معیت نصیب ہوئی۔ مولاناؒ کی شفقتوں کا عالم یہ تھا کہ وہ ہماری کمسنی کا لحاظ کرتے ہوئے خود بھی بچوں میں بچے بن جاتے تھے۔

۱۹۶۵ء میں حضرت والد صاحبؒ اور مولاناؒ نے مشرقی پاکستان کا ایک ساتھ تبلیغی سفر کیا' یہ ناکارہ بھی ہمراہ تھا۔ سلہٹ میں ہمارا قیام مجدالدین صاحب مرحوم کے صاحبزادے محی السنّۃ صاحب کے یہاں تھا۔ سلہٹ بڑا سرسبز اور شاداب اور خوبصورت علاقہ ہے' لیکن یہاں پہنچنے کے بعد مسلسل علمی اور تبلیغی مجلسوں کا ایسا تانتا بندھا کہ جس کمرے میں آکر اترے تھے' وہاں سے باہر نکلنے کا موقع ہی نہ ملا' یہاں تک کہ جب اگلے دن فجر کی نماز سے فارغ ہوئے تو حضرت والد صاحبؒ اسی کمرے میں اپنے وظائف و اوراد کے معمولات میں مشغول ہوگئے اور حضرت مولانا بنوریؒ نے بھی اپنے وظائف شروع کردیئے۔ میں اس انتظار میں تھا کہ ذرا مہلت ملے تو حضرت والد صاحبؒ سے اجازت لے کر کہیں ہوا خوری کے لئے باہر چلا جاؤں۔ مولاناؒ نے میرا یہ ارادہ بھانپ لیا اور خود ہی بلا کر پوچھا "کیا باہر جانا چاہتے ہو"۔ مجھے مولاناؒ نے بے تکلف بنایا ہوا تھا' میں نے عرض کیا حضرت ارادہ تو ہے مگر آپ بھی تشریف لے چلیں تو بات بنے۔ بس یہ سننا تھا کہ مولاناؒ اپنے معمولات کو مختصر کرکے تیار ہوگئے اور خود ہی حضرت والد صاحبؒ سے فرمایا ذرا میں تقی میاں کو سیر کرالاؤں۔ چنانچہ باہر نکلے اور تقریباً گھنٹہ بھر تک مولاناؒ اس ناکارہ کے ساتھ کبھی چائے کے باغات میں' کبھی شہر کے اونچے اونچے ٹیلوں پر گھومتے رہے' سلہٹ کے علاقے میں نباتات اس کثرت سے پائی جاتی ہیں کہ ایک گز زمین بھی خشک تلاش کرنی مشکل ہے۔ مولاناؒ جب کوئی خاص پودا دیکھتے تو اس کے بارے میں معلومات کا ایک دریا بہنا شروع ہوجاتا' اس پودے کا اردو میں یہ نام ہے عربی میں یہ نام ہے فارسی اور پشتو میں فلاں نام ہے' اور اس کے یہ یہ خصائص ہیں...... غرض یہ تفریح بھی ایک دلچسپ درس میں تبدیل ہوگئی۔

مجھے بعد میں خیال بھی ہوا کہ مولاناؒ کے گھٹنوں میں تکلیف ہے' اور میں نے خوامخواہ مولاناؒ کو زحمت دی' چنانچہ میں نے کئی بار اپنی جسارت پر معذرت کی لیکن مولاناؒ ہر بار یہ فرماتے کہ مناظر قدرت اللہ کا بہت بڑا عطیہ ہیں اور انہیں دیکھ کر نشاط حاصل کرنے کا شوق انسان کا فطری تقاضا ہے۔ تمہاری وجہ سے میں بھی ان مناظر سے محظوظ ہوگیا اور پھر جتنے دن سلہٹ میں رہے' روزانہ فجر کے بعد یہ معمول بن گیا۔ مولاناؒ کے زیر سایہ سلہٹ کی یہ سیر

تفریح کی تفریح ہوتی' اور درس کا درس ہوتا' مولاناؒ کو معلوم تھا کہ احقر کو عربی سے لگاؤ ہے۔ اس لئے مولاناؒ اس دوران عربی ادب کے لطائف و ظرائف بیان فرماتے۔ نادر اشعار سناتے' شعراء عرب کے درمیان محاکمہ فرماتے' اور اس تفریح میں نظروں کے ساتھ قلب و روح بھی شاداب ہو کر لوٹتے تھے۔

اسی طرح ایک مرتبہ برادر محترم جناب مولانا محمد رفیع عثمانی مدظلہم (مہتمم دارالعلوم کراچی) ڈھاکہ میں حضرت والد صاحبؒ کے ساتھ تھے' مولاناؒ بھی تشریف فرما تھے' مولاناؒ نے خود بھائی صاحب سے فرمایا کہ چلو تمہیں چاٹگام کی سیر کرالاؤں۔ چنانچہ والد صاحبؒ سے اجازت لیکر مولاناؒ اور بھائی صاحب ڈھاکہ سے چاٹگام روانہ ہوگئے' ریل میں جگہ تنگ تھی' اور ایک ہی آدمی کے لیٹنے کی گنجائش تھی۔ مولاناؒ نے بھائی صاحب کو لیٹنے کا حکم دیا' لیکن بھائی صاحب نہ مانے' تو انہیں زبردستی لٹادیا' اور خود ان کی ٹانگوں کو اس زور سے پکڑ کر ان کے پاؤں کی طرف لیٹ گئے کہ وہ اٹھ نہ سکیں' اپنے ایک شاگرد کے ساتھ یہ معاملہ وہی شخص کر سکتا ہے جسے اللہ نے حقیقی تواضع کے مقام بلند سے سرفراز کیا ہو۔

مولاناؒ کی شفقتوں کا کہاں تک شمار کیا جاسکتا ہے؟ بفضلہ تعالیٰ ان کے ساتھ بہت سے سفروں میں بھی رفاقت نصیب ہوئی اور ہر سفر مولاناؒ کی محبت و عظمت اور عقیدت میں کئی گنا اضافہ کرکے ختم ہوا۔ اپنے رفقاء کے ساتھ مولاناؒ کا طرز عمل حیرت انگیز حد تک مشفقانہ ہوتا تھا' اور اس ناچیز کے ساتھ تو مولانا بالکل ایسا معاملہ فرماتے تھے اور احقر کا ایسی باریک بینی کے ساتھ خیال رکھتے تھے جیسے کوئی باپ اپنے کمسن بچے کا خیال رکھتا ہے۔ رمضان ۱۳۹۵ھ میں مولاناؒ جب افریقہ کے سفر پر جانے لگے تو احقر کو بھی رفاقت کا شرف عطا فرمایا۔ پہلے ہم حجاز گئے اور اللہ تعالیٰ نے حجاز تک والد صاحبؒ کی معیّت بھی نصیب فرمادی' لیکن حضرت والد صاحبؒ آخر رمضان میں واپس کراچی تشریف لے آئے اور احقر حضرت بنوریؒ کے ساتھ حجاز میں ٹھہر گیا' ان دنوں حضرت والد صاحبؒ کی طبیعت ناساز تھی' اس لئے صبح و شام انتہائی ان فکر مند رہتا تھا کہ بھوک اڑ گئی تھی۔ مولاناؒ کو احساس تھا کہ حضرت والد صاحبؒ سے جدائی احقر کے لئے انتہائی صبر آزما ہے۔ وہ خود فرماتے تھے کہ میں جانتا ہوں' تمہیں اپنے والد صاحبؒ سے عشق ہے' اس لئے مولاناؒ اپنی شگفتہ مزاجی سے میری فکر کو زائل کرنے کی کوشش فرماتے رہتے تھے' اس کے بعد ہم نیروبی پہنچے تو وہاں کی آب و ہوا قدرتی

مناظر اور خشک موسم سے میری صحت پر اچھا اثر ہوا' ادھر حضرت والد صاحبؒ کی صحت کی خبر بھی مل گئی تھی' اس لئے میری طبیعت میں قدرے شگفتگی اور نشاط پیدا ہوگیا۔ اسی دوران ایک دوپہر کو ہم کھانے پر بیٹھے تھے' میرے اور مولاناؒ کے درمیان دو آدمی حائل تھے' کھانے کے بعد جب احقر مولاناؒ کے کمرے میں پہنچا تو فرمانے لگے آج مجھے بڑی خوشی ہورہی ہے۔ میں نے عرض کیا کیوں' فرمایا "آج کے کھانے پر تم نے رغبت کے ساتھ دو سے زیادہ روٹیاں کھائی ہیں"۔

مولاناؒ کا یہ جواب سن کر میں دنگ رہ گیا۔ اللہ اکبر! مولاناؒ اپنے ایک ناکارہ خادم کے بارے میں یہاں تک خیال رکھتے تھے کہ اس کی بھوک میں کیا کمی اور کیا اضافہ ہورہا ہے؟ اور یہ تو ایک چھوٹا سا واقعہ ہے' اگر میں مولاناؒ کے ساتھ کئے ہوئے سفروں کے واقعات لکھنے شروع کروں تو ایک مفصل مقالہ صرف اس کے لئے چاہیئے احقر نے افریقہ سے واپسی پر حضرت والد صاحبؒ سے مولاناؒ کی اس قسم کی رعایتوں کا ذکر کیا تو حضرت والد صاحبؒ نے فرمایا : "یہ وصف صرف کتابیں پڑھنے سے انسان میں پیدا نہیں ہوتا' یہ جوہر بزرگوں کی صحبت سے ملتا ہے"۔

یوں تو احقر مولاناؒ کا شاگرد ہی تھا اور ہر ملاقات میں مولاناؒ سے کوئی نہ کوئی علمی فائدہ حاصل ہوجاتا تھا لیکن ان سے باقاعدہ کوئی کتاب پڑھنے کا موقع نہیں ملا تھا۔ احقر نے کئی بار خواہش ظاہر کی تو مولاناؒ طرح دے گئے۔ افریقہ کے سفر میں احقر نے تہیہ کیا کہ اس موقع سے یہ فائدہ ضرور اٹھانا چاہیے۔ اتفاق سے احقر نے مدینہ طیبہ سے اصول حدیث پر حافظ ابن کثیرؒ کی ایک کتاب "الباعث الحثیث" خریدلی تھی۔ احقر نے عرض کیا کہ میں یہ کتاب آپ سے پڑھنا چاہتا ہوں۔ مولاناؒ شروع میں اپنی تواضع کے سبب انکار فرماتے رہے' بالآخر احقر نے ایک روز فجر کے بعد مولاناؒ سے عرض کیا کہ میں اس کتاب کی عبارت آپ کے سامنے پڑھتا جاؤں گا کسی موقع پر آپ کا دل چاہے تو کچھ بیان فرمادیں ورنہ میں صرف عبارت پڑھنے پر اکتفا کروں گا۔ اس پر مولاناؒ راضی ہوگئے۔ میں جانتا تھا کہ جب بات چھڑے گی تو مولاناؒ خاموش نہ رہ سکیں گے۔ چنانچہ احقر نے عبارت پڑھنی شروع کی بس پھر مولاناؒ کھل گئے' اور تقریباً کتاب کے ہر فقرے پر کچھ نہ کچھ نئے افادات بیان فرمائے۔ افسوس ہے کہ حضرت والد صاحبؒ کی علالت کی بناء پر مجھے افریقہ سے جلد واپس آنا پڑا اور یہ کتاب مولاناؒ کے سامنے

مکمل نہ ہو سکی، لیکن بحمد اللہ اس طرح ضابطے کا تلمذ بھی مولاناؒ سے حاصل ہو گیا۔ مندرجہ ذیل باتیں جو مولاناؒ نے اس درس میں بیان فرمائی تھیں اب تک یاد ہیں :۔

(۱) حافظ ابن کثیرؒ اگرچہ مسلکاً شافعی ہیں، لیکن علامہ ابن تیمیہؒ کے شاگرد ہونے کی وجہ سے ان کے متعدد تفردات میں ان کے ہم نوا ہیں، مثلاً شدِّ رحال کے مسئلے میں۔

(۲) علماء حدیث کا اس مسئلہ میں اختلاف رہا ہے کہ کونسی سند اصح الاسانید ہے۔ امام احمدؒ نے "زہری عن سالم عن ابیہ" کو اصح الاسانید قرار دیا ہے۔ علی ابن المدینیؒ نے محمد بن سیرین عن عبیدۃ عن علیؓ کو، یحییٰ بن معینؒ نے "اعمش عن ابراہیم عن علقمہ عن ابن مسعودؓ" کو لیکن درحقیقت ان میں سے کسی کو علی الاطلاق اصح الاسانید کہنا مشکل ہے۔ درحقیقت اقوال کا یہ اختلاف اپنے اپنے علاقوں کی وجہ سے ہے۔ امام احمدؒ کا قول اہل مدینہ کے لحاظ سے درست ہے، علی ابن المدینیؒ کا قول اہل بصرہ کے لحاظ سے صحیح ہے، اور یحییٰ بن معینؒ کا قول اہل کوفہ کے لحاظ سے، اس کے علاوہ بھی اس درس کی بعض باتیں احقر کے پاس لکھی ہوئی محفوظ ہیں۔

احقر پر حضرت بنوریؒ کے احسانات میں سے ایک عظیم احسان یہ تھا کہ جب سے البلاغ شائع ہونا شروع ہوا، وہ احقر کی تحریروں پر عام طور سے ایک سرسری نظر ضرور ڈال لیتے تھے، اور ملاقات کے وقت کوئی قابل اصلاح بات ہوتی تو اس پر تنبیہ بھی فرمادیتے، اور کوئی بات پسند آتی تو اس پر حوصلہ افزائی بھی فرماتے۔ اور یہ بات احقر کے لئے مایۂ صد افتخار ہے کہ حضرت مولاناؒ نے البلاغ کی تحریروں پر اظہار پسندیدگی کرتے ہوئے اپنی تصنیف "معارف السنن" کا ایک سیٹ احقر کو بطور انعام عطا فرمایا جس کی پہلی جلد پر اپنے قلم سے یہ عبارت نہایت پاکیزہ خط میں تحریر فرمائی کہ "أتحف هذا الكتاب باجزاءه الستة المطبوعة الى الاخ في الله [illegible] محمد تقي اعجابا بمقالاته البليغة في كتابات مجلته التهذيبية "البلاغ" خصوصا في رده على كتاب "خلافت وملوكيت" ردا بليغا نافعا حفظه الله ووفقه لامثال امثاله وهو الموفق۔

كتبه محمد يوسف البنوري ۲۶۔۳۔۹۱ھ

جہاں تک کتابی علم کا تعلق ہے، دنیا میں اب بھی اس کی کمی نہیں، نہ جانے کتنے بڑے بڑے محققین آج بھی موجود ہیں، لیکن اللہ تعالیٰ نے اکابر علماء دیوبند کو جو خصوصیت عطا

فرمائی تھی وہ یہی تھی کہ علم وفضل کا دریائے ناپید اکنار ہونے کے باوجود ان کی ادا سادگی اور تواضع میں ڈوبی ہوتی تھی۔ حضرت مولانا بنوریؒ کو بھی اللہ تعالیٰ نے اپنے مشائخ کی اس میراث سے حصہ وافر عطا فرمایا تھا' ان کے عظیم کاموں کا راز درحقیقت ان کے اخلاص' ان کی للّٰہیت ان کی سادگی و بے تکلفی اور ان کی تواضع میں تھا۔

مولاناؒ کے عملی کارناموں میں سب سے نمایاں کارنامہ تحریک ختم نبوت کی کامیاب قیادت تھی۔ قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دینے کا مطالبہ سالہا سال سے چلا آرہا تھا' اور ۱۹۵۳ء میں ہزارہا مسلمانوں نے اس کیلئے عظیم قربانیاں دی تھیں' لیکن اللہ تعالیٰ نے اس مسئلے کو سرکاری اور قانونی سطح پر ۱۹۷۳ء کی جس تحریک کے ذریعے حل کرایا اس کے قائد مولانا بنوریؒ تھے۔ اس تحریک کے دوران احقر کو مولاناؒ کے ساتھ کئی سفروں میں ساتھ رہنے کا موقع ملا' اور احقر نے ان کے جس طرز عمل کا مشاہدہ کیا اس کے پیش نظر احقر کو یہ یقین ہوگیا تھا کہ انشاءاللہ یہ تحریک ضرور کامیابی سے ہمکنار ہوگی۔

کوئٹہ کے سفر میں احقر مولاناؒ کے ہمراہ تھا' یہاں مولاناؒ کو کل چوبیس گھنٹے ٹھہرنا تھا جس میں تین مجلسوں سے خطاب کرنا تھا' ایک پریس کانفرنس تھی گورنر بلوچستان سے ملاقات تھی اور عشاء کے بعد جامع مسجد میں ایک عظیم الشان جلسہ عام تھا۔ سارے دن مولاناؒ کو ایک لمحہ بھی آرام نہ مل سکا' اور رات کو جب ہم جلسہ عام سے فارغ ہو کر آئے تو بارہ بج چکے تھے۔ خود میں تھکن سے نڈھال ہو رہا تھا' مولاناؒ تو یقیناً مجھ سے زیادہ تھکے ہوئے ہوں گے' میں نے بارہا کوشش کی تھی کہ مولاناؒ کبھی جسمانی خدمت کا موقع دیدیں' لیکن وہ ہمیشہ سختی سے انکار فرما دیتے تھے۔ اس رات احقر نے کچھ ایسے ملتجیانہ انداز میں مولاناؒ سے پاؤں دبانے کی اجازت چاہی کہ مولاناؒ کو رحم آگیا' اور انہوں نے اجازت دیدی لیکن یہ محض میری خاطر داری تھی' چنانچہ ہر تھوڑی دیر بعد وہ کچھ دعائیں دے کر پاؤں سمیٹنے کی کوشش کرتے' بالآخر میں نے جب محسوس کیا کہ ان کو پاؤں دبوانے کی راحت سے زیادہ طبیعت پر بار ہو رہا ہے تو میں نے چھوڑ دیا۔ اس کے بعد میں سوگیا' رات کے آخری حصے میں آنکھ کھلی تو دیکھا کہ مولانا کی چارپائی خالی ہے اور وہ قریب بچھے ہوئے ایک مصلے پر سجدے میں پڑے ہوئے سسکیاں لے رہے ہیں۔ اللہ اکبر! ایسے سفر' اتنی تکان اور اتنی مصروفیات میں بھی ان کا نالۂ نیم شبی جاری تھا' یہ دیکھ کر مجھے ایک تو ندامت ہوئی کہ مولاناؒ اپنے ضعف' علالت اور سفر کے باوجود

بیدار ہیں اور ہم صحت اور نوعمری کے باوجود محو خواب! اور دوسری طرف یہ اطمینان بھی ہوا کہ جس تحریک کے قائد کا رشتہ ایسے ہنگامہ دار وگیر میں بھی اپنے رب کے ساتھ اتنا مستحکم ہو انشاء اللہ وہ ناکام نہیں ہوگی۔

اس زمانے میں ملک بھر میں مولاناؒ کا طوطی بول رہا تھا' اخبارات مولاناؒ کی سرگرمیوں کی خبروں سے بھرے ہوئے ہوتے تھے۔ اور ان کی تقریریں اور بیانات شہ سرخیوں سے شائع ہوتے تھے' چنانچہ جب صبح ہوئی تو میزبانوں نے اخبارات کا ایک پلندہ لاکر مولاناؒ کے سامنے رکھ دیا' یہ اخبارات مولاناؒ کے سفر کوئٹہ کی خبروں' بیانات' تقریروں اور تصویروں سے بھرے ہوئے تھے۔ مولاناؒ نے یہ اخبارات اٹھا کر ان پر ایک سرسری نظر ڈالی اور پھر فوراً ہی انہیں ایک طرف رکھ دیا' اس کے بعد جب کمرے میں کوئی نہ رہا تو احقر سے فرمایا :

"آجکل جو کوئی تحریک دین کے لئے چلائی جائے اس میں سب سے بڑا فتنہ نام ونمود کا فتنہ ہے۔ یہ فتنہ دینی تحریکوں کو تباہ کرڈالتا ہے۔ مجھے بار بار یہ ڈر لگتا ہے کہ میں اس فتنہ کا شکار نہ ہو جاؤں اور اس طرح یہ تحریک نہ ڈوب جائے۔ دعا کیا کرو کہ اللہ تعالیٰ اس فتنے سے ہم سب کی حفاظت فرمائے' ورنہ یہ ہمارے اعمال کو تو بے وزن بنا ہی دے گا' اس مقدس تحریک کو بھی لیکر بیٹھ جائے گا۔"

یہ بات فرماتے ہوئے مولاناؒ کے چہرہ پر کسی تصنع یا تکلف کے آثار نہ تھے' بلکہ دل کی گہرائیوں میں پیدا ہونے والی تشویش نمایاں تھی......! مولانا بنوریؒ کے علم وفضل اور دین کے لئے ان کی جدوجہد کے حالات تو انشاء اللہ بہت لکھے جائیں گے' لیکن مولانا بنوریؒ کے اصل کمالات یہ تھے جو انہیں اپنے بزرگوں کی خدمت وصحبت سے حاصل ہوئے تھے۔ خوف وخشیت' بیم ورجاء' اخبات وانابت اور اخلاص وللّٰہیت کی یہ صفات تھیں جنہوں نے ان کو مقبولیت کے اس مقام بلند تک پہنچایا اور جنہوں نے ان کے کاموں میں برکت اور ان کی جدوجہد کو کامیابی عطا کی۔ رحمہ اللہ تعالیٰ و طیب ثراہ و جعل الجنۃ مثواہ !!

والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمتہ اللہ علیہ کی وفات ہم لوگوں کے لئے زندگی کا سب سے بڑا دھکا اور سب سے بڑا حادثہ تھا' اس حادثے پر جن بزرگوں نے سرپرستی فرما کر ہم لوگوں کی ڈھارس بندھائی ان میں ہمارے مرشد ومربی عارف باللہ ڈاکٹر عبدالحیٔ صاحب عارفی (متعنا اللہ بطول حیاتہ بالعافیۃ) حال صدر دارالعلوم کراچی کے

احسانات تو بے حد و حساب ہیں ہی' اللہ تعالیٰ ان کے فیوض سے تادیر مستفید ہونے کی توفیق کامل مرحمت فرمائے۔ آمین' لیکن مدارس کے ماحول میں حضرت بنوریؒ کی ذات ہمارے لئے بہت بڑا سہارا تھی۔

حضرت والد صاحبؒ کی وفات کے بعد برادر محترم جناب مولانا محمد رفیع صاحب عثمانی مد ظلہم العالی کو دارالعلوم کے اہتمام کی ذمہ داری قبول کرنے میں بڑا تردّد تھا اس موقع پر حضرت بنوری رحمۃ اللہ علیہ نے بھائی صاحب کو بلا کر باصرار فرمایا کہ یہ فریضہ آپ ہی پر عائد ہوتا ہے' اور آپ ہی اسے بہتر طور پر انجام دے سکتے ہیں' اور ساتھ ہی ایک مہتمم مدرسہ پر جو فرائض عائد ہوتے ہیں' ان کے بارے میں ایسے زریں رہنما اصول بھائی صاحب مد ظلہم کو بتلائے جو مولاناؒ کے تجربات کا نچوڑ تھے' اور اب تک بھائی صاحب کی رہنمائی کر رہے ہیں۔

حضرت والد صاحبؒ سے مولاناؒ کو جو تعلق تھا' مولاناؒ نے آخر دم تک اس کا حق ادا کیا' وقتاً فوقتاً دارالعلوم تشریف لا کر رہنمائی فرماتے رہے' ایک مرتبہ تو بغیر کسی سابقہ اطلاع کے تشریف لے کر آئے جس کی مسرت و حلاوت اب تک محسوس ہو رہی ہے۔ بلکہ یہ بھی ارادہ ظاہر فرمایا کہ میں مہینے میں کم از کم ایک دن دارالعلوم میں گزارنا چاہتا ہوں۔ گوناگوں مصروفیات کے سبب پھر اس کا تو موقع نہ مل سکا لیکن ان کی توجہات اور عنایتیں مسلسل اہل دارالعلوم کو حاصل رہیں۔ حضرت والد صاحبؒ کی وفات کے بعد بخاری شریف کا افتتاح بھی مولاناؒ نے کرایا۔

اور ابھی وفات سے ٹھیک ایک ہفتہ پہلے جب دارالعلوم میں تعلیم کا آغاز ہو رہا تھا تو برادر محترم جناب مولانا محمد رفیع صاحب عثمانی نے مولاناؒ سے فون پر عرض کیا کہ "حضرت! اب تو ہمیں آپ سے بخاری شریف کا افتتاح کرانے کی عادت ہو گئی ہے۔" جواب میں پہلے تو مزاحاً فرمایا کہ : "لیکن التزام تو مستحبات کا بھی واجب الترک ہو جاتا ہے' اور آپ تو فقہاء ہیں۔" بھائی صاحب نے فرمایا۔ "حضرت یہ التزام نہیں' اعتیاد ہے۔" فرمانے لگے کہ "اگر آپ نہ کہتے تب بھی میری یہی خواہش ہوتی۔" بھائی صاحب نے عرض کیا کہ "صبح نو بجے انشاء اللہ گاڑی پہنچ جائے گی' لیکن ہمارے پاس سوزوکی ہے' اور اسے حضرتؒ کے پاس بھیجتے ہوئے ندامت ہوتی ہے کہ اس میں آپ کو (گھٹنوں کی تکلیف کی وجہ سے) زحمت ہوتی ہے۔" فرمانے لگے "نہیں' نہیں! وہ تو بڑی آرام دہ گاڑی ہے' آپ اس کی بالکل فکر نہ

کریں۔" شام کو بھائی صاحب نے احقر سے فرمایا کہ مولاناؒ سے دوپہر کے کھانے کی بھی درخواست کروں' چنانچہ احقر نے فون پر عرض کیا کہ "اگر افتتاح بخاری کے ساتھ دوپہر کا کھانا بھی یہیں ہو جائے تو مزید کرم ہو" فرمایا : "کچھ حرج نہیں' البتہ میرے ساتھ مدینہ طیبہ کے شیخ عبدالقادر بھی ہوں گے' ان کے لئے بغیر مرچ کا کھانا بنوالینا' اور مجھے چونکہ پرہیز ہے اس لئے تھوڑی سی یخنی بنوالینا۔ مگر بس تھوڑی سی ہو' لقیمات یقمن صلبہ ("چند چھوٹے سے نوالے لینے ہیں جو پشت سیدھی رکھ سکیں)" مولاناؒ نے یہ فرمائش کرکے مزید دل خوش کردیا۔

دوشنبہ ۲۵ شوال ۱۳۹۷ھ کو مولاناؒ تشریف لائے' طبیعت بحال نہ تھی' اور چلنا پھرنا تو عرصہ سے دوبھر تھا' لیکن نہایت شگفتگی کے ساتھ تشریف فرما ہوئے' اور فرمانے لگے کہ "محض تحلۃً للقسم تھوڑا سا بیان کروں گا زیادہ کی ہمت نہیں' لیکن جب درس شروع ہوا تو طبیعت کھل گئی اور تقریباً ایک گھنٹہ تدوین حدیث کے موضوع پر بڑی فاضلانہ تقریر فرمائی' جس کا خلاصہ اسی شمارے میں عزیزم مولوی شیخ رحیم الدین سلمہ کے قلم سے الگ شائع ہو رہا ہے۔ درس کے بعد دیر تک حاضرین کو اپنے علمی لطائف وظرائف سے محظوظ فرماتے رہے' اسی دوران ہم نے چائے کے لئے درخواست کی تو فرمایا کہ "خفیف قسم کی چائے بنوالو" لیکن پھر خود ہی فرمایا کہ "خفیف ہونے کا فیصلہ کون کرے گا! لہٰذا چائے بنانے والے سے کہو کہ وہ پتیلی میں پانی جوش دے کر یہیں لے آئے' پتی میں خود ڈالوں گا۔" چنانچہ ایسا ہی کیا گیا اور تمام چیزوں کی طرح چائے کے بارے میں بھی مولاناؒ کا ذوق بڑا نفیس تھا' فرمایا کرتے تھے کہ اچھی چائے کی تین خصوصیات ہیں۔ لبِ دوز ہو' لبِ سوز ہو اور لبریز ہو۔

چائے کے بعد حضرت والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مزار مبارک پر تشریف لے گئے' اور واپس آکر دوپہر کا کھانا تناول فرمایا' برادر محترم جناب مولانا محمد رفیع عثمانی پاس بیٹھے تھے' وہ جس جس چیز کے تناول فرمانے کی درخواست کرتے' مولاناؒ لے لیتے' کسے معلوم تھا کہ دارالعلوم میں یہ آخری بار مولاناؒ کی خاطرداری ہو رہی ہے' اور ایک ہفتہ بعد ٹھیک اسی دن اور اسی وقت مولاناؒ ملاء اعلیٰ کی مہمانی کے لئے تیار ہو رہے ہوں گے!

*******

# مولاناؒ کا آخری سفر

اسی روز مولاناؒ نے احقر سے پوچھا : "اسلامی مشاورتی کونسل کا اجلاس جمعرات کو ہے 'کب چلوگے؟" احقر نے عرض کیا : "جب آپ تشریف لے جائیں" فرمایا : "میں نے جمعرات کی صبح آٹھ بجے کے طیارے سے سیٹ بک کرالی ہے۔" میں نے عرض کیا : "میں بھی اسی سے بکنگ کرالیتا ہوں" اس طرح مولاناؒ کے آخری سفر میں بھی اللہ تعالیٰ نے احقر کو رفاقت کا شرف عطا فرمادیا۔

جمعرات آئی 'صبح کو میں ایئرپورٹ پہنچا تو مولاناؒ تشریف نہیں لائے تھے 'میں دروازے پر انتظار کرتا رہا 'تھوڑی دیر بعد مولانا تشریف لائے 'کچھ دنوں سے عام طور پر حضرت بنوریؒ کے ساتھ سفر میں مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق صاحب ہوا کرتے تھے 'لیکن اس بار وہ صرف پہنچانے کے لئے آئے 'اور ساتھ جانے کے لئے حضرتؒ کے صاحبزادے مولانا محمد بنوری صاحب سلمہ تھے۔ طیارے میں ہم ساتھ چڑھے 'میں نے اور مولانا محمد صاحب نے مولاناؒ کو اپنے کندھے کا سہارا کرنا چاہا 'لیکن وہ جہاز کی سیڑھیوں کی دو رویہ دیواروں سے سہارا لیکر چڑھتے رہے 'کسے معلوم تھا کہ یہ مولاناؒ کا آخری سفر ہے 'اور اسی لئے قدرت نے اس سفر میں خلاف معمول ان کے صاحبزادے کو ساتھ کردیا ہے۔ بظاہر طیارہ راولپنڈی جارہا تھا اور مولاناؒ کو اسلام آباد جانا تھا 'لیکن یہ کون جانے کہ مولاناؒ کی منزل مقصود اسلام آباد سے بہت آگے ہے 'اور وہ اس سفر پر روانہ ہورہے ہیں جہاں سے کوئی لوٹ کر دنیا میں نہیں آتا 'ہمارے کان تو فضائی عملے کا صرف یہ اعلان سن رہے تھے کہ یہ طیارہ گیارہ ہزار میٹر کی بلندی پر پرواز کرتا ہوا انشاء اللہ ایک گھنٹہ پچیس منٹ میں اسلام آباد کے ہوائی اڈے پر پہنچے گا" لیکن یہ کسی کو خبر نہ تھی کہ مولاناؒ کے لئے یہ کہیں اور سے بلاوا آیا ہے۔

کس نہ دانست کہ منزل گہ مقصود کجاست
این قدرہست کہ بانگ جرسے می آید

مولاناؒ کو سفر میں چونکہ معاون کی ضرورت ہوتی تھی 'اس لئے وہ اسلامی کونسل کے اجلاس میں اپنے کسی رفیق کو اپنے خرچ پر ساتھ لے جاتے تھے 'میں نے مولاناؒ سے عرض کیا کہ "حضرت آئندہ آپ کو اپنی خدمت کے لئے کسی کو ساتھ لانے کی ضرورت نہیں 'میں ساتھ موجود ہوتا ہوں 'اور مجھے علیحدہ کمرے میں قیام کی بھی ضرورت نہیں 'میں آپ ہی کے

کمرے میں آپ کے ساتھ ٹھہر جایا کروں گا' اور اس طرح مجھے بھی تحصیل سعادت کا موقع مل جائے گا۔" مولاناؒ اس پر مسرور تو ہوئے' لیکن فرمایا : "آپ کو اس نیت کا ثواب مل گیا' نیۃ المرء خیر من عملہ (انسان کی نیت اس کے عمل سے بہتر ہے) میں ابھی اپنا کام خود کر لیتا ہوں' میں نے اس وقت زیادہ اصرار نہ کیا کہ آئندہ سفر کے موقع پر دیکھا جائے گا۔ لیکن یہ معلوم نہ تھا کہ قدرت یہ الہامی الفاظ زبان سے ادا کرا رہی ہے' اور احقر کی اس نیت کو نیت ہی رہنا ہے' اس کے ملبوس عمل ہونے کی نوبت کبھی نہ آسکے گی۔

طیارے میں مولاناؒ حسب معمول شگفتہ رہے' اور جمعرات کا دن بھی ہشاش بشاش رہ کر گزارا' اس روز کونسل کی دو نشستیں تھیں' مولاناؒ نے دونوں میں بھرپور حصہ لیا' جمعہ کو تیسری نشست تھی۔ اس میں مولاناؒ نے کونسل میں ایک نہایت اصولی' مختصر' مگر جامع تقریر فرمائی جو مولاناؒ کی آخری تقریر تھی۔ کونسل کی نشستوں میں ایجنڈے سے باہر کی باتیں بھی بعض اوقات چھڑ جاتی ہیں' اسی سلسلہ میں دراصل ہوا یہ تھا کہ بعض حضرات نے مولاناؒ سے فرمائش کی تھی کہ وہ ٹیلی ویژن پر خطاب فرمائیں' مولاناؒ نے ریڈیو پر خطاب کرنے کو تو قبول کر لیا تھا' لیکن ٹیلی ویژن پر خطاب کرنے سے معذرت فرمادی تھی کہ یہ میرے مزاج کے خلاف ہے۔ اسی دوران غیر رسمی طور پر یہ گفتگو بھی آئی تھی کہ فلموں کو مخرب اخلاق عناصر سے پاک کر کے تبلیغی مقاصد کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟ اس بارے میں مولاناؒ نے جو کچھ ارشاد فرمایا اس کا خلاصہ یہ تھا :۔

اس سلسلہ میں میں ایک اصولی بات کہنا چاہتا ہوں' اور وہ یہ کہ ہم لوگ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس بات کے مکلف نہیں ہیں کہ جس طرح بھی ممکن ہو' لوگوں کو پکا مسلمان بنا کر چھوڑیں' ہاں اس بات کے مکلف ضرور ہیں کہ تبلیغ دین کے لئے جتنے جائز ذرائع و وسائل ہمارے بس میں ہیں ان کو اختیار کر کے اپنی پوری کوشش صرف کر دیں۔ اسلام نے ہمیں جہاں تبلیغ کا حکم دیا ہے' وہاں تبلیغ کے باوقار طریقے اور آداب بھی بتائے ہیں' ہم ان طریقوں اور آداب کے دائرے میں رہ کر تبلیغ کے مکلف ہیں' اگر ان جائز ذرائع اور تبلیغ کے ان آداب کے ساتھ ہم اپنی تبلیغی کوششوں میں کامیاب ہوتے ہیں تو عین مراد ہے' لیکن اگر بالفرض ان جائز ذرائع سے ہمیں مکمل کامیابی حاصل نہیں ہوتی تو ہم اس بات کے مکلف نہیں ہیں کہ ناجائز ذرائع اختیار کر کے لوگوں کو دین کی دعوت دیں' اور آداب تبلیغ کو پس پشت ڈال کر جس جائز و ناجائز طریقے سے ممکن ہو' لوگوں کو اپنا ہمنوا بنانے کی کوشش کریں۔ اگر ہم جائز وسائل کے ذریعے اور آداب تبلیغ کے ساتھ ہم ایک شخص کو بھی دین کا پابند

بنادیں گے تو ہماری تبلیغ کامیاب ہے' اور اگر ناجائز ذرائع اختیار کرکے ہم سو آدمیوں کو بھی اپنا ہم نوا بنالیں تو اس کامیابی کی اللہ کے یہاں کوئی قیمت نہیں۔ کیونکہ دین کے احکام کو پامال کرکے جو تبلیغ کی جائے گی وہ دین کی نہیں کسی اور چیز کی تبلیغ ہوگی۔ فلم اپنے مزاج کے لحاظ سے بذات خود اسلام کے احکام کے خلاف ہے' لہٰذا ہم اس کے ذریعے تبلیغ دین کے مکلف نہیں ہیں۔ اگر کوئی شخص جائز اور باوقار طریقوں سے ہماری دعوت کو قبول کرتا ہے تو ہمارے دیدہ ودل اس کے لئے فرش راہ ہیں' لیکن جو شخص فلم دیکھے بغیر دین کی بات سننے کے لئے تیار نہ ہو اسے فلم کے ذریعے دعوت دینے سے ہم معذور ہیں' اگر ہم یہ موقف اختیار نہ کریں تو آج ہم لوگوں کے مزاج کی رعایت سے فلم کو تبلیغ کے لئے استعمال کریں گے کل بے حجاب خواتین کو اس مقصد کے لئے استعمال کیا جائے گا' اور رقص و سرود کی محفلوں سے لوگوں کو دین کی طرف بلانے کی کوشش کی جائے گی' اس طرح ہم تبلیغ کے نام پر خود دین کے ایک ایک حکم کو پامال کرنے کے مرتکب ہوں گے۔"

یہ کونسل میں مولاناؒ کی آخری تقریر تھی' اور غور سے دیکھا جائے تو یہ تمام دعوت دین کا کام کرنے والوں کے لئے مولاناؒ کی آخری وصیت تھی جو لوح دل پر نقش کرنے کے لائق ہے۔

مولاناؒ کی اس تقریر کے بعد وہ غیر رسمی گفتگو تو ختم ہوگئی' اور پھر ایجنڈے کے مطابق کارروائی ہوتی رہی جس میں مولاناؒ نے حصہ لیا۔

شام کو کونسل کی چوتھی نشست تھی' اور اس میں بھی مولاناؒ پورے نشاط طبع کے ساتھ تشریف لے گئے' جاتے ہوئے حضرت بنوریؒ کار کی اگلی نشست پر تشریف فرما تھے' اور احقر پچھلی نشست پر تھا' احقر کو اجلاس میں ایک مسودہ پیش کرنا تھا' اس لئے راستے میں اس پر نظر ثانی کرنے لگا۔ عصر کے بعد کا وقت تھا' اور کار سبزہ و گل سے لدے ہوئے پہاڑ کے دامن میں بل کھاتی ہوئی سڑک پر جارہی تھی جس کے دونوں طرف سرسبز مناظر تھے۔ مولاناؒ نے پیچھے مڑ کر میری طرف دیکھا تو میں قلم ہاتھ میں لئے مسودے کی نوک پلک ٹھیک کررہا تھا' مولاناؒ نے فرمایا : "ایھا الشیخ الشابّ[1] !" (نوجوان بڑے میاں) ذرا اس وقت تو یہ کام رہنے دو' باہر کی طرف دیکھو' کیسے حسین مناظر ہیں؟ ان قدرتی مناظر کا بھی کچھ حق ہے' اور یہ ان کا حق ادا کرنے کا وقت ہے"............ مجھے اپنی کوتاہی کا بھی احساس ہوا' اور مولاناؒ کی

---

[1] مولانا جب بہت شگفتہ ہوتے تو اکثر احقر کو ان الفاظ سے خطاب کیا کرتے تھے۔

عظمت کا بھی کہ مذاق ہی مذاق میں حق شناسی کی کیسی تعلیم دیدی' اور مناظر قدرت سے لطف اندوز ہونے کو بھی عبادت بنادیا۔

یہ کونسل میں مولاناؒ کی آخری تشریف آوری تھی' نماز مغرب انہوں نے ہی پڑھائی اور دیر تک دعائیں کراتے رہے' مغرب کے بعد بھی دیر تک اجلاس جاری رہا اور وہ اس میں پوری شگفتگی کے ساتھ شریک رہے' عشاء کے بعد ہم واپس گورنمنٹ ہاسٹل آگئے' مولاناؒ اپنے کمرے میں تشریف لے گئے اور میں اپنے کمرے میں آگیا۔

ہفتے کی صبح ناشتے کے بعد مجھے مولاناؒ کے کمرے میں جانا تھا۔ برادر محترم مولانا سمیع الحق صاحب مدیر ماہنامہ الحق' احقر کے بھتیجے مولوی محمود اشرف عثمانی سلمہ' اور عم زادہ جناب زاہد حسن انصاری صاحب بھی میرے پاس آئے ہوئے تھے' اور رات میرے ساتھ رہے تھے' ہم سب مولاناؒ کے کمرے میں پہنچے تو معلوم ہوا کہ مولاناؒ کے گلے میں کوئی تکلیف ہوئی ہے اور مولوی محمد بنوری صاحب سلمہ ان کو معائنہ کیلئے پولی کلینک لے گئے ہیں۔ تھوڑی دیر بعد مولاناؒ تشریف لے آئے' اور ہمیں دیکھ کر سوال کے بغیر ہی فرمایا کہ صبح میرے گلے میں کچھ عجیب سی تکلیف ہوئی۔ ڈاکٹر نے معائنہ کے بعد بتایا کہ یہ دل کی تکلیف نہیں ہے' لیکن آرام کی ضرورت ہے' مولوی محمد صاحب نے مجھ سے الگ بتایا کہ ڈاکٹر نے یہ بھی کہا ہے کہ دل پر معمولی دباؤ ہوا ہے۔ مولاناؒ کو چونکہ اس سے پہلے دل کی تکلیف ہو چکی تھی' اس لئے میرا ماتھا ٹھنکا۔ اور میں نے مولاناؒ سے درخواست کی کہ آج کے تمام پروگرام منسوخ کر کے مکمل آرام فرمائیں' ہم نے عرض کیا کہ ہم کمرے کا دروازہ بند کر کے باہر آدمی بٹھا دیتے ہیں تاکہ کوئی اندر نہ جائے۔ مولاناؒ نے فرمایا کہ کچھ زیادہ پریشان ہونے کی ضرورت نہیں' انشاء اللہ تھوڑے سے آرام کے بعد طبیعت بحال ہو جائے گی...... تھوڑی دیر بعد مولاناؒ لیٹ گئے' اور اندازہ ہوا کہ نیند آگئی ہے' چنانچہ ہم باہر چلے آئے۔

اس روز صبح کے وقت کونسل کا کوئی اجلاس نہ تھا' بلکہ ارکان کونسل کو ادارۂ تحقیقات اسلامی کا معائنہ کرنے کے لئے جانا تھا۔ چنانچہ دس بجے میں وہاں چلا گیا۔ دو بجے کے قریب میں واپس آکر اپنے کمرے میں کھڑا ہی ہوا تھا کہ مولاناؒ کے صاحبزادے کا فون آیا کہ مولاناؒ کی طبیعت زیادہ خراب ہے' فوراً پہنچئے۔ میں اسی حالت میں مولاناؒ کے کمرے کی طرف لپکا تو مولوی محمد صاحب سلمہ' کمرے سے باہر آبدیدہ کھڑے تھے' ان کی حالت دیکھ کر مجھے سخت تشویش ہوئی' قریب پہنچ کر معلوم ہوا کہ مولاناؒ کو شدید دورہ ہوا ہے اس وقت مولاناؒ نیم غنودگی کی حالت میں لیٹے تھے' اور وقفے وقفے سے کراہ رہے تھے۔

اتفاق سے اسلامی کونسل کے چیئرمین جناب جسٹس محمد افضل چیمہ صاحب بھی اسی وقت مولاناؒ کی عیادت کے لئے پہنچ گئے تھے' میں اور وہ دونوں فوراً پولی کلینک پہنچے' ڈاکٹر صاحب وہاں موجود نہ تھے تو ان کے گھر جا کر ان سے ملاقات کی' جسٹس چیمہ صاحب نے ان سے مختصراً مولاناؒ کی کیفیت بیان کی' ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ میں نے مولاناؒ سے صبح بھی درخواست کی تھی کہ وہ تین روز کے لئے ہسپتال میں داخل ہو جائیں' مگر وہ نہ مانے اب ان کا ہسپتال میں داخل ہونا ضروری ہے' آپ انہیں پولی کلینک لے آئیں' چیمہ صاحب نے ان سے کہا کہ آپ ایمبولینس کا انتظام کر دیں' انہوں نے اس کا وعدہ کیا' اور ہم ہوسٹل لوٹ آئے۔ یہاں احقر نے جسٹس چیمہ صاحب سے عرض کیا کہ جب ہسپتال میں داخل کرنا ہے تو پولی کلینک کے بجائے کمبائنڈ ملٹری ہسپتال میں داخل کرنا زیادہ مناسب ہوگا' چنانچہ چیمہ صاحب نے مختلف جگہ فون کرکے وہاں داخلے کا انتظام کیا' اور وہاں سے بھی ایک ایمبولینس مولاناؒ کو لینے کے لئے روانہ ہوگئی۔

کافی دیر گزر گئی۔ اور دونوں میں سے کوئی ایمبولینس بھی نہ پہنچی' بار بار فون کرنے کے بعد پولی کلینک کی ایمبولینس چار بجے کے قریب آئی' چونکہ سی ایم ایچ کی ایمبولینس بھی روانہ ہو چکی تھی اور وہ زیادہ آرام دہ ہوتی ہے' اس لئے چیمہ صاحب کی رائے تھی کہ چند منٹ اس کا انتظار کر لیا جائے لیکن مولاناؒ کی کیفیت دیکھ کر لمحہ بہ لمحہ میرا اضطراب بڑھ رہا تھا' میں نے عرض کیا کہ اب مزید انتظار کا تحمل معلوم نہیں ہوتا' اس لئے جو ایمبولینس موجود ہے اسی میں چلنا چاہئے۔ اس دوران برادر محترم مولانا قاری سعید الرحمٰن صاحب (مہتمم جامعہ اسلامیہ راولپنڈی) بھی پہنچ چکے تھے جو ہمیشہ راولپنڈی میں حضرت بنوریؒ کے خصوصی میزبان ہوا کرتے تھے' اور قاری رفیق صاحب بھی آگئے تھے' جو اسلام آباد میں مولاناؒ کے قیام کے دوران ان کی خدمت کا شرف حاصل کرتے تھے۔ جب ہم اسٹریچر لیکر مولاناؒ کے قریب پہنچے تو مولاناؒ بیدار تھے' میں نے جسم کو ہاتھ لگا کر دیکھا تو وہ برف ہو رہا تھا' اور کپڑے پسینے میں اس بری طرح شرابور تھے کہ انہیں بلا تکلف نچوڑا جا سکتا تھا' مولاناؒ نے میری طرف دیکھا تو ایک عجیب کیفیت کے ساتھ فرمایا :

"آج کی تکلیف بالکل نئی قسم کی تکلیف ہے' اس کو ڈاکٹر نہیں سمجھ سکیں گے۔"

اس سے قبل دورے کی شدت کے عالم میں اپنے صاحب زادے سے بھی مولاناؒ یہی بات فرما چکے تھے اور ساتھ ہی یہ بھی کہ "اب میں جا رہا ہوں۔"

احقر نے عرض کیا : "حضرت! اللہ تعالیٰ انشاء اللہ ہم پر فضل فرمائیں گے' ہم آپ

کو کمبائنڈ ملٹری ہسپتال لیجانا چاہتے ہیں۔ "مولاناؒ نے خود سپردگی کے عالم میں فرمایا۔ "جیسے آپ کی مرضی!" جب مولانا محمد صاحب' قاری سعید الرحمٰن صاحب اور قاری رفیق صاحب مولاناؒ کی دائیں جانب سے انہیں اٹھانے کے لئے بڑھے تو فرمایا۔ "میں خود اٹھ جاؤں گا" اور ساتھ ہی کچھ اٹھنے کی کوشش بھی کی لیکن نقاہت اتنی زیادہ تھی کہ اٹھا نہ گیا' ہم سب نے باصرار عرض کیا کہ "آپ بالکل اٹھنے کی کوشش نہ کریں" چنانچہ مولاناؒ کو اسٹریچر پر اٹھا کر ایمبولینس میں سوار کروا گیا' مولانا محمد صاحب' قاری سعید الرحمٰن صاحب اور قاری رفیق صاحب ایمبولینس میں مولاناؒ کے ساتھ بیٹھے' اور مفتی سیاح الدین صاحب اور احقر چیمہ صاحب کے ساتھ ان کی کار میں ہسپتال روانہ ہوئے' راستہ بڑا طویل تھا عصر کے قریب ہم ہسپتال پہنچے' وہاں پہلے سے مولاناؒ کی تشریف آوری کی اطلاع ہو چکی تھی' اور انتہائی طبی توجہ کے شعبے (INTERSINE CARE UNIT) میں مولاناؒ کو داخل کروا دیا گیا۔ اس شعبے میں کسی کو بھی اندر جانے کی اجازت نہ تھی۔ لیکن باہر مولاناؒ کے متعلقین کی بڑی تعداد جمع ہو گئی تھی۔ اللہ تعالیٰ برادر محترم مولانا قاری سعید الرحمٰن صاحب کو جزائے خیر دے کہ انہوں نے مولاناؒ کو راحت پہنچانے کے ممکنہ انتظامات میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی' اگرچہ حضرت سے ملنے کی اجازت کسی کو نہ تھی' مگر قاری رفیق صاحب اور ان کے ایک ساتھی رات کو ہسپتال ہی کے لان میں رہے۔

رات کی میٹنگ کے بعد فون پر احقر نے خیریت معلوم کی تو پتہ چلا کہ بحمد اللہ طبیعت بہتر ہو رہی ہے اور جسم میں گرمی بھی عود کر آئی ہے۔ اس خبر پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا' اتوار کی صبح سویرے بھی خیریت ہی کی اطلاع ملی' اور ساتھ ہی ڈاکٹروں کا یہ ارادہ بھی معلوم ہوا کہ وہ انشاء اللہ ایک دو روز میں مولاناؒ کو آئی سی یو سے ہسپتال کے عام کمرے میں منتقل کر دیں گے۔ اس سے مزید اطمینان ہوا' اتفاق سے اتوار کے روز کونسل کا اجلاس صبح ۹ بجے سے رات ساڑھے بارہ بجے تک جاری رہا' سہ پہر کے وقت جو وقفہ ہوا اس میں بھی ایک ذیلی کمیٹی کام کرتی رہی جس میں احقر بھی شامل تھا۔ البتہ بیچ بیچ میں ہسپتال سے مولاناؒ کی خیریت معلوم ہوتی رہی' رات کے وقت قاری سعید الرحمٰن صاحب کو مولاناؒ سے ملاقات کا موقع مل گیا' اس وقت طبیعت کافی بشاش تھی' مولاناؒ نے قاری صاحب سے باتیں بھی کیں' اور افاقے کا حال بھی بتایا۔

دوشنبہ کی صبح ناشتہ کے بعد میں ہسپتال جانے کی تیاری کر رہا تھا اور خیال یہ تھا کہ انشاء اللہ مولاناؒ کو اچھی حالت میں دیکھوں گا' کہ اچانک فون کی گھنٹی بجی' یہ جسٹس چیمہ

صاحب کا فون تھا' انہوں نے یہ دلخراش خبر سنائی کہ آج صبح مولاناؒ ہم سے رخصت ہو گئے۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون ۔

بیماری کے پہلے دن تشویش تو تھی' لیکن یہ بالکل اندازہ نہ تھا کہ مولاناؒ اتنی جلدی چلے جائیں گے۔ اچانک یہ کرب انگیز خبر صاعقہ بن کر گری' ہوش و حواس قابو میں نہ رہے' افتاں خیزاں ہسپتال پہنچے تو مولاناؒ اس دار المحن کی سرحد پار کر چکے تھے' کھلے ہوئے پُرنور چہرے پر ایک عجیب طرح کا سکون طاری تھا جیسے ایک تھکا ہوا مسافر منزل پر پہنچ کر آسودہ ہو گیا ہو ع

عمر بھر کی بے قراری کو قرار آہی گیا

دل کی گہرائیوں سے دعا نکلی کہ اللّٰھم اکرم نزلہ و وسّع مدخلہ و أبدلہ داراً خیراً من دارہ اھلاً خیراً من أھلہ ونقہ من الخطایا کما ینقی الثوب الأبیض من الدنس و بلغہ الدرجات العلیٰ من الجنۃ ۔ امین ۔

حضرت بنوریؒ کی وفات کے ساتھ ایک پوری قرن کا خاتمہ ہو گیا' یہ حادثہ صرف مولاناؒ کے اعزہ کا نہیں' پورے ملک کا' پوری ملت کا' بلکہ پورے عالم اسلام کا حادثہ ہے۔ اس حادثے سے دار العلوم کراچی بھی اتنا ہی متاثر ہوا ہے جتنا مدرسہ عربیہ نیو ٹاؤن۔ اور احقر کے لئے تو متعدد جہات سے یہ ایک عظیم ذاتی سانحہ ہے' اور شاید یہی وجہ ہے کہ ملک کے بہت سے حضرات نے اس حادثہ پر جہاں مولاناؒ کے اعزہ کے پاس تعزیتی خطوط روانہ کئے ہیں' وہاں احقر اور برادر محترم جناب مولانا محمد رفیع عثمانی صاحب کو بھی تعزیت کے لئے خطوط لکھے ہیں' میں ان حضرات کا تہ دل سے شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اس صدمہ جانکاہ کی نوعیت کو محسوس فرما کر اس مشکل وقت میں اظہار ہمدردی فرمایا۔

اللہ تعالیٰ کی رضا پر راضی رہنا ایک مسلمان کا شیوہ ہونا چاہیے' اس لئے عظیم صدمے کے باوجود جس کے بعد کمر ٹوٹی ہوئی معلوم ہوتی ہے' اس بات پر ایمان ہے کہ جو کچھ ہوا وہی اللہ تعالیٰ کی حکمت کا مقتضا تھا۔ اب تو یہی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حضرت مولاناؒ بنوری قدس سرہ کو اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے' ان کے متعلقین کو صبر جمیل کی توفیق بخشے اور ان کے نسبی و روحانی وارثوں اور بطور خاص برادر عزیز مولانا محمد بنوری صاحب کو توفیق عطا

فرمائے کہ وہ اس صدمے پر صبر جمیل کے ساتھ مولاناؒ کے نقش قدم پر چل کر اس مشن کو آگے بڑھائیں جس کا پرچم سربلند رکھنے کے لئے مولاناؒ نے آخر وقت تک جدوجہد جاری رکھی، اور جس کی خاطر انہوں نے غریب الوطنی میں جان دی۔

اللّٰھمّ لا تحرمنا اجرہ و لا تفتنّا بعدہ، إنّ فیك عزاءً من كلّ مصیبة و خلفاً من كلّ هالك، ولا حول ولا قوة إلّا بك، ولا ملجأ ولا منجا منك إلّا إلیك۔

البلاغ جلد ۱۱ شمارہ ۱۲

# استاذ محترم حضرت مولانا اکبر علی صاحبؒ

گذشتہ چند سالوں میں علماء صلحاء اس تیزی کے ساتھ دنیا سے اٹھے ہیں کہ اہل علم کی محفل یک بیک سنسان ہو کر رہ گئی ہے۔ کچھ زیادہ دیر کی بات نہیں کہ ملک ان دلآویز شخصیتوں سے مالا مال نظر آتا تھا جو علم و فضل اور ورع و تقویٰ میں اکابر علمائے دیوبند کی یادگار تھے، جنہوں نے ان نفوس قدسیہ کے جمال جہاں آراء کا نظارہ کیا تھا جو دارالعلوم دیوبند کی چٹائیوں پر بیٹھ کر برصغیر کی علمی، دینی، تبلیغی اور سیاسی تاریخ کے دھارے موڑتے رہے، اور جن کے کردار و عمل نے قرونِ اولیٰ کی یاد تازہ کردی۔

لیکن چند سال سے یہ بساط اتنی تیزی کے ساتھ لپٹ رہی ہے کہ جدھر نظر اٹھاؤ، سناٹا نظر آتا ہے۔ حضرت مولانا ظفر احمد صاحب عثمانیؒ، حضرت مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلویؒ، حضرت مولانا خیر محمد صاحب جالندھریؒ، حضرت مولانا مفتی شفیع صاحبؒ، حضرت مولانا اطہر علی صاحبؒ یہ سارے بزرگ دو ڈھائی سال کے عرصے میں ایک ایک کر کے راہیٔ آخرت ہوگئے، اور ابھی حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری صاحبؒ کی وفات نے تو ایسا لگتا ہے کہ کمر ہی توڑ دی ہے۔

حضرت مولانا بنوریؒ کی وفات کو ابھی پندرہ دن بھی نہ ہوئے تھے کہ ہمارے استاذ محترم حضرت مولانا اکبر علی صاحبؒ بھی داغ مفارقت دے گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

یوں تو ایک عالم کا دنیا سے اٹھ جانا پورے عالم کے لئے ایک زبردست حادثہ ہوتا ہے لیکن خاص طور سے دارالعلوم کراچی کیلئے یہ بہت بڑا نقصان ہے۔ حضرت مولانا اکبر علی صاحبؒ اس وقت دارالعلوم کے بزرگ ترین استاذ تھے، جنہوں نے مظاہر العلوم سہارنپور کے اکابر علماء سے براہ راست علم دین حاصل کیا، پھر حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانویؒ کی عرصہ دراز تک صحبت اٹھائی اور پورے پچاس سال علوم دین کی تدریس میں مصروف رہے وہ ان خوش نصیب اہل علم میں سے تھے جنہیں حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوریؒ اور حضرت مولانا محمد یحییٰ صاحب کاندھلویؒ کی زیارت اور ان

سے استفادے کی بھی سعادت ملی تھی۔

استاذ محترمؒ سہارنپور کے باشندے تھے، اور ۱۳۴۲ھ میں مظاہر العلوم سہارنپور میں طالب علم کی حیثیت سے داخل ہوئے، جہاں انہوں نے شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا صاحب مدظلہم، حضرت مولانا حافظ عبداللطیف صاحبؒ، حضرت مولانا عبدالرحمان صاحب کیمبلپوریؒ، حضرت مولانا منظور احمد خان صاحبؒ، حضرت مولانا اسعد اللہ صاحبؒ، حضرت مولانا زکریا صاحب قدوسیؒ، حضرت مولانا مفتی ضیاء احمد صاحب گنگوہیؒ اور حضرت مولانا صدیق احمد صاحبؒ جیسے بلند پایہ اساتذہ سے علوم دین کی تعلیم حاصل کی اور شعبان ۱۳۴۷ھ میں وہیں سے فارغ التحصیل ہوئے۔

حضرت مولاناؒ کی لیاقت اور علمی استعداد کی بنا پر اسی سال شوال میں آپ کو مظاہرالعلوم میں بحیثیت معین مدرس مقرر کر دیا گیا۔ اس کے بعد آپ مظاہرالعلوم کے باضابطہ استاذ کی حیثیت سے مسلسل تیس سال تک علمی و دینی خدمات انجام دیتے رہے۔ مظاہرالعلوم میں قیام کے دوران حضرت مولاناؒ کے ہاتھوں اطراف عالم کے ہزارہا شاگرد عالم بنے جو اپنے اپنے حلقوں میں دینی خدمات کے اندر مصروف ہیں۔ اس دوران آپ وعظ و ارشاد کے لئے بھی ہندوستان کے مختلف حصوں میں تشریف لے جاتے رہے اور ایک مرتبہ اسی سلسلے میں برما کا بھی دورہ کیا۔

اسی عرصہ میں آپ ایک مرتبہ سال بھر کی طویل رخصت لے کر علاج کے سلسلے میں لاہور تشریف لے گئے، اسی زمانے میں مولانا ظفر علی خان مرحوم کا مشہور اخبار "زمیندار" ہندوستان بھر میں بڑے ذوق و شوق سے پڑھا جاتا تھا، اس یک سالہ تعطیل کے دوران مولاناؒ اس اخبار کے شعبہ ادارت سے مدیر معاون کی حیثیت میں وابستہ رہے۔

۱۳۷۶ھ میں جب دارالعلوم کراچی نانک واڑہ کی قدیم عمارت سے کورنگی کے وسیع رقبہ زمین پر منتقل ہوا تو احقر کے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ کی دعوت پر مولانا موصوفؒ نے یہاں فرائض تدریس انجام دینا منظور فرما لیا، آپ محرم الحرام ۱۳۷۷ھ میں کراچی تشریف لا کر ہمارے دارالعلوم میں مصروف تدریس ہوئے، اور گذشتہ بیس سال سے یہاں تدریسی خدمات انجام دے رہے تھے۔

اس طرح گذشتہ شعبان میں استاذ محترمؒ کی تدریس کو پورے پچاس سال مکمل ہوئے

تھے۔ اس نصف صدی کے دوران بڑے بڑے علماء نے مولاناؒ کے سامنے زانوے تلمذتہ کیا۔ مشاہیر میں سے حکیم الامت حضرت تھانویؒ کے خلیفۂ مجاز حضرت مولانا ابرار الحق مدظلہم بھی مولاناؒ کے شاگرد ہیں، اور ان کے علاوہ جن معروف اہل علم نے مولاناؒ سے علم حاصل کیا ان میں سے چند کے اسماء گرامی درج ذیل ہیں۔

"رئیس التبلیغ حضرت مولانا محمد یوسف صاحب کاندھلویؒ سابق امیر جماعت تبلیغ، حضرت مولانا انعام الحسن صاحب مدظلہم حال امیر جماعت تبلیغ، حضرت مولانا عبداللہ صاحب مدظلہم ناظم جماعت تبلیغ، حضرت مولانا سعید احمد خان صاحب امیر تبلیغی جماعت حجاز، حضرت مولانا نسیم احمد صاحب بجنوری، مولانا مفتی منظور احمد صاحب بجنوری سابق ایڈیٹر ماہنامہ نظام کانپور وغیرہ۔ یہ حضرات وہ ہیں جنھوں نے سہارنپور میں مولاناؒ سے کسب فیض کیا۔"

اور دارالعلوم کراچی میں جن اہل علم نے مولاناؒ سے پڑھا ان میں حضرت مولانا محمد رفیع صاحب عثمانی مدظلہم حال مہتمم دارالعلوم کراچی، مولانا مفتی عبداللہ صاحب مہتمم مدرسہ اسلامیہ منگذوبرا، مولانا عبدالرشید صاحب افغانی ناظم جمعیۃ علماء انگلستان لندن، مولانا مفتی بشیر احمد صاحب قاضی ومفتی تحصیل باغ آزاد کشمیر، مولانا عزیز الرحمان صاحب سواتی استاذ دارالعلوم کراچی وغیرہم بطور خاص قابل ذکر ہیں۔

یوں تو مولاناؒ کو تحریر و تصنیف سے بھی شغف تھا، اور اظہار الحق کا اردو ترجمہ مولاناؒ کی قابل قدر یادگار ہے، لیکن ان کا اصل میدان تدریس ہی تھا، ان کا انداز تدریس اس قدر دلنشیں ہوتا تھا کہ مشکل سے مشکل بحث پانی ہو جاتی تھی۔ اس ناکارہ نے مولاناؒ سے توضیح، جلالین اور صحیح مسلم شریف پڑھی ہے، اور اس وقت پڑھی جب مولاناؒ کے قویٰ مضبوط اور تدریسی کمال اپنے شباب پر تھا، ہمیں مولاناؒ کے درس میں کبھی کوئی مشکل بحث معلوم نہیں ہوئی۔ "توضیح" اصول فقہ کی بڑی معیاری کتاب ہے اور اسکے مباحث خاصے دقیق ہیں، لیکن مولاناؒ سے پڑھتے وقت ہمیں وہ بالکل سہل ممتنع معلوم ہوئی اور اس میں اور "نورالانوار" میں دقت کے اعتبار سے کوئی فرق معلوم نہیں ہوا، دقت کا اندازہ اس وقت ہوا جب "توضیح" خود پڑھانے کا اتفاق ہوا۔ اس وقت پتہ چلا کہ اس کتاب کو ہم جس قدر آسان سمجھتے تھے وہ درحقیقت مولاناؒ کے کمالِ تفہیم کا اثر تھا۔

تفسیر سے مولاناؒ کو خاص شغف تھا' اور ان کا جلالین کا درس اس قدر سلیس 'رواں، شگفتہ اور مفید ہوتا تھا کہ قرآن کریم کے مضامین بڑی خوبی کے ساتھ ذہن نشین ہوتے جاتے تھے۔ مباحث میں تفصیل واختصار کے لحاظ سے مولاناؒ کے یہاں آغاز سال اور اختتام سال کے درمیان کوئی امتیاز نہ تھا' وہ جس معیار پر شوال میں درس شروع فرماتے اسی معیار پر شعبان تک ثابت قدم رہتے' اور کتابیں اپنے وقت پر ختم ہو جاتی تھیں۔

مولاناؒ کے درس میں خارجی باتیں 'لطائف اور قصے وغیرہ بہت کم ہوتے تھے' اس کے باوجود وہ زیر درس بحث ہی کو اس قدر دلچسپ اور شگفتہ بنا کر پیش کرتے تھے کہ شروع سے اخیر تک درس کی شادابی برقرار رہتی تھی۔ مولاناؒ کا امتحان بھی تمام طلباء میں بڑا سخت مشہور تھا۔ کیونکہ مولاناؒ عام طور سے مشہور امتحانی مقامات سے ہٹ کر سوالات مرتب کیا کرتے 'اور ان کے امتحان میں ذہانت اور استعداد کے ساتھ حافظے کا امتحان بھی ہوتا تھا۔ اسکے علاوہ مولاناؒ نمبر دینے میں بھی محتاط تھے۔ چنانچہ جس کتاب کا امتحان مولاناؒ کے پاس چلا جاتا' اس سے ڈر ہی لگا رہتا کہ خدا جانے نتیجہ کیا ہو؟ چنانچہ احقر کے امتحانات میں دو تلخ یادیں انہی کتابوں سے متعلق ہیں جن کا امتحان 'مولاناؒ کے پاس تھا کیونکہ ان کتابوں میں ہمارے نمبر توقع کے بالکل برخلاف تیسرے درجے کے نمبر تھے اور پھر دورہ حدیث کے سال میں یہ خوشگوار یاد بھی کہ سنن نسائی کے امتحان میں مولاناؒ نے احقر کو اتنے نمبر دیئے کہ خود مولاناؒ کے ارشاد کے مطابق اپنی تدریس کی تاریخ میں کسی کو کبھی اتنے نمبر نہیں دیئے تھے' بلکہ احقر کے پرچے پر ۵۳ نمبر دیکر ایک تاریخی نوٹ لکھا کہ یہ پرچہ مستحق انعام ہے۔

"اظہار الحق" کا اردو ترجمہ جو "بائبل سے قرآن تک" کے نام سے شائع ہوا ہے' مولاناؒ کی گرانقدر یادگار ہے۔ حضرت مولانا رحمت اللہ صاحب کیرانویؒ کی یہ کتاب ردعیسائیت میں بے نظیر کتاب ہے' لیکن دنیا کی پانچ زبانوں میں ترجمہ ہونے کے باوجود اردو کا دامن اس قیمتی علمی سرمائے سے خالی تھا۔ آج سے اٹھارہ سال پہلے جب راقم دورہ حدیث کا طالب علم تھا' حضرت مولانا نور احمد صاحب مدظلہم "سابق ناظم دارالعلوم کراچی" کی فرمائش پر حضرت مولانا اکبر علی صاحبؒ نے اس کتاب کا اردو ترجمہ شروع کیا اور چھ ماہ کی مسلسل محنت کے بعد اسے پایہ تکمیل تک پہنچا دیا۔ مولاناؒ کا کمال یہ تھا کہ انہوں نے یہ ترجمہ کسی مددگار کتاب کے بغیر مکمل فرمایا۔ حد یہ ہے کہ کتب مقدسہ کی عبارتوں کا ترجمہ کرتے وقت بائبل کے

موجودہ اردو ترجمے کو بھی سامنے نہیں رکھا۔ اور اس کے باوجود بائبل کی دقیق ترین عبارتوں کا ترجمہ اتنا صحیح اور برمحل کیا کہ بعد میں جب احقر نے بائبل کے دوسرے ترجموں کے ساتھ اس کا مقابلہ کیا تو بعض جگہ حیرت ہوگئی۔ کیونکہ اگر بائبل کا مسلسل ترجمہ کیا جاتا تو بھی وہ انتہائی مشکل کام تھا' چہ جائیکہ مسلسل کتاب کے بجائے صرف ان اقتباسات کا ترجمہ کیا جائے جو عام طور سے سیاق و سباق کی مدد کے بغیر سمجھ میں نہیں آتے۔

بالآخر مولاناؒ کے اس کارنامے کی خدمت کی سعادت مجھ ناچیز کو حاصل ہوئی اور پھر یہ ترجمہ احقر کی تشریح و تحقیق اور مبسوط مقدمے کے ساتھ شائع ہوا اور اس کام کی تکمیل پر مولاناؒ کی طرف سے بے شمار دعائیں نصیب ہوئیں۔

مولاناؒ کی عمر ستر سے متجاوز ہو چکی تھی' لیکن اس ضعف کی حالت میں بھی ان کی ہمت اور جسمانی محنت کا حوصلہ جوانوں کیلئے بھی لائق صد رشک تھا اور وہ اپنی ہمت کی بنا پر بسا اوقات جوانوں کو شرمندہ کردیتے تھے۔ ایک مرتبہ دارالعلوم میں اسباق تقسیم ہو رہے تھے ایک سبق جسکا وقت ظہر کے متصل بعد طے ہوا تھا۔ کئی نوجوان اساتذہ پر پیش کیا گیا لیکن ہر ایک اسے لیتے ہوئے کسمسا رہا تھا' کیونکہ سبق ایسا تھا جس کے لئے اہتمام کے ساتھ مطالعے کی ضرورت تھی' اور ظہر کے متصل بعد کا وقت کسل کا وقت ہوتا ہے جب کئی نوجوان اساتذہ اسے قبول کرنے میں اپنے تامل کا اظہار کر چکے تو مولاناؒ نے فرمایا: "بھائی اس سبق کیلئے نوجوانوں کو تکلیف نہ دو' اسے مجھ بوڑھے کے نام لکھ دو" اور مولاناؒ کے اس جملے نے ہم سب کو پانی پانی کردیا۔

مولاناؒ ایک عرصے تک تو دارالعلوم کے احاطے ہی میں رہے' لیکن تقریباً تین سال پہلے انھوں نے شہر میں اپنا مکان بنوالیا تھا' اور اپنے اہل و عیال کے ساتھ اس میں منتقل ہو گئے تھے' اس مکان کا فاصلہ دارالعلوم سے سترہ اٹھارہ میل کے قریب ہوگا' لیکن مولاناؒ اتنی دور سے پوری پابندیٔ وقت کے ساتھ دارالعلوم تشریف لاتے اور شام کو واپس جاتے تھے۔ اور ایک سال قبل تک یہ سارا سفر بس میں طے کرتے تھے۔ دارالعلوم کی طرف سے بارہا ان سے عرض کیا گیا کہ حسب سابق دارالعلوم ہی میں قیام اختیار فرمالیں' لیکن وہ بعض ذاتی مصالح کی بنا پر اپنی جگہ مقیم رہے اور اس زبردست صعوبت کو ہنسی خوشی گوارا فرمایا' البتہ پچھلے سال جب ضعف بہت بڑھ گیا تو دارالعلوم کی طرف سے ان کے لئے یہ انتظام کردیا گیا

تھا کہ شہر سے جو گاڑی دارالعلوم کے کام سے روزانہ آتی 'وہ مولانا کو ان کے مکان سے لیکر آیا کرتی تھی۔ اسطرح یہ سفر گاڑی میں ہونے لگا تھا' لیکن اپنے دوسرے کاموں سے انھیں شہر میں جہاں کہیں جانا ہوتا وہ آخروقت تک بس میں سفر کرتے رہے اور یہ بات ان کے جاننے والوں میں مشہور تھی کہ کھچا کھچ بھری ہوئی بس میں جب مولاناؒ بس کا ڈنڈا پکڑ لیتے تو کوئی کڑیل جوان بھی اسے چھڑا نہ سکتا تھا۔

مولاناؒ بڑے خلیق 'ملنسار اور وضع دار بزرگ تھے' اور جس کسی سے ایک مرتبہ تعلق مودت قائم ہو جاتا اسے آخر وقت تک نبھاتے تھے۔ انکی شگفتگیٔ مزاج اور حاضر جوابی سے دارالعلوم کے اساتذہ کی محفلیں باغ و بہار بنی رہتی تھیں۔ احقر کے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ اکثر ان مجلسوں میں مولاناؒ کو چھیڑ دیتے' اور جواب میں ان کے پر لطف فقروں سے محظوظ ہوتے تھے۔ ایک مرتبہ گفتگو یہ چل رہی تھی کہ آج کے زمانے میں بعض فقہی مسائل ایسے پیدا ہو گئے ہیں جن کیلئے کسی مجتہد کی بصیرت درکار ہے۔ اس سنجیدہ گفتگو کے عین درمیان حضرت والد صاحبؒ نے مولاناؒ سے ازراہ مزاح فرمایا۔

"مولانا اکبر علی صاحب! آپ ہی اجتہاد کا دعویٰ کردو"

مولاناؒ نے چند لمحے توقف فرمایا' اور چہرے پر بڑی سنجیدگی اور معصومیت پیدا کر کے جواب دیا : "حضرت۔ کرنے کو تو اجتہاد کا دعویٰ کردوں' لیکن مشکل یہ ہے کہ کوئی تقلید کرنے والا نہیں ملے گا"۔۔۔۔۔۔اور مجلس کشت زعفران بن گئی۔

اس سال رمضان کی تعطیلات کے بعد شوال کے آغاز میں مولاناؒ دارالعلوم تشریف لائے 'برادر محترم جناب مولانا محمد رفیع صاحب عثمانی مہتمم دارالعلوم کراچی سے ملے' اور فرمایا کہ کافی دن سے متعدد عوارض چل رہے ہیں' اور ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ اگر آپ نے آرام نہ کیا تو یا فالج ہو جائے گا یا دل کا حملہ ہو جائے گا۔ بھائی صاحب نے اس پر مولاناؒ کو آرام کا مشورہ دیا اور مولاناؒ نے ایک ماہ کی رخصت علالت لے لی۔ اسی روز احقر کے پاس تشریف لائے تو خلاف معمول معانقہ بھی کیا' اور ساری عمر میں پہلی اور آخری بار احقر کی پیشانی پر بوسہ دے کر یہ دعا دی کہ "اللہ تعالیٰ تم سے اسلامی کونسل میں دین کی صحیح خدمت لے" میں اس غیر معمولی طرز عمل پر حیران بھی تھا اور شرمسار بھی لیکن ایک ہی ہفتے کے بعد معلوم ہو گیا کہ درحقیقت یہ اپنے ایک ناکارہ شاگرد سے الوداعی ملاقات کا خدا ساز اہتمام

تھا۔ چنانچہ عالمِ ہوش میں مولاناؒ سے یہ احقر کی آخری ملاقات تھی۔

ایک ہفتہ بعد جمعہ کے روز جب کہ میں شہر میں تھا' مغرب کے وقت مولاناؒ کا یہ پیغام ان کے صاحبزادے کی معرفت ملا کہ "میری طبیعت زیادہ خراب ہے' ذرا دیر کو آکر مل جاؤ" صاحبزادے سے جو حالت معلوم ہوئی اس سے اندیشہ ہوا کہ یہ دل کا دورہ نہ ہو۔

احقر نے فوراً اپنے کرم فرما ڈاکٹر سید اسلم صاحب کو فون کیا جو حضرت والد صاحبؒ کے خصوصی معالج قلب رہ چکے ہیں' انہوں نے مولاناؒ کو فوراً ہسپتال لانے کا مشورہ دیا' چنانچہ سات بجے کے قریب ہم مولاناؒ کے مکان پر پہنچے تو وہ سینے کے شدید درد سے نڈھال تھے' اور بات کرنا ممکن نہ تھا' احقر صرف اتنا دریافت کر سکا کہ "کیا اب بھی درد ہے؟" مولاناؒ نے اثبات میں سر ہلا دیا' اس کے بعد انہیں ہسپتال لے گئے۔ ڈاکٹر سید اسلم صاحب نے حسب معمول بڑی توجہ سے معائنہ کرنے کے بعد بتایا کہ مولاناؒ کی حالت نازک ہے اور انہیں فوراً انتہائی طبی توجہ (coronary care unit) کے شعبے میں داخل کر دیا جہاں قلب کے علاج کیلئے تمام جدید ترین وسائل مہیا ہیں۔ رات گیارہ بجے تک احقر مولاناؒ کے پاس رہا' ادھر برادر محترم جناب مولانا محمد رفیع صاحب عثمانی مدظلہم مولاناؒ کے پاس آنے کیلئے بے چین تھے' اسلئے احقر دارالعلوم چلا آیا' اور بھائی صاحب' حضرت مولانا سبحان محمود صاحب' حضرت مولانا شمس الحق صاحب اور حضرت مولانا عبدالحق صاحب مدظلہم ہسپتال چلے گئے۔ رات ڈھائی بجے کے قریب یہ حضرات واپس آئے تو قدرے افاقے کی خبر لیکر آئے۔ ہسپتال میں مولاناؒ کے صاحبزادے میاں محمد اسلم صاحب' دارالعلوم کے استاذ مولوی نعمت اللہ صاحب اور ایک طالب علم مولوی فضل الرحمان چترالی رات بھر مولاناؒ کے پاس رہے۔

لیکن مولاناؒ کا وقت آچکا تھا' چار بجے ہسپتال سے یہ جانکاہ خبر ملی کہ مولاناؒ اس دارفانی سے رخصت ہو چکے ہیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

فجر کے بعد حضرت مولانا محمد رفیع صاحب عثمانی مدظلہم نے پردرد انداز میں اس جانکاہ خبر کا اعلان کیا' پورا مدرسہ غم والم کی فضا میں ڈوب گیا۔ دارالعلوم میں تعطیل ہوئی اور سارا دن ایصال ثواب ہوتا رہا۔ مولاناؒ کے اعزہ سے مشورے کے بعد دارالعلوم ہی کے احاطے میں سپرد خاک کرنا طے ہوا۔ چنانچہ تجہیز و تکفین کے بعد ظہر کی نماز کے وقت جنازہ دارالعلوم پہنچ گیا۔ کراچی کے ممتاز اہل علم' مدارس کے اساتذہ و منتظمین' مولاناؒ کے اعزہ' شاگرد اور

متعلقین بڑی تعداد میں دارالعلوم پہنچے' نمازہ جنازہ میں کم و بیش تین ہزار آدمی شریک ہوں گے۔ اور اسطرح نماز ظہر کے بعد علوم قرآن و سنّت کا یہ خادم خدمتِ دین میں اپنی نصف صدی پوری کرنے کے بعد دارالعلوم کے قبرستان میں آسودہ ہوگیا۔ اللہ تعالیٰ انکی بال بال مغفرت فرماکر انہیں اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین۔

مولاناؒ نے اہلیہ کے علاوہ چار صاحبزادے برادرم اختر علی صاحب' میاں محمد اسلم' میاں محمد اجمل' اور میاں محمد اعظم اور چار ہی صاحبزادیاں سوگوار چھوڑی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو صبر جمیل عطا فرمائے' اور انہیں مولاناؒ کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق بخشے۔ آمین۔ مولاناؒ کے اہل خاندان کے علاوہ یہ دارالعلوم کا ناقابلِ تلافی نقصان ہے۔ قارئین البلاغ سے درخواست ہے کہ وہ حضرت مولاناؒ کی روح کو ایصالِ ثواب کرنے کا اہتمام فرمائیں' اور جملہ متاثرین کے لئے صبر جمیل اور نصرت خداوندی کی دعا فرمائیں۔

'البلاغ جلد ۱۲ شمارہ ۱

# آہ پروفیسر حسن عسکری مرحوم

۷ صفر ۱۳۹۸ھ کی صبح اچانک یہ جانکاہ خبر بجلی بن کر گری کہ میرے محسن، کرم فرما اور بزرگ دوست پروفیسر محمد حسن عسکری اچانک اس سفر پر روانہ ہوگئے جہاں سے کوئی لوٹ کر نہیں آتا۔ "بزرگ دوست" کی ترکیب شاید اجنبی اور نامانوس ہو۔ لیکن میرے ساتھ مرحوم کے تعلقات کی جو نوعیت تھی، اس کے اظہار کے لئے مجھے بہت سوچنے کے بعد بھی کوئی اور لفظ نہیں ملا، وہ اپنی عمر، معلومات، تجربے، کہنہ مشقی اور مجھ پر احسانات کی بنا پر میرے بزرگ تھے، لیکن اپنی محبت، بے تکلفی، سادگی، اور میرے ساتھ مجموعی طرز عمل کے لحاظ سے میرے بہترین دوست بھی تھے۔

ان کے اچانک انتقال کی خبر ایسی غیر متوقع اور ناگہانی تھی کہ انھیں خود کندھا دینے، ان کی نماز جنازہ پڑھانے اور انھیں اپنے سامنے قبر میں اتارنے کے باوجود اسکی تصدیق کرنے کو جی نہیں چاہتا، بمشکل پچاس پچپن سال کے درمیان ہوں گے۔ اور ان کے ساتھ میرے گیارہ سالہ تعلق میں کبھی یہ وہم و گمان بھی نہیں ہوا کہ وہ اتنی جلدی ہم سے بچھڑ جائیں گے، لیکن موت ایسی چیز ہے کہ جس نے اندازوں اور تخمینوں کو ہمیشہ شکست دی ہے، پھر بھی انسان اپنی زندگی میں موت کو وہم اور تخمینوں کو یقین سمجھتا آیا ہے۔ اپنے پیاروں کو اپنے ہاتھ سے مٹی دینے کے بعد بھی اس کا نفس یہی فریب دیتا رہتا ہے کہ "ابھی تو میں جوان ہوں۔"

بہرکیف! عسکری صاحب اچانک ہم سے جدا ہوگئے، انکی موت نے نہ جانے کتنے بڑے بڑے منصوبے، کتنی بڑی بڑی امیدیں اور کتنی خوشگوار آرزوئیں پل بھر میں جلا کر راکھ کردی ہیں، اور آج جب کہ راکھ کے اس ڈھیر میں سے ان کے ساتھ گذرے ہوئے لمحات کی یادیں جمع کرنا چاہتا ہوں تو حیرت و حسرت کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آتا۔

عسکری صاحب مرحوم کے ساتھ میرے تعلق کی کہانی بھی عجیب ہے۔ بظاہر ہم دونوں کی دنیا ایک دوسرے سے بالکل الگ تھی۔ وہ اصلاً افسانوی ادب و شعر و تنقید کے آدمی تھے،

اور میں شروع سے دین کا خشک طالب علم' وہ اپنی ادبی تحریروں کی وجہ سے ملک بھر میں مشہور' اور میں بالکل گمنام' وہ شعروادب سے لے کر فلسفہ وسیاست تک ہر کوچے کی خاک چھانے ہوئے' اور میں سدا سے بسم اللہ کے گنبد میں گوشہ نشین۔ اس لئے بظاہر دونوں میں کسی دیر یا تعلق کا سوال نہ تھا۔ کبھی کبھی ادبی پرچوں میں ان کے مضامین ضرور نظر سے گذرتے تھے لیکن کبھی وہم بھی نہ آیا تھا کہ ان سے کوئی قربت قائم ہوسکتی ہے' چنانچہ آج سے گیارہ سال پہلے جب وہ اچانک میرے مکان پر تشریف لائے اور اپنا نام "محمد حسن عسکری" بتایا تو ایک لمحے کے لئے تو ذہن اس "محمد حسن عسکری" کی طرف گیا جس کے تنقیدی شہ پاروں سے ادبی دنیا گونج رہی تھی' لیکن دوسرے ہی لمحے ذہن نے اس خیال کی تردید کردی' دل نے کہا کہ میں کہاں اور وہ کہاں؟ یقیناً یہ کوئی دوسرے صاحب ہوں گے۔ اور جو سراپا مجھے نظر آیا وہ اس مشہور افسانہ نگار اور نقاد کے تصور سے کوئی مطابقت نہ رکھتا تھا۔ سادہ سی شیروانی اور پاجامہ' سر پر ململ کی وہ دوپلی ٹوپی ادا ادا میں مسکنت اور تواضع۔ آکر بیٹھے بھی تو آدھے گھنٹے کی نشست میں دو چار ضروری باتوں کے سوا کچھ نہ بولے۔ اس کم سخن' مرنجان مرنج اور مسکین شخصیت میں مجھے ڈھونڈے سے بھی وہ گونجتا گرجتا نقاد نظر نہ آسکا جس کے تیکھے مضامین اور چوکھے فقروں سے جدید مغربی ادب کا کلیجہ چھلنی ہے۔

وہ میرے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمتہ اللہ علیہ کے پاس کسی دینی مسئلے میں معلومات حاصل کرنے آئے تھے' اور جب انہیں پتہ چلا کہ میں عیسائیت پر کوئی کتاب لکھ رہا ہوں تو ازراہ عنایت میرے پاس بھی تشریف لے آئے' اور اپنے محبوب فرانسیسی مصنف "رینے گینوں" کی ایک انگریزی کتاب مجھے دے کر چلے گئے۔ اس پہلی ملاقات میں مجھے آخر تک اندازہ نہ ہوسکا کہ یہ وہی "محمد حسن عسکری" ہیں جو اپنے افسانوں اور تنقیدوں کیلئے مشہور ہیں۔

لیکن اس کے بعد جب ملاقاتوں کا سلسلہ دراز ہوا' اور اجنبیت کے حجاب اٹھے تب یہ راز کھلا کہ یہ معروف افسانہ نگار شعروادب' تنقید' مصوری اور موسیقی کی سیاحی کے بعد بالآخر دین ومذہب اور تصوّف کی آغوش میں آسودہ ہوگیا ہے۔

عسکری صاحب کو شروع ہی سے مطالعے کا شوق تھا' اسی وجہ سے انھوں نے شادی بھی نہیں کی' اور یہی شوق انھیں کشاں کشاں حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب

تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف اور ان کے مواعظ و ملفوظات تک لے گیا' یہاں پہنچ کر انھیں محسوس ہوا کہ جس علم و حکمت کی تلاش میں انھوں نے اردو' ھندی' انگریزی اور فرانسیسی ادب اور فلسفے کی خاک چھانی ہے وہ تھانہ بھون کے ایک درویش مصنف کی بظاہر بے آب و رنگ تصانیف میں بدرجہ اتم موجود ہے۔ حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف کی تعداد ایک ہزار تک پہنچتی ہے' عسکری صاحب نے ان میں سے بیشتر کتابوں کا ذوق و شوق سے مطالعہ کیا۔ اس دوران ان کی علمی زندگی میں بھی دینی اعتبار سے بڑا خوشگوار تغیر پیدا ہوا۔ سالہاسال سے وہ نہ صرف نماز باجماعت کے پابند بلکہ بہت سے اذکار و اوراد کے بھی عادی تھے۔ تصوف ان کے مطالعے اور دلچسپی کا خاص موضوع تھا' اور حضرت مولانا تھانوی رحمۃ اللہ علیہ سے خصوصی عقیدت کی بنا پر وہ ان سے تعلق رکھنے والے علماء کے پاس آنے جانے لگے' اور میرے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی اتوار کی مجلس میں اکثر و بیشتر پہنچ جاتے تھے۔

جوں جوں عسکری صاحب کو قریب سے دیکھنے کا موقعہ ملا دل میں ان کی محبت و عظمت بڑھتی گئی' وہ صرف اپنے وسیع مطالعے اور وافر معلومات کی بنا پر ہی قابل قدر نہ تھے' بلکہ اپنی خوش خلقی' تواضع' ایثار اور سادگی میں اپنی مثال آپ تھے۔ شرافت و متانت کے ایسے پیکر میں نے زندگی میں کم دیکھے ہیں۔ سالہاسال اس طرح گذرے کہ میں اکثر جمعہ کو ان کے یہاں چلا جاتا' اور وہ تقریباً ہر اتوار کو دارالعلوم آجاتے' اور بسااوقات سارا سارا دن میرے پاس رہتے تھے۔ اس پورے عرصے میں' میں نے ان کے اندر ایک تڑپ موجزن پائی' اور وہ یہ کہ ہمارے زمانے میں جو لوگ مغربی افکار کی چمک دمک سے مرعوب ہیں' کسی طرح انھیں قدیم عربی' فارسی اور اردو کتابوں میں چھپے ہوئے لعل و جواہر سے آشنا کیا جاسکے' تاکہ انھیں معلوم ہو کہ بہت سی وہ بحثیں اور وہ الجھے ہوئے مسائل جو مغربی مفکرین کی ہزار کوششوں کے باوجود الجھتے ہی جارہے ہیں' انھیں ان "دقیانوسی" کتابوں نے کس خوبصورتی سے حل کردیا ہے؟ اپنے آخری دنوں میں بھی وہ عربی اور فارسی کے علم بلاغت کے مطالعے میں مصروف تھے' اور میرے ساتھ ہر نشست میں وہ بلاغت کے کسی مسئلے پر تبادلہ خیال کرتے تھے' مجھ سے اس موضوع پر کئی پرانی کتابیں لیکر پڑھیں اور آخری نشست میں شیخ محمد علی تھانوی کی عربی کتاب "کشاف اصطلاحات الفنون" سے "افعال ناقصہ" کی ایک بحث کا خلاصہ میری

زبانی سنا تو اس کے ایک ایک لفظ پر وجد کرتے رہے کہ اس بحث نے ایک ایسے مسئلے کو بالکل صاف کر دیا ہے جو آجکل مغربی علم لغت کے ماہرین میں طویل مباحث کا محور بنا ہوا ہے۔

میرے نزدیک عسکری مرحوم کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ انھوں نے اپنے مضامین کے ذریعے مغرب کی مرعوبیت بلکہ ذہنی غلامی کے بتوں کو پاش پاش کیا ہے' وہ اپنے وسیع و عمیق مطالعے کے ذریعے اس راز کو پا چکے تھے کہ مغرب کی سب سے بنیادی گمراہی مابعد الطبیعت سے اعراض ہے' اور یہ گمراہی صرف فلسفے اور اخلاق وغیرہ تک محدود نہیں رہی' بلکہ اس نے مغرب کی ایک ایک حرکت و نقل کو متاثر کیا ہے' یہاں تک کہ وہ ادب' شاعری اور تنقید میں بھی ایسے غیر محسوس انداز سے رچ بس گئی ہے کہ سرسری نظر میں اسکا اندازہ بھی نہیں ہوتا۔ چنانچہ انیسویں صدی کے آخر اور بیسویں صدی کی ابتداء میں جن مسلمانوں نے مغربی ادب کا مطالعہ کیا انھوں نے اس کی بہت سی باتیں معصوم اور بے ضرر سمجھ کر اپنا لیں' حالانکہ ان کا رشتہ درحقیقت مغرب کی اسی بنیادی گمراہی سے جڑا ہوا تھا۔ اس ضمن میں عسکری صاحب نے سرسید' حالی اور شبلی مرحوم پر جو تنقیدیں کی ہیں وہ انکی باریک بینی اور سوچ کی گہرائی کی دلیل ہیں۔

میری ادارت میں نکلنے والے ماہنامے "البلاغ" میں انھوں نے بڑے گرانقدر مضامین لکھے ہیں' ان میں سب سے پہلے مضمون کا عنوان تھا "اردو کی ادبی روایت کیا ہے؟" اس مضمون کا بنیادی نقطہ یہی ہے کہ شعر و ادب اور تنقید میں بھی ہم نے شعوری یا غیر شعوری طور پر مغرب کی تقلید کر کے اپنا رشتہ اپنے اس عظیم سرمائے سے کاٹ لیا ہے' جو نہ صرف مغرب کی فکری اڑان سے بالاتر تھا' بلکہ آج مغرب کے مفکرین جن مسائل کے گرداب میں سرگرداں ہیں ان سے نجات کا واحد راستہ بھی وہیں سے نکل سکتا ہے۔ عسکری صاحب کا یہ مضمون ادبی حلقوں میں عرصے تک موضوع گفتگو بنا رہا' اس پر کچھ لے دے بھی ہوئی' لیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ اس نے ادب اور تنقید کے شائقین کے سامنے فکر و نظر کی نئی راہیں کھولی ہیں۔

عسکری صاحب چونکہ مختلف افکار' فلسفوں اور نظام ہائے حیات کے مشاہدہ نما مطالعے کے بعد پوری بصیرت کے ساتھ دین کی طرف آئے تھے اس لئے ان کی دینی فکر میں دور دور تک معذرت خواہی کی کوئی پرچھائیں تک نہیں تھی' انھوں نے دینی فکر کو پورے اعتماد و

یقین کے ساتھ اپنایا تھا' اسلئے انہیں وہ مکتب فکر بھی ایک آنکھ نہیں بھایا جو مغربی افکار سے مرعوب ہو کر دین میں کتر بیونت کے درپے ہے چنانچہ وہ دین میں تحریف کی کوششوں کو سیکولرازم سے زیادہ خطرناک سمجھتے تھے۔

ان کی بیشتر زندگی انگریزی ادب پڑھانے میں گزری' اور وہ اردو کی طرح انگریزی کے بھی صاحبِ طرز ادیب تھے' اس لئے میں نے بارہا ان سے فرمائش کی کہ وہ بعض دینی کتابوں کا انگریزی میں ترجمہ کریں' شروع میں یہ کہہ کر عذر کرتے رہے کہ دین کا معاملہ نازک ہے' لیکن پھر انہوں نے خود ہی سب سے پہلے میرے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمتہ اللہ علیہ کے ایک مقالے "اسلام کا نظام تقسیم دولت" کا انگریزی ترجمہ کیا جو جناب پروفیسر کرار حسین صاحب کی نظر ثانی کے بعد (Distribution Of Wealth In Islam) کے نام سے چھپا' اور اب تک بلامبالغہ لاکھوں کی تعداد میں شائع ہو چکا ہے۔

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کی کتاب "الانتباہات المفیدہ" میری طرح عسکری صاحب کو بھی پسند تھی' کیونکہ اس میں مغرب کی اہم گمراہیوں اور مغربی طرز استدلال کی بنیادی خامیوں کو بڑے مختصر اور جامع انداز میں بیان کیا گیا ہے۔ چنانچہ میری فرمائش پر عسکری صاحب نے اس کتاب کا بھی بڑا دلکش ترجمہ کیا۔ اصل کتاب چونکہ بہت مختصر اور اصطلاحات سے پر تھی' اس لئے یہ بڑا مشکل کام تھا' لیکن عسکری صاحب نے اس کے ترجمے میں غیر معمولی فضل و کمال کا مظاہرہ کیا ہے۔ یہ کتاب بھی جناب پروفیسر کرار حسین صاحب کی نظر ثانی کے بعد Answer to Modernism کے نام سے شائع ہو چکی ہے' اور واقعہ یہ ہے کہ یہ انگریزی ترجمہ مجھے اصل سے زیادہ آسان معلوم ہوتا ہے۔

میری فرمائش پر عسکری صاحب نے اردو میں بھی ایک کتاب لکھی تھی جس میں ارسطو اور افلاطون سے لے کر جدید مغربی فلاسفہ تک تمام مشہور مفکرین کے بنیادی فلسفوں کو بڑے اختصار اور جامعیت کے ساتھ بیان کیا تھا' اور مغرب کی فکری گمراہیوں کی ایک جامع فہرست بڑی دیدہ ریزی سے مرتب کی تھی۔ انہوں نے بارہا یہ کتاب شائع کرانی چاہی مگر وہ نظر ثانی کے ارادے سے ٹلتی رہی۔ ابھی چند ماہ پہلے انہوں نے اس کی اشاعت پر رضامندی ظاہر کر دی تھی لیکن ابھی چھپ نہیں سکی تھی کہ وہ رخصت ہو گئے۔ یہ کتاب

ان کے مسودات میں محفوظ ہوگی۔

پھر اللہ تعالیٰ کو عسکری صاحب سے ایک اور عظیم الشان کام لینا تھا جو انکی زندگی کے تمام دوسرے کاموں پر بھاری تھا۔ میرے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ایک اردو تفسیر "معارف القرآن" آٹھ جلدوں میں شائع ہو چکی ہے' اور غالباً عصر حاضر کی اردو تفاسیر میں سب سے زیادہ مفصل اور جامع تفسیر ہے۔ میں نے عسکری صاحب سے فرمائش کی کہ وہ اسکا انگریزی ترجمہ شروع کر دیں۔ ابتداء میں وہ عذر کرتے رہے لیکن چونکہ وہ خود اسکی ضرورت محسوس کرتے تھے کہ انگریزی میں کوئی مستند اور مفصل تفسیر منظر عام پر آئے۔ اس لئے بالآخر اس شرط پر راضی ہوگئے کہ میں بھی مشورے میں برابر شریک رہوں۔ چنانچہ تقریباً تین سال پہلے انہوں نے ایک عظیم الشان کام کا بیڑا اٹھالیا۔ وہ ہفتہ بھر تفسیر کا ترجمہ کرتے' جمعہ کے دن مغرب کے بعد میں اور عبدالوحید قریشی صاحب ان کے پاس پہنچ جاتے۔ رات گئے تک ہماری نشست رہتی جس میں وہ اپنا لکھا ہوا مسودہ ہمیں سناتے' مشورہ طلب امور میں مشورہ کرتے' اور مسودہ میرے حوالے کر دیتے' ان کا معمول یہ تھا کہ قرآن کریم کی آیات کا ترجمہ میری موجودگی ہی میں کرتے تھے' اور اس غرض کیلئے وہ اتنی محنت اٹھاتے تھے کہ جتنے انگریزی اور فرانسیسی تراجم ان کے پاس موجود تھے ان سب میں سے متعلقہ آیات کا ترجمہ وہ ترتیب وار ایک کاپی میں لکھ لیتے تھے' تاکہ سارے تراجم ایک نظر میں سامنے آجائیں' اس کے بعد باہمی مشورے سے الفاظ اور ترکیبوں کا انتخاب کر کے آیات کا طے شدہ ترجمہ لکھ لیتے تھے' عسکری صاحب بھی کہا کرتے تھے اور خود میرا تجربہ بھی یہی تھا کہ تصنیف و تحریر کا کوئی کام قرآن کریم کے ترجمے سے زیادہ مشکل نہیں ہے۔

عسکری صاحب کے ساتھ یہ ہفتہ وار نشست جو تین سال سے تقریباً بلاناغہ جاری تھی' اسقدر دلچسپ مفید اور معلومات آفریں ہوتی تھی کہ پہلے سے اسکا انتظار لگا رہتا تھا' اور میں بھی اس کا اسقدر اہتمام کرتا تھا کہ بعض اوقات سفر سے کراچی پہنچ کر اپنے مکان کے بجائے سیدھا عسکری صاحب کے یہاں پہنچ جایا کرتا تھا۔ لیکن یہ معلوم نہ تھا کہ یہ پر کیف مجلس اسقدر جلد اجڑ جائے گی۔ ابھی قرآن کریم کا سوا پارہ' تفسیر کی پہلی جلد کا دو تہائی حصہ' اور انگریزی مسودے کے تقریباً پانچ سو صفحات ہو پائے تھے کہ عسکری صاحب رخصت ہوگئے ع فصل گل سیر نہ دیدیم و بہار آخر شد

عسکری صاحب نے تفسیر کا یہ کام اسقدر اخلاص کے ساتھ شروع کیا کہ اس پر کوئی ادنیٰ معاوضہ لینے کا تو------ میرے اصرار کے باوجود---------- ان کے یہاں کوئی سوال نہ تھا' انہوں نے اصل اردو تفسیر بھی دام دیکر خریدی تھی' اور اس کو بھی میری ناگواری کے باوجود ہدیتہً لینا گوارا نہیں کیا' ان کا کہنا یہ تھا کہ میں آپ سے کوئی اور کتاب تحفہ میں لے سکتا ہوں لیکن تفسیر تحفہ میں لوں گا تو مجھے کوئی فائدہ نہ ہوگا۔

عسکری صاحب سگریٹ نوشی کے جیسے عادی تھے اسے ان کے سب ملنے والے جانتے ہیں' لیکن تفسیر کے کام کے دوران وہ کبھی سگریٹ نہیں پیتے تھے' حالانکہ ہماری یہ نشست بعض اوقات کئی کئی گھنٹے دراز ہو جاتی تھی۔ "معارف القرآن" کا ترجمہ شروع کرتے وقت انہوں نے مجھ سے کہا تھا کہ حضرت مفتی صاحبؒ نے اس کے شروع میں لکھا ہے کہ "قرآن کریم ختم کرنے کی چیز نہیں ہے بلکہ ایسی چیز ہے جس میں عمر ختم کردی جائے" میں بھی یہ کام اسی نیت سے شروع کررہا ہوں۔ اور اللہ تعالیٰ نے یہ نیت ایسی قبول فرمائی کہ وہ یہی کام کرتے کرتے دنیا سے رخصت ہوگئے' اور سوا پارے کا ترجمہ کرکے پوری تفسیر کا ثواب سمیٹ لے گئے' اور آج معارف القرآن کے مصنف حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ کے بالکل قریب آرام فرما ہیں' اور یہ بھی قدرت کا کرشمہ ہے کہ "حرا مجادی" جیسے افسانوں کا مصنف بالآخر قرآن کریم اور اس کی تفسیر کا مترجم بن کر رخصت ہوا' اور ایک دینی مدرسے کی فضا میں پاکستان کے مفتئ اعظم رحمتہ اللہ علیہ اور عظیم مفسر کے پہلو میں محو آرام ہے۔ میں جب انکی قبر پر جاتا ہوں تو وہ زبان حال سے یہ کہتی ہوئی محسوس ہوتی ہے کہ ؎

بافلک گویم کہ آرام نگر
دیدہ آغازم' انجام نگر

البلاغ جلد ۱۲ شمارہ ۴

# محترم جناب ماہر القادری مرحوم

پچھلے مہینے (سہر جمادی الثانیہ) کو ملک کے مشہور اور مایہ ناز شاعر' ادیب' نقاد اور صحافی جناب ماہر القادری اللہ کو پیارے ہوگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ماہر صاحب جن کو آج مرحوم لکھتے ہوئے قلم جھجک رہا ہے' بڑے پاک دل' مخلص اور درد مند مسلمان تھے' احقر کو ان سے سب سے پہلا تعارف ان کے شہرہ آفاق "سلام" کے ذریعے ہوا جس کے یہ اشعار اس وقت بھی ماہر صاحب کے مخصوص لہجے کے ساتھ کانوں میں گونج رہے ہیں۔

سلام اسؐ پر کہ جس نے بیکسوں کی دستگیری کی
سلام اسؐ پر کہ جس نے بادشاہی میں فقیری کی
سلام اسؐ پر کہ اسرار محبت جس نے سمجھائے
سلام اسؐ پرکہ جس نے زخم کھاکرپھول برسائے
سلام اسؐ پر کہ جس کے نام لیوا ہر زمانے میں
بڑھا دیتے ہیں ٹکڑا سرفروشی کے فسانے میں
سلام اسؐ پر کہ جس کا نام لیکر اس کے شیدائی
الٹ دیتے ہیں تخت قیصریت' اوج دارائی
سلام اسؐ پر کہ جس کی بزم میں قسمت نہیں سوتی
سلام اسؐ پر کہ جس کے ذکر سے سیری نہیں ہوتی

ماہر صاحب کے اس سلام کو اللہ تعالیٰ نے ایسی مقبولیت عطا فرمائی کہ یہ بچے بچے کے ورد زبان ہوگیا' اور اللہ تعالیٰ نے اسے لاکھوں مسلمانوں کا ایمان تازہ کرنے کا باعث بنادیا۔ اس سلام کے بیشتر اشعار مجھے بچپن سے یاد ہیں' اور انہی کی بدولت ماہر صاحب سے تعارف ہوا۔ آج سے تقریباً انتیس سال قبل جب میں قرآن شریف ناظرہ ختم کرکے اردو فارسی کی

ابتدائی کتب پڑھتا تھا' ایک روز ماہر صاحب مرحوم حضرت والد صاحبؒ سے ملاقات کے لئے ہمارے مکان پر آئے تو انھیں پہلی بار دیکھا اور ان کی زبان سے سلام سننے کا اشتیاق پورا ہوا۔ اس کے بعد حضرت والد صاحبؒ کے پاس ان کا خاصا آنا جانا رہا' اور ان کا ماہنامہ "فاران" پابندی سے ہمارے ہاں آنے لگا۔ میں اس وقت اتنا چھوٹا تھا کہ "فاران" کا لفظ اور اس کے معنی بھی پہلی بار ان کے رسالے ہی سے معلوم ہوئے۔ (اور پھر اسکے کئی سال کے بعد میں نے لفظ "فاران" اس کے محل وقوع اور تورات میں اس کے ذکر سے متعلق ایک مفصل مقالہ لکھا جو ماہنامہ فاران ہی میں شائع ہوا' اور ماہر صاحب نے اسے غیر معمولی طور پر پسند کیا )۔

جب میں درس نظامی سے فارغ ہوا تو ماہر صاحب اپنی ہر ملاقات میں مجھ سے فرمائش کیا کرتے تھے کہ میں ماہنامہ فاران کے لئے مضامین لکھوں۔ چنانچہ بینات' البلاغ اور الحق کے اجراء سے پہلے احقر کے کافی مضامین "فاران" میں شائع ہوئے' اور ماہنامہ رسائل میں سے قابل ذکر جس رسالے میں میرے مضامین سب سے پہلے شائع ہوئے وہ ماہر صاحب کا فاران ہی تھا۔ بلکہ میری ایک کتاب "تقلید کی شرعی حیثیت" کے تو براہِ راست محرک ہی ماہر صاحب تھے' یہ مضمون میں نے انہی کے بے حد اصرار پر "فاران" کے لئے لکھا تھا' جو بعد میں کتاب کی صورت اختیار کر گیا۔

ماہر صاحب بنیادی طور پر شاعر اور ادیب تھے' شعر و ادب کی دنیا میں انہوں نے جو نام پیدا کیا وہ محتاج بیان نہیں' لیکن پھر رفتہ رفتہ انہیں اللہ تعالیٰ نے دین کا قابل رشک جذبہ اور لگن عطا فرمائی' چنانچہ فاران بھی جو ابتداءً ایک ادبی پرچہ تھا رفتہ رفتہ اس پر دینی رنگ غالب ہوتا چلا گیا۔

شروع میں ماہر صاحب اپنے ماحول کی وجہ سے بریلوی مسلک پر کاربند تھے' لیکن بعد میں جب دین کا کچھ مطالعہ کیا تو بدعات کے ایسے کٹر دشمن بنے کہ ان کا ماہنامہ "فاران" ایک زمانے تک بدعات کے خلاف جہاد کرتا رہا' اس رسالے کا غالباً ایک ہی خاص نمبر نکلا' اور وہ "توحید نمبر" تھا۔

میرے سب سے بڑے بھائی مولانا محمد زکی کیفی مرحوم سے ماہر صاحب کے بڑے بے تکلف دوستانہ تعلقات تھے اور لاہور میں وہ ہمیشہ بھائی جان ہی کے مکان پر قیام کرتے تھے۔

بھائی جان کی اس بے تکلف دوستی کی بناء پر ہمارے لئے بھی ان سے تکلف کے حجابات اٹھ گئے تھے اور وہ ہمارے سامنے بڑی بے تکلفی کے ساتھ اپنے "عہد قدیم" کی نظمیں اور غزلیں سناتے' اور بعض اوقات کئی کئی گھنٹے ان کے شعر سنانے کا سلسلہ جاری رہتا تھا۔

ماہر صاحب اگرچہ کسی بھی جماعت سے باضابطہ وابستہ نہ تھے' لیکن مولانا مودودی اور جماعت اسلامی سے وہ اس قدر متاثر ہوئے کہ ان کے عقیدت مند ہی نہیں بلکہ اس معاملے میں مغلوب الحال ہو گئے تھے۔ اور جماعت اسلامی یا مولانا مودودی پر کوئی تنقید خاموشی سے سننا انکی مقدرت سے باہر تھا۔ چنانچہ اس معاملے میں ان کے ساتھ بڑے دلچسپ لطیفے پیش آتے رہتے تھے۔ وہ تقریباً ہر ملاقات میں اس موضوع سے متعلق کوئی نہ کوئی بات چھیڑتے تھے' شروع میں جب تک ان کے مزاج کا پورا اندازہ نہ تھا' ہم بھی ان کے ساتھ بحث و مباحثے میں حصہ لے لیتے تھے لیکن جب ان کے مزاج کا اندازہ ہوا تو حتی الوسع ان کے ساتھ اس موضوع سے پرہیز کرنے لگے تھے' مگر نہ جانے کیا بات تھی کہ مجھے دیکھ کر ان سے یہ موضوع چھیڑے بغیر رہا نہ جاتا تھا' گفتگو کے دوران بعض اوقات وہ انتہائی غم و غصہ کا اظہار کرتے لیکن دوسرے ہی لمحے ایسے شگفتہ ہوتے کہ جیسے کوئی بات ہوئی ہی نہ تھی۔ وہ عمر میں مجھ سے کہیں زیادہ تھے' لیکن بے تکلفی کے ماحول میں بعض اوقات تحریری یا زبانی طور پر ان سے دو بدو بھی ہو جاتی' اور یہ انکی بڑائی کی بات تھی کہ وہ کبھی اس پر برا نہیں مانے۔ ایک روز میں نے ان کے ایک خط کے جواب میں مولانا مودودی کے تفردات کے بارے میں کوئی جملہ لکھ دیا تھا' آٹھ دس روز بعد انکی طرف سے ایک پارسل ڈاک میں موصول ہوا' میں سمجھا کہ یہ کوئی مقالہ ہو گا' لیکن کھولا تو میری حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی' کیونکہ وہ میرے اس مختصر خط کا جواب تھا جو اڑتیس صفحات پر مشتمل تھا۔ مجھے اس کے مندرجات سے تو اتفاق نہ ہو سکا' لیکن اس بات کی بڑی قدر ہوئی کہ جس بات کو وہ حق سمجھتے تھے' صرف ایک آدمی کو اسکی تبلیغ کرنے کے لئے انہوں نے اتنی محنت اور اتنا وقت خرچ کیا۔

یہ ماہر صاحب کے خلوص اور پاک دلی کا ثمرہ تھا کہ ان سے اختلاف رکھنے والے بھی ان سے محبت کرتے تھے اور وہ ہر طبقہ خیال کے ہر دلعزیز شاعر تھے' انہیں سرکار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم سے جو محبت تھی وہ انکی نعتوں میں جھلکتی نظر آتی ہے' بعض اوقات آپ کے ذکر جمیل سے انکی آنکھیں پرنم ہو جاتیں' اور غالباً یہ اسی محبت و خلوص کا نتیجہ ہے کہ اللہ

تعالیٰ نے انہیں حجاز مقدس کی اس سرزمین میں موت عطا فرمائی جہاں مدفون ہونا ہر مسلمان اپنی عظیم سعادت سمجھتا ہے' بظاہر تو وہ ایک مشاعرے میں شرکت کے لئے جدہ گئے تھے' لیکن در حقیقت اللہ تعالیٰ نے انہیں ابدی آرام کے لئے حرم محترم کے جوار میں بلا لیا تھا' اور آج وہ جنت المعلیٰ میں محو آرام ہیں' اللہ تعالیٰ انکی بال بال مغفرت فرمائے ان کی لغزشوں سے درگزر فرمائے' اور انہیں جنت الفردوس کی راحتیں نصیب فرمائے۔ آمین۔

البلاغ جلد ۱۲ شمارہ ۷

# تین حادثے

## ① حضرت مولانا اسعد اللہ صاحبؒ

پچھلے دنوں ہندوستان میں تین ایسے المناک واقعات پیش آئے جن سے صرف ہندوستان ہی نہیں بلکہ پورے برصغیر کے علمی اور دینی حلقوں میں صف ماتم بچھ گئی۔

ان میں سے پہلا المناک واقعہ برصغیر کی عظیم دینی درسگاہ مظاہر العلوم سہارن پور کے معروف استاذ حضرت مولانا اسعد اللہ صاحب رحمتہ اللہ علیہ کا سانحہ وفات ہے۔ حضرت مولانا اسعد اللہ صاحب قدس سرہ مظاہر العلوم کے صف اول کے اساتذہ میں سے تھے اور سالہا سال سے علوم دین کی تدریس کی خدمت انجام دے رہے تھے۔ اس وقت برصغیر کے دینی حلقوں میں جتنے مقتدر علماء کا مظاہر العلوم سے کوئی تعلق رہا ہے وہ تقریباً سب حضرت مولاناؒ کے شاگرد یا شاگردوں کے شاگرد ہیں۔ علم و فضل کے اس مقام بلند کے ساتھ ساتھ آپ اصلاح و ارشاد کے ایک مرکز کی حیثیت رکھتے تھے' آپ نے حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ سے باطنی تربیت حاصل کی تھی اور اس وقت آپ حضرت حکیم الامتؒ کے ان گنے چنے خلفاء میں سے تھے جنہوں نے اپنے ظاہری و باطنی فیوض سے ایک عالم کو سیراب کیا ہے اور مادہ پرستی کے اس دور میں روحانیت' رجوع الی اللہ اور انابت و تقویٰ کے چراغ روشن کئے ہیں۔

حضرت مولاناؒ کا یہ وصف ان سے واقفیت رکھنے والوں میں مشہور و معروف تھا کہ آپ کی نہ صرف جماعت کی نماز' بلکہ تکبیر اولیٰ کبھی قضا نہیں ہوتی تھی' اور جن لوگوں کو آپ سے خصوصی تعلق رہا ہے وہ بھی ان کے فیض تربیت کی بدولت نہ صرف مسجد کی جماعت کے غیر معمولی طور پر پابند ہوتے ہیں' بلکہ جماعت میں مسبوق بننا بھی گوارا نہیں کرتے۔

دارالعلوم دیوبند اور مظاہر العلوم سہارن پور کی وہ نمایاں ترین خصوصیت جس نے ان اداروں کو دنیا بھر کی تعلیم گاہوں میں زبردست امتیاز عطا کیا یہی تھی کہ یہاں طلباء کو علم کا

صرف ظاہری خول نہیں دیا جاتا تھا' بلکہ اس میں عمل صالح' انابت و تقویٰ' اتباع سنت اور اخلاق فاضلہ کی روح بھی بھری جاتی تھی۔ یہاں جتنا زور علم و تحقیق پر تھا' اس سے زیادہ توجہ اعمال و اخلاق کی اصلاح پر تھی' حضرت مولانا اسعد اللہ صاحب رحمتہ اللہ علیہ ان عظیم اداروں کی اسی خصوصیت کے امین تھے اور اس دور میں جب کہ ان دینی خصوصیات میں روز بروز انحطاط آرہا ہے' ان کی وفات پوری امت مسلمہ کا ایسا عظیم سانحہ ہے جس پر جتنا افسوس کا اظہار کیا جائے' کم ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

اللہ تعالیٰ حضرت مولانا رحمتہ اللہ علیہ کو جنت الفردوس میں درجات عالیہ عطا فرمائے' پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے اور ہم سب کو ان کے اعمال صالحہ میں ان کے اقتداء کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

البلاغ جلد ۱۳ شمارہ ۱۰

# (۲) مولانا محمد الحسنی صاحب

دوسرے دو دلگداز حادثات برصغیر کے دوسرے بڑے دینی مرکز دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ میں رونما ہوئے' پہلے تو حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی مدظلہم العالی کے فاضل بھتیجے اور ماہنامہ" البعث الاسلامی" کے ہونہار اور مایہ ناز مدیر مولانا محمد الحسنی اچانک وفات پاگئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

مولانا محمد الحسنی رحمتہ اللہ علیہ ان نوجوان اہلِ علم اور اہلِ قلم میں سے تھے جن کا تصور کرکے اپنے زمانے کی مفلسی کا احساس کم ہوتا تھا' وہ اگرچہ نوجوان تھے لیکن ان کی فاضلانہ تحریروں نے دین کی وہ خدمت انجام دی ہے جو بہت سے عمر رسیدہ افراد کے لئے بھی قابلِ رشک ہے۔ حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی صاحب مدظلہم اس وقت عالم اسلام کی وہ متاعِ عزیز ہیں جن کا نام آتے ہی' ہر دردمند مسلمان اپنے دل میں محبت و عقیدت کے ہلکورے محسوس کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے مولانا محمد الحسنی مرحوم کو ان کی صحبت و تربیت سے نوعمری ہی میں علم و فضل' حسنِ بیان اور قلب کے سوز و گداز کی اس دولت سے نوازدیا تھا جو بڑے بڑوں کو سالہا سال کی محنت و ریاضت سے حاصل ہوتی ہے۔ خاص طور سے ان کی عربی تحریر میں وہ سلاست' شگفتگی' سوز و گداز اور زورِ بیان پایا جاتا تھا' جس نے عرب کے مسلم الثبوت انشاپردازوں کو بھی متاثر کیا۔ خود حضرت مولانا علی میاں صاحب مدظلہم نے متعدد مواقع پر اس حقیقت کا اظہار فرمایا کہ مولانا محمد الحسنی مرحوم کو ان کے طرزِ تحریر سے سب سے زیادہ مناسبت ہے۔

مولانا محمد الحسنی مرحوم نے اپنے شیخ کی طرح عالم عرب میں دین کی ٹھیٹھ دعوت کو پھیلانے میں جو کردار ادا کیا اور وہ عربوں کو خود ان کے اسلوب و انداز میں جس سلامتِ فکر اور دردمندی کے ساتھ آئینہ دکھاتے رہے' وہ ان کا ناقابلِ فراموش کارنامہ ہے۔

عام طور سے تحریر و انشا کی اس درجے کی صلاحیت انسان میں پندار و تعلّی کے امراض پیدا کردیتی ہے خاص طور پر نوعمری میں انسان کی ان صلاحیتوں نے دنیا سے اپنا لوہا منوالیا ہو تو یہ پندار و تعلّی انانیت کی شکل بھی اختیار کرلیتی ہے' لیکن مولانا محمد الحسنی رحمتہ اللہ علیہ کو اللہ تعالیٰ نے حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی دامت برکاتہم کی صحبت و تربیت

نصیب فرمائی تھی جس کی بدولت یہ امراض ان پر حملہ آور نہ ہو سکے۔ وہ انتہائی سادہ، متواضع اور خلیق انسان تھے اور اللہ تعالیٰ نے انھیں سیال قلم کے ساتھ پر سوز دل بھی عطا فرمایا تھا۔

احقر مدت سے غائبانہ طور پر ان سے واقف اور ان کی صلاحیتوں کا قدر دان تھا لیکن گذشتہ سال جب وہ حضرت مولانا علی میاں مدظلہم کے ساتھ پاکستان آئے تو ان سے محبت و تعلق خاطر میں بہت اضافہ ہوا اور ان کی تحریر کی طرح ان کی متدین زندگی بھی احقر کے لئے قابل رشک ثابت ہوئی۔ کسے معلوم تھا کہ ان کے ساتھ یہ پہلی اور آخری ملاقاتیں ہوں گی اور یہ "شعلہ مستعجل" جس کی ابھرتی ہوئی روشنی سے بہت کچھ توقعات وابستہ تھیں، اتنی جلدی نگاہوں سے روپوش ہو جائے گا۔ اللھم اکرم نزلہ ووسع مدخلہ وابدلہ داراً خیراً من دارہ واھلاً خیراً من اھلہ۔

گذشتہ سال حضرت مولانا ابوالحسن علی ندوی مدظلہم کے ساتھ مولانا محمد الحسنیؒ کے علاوہ جو دوسرے رفیق سفر پاکستان تشریف لائے تھے، وہ ہفت روزہ "تعمیر حیات" کے ایڈیٹر مولانا اسحاق جلیس ندوی صاحب تھے۔ مولانا محمد الحسنی مرحوم جس قدر کم گو، کم آمیز اور عزلت پسند معلوم ہوئے مولانا اسحاق جلیس ندوی اسی قدر خوش کلام، ملنسار اور فعال نظر آئے۔ اور اندازہ یہ ہوا کہ اگر مولانا محمد الحسنی مرحوم حضرت مولانا علی میاں مدظلہم کی تحریر میں ان کے جانشین ہیں تو مولانا اسحاق جلیس ندوی عملی زندگی میں ان کے بہترین دست وبازو ثابت ہوں گے۔

البلاغ جلد ۱۳ شمارہ ۱۰

# ④ مولانا اسحاق جلیس ندویؒ

ابھی مولانا محمد الحسنی کے سانحہ وفات کو چند ہی دن گزرے تھے کہ اچانک مولانا اسحاق جلیس ندوی نے بھی داعیٔ اجل کو لبیک کہہ دیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

قحط الرجال کے اس دور میں جب کہ ہر شعبہ زندگی میں بالعموم اور دینی حلقوں میں بالخصوص' موثر شخصیتوں کی تیاری تقریباً بند ہو رہی ہے' ایسے حضرات کا اٹھ جانا پوری امت کا شدید نقصان ہے اور خاص طور پر حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی صاحب مد ظلہم کو ان حادثات سے جو صدمہ پہنچا ہے' اس کے تصور ہی سے کرب معلوم ہوتا ہے۔ اللہ کے نیک بندے ہمیشہ راضی برضا رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہی اپنی مشیت کی حکمتوں کو جانتے ہیں' وہ حاکم بھی ہیں اور حکیم بھی' ان کا کوئی فیصلہ حکمت و مصلحت سے خالی نہیں' لیکن ان جیسے حوادث پر طبعی صدمہ فطری بات ہے جو اگر اپنی حدود میں ہو تو اس پر شریعت نے کوئی پابندی بھی عائد نہیں کی۔

ادارہ البلاغ اس موقع پر حضرت مولانا اور دارالعلوم ندوۃ العلماء کے غم میں برابر کا شریک ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ آمین!

البلاغ جلد ۱۳ شمارہ ۱۰

# حضرت مولانا احتشام الحق تھانویؒ

سفر ہندوستان سے واپسی ہوئی تو لاہور اسٹیشن پر اترتے ہی یہ المناک اطلاع دل پر بجلی کی طرح گری کہ حضرت مولانا احتشام الحق تھانوی انتقال فرماگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مولاناؒ کو اجلاس صد سالہ میں شرکت کے لئے دیوبند تشریف لے جانا تھا لیکن این او سی کے ملنے میں دیر لگی اور آپ بروقت نہ پہنچ سکے۔ لیکن دیوبند ہی میں یہ اطلاع ملی تھی کہ مولاناؒ اجلاس ختم ہونے کے بعد ایک رات کے لئے دیوبند تشریف لائے تھے اور اگلے ہی دن دہلی روانہ ہو گئے۔ احقر دہلی پہنچا تو ایک روز عصر کے بعد احقر جامع مسجد دہلی کے مشرقی دروازے پر کھڑا تھا' وہاں سے سامنے دیکھا تو ایڈورڈ پارک کے کنارے مولاناؒ کسی صاحب سے محو گفتگو تھے۔ وہی خوش وضع لباس' وہی دلکش انداز و ادا' بالکل صحت مند' توانا اور چاق و چوبند! اس وقت احقر رفقاء کے ساتھ تھا اور ایک اور جگہ جانا تھا' اس لئے نیچے اتر کر ملاقات کا موقع نہ تھا۔ خیال تھا کہ انشاء اللہ کسی اور موقع پر ملاقات ہو جائیگی۔ لیکن کے معلوم تھا کہ یہ مولاناؒ کی آخری زیارت ہوگی۔ پھر ملاقات تو کجا اس پُر شکوہ سراپا کی کوئی جھلک نظر نہ آسکے گی۔ مولاناؒ دہلی سے مدراس تشریف لے گئے اور مدراس ہی میں اچانک دل کا دورہ پڑا اور وہیں پر جمعہ کے دن وفات ہو گئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مولاناؒ کی ذات پاکستان کی ایک تاریخ تھی۔ وہ ان علماء کرام میں سے تھے جو قیام پاکستان کی جدوجہد میں شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی رحمتہ اللہ علیہ کے ساتھ شریک رہے اور قیام پاکستان کے بعد جیکب لائنز میں ان کی مسجد اور ان کا مکان مسلسل دینی اور سیاسی سرگرمیوں کا مرکز بنا رہا۔ ایک زمانے تک شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد عثمانیؒ' حضرت والد صاحبؒ' حضرت مولانا بدر عالم صاحب مہاجر مدنیؒ' حضرت مولانا ظفر احمد صاحب عثمانیؒ' حضرت مولانا مفتی محمد حسنؒ اور دوسرے اکابر علماء کی مشاورت اکثر و بیشتر انہی کی قیام گاہ پر ہوتی رہی۔

مولاناؒ نظریہ پاکستان اور دو قومی نظریئے کے زبردست منادتھے۔ وہ کٹر پاکستانی تھے اور

اس معاملے میں انہوں نے کبھی کسی مداہنت یا مصالحت کو گوارا نہیں کیا۔ انہوں نے شرعی احکام کی تشریح کے سلسلے میں بھی ہمیشہ تصلب کا مظاہرہ فرمایا اور شریعت میں تحریف و ترمیم کی کسی کوشش و سازش کو قبول نہیں کیا۔ ۱۹۵۱ء میں ۳۱ علماء کا جو شہرہ آفاق اجتماع ہوا اور جس میں تمام مکاتب فکر کے علماء نے متحد ہو کر ملک کے بائیس دستوری نکات مرتب کئے۔ نیز ۵۳ء میں انہی علماء کے جس اجتماع نے جو دستوری ترمیمات مرتب کیں وہ ملک میں دینی جدوجہد کی تاریخ کا انتہائی اہم واقعہ تھا۔ ان دونوں اجتماعات کے داعی مولاناؒ تھے اور یہ زیادہ تر مولاناؒ ہی کی مساعی کا نتیجہ تھا۔ عائلی قوانین پر غور کرنے کیلئے ابتداءً ہی جو کمیشن قائم ہوئے' اس میں مولاناؒ تنہا ایک عالم دین تھے جنہوں نے اس میں حق گوئی کا پورا حق ادا کیا' چنانچہ ان کا اختلافی نوٹ تاریخی حیثیت اختیار کر گیا۔ فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کے عہد حکومت میں وہ ڈاکٹر فضل الرحمن صاحب کے نظریات کے خلاف ڈٹ گئے اور اخبارات کے ذریعے عوام کو تحریف و ترمیم کے اس فتنے سے خبردار کیا۔ رویت ہلال کے مسئلے میں انہوں نے ہمیشہ شریعت کے مطابق جرأت مندانہ موقف اختیار کیا اس پاداش میں قید و بند کی صعوبتیں بھی برداشت کیں۔ ۱۹۷۰ء کے انتخابات کے موقع پر ملک میں سوشلزم کو روکنے اور عوام کو اس کی دینی حیثیت سے آگاہ کرنے کے لئے مولاناؒ نے جس جانفشانی کے ساتھ ملک کے دورے کئے' وہ مولانا کی ناقابل فراموش خدمت ہے۔

مولاناؒ ملک کے مایہ ناز خطیب تھے۔ وہ خطابت میں ایسے دل کش اسلوب بیان کے موجد تھے جو ان سے شروع ہو کر ان ہی پر ختم ہو گیا۔ ان کی دل آویز خطابت نے سینکڑوں انسانوں کو دین سے قریب کیا اور شاید ملک کا کوئی گوشہ ایسا نہ ہو گا جہاں مولاناؒ کی دل کش آواز نہ گونجی ہو۔ ریڈیو پاکستان سے ان کے درس قرآن کا سلسلہ انتہائی مقبول عام ہوا اور بعد میں روزنامہ جنگ کے ذریعے شائع ہو کر وہ محفوظ بھی ہو رہا تھا۔ افسوس ہے کہ مولاناؒ کی وفات سے وہ نامکمل رہ گیا۔

دارالعلوم الاسلامیہ ٹنڈوالہ یار' مولاناؒ کی ایک اور قابل قدر یادگار ہے جس کا شمار ملک کی ممتاز ترین دینی درس گاہوں میں ہوتا تھا۔ خدا کرے کہ وہ پھر ایک بار اپنا سابقہ مقام حاصل کر سکے۔ آمین۔

مولاناؒ کی شخصیت بڑی باغ و بہار' شگفتہ اور دل کش تھی۔ ان کی مجلس میں اکتاہٹ کا

گزر نہیں تھا۔ وہ بڑے حاضر جواب، بذلہ سنج اور خوش کلام عالم تھے۔ سیاست میں مولانا کے اندازِ فکر و عمل سے کسی کو اختلاف ہو سکتا ہے لیکن مولاناؒ کی شخصیت جن خوبیوں کا مجموعہ تھی۔ انہوں نے پاکستان میں جو دینی خدمات انجام دیں اور ملک کی سیاسی تاریخ پر جو اثرات مرتب کئے ان سے مولاناؒ کے سیاسی مخالفین کو بھی انکار نہیں ہو سکتا۔ ان کی وفات سے پورے ایک عہد کا خاتمہ ہو گیا، پوری ایک بساط تہہ ہو گئی۔ اور سیاست کا ایک منفرد مکتب فکر بند ہو گیا۔

دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مولانا کی بال بال مغفرت فرمائے۔ انہیں جنت الفردوس میں مقامات عالیہ سے نوازے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق مرحمت فرمائے۔ آمین

البلاغ جلد ۱۴ شمارہ ۶

# شیخ القرآن حضرت مولانا غلام اللہ خان صاحبؒ

ابھی حضرت مولانا احتشام الحق صاحب تھانوی رحمتہ اللہ علیہ کا حادثۂ وفات تازہ تھا کہ اچانک شیخ القرآن حضرت مولانا غلام اللہ خان صاحب رحمتہ اللہ علیہ کی وفات کی خبر صاعقہ بن کر گری۔ حضرت مولاناؒ عمرہ کی ادائیگی کے لئے حجاز تشریف لے گئے تھے۔ واپسی میں دوبئی میں قیام فرمایا۔ وہاں ایک جلسہ سیرت سے بھی خطاب کیا۔ اس سرزمین پر داعی اجل آپہنچا' اور دین برحق کا یہ جاں نثار مبلغ' اسلام کا یہ جاں باز سپاہی' علمائے دیوبند کا یہ عاشق زار اور گلشن توحید کا یہ عندلیب ہمیشہ کے لئے ہم سے جدا ہوگیا۔

انا للہ وانا الیہ راجعون

حضرت مولانا غلام اللہ خان صاحبؒ ان اکابر علماء میں سے تھے' جن کا وجود پاکستان کے لئے بہت بڑی ڈھارس کا سبب تھا' وہ توحید وسنت کے داعی تھے اور شرک وبدعت اور اوہام ورسوم کے لئے شمشیر برہنہ۔ جس بات کو انہوں نے حق سمجھا' اس کے اعلان واظہار میں انہوں نے کسی مداہنت اور کسی مصلحت کو آڑے نہیں آنے دیا۔ اسی حق گوئی وبے باکی کے صلے میں انہوں نے قید وبند کی صعوبتیں بھی برداشت کیں' قاتلانہ حملے بھی سہے' لیکن ان کے پائے استقامت میں تزلزل نہیں آسکا۔

حضرت مولاناؒ نے جن اکابر علمائے دیوبند سے فیض حاصل کیا' ان میں امام العصر حضرت علامہ انور شاہ صاحب کشمیری قدس سرہ جیسی نابغۂ روزگار ہستیاں شامل ہیں۔ لیکن رد بدعات کے خصوصی مشن میں آپ نے اپنے استاذ حضرت مولانا حسین علی صاحب رحمتہ اللہ علیہ کے مذاق کو اپنایا تھا اور ساری عمر اسی مشن کی تکمیل میں گزار دی۔ اس راہ میں آپ جس قدر محنت اٹھاتے تھے' اس کو دیکھ کر ہم نام کے جوانوں کو حیرت ہوتی تھی۔ راولپنڈی میں آپ کا قائم کیا ہوا مدرسہ تعلیم القرآن ملک کے چوٹی کے دینی اداروں میں سے ہے' اور اس کے درس وانتظام کے علاوہ ایک ایک دن میں کئی کئی جلسوں سے خطاب' مختلف مقامات پر درس قرآن اور مسلسل سفروں کی زندگی آپ کی عادت ثانیہ بن چکی تھی۔

انہی مصروفیات کے درمیان آپ نے تفسیر "جواہر القرآن" جیسی ضخیم کتاب بھی تصنیف فرمائی جو حضرت مولانا حسین علی صاحب رحمتہ اللہ علیہ کے تفسیری افادات و نظریات کی بہترین تشریح ہے۔

بعض مسائل میں اکابر علمائے دیوبند سے قدرے مختلف موقف رکھنے کے باوجود اکابر کی عظمت و محبت ان کی رگ رگ میں بسی ہوئی تھی۔ علمائے دیوبند کے تذکرے سے وہ بے خود ہو جاتے اور جہاں کہیں اس مقدس نام پر کوئی آنچ آتی محسوس ہوتی، وہ اپنے مرتبہ و منصب کی پرواہ کئے بغیر اپنی جان و آبرو کی قربانی دینے کے لئے تیار ہو جاتے تھے۔

بحمد اللہ برادرم محترم حضرت مولانا محمد رفیع عثمانی مدظلہم اور اس ناکارہ کو ہمیشہ ان کی شفقت و محبت حاصل رہی، بارہا دارالعلوم میں ان کی تشریف آوری ہوئی، یہاں درس و خطاب سے بھی سرفراز فرمایا۔ علمی و عملی کمالات کو قریب سے دیکھنے کا موقع ملا، اور واقعہ یہ ہے کہ مولاناؒ کی ذات ہم سب کے لئے بہت بڑا سہارا تھی۔

احقر اسلام آباد سے کراچی آنے کے لئے پابہ رکاب تھا کہ مولاناؒ کی وفات کی اطلاع بجلی بن کر گری، احقر نے اپنا سفر ملتوی کیا اور اس طرح بحمد اللہ آپ کی نماز جنازہ میں شرکت کی سعادت حاصل ہوگئی۔ نماز جنازہ لیاقت باغ میں ہوئی، اور یہ مولاناؒ کے خلوص، للّٰہیت اور انتھک جدوجہد کا ثمرہ تھا کہ نماز جنازہ میں لوگوں نے جوق در جوق شرکت کی، لیاقت باغ میں نماز جنازہ کے وقت سرہی سر نظر آتے تھے اور دین برحق کے اس سپاہی کو رخصت کرنے کے لئے لوگ دور دراز کا سفر کر کے یہاں پہنچے تھے۔ دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حضرت مولاناؒ کو جوار رحمت میں مقامات عالیہ سے نوازے، پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے اور ان کا قائم فرمودہ دارالعلوم تعلیم القرآن جو ان کا بہترین صدقہ جاریہ ہے۔ بدستور خدمت دین کا ایک اہم مرکز بنا رہا ہے۔ مولاناؒ کے صاحبزادگان بفضلہ تعالیٰ عالم دین اور اپنے والد ماجدؒ کے مشن کے امین ہیں، اللہ تعالیٰ انہیں خیر و عافیت کے ساتھ قائم رکھے اور بیش از بیش خدمت دین کی توفیق مرحمت فرمائے۔ آمین ثم آمین

# مولانا مفتی محمود صاحب رحمتہ اللہ علیہ

چودھویں صدی کے آخری عشرے میں بزم علم و دین کی کتنی بڑی بڑی عظیم شخصیتیں ایک ایک کر کے ہم سے رخصت ہو گئیں' اور آخر میں یہ الم انگیز سانحہ بھی اپنی آنکھوں سے دیکھنا مقدر تھا کہ حضرت مولانا مفتی محمود صاحب رحمتہ اللہ علیہ اس بزم کو بالکل ویران کر کے اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

حضرت مولانا مفتی محمود صاحب رحمتہ اللہ علیہ کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں' وہ ایک متبحّر عالم دین' ملک کے مقتدر ترین سیاسی رہنما اور دین برحق کے داعی تھے۔ ان کی پوری زندگی جہد و عمل اور سرگرم ملی خدمات سے عبارت تھی' اور انہوں نے پاکستان کی دینی اور سیاسی بساط پر وہ ان مٹ نقوش چھوڑے ہیں جو اس خطے کی تاریخ میں ہمیشہ یادگار رہیں گے ------------ ان کی وفات کا سانحہ بالکل ناگہانی اور قطعی غیر متوقع طور پر اس طرح ہماری آنکھوں کے سامنے پیش آیا' اور وہ ہمارے ساتھ باتیں کرتے کرتے اس طرح بالکل اچانک ہم سے رخصت ہو گئے کہ ان کے ساتھ گزرے ہوئے لمحات ایک خواب کی طرح محسوس ہوتے ہیں۔

حضرت مولانا مفتی محمود صاحبؒ کا اسم گرامی میں نے سب سے پہلے اپنے ایک استاذ مکرم سے سنا تھا' اس وقت حضرت مفتی صاحبؒ مدرسہ قاسم العلوم میں استاذ حدیث اور مفتی کے فرائض انجام دیتے تھے' اور عملی سیاست میں داخل نہیں ہوئے تھے۔ ہمارے استاذ مکرم نے ان کی علمی بصیرت اور فقہی نظر کا تذکرہ اس انداز سے فرمایا تھا کہ مفتی صاحبؒ سے ملاقات کا اشتیاق پیدا ہو گیا۔ اس کے بعد احقر کو پہلی بار آپ سے ملاقات کا شرف وفاق المدارس کے ایک سالانہ اجلاس میں حاصل ہوا' جس میں احقر اپنے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمتہ اللہ علیہ کے ساتھ حاضر ہوا تھا' اور پہلی ہی ملاقات میں حضرت مولانا مفتی محمود صاحبؒ کی علمی بصیرت' ان کی متانت و سنجیدگی اور ان کے دل کش انداز گفتگو کا ایک گہرا نقش دل پر ثبت ہو گیا۔

اس کے بعد بارہا مفتی صاحبؒ سے شرف ملاقات حاصل ہوا اور ہر مرتبہ اس تاثر کی تائید و تقویت ہی ہوتی چلی گئی۔ حضرت مفتی صاحبؒ کے میدان سیاست میں آنے کے بعد ان کے سیاسی طرز فکر و عمل کے بعض اجزا سے اگرچہ اختلاف بھی رہا' لیکن یہ اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے کہ ان کے علمی مقام بلند کا احترام دل میں ہمیشہ جاگزین رہا' اور اللہ تعالیٰ نے انہیں جن نادر صلاحیتوں سے نوازا تھا ان کی عظمت کا احساس دل سے کبھی محو نہیں ہوا۔ ہم نے انہیں علمی اعتبار سے ہمیشہ اپنا استاذ و مقتدا سمجھا' اور انہوں نے بھی ہمیشہ بزرگانہ شفقت و محبت کا برتاؤ فرمایا۔

۱۹۶۸ء میں جب ادارہ تحقیقات اسلامی کی سربراہی ڈاکٹر فضل الرحمٰن صاحب کے سپرد تھی' انہوں نے راولپنڈی میں ایک بین الاقوامی کانفرنس منعقد کی' جس میں اطراف عالم سے چیدہ اہل علم و فکر جمع تھے' اس کانفرنس میں اس وقت کے ناظم اوقاف صاحب نے جو مقالہ پڑھا وہ اشتراکیت کی تبلیغ و تائید پر مشتمل تھا' اور اس میں بڑے جارحانہ انداز سے علماء کو چیلنج کیا گیا تھا کہ وہ ان دلائل کا جواب دیں۔ مقالہ چونکہ انگریزی زبان میں تھا' اس لیے ہمارے بیشتر علماء اس کے مشتملات سے بے خبر تھے' اس موقع پر ضرورت تھی کہ علماء کی طرف سے کوئی مؤثر شخصیت حقیقت حال کو واضح کرے۔ حسن اتفاق سے اس وقت پاکستان کے معروف علماء میں سے حضرت مولانا مفتی محمود صاحبؒ کے سوا کوئی ہال میں موجود نہ تھا۔ احقر اور برادر محترم مولانا سمیع الحق صاحب اس موقع پر حضرت مفتی صاحب کی خدمت میں گئے اور انہیں مقالے کے اہم اجزاء سے آگاہ کیا۔ حضرت مفتی صاحبؒ یہ سنتے ہی کھڑے ہو گئے اور "مناقشے" کے لئے صدر سے وقت طلب کیا۔ چنانچہ انہیں وقت دیا گیا' اور انہوں نے ایسی برجستہ اور فاضلانہ تقریر فرمائی جس سے فضا بدل گئی اور شکوک و شبہات بڑی حد تک دور ہو گئے۔

۱۹۷۳ء میں جب "تحریک ختم نبوت" اپنے شباب پر تھی اور اس تحریک کے قائد و سربراہ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد یوسف بنوری صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ملّت مسلمہ کی طرف سے اسمبلی میں پیش کیا جانے والا بیان ترتیب دینے کے لیے احقر کو راولپنڈی طلب فرمایا تو ایک دن مجھ سے فرمایا کہ "میری خواہش تو شروع ہی سے یہ تھی کہ اس بیان کی ترتیب تمہارے حوالے کی جائے' لیکن میں چاہتا تھا کہ یہ تجویز کسی اور کی طرف سے پیش ہو

تو بہتر ہے' اتفاق سے جب مجلس عمل میں یہ مسئلہ پیش ہوا تو کئی نام سامنے آئے' لیکن بالآخر مفتی محمود صاحبؒ نے میری کسی تحریک کے بغیر تمہارے نام کی شدت کے ساتھ تائید کی' اور میری دلی مراد پوری ہو گئی"۔ چنانچہ وہ بڑے یادگار دن تھے جب میں اور مولانا سمیع الحق صاحب دن رات اس بیان کی تحریر میں مشغول رہتے' اور شام کو عصر کے وقت دینی جماعتوں کے پارلیمانی سربراہ ہماری قیام گاہ پر جمع ہو کر ہمارا مرتب کردہ بیان سنا کرتے' یہ بڑی دلچسپ مجلس ہوتی اور حضرت مولانا مفتی محمود صاحبؒ اس مجلس کو اپنے ملمی چٹکلوں سے باغ و بہار بنائے رکھتے تھے' بعد میں یہ بیان اسمبلی میں حضرت مفتی صاحبؒ ہی نے پیش فرمایا' اور پھر مرزا ناصر پر لاجواب کر دینے والی جرح بھی فرمائی جو اسمبلی کے ریکارڈ میں محفوظ ہو گی۔

پچھلے دنوں جب میں اسلامی نظریاتی کونسل کا رکن تھا تو کثرت سے اسلام آباد جانا ہوتا تھا' ان دنوں چونکہ جمعیۃ علماء اسلام حکومت میں شامل تھی' اس لیے حضرت مفتی صاحبؒ کی بھی وہاں بکثرت آمدورفت رہتی تھی۔ ان مواقع پر بارہا ان سے نیاز حاصل ہوتا رہا۔ ہم لوگ اس زمانے میں حدود کے قوانین' غیر سودی بنکاری اور زکوٰۃ کے مسائل پر کام کر رہے تھے' اس میں بعض مسائل مشورہ طلب آ جاتے تھے' ایسے مواقع پر جب کبھی حضرت مفتی صاحبؒ راولپنڈی یا اسلام آباد میں ہوتے تو میں ان کی خدمت میں حاضر ہوتا' اور وہ باوجودیکہ ملاقاتیوں اور طرح طرح کی مصروفیات میں گھرے ہوئے ہوتے تھے' انتہائی شفقت و محبت سے اس ناکارے کو نہ صرف وقت دیتے بلکہ دوسرے کام چھوڑ کر احقر کی سمع خراشی کو خندہ پیشانی سے برداشت فرماتے تھے۔ اسی زمانے میں مفتی صاحبؒ پاؤں کے انگوٹھے کے آپریشن کے سلسلے میں کافی مدت تک کمبائنڈ ملٹری ہسپتال میں مقیم رہے۔ وہاں مفتی صاحبؒ کی خدمت میں طویل طویل نشستیں رہیں' اور قوانین حدود' قانون زکوٰۃ' عائلی قوانین اور بلا سود بنکاری جیسے مسائل پر خالص فقہی انداز میں گفتگو ہوئی۔ جس سے احقر نے بہت استفادہ کیا' اور ہر مرتبہ احقر یہ تاثر لے کر لوٹا کہ اتنے شدید سیاسی ہنگاموں کے باوجود ان کا علمی استحضار قابل صد رشک ہے۔

اسی دوران حضرت مفتی صاحبؒ کا یہ حیرت انگیز کمال بھی علم میں آیا کہ ان کے انگوٹھے کا کئی انچ گہرا آپریشن اس طرح ہوا کہ مفتی صاحبؒ نے بے ہوش یا سن کرنے والی دوا استعمال کرنے سے انکار کر دیا تھا' ڈاکٹروں نے اصرار بھی کیا کہ یہ خاصا طویل آپریشن

ہے' اور سن کیے بغیر سخت تکلیف ہوگی' لیکن مفتی صاحبؒ نہ مانے' اور بالآخر سن کیے بغیر ہی یہ آپریشن کیا گیا۔ ان کے خصوصی معالج (غالباً کرنل مرتضیٰ صاحب) ایک مرتبہ میرے سامنے موجود تھے' انہوں نے بتایا کہ "مفتی صاحب کی قوت برداشت حیرت انگیز ہے' اور میں نے اس سے پہلے ایسا آپریشن کرانے والا نہیں دیکھا۔" احقر نے مفتی صاحبؒ سے حیرت کے ساتھ اس کی وجہ پوچھی تو شروع میں طرح دے گئے' لیکن پھر فرمایا کہ "اگرچہ ضرورۃً نشہ آور دوا کا استعمال جائز ہے' لیکن میں نے سوچا کہ اس سے جتنا بچ سکوں بچ جاؤں۔" احقر سوچ رہا تھا کہ احتیاط و تقویٰ کا یہ مقام اس دور میں خال خال ہی کسی کو نصیب ہوتا ہے۔ احقر نے اس موقع پر حضرت مولانا مفتی محمد حسن صاحب قدس سرہ' کا حوالہ دیا کہ انہوں نے سن کرائے بغیر اپنی پوری ٹانگ ران پر سے کٹوائی تھی۔ ان کے بارے میں سنا ہے کہ وہ سرجن کو آپریشن کی اجازت دے کر ذکر اللہ میں مشغول ہو گئے تھے' اس طرح آپریشن کا پورا وقت گزر گیا' اور وہ اطمینان کے ساتھ اپنے ذکر میں محو رہے۔ احقر نے حضرت مفتی محمود صاحبؒ سے عرض کیا کہ "کیا آپ نے بھی یہی طریقہ اختیار کیا تھا؟" ہنس کر فرمانے لگے: "نہیں بھائی' یہ تو بڑوں کی باتیں ہیں' ہمارا یہ مقام کہاں؟"

اسی زمانے کی ایک بات اور یاد آئی' حضرت مولانا احتشام الحق صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت مولانا مفتی محمود صاحبؒ کے درمیان جو سیاسی اختلاف رہا' وہ کسی سے پوشیدہ نہیں' لیکن اسی ہسپتال میں ایک روز گفتگو کے دوران حضرت مفتی صاحبؒ نے فرمایا "مولانا احتشام الحق صاحب سے ہمیں سیاسی معاملات میں بہت اختلاف رہا ہے' لیکن ان کی اس بات کی ہمیشہ قدر ہی رہی ہے کہ انھوں نے کبھی کسی رعب یا لالچ میں آکر دینی مسائل کے بارے میں کوئی مصالحت نہیں کی اور کسی حکومت کے ساتھ ان کا خواہ کتنا اشتراک عمل رہا ہو لیکن جب کبھی کسی دینی مسئلے کا سوال آیا' انھوں نے کبھی مداہنت سے کام نہیں لیا' عائلی کمیشن میں وہ تن تنہا تھے' لیکن انھوں نے وہ اختلافی نوٹ لکھا جو مشہور و معروف ہے۔" اور پھر فرمایا کہ "الحمد للہ' علماء دیوبند کی یہ خصوصیت ہے کہ دینی مسائل کے معاملے میں وہ پختہ ہوتے ہیں۔"

پچھلے دنوں جب زکوٰۃ و عشر آرڈیننس نافذ ہوا تو اس پر غور کرنے کیلئے ہماری "مجلس تحقیق مسائل حاضرہ" کے کئی اجلاس ہوئے اور آخر میں ایک تحریر مرتب ہوئی جو "البلاغ"

کے رمضان المبارک ۱۴۰۰ھ کے شمارے میں شائع ہو چکی ہے۔ حضرت مولانا مفتی محمود صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس موضوع پر ایک فتویٰ تحریر فرمایا تھا۔ ان دونوں تحریروں کے درمیان بعض مسائل میں اختلاف تھا' ہماری خواہش تھی کہ کسی وقت اس مسئلے پر زبانی گفتگو ہو جائے' شوال میں جب مفتی صاحبؒ کراچی تشریف لائے تو ایسی تفصیلی ملاقات کا موقع نہ مل سکا' مفتی صاحبؒ بیمار ہو گئے' اور برادر مکرم حضرت مولانا محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہم اور احقر عیادت کے لئے حاضر ہوئے تو وہاں کسی مسئلے پر گفتگو کا موقع نہ تھا' بات عیادت ہی کی حد تک محدود رہی' اور ہم چلے آئے۔

اب ذیقعدہ کے آخر میں مفتی صاحبؒ سفر حج پر جانے کے لیے کراچی تشریف لائے تو شروع میں ہمیں تشریف آوری کا علم نہ ہوا' ایک رات حضرت مولانا محمد یوسف بنوری صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے صاحبزادے جناب محمد بنوری صاحب کا فون آیا' انھوں نے مفتی صاحبؒ کی تشریف آوری کی اطلاع دی اور ساتھ ہی حضرت مفتی صاحبؒ کا پیغام پہنچایا کہ انھوں نے ہم دونوں (احقر اور حضرت مولانا مفتی محمد رفیع صاحب عثمانی) کو زکوٰۃ کے مسئلے پر گفتگو کے لیے بلایا ہے۔ اگلے دن بارہ بجے جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن میں ملاقات طے ہوگئی' اور ہم دونوں تقریباً ساڑھے بارہ بجے بنوری ٹاؤن پہنچے تو مفتی صاحب مہمان خانے میں تشریف فرما تھے۔ اس وقت کسے معلوم تھا کہ یہ مفتی صاحب کے ساتھ آخری ملاقات ہوگی' وہاں مولانا محمد طاسین صاحب' مولانا محمد یوسف لدھیانوی' مولانا احمد الرحمان صاحب اور مولانا محمد بنوری پہلے سے موجود تھے۔

حسب معمول حضرت مفتی صاحب بڑی شفقت اور تپاک سے ملے' اٹھ کر معانقہ فرمایا' اور تقریباً بیس منٹ تک بڑے شگفتہ ماحول میں باتیں ہوتی رہیں۔ جناب محمد بنوری نے کہا کہ "یہ تقریباً نصف گھنٹہ تاخیر سے پہنچے ہیں' اس لیے ان پر جرمانہ ہونا چاہئے۔" مفتی صاحب نے فرمایا: "نہیں بھائی' پاکستان میں ایک گھنٹہ تک تاخیر معاف ہے' اور یہ لوگ تو یوں بھی شہر سے دور رہتے ہیں"۔ پھر فرمانے لگے کہ "ہماری حالت یہ ہو گئی ہے کہ اگر کوئی شخص پابندیٔ وقت کا اہتمام کرے تو لوگ اسے طعنے دیتے ہیں کہ اس میں "انگریزیت" ہے' حالانکہ یہ تو اچھی صفت ہے' مگر ہم لوگوں نے اچھی باتیں انگریز کے کھاتے میں ڈال دی ہیں' اور پھر وہ اچھی باتیں واپس لینے کو تیار نہیں' اور بری باتیں ان سے لینے کو تیار ہیں۔"

احقر نے طبیعت کا حال پوچھا تو فرمایا کہ "الحمد للہ! اب طبیعت پہلے سے بہت بہتر ہے، بس دوا اور پرہیز جزو زندگی بن چکے ہیں، اس کی پابندی کروں تو طبیعت ٹھیک رہتی ہے، البتہ دوا یا پرہیز کا ناغہ ہو جائے تو طبیعت خراب ہو جاتی ہے۔"

پھر سفر حج کا ذکر آگیا تو فرمایا کہ "انشاء اللہ کل حج کے لیے روانگی ہے، میں نے اس مرتبہ افراد کا احرام باندھنے کا ارادہ کیا ہے، کیوں کہ ہجوم کے زمانے میں ضعف کی بنا پر طواف میرے لیے مشکل ہوتا ہے، افراد میں پہنچنے کے بعد صرف ایک طواف کرنا ہوگا، اور طواف وداع کے بارے میں بھی میرا ارادہ یہ ہے کہ منیٰ سے واپس آکر سیدھا مدینہ طیبہ چلا جاؤں گا، اور وہاں سے واپس آکر طواف وداع کروں گا، کیوں کہ اس وقت ہجوم کم ہو چکا ہوگا۔"

اتنے میں چائے آگئی، احقر اور بھائی صاحب چونکہ دن میں ایک سے زیادہ چائے نہیں پیتے اس لیے ہم نے چائے سے عذر کیا تو مفتی صاحبؒ نے فرمایا : "میں اگرچہ چائے پیتا ہوں، لیکن جب کسی کے بارے میں یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ چائے نہیں پیتا تو بڑی خوشی ہوتی ہے۔" احقر کے ہاتھ میں پان کا بٹوہ تھا، میں نے اس کی طرف اشارہ کرکے عرض کیا کہ "حضرت! یہی معاملہ ہمارا اس چیز کے ساتھ ہے۔" فرمانے لگے : "ہاں بھائی، یہ تو چائے سے بھی بدتر چیز ہے۔"

غرض تقریباً بیس منٹ تک بڑی شگفتہ باتیں ہوتی رہیں، مفتی صاحبؒ بڑے ہشاش بشاش تھے، چہرے پر نشاط کے آثار تھے اور سنجیدگی کے ساتھ خوش طبعی، جو مفتی صاحبؒ کی عام عادت تھی، بات بات میں جھلک رہی تھی، بلکہ بعض باتیں نہایت بے تکلفی کے ماحول میں ایسی ہوئیں کہ بار بار محفل کشت زعفران بنتی رہی، اس وقت کسی کے حاشیۂ وہم و گمان میں بھی یہ بات نہیں آسکتی تھی کہ مفتی صاحبؒ اب صرف چند منٹ کے مہمان ہیں، اور اس کے بعد یہ محفل ہمیشہ کے لیے ویران ہو جائے گی۔

ایک بجنے میں دس منٹ تھے جب حضرت مفتی صاحبؒ نے فرمایا کہ "اچھا، اب نماز ظہر سے پہلے اصل مسئلے سے متعلق کچھ بات کرلی جائے؟" ہم نے تائید کی اور ہمہ تن گوش ہوگئے۔ مفتی صاحبؒ نے فرمایا "سب سے پہلے تو مجھے عرض کرنا ہے کہ زکوٰۃ کا مسئلہ چونکہ خالص دینی مسئلہ ہے، اس لیے ہمیں اس پر خالص فقہی نقطۂ نظر سے گفتگو کرنی چاہیے، اور

کسی بھی دوسرے نقطۂ نظر یا کسی قسم کی نفسانیت کو درمیان میں نہیں آنا چاہیے۔ الحمدللہ' مجھے اس پر اطمینان ہے کہ اگر آپ کی بات میری سمجھ میں آگئی تو اسے قبول کرنے میں مجھے کوئی عذر نہیں ہوگا' اور یہی امید بحمد اللہ آپ سے بھی ہے کہ اگر میری بات آپ کی سمجھ میں آگئی تو آپ اپنی بات پر اصرار نہیں کریں گے' اور اسی امید پر میں نے زبانی گفتگو مناسب سمجھی ہے' تاکہ اگر فتوؤں میں اتفاق کی صورت پیدا ہو جائے تو زیادہ بہتر ہے۔" ہم نے عرض کیا کہ "ہم خود اس کے خواہش مند ہیں کہ اس مسئلے پر خالص فقہی انداز سے گفتگو کر کے کسی متفقہ نتیجے پر پہنچ جائیں۔" فرمانے لگے کہ "ہاں! پچھلی مرتبہ جب آپ ہسپتال میں آئے تو بیماری اور ہسپتال کے ماحول کی وجہ سے کسی تفصیلی بات کا موقع نہ تھا' اس لیے وہاں یہ بات نہ ہو سکی' بہرحال اب بحمداللہ اس کا موقع مل گیا ہے' اور اب یہ بات ہو جانی چاہیے۔"

اس کے بعد حضرت مفتی صاحبؒ نے فرمایا کہ "میں نے آپ کی (یعنی مجلس تحقیق مسائل حاضرہ) کی تحریر کو غور سے پڑھا ہے' اور اس پر مجھے صرف تین اشکالات ہیں' اگر وہ تین اشکالات حل ہو جائیں تو مسئلہ حل ہو جائے گا۔ میں یہ تینوں اشکالات آپ کے سامنے بیان کرتا ہوں۔"

یہ کہہ کر مفتی صاحبؒ نے پہلے اشکال کو نہایت شرح و بسط کے ساتھ بیان فرمایا' جس کا خلاصہ یہ تھا کہ آپ حضرات نے بینک اکاؤنٹ کو اموال ظاہرہ میں شمار کیا ہے' لیکن اس پر اشکال یہ ہے کہ بینک میں جو رقم رکھوائی جاتی ہے وہ فقہی اعتبار سے امانت نہیں' بلکہ قرض ہوتی ہے' اور جب کسی کو کوئی رقم بطور قرض دے دی جائے تو وہ قرض دینے والے کی ملکیت سے نکل کر مقروض کی ملکیت ہو جاتی ہے' لہٰذا بینک کی رقوم اکاؤنٹ ہولڈر کی ملکیت نہیں ہوتیں' اسی لیے ان پر زکوٰۃ اس وقت تک واجب نہیں جب تک اکاؤنٹ ہولڈر اس رقم کو واپس نہ لے لے' لہٰذا بینک کو جو مقروض ہے یہ حق حاصل ہے کہ وہ از خود اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے زکوٰۃ وضع کرلے' اور نہ مصدق کو یہ حق ہے کہ وہ بینک کی رقم سے جو بینک کی ملکیت ہو چکی ہے' اکاؤنٹ ہولڈر کی زکوٰۃ وصول کرلے۔"[1]

---

[1] یہ اشکال بعض دوسرے حضرات نے بھی پیش لیا ہے' اور اس کا جو جواب احقر کے ذہن میں تھا' مقام حسرت ہے کہ وہ حضرت مفتی صاحبؒ کی خدمت میں پیش کرنے کا موقع ہی نہ مل سکا کہ اس کی تائید یا (باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

حضرت مفتی صاحبؒ نے اس نکتے کی وضاحت بڑی تفصیل کے ساتھ مدلل انداز میں فرمائی' اس پوری گفتگو میں کسی ادنیٰ کمزوری' غائب دماغی یا کسی جسمانی یا ذہنی تکلیف کا مطلق احساس نہیں ہوا۔ حضرت مفتی صاحبؒ اپنے پہلے نکتے سے فارغ ہو چکے تھے' اور دوسرے نکتے کو بیان کرنے سے پہلے بات کو سمیٹ رہے تھے کہ احقر نے ــــــ جو ان کے بالکل سامنے بیٹھا تھا ــــــ چہرے پر اچانک معمولی سے کمزوری اور سفیدی محسوس کی' اور چند لمحوں کے لیے ہونٹوں میں ہلکی سی لرزش بھی پیدا ہوئی۔ اسی حالت میں اچانک حضرت مفتی صاحبؒ نے اپنا بایاں ہاتھ پیشانی اور سر پر رکھا اور کچھ کہے بغیر اپنی بائیں کروٹ پر گر گئے۔

یہ سب کچھ چند ثانیوں میں اس قدر آناً فاناً ہو گیا کہ ہم سب حیران و پریشان رہ گئے' کسی نے منہ میں پانی ڈالا' کسی نے قلب کی مالش شروع کر دی' کوئی ڈاکٹر کی تلاش میں دوڑا' حواس مجتمع کرنے پر اندازہ یہ ہوا کہ دل کا دورہ ہوا ہے' اس کے باوجود کسی کو یہ اندازہ نہیں تھا کہ اب صرف چند لمحوں کے سانس باقی رہ گئے ہیں۔ دل کی تکلیف کے وقت جو فوری دوا دی جاتی ہے' وہ بھی زبان کے نیچے رکھ دی گئی' لیکن دیکھتے ہی دیکھتے نبض اور سانس دونوں غائب تھے۔ امراض قلب کے ہسپتال میں فون کیا گیا تو ڈاکٹر صاحبان نے صورت حال سننے کے بعد فوراً ہسپتال لانے کا مشورہ دیا' ہم انہیں لے کر ہسپتال پہنچے' وہاں ڈاکٹر صاحبان ہسپتال سے باہر پہلے سے منتظر تھے' اور انہوں نے گاڑی ہی میں اپنی کارروائی شروع کر دی' بعد میں ایمرجنسی وارڈ میں لے جا کر تقریباً نصف گھنٹے تک ڈاکٹر صاحبان کوشش کرتے رہے۔ یہ نصف گھنٹہ انتہائی امید و بیم کی حالت میں گزرا' لیکن پیغام اجل آ پہنچا تھا' تھوڑی دیر کے بعد ڈاکٹر سید اسلم صاحب نے باہر نکل کر افسردہ لہجے میں بتایا کہ کوئی کوشش کامیاب نہیں ہو سکی' حضرت مفتی صاحبؒ کی روح ہسپتال پہنچنے سے پہلے ہی پرواز کر چکی تھی۔ اناللہ وانا

---

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ

تردید ہو جاتی' اللہ تعالیٰ کے یہاں ہر چیز کا وقت مقرر ہے' حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں اس گفتگو کی تکمیل مقدر نہیں تھی' ماشاء اللہ کان ومالم یشا لم یکن۔

بہرحال ارادہ یہ ہے کہ انشاء اللہ مجلس تحقیق مسائل حاضرہ کا از سر نو اجلاس منعقد کر کے اس میں اس قسم کے تمام مسائل کو دوبارہ زیر غور لایا جائے گا' اور حضرت مفتی صاحبؒ اس مجلس سے پہلے بھی چونکہ مختلف حضرات کے سامنے یہ تین اشکال بیان فرما چکے تھے' اس لیے ان حضرات سے معلوم کر کے خاص طور پر ان تین اشکالات کو مجلس میں پیش کر دیا جائے گا' اس کے بعد جو فیصلہ ہوگا انشاء اللہ اسے شائع کیا جائے گا۔ (م ت ع)

الیہ راجعون۔

یہ تمام واقعات ایک ڈیڑھ گھنٹے کی مدت میں اس طرح پیش آگئے کہ سب کچھ ایک خواب معلوم ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت مفتی صاحب رحمتہ اللہ علیہ کو اپنے پاس بلانے کے لیے ایسے وقت کا انتخاب فرمایا کہ وہ سفرحج کے لیے پابہ رکاب تھے' بلکہ ان کا سفر تو شروع ہو چکا تھا' ایک دینی مدرسے کی مبارک فضا تھی' علماء و طلباء کا مجمع تھا' آخردم تک ایک خالص دینی اور فقہی مسئلے کی تحقیق میں مشغول رہے' اور یہی گفتگو ان کی آخری گفتگو ثابت ہوئی۔ اللہ تعالیٰ نے ایسا حسین اور مبارک خاتمہ انہیں نصیب فرمایا جو ہر مسلمان کے لیے قابل صد رشک ہے۔ دین متین کا یہ خادم و مجاہد جو قال اللہ وقال الرسول کے ماحول میں پروان چڑھا قال اللہ و قال الرسول ہی کی بات کرتا کرتا دنیا سے رخصت ہوگیا' اللّٰھم اکرم نزلہ و وسع مدخلہ وابدلہ دارا خیرا من دارہ واھلا خیرا من اھلہ ونقہ من الخطایا کما ینقی الثوب الابیض من الدنس و باعد بینہ و بین خطایاہ کما باعدت بین المشرق والمغرب، آمین!

---

حضرت مفتی محمود صاحبؒ کو اللہ تعالیٰ نے جن صلاحیتوں' اور جن صفات و کمالات سے نوازا تھا ان کا احاطہ ایک مختصر مضمون میں مشکل ہے' اللہ تعالیٰ نے ان سے خدمت دین کے بے شمار کام لیے' خاص طور سے ان کی زندگی کے آخری بیس سالوں میں ان کی جدوجہد نے ملک کی دینی و سیاسی فضا پر انمٹ اثرات مرتب کئے لیکن ان کی زندگی کے تین پہلو ایسے ہیں جن سے یہ ناکارہ خاص طور پر متاثر ہوا ہے' اور جو ہم سب کے لیے نہایت سبق آموز ہیں۔

سب سے پہلی بات تو دینی علوم میں ان کی فاضلانہ بصیرت و مہارت ہے۔ عام طور سے عملی سیاست میں آنے کے بعد علمی استحضار باقی نہیں رہتا' ایک مرتبہ حضرت مفتی صاحبؒ نے راولپنڈی میں خود مجھ سے فرمایا تھا کہ "سیاست ایسی بلا ہے کہ اس میں داخل ہونے کے بعد کوئی بھی صاحب فن اپنے فن کا آدمی نہیں رہتا۔ ڈاکٹر سیاست میں آجائے تو ڈاکٹر نہیں رہتا' انجینیر سیاست میں آجائے تو انجینیر نہیں رہتا' فوجی سیاست میں آجائے تو فوجی نہیں رہتا' اور مولوی سیاست میں آجائے تو مولوی نہیں رہتا۔ اس لیے مجھے اکثر یہ خطرہ لگا رہتا

ہے کہ یہ سیاست مجھ سے یہ طالب علمانہ ذوق نہ چھڑادے۔" لیکن یہ حضرت مفتی صاحبؒ کی انتہائی نمایاں خصوصیت تھی کہ سیاسیات میں اس قدر انہماک کے باوجود ان کا علمی استحضار اور علمی ذوق پوری طرح برقرار رہا۔ جب کبھی کسی علمی مسئلے کی بات آتی تو معلوم ہوتا کہ اس کے تمام مالہ وماعلیہ پوری طرح حضرت مفتی صاحبؒ کی نگاہ میں ہیں' اور جب اس موضوع پر بات کرتے تو ایسا محسوس ہوتا' جیسے کسی علمی کتاب کا درس ہو رہا ہے' خاص طور سے احادیث انہیں صرف مفہوماً نہیں لفظاً و متناً بعت یاد تھیں۔ ایک مرتبہ حضرت والد صاحب رحمتہ اللہ علیہ سے ملاقات کے لیے دارالعلوم تشریف لائے تو اپنی تقریر کی تمہید ہی میں مشہور عربی مقولے الامر فوق الادب پر ایسی فاضلانہ تقریر فرمائی اور اس موضوع پر احادیث و آثار سے ایسے متعارض واقعات بیان فرمائے جن کی طرف پہلے کبھی نظر نہیں گئی تھی۔ عربی زبان وادب سے بھی مفتی صاحب کو دلچسپی اور مناسبت تھی' اور عربی میں گفتگو بلا تکلف روانی کے ساتھ فرماتے تھے۔

سیاسی مصروفیات کے باوجود اس علمی ذوق اور علمی پختگی ہی کا نتیجہ تھا کہ وہ جس ماحول میں گئے' وہاں اپنی ذہانت' طباعی اور علمی وسعت کا لوہا منوایا۔ بات دراصل یہ تھی کہ مفتی صاحبؒ ایک طویل عرصے تک خالص علمی مشاغل میں ہمہ تن مصروف رہے' پہلے اپنی علمی استعداد کو پختہ کیا' اور معلومات کو وسعت دی اس کے بعد عملی سیاست میں داخل ہوئے۔ جو لوگ علم میں پختگی حاصل کئے بغیر سیاست ہی کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنالیتے ہیں' حضرت مفتی صاحبؒ ان سے یکسر مختلف تھے' اور ان کا طرز عمل اس معاملے میں مشعل راہ ہے۔

حضرت مفتی صاحبؒ کی دوسری اہم خصوصیت جس نے ان کی شخصیت کو نہایت محبوب بنا دیا تھا' ان کی سادہ زندگی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں اونچے سے اونچے دنیوی مناصب تک پہنچایا وہ قومی اور صوبائی اسمبلی کے موثر ترین رکن رہے' پھر صوبہ سرحد کے وزیر اعلیٰ رہے' حزب اختلاف کے قائد رہے' ۷۷ء کے انتخابات کے موقع پر ملک کی تمام سیاسی جماعتوں کے قومی اتحاد کے سربراہ رہے' لیکن ان کا جو طرز زندگی اور انداز بودوباش قاسم العلوم کے استاذ کی حیثیت میں تھا' وہی طرز وزیر اعلیٰ کی حیثیت میں بھی باقی رہا' اور ان کے انداز و ادا میں کبھی کوئی فرق نہیں آیا۔

میں جب اسلامی نظریاتی کونسل کا رکن تھا تو کونسل کا ایک اجلاس پشاور میں منعقد

ہوا۔ اس موقع پر میرا قیام فرنٹیئر ہاؤس میں تھا' جو عبدالقیوم خان صاحب سے لیکر نصراللہ خٹک صاحب تک بہت سے وزراء اعلیٰ کی قیام گاہ رہ چکا ہے۔ اتفاق سے میرے کمرے پر جو خادم مقرر تھا وہ بہت سے وزراء اعلیٰ کے زمانے دیکھ چکا تھا۔ اور کبھی کبھی ان سب پر تبصرے بھی کرتا رہتا تھا۔ ایک روز اس نے مجھ سے کہا کہ وزیر تو بہت سے دیکھے' لیکن ایسا وزیر اعلیٰ جو ہم غریبوں کو بھی عزت کا مقام دیتا ہو' مفتی محمود سے زیادہ کوئی نہیں دیکھا۔ وہ غریب لوگ جو اس عمارت میں پر بھی نہیں مار سکتے تھے' انہی کے زمانے میں یہاں اکٹھے رہا کرتے تھے۔

حضرت مفتی صاحبؒ کی تیسری عظیم خصوصیت ان کی سنجیدگی' متانت اور تحمل کی صفت تھی۔ مختلف سرد و گرم مواقع پر انہیں دیکھنے کا اتفاق ہوا' لیکن مجھے یاد نہیں ہے کہ کبھی انہیں مشتعل' چراغ پا یا جذباتی ہوتے دیکھا ہو۔ مخالف سے مخالف بات کو بھی وہ پورے صبر و تحمل سے سنتے' اور پوری متانت سے اس کا جواب دیتے تھے۔ متعدد مواقع پر ان سے ان کے موقف کے خلاف بات کرنے کی نوبت بھی آئی' لیکن ہر موقع پر انہیں انتہائی متحمل' بردبار اور متین پایا۔ یہ صفت آج کی دنیا میں بہت کمیاب ہے۔

اور مفتی صاحبؒ کی چوتھی خصوصیت یہ تھی کہ ان کے سیاسی نقطہ نظر اور طرز عمل سے خواہ کسی کو کتنا اختلاف رہا ہو' لیکن یہ بات ناقابل انکار ہے کہ جس موقف کو انہوں نے درست اور برحق سمجھا اس پر انتہائی سخت حالات میں بھی وہ مضبوطی کے ساتھ جے' اور کسی قسم کا خوف یا عہدہ و منصب کا لالچ انہیں اپنے موقف سے متزلزل نہ کر سکا۔ وہ اگر چاہتے تو گزشتہ دور حکومت میں بڑے سے بڑا منصب حاصل کر سکتے تھے' لیکن جس موقف کو انہوں نے درست سمجھا' اس کی خاطر بڑی سے بڑی قربانی سے بھی دریغ نہیں کیا۔

موجودہ دور میں جب کوئی بڑا آدمی دنیا سے جاتا ہے تو اپنی بہت سی خصوصیات بھی اپنے ساتھ لے جاتا ہے' اور ان خصوصیات کا کوئی دوسرا حامل پھر میسر نہیں آتا۔ حضرت مفتی صاحبؒ بھی اپنی بہت سی خصوصیات اپنے ساتھ لے گئے' اور اپنے پیچھے ایک مہیب خلا چھوڑ گئے۔ اللہ تعالیٰ ان کی بال بال مغفرت فرمائے' انہیں جنت میں مقامات عالیہ سے نوازے' ان کے نسبی اور روحانی پس ماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے' اور ان کی حسنات میں ان کی تقلید اور ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق بخشے۔ آمین ثم آمین!

البلاغ جلد ۱۵ شمارہ ۱

# مولانا غلام غوث ہزاروی رحمتہ اللہ علیہ

حضرت مولانا مفتی محمود صاحب رحمتہ اللہ علیہ کے بعد پچھلے مہینے حضرت مولانا غلام غوث صاحب ہزاروی رحمتہ اللہ علیہ بھی مالک حقیقی سے جا ملے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون

حضرت مولانا غلام غوث ہزاروی رحمتہ اللہ علیہ ملک کی ان ممتاز ہستیوں میں سے تھے جن کی زندگی ایک مستقل تاریخ ہے۔ انہوں نے دارالعلوم دیوبند کے سرچشمہ فیض سے اس وقت استفادہ کیا جب وہاں امام العصر حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب کشمیری رحمتہ اللہ علیہ جیسے اکابر مسند آرائے تدریس تھے۔ آپ فضلاء دیوبند کی اس قرن سے تعلق رکھتے تھے' جس نے احقر کے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمتہ اللہ علیہ' حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب مدظلہم' حضرت مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلوی قدس سرہ' جیسے یکتائے روزگار اہل علم پیدا کئے۔ فراغت کے بعد آپ نے تدریس و تصنیف کے بجائے اپنے لئے وعظ وخطابت اور سیاست کا میدان منتخب فرمایا اور عمر بھر اس میدان میں سرگرم رہے' آزادی ہند کی تحریک میں گرم جوش عملی حصہ لیا اور باطل فرقوں کے خلاف شمشیر برہنہ بن کر کام کیا۔ مرزائیت کے نلیظ چہرے سے نقاب اٹھانے کے لئے برصغیر کے جن اہل علم اور اہل خطابت نے کارہائے نمایاں انجام دیئے' ان میں حضرت مولانا غوث صاحب ہزاروی رحمتہ اللہ علیہ کا نام ہمیشہ یادگار رہے گا۔

مولاناؒ اپنی عام زندگی میں درویشانہ شان ومزاج کے حامل تھے' وہ قومی اور صوبائی اسمبلی کے رکن بھی رہے۔ مختلف اوقات میں حزب اختلاف اور حزب اقتدار دونوں کیمپوں کی رکنیت کا ذائقہ چکھا۔ بڑے بڑے امراء وحکام سے قریبی تعلقات بھی رہے' لیکن ان کی اس آن میں فرق نہیں آیا۔ انہیں جب بھی دیکھا' اسی درویشانہ رنگ میں دیکھا' بڑھاپے میں بھی ان کی محنت اور جدوجہد قابل رشک تھی۔ جس زمانے میں وہ قومی اسمبلی کے رکن تھے' اور عمر بھی اسی سال کے لگ بھگ ہوگی' اس دور میں بھی احقر نے انہیں نہ صرف بس میں سفر کرتے بلکہ بس کو پکڑنے کے لئے جوانوں سے زیادہ پھرتی اور مستعدی کے

ساتھ لپکتے ہوئے دیکھا۔

جس بات کو مولاناؒ حق سمجھتے پوری قوت و شدت کے ساتھ برملا کہتے تھے' اور جس بات کو باطل سمجھتے تھے اس کے ساتھ رعایت کا ان کے یہاں کوئی خانہ نہیں تھا۔ دونوں طرف مبالغہ تو ہو سکتا تھا لیکن کمی کا سوال نہ تھا۔

۱۳۸۷ھ میں ایک مرتبہ دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک میں مولاناؒ کے ساتھ ایک طویل نشست میں شرکت کا موقع ملا۔ مولاناؒ نے بہت جلد اپنے آپ سے بے تکلف کر لیا' یہاں تک کہ احقر نے طالب علمانہ انداز میں عرض کیا کہ :

"حضرت آپ اپنے مخالفین کی تردید جس لب ولہجے اور جس سختی کے ساتھ فرماتے ہیں' خیال یہ ہوتا ہے کہ اس سے بعض اوقات فائدے کے بجائے الٹا نقصان ہوتا ہے' خاص طور سے تعلیم یافتہ لوگ اس لب ولہجے کو سننے کے بعد قریب آنے کے بجائے دور چلے جاتے ہیں۔"

احقر نے یہ بات ڈرتے ڈرتے عرض کی تھی' اس لئے کہ مجھ جیسے طفل مکتب کو مولاناؒ جیسی تجربہ کار شخصیت سے اس قسم کی بات کہنے کا حق ہی کیا پہنچتا تھا؟ لیکن مولاناؒ نے یہ بات سن کر کسی ادنیٰ تکدر کے بغیر بڑی شفقت اور بشاشت کے ساتھ جواب دیا' فرمانے لگے :

"بھائی! بات تو آپ ٹھیک کہتے ہیں' لیکن میں تو دیہاتی آدمی ہوں' اور دیہاتیوں کے لئے "نذیر عریان" کی حیثیت رکھتا ہوں' دیہاتی لوگ آپ کے علمی دلائل اور فلسفوں کو نہیں سمجھتے' ان کے سامنے دو اور دو چار کر کے بات کرنی پڑتی ہے' آپ تعلیم یافتہ لوگوں کو شوق سے شائستہ انداز میں مخاطب کریں لیکن مجھ دیہاتی کو دیہاتیوں کے لئے چھوڑ دیں' اگر میں "نذیر عریان" بن کر نہ ڈراؤں تو اس گلے کو بھیڑیے کھا جائیں۔"

مولاناؒ کی زندگی سیاسی اور مناظرانہ نبرد آزمائی کی زندگی تھی اور اس سلسلے میں ان کے طرز فکر و عمل سے اختلاف ہو سکتا ہے' لیکن ان کی درویشانہ زندگی اس بات کی شاہد ہے کہ ان کے کسی اقدام کے پیچھے ذاتی مفاد کا کوئی جذبہ کار فرما نہیں تھا۔ عمر کے آخری ایام میں انہوں نے گوشہ نشینی اختیار کر لی تھی۔ سابقہ حکومت کے ساتھ تعاون کے معاملے میں ان کے خلاف جو طرح طرح کی بدگمانیاں مشہور ہو گئی تھیں' سنا ہے کہ ان کے بارے میں وہ کہا کرتے تھے کہ طعن و تشنیع کے یہ تیر میرے نفس کا علاج کر رہے ہیں کہ وہ کہیں خود پسندی

میں مبتلا نہ ہو جائے۔

بہر کیف! مولانا کی وفات ملک کی عملی، سیاسی اور دینی تاریخ کا المناک واقعہ ہے۔ دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے، ان کی زلّات سے درگزر فرمائے۔ پس ماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ آمین

البلاغ جلد ۱۵ شمارہ ۶

# حضرت مولانا مفتی محی الدین صاحب رحمتہ اللہ علیہ

پچھلے مہینے ایک اور اندوہناک سانحہ حضرت مولانا مفتی محی الدین صاحب رحمتہ اللہ علیہ کی ناگہانی وفات کا پیش آیا' جس نے کچھ دیر کے لئے دل ودماغ کو ماؤف کرکے رکھ دیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

حضرت مولانا مفتی محی الدین صاحب رحمتہ اللہ علیہ اس وقت بنگلہ دیش کے ان اکابر علماء میں سے تھے جن کے ذریعے وہاں علم ودین کے چراغ روشن ہیں۔ وہ حضرت والد صاحب قدس سرہ کے جاں نثار شاگرد بھی تھے اور آپ کے مجاز بیعت بھی۔ مدتوں سے ڈھاکہ کے مدرسہ اشرف العلوم میں حدیث کی تدریس اور فتویٰ کی خدمت انجام دے رہے تھے' اور اس عرصے میں انہوں نے ہزار ہا تشنگان علم کو اپنے فیوض سے سیراب کیا۔ آپ کے شاگرد بھی اس وقت اونچے درجے کے شیخ الحدیث سمجھے جاتے ہیں لیکن تواضع اور فنائیت کا عالم یہ تھا کہ اپنے چھوٹوں کو بھی اپنے سے افضل وبرتر سمجھتے تھے' اور انداز واد امیں خوردبین لگا کر بھی شان وشوکت کا کوئی شائبہ نظر نہیں آسکتا تھا۔

حضرت مفتی صاحب رحمتہ اللہ علیہ طبعاً علمی ماحول کے بزرگ تھے' اور مزاج سیاسی نہیں تھا۔ لیکن جب کبھی دین کی خاطر ضرورت پیش آئی' وہ میدان عمل میں نکلے اور کسی قربانی سے دریغ نہیں فرمایا۔ قیام پاکستان کے موقع پر شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد صاحب عثمانیؒ ' حضرت مولانا ظفر احمد صاحب عثمانیؒ' حضرت مولانا اطہر علی صاحب سلہٹیؒ اور حضرت والد صاحبؒ وغیرہ کی جدوجہد میں مفتی صاحبؒ گمنام رضا کاروں کی حیثیت میں شامل رہے۔ سلہٹ کے ریفرنڈم میں بڑی گراں قدر خدمات انجام دیں' پھر پاکستان بننے کے بعد اسلامی دستور کی جدوجہد میں بھی بنگال کے علاقے میں بڑی سرگرمی اور جاں فشانی کے ساتھ حصہ لیتے رہے۔ جمعیۃ علماء اسلام اور نظام اسلام پارٹی جو بنگال میں حضرت مولانا اطہر علی صاحب رحمتہ اللہ علیہ کے زیر قیادت کام کررہی تھی' اس میں حضرت مفتی صاحبؒ کی خدمات کا نمایاں حصہ رہا' اور سب سے آخر میں جب ۱۹۷۰ء کے انتخابات کا مرحلہ آیا تو انتہائی نامساعد

حالات میں مفتی صاحبؒ نے آخر وقت تک اتحاد ملت اور پاکستان کی سالمیت کے لئے کام کیا' بلکہ جب ۱۹۷۱ء کی جنگ چھڑی تو مولاناؒ اسی مقصد کے لئے کراچی تشریف لائے ہوئے تھے اور جنگ چھڑ جانے کی اطلاع پاکر عجلت میں یہاں سے ڈھاکہ تشریف لے گئے۔ پھر جو حالات وہاں پیش آئے ان کے تذکرے کے لئے پتھر کا کلیجہ درکار ہے۔ اسلام اور پاکستان سے محبت کی پاداش میں وہاں کے علماء کرام پر جو ستم توڑے گئے مفتی صاحبؒ بھی ان کا نشانہ بنے' اور اس سلسلے میں بہت سی قربانیاں دیں۔ ایک مدت تک یہ معلوم نہ ہو سکا مفتی صاحبؒ کہاں اور کس حال میں ہیں؟ رفتہ رفتہ حالات معمول پر آئے تو انہوں نے پھر سے خط و کتابت شروع کی' معلوم ہوا کہ بدستور اشرف العلوم کی خدمت انجام دے رہے ہیں۔

حضرت مفتی صاحبؒ کو احقر کے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمتہ اللہ علیہ کے ساتھ عقیدت و محبت ہی نہیں' والہانہ عشق تھا۔ والد صاحبؒ جب کبھی ڈھاکہ تشریف لے جاتے انہی کے مدرسے میں قیام فرماتے اور جب تک بنگال میں قیام رہتا' مفتی صاحبؒ سائے کی طرح والد صاحبؒ کے ساتھ رہتے تھے' یہاں تک کہ ڈھاکہ میں انہیں حضرت والد صاحب قدس سرہ کا ترجمان اور نمائندہ سمجھا جاتا تھا اور وہ واقعۃً اس کے اہل بھی تھے۔ حضرت والد صاحب قدس سرہ کی وفات کا جس قدر صدمہ ہم لوگوں کو ہوا یقین ہے کہ مفتی محی الدین صاحبؒ کو اس سے کم صدمہ نہ ہوا ہوگا' ان کے اس زمانے کے خطوط جس کرب کے آئینہ دار ہیں اسے الفاظ میں بیان کرنا ممکن نہیں۔

۱۹۷۱ء کی جنگ کے بعد نہ ان کا پاکستان آنا ہوا اور نہ ہم تو سال تک بنگلہ دیش جا سکے' اس لئے اس طویل عرصے کے بعد ان سے پہلی ملاقات پچھلے سال دارالعلوم دیوبند کے "اجلاس صد سالہ" کے موقع پر ہوئی۔ میں اپنے بعض رفقاء کے ہمراہ عصر کے بعد قبرستان قاسمی کی طرف جا رہا تھا' اچانک میری نگاہ مفتی صاحب پر پڑی' میں ان کی طرف لپکا تو انہوں نے بھی آتے ہوئے دیکھ لیا' پس پھر کیا تھا؟ مفتی صاحبؒ عجیب والہانہ انداز میں لپٹ گئے' روتے روتے ہچکیاں بندھ گئیں' اور کچھ دیر تک ایسا معلوم ہوا جیسے وہ اس دنیا میں نہیں ہیں۔ پھر دیوبند کے قیام میں شدید ہجوم اور مصروفیات کے باوجود بارہا گھنٹوں گھنٹوں ان سے باتیں ہوئیں۔

حضرت والد صاحب رحمتہ اللہ علیہ سے ان کے والہانہ عشق کا عالم ناقابل بیان تھا۔

اسی زمانے میں ایک روز میں دیوبند میں اپنے ماموں مولانا انوار کریم صاحب مدظلہم کے یہاں مدعو تھا' عشاء کے بعد مفتی صاحبؒ نہ جانے کس طرح سراغ لگاتے لگاتے وہاں پہنچ گئے' اندر بلا کے بٹھایا تو بیٹھے بیٹھے دیر تک روتے رہے۔ احقر نے سبب معلوم کرنے کی کوشش کی' مگر گریہ کی شدت سے آواز نہ نکلتی تھی' بالآخر میرے اصرار پر رندھی ہوئی آواز میں فرمانے لگے :

"میں ایک درخواست کرنے آیا ہوں خدا کے لئے اسے رونہ کرنا۔"

میں نے عرض کیا کہ "حضرت! آپ کا ارشاد میرے لئے حکم کی حیثیت رکھتا ہے' ضرور ارشاد فرمائیں۔" ذرا طبیعت کو سکون ہوا تو فرمانے لگے :

"آج کے اجلاس میں مجھے دارالعلوم دیوبند کی طرف سے دستار فضیلت ملی ہے' اس وقت سے مجھ پر حضرت رحمۃ اللہ علیہ (یعنی احقر کے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرہ) کی یاد میں ناقابل برداشت اضطراب کی کیفیت طاری ہے' جو دستار میرے پاس استاذؒ کے واسطے سے نہ آئے اس سے اضطراب نہ ہو تو کیا ہو۔ حضرتؒ اپنے دست مبارک سے میری دستار بندی فرماتے تو سکون ہوتا۔"

یہ کہہ کر پھر رونے لگے' اور آخر میں وہ بات ارشاد فرمائی جسے سن کر میں دم بخود رہ گیا۔ فرمایا کہ :

"اگر تم مجھے اس اضطراب سے نجات دلانا چاہتے ہو تو خدا کے لئے یہ دستار اپنے ہاتھ سے میرے سر پر باندھ دو' میں اپنے دل کو تسلی دے لوں گا کہ ابنیت کے رشتے سے حضرتؒ ہی میری دستار بندی فرمارہے ہیں۔"

اس وقت احقر عجیب شش وپنج میں پڑ گیا' بہترا حضرت مفتی صاحبؒ سے عرض کیا کہ آپ میرے استاذ بلکہ استاذ الاستاذ کے درجے میں ہیں' میں یہ جسارت کیسے کروں؟ حضرت مفتی صاحبؒ کی حالت اور ان کا اصرار دیکھ کر چارو ناچار ان کے حکم کی تعمیل کی' تب انہیں سکون آیا۔

دیوبند کی اس ملاقات کے بعد جلد ہی احقر کو بنگلہ دیش کا سفر پیش آیا۔ ڈھاکہ ایئرپورٹ پر اترتے وقت نگاہیں ہمیشہ مفتی صاحبؒ کو تلاش کرتی تھیں' چنانچہ وہ اپنے رفقاء کے ہمراہ ایئرپورٹ پر سب سے پہلے نظر آئے' اور اس وقت سے لے کر ایک ہفتے بعد واپس

ایئرپورٹ پہنچانے تک ایک لمحے کے لئے بھی اپنے گھر تشریف نہیں لے گئے۔ اب سوچتا ہوں کہ کبھی ڈھاکہ جانا ہوا تو اب وہ شگفتہ مقدس چہرہ کہاں فردوس نظر ہو سکے گا؟

مفتی صاحبؒ کی خصوصیت یہ تھی کہ سالہا سال سے تدریس و افتاء کی مسند پر ہونے کے باوجود ان میں کبھی مخدومیت کا کوئی احساس پیدا نہیں ہوا۔ طالب علمی کے دور میں تو انہوں نے اپنے اساتذہ سے ربط ضبط رکھا' اور اسی زمانے میں حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمتہ اللہ علیہ کی خدمت میں تھانہ بھون بھی آمد و رفت رہی۔ حضرتؒ کی وفات کے بعد حضرت والد صاحب قدس سرہ سے والہانہ تعلق قائم رکھا' لیکن چونکہ حضرت والد صاحبؒ دور تھے' اس لئے اپنے قریب ڈھاکہ میں حضرت مولانا عبدالوہاب صاحب رحمتہ اللہ علیہ کو جو (پیرجی حضور کے لقب سے معروف تھے) اپنا مقتدا بنائے رکھا' اور اپنے ہر معاملے میں ان کے مشورے سے کام کرتے رہے۔ سیاسی یا اجتماعی معاملات میں حضرت مولانا اطہر علی صاحب قدس سرہ اور حضرت مولانا شمس الحق صاحب فریدپوری قدس سرہ کے ساتھ وابستہ رہے اور پیرجی حضورؒ کی وفات کے بعد اپنے عام معاملات میں بھی حضرت مولانا اطہر علی صاحبؒ سے رجوع کرتے رہے' اور ان کی بھی وفات ہوگئی تو اب مدت سے حضرت مولانا حافظ محمد اللہ صاحب مدظلہم سے (جو حافظ جی حضور کے نام سے معروف ہیں اور حضرت تھانویؒ کے خلفاء میں سے ہیں) خدمت و ارادت کا تعلق قائم کئے رکھا اور ساٹھ سال کے قریب عمر ہونے کے باوجود حافظ جی حضور مدظلہم کی خدمت میں ایک ادنیٰ خادم کی حیثیت سے حاضر ہوتے رہے۔

انہی بابرکت صحبتوں کا نتیجہ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں علم و فضل کے اعلیٰ مقام کے ساتھ اتباع سنت' اخلاص و للّٰہیت' تواضع اور فنائیت کا وہ مقام بخشا تھا جو آج کل مشکل ہی سے کسی کو نصیب ہوتا ہے۔ دین کے معاملے میں وہ کسی لچک کے روادار نہ تھے۔ پچھلے سال ڈھاکہ میں حکومت بنگلہ دیش کی اسلامک فاؤنڈیشن کی طرف سے معارف القرآن (بنگلہ ترجمہ) کی رونمائی کی تقریب تھی' احقر اس میں بطور مہمان خصوصی مدعو تھا' حضرت مفتی صاحبؒ اجتماع میں بڑے ذوق و شوق کے ساتھ شریک ہوئے۔ لیکن ایک مرحلے پر میں نے مڑ کر دیکھا تو مفتی صاحبؒ اپنی نشست سے غائب تھے' اور پھر آخر تک اجتماع میں نظر نہیں آئے۔ بعد میں پتہ چلا کہ اجتماع کے دوران انہوں نے کسی صاحب کے ہاتھ میں کیمرہ دیکھ لیا

تھا' اور یہ خطرہ ہوا کہ اجتماع کی تصویریں لی جائیں گی' اس لئے محفل سے اٹھ کر چلے گئے۔

ورع و تقویٰ اور تصلب دینی کے اس مقام کے باوجود ان کے مزاج میں خشکی دور دور نہیں تھی' وہ بڑے شگفتہ اور پر مذاق بزرگ تھے۔ جائز حدود میں تفریح اور خوش طبعی کے بھی شوقین تھے۔ اردو ان کی مادری زبان نہ تھی' لیکن ان کی تحریر بڑی برجستہ' شگفتہ اور پر لطف ہوتی تھی' اور ان کی صحبت میں اکتاہٹ کا گزر نہیں تھا۔ نہ جانے کتنے دن اور کتنی راتیں ان کی پر لطف رفاقت میں بسر ہوئیں۔ میں عمر میں ان کی اولاد کے برابر تھا' اور علم میں ان کے شاگردوں سے بھی فروتر' لیکن انہوں نے مجھے ہمیشہ ایک بھائی کی شفقت اور ایک دوست کی بے تکلفی سے نوازا' اور اسی بے تکلفی کے پردے میں نہ جانے کتنے سبق دیئے' کتنی باتوں کی اصلاح کی اور باتوں ہی باتوں میں نہ جانے کیا کچھ سکھا دیا۔

پچھلے دنوں محترم بزرگ مولانا حکیم محمد اختر صاحب مدظلہم بنگلہ دیش تشریف لے گئے۔ واپس تشریف لائے تو ان کی طرف سے ایک پیکٹ مجھے موصول ہوا جسے دیکھتے ہی میں سمجھ گیا کہ یہ حضرت مولانا مفتی محی الدین صاحبؒ کا بھیجا ہوا تحفہ ہے۔ اس پیکٹ میں دو کپڑے تھے' ایک برادر محترم حضرت مولانا مفتی محمد رفیع صاحب عثمانی مدظلہم کے لئے' اور ایک احقر کے لئے' یہ پیکٹ مجھے رات کو ملا' اور ابھی میں اس کو کھول کر اچھی طرح دیکھ بھی نہ سکا تھا کہ صبح کو مفتی صاحبؒ کے داماد مولانا نور الدین صاحب کا خط ملا' جسے دیکھ کر کچھ دیر کے لئے سکتہ سا ہو گیا۔ خط میں لکھا تھا کہ مفتی صاحبؒ حضرت مولانا حافظ محمد اللہ صاحب مدظلہم کے ہمراہ کسی جلسے میں نواکھالی تشریف لے گئے تھے' وہاں سے کار میں واپس آ رہے تھے کہ کسی نہر کے پل پر پہنچ کر گاڑی کا توازن بگڑا' اور ڈگمگا کر نہر میں جا گری' بمشکل تمام مفتی صاحبؒ اور ان کے رفقاء کو نکالا گیا۔ مفتی صاحبؒ کے سر اور چہرے پر شدید چوٹیں آئی تھیں' سامنے کے دو دانت بھی ٹوٹ گئے' اور سر سے خون اتنا گیا کہ مفتی صاحبؒ بے ہوش ہو گئے۔ ہسپتال لے جایا گیا' وہاں ڈاکٹروں نے ہوش میں لانے کی بہت کوشش کی' لیکن پیغام اجل آ چکا تھا' اسی بے ہوشی کے عالم میں (غالباً) ۲۲ ربیع الثانی ۱۴۰۱ھ مطابق ۲۸ فروری ۱۹۸۱ء کو شام سات بجے روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔ انا للّٰہ وانا الیہ راجعون۔

اللہ تعالیٰ حضرت مفتی صاحب رحمتہ اللہ علیہ کی بال بال مغفرت فرما کر انہیں جنت الفردوس میں مدارج عالیہ عطا فرمائیں' اور پس ماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین!

البلاغ جلد ۱۵ شمارہ ۶

# میری والدہ ماجدہؒ

۲۳ رجب کی شام کو احقر کی والدہ ماجدہ (رحمہا اللہ تعالیٰ رحمۃً واسعۃً) اس دار فانی سے رحلت فرما کر اپنے مالک حقیقی سے جا ملیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

حضرت والد صاحبؒ کی وفات کے بعد احقر کی نجی زندگی کا سب سے بڑا سہارا اور سب سے بڑا سرمایہ والدہ ماجدہ کی ذات تھی' ایک طویل عرصے سے صاحب فراش اور دکھوں سے چور ہونے کے باوجود ان کی شفقتوں کی چھاؤں ہمارے ہر دکھ درد کا مداوا تھی' اور ان کی ایک نظر شفقت غم حیات کی ساری تلخیوں کو بھلا دیتی تھی۔ آج یہ سایہ سر سے اٹھ گیا' یہ دولت بے بہا واپس چلی گئی' اور سکون وعافیت کی دنیوی جنت کا یہ باب بند ہو گیا' انا للہ و انا الیہ راجعون۔

انسان ناشکرا ہے' اور اسے نعمت کی صحیح قدر اس کے زوال کے بعد ہوتی ہے۔ آج سوچتا ہوں کہ ماں زندگی کے ہر مرحلے پر کتنی عظیم نعمت ہے اور جن لوگوں کو یہ نعمت میسر ہے وہ کتنے خوش نصیب ہیں' یہ وہ ذات ہے جس کے چہرے پر محبت کی ایک نگاہ حج بیت اللہ کا ثواب رکھتی ہے' جس کے قدموں کے نیچے سے جنت کو راستہ جاتا ہے اور جس کی خدمت کی بدولت حضرت اویس قرنی رحمۃ اللہ علیہ سرور دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے محروم ہونے کے باوجود صحابہ کرامؓ کے لئے بھی باعث رشک ثابت ہوئے۔ یہ دولت اللہ تعالیٰ اس دنیا میں تقریباً ہر انسان کو بخشتا ہے' کسی کو یہ دولت کم عرصے کے لئے ملتی ہے' اور کسی کو زیادہ عرصہ کے لئے' لیکن جب تک یہ انسان کو حاصل رہتی ہے' وہ اس کی قدر نہیں پہچانتا' قدر اگر کچھ ہوتی ہے تو اس وقت جب دیکھتے ہی دیکھتے یہ نعمت رخصت ہو جاتی ہے۔

یہ اللہ تعالیٰ کا کتنا بڑا کرم تھا کہ اس نے عمر کے اڑتیس سال والدہ کی آغوش شفقت ورحمت میں بسر کرنے کی سعادت بخشی' اور پیدائش سے لے کر آج تک بفضلہ تعالیٰ مسلسل انہیں کے ساتھ ایک ہی گھر میں رہنے کی توفیق عطا فرمائی' لیکن آج جب رحمتوں کا یہ پیکر عمر بھر کے لئے رخصت ہو چکا ہے' تو ان کے خالی کمرے میں اپنی غفلت شعاری اور ناقدری پر

حسرتوں کے انبار کے سوا کچھ نظر نہیں آتا۔ اب خیال آتا ہے کہ اڑتیس سال کی اس طویل مدت میں کتنا وقت ان کی خدمت میں صرف کر سکا؟ اب ان کی شفقتوں کے مقابلے میں اپنی غفلتیں اور ان کے الطاف و عنایات کے مقابلے میں اپنی کوتاہیاں ایک ایک کر کے یاد آ رہی ہیں' اور دل چاہ رہا ہے کہ اس کائنات کے ہر مسلمان سے جسے ماں کی نعمت میسر ہے' یہ التجا کروں کہ خدا کے لئے اس نعمت کی قدر کرو اور اپنی آخرت کا سامان کر لو ع

من نہ کردم شما حذر بکنید

اس روئے زمین پر ماں کس کو عزیز نہیں ہوتی؟ اور کون ہے جسے اس نعمت کے زوال پر صدمہ نہ ہو؟ لیکن میری والدہ ماجدہ......... اللہ تعالیٰ ان کو اپنی رحمتوں میں ڈھانپ کر ابدی راحتیں نصیب فرمائے۔ اس قرن کی ماؤں میں سے تھیں جن کی آغوش بچے کے لئے صرف ایک گہوارہ نہیں' بلکہ تعلیم و تربیت کا موثر ترین مرکز بھی ہوتا تھا۔ جہاں کتابوں کے بجائے عمل کے ذریعے آداب زندگی سکھائے جاتے تھے۔ وہ کسی کالج' یونیورسٹی یا کسی مدرسے کی تعلیم یافتہ نہیں تھیں بلکہ ان کی تعلیم گھریلو طور پر قرآن مجید اور اردو دینیات کی حد تک محدود تھی' لیکن سیرت و کردار کی جو عظمتیں' تعلیم و تربیت کا جو انداز اور ملک و ملّت کے مسائل سے جو تعلق ان کو حاصل تھا' وہ آج کل اونچی اونچی ڈگریاں رکھنے والی خواتین میں بھی نایاب ہے۔ صبر و قناعت' محنت اور جفاکشی' ایثار و خودداری اور ہمت اور بلند حوصلگی ان کی گھٹی میں پڑی ہوئی تھی۔ حضرت والد ماجد قدس سرہ کی پوری زندگی دین کے لئے جہد و عمل سے عبارت تھی' والدہ ماجدہ (رحمہا اللہ تعالیٰ) نے ہر طرح کے سرد و گرم حالات' تنگی و ترشی اور حضرت والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی گوناگوں مصروفیات میں جس طرح ان کا نہ صرف ساتھ دیا' بلکہ گھریلو مسائل سے ان کے ذہن کو بڑی حد تک فارغ رکھا۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے امید ہے کہ انشاء اللہ اس کے ذریعے حضرت والد صاحب قدس سرہ کے تمام اعمال حسنہ اور صدقات جاریہ میں ان کا معتدبہ حصہ ضرور ہو گا۔

اولاد پر ماں باپ کے احسانات کو کون شمار کر سکتا ہے؟ ہم نے تو انہیں جب بھی دیکھا ہمارے ہی کسی نہ کسی فائدے کے کام میں مصروف دیکھا۔ لیکن بحیثیت ماں کے ان کے جو

بے شمار احسانات احقر پر ہیں' ان کے علاوہ وہ میری استاذ بھی تھیں' میرے بچپن میں جب حضرت والد صاحب قدس سرہ پاکستان تشریف لائے تو یہاں کوئی باقاعدہ دینی درس گاہ نہیں تھی' اس لئے احقر کی ابتدائی تعلیم گھر ہی پر ہوئی' اور اس دوران والدہ صاحبہ (قدس سرہا) سے احقر نے سیرت خاتم الانبیاءؐ اور بہشتی گوہر کا معتدبہ حصہ پڑھا اور یہی دو کتابیں میری اردو کی تعلیم کی کل کائنات تھی۔ اس سے پہلے یا اس کے بعد احقر نے اردو زبان درساً کبھی نہیں پڑھی' اس لحاظ سے بھی حرف شناسی کی جو کوئی مقدار احقر کے پاس ہے' وہ بنیادی طور پر والدہ صاحبہ ہی کے واسطے سے ہے' اور انہی کی رہین منت ہے۔

والدہ ماجدہ (رحمہا اللہ تعالیٰ) حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ سے بیعت تھیں' اور اللہ تعالیٰ نے انہیں عبادت کا ذوق عطا فرمایا تھا۔ جب تک بیماریوں نے انہیں بستر سے لگا نہیں دیا' اس وقت تک روزانہ تلاوت' مناجات مقبول' اذکار و تسبیحات اور نوافل کا معمول کبھی قضا نہیں ہوا۔ وہ صبح کو تڑکے سے لے کر نصف شب تک بغیر کسی وقفے کے گھر کے کاموں' اولاد کی دیکھ بھال حضرت والد صاحبؒ کی ضروریات کی انجام دہی' ضعیف ساس کی خدمت اور دوسرے حقوق کی ادائیگی میں مشغول رہتی تھیں اور رات گئے تک فرصت و آرام کا ان کی زندگی میں کوئی خانہ نہیں تھا' لیکن ان تمام مصروفیات کے باوجود ان کے معمولات میں فرق نہیں آتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں دو مرتبہ حج اور ایک مرتبہ عمرے کی سعادت سے نوازا' اور وہاں انہوں نے بڑی والہانہ کیفیت کا مظاہرہ فرمایا۔ آخر عمر میں بھی انہوں نے عمرے کے لئے کچھ رقم جمع کی ہوئی تھی کہ ذرا بیماریوں سے مہلت ملے تو ایک مرتبہ پھر اس سعادت سے سرفراز ہوں لیکن پھر موقع نہ مل سکا۔

عمر کے آخری تیرہ سال والدہ صاحبہؒ نے تقریباً مسلسل صاحب فراش رہ کر گزارے۔ ان ایام میں بھی ان کی عبادت کے معمولات جاری رہے' البتہ فالج کے حملے کے بعد جب بالکل معذور ہوگئیں تو شاید مکلف بھی نہ رہی ہوں' لیکن صوم صلوٰۃ کا فدیہ ادا فرماتی رہیں۔ اور اب کچھ عرصے سے نماز کے وقت قبلہ رو ہو کر بیٹھ جاتیں' جتنا کچھ پڑھ سکتیں' پڑھ لیتی تھیں۔ دوشنبہ ۲۰ رجب کو پیاس کی شدت کی وجہ سے پانی بہت پیا گیا' یہاں تک کہ پیٹ میں غیر معمولی نفخ ہوگیا' اسی اضطراب کی حالت میں عشاء کی اذان ہوگئی تو انہوں نے لیٹنے سے پہلے حسب معمول قبلہ رو ہونا چاہا اور قبلے کی طرف مڑتی ہوئی اچانک بستر پر گر گئیں۔ برادر

محترم جناب محمد رضی صاحب مدظلہم نے، جن کے گھر میں وہ اس وقت مقیم تھیں، اٹھانا چاہا تو اندازہ یہ ہوا کہ فالج کا دوبارہ حملہ ہوا ہے، اسی دوران متعدد بار قے آئی، اور بولنے کی طاقت سلب ہوگئی۔ ابھی یہ عالم اضطراب جاری تھا کہ اچانک والدہ کے ہاتھوں میں حرکت ہوئی، ایسا محسوس ہوا جیسے وہ تکیے کے نیچے کچھ تلاش کرنا چاہتی ہیں، تکیے کے نیچے ان کی تسبیح رکھی رہتی تھی، احقر نے تسبیح ان کے ہاتھ میں دی تو معلوم ہوا کہ اسی کی تلاش تھی۔ زبان میں تو حرکت نہ رہی تھی، لیکن ہاتھ سے انہوں نے جلدی جلدی تسبیح کو گھمایا، اور اس طرح تسبیح پڑھتے پڑھتے بے ہوش ہوگئیں۔ عالم ہوش وحواس میں ان کے جسم کی آخری اختیاری حرکت نماز کے لئے اور ہاتھوں کی آخری حرکت تسبیح کے لئے تھی، اس کے بعد ڈاکٹروں کے مشورے سے انہیں ڈیفنس میڈیکل سینٹر میں داخل کیا گیا وہاں دو دن دو رات قیام رہا، اس دوران مختلف ڈاکٹر صاحبان نے اپنی امکانی حد تک تدبیر وعلاج میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی، لیکن والدہ صاحبہ طویل عرصے تک دنیا کی تکلیفیں برداشت کرنے کے بعد اس دنیا سے منہ موڑ چکی تھیں، پیر سے جمعرات تک بے ہوشی ہی کا عالم رہا، جمعرات کے دن چار بجے کے قریب اچانک ان کے سانس میں غیر معمولی اتار چڑھاؤ شروع ہوا۔ اندازہ ہو رہا تھا کہ یہ غم دنیا سے رہائی پانے کی آخری جدوجہد ہے۔ ڈاکٹر اپنی تدبیریں کرتے رہے، احقر نے سرہانے کھڑے ہو کر سورہ یٰسین کی تلاوت کی اور سورت کی آخری آیات ابھی زبان پر تھیں کہ والدہ صاحبہ نے آخری ہچکی لی، اور سالہا سال کی تکلیفوں سے مرجھائے ہوئے چہرے پر اچانک ابدی سکون چھا گیا۔ والدہ صاحبہ اس غمکدے کی سرحد پار کر چکی تھیں، انا للہ وانا الیہ راجعون۔

اللّٰھم اکرم نزلھا ووسع مدخلھا وابدلھا خیرا من دارھا واھلا خیرا من اھلھا ونقھا من الخطایا کما نقیت الثوب الابیض من الدنس وباعد بینھا وبین خطایاھا کما باعدت بین المشرق والمغرب۔

وفات تقریباً ساڑھے چار بجے ہوئی تھی، عصر کے قریب انہیں دارالعلوم کورنگی لایا گیا، مغرب کے بعد تجہیز وتکفین ہوئی۔ عشاء کے بعد احقر کے شیخ ومربی عارف باللہ حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالحیٔ صاحب عارفی مدظلہم صدر دارالعلوم کراچی نے نماز جنازہ پڑھائی اور رات بارہ بجے سے پہلے ہی پہلے والدہ صاحبہ احقر کے والد ماجد قدس سرہ کے مزار مبارک کے برابر اپنی آرامگاہ میں پہنچ گئیں۔ اگرچہ نماز جنازہ اور تدفین رات کے وقت ہوئی، اور

بہت سے متعلقین کو وفات کی اطلاع وقت کی کمی کے باعث نہ ہو سکی' لیکن اس کے باوجود اطراف شہر سے ایک بڑا مجمع نماز میں پہنچ گیا تھا اور علماء' صلحاء اور دیندار مسلمانوں کی ایک بڑی جمعیت نے نماز جنازہ میں شمولیت فرمائی۔

یہ ساری باتیں اس بات کی علامت ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت نے ان کو مقبولیت سے نوازا ہے' تیرہ سال کی صبر آزما تکالیف اور بیماریوں کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے پاک صاف کر کے انہیں اپنے پاس بلایا ہے' اور انشاء اللہ اب ہر طرح کی تکلیفوں سے نجات پا کر وہ راحت وسکون اور عافیت واطمینان کے ساتھ دار قرار میں پہنچی ہیں۔ انہیں "سکون" کی بڑی آرزو تھی' وہ کسی دوسرے کو بھی دعا دیتیں تو یہ کہتیں "اللہ تعالیٰ تمہیں سکون عطا فرمائے" انشاء اللہ اب انہیں سکون مل گیا ہے۔ یا اللہ! تو اپنی اس بندی پر فضل و رحمت کا خاص معاملہ فرما' اس دنیا میں اس نے لوگوں کی جو خدمت کی' جو صدمات اٹھائے اور جو تکلیفیں برداشت کیں' ان سب کا بہترین صلہ اپنی رحمت خاص سے عطا فرما' انہیں قبر سے لیکر جنت کے داخلے تک ہر مرحلے پر اپنی نصرت سے نواز دیجئے' ان کو مقامات قرب میں پیہم ترقی درجات عطا فرمایئے' ان پر اپنی رحمتوں کی بارش برسایئے اور انہیں آخرت میں اپنے صالح پیش رووں کے ساتھ بعافیت ملحق فرما دیجئے۔ یا اللہ! ہم پر ان کے جو بے شمار احسانات ہیں' ان سب پر انہیں جزائے خیر عطا فرمایئے' اور ان کی خدمت میں ہم سے جو کوتاہیاں اور غفلتیں ہوئی ہیں ان کو اپنی رحمت سے معاف فرما دیجئے۔ یا اللہ! ان سے راضی ہو جایئے' اور ان کو اپنی رحمتوں سے خوش کر دیجئے۔ آمین ثم آمین اللھم لا تحرمنا اجرھا ولا تفتنا بعدھا۔

اس دنیا میں ماں باپ کی محبت وشفقت کا کوئی بدل نہیں ہے' یہاں پر ہر ایک محبت میں کوئی نہ کوئی غرض ضرور شامل ہوتی ہے' لیکن اولاد کے لئے صرف ماں باپ کی محبت ایسی ہے جو بالکل بے غرض ہوتی ہے۔ اس دنیا میں کوئی کسی کے دکھ درد پر اس خلوص کے ساتھ نہیں تڑپ سکتا جس خلوص کے ساتھ ماں باپ اپنی اولاد کے لئے تڑپتے ہیں۔ اس سائے سے محرومی کوئی معمولی محرومی نہیں' اور آج جب یہ تصور کرتا ہوں کہ اب ہمیں "بیٹا" کہنے والا باقی نہیں رہا تو نگاہوں کے سامنے اندھیرا چھا جاتا ہے۔

لیکن یہ اللہ تعالیٰ کی مشیت کا نظام ہے' اس نظام کی حکمتیں ہماری انفرادی خواہشات

سے بالاتر ہیں۔ یہاں ہر وصال کا انجام فراق ہے' یہاں ہر ملاقات کی انتہاء جدائی پر ہوتی ہے۔ کوئی نہیں ہے جو اس قانون سے مستثنیٰ ہو۔ طبعی صدمہ انسان کی فطرت بھی ہے اور جانے والے کا حق محبت بھی' چنانچہ شریعت نے اس پر کوئی پابندی نہیں لگائی' لیکن اگر دیکھنے والی آنکھیں اور سننے والے کان ہوں تو یہ سارے واقعات پکار پکار کر کہہ رہے ہیں کہ اگر دنیا کی حقیقت تمہارے سامنے ہوتی تو یہ صدمات تمہارے لئے ناقابل برداشت نہ ہوتے۔ یہ دنیا تو تمہارے راستے کی ایک منزل ہے' راستے کی منزلوں میں تو مسافروں کے اترنے اور چڑھنے کا سلسلہ رہتا ہی ہے۔ ابدی وصال اگر کہیں مقدر ہے تو وہ اس سفر کے اختتام پر صرف جنت میں ممکن ہے' جس کے بعد جدائی کا کوئی تصور نہیں ہو سکتا۔ تم نے یہ سمجھا ہی کیوں کہ یہ دنیا ٹھہرنے اور رہنے بسنے کی جگہ ہے؟ روزانہ اپنی آنکھوں سے اپنے پیاروں کو چھوٹتے ہوئے دیکھتے ہو' انہیں اپنے ہاتھوں سے مٹی دے کر آتے ہو پھر بھی تمہاری آنکھیں نہیں کھلتیں کہ ایک دن تمہارے ساتھ بھی یہی کچھ ہونے والا ہے۔ ایک دن تمہیں بھی تمہارے عزیز و قریب اور دوست احباب کاندھے پر اٹھا کر قبرستان میں تنہا چھوڑ آئیں گے۔ ایک دن تمہاری اولاد بھی تمہیں گڑھے میں رکھ کر تم پر مٹی ڈال دے گی۔ اگر یہ حقائق تمہارے ذہن میں مستحضر ہوں تو یہ جدائی کوئی جدائی نہیں ہے' تیاری اس کی کرو کہ زندگی کا یہ سفر بخیر و خوبی انجام پذیر ہو' اور جب تمہیں قبر میں رکھ دیا جائے تو اللہ تعالیٰ کی رحمتیں تمہیں ڈھانپ سکیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو ان حقائق پر غور کرنے اور ان کے مطابق زندگی استوار کرنے کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین

والدہ صاحبہ رحمۃ اللہ علیہا کی وفات پر بہت سے احباب و متعلقین نے خطوط اور تاروں کے ذریعے تعزیت کا اظہار فرمایا ہے' احقر اور احقر کے تمام اہل خاندان ان حضرات کے ممنون ہیں اور یہ گزارش کرتے ہیں کہ براہ کرم والدہ صاحبہ کو دعائے مغفرت اور حسب استطاعت ایصال ثواب میں یاد رکھیں۔ اللہ تعالیٰ سب کو اس کی جزائے خیر عطا فرمائیں۔ آمین۔

البلاغ جلد ۱۵ شمارہ ۸

# حضرت مولانا محمد شریف صاحب جالندھریؒ

۷ ذی قعدہ کی شام کو مدرسہ خیر المدارس کے مہتمم اور حضرت مولانا خیر محمد صاحب جالندھری قدس سرہ کے فرزند گرامی حضرت مولانا محمد شریف صاحب جالندھریؒ بھی اللہ کو پیارے ہوگئے' انا للہ وانا الیہ راجعون۔

ابھی چند ہی روز کی تو بات ہے کہ احقر لاہور سے کراچی آرہا تھا تو ملتان کے اسٹیشن پر اچانک مولاناؒ کو دیکھ کر مسرت ہوئی۔ چند منٹ کی مختصر ملاقات میں معلوم ہوا کہ وہ اپنی اہلیہ محترمہ' اپنی صاحبزادی اور ہمشیرہ کو ساتھ لے کر سفرِ حج کے لیے تشریف لے جارہے ہیں' اور ایک دوسری گاڑی میں کراچی کے لیے سوار ہوں گے۔ پھر کراچی پہنچ کر حسب معمول مولاناؒ نے کرم فرمایا' دو مرتبہ دارالعلوم تشریف لائے' تقریباً ایک پورا دن ان کے ساتھ گزرا' پھر ہم مرشدی حضرت مولانا ڈاکٹر عبد الحئی صاحب عارفی مدظلہم صدر دارالعلوم کراچی کی دوشنبہ مجلس میں بھی ساتھ گئے' اور نہایت تندرست اور ہشاش بشاش ان کو رخصت کیا۔ لیکن کسے معلوم تھا کہ اس درویش منش اور فرشتہ خصلت انسان سے یہ آخری ملاقات ہوگی۔

ابھی ان کی روانگی کو چند ہی دن گزرے تھے کہ اچانک اطلاع ملی کہ مکہ مکرمہ میں عصر کی نماز کے وقت حرم جانے کی تیاری کرتے ہوئے ان کو دل کا دورہ ہوا' اور اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنی آغوشِ رحمت میں بلالیا۔ یہ ناگہانی خبر سن کر یقین نہ آیا' لیکن ملتان فون کرنے پر پتہ چلا کہ خبر درست ہے' اور زندگی کی بے ثباتی کا ایک اور نمونہ اللہ تعالیٰ کو دکھانا منظور تھا۔

حضرت مولانا محمد شریف صاحب رحمۃ اللہ علیہ اپنی تواضع' مسکنت' سادگی اور بے نفسی میں اپنے والد ماجد حضرت مولانا خیر محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی یادگار تھے۔ انہوں نے دارالعلوم دیوبند میں اس زمانے میں تعلیم پائی جب وہاں حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی رحمۃ اللہ علیہ شیخ الحدیث تھے' حضرت والد صاحب قدس سرہ سے بھی پڑھا' اور اس دور کے اکابر اساتذہ کی تعلیم و تربیت سے فیض یاب ہوئے' حضرت مولانا خیر محمد صاحب قدس سرہ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ کے اکابر خلفاء میں سے

تھے' اور تھانہ بھون میں ان کی آمدورفت رہتی تھی' مولانا محمد شریف صاحبؒ بھی اپنے والد صاحب کے ہمراہ تھانہ بھون جاتے رہتے' اور اس طرح بچپن ہی سے حضرت حکیم الامت قدس سرہ کی صحبت و تربیت اور نظرِ شفقت سے فیض یاب ہوئے' اور شاید حضرتؒ کے دستِ مبارک پر بیعت بھی کی' بعد میں حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب مدظلہم سے اصلاح کا تعلق قائم کیا' اور انہوں نے بیعت وارشاد کی اجازت بھی مرحمت فرمائی۔

تھانہ بھون میں حضرت حکیم الامت قدس سرہ کا خدام کے درمیان آپس میں محبت و مودّت اور خلوص وایثار کا جو تعلق تھا' وہ شاذونادر ہی کہیں دیکھنے میں آتا ہے' یہ حضرات ایک دوسرے پر جان نچھاور کرنے والے اور ایک دوسرے کے لئے پیکر خلوص تھے' حضرت مولانا خیر محمد صاحب قدس سرہ نے جالندھر میں خیر المدارس قائم فرمایا تھا اور حضرت والد صاحب قدس سرہ دیوبند سے جب کبھی پنجاب کی طرف سفر فرماتے تو حضرت مولانا خیر محمد صاحب قدس سرہ اپنے فرزند ارجمند محمد شریف صاحب کے ہمراہ پکا پکایا ناشتہ لیکر جالندھر کے ریلوے اسٹیشن پہنچتے اور جب تک گاڑی وہاں رہتی دونوں بزرگوں میں پر کیف ملاقات جاری رہتی۔ اس معمول میں ساری عمر کبھی فرق نہیں آیا قیام پاکستان کے بعد حضرت مولانا خیر محمد صاحبؒ ملتان منتقل ہو گئے اور وہاں بھی یہ معمول جاری رہا۔

حضرت والد صاحب قدس سرہ کو مولانا محمد شریف صاحبؒ سے محبت کا خاص تعلق تھا' بالخصوص حضرت مولانا خیر محمد صاحبؒ کی وفات کے بعد اس تعلق میں اور اضافہ ہو گیا تھا۔ آخر عمر میں جب حضرت والد صاحبؒ بالکل صاحب فراش ہو گئے تو ایک روز احقر سے فرمانے لگے کہ "آجکل اخیر شب میں حسب معمول آنکھ کھل جاتی ہے' دل چاہتا ہے کہ اٹھ کر کچھ پڑھوں' لیکن نقاہت کی وجہ سے ہمت نہیں ہوتی' چنانچہ صبح تک بستر پر لیٹے لیٹے ہی دعائیں کرتا رہتا ہوں' اور اپنے جس کسی عزیز یا دوست کا خیال آجاتا ہے' اس کے لیے دعا کی توفیق ہو جاتی ہے۔ رات بیدار ہو کر حضرت مولانا مفتی محمد حسن صاحب قدس سرہ کے صاحبزادے مولانا عبید اللہ صاحب اور حضرت مولانا خیر محمد صاحبؒ کے صاحبزادے محمد شریف صاحبؒ کا خیال آ گیا' بس صبح تک ان دونوں صاحبزادگان کے لیے دعا کرتا رہا"۔

حضرت والد صاحب کے تعلق سے مولانا محمد شریف صاحبؒ کو احقر اور برادر محترم حضرت مولانا مفتی محمد رفیع صاحب عثمانی مدظلہم سے بھی خصوصی تعلق تھا۔ جب کبھی ملتان

جانا ہوتا' مولاناؒ کی محبت و عنایت کے عجیب عجیب مناظر سامنے آتے۔ ایک مرتبہ رحیم یار خان میں ایک جلسہ تھا' جہاں مولانا محمد شریف صاحبؒ بھی مدعو تھے اور احقر بھی' مولاناؒ کی تقریر مجھ سے ایک رات پہلے ہو چکی تھی' لیکن جب انہوں نے میری آمد کی خبر سنی تو اپنے سفر کا پروگرام ملتوی کر کے رک گئے۔ احقر اپنے ایک عزیز کے مکان میں مقیم تھا' مولاناؒ سارے دن احقر کی تلاش میں رہے اور تین بجے کے قریب اس مکان کا پتہ لگا کر وہاں پہنچے۔ اتفاق سے میں کچھ دیر کے لئے لیٹ چکا تھا۔ مولاناؒ نے بھی بے تکلفی کے ساتھ اہل خانہ سے کہا کہ اسے اٹھانے کی بجائے مجھے بھی کوئی ایک چارپائی بتا دیجئے جہاں تھوڑی دیر میں بھی آرام کر لوں۔ چنانچہ وہ ایک چارپائی پر لیٹ گئے۔ میں اٹھا تو کسی نے بتایا کہ ملتان سے کوئی صاحب ملنے کے لئے آئے ہیں۔ جا کر دیکھا تو مولاناؒ نہایت سادگی کے ساتھ وہاں لیٹے تھے' دیکھتے ہی بغل گیر ہو گئے' اور مجھے بعد میں پتہ چلا کہ اس مختصر ملاقات کی خاطر مولاناؒ نے کتنی تکلیف اٹھائی کہ سارا دن مکان تلاش کرتے رہے۔ پھر چونکہ اگلے دن ملتان پہنچ کر درس دینا ضروری تھا' اس لیے نصف شب کے وقت رحیم یار خان سے ایک بس میں سوار ہوئے اور ساری رات جاگ کر صبح ہوتے ملتان پہنچے۔ یہ وضع داری اور تعلق نبھانے کی خاطر یہ جفاکشی اب خال خال ہی کہیں نظر آتی ہے۔

حضرت مولانا خیر محمد صاحبؒ کی وفات کے بعد مدرسہ خیر المدارس میں بہت سے نشیب و فراز آئے' اور مولاناؒ نے جس صبر و سکون سے ان تمام ہنگاموں کو جھیلا' یہ انہی کا حصہ تھا۔ انسان کی قدر اس کی زندگی میں کم ہوتی ہے۔ اب خیر المدارس میں جو عظیم خلا پیدا ہو گیا ہے اسے پر کرنا آسان نہیں ہوگا۔ دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مولانا کو کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائیں' ان کو درجات عالیہ سے نوازیں' اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائیں آمین۔ مولانا محمد شریف صاحبؒ کے صاحبزادے مولوی محمد حنیف صاحب سلمہ پچھلے سال ہی خیر المدارس سے فارغ التحصیل ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو اپنے آباؤ اجداد کے نقش قدم پر چلنے اور ان کے مقصد زندگی کو آگے بڑھانے کی توفیق کامل مرحمت فرمائیں۔ آمین۔

# حضرت مولانا محمد متین الخطیبؒ

پچھلے مہینے پاکستان کے ممتاز عالم دین، تحریک پاکستان کے سرگرم سپاہی اور دارالعلوم کراچی کی نانک واڑہ شاخ کے ناظم حضرت مولانا محمد متین الخطیب رحمۃ اللہ علیہ تقریباً دو ہفتے صاحب فراش رہنے کے بعد اپنے مالک حقیقی سے جا ملے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

مولاناؒ کی وفات تمام علمی و دینی حلقوں کے لیے بالعموم اور دارالعلوم کے لیے بالخصوص ایک جان گداز سانحہ اور صبر آزما نقصان ہے۔ اللہ تعالیٰ کی مشیت میں کسی کو دم مارنے کی مجال نہیں، وہ حاکم بھی ہیں، حکیم بھی، اور ان کے فیصلوں کی حکمتیں ہمارے وقتی جذبات اور خواہشات سے ماورا ہیں، لیکن پچھلے چند سالوں میں علماء اور بالخصوص علماء دیوبند کی جو بڑی بڑی شخصیتیں ایک ایک کر کے دنیا سے اٹھی ہیں، اور ان پے در پے حادثات نے علم و عمل کے دوائر میں جو مہیب خلا پیدا کر دیا ہے، اس کا تصور کر کے بے ساختہ یہ دعا زبان پر آتی ہے کہ ربنا ولا تحملنا ما لا طاقۃ لنا بہ واعف عنا واغفرلنا وارحمنا انت مولانا فانصرنا علی القوم الکافرین۔

حضرت مولانا محمد متین الخطیبؒ اکابر علمائے دیوبند کے آغوش میں پلے تھے۔ ان کے والد ماجد حضرت مولانا محمد مبین الخطیبؒ شیخ الہند حضرت مولانا محمود الحسن صاحب قدس سرہ کے جاں نثار شاگرد اور ان کی تحریک جہاد کے سرگرم رفیق تھے۔ سلطنت مغلیہ کے معروف فرماں روا شاہجہاں ایک مرتبہ دیوبند آئے تو اپنے وزیر مالیات دیوان شیخ لطف اللہ کے یہاں قیام ہوا، ان کو شاہجہاں نے ایک عید گاہ تعمیر کرنے کا حکم دیا، اور اس عید گاہ کی امامت و خطابت بھی اسی خاندان کے سپرد کی، مولانا محمد مبین صاحبؒ اسی خاندان سے وابستہ تھے اور سالہا سال سے دیوبند میں عید کی امامت و خطابت اسی خاندان میں چلی آرہی تھی، اور یہ سعادت اسی خاندان کو حاصل ہے کہ حضرت نانوتویؒ اور حضرت شیخ الہندؒ سے لے کر حضرت مدنیؒ تک دیوبند کے تمام اکابر علماء نے عید کی نماز انہی کی امامت میں ادا فرمائی ہے۔

حضرت مولانا محمد متین الخطیب نے دارالعلوم دیوبند میں حفظ قرآن مکمل کیا، تو ختم

قرآن شیخ الہند حضرت مولانا محمود الحسن صاحب قدس سرہ نے کرایا' اور اسی روز احقر کے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرہ اور حکیم الامت حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب مدظلہم العالی حضرت شیخ الہندؒ سے بیعت ہوئے۔

درس نظامی کی تعلیم مولاناؒ نے جن اساتذہ سے حاصل کی ان میں شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین صاحب مدنیؒ' حضرت مولانا سید مرتضیٰ حسن صاحب چاند پوریؒ' حضرت مولانا سید اصغر حسین صاحب دیوبندیؒ' شیخ الادب حضرت مولانا اعزاز علی صاحب امروہویؒ جیسے بزرگ شامل ہیں۔

مولاناؒ کے والد ماجد انبالہ چھاؤنی میں مدرسہ معین الاسلام کے مہتمم تھے' اور حضرت مولانا محمد مسلم صاحب عثمانی ؒ اس میں صدر مدرس۔ ابتداءً حضرت مولانا محمد متین خطیب صاحبؒ نے اس مدرسے میں تعلیم حاصل کی' اور پھر دورہ حدیث اور دوسرے فنون کی تکمیل دارالعلوم دیوبند میں فرمائی۔ فراغت کے بعد انبالہ کے اسی مدرسے میں تدریس شروع کی' اور بعد میں ان کے والد ماجد نے مدرسے کا اہتمام انہی کے سپرد کردیا' اور خود انبالہ شہر کی جامع مسجد میں خطابت اختیار کرلی۔

مولاناؒ کا قیام انبالہ میں سترہ سال رہا' اور اس دوران بہت سے حضرات نے آپ سے تلمذ حاصل کیا' جن میں مفتی عبدالشکور ترمذی صاحب جیسے ممتاز علماء بھی شامل ہیں۔ اس کے ساتھ ہی مولاناؒ کا تعلق دیوبند اور اکابر علمائے دیوبند سے برابر قائم رہا۔ وہاں عیدین کی امامت و خطابت آپ ہی فرماتے رہے۔

آپ کے والد ماجد حضرت مولانا محمد مبین صاحب رحمتہ اللہ علیہ چونکہ حضرت شیخ الہند قدس سرہ کے نہ صرف جاں نثار شاگرد تھے' بلکہ ان کی تحریک جہاد کے ایسے ممتاز رفیق تھے کہ حضرت مولانا محمد میاں صاحب رحمتہ اللہ علیہ کی کتاب "تحریک ریشمی رومال" میں بار بار متعدد مقامات پر ان کا تذکرہ موجود ہے' اس لئے برصغیر کی آزادی اور مسلمانوں کی حکومت کے قیام کیلئے جدوجہد کا جذبہ انہیں اپنے والد ماجدؒ سے میراث میں ملا۔ اور جب قیام پاکستان کی تحریک اٹھی تو حضرت مولانا متین خطیب صاحبؒ بعض دوسرے اکابر علماء دیوبند کے ساتھ ہمہ تن اس کی طرف متوجہ ہوگئے۔

اگرچہ قیام پاکستان کی حمایت میں جو علماء سامنے آئے ان میں سب سے زیادہ جلیل

القدر ہستی حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ کی تھی' لیکن ضعف سن کی وجہ سے ان کی حیثیت ایک سرپرست کی تھی جن کی نظریاتی حمایت' اصلاحی کوششوں اور دعاؤں سے تحریک کو عظیم تقویت نصیب ہوئی' لیکن اس میدان میں علماء کرام کی عملی قیادت شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی قدس سرہ نے فرمائی جس کی تفصیلات سے ہر باخبر مسلمان واقف ہے۔

حضرت مولانا محمد متین الخطیب صاحب رحمتہ اللہ علیہ کو حضرت شیخ الاسلام قدس سرہ کے ساتھ اس تحریک میں کام کرنے کا موقع ملا، اور جب تحریک پاکستان کے حامی علماء نے اپنی جدوجہد کے لیے "کل ہند جمعیت علمائے اسلام" کے نام سے ایک مشترکہ پلیٹ فارم کی بنیاد ڈالی تو آپ اس کے بانی اراکین میں شامل تھے' اور کلکتے کے جس اجتماع میں جمعیت کی بنیاد پڑنی تھی' اس میں شیخ الاسلام حضرت علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی قدس سرہ چونکہ علالت کی بناء پر شریک نہ ہوسکے تھے' اس لیے حضرت شیخ الاسلامؒ نے اپنا خطبۂ صدارت اجتماع میں سنانے کے لیے جن صاحب کو منتخب فرمایا وہ حضرت مولانا محمد متین خطیب صاحبؒ ہی تھے۔ چنانچہ اس اہم اور تاریخی اجتماع کے موقع پر حضرت شیخ الاسلامؒ کی طرف سے نیابتہ خطبۂ صدارت پڑھنے کی سعادت بھی آپ ہی کے حصے میں آئی۔

اس وقت سے ۱۹۵۸ء تک آپ مسلسل "جمعیت علماء اسلام" سے نہ صرف وابستہ رہے' بلکہ مدت دراز تک اس کے مرکزی ناظم اعلیٰ کی حیثیت سے گراں قدر خدمات انجام دیں۔ اس دوران جمعیت نے قیام پاکستان کی کوششوں میں جو زرّیں کردار ادا کیا' اور قیام پاکستان کے بعد اسلامی دستور کے نفاذ کے لیے جتنی جدوجہد کی' اس میں مولاناؒ کے جہد و عمل کا بڑا حصہ ہے۔ مولاناؒ قیام پاکستان کے فوراً بعد لاہور منتقل ہوگئے تھے' اور یہ بھی ایک ستم ظریفی کی بات تھی' جو انشاء اللہ مولاناؒ کے لیے تو ذخیرۂ آخرت ہوگی' کہ قیام پاکستان کے لیے قابل قدر جدوجہد کرنے والے سپاہی نے ہجرت کے بعد عرصہ دراز انتہائی عسرت کی حالت میں گزارا اور ان خدمات کا کوئی صلہ انہیں دنیا میں نہیں ملا۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے امید ہے کہ انشاء اللہ اس کا اجر حقیقی آخرت میں ہی ان کو ملے گا۔

قیام لاہور کے دوران آپ نے دارالعلوم الاسلامیہ کے نام سے ایک مدرسے کی بنیاد ڈالنے میں حصہ لیا' جو قراءت و تجوید کے معاملے میں ملک کا معروف ترین مدرسہ تھا' اور جس

میں حضرت مولانا قاری عبدالمالک صاحبؒ جیسے اساتذہ نے درس دیا ہے' اور بفضلہ تعالیٰ اب بھی یہ مدرسہ قائم اور جاری ہے۔

۱۹۵۱ء میں آپ کراچی منتقل ہوئے تو یہاں دارالعلوم کراچی سے بحیثیت نائب ناظم وابستہ ہوگئے۔ اسی دوران ریڈیو پاکستان سے عرصہ دراز تک قرآن کریم کی تفسیر نشر فرماتے رہے۔ بیچ میں اردو کالج کے اسلامیات کے استاذ کی حیثیت سے بھی کئی سال خدمات انجام دیں۔ مختلف نصاب کمیٹیوں کے رکن بھی رہے اور کالج کے طلباء کی درسی ضروریات کے لیے کتابیں بھی لکھیں' لیکن ۱۹۵۲ء سے ۱۹۸۲ء تک متواتر تیس سال دارالعلوم کے ساتھ آپ کی وابستگی ہر حال میں برقرار رہی۔ آخر میں دوسری تمام مصروفیات آپ نے ترک فرمادی تھیں' یہاں تک کہ ناظم آباد کی جس شاندار عید گاہ کی بنیاد ہی گویا آپ نے ڈالی تھی' اور جہاں وہ ہر سال اپنی خاندانی روایات کے مطابق عیدین کی امامت و خطابت فرمایا کرتے تھے' وہاں کی امامت و خطابت کو بھی ترک کردیا تھا' لیکن دارالعلوم کے ساتھ آپ کا تعلق آخر تک برقرار رہا۔

مولاناؒ عرصے سے ذیابیطس کے مریض تھے جس نے انہیں بہت کمزور کر دیا تھا۔ پچھلے رمضان میں بعض ڈاکٹروں نے خون کے سرطان کا بھی خطرہ ظاہر کیا' لیکن مولاناؒ نے بڑی ہمت کے ساتھ اپنے معمولات جاری رکھے' تمام کام حسب معمول انجام دیتے رہے' وفات سے صرف دس دن پہلے اچانک اطلاع ملی کہ انہیں نمونیا ہوگیا ہے۔ برادر مکرم حضرت مولانا مفتی محمد رفیع صاحب عثمانی مدظلہم کے ساتھ احقر عیادت کے لئے گھر پر حاضر ہوا تو وہ بالکل صاحب فراش تھے' معلوم ہوا کہ دو تین روز سخت بے چینی کے گذرے ہیں' کمزوری انتہا کو پہنچی ہوئی تھی' لیکن ہمیں دیکھا تو اسی تپاک کے ساتھ ملنا چاہا' اور اگر ہم زبردستی انہیں روک نہ دیتے تو شاید وہ بستر سے اٹھ ہی بیٹھتے۔ کمزوری اور تکلیف کے وجہ سے باتوں میں ربط نہیں تھا' لیکن آواز میں گھن گرج اسی طرح قائم تھی۔

اس کے بعد ان کی تکلیف بڑھتی ہی چلی گئی' دو دن کے بعد انہیں بقائی ہسپتال میں داخل کیا گیا' اور وہاں وہ آٹھ دن زیر علاج رہے' ابتداءً بیماری میں اتار چڑھاؤ ہوتا رہا' ایک مرتبہ چوبیس گھنٹے سے زائد مکمل بیہوشی اور تقریباً ناامیدی کے بعد اللہ تعالیٰ نے ہوش عطا فرمادیا' حالت سنبھلنے لگی' لیکن یہ آخری سنبھالا تھا' اور شاید اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنی دور

افتادہ صاحبزادی سے ملنے کے لئے عطا فرمایا تھا جو اسی روز بیرون ملک سے ان کے پاس پہنچیں۔ اس کے بعد اس کیفیت میں ترقی نہ ہو سکی' اور بالآخر ۹ فروری ۱۹۸۲ء کو صبح صادق کے وقت وہ اس دنیا سے سدھار کر اپنے مالک حقیقی سے جا ملے۔

انا للہ و انا الیہ راجعون۔

حضرت خطیب صاحبؒ کو اللہ تعالیٰ نے بہت سے کمالات سے نوازا تھا۔ وہ بڑے خلیق' منس مکھ' ملنسار' خوش ذوق' نفاست پسند اور وضع دار بزرگ تھے۔ جس کسی شخص سے کوئی تعلق قائم ہو گیا اسے آخر وقت تک نبھایا۔ اللہ تعالیٰ نے انتظامی صلاحیت سے نوازا تھا' اور مشکل سے مشکل کام کو خوش اسلوبی سے انجام دینے کی توفیق بخشی تھی۔

اگرچہ انبالہ میں سترہ سال تک درس و تدریس ہی کی خدمت انجام دی' اس لیے علمی استعداد یقیناً پختہ رہی ہو گی' لیکن ان کے اس عظیم الشان وصف کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے کہ انہوں نے کبھی کسی دوسرے کے سامنے اپنے علم یا تقدس کا تاثر دینے کی کوشش نہیں کی۔ وہ اس معاملے میں قابل رشک حد تک پاک نفس انسان تھے۔ جن لوگوں کو ان سے عقیدت و محبت کا تعلق ہوتا وہ بھرے مجمع میں بھی ان سے کوئی فقہی سوال کر لیتے تو انہی کے سامنے ٹیلی فون کر کے حضرت والد صاحبؒ سے اس کا جواب معلوم کرتے' اور ان کو اسی حوالے سے جواب دیتے تھے۔ **"لا ادری"** کہنے کا یہ **"علم"** آج بڑے بڑے علماء میں مفقود ہوتا جا رہا ہے' اور اس کے لیے بڑے وسیع ظرف اور اونچے حوصلے کی ضرورت پڑ گئی ہے۔

حضرت خطیب صاحبؒ نے ملک و ملت کی' مسلمانوں کی' طلبائے علم کی' اور دارالعلوم کی گرانقدر خدمات انجام دی ہیں۔ ان کے ہاتھوں نہ جانے خیر کے کتنے کام جاری ہوئے' کتنے شرور پر بندش لگی' کتنے دکھی لوگوں کے دکھ دور ہوئے' یہ سارے کام انشاء اللہ ان کے لیے صدقات جاریہ ہیں۔ اور ہم سب پر ان کا یہ حق ہے کہ ان کو دعائے مغفرت اور ایصال ثواب میں یاد رکھیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی زلات و سیئات سے درگزر فرمائیں' ان کے اعمال حسنہ پر انہیں اپنی رحمت خاص سے بیش از بیش جزائے خیر عطا فرمائیں' انہیں جنت الفردوس میں مقامات عالیہ سے نوازیں' اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل اور اجر جزیل عطا فرمائیں۔ آمین۔

قارئین البلاغ پر ان کا خصوصی طور سے بہت حق ہے۔ البلاغ کی توسیع اشاعت

اور اس کی مالی انتظام میں انکا بہت بڑا حصہ ہے 'انہوں نے بڑی خاموشی کے ساتھ 'البلاغ' کی گرانقدر خدمات انجام دی ہیں۔ اس لیے قارئین سے درخواست ہے کہ وہ موصوفؒ کے لیے دل سے دعائے مغفرت اور ایصال ثواب کا اہتمام فرمائیں۔ آمین۔

البلاغ جلد ۱۶ شمارہ ۵

# جسٹس کریم اللہ درانی صاحب مرحوم

ابھی حضرت مولانا محمد متین خطیب صاحبؒ کی وفات کا صدمہ تازہ ہی تھا کہ اچانک ایک اور اندوہناک خبر دل کو تڑپا گئی۔ وفاقی شرعی عدالت میں ہمارے محترم رفیق جناب جسٹس کریم اللہ درانی صاحب مرحوم کار کے ایک حادثے میں شہید ہو گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

جسٹس درانی صاحب مرحوم ان لوگوں میں سے تھے جو اپنی مختصر ملاقات میں بھی ذہن و دل پر دیرپا نقوش چھوڑ جاتے ہیں۔ ان سے پہلی ملاقات تو ۱۹۷۹ء میں اس وقت ہوئی تھی جب وہ پشاور ہائی کورٹ کے جج تھے' اور میں اسلامی نظریاتی کونسل کی ایک میٹنگ میں شرکت کے لئے پشاور گیا تھا۔ پشاور ہائی کورٹ میں چائے کے وقفے کے دوران بہت مختصر سی ملاقات' لیکن تقریباً دو سال بعد قدرت نے ہمیں وفاقی شرعی عدالت کے ارکان کی حیثیت میں ایک ساتھ جمع کر دیا' یہاں بھی ان کے ساتھ رفاقت کا عرصہ زیادہ نہیں رہا' لیکن ان کی خوش اخلاقی' شگفتہ مزاجی' دین سے لگاؤ' اور قابلیت کا یہ ثمرہ تھا کہ یہ مختصر رفاقت سالوں پر محیط معلوم ہوتی ہے۔

وہ پشاور سے تعلق رکھتے تھے! لیکن اردو پر قدرت بہت سے اہل زبان ادباء سے زائد تھی' یہاں تک کہ ان کے لب ولہجہ سے بھی یہ پتہ نہیں لگتا تھا کہ ان کی مادری زبان اردو نہیں ہے۔ وہ تحریک پاکستان کے دوران مسلم لیگ کے سرگرم کارکن رہے' اور سرحد ریفرنڈم میں بڑے جوش و خروش کے ساتھ پاکستان کے لیے کام کیا۔ پاکستان بننے کے بعد انہوں نے پشاور یونیورسٹی سے قانون کی ڈگری لی' اور ۱۹۵۸ء سے وکالت کا آغاز کیا۔ پاکستان (کونسل) مسلم لیگ کے جائنٹ سیکریٹری رہے' اور سیاسی جدوجہد کے دوران قید و بند کی صعوبتیں بھی برداشت کیں' بعد میں انہوں نے "تحریک استقلال" میں شمولیت اختیار کی' اور اس کے نائب صدر رہے' یہاں تک کہ ۱۹۷۳ء میں سیاست سے کنارہ کشی اختیار کر لی۔

جولائی ۱۹۷۹ء میں وہ پشاور ہائی کورٹ کے جج مقرر ہوئے' اور جب مئی ۱۹۸۰ء میں

وفاقی شرعی عدالت کا قیام عمل میں آیا تو انہیں اس عدالت میں بحیثیت رکن (جج) منتقل کر دیا گیا۔ قانون کی اعلیٰ قابلیت کے ساتھ ساتھ انہیں شروع ہی سے دین کے ساتھ بڑا لگاؤ تھا۔ اور اس موضوع پر بھی ان کا مطالعہ بہت وسیع تھا، ساتھ ہی اللہ تعالیٰ نے سلامت فکر و اعتدال سے بھی نوازا تھا، اس لیے شرعی معاملات میں ان کے فیصلوں کو نمایاں امتیاز حاصل ہوا۔

وہ بڑے علم دوست اور ادب نواز آدمی تھے۔ اللہ تعالیٰ نے خطابت کا بھی دل کش اسلوب بخشا تھا، چنانچہ ان کی تقریریں بڑی مقبول ہوتیں، اور مجلس میں بیٹھتے تو اسے باغ و بہار بنا دیتے۔ میں صفر ۱۴۰۲ھ کے وسط میں عدالت سے طویل رخصت پر کراچی آ گیا تھا، پچھلے دنوں ایک مقدمے کی سماعت کے لیے دو دن کے واسطے اسلام آباد آنا ہوا، اور رخصت کے وقت جب ان سے معانقہ ہو رہا تھا تو تصوّر بھی نہ تھا کہ یہ ان سے آخری ملاقات ہوگی۔ ۱۵ فروری کو وہ اسلام آباد سے اپنے گھر پشاور جا رہے تھے، اور کار بھی خود ڈرائیو کر رہے تھے، پشاور سے ذرا پہلے ترناب کے مقام پر مغرب کا وقت ہو گیا تو کار سے اتر کر ایک مسجد میں نماز مغرب ادا کی، اور دیکھنے والوں کا بیان ہے کہ دیر تک دعا کرتے رہے، پھر دوبارہ کار میں سوار ہو کر چلے تو سامنے سے ایک تیز رفتار ٹینکر نے جو کسی بس سے آگے نکلنے کی فکر میں تھا، اس زور کی ٹکّر ماری کہ کار کا اگلا حصہ بالکل تباہ ہو کر ٹینکر کے پہیوں کے درمیان گھس گیا، کار کی جو حالت تقریباً ایک ہفتے کے بعد میں نے دیکھی اسے دیکھ کر رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں کہ درانی صاحب مرحوم پر اس تصادم کے وقت کیا قیامت گذر گئی ہوگی، انہیں بمشکل تمام کار سے نکالا گیا، اور ہسپتال لیجانے کی بھی کوشش کی گئی، لیکن وہ زبانِ حال سے یہ کہہ رہے تھے کہ۔

چھپ گیا آفتاب، شام ہوئی
اک مسافر کی رہ تمام ہوئی

دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرما کر انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقامات عطا فرمائیں، اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشیں۔ آمین۔ قارئین البلاغ سے بھی ان کے لیے دعائے مغفرت اور ایصال ثواب کی درخواست ہے۔

البلاغ جلد ۱۶ شمارہ ۵

# حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا کاندھلویؒ

پچھلے مہینے یہ جانکاہ خبر دلوں پر صاعقہ بن کر گری کہ حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب کاندھلوی قدس سرہ رحلت فرماگئے۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون۔

حضرت شیخ الحدیث صاحب قدس سرہ ہمارے عہد کی ان یگانہ ہستیوں میں سے تھے جن کا نفس وجود ہی امت کے لئے رحمتوں اور برکتوں کا باعث ہوتا ہے، اور جن کو اللہ تعالیٰ کسی دور میں فیض رسانی کے لئے منتخب اور موفق فرمالیتے ہیں۔ برصغیر کے علماء میں ان کی ذات اس وقت ایسی تھی کہ مختلف نقطہ ہائے نظر کے لوگ بھی اس کے علم و فضل، تقدس و تقویٰ، جہد و عزیمت اور ملت کے درد کے نہ صرف معترف، بلکہ اس کے آگے سر بہ خم تھے، اور جو مشکلات میں بڑے بڑے علماء کے لئے مرجع بنی ہوئی تھی۔ ان کی مثال ایسے گھنے اور سایہ دار درخت کی سی تھی جس کی چھاؤں میں امت کے تمام افراد، اور خصوصاً اہل علم و دین کو آغوش مادر کا سکون و سرور میسر آتا تھا۔ آج پوری علمی و دینی برادری اس عظیم سائے سے محروم ہوگئی، اور ملت کا یہ سہارا چھن گیا۔

حضرت شیخ الحدیث صاحب قدس سرہ اس قافلۂ دعوت و عزیمت کے ایک فرد تھے، جس نے برصغیر میں دین حق کی شمع روشن رکھنے کے لئے اپنی جانیں کھپائیں، اور وقت کی تند و تیز آندھیوں کا مردانہ وار مقابلہ کیا۔ انہوں نے علم کی تحصیل اور دین کی تبلیغ میں جو مشقتیں اٹھائیں، جن حضرات کی صحبت سے فیض یاب ہوئے، اور جن کے کردار و عمل کو اپنی عملی زندگی میں جذب کیا، ان کا دلنشیں اور سبق آموز تذکرہ ان کی دلچسپ اور موثر "آپ بیتی" میں موجود ہے، جس کی ہر سطر ہمارے لئے عبرت و موعظت کا سرمایہ ہے۔

اللہ تعالیٰ نے حضرتؒ کو یوں تو سارے ہی علوم میں دسترس عطا فرمائی تھی، لیکن خاص طور پر علم حدیث کے ساتھ آپ کا تعلق اور اشتغال اس درجہ تھا کہ "شیخ الحدیث" آپ کے اسم گرامی کا جزء، بلکہ اس کا قائم مقام بن گیا، علمی و دینی حلقوں میں "حضرت شیخ الحدیث صاحبؒ" کا لفظ مطلقاً بولا جائے تو آپ کے سوا کسی اور کی طرف ذہن جاتا ہی نہ تھا،

اور واقعہ یہ ہے کہ اس دور میں اس لقب کا کوئی حقیقی مستحق تھا تو وہ آپ ہی کی ذات تھی۔ سالہا سال حدیث کا درس' آپ کا جزو زندگی تھا۔ پھر تالیف و تصنیف کے میدان میں علم حدیث کی متنوع خدمات اللہ تعالیٰ نے آپ سے لیں' اس دور میں شاید ان کی نظیر نہیں ہے۔

سب سے پہلے آپ نے اپنے شیخ مکرم حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری قدس سرہ کے ساتھ رہ کر ان کی ابوداؤد کی شرح "بذل المجہود" کی تالیف میں ان کو مدد دی۔ پھر موطأ امام مالکؒ کی عظیم شرح "اوجز المسالک" تالیف فرمائی جو اس صدی کے علمی کارناموں میں سرفہرست ہے۔ اور جس کی قدر اہل علم ہی جانتے ہیں۔ اس کے علاوہ حضرت گنگوہی قدس سرہ کی تقریر ترمذی "الکوکب الدری" پر حضرتؒ نے جو حاشیہ تحریر فرمایا ہے' وہ اپنے اختصار اور جامعیت میں اپنی نظیر آپ ہے۔ پھر آخر میں حضرت گنگوہیؒ کی تقریر بخاری "لامع الدراری" پر جو مفصل تعلیقات آپ نے تحریر فرمائی ہیں' آج صحیح بخاریؒ کا کوئی طالب علم یا مدرس ان سے بے نیاز نہیں ہو سکتا۔ ان میں سے ہر ایک علمی خدمت ایسی ہے کہ اگر کوئی شخص ساری عمر میں وہی خدمت انجام دے تو وہ تنہا بھی اس کی علمی عظمت کے ثبوت کے لئے کافی ہے۔

یہ تمام کارنامے تو اہل علم کی رہنمائی کے لئے ہیں' لیکن عام مسلمانوں کے لئے بھی حضرتؒ نے تالیفات کا جو انتہائی مفید ذخیرہ چھوڑا ہے' اس سے آج ایک دنیا سیراب ہو رہی ہے۔ "فضائل" کے سلسلے میں تالیفات جو "تبلیغی نصاب" کے نام سے مشہور ہو گئی ہیں' اپنی سادگی اور تاثیر میں بے مثال ہیں۔ بلا مبالغہ ہزارہا زندگیوں میں ان کے ذریعہ انقلاب پیدا ہوا ہے۔ اور آج مسجد مسجد ان کے اجتماعی مطالعے کا سلسلہ جاری ہے' اور شاید چوبیس گھنٹے میں کوئی وقت ایسا نہ ہو جب وہ دنیا کے کسی نہ کسی حصے میں پڑھی نہ جا رہی ہوں۔

علم و فضل کے اس مقام بلند اور ان عظیم خدمات کے باوجود شخصیت ایسی کہ علم کے غرے یا تقدس و تقویٰ کے ناز کی کوئی پرچھائیں بھی وہاں دور دور نظر آنے کا کوئی سوال نہ تھا۔ سادگی' بے تکلفی اور تواضع و فنائیت کا ایسا پیکر جمیل کہ اللہ اکبر! اپنے سارے مقامات عالیہ کے باوصف چھوٹوں اور احباب کے ساتھ ایسے گھلے ملے کہ کوئی شخص پہچان بھی نہیں سکتا تھا کہ یہ وہ "شیخ الحدیث" ہیں جن کی علمی خدمات کے احسان سے دنیا بھر کے اہل علم کی گردنیں جھکی ہوئی ہیں۔

عرصہ دراز سے چلنے پھرنے سے قطعی معذور ہو چکے تھے۔ لیکن اس بیماری' معذوری' اور ضعف کے عالم میں بھی ان کی مصروفیات ہم جوانوں کے لئے باعث رشک ہی نہیں' حیرتناک تھیں' اور ان کی تفصیلات کو دیکھنے والا ان کو ایک زندہ کرامت یا قوت ایمانی کے کرشمہ کے سوا کچھ نہیں کہہ سکتا۔ نہ جانے کتنی تصنیفات اس معذوری کے زمانے میں لکھی گئیں۔ کتنے تبلیغی سفر اسی معذوری کی حالت میں ہوئے' کتنی پر مشقت عبادتیں اسی کیفیت میں انجام پائیں۔ دنیا بھر سے اہل علم' اور عام مسلمان اپنی اپنی مشکلات اور مسائل آپ کے پاس لکھ کر بھیجتے' اور اس طرح روزانہ ڈاک کا ایک انبار آپ کے پاس جواب طلب ہوتا' لیکن اس پوری ڈاک کا باقاعدگی کے ساتھ روزانہ جواب دیتے' اور مخاطب کی مکمل تشفی فرماتے۔

ساری عمر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کی خدمت میں صرف کرنے کے بعد آرزو تھی کہ عمر کے آخری لمحات مدینۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم میں بسر ہوں' اور جنت البقیع کی خاک نصیب ہو' اسی آرزو میں ضعیفی' معذوری' اور انواع و اقسام کی بیماریوں کے عالم میں اپنے گھر بار' اور اہل و عیال کو چھوڑ کر سالہا سال سے مدینہ طیبہ میں قیام فرماتھے' لیکن وہاں بھی ہر وقت فیض کے دریا جاری تھے۔ شدید معذوری کے عالم بھی حرم شریف کی حاضری میں فرق نہیں آتا تھا' پھر اس پر مستزاد یہ کہ اصلاح و تبلیغ کا جذبہ بیتاب وہاں بھی آپ کو چین سے نہ بیٹھنے دیتا' چنانچہ وقفے وقفے سے دور دراز کے ممالک کے سفر اسی حالت میں جاری رہتے' کبھی انڈیا کبھی پاکستان کبھی افریقہ' غرض بڑھاپے کے اس دور میں جب انسان کی سب سے بڑی خواہش یہ ہوتی ہے کہ اپنے اہل و عیال کے ساتھ گوشہ عافیت میں پڑا رہے' اس وقت آپ نے گھر کے آرام و راحت کو تو بالکل خیرباد کہہ ہی دیا تھا' مستقل ایک جگہ کی رہائش بھی میسر نہ تھی بلکہ طویل سفروں کی مشقت بھی برداشت فرماتے تھے۔ غرض آپ کی زندگی' آپ کے کارنامے' آپ کی مصروفیات' اور آپ کے ہاتھوں جاری ہونے والے فیوض ہم جیسوں کے لئے ایک زندہ کرامت سے کم نہیں تھے' اور آپ کی زندگی کا ہر پہلو ہمارے لئے ایک مستقل درس موعظت ہے۔

جب اللہ تعالیٰ کسی شخص کو افادہ خلق کے لئے چنتے ہیں تو اس کے دل میں اپنی مخلوق پر غیر معمولی شفقت و محبت پیدا فرمادیتے ہیں' اسے امت کے ہر فرد کے ساتھ ایسا تعلق خاطر

ہو جاتا ہے کہ وہ ہر شخص کے دکھ کو اپنا دکھ اور ہر شخص کی راحت کو اپنی راحت تصور کرتا ہے۔ حضرت شیخ الحدیث صاحب قدس سرہ کا معاملہ بھی یہی تھا' ان کے متعلقین و متوسلین اور محبت کرنے والوں کی تعداد شاید لاکھوں تک پہنچتی ہوگی' اتنے انسانوں کے ساتھ تعلق کو نبھانا انہی کا کام تھا۔ ان میں سے ہر شخص یہ محسوس کرتا تھا کہ انہیں میرے ساتھ زیادہ خصوصی تعلق ہے۔ اور وہ میرے رنج و راحت میں سب سے بڑے شریک ہیں۔

احقر کے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرہ کے ساتھ حضرتؒ کو بڑا خصوصی تعلق تھا۔ جب کبھی کراچی تشریف آوری ہوتی تو حضرت والد صاحبؒ ہم بھائیوں کو لے کر ان کی خدمت میں تشریف لے جاتے' اور حضرتؒ کے لئے بھی معذوری کے باوجود یہ ممکن نہ تھا کہ دارالعلوم کورنگی میں کم از کم ایک مرتبہ تشریف لائے بغیر کراچی سے چلے جائیں۔ پھر دوری کی حالت میں بھی حضرت والد صاحبؒ کے ساتھ ان کی خط و کتابت جاری رہتی' اور اس میں ملّت کے بہت سے مسائل زیر بحث آتے تھے' اور یہ حضرتؒ کی شفقت بے پایاں تھی کہ ہر خط میں برادر محترم حضرت مولانا مفتی محمد رفیع صاحب مدظلہم اور اس ناکارہ کا بڑی محبت سے ذکر فرماتے' گراں قدر نصائح سے نوازتے' اور ہماری اصلاح و تربیت کے لئے حضرت والد صاحب قدس سرہ کو مشورے دیتے رہتے تھے۔

ایک مرتبہ آپ کی کراچی تشریف آوری ایسی حالت میں ہوئی کہ حضرت والد صاحب قدس سرہ صاحب فراش تھے' دل کی تکلیف کی وجہ سے اٹھنا بیٹھنا بھی ممکن نہ تھا' ادھر حضرت شیخ الحدیث صاحب قدس سرہ' کو بھی بخار چل رہا تھا' لیکن اس کے باوجود دارالعلوم تشریف لانے کا معمول ناغہ نہیں فرمایا۔ جب حضرت والد صاحبؒ کے کمرے میں داخل ہوئے تو حضرت والد صاحبؒ نے استقبال کے لئے بستر سے اٹھنے کی کوشش کی' حضرتؒ نے وہیں سے فرمایا

"دیکھو مفتی صاحب! اٹھنے کی کوشش کی تو اچھا نہ ہوگا' سیدھی بات یہ ہے کہ تم بھی بیمار' میں بھی بیمار' بیٹھے رہنے کی طاقت نہ تم میں ہے نہ مجھ میں' میں بھی لیٹ جاؤں گا' اور دونوں لیٹے لیٹے باتیں کریں گے۔"

چنانچہ حضرتؒ برابر کی چارپائی پر لیٹ گئے' اور دونوں بزرگوں میں دیر تک اسی شان سے گفتگو جاری رہی۔ اللہ اکبر! سادگی' بے تکلفی' بے ساختگی اور اخلاص و محبت کے یہ

دلآویز پیکر اب کہاں نظر آتے ہیں۔

اخبارات اور رسائل وغیرہ کیلئے مضمون لکھنا حضرتؒ کا معمول نہ تھا' لیکن جب احقر نے "البلاغ" کے مفتی اعظمؒ نمبر کے لئے کچھ تحریر کرنے کی فرمائش کی' تو احقر کے نام ایک مفصل مکتوب کی شکل میں حضرت والد صاحبؒ کے بارے میں اپنے تاثرات بڑے اہتمام کے ساتھ تحریر فرما کر ارسال فرمائے۔ اس طرح حضرت والد صاحبؒ کے ساتھ اپنے خصوصی تعلق کا بھی حق ادا فرمادیا' چھوٹوں کی فرمائش کی تکمیل بھی فرمادی' اور اس کو بصورت مکتوب لکھ کر اپنے معمول کا بھی تحفظ فرمالیا۔

حضرت والد صاحب قدس سرہ' کے بعد احقر کے شیخ و مربی اور دارالعلوم کراچی کے صدر حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالحئی صاحب عارفی مدظلہم العالی کے ساتھ حضرتؒ کا تعلق بہت بڑھ گیا تھا' دونوں بزرگوں کے درمیان مسلسل خط و کتابت جاری رہتی۔ ہمارے حضرت ڈاکٹر صاحب مدظلہم العالی اپنی تالیفات میں حضرت شیخ الحدیث صاحبؒ سے مشورے فرماتے رہتے' اور حضرتؒ ان کی بطور خاص قدردانی فرماتے۔ ہمارے حضرت ڈاکٹر صاحب مدظلہم کی کوئی نئی کتاب حضرتؒ کی خدمت میں پہنچتی تو اسے اپنی مجلسوں میں باستیعاب خود بھی سنتے اور دوسروں کو بھی سنواتے' اور پھر اپنے تاثرات لکھ کر بھیجتے۔ خصوصی تعلق خاطر کا عالم یہ تھا کہ ایک مرتبہ اپنے ایک مکتوب میں ہمارے حضرت ڈاکٹر صاحب مدظلہم العالی کو تحریر فرمایا کہ "آپ سے یہ شکایت ہے کہ آپ نے روضہ اقدس پر اپنا سلام پیش کرنے کے لئے مجھے تحریر نہیں فرمایا"۔ ہمارے حضرت ڈاکٹر صاحب مدظلہم کو چونکہ آپ کی معذوری اور مصروفیات کا اندازہ تھا' اسلئے خط میں روضۂ اقدس پر سلام عرض کرنے کی فرمائش اس لئے تحریر نہ فرمائی تھی کہ اتنی مصروف اور معذور شخصیت کو سلام پہنچانا' یاد رکھنے کا مکلف کرنا مناسب معلوم نہیں ہوتا۔ لیکن یہ حضرت شیخ الحدیثؒ کا جذبۂ عشق بھی تھا اور ہمارے حضرتؒ کے ساتھ خصوصی تعلق کا کرشمہ بھی کہ یہ جملہ لکھ کر اس ذہنی رکاوٹ کو ہمیشہ کے لئے دور فرمادیا۔

ہمارے حضرت ڈاکٹر صاحب مدظلہم العالی کے متعلقین میں سے کوئی شخص بھی کبھی مدینہ طیبہ پہنچتا' اور حضرتؒ کو معلوم ہوجاتا کہ ان کا تعلق حضرت ڈاکٹر صاحب مدظلہم العالی سے ہے تو اس کے ساتھ خصوصی اکرام اور محبت کا معاملہ فرماتے' اور ہمارے حضرتؒ کی

خیریت اور حالات اس سے دریافت فرماتے رہتے تھے۔ کراچی میں حضرت شیخ الحدیث صاحبؒ کے جو متوسلین ہیں' ان میں سے بہت سوں کو یہ ہدایت فرمائی ہوئی تھی کہ وہ حضرت ڈاکٹر صاحب مدظلہم کی مجالس میں حاضر ہو کر استفادہ کیا کریں' چنانچہ ایسے بہت سے لوگ جو حضرت شیخ الحدیث صاحب قدس سرہ' سے بیعت ہیں' ہمارے حضرت ڈاکٹر صاحب مدظلہم کی مجلس میں بھی حاضر ہوتے ہیں۔

یہ تو ہماری شامت اعمال ہے کہ ایسے ایسے عظیم بزرگوں کا جلوہ جہاں آرا دیکھا' ان کے کردار و عمل کی عظمتوں کا مشاہدہ کیا' اللہ تعالیٰ نے ان کی نصائح سے مستفید ہونے کا موقع بخشا' لیکن اپنی عملی حالت زار جوں کی توں رہی۔ لیکن جب اللہ تعالیٰ کے اس انعام کا تصور کرتا ہوں کہ اس نے کسی استحقاق کے بغیر ایسے بزرگوں کی محبت و توجہ خاص کا مورد بنایا تو اس پر ادائے شکر کے لئے الفاظ نہیں ملتے' اور ندامت کے ساتھ یہ امید بھی بندھتی ہے کہ شاید ان بزرگوں کی محبت و توجہ کے طفیل بیڑا پار ہو جائے۔

حضرت شیخ الحدیث صاحب قدس سرہ' نے برادر محترم حضرت مولانا مفتی محمد رفیع صاحب عثمانی اور اس ناکارہ کے ساتھ جس خصوصی شفقت کا معاملہ فرمایا وہ انہی کا حصہ تھا۔ حضرت والد صاحب قدس سرہ' کی حیات میں ان کو ہماری تربیت کے بارے میں تقریباً ہر خط میں مشورے تحریر فرماتے رہتے' پھر حضرت والد صاحبؒ کی وفات کے بعد ہمارے شیخ و مربی حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالحئی صاحب عارفی مدظلہم کو بھی تقریباً ہر مکتوب میں ہمارے بارے میں تحریر فرماتے رہتے تھے' اور ایک مرتبہ تو یہاں تک لکھ دیا کہ ان دونوں کی اصلاح و تربیت میں اپنا پورا زور لگا دیجئے۔

دارالعلوم کے ساتھ تعلق کا یہ عالم کہ شہر سے باہر ہونے کی بنا پر یہاں آنا جوانوں اور تندرستوں پر بھی شاق گزرتا ہے' لیکن حضرت والد صاحبؒ کی وفات کے بعد کراچی آنا ہوا تو معذوری اور ضعف کے باوجود یہاں تشریف لائے اور نصیحتیں فرمائیں' پھر ہمیں خلوت میں مکی مسجد بلایا' اور گراں قدر نصیحتوں سے نوازا۔

حضرت والد صاحبؒ کی وفات کے بعد پہلی بار احقر کی مدینہ طیبہ حاضری ہوئی تو مغرب کا وقت تھا' مغرب سے عشاء تک حضرتؒ کا معمول یہ تھا کہ حرم شریف میں مراقب رہتے تھے' احقر کو معلوم تھا کہ حضرتؒ حرم شریف میں کسی سے بات چیت نہیں کرتے' اس لئے

اس وقت حاضری کی ہمت نہ ہو رہی تھی' لیکن حضرتؒ کے خدام میں سے کسی نے بتادیا تو اسی وقت اپنے پاس بلایا گلے لگایا' اور فرمایا :

"جتنے دن یہاں ہو' کھانا میرے ساتھ کھانا' دوپہر کا کھانا ظہر کے فوراً بعد' اور رات کا عشاء کے فوراً بعد ہوتا ہے' لیکن اگر کوئی دعوت کرے تو قبول کرلینا' پابندی بھرنے کی ضرورت نہیں' اب عشاء کے بعد ملاقات ہوگی' السلام علیکم"۔

یہ محبت بھرے مختصر جملے سن کر میں حیرت و استعجاب میں ڈوب گیا کہ چند لمحوں میں کتنے متضاد حقوق ادا فرمادیئے' بقدر ضرورت بات بھی کرلی' اور حرم شریف میں مصروف عبادت رہنے کا معمول بھی باقی رکھا' حضرت والد صاحبؒ کے تعلق سے احقر کے ساتھ محبت کا حق بھی ادا فرمادیا' کھانے کی دعوت کے ذریعے عزت افزائی بھی فرمادی' لیکن ساتھ ہی یہ خیال ہوا ہوگا کہ اگر کوئی دوسرا شخص اس کی دعوت کرے گا تو کھانے کی اس پابندی کی بنا پر یہ کشمکش میں پڑے گا' اس طرح یہ مستقل دعوت کہیں زحمت نہ بن جائے' اس لئے دعوت قبول کرنے کی اجازت بھی دے دی' اپنے آپ کو بھی فارغ رکھا' اور احقر کو بھی فارغ فرمادیا۔ حقوق و حدود کی یہ رعایت اللہ تعالیٰ اپنی توفیق خاص ہی سے اپنے خاص بندوں کو عنایت فرماتے ہیں۔

پھر جتنے دن احقر مدینہ طیبہ میں مقیم رہا' اپنے ساتھ کھانے میں شریک فرماتے' خود چیزیں اٹھا اٹھا کر دیتے' اور شفقتوں کی وہ انتہاء فرماتے کہ احقر بعض اوقات پانی پانی ہوجاتا۔

احقر کبھی کبھی حضرتؒ کو خط لکھتا رہتا تھا' اور زیادہ خط لکھنے سے اس لئے حجاب ہوتا تھا کہ حضرتؒ پر جواب دینے کا بار نہ ہو' ایک مرتبہ اپنی اس کشمکش کو خط میں لکھ دیا تو جواب میں تحریر فرمایا۔ "تم اس بات سے نہ گھبرایا کرو' مجھے تو خود تمہیں خط لکھنے کو کھاج اٹھے۔"

پچھلے سال جب وفاقی شرعی عدالت کی خدمت ناگہانی طور پر احقر کے سپرد ہوگئی تو احقر دو وجہ سے پریشان تھا' ایک اس لئے کہ دارالعلوم کی خدمات سے علیحدگی طبعاً احقر کو ناقابل برداشت معلوم ہوتی تھی' دوسرے یہ بھی تردد تھا کہ نہ جانے احقر کے لئے دینی اعتبار سے یہ مناسب بھی ہے یا نہیں؟ اگرچہ اپنے شیخ و مُربّی حضرت ڈاکٹر صاحب مدظلہم العالی سے استصواب کے بعد دوسری جہت سے اطمینان ہوگیا تھا' اور اسی کے بعد اس خدمت کو عبوری طور پر احقر نے قبول کیا' لیکن طبعاً دارالعلوم کی ذمہ داریوں کی بنا پر ایک ہمہ وقتی تردد

لاحق تھا' اسی حالت میں حضرت شیخ الحدیث کا از خود گرامی نامہ آیا جس میں اس خدمت پر مبارکباد اور دعائیں تحریر تھیں۔ اس موقع پر ان کے مکتوب نے احقر کی بہت ڈھارس بندھائی' اور کام کا حوصلہ بڑھا۔

اب حیرت ہوتی ہے کہ اس قدر مصروف شخصیت کی نگاہ کس طرح اپنے ایک ایک دور افتادہ خادم کے حالات پر رہتی تھی' اور وہ کیسے کیسے مراحل پر اپنے خدام کی دستگیری فرماتے تھے۔

نہ جانے کتنی مدت سے حضرت شیخ وصل کے انتظار' بلکہ اشتیاق میں تھے۔ ایک مرتبہ احقر نے خط میں لکھا کہ "اللہ تعالیٰ آنجناب کے سایہ شفقت کو ہمارے سروں پر تادیر سلامت رکھے" اس کے جواب میں تحریر فرمایا کہ "اب تو میرے لئے طول عمر کی دعا کے بجائے خاتمہ بالخیر کی دعا کیا کرو"۔

ایک مرتبہ حضرت والد صاحبؒ کے نام اپنے ایک خط میں اپنے اشتیاق کا اظہار اس طرح فرمایا کہ "طویل مدت کے لئے مدینہ طیبہ آکر مقیم رہتا ہوں' لیکن یہاں کی مٹی مجھے قبول نہیں کر رہی' پھر کسی کام کی وجہ سے واپس جانا پڑتا ہے"۔

اللہ تعالیٰ کو اپنے حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے شہر میں رکھ کر دینی فیوض جاری کرنے منظور تھے' اس لئے کئی سال وہاں آپ کا فیض جاری رہا' اور اللہ تعالیٰ نے آپ کی دیرینہ آرزو پوری فرمائی' مدینہ طیبہ کی مقدس سرزمین اور اپنے آقا و مولیٰؐ کے قدموں میں آپ نے جان جاں آفریں کے سپرد کردی۔

جان ہی دے دی جگر نے آج پائے یار پر
عمر بھر کی بے قراری کو قرار آہی گیا

حضرت شیخ الحدیث صاحب قدس سرہ' اپنی منزل پر پہنچ گئے۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے امید ہے کہ انشاء اللہ اس نے اپنے اس خاص بندے کے ساتھ رحمت کا خصوصی معاملہ فرمایا ہوگا' لیکن آپ کی ذات والا صفات سے محرومی پورے عالم اسلام کا عظیم نقصان ہے' عالم اسلام کا ہر فرد اس وقت تعزیت کا مستحق ہے۔

اللّٰھم اکرم نزلہ، ووسع مدخلہ، وابدلہ داراً خیرا من دارہ، و اھلا خیرا من اھلہ، ونقہ من الخطایا کما ینقی الثوب الابیض من الدنس، و باعد بینہ وبین

خطایاہ کما باعدت بین المشرق والمغرب ۔ اللّٰھم لا تحرمنا اجرہ ولا تفتنا بعدہ ۔

یوں تو عالم اسلام کا ہر فرد اس حادثے پر مستحق تعزیت ہے، لیکن دار العلوم اور البلاغ کے خدّام خاص طور پر حضرتؒ کے اہل و عیال کی خدمت میں پیغام تعزیت پیش کرنے کے بعد دعاگو ہیں کہ اللہ تعالیٰ حضرت کو مقعد صدق میں پیہم ترقی درجات عطا فرمائیں، پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشیں، اور حضرتؒ نے اپنی تصانیف کے ذریعے تعلیمات و ہدایات کا جو ذخیرہ چھوڑا ہے، ہم سب کو اس پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین۔

البلاغ جلد ۱۶ شمارہ ۹

# حضرت مولانا شمس الحق صاحب افغانی ؒ

ابھی حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب قدس سرہ کی وفات پر آنسو خشک نہیں ہوئے تھے کہ پاکستان میں حضرت مولانا شمس الحق صاحب افغانی ؒ بھی داغ مفارقت دے گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

حضرت مولانا افغانی قدس سرہ ایک عرصہ سے اپنے ضعف و علالت کی بناء پر اپنے آبائی گاؤں ترنگ زئی میں گوشہ نشینی کی زندگی گذار رہے تھے، لیکن ماضی میں انہوں نے بھرپور علمی اور عملی زندگی گزاری، اور وہ ملک کی ان گنی چنی شخصیتوں میں سے تھے کہ جب بھی ملک میں کسی علمی اور تحقیقی کام کا تصور آتا تو نگاہیں خود بخود ان کی طرف اٹھتی تھیں۔

حضرت مولانا افغانی ؒ نے دارالعلوم دیوبند جیسے عظیم دینی ادارے سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد وہیں پر تدریسی خدمات انجام دیں، یہاں تک کہ وہاں شیخ التفسیر کے منصب پر فائز ہوئے۔

۱۹۲۲ء میں ہندوستان میں ہندوؤں کی شدھی تحریک کے زیر اثر فتنہ ارتداد زوروں پر تھا، دارالعلوم دیوبند نے اس موقع پر اس فتنے کی روک تھام کیلئے پچاس مبلغین راجپوتانہ بھیجے۔ اس تبلیغی وفد کا سربراہ حضرت مولانا شمس الحق صاحب افغانی قدس سرہ کو بنایا گیا۔ حضرت مولاناؒ نے آریہ سماجی تحریک کے خلاف اپنا تبلیغی مرکز آگرہ میں قائم کیا، اور پھر راجپوتانہ کے طول و عرض میں اپنی تبلیغی مہمات کا سلسلہ شروع کیا۔ ان کی موثر جدوجہد کے نتیجے میں بفضلہ تعالیٰ ہزاروں ہندو حلقہ بگوش اسلام ہوئے، ہزاروں مسلمان جو اپنی جہالت کی بناء پر ارتداد کے دہانے پر کھڑے تھے، انہیں ارتداد کے خطرے سے نجات ملی۔ شدھی تحریک کے رہنما مناظروں سے جان چھڑا کر بھاگنے پر مجبور ہوئے، اور جن ہندوؤں کو قبول اسلام کی توفیق ہوئی ان کی کٹی ہوئی چوٹیوں کے بال سیروں کے حساب سے بطور یادگار دارالعلوم دیوبند روانہ کئے گئے۔

حضرت مولاناؒ کی اس کامیاب جدوجہد پر خراج تحسین پیش کرنے کیلئے دارالعلوم دیوبند میں ایک جلسہ ہوا جس میں امام العصر حضرت مولانا سید انور شاہ صاحب کشمیریؒ اور شیخ الاسلام حضرت علامہ شبیر احمد صاحب عثمانیؒ جیسے بزرگوں نے مولاناؒ کے اس کارنامے پر انہیں داد و تحسین سے نوازا' اور ان کو دلی دعائیں دیں۔

۱۹۳۹ء میں قلات کی طرف سے آپ کو ریاست قلات میں وزیر معارف (وزیر تعلیم) کے عہدے پر فائز کیا گیا۔ آپ نے یہ منصب اکابر دارالعلوم کے مشورے پر قبول فرمایا۔ اس زمانے میں قلات کے اندر قضاء شرعی کا نظام نافذ تھا اور یہ نظام وزارت معارف کے تحت کام کرتا تھا' حضرت مولاناؒ نے اس نظام کو فعال بنایا' اور پوری ریاست میں مقدمات کے فیصلے شریعت کے ماتحت ہونے لگے۔ اس نظام کی آخری عدالت مرافعہ خود حضرت مولاناؒ کی عدالت تھی' چنانچہ سالہا سال آپ نے قلات میں قضاء شرعی کا عملی تجربہ فرمایا' اور اس دوران اسلامی قوانین اور قضاء شرعی پر متعدد کتابیں تالیف فرمائیں' جن میں "معین القضاۃ والمفتین" عربی زبان میں ہے' اور اس نے متعدد عرب ممالک میں بڑی شہرت حاصل کی۔ اس کے علاوہ اردو زبان میں "شرعی ضابطہ دیوانی" کے نام سے آپ نے اسلام کے دیوانی قوانین کو دفعات کی صورت میں مرتب فرمایا۔

۱۹۵۵ء میں جب قلات کے اس نظام قضاء کو سیکولر عدالتوں کے تابع کردیا گیا تو اس وقت آپ "وزارت معارف" سے مستعفی ہوگئے۔ لیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ پاک وہند میں قضاء شرعی کا جتنا تجربہ مولاناؒ کو تھا' برصغیر میں کسی اور کو نہ تھا۔

غیر منقسم ہندوستان میں دارالعلوم دیوبند اور مظاہر علوم سہارنپور کے بعد دینی تعلیم کا سب سے بڑا ادارہ جامعہ اسلامیہ ڈابھیل تھا' وہاں بھی حضرت علامہ انور شاہ صاحب کشمیری قدس سرہ کی برکت سے اصحاب علم و فضل کا جتنا بڑا اجتماع ہوا' دارالعلوم دیوبند کے بعد برصغیر کے کسی مدرسے میں نہیں ہوا۔ حضرت مولانا افغانیؒ عرصہ دراز تک وہاں بھی صدر مدرس رہے' اور بخاری شریف کا درس دیتے رہے۔

قیام پاکستان کے کافی عرصہ بعد جب جامعہ عباسیہ کی جگہ جامعہ اسلامیہ بہاولپور کا قیام عمل میں آیا تو حضرت مولاناؒ اس میں شعبہ تفسیر کے صدر رہے' اور اس حیثیت میں خدمات انجام دیں۔ اس کے علاوہ آپ مختلف زمانوں میں کراچی کے مدرسہ مظہرالعلوم کھڈہ' لاہور

کے مدرسہ قاسم العلوم اور (ٹھٹھہ) کے دارالفیوض الہاشمیہ میں بھی صدر مدرس کے عہدے پر فائز رہے' اور درس کے ذریعے ایک عالم کو سیراب کیا۔

۱۹۷۷ء میں جب موجودہ حکومت نے اسلامی نظریاتی کونسل کی از سرِ نو تشکیل کر کے اسلامی قوانین کی تدوین کا کام اس کے سپرد کیا تو ابتداءً علماء دیوبند میں سے حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری ؒ کو اس کا رکن نامزد کیا تھا' لیکن حضرت بنوری ؒ صرف چند مجلسوں ہی میں شامل ہو سکے تھے کہ ان کا وقت موعود آ گیا' اور کونسل ان کی خدمات سے محروم ہو گئی۔ ان کی جگہ پر کرنے کیلئے کوئی اسی معیار کی شخصیت ضروری تھی' حضرت مولانا افغانی قدس سرہ اگرچہ اس وقت کافی ضعیف ہو چکے تھے' لیکن ان کے علم اور تجربے کے پیش نظر اس منصب کیلئے انہیں کا انتخاب عمل میں آیا' اور آپ کئی سال کونسل کے رکن کی حیثیت میں خدمات انجام دیتے رہے۔

احقر کو اپنے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرہ کے طفیل حضرت مولانا افغانی ؒ سے نیاز تو بہت پہلے کا حاصل تھا' زیارت بھی بار بار ہوئی تھی' لیکن قریب سے استفادہ کی نوبت اسی وقت آئی جب آپ کونسل کے رکن بنے۔ احقر بھی اس وقت کونسل کا رکن تھا' اور اس طرح حضرت مولانا ؒ کے علم' تفقہ اور بصیرت سے استفادے کا بکثرت موقع ملتا رہتا تھا' اگرچہ حضرت مولانا ؒ اپنے ضعف اور علالت کی بنا پر مجلس میں فعال حصہ لینے سے معذور ہو گئے تھے' لیکن ہم لوگوں کو جہاں کوئی علمی مشکل پیش آتی' ہم حضرت ؒ کی خدمت میں حاضر ہوتے' اور اکثر و بیشتر گرہ کھل جاتی۔

اس ضعف کے عالم میں بھی مولانا ؒ کا علمی استحضار اور آپ کی ہمت عمل ہم جوانوں کیلئے قابل رشک اور سرمہ بصیرت تھی۔ بارہا ایسا ہوا کہ ہم کسی مسئلے کو کتابوں میں تلاش کرنے کی فکر میں تھے' اور مطلوبہ کتابیں میسر نہ آ رہی تھیں' مولانا ؒ سے مسئلے کا ذکر آیا تو انہوں نے اس طرح اس مسئلے کی تقریر فرما دی جیسے رات مطالعہ کر کے تشریف لائے ہوں۔

احقر کے ساتھ حضرت مولانا ؒ جو خصوصی شفقت کا معاملہ فرماتے تھے' اس کا اظہار الفاظ میں ممکن نہیں ہے۔ میں جب بھی حاضر خدمت ہوتا' آپ انتہائی شفقت اور خندہ پیشانی سے پیش آتے' احقر کی بات انتہائی توجہ سے سنتے' اور اسے نہ صرف وزن دیتے' بلکہ بارہا مجلس میں اس بات کا اظہار فرمایا کہ جس مجلس میں تم ہوتے ہو' مجھے اس میں حاضر ہونے

کی زیادہ فکر نہیں ہوتی' کیونکہ میں تمہاری رائے سے آنکھ بند کرکے بھی اتفاق کر سکتا ہوں۔ چھوٹوں کے ساتھ شفقت' حسن ظن اور اعتماد کا یہ انداز بعض اوقات احقر کو پانی پانی کر دیتا تھا۔

علماء دیوبند میں تمام بزرگوں کی یہ خصوصیت رہی ہے کہ انہوں نے صرف حروف و نقوش کے علم پر کبھی اکتفا نہیں فرمایا' بلکہ تزکیہ نفس کے لئے کسی شیخ کامل سے وابستگی کو ہمیشہ ضروری سمجھا۔ حضرت مولانا افغانی قدس سرہ نے بھی تحصیل علم کے بعد اس غرض کے لئے متعدد مشائخ سے رجوع فرمایا' بالآخر حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کے خلیفہ اجل حضرت مولانا مفتی محمد حسن صاحب قدس سرہ سے اجازت حاصل ہوئی۔

قحط الرجال کے اس دور میں جب علم راسخ رکھنے والے حضرات ناپید ہو رہے ہیں' حضرت مولانا شمس الحق صاحب افغانیؒ کی حیثیت ایک روشن چراغ کی سی تھی' جس کے تصور سے بھی دل کو اطمینان و تسلی کی دولت نصیب ہوتی تھی۔ افسوس کہ یہ چراغ آج گل ہوگیا' اور ملت اسلامیہ اپنے ایک عظیم علمی سہارے سے محروم ہوگئی۔ ان کی وفات کسی ایک فرد' یا ایک خاندان کا نہیں' بلکہ پورے ملک' پوری ملّت اسلامیہ کا نقصان عظیم ہے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی روح پر فتوح پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے' اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ آمین' ثم آمین۔

البلاغ جلد ۱۸ شمارہ ۱

# حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحبؒ

یہ دلگداز خبراب تک پرانی بھی ہوچکی ہوگی کہ دارالعلوم دیوبند میں سلف کی آخری یادگار حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب رحمۃ اللہ علیہ ہمیں داغ مفارقت دیکر اپنے مالک حقیقی سے جاملے۔ لیکن اس سانحے کی ٹیس نہ جانے کب تک دلوں میں تازہ رہے گی' اس لئے کہ یہ صرف کسی ایک شخص کی وفات نہیں' یہ ایک پورے عہد کا' اس کے مزاج ومذاق کا' اور اس کی دلآویز خصوصیات کا خاتمہ ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

وما كان قيس هلكه هلك واحد
ولكنه بنيان قوم تهدّما

حضرت قاری صاحب قدس سرہ کی ذات گرامی دارالعلوم دیوبند کے اس بابرکت دور کی دلکش یادگار تھی جس نے حضرت شیخ الہندؒ' حضرت تھانویؒ' حضرت علامہ انور شاہ کشمیریؒ اور ان جیسے دوسرے حضرات کا جلوہ جہاں آرا دیکھا تھا۔ جس ہستی کی تعلیم و تربیت میں علم و عمل کے ان مجسم پیکروں نے حصہ لیا ہو' اس کے اوصاف و کمالات کا ٹھیک ٹھیک ادراک بھی ہم جیسوں کیلئے مشکل ہے' لیکن یہ ضرور ہے کہ حضرت قاری صاحب مدظلہم کے پیکر میں معصومیت' حسن اخلاق اور علم و عمل کے جو نمونے ان آنکھوں نے دیکھے ہیں ان کے نقوش دل ودماغ سے محو نہیں ہوسکتے۔

حضرت قاری صاحب قدس سرہ' بانی دارالعلوم دیوبند حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتویؒ کے پوتے تھے' اور اللہ تعالیٰ نے حکمت دین کی جو معرفت حضرت نانوتوی قدس سرہ کو عطا فرمائی تھی' اس دور میں حضرت قاری صاحبؒ اس کے تنہا وارث تھے۔ حضرت نانوتویؒ کے علوم کو جن حضرات نے اپنے مزاج ومذاق میں جذب کرکے انہیں شرح و بسط کے ساتھ امت کے سامنے پیش کیا' ان میں شیخ الاسلام حضرت علامہ شبیر احمد صاحب عثمانیؒ کے بعد حضرت قاری صاحبؒ کا کوئی ثانی نہیں تھا۔

حضرت قاری صاحب قدس سرہ کو تعلیم سے فراغت کے بعد تدریس اور تصنیف کے

لئے باقاعدہ وقت بہت کم ملا' اور نو عمری ہی میں دارالعلوم دیوبند جیسے عظیم الشان ادارے کے انتظام و انصرام کی ذمہ داریاں ان کے کندھوں پر آگئیں۔ ان ذمہ داریوں کی خصوصیت یہ ہے کہ وہ انسان کو عموماً علمی مشاغل سے دور کرکے اس کی علمی استعداد پر بہت برا اثر ڈالتی ہیں' لیکن حضرت قاری صاحب قدس سرہ کا معاملہ اس لحاظ سے بھی حیرت انگیز تھا۔ انتظامی بکھیڑوں میں مبتلا رہنے کے باوجود ان کا علمی مذاق ہمیشہ تازہ اور ان کی علمی استعداد سدا بہار رہی۔

احقر کے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرہ' اور حضرت قاری صاحب قدس سرہ بچپن سے ایک دوسرے کے ساتھی اور زندگی کے ہر مرحلے میں ایک دوسرے کے رفیق رہے' دونوں نے دارالعلوم دیوبند میں ساتھ پڑھا' ساتھ فارغ ہوئے' ساتھ ہی پڑھانا شروع کیا' دونوں ایک ہی وقت حضرت شیخ الہند قدس سرہ کے دست مبارک پر بیعت ہوئے' اور پھر حضرتؒ کی وفات کے بعد ایک ہی ساتھ تھانہ بھون حاضر ہو کر حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ کے حلقہ ارادت میں داخل ہوئے' اور تقریباً ساتھ ہی ساتھ دونوں کو حضرت تھانویؒ کی طرف سے خلافت عطا ہوئی۔ ۱۳۴۵ھ میں سب سے پہلا حج بھی دونوں نے ساتھ کیا' غرض ظاہری تعلیم' اور باطنی تربیت سے لیکر سیر و تفریح تک ہر چیز میں دونوں کی رفاقت مثالی رفاقت تھی۔

پھر جب قیام پاکستان کی تحریک شروع ہوئی' اور آزادیٔ ہند کے طریق کار سے متعلق علماء دیوبند کے درمیان اختلاف رونما ہوا تو حضرت والد صاحبؒ کی طرح حضرت قاری صاحبؒ کا نقطہ نظر بھی حکیم الامت حضرت تھانویؒ اور حضرت علامہ شبیر احمد صاحب عثمانیؒ کی رائے کی طرف مائل تھا' لیکن حضرت قاری صاحبؒ نے اپنے آپ کو عملی سیاست سے بالکلیہ یکسو کرکے ہمہ تن دارالعلوم دیوبند کی خدمت کیلئے وقف کیا ہوا تھا' اس لئے یہ نقطہ نظر اسٹیج پر نہ آسکا' حضرت والد صاحبؒ قیام پاکستان کے بعد یہاں تشریف لے آئے' اور حضرت قاری صاحبؒ کیلئے دارالعلوم کی گراں بار ذمہ داری کے پیش نظر دیوبند چھوڑنے کا سوال ہی نہ تھا' لیکن یہ بات میں نے حضرت قاری صاحبؒ سے بارہا سنی کہ جس روز حضرت مفتی صاحب دیوبند سے پاکستان کیلئے روانہ ہوئے' اس روز میں دن بھر روتا رہا۔ آپ نے حضرت والد صاحبؒ کی وفات کے موقع پر جو تعزیتی مکتوب ارسال فرمایا' اس میں بھی لکھا تھا کہ :-

"تقسیم ملک کے بعد جب آپ نے پاکستانی قومیت اختیار فرمائی' اور یہاں سے ہجرت فرما کر پاکستان تشریف لے گئے تو میں کسی مرنے والے کے لئے بھی اتنا کبھی نہیں رویا تھا جتنا آپ کے فراق پر رویا تھا' یہ حالت دیکھ کر سب گھر والے پریشان ہو گئے تھے کہ آخر کیا حادثہ پیش آگیا جو اتنا گریہ طاری ہے' یہ تعلق کی بنا پر تھا کہ ابتدائے عہد سے ہم رفیق رہے تھے"۔

(البلاغ' مفتی اعظمؒ نمبر ص ۳۰)

اس کے بعد سے وہ ہمہ وقتی رفاقت چھوٹ گئی' لیکن قلب و روح کا رشتہ کسی مرحلے پر نہ ٹوٹا' ایک مرتبہ حضرت قاری صاحب قدس سرہ نے خط میں حضرت والد صاحبؒ کو لکھا :-

"کل میاں مستحسن صاحب فاروقی کے ساتھ مولوی ظہور احمد صاحب نے میری بھی دعوت کی تھی' آپ ہی کے مکان سے متصل منشی بشیر احمد صاحب مرحوم کے مکان میں کھانا کھلایا' مکان دیکھ کر مکینوں کی یاد تازہ ہو گئی' اور دیر تک اس تصور میں استغراق رہا"

یہ لکھنے کے بعد حضرت قاری صاحب قدس سرہ نے متممؔ بن نویرہ کے ان اشعار سے تمثّل فرمایا کہ ۔

وکنا کندمانی جزیمة حقبة
من الدهر حتی قیل لن یتصدعا
فلما تفرقنا کأنی و مالکا
لطول اجتماع لم نبت لیلة معا

قیام پاکستان کے بعد بارہا حضرت قاری صاحب قدس سرہ کراچی تشریف لائے' اور یہ ممکن نہیں تھا کہ کراچی تشریف لانے کے بعد آپ دارالعلوم تشریف نہ لائیں۔ چنانچہ ہر بار خدّام دارالعلوم کو اپنی شفقتوں سے بہرہ ور فرماتے' طلباء اور اساتذہ سے خطاب بھی ہوتا' اور پھر حضرت والد صاحبؒ اور ان کے درمیان جو باغ و بہار مجلس ہوتی' اس میں علمی تبادلہ خیال کے علاوہ ماضی کے تذکرے' زمانۂ طالب علمی کی یادیں' اساتذہ کے واقعات' اور نہ جانے کتنے موضوعات پر گفتگو آتی' اور ہم خدّام کو افادات کا نہ جانے کتنا خزانہ ہاتھ آجاتا۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت قاری صاحب قدس سرہ کو تصنیف اور خطابت دونوں میں کمال

عطا فرمایا تھا' اگرچہ انتظامی مشاغل کے ساتھ سفروں کی کثرت بھی حضرتؒ کی زندگی کا جزو لازم بن کر رہ گئی تھی' حساب لگایا جائے تو عجب نہیں کہ آدھی عمر سفر ہی میں بسر ہوئی ہو' لیکن حیرت ہے کہ ان مصروفیات کے باوجود آپ تصنیف و تالیف کیلئے بھی وقت نکال لیتے تھے۔ چنانچہ آپ کی دسیوں تصانیف آپ کے بلند علمی مقام کی شاہد ہیں' اور ان کے مطالعہ سے دین کی عظمت و محبت میں اضافہ ہوتا ہے۔

جہاں تک وعظ و خطابت کا تعلق ہے' اس میں تو اللہ تعالیٰ نے حضرتؒ کو ایسا عجیب و غریب ملکہ عطا فرمایا تھا کہ اس کی نظیر مشکل سے ملے گی' بظاہر تقریر کی عوامی مقبولیت کے جو اسباب آجکل ہوا کرتے ہیں' حضرت قاری صاحبؒ کے وعظ میں وہ سب مفقود تھے' نہ جوش و خروش' نہ فقرے چست کرنے کا انداز' نہ پر تکلف لسانی' نہ لہجہ اور ترنم' نہ خطیبانہ ادائیں' لیکن اس کے باوجود وعظ اس قدر مؤثر' دلچسپ اور مسحور کن ہوتا تھا کہ اس سے عوام اور اہل علم دونوں یکساں طور پر محظوظ اور مستفید ہوتے تھے' مضامین اونچے درجے کے عالمانہ اور عارفانہ' لیکن انداز بیان اتنا سہل کہ سنگلاخ مباحث بھی پانی ہو کر رہ جاتے۔ جوش و خروش نام کو نہ تھا' لیکن الفاظ و معانی کی ایک نہر سبیل تھی جو یکساں روانی کے ساتھ بہتی' اور قلب و دماغ کو نہال کر دیتی تھی' ایسا معلوم ہوتا کہ منہ سے ایک سانچے میں ڈھلے ہوئے موتی جھڑ رہے ہیں۔ ان کی تقریر میں سمندر کی طغیانی کے بجائے ایک باوقار دریا کا ٹھہراؤ تھا جو انسان کو زیر و زبر کرنے کے بجائے دھیرے دھیرے اپنے ساتھ بہا کر لے جاتا تھا۔

حضرت قاری صاحب نے مخالف فرقوں کی تردید کو اپنی تقریر کا موضوع کبھی نہیں بنایا' لیکن نہ جانے کتنے بھٹکے ہوئے لوگوں نے ان کے مواعظ سے ہدایت پائی' اور کتنے غلط عقائد و نظریات سے تائب ہوئے۔

لاہور میں ایک صاحب علماء دیوبند کے خلاف معاندانہ پروپیگنڈے سے بہت متاثر اور علماء دیوبند سے بری طرح برگشتہ تھے' طرح طرح کی بدعات میں مبتلا' بلکہ ان کو کفر و ایمان کا معیار قرار دینے والے' اتفاق سے قاری صاحب رحمۃ اللہ علیہ لاہور تشریف لائے' اور وہاں ایک مسجد میں آپ کے وعظ کا اعلان ہوا' یہ صاحب خود سناتے ہیں کہ میں اپنے کچھ ساتھیوں کے ہمراہ ان کے وعظ میں اس نیت سے پہنچا کہ انہیں اعتراضات کا نشانہ بناؤں گا'

اور موقع ملا تو اس مجلس کو خراب کرنے کی کوشش کروں گا۔

لیکن اول تو ابھی تقریر شروع بھی نہ ہوئی تھی کہ حضرت قاری صاحبؒ کا معصوم اور پر نور چہرہ دیکھ کر ہی اپنے عزائم میں زلزلہ سا آگیا' دل نے اندر سے گواہی دی کہ یہ چہرہ کسی بے ادب' گستاخ یا گمراہ کا نہیں ہو سکتا' پھر جب وعظ شروع ہوا اور اس میں دین کے جو حقائق و معارف سامنے آئے تو پہلی بار اندازہ ہوا کہ علم دین کسے کہتے ہیں؟ یہاں تک کہ تقریر کے اختتام تک میں حضرت قاری صاحبؒ کے آگے موم ہو چکا تھا' میں نے اپنے سابقہ خیالات سے توبہ کی' اور اللہ تعالیٰ نے بزرگان دین کے بارے میں ایسی بدگمانیوں سے نجات عطا فرمائی۔

برصغیر کا تو شاید ہی کوئی گوشہ ایسا ہو جہاں حضرت قاری صاحبؒ کی آواز نہ پہنچی ہو' اس کے علاوہ افریقہ' یورپ' اور امریکہ تک آپ کے وعظ و ارشاد کے فیوض پھیلے ہوئے ہیں' اور ان سے نہ جانے کتنی زندگیوں میں انقلاب آیا ہے۔

دارالعلوم دیوبند کا منصبِ اہتمام کوئی معمولی چیز نہ تھی' حضرت قاری صاحبؒ نے پچاس سال سے زائد اس منصب کی ذمہ داریوں کو خوش اسلوبی سے نبھایا' اس دوران دارالعلوم پر نہ جانے کتنے کٹھن اور نازک دور آئے' لیکن حضرت قاری صاحبؒ نے ان تمام جھمیلوں کو نمٹایا' اور اپنی ساری زندگی دارالعلوم کی خدمت کیلئے وقف کردی' سخت سے سخت مرحلوں پر بھی انہیں پرسکون ہی دیکھا۔ اجلاس صد سالہ کا ہنگامہ دارالعلوم کے منتظمین کے لئے ایک کڑی آزمائش کی حیثیت رکھتا تھا' دیوبند جیسی مختصر جگہ میں لاکھوں افراد کے اجتماع کا انتظام انتہائی مشکل کام تھا' کوئی اور ہوتا تو اس موقع پر سراسیمگی سے نجات حاصل نہ کر سکتا' لیکن ٹھیک اجلاس کے افتتاح کے روز حضرت قاری صاحبؒ کے پاس حاضری ہوئی تو حسب معمول انہیں متبسم اور پرسکون دیکھا' چہرے پر تھکن ضرور تھی' لیکن گھبراہٹ اور پریشانی نام کو نہ تھی۔

افسوس ہے کہ اجلاس صد سالہ کے بعد دارالعلوم میں باہمی اختلافات نے جن طوفانی ہنگاموں کی شکل اختیار کی' انہوں نے ماضی کے تمام ہنگاموں کو مات کردیا' دور ہونے کی وجہ سے ہمیں تمام حالات و واقعات سے واقفیت تو نہ تھی' لیکن اس بات سے دل بے چین تھا کہ اس آخری عمر میں حضرت قاری صاحبؒ پر ان ہنگاموں کی وجہ سے کیا بیت رہی ہوگی؟ اس

زمانے کے حالات اس قدر پیچیدہ اور ان کے بارے میں ملنے والی اطلاعات اتنی متضاد ہیں کہ اب حق و ناحق کا فیصلہ تو شاید آخرت ہی میں ہوسکے گا' لیکن اتنی بات واضح ہے کہ حضرت قاری صاحبؒ کے چھوٹوں نے ان کی نصف صدی سے زائد کی خدمات کا جو صلہ اس آخری عمر میں ان کو دیا ہے' وہ انتہائی تکلیف دہ ہے۔ حضرت قاری صاحبؒ کی زندگی تک ایک خفیف سی امید باقی تھی کہ شاید اس بحران کا کوئی مناسب حل نکل آئے' لیکن اب ان کی وفات نے اس امید کو بھی خاکستر کردیا۔ حضرت قاری صاحبؒ کے دم سے دارالعلوم میں بزرگوں کی روایات زندہ تھیں' اور اس کے مخصوص مزاج و مذاق کی جھلک باقی تھی' اب دارالعلوم کی ان روایات کا اللہ ہی حافظ ہے۔

حضرت قاری صاحبؒ کی وفات بلاشبہ پوری امت کیلئے عظیم سانحہ ہے' اور ہم میں سے ہر شخص پر ان کا حق ہے کہ اپنی وسعت کے مطابق انہیں ایصال ثواب کریں۔ اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں درجات عالیہ عطا فرمائیں' اور پسماندگان کو صبر جمیل کی دولت سے نوازیں۔

اللھم لا تحرمنا اجرہ ولا تفتنا بعدہ۔

البلاغ جلد ۷ شمارہ ۱۱

# مولانا قاضی سعد اللہ صاحبؒ

اس مہینے ملک و ملّت کا دوسرا عظیم نقصان حضرت مولانا قاضی سعد اللہ صاحبؒ کی وفات کی صورت میں رونما ہوا۔ حضرت مولانا قاضی سعد اللہ صاحبؒ کو بلوچستان میں بجا طور پر حضرت مولانا شمس الحق صاحب افغانی قدس سرہ کا جانشین کہا جاسکتا ہے۔

وہ بلوچستان کے ان جلیل القدر علماء میں سے تھے جن کو حضرت مولانا افغانیؒ نے اپنی وزارت معارف کے زمانے میں قضاء شرعی کیلئے منتخب فرمایا تھا۔ انہوں نے عرصہ دراز تک حضرت مولانا افغانیؒ کی نگرانی میں قضاء کی خدمت انجام دی' یہاں تک کہ آپ کا شمار قلات کے نظام قضاء میں وہاں کے قابل ترین قاضیوں میں ہونے لگا' اور بالآخر ان کو قلات کی "مجلس شوریٰ" کا رکن نامزد کیا گیا' جو وہاں کی عدالت اپیل کی حیثیت رکھتی ہے۔

قاضی صاحب مرحوم سے غائبانہ تعارف سب سے پہلے اس وقت ہوا جب برادر مکرم حضرت مولانا محمد رفیع صاحب عثمانی مدظلہم نے اپنے ایک دورہ بلوچستان کے دوران مستونگ میں قاضی صاحب سے ملاقات کا ذکر کیا' اور ساتھ ہی یہ بتایا کہ میں نے وہاں ان کے تحریر کردہ بعض فیصلے دیکھے' اور اس بات پر بہت مسرت ہوئی کہ بحمد اللہ ابھی قضاء شرعی کے جاننے والے ملک میں موجود ہیں۔

اس کے بعد ایک مرتبہ حضرت مولانا مفتی محمود صاحبؒ سے قاضی صاحبؒ کا تذکرہ آیا تو انہوں نے بھی قاضی صاحبؒ کی پختہ علمی استعداد' فقہی نظر اور قضاء شرعی کے کام میں ان کی مہارت کی تعریف فرمائی۔ میں اس وقت اسلامی نظریاتی کونسل کا رکن تھا' اس لئے حضرت مولانا مفتی محمود صاحبؒ نے یہ بھی فرمایا کہ آپ حضرات کونسل کے کام میں ان سے بھی مشورہ اور تعاون لیا کریں تو بہتر ہے۔ چنانچہ احقر کی درخواست پر انہیں ایک مرتبہ کونسل کے اجلاس میں خصوصی طور پر بحیثیت مشیر مدعو کیا گیا۔ یہ میری ان سے پہلی ملاقات تھی۔ اس اجلاس کے دوران میری درخواست پر انہوں نے قیام دار العلوم ہی میں فرمایا' اور اس طرح ان سے تبادلہ خیال اور استفادہ کا خوب موقع ملا' جس نے ان کے علمی رسوخ' فہم

سلیم اور اصابت فکر کا ایک نقش دل پر قائم کردیا۔

بعد میں احقر کونسل سے مستعفی ہوگیا' اور اس کے تقریباً سال بھر کے بعد جب کونسل کی از سرنو تشکیل ہوئی تو قاضی صاحب اس کے باقاعدہ رکن بن گئے۔ اس نامزدگی میں احقر کی خواہش اور کوشش کو بھی دخل تھا' اس لئے ان کی اس رکنیت سے مجھے بڑی مسرت اور طمانیت حاصل ہوئی۔

توقع کے مطابق قاضی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے کونسل کی کارروائیوں میں نمایاں خدمات انجام دیں' یہاں تک کہ کونسل کا مرتب کردہ "قانون شہادت" جس کی موافقت اور مخالفت کا پچھلے دنوں ملک میں بڑا شور رہا' اس کا ابتدائی مسودہ بنیادی طور پر قاضی صاحب مرحوم نے ہی تیار کیا تھا' اس مسودے کی تیاری کے دوران قاضی صاحبؒ ہمارے دارالعلوم ہی میں قیام پذیر رہے' اور یہاں کے کتب خانے سے استفادہ فرماتے رہے۔ اتفاق سے میں اپنے گوناگوں مشاغل کی وجہ سے اس کام میں ان کا کوئی ہاتھ نہیں بٹاسکا' بلکہ اب تک اس مسودے کے مطالعے سے بھی محروم رہا' لیکن قاضی صاحب کے علم اور تجربے سے یہی امید تھی کہ انشاءاللہ وہ اس کام کو مطلوبہ قابلیت کے ساتھ انجام دیں گے۔

مدت دراز سے احقر کی خواہش تھی کہ ملک میں کوئی ادارہ ایسا ہونا چاہئے جہاں قضاء شرعی کی تربیت کا مناسب انتظام ہو۔ چنانچہ کئی سال قبل میں نے قاضی صاحبؒ سے اس کا ذکر کیا۔ انہوں نے چند ماہ کا کورس دارالعلوم میں شروع کرنے پر آمادگی ظاہر فرمائی' اور کئی سال کی حیص بیص کے بعد بالآخر گزشتہ سے پیوستہ سال دارالعلوم میں چار ماہ کا تربیتی کورس شروع کیا گیا۔ اس میں قاضی صاحب کو سنگ بنیاد کی حیثیت حاصل تھی۔ انہوں نے ہی مولانا قاضی محمد ہارون صاحب مینگل کو بھی اس خدمت پر آمادہ فرمایا' اور بفضلہ تعالیٰ چار ماہ کا یہ تربیتی کورس اپنی مختصر مدت کے باوجود نہایت کامیاب رہا۔ پھر ہم نے اپنے عزیز دوست مولانا قاضی بشیر احمد صاحب کو بھی آزاد کشمیر سے مدعو کرلیا جنہوں نے اس میں مزید جان ڈال دی۔

لیکن اس چار ماہ کے دوران قاضی صاحبؒ نے بیشتر وقت دارالعلوم میں گزارا اور اس دوران "قانون شہادت" کی ابتدائی تسوید کا کام بھی کرتے رہے' بلکہ اس طویل مدت تک قلات سے غیر حاضری کے سلسلے میں انہیں اپنے ضابطے کے افسران بالا کا معتوب بھی بننا

پڑا، یہاں تک کہ وہ ان کے طرز عمل سے دل برداشتہ ہو کر مجلس شوریٰ کی رکنیت سے مستعفی بھی ہو گئے۔

قاضی صاحبؒ جس عمر اور جن قویٰ کے بزرگ تھے، ان کے پیش نظر کبھی یہ تصور بھی نہ آسکتا تھا کہ وہ اتنی جلد ہم سے رخصت ہو جائیں گے۔ مارچ ۱۹۸۳ء میں ایک دن اچانک مجھے ان کا پیغام ملا کہ میں کوئٹہ سے آکر جناح اسپتال کراچی میں داخل ہوں، اور ملاقات کرنا چاہتا ہوں۔ احقر اپنے بڑے بھائی حضرت مولانا مفتی محمد رفیع صاحب عثمانی مدظلہم کے ہمراہ ہسپتال پہنچا تو معلوم ہوا کہ ان پر فالج کا معمولی اثر ہوا ہے، حالت بظاہر قابل اطمینان تھی، اور طبیعت صحت کی طرف مائل۔ لیکن وہ ہمیں دیکھ کر آبدیدہ ہو گئے، دیر تک ہمارا ہاتھ اپنے سینے پر رکھے رہے، اس وقت ان پر فکر آخرت کا غلبہ تھا، ہم نے تسلی دی، مگر ان کا انداز بتا رہا تھا کہ وہ اپنا وقت قریب دیکھ رہے ہیں۔

اتفاق سے اگلے ہی دن مجھے سعودی عرب کا سفر درپیش تھا، میں وہاں چلا گیا، اور واپسی کے بعد تصور یہ رہا کہ وہ صحت یاب ہو کر جا چکے ہوں گے۔ لیکن بعد میں معلوم ہوا کہ وہ کافی عرصہ کراچی میں رہنے کے بعد واپس تشریف لے گئے، علاج مسلسل جاری رہا، لیکن ان کی صحت بحال نہ ہو سکی۔ اچانک ایک دن میں اسلام آباد میں تھا تو وہاں اخبار میں ان کی وفات کی خبر نظر آئی۔ دل کو شدید دھکا لگا، لیکن حقائق کو جھٹلانا ممکن نہ تھا۔ ان کے صاحبزادے ہمارے دارالعلوم میں زیر تعلیم ہیں، میں نے فون کیا تو خبر کی تصدیق ہو گئی انا للہ وانا الیہ راجعون۔

اللہ تعالیٰ کی مشیت میں کسی کو دم مارنے کی مجال نہیں وہ حاکم بھی ہیں، حکیم بھی، ان کا ہر فیصلہ حکمت کے عین مطابق ہے۔ ہماری سمجھ آئے، یا نہ آئے، لیکن ہم کوتاہ بینوں کے لئے تو بظاہر یہ ایک عظیم نقصان ہے۔ ابھی ان سے بہت سی توقعات وابستہ تھیں، اور ملک کو بظاہر ان کی خدمات کی ضرورت تھی۔ لیکن یہ ساری باتیں کوتاہ بینی کی ہیں۔ حکمت کا تقاضہ یقیناً وہی تھا جو مشیت باری کے تحت عمل میں آیا۔ دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو جنت میں درجات عالیہ سے نوازے، ان کی دینی خدمات کو قبول فرمائے، اور پسماندگان کو اس صدمے کے سہنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔ آمین۔

البلاغ جلد ۱۸ شمارہ ۲

# پروفیسر محمد ایوب قادری صاحب

پچھلے دنوں پے در پے ملک و ملّت کی کئی مقتدر شخصیتوں کی وفات کا حادثہ پیش آیا جن کا تذکرہ "البلاغ" میں اس سے قبل نہ آسکا' اس مرتبہ ان حضرات کا ذکرِ خیر مقصود ہے۔ حدیث مبارک ہے کہ :

اذکروا موتاکم بالخیر

(اپنے مرنے والوں کی بھلائیاں یاد کیا کرو)

اس لئے یہ تذکرہ صرف ایک رسمی خانہ پری نہیں' بلکہ اس حدیث مبارک کی تعمیل ہے جس میں بہت سی حکمتیں پنہاں ہیں۔

جن حضرات کا اس وقت تذکرہ مقصود ہے' ان میں سب سے پہلے جن صاحب کی وفات ہوئی' وہ جناب پروفیسر محمد ایوب قادری صاحب مرحوم تھے' جو برصغیر کی تاریخ کے موضوع پر ہمارے ملک کی گرانقدر ترین متاع کی حیثیت رکھتے تھے۔

ہمارے ملک میں ایسے لوگوں کی تعداد آٹے میں نمک کے برابر ہے جنہیں "فنافی العلم" کہا جاسکے' اور جن کی نشست و برخاست سے لیکر سوچ بچار تک کا محور علم ہی علم ہو۔ مادہ پرستی کے اس دور میں علم محض ایک ذریعہ معاش ہو کر رہ گیا ہے جس کا تعلق پیسہ کمانے سے ہے' ذاتی دلچسپی سے نہیں۔ اس عملی کساد بازاری کے دور میں اگر کوئی شخص ایسا نظر آتا ہے جو علم کی تڑپ واقعی رکھتا ہو' تو اس سے بے اختیار محبت ہو جاتی ہے۔

مرحوم پروفیسر ایوب قادری صاحب اپنے موضوع کے تعلق سے ایسے ہی افراد میں سے تھے۔ برصغیر کی علمی اور ادبی تاریخ ان کے مطالعے اور تحقیق کا خاص موضوع تھا' اور اللہ تعالیٰ نے اس موضوع پر انہیں بے مثال عبور عطا فرمایا تھا۔ اللہ نے ان کو حافظہ بھی بڑا قوی بخشا تھا۔ اور اپنے موضوع پر بے حد وسیع مطالعے کی توفیق خاص بھی مرحمت فرمائی تھی' چنانچہ آپ ان کے سامنے علم و ادب سے تعلق رکھنے والی برصغیر کی کسی بھی ایسی شخصیت کا نام لے دیجئے جس نے کوئی معمولی کام کیا ہو' وہ شخصیت خواہ کتنی ہی غیر معروف کیوں نہ ہو'

مرحوم ان کے بارے میں ضروری معلومات بہم پہنچا دیتے' اور بسا اوقات ان کے سن ولادت ووفات تک زبانی بتادیتے تھے۔

خود ناچیز کو برصغیر کی تاریخ یا اس کی شخصیتوں کے متعلق جب کبھی کوئی الجھن پیش آتی' اور معمولی تلاش و جستجو سے حل نہ ہوتی تو اکثر مرحوم سے رجوع کرتا۔ اگر خط لکھتا تو فوراً جواب آتا' اور تشفی ہوجاتی۔ ٹیلی فون پر بات ہوتی تو مختصر معلومات وہیں حاصل ہوجاتیں' اور کبھی کبھی وہ کرم فرماتے تو خود بہت سا مواد لے کر تشریف لے آتے تھے۔

احقر کے ساتھ ان کو خصوصی محبت و شفقت کا تعلق تھا۔ "البلاغ" کے لئے متعدد مضامین انہوں نے لکھے۔ بہت سے دوسروں سے لکھوائے' اور احقر کے علمی کاموں میں ہر ممکن مدد فرمائی۔ میں جس زمانے میں عیسائیت کے موضوع پر "اظہار الحق" کی تشریح و تحقیق میں مشغول تھا' اس وقت نہ جانے میری ضرورت کی کتنی کتابیں مرحوم نے خود مہیا کیں' اور کتنی اپنی معرفت دوسروں سے حاصل کرائیں۔ حضرت مولانا رحمت اللہ صاحب کیرانوی قدس سرہ کا تذکرہ لکھنے میں انہوں نے بطور خاص مدد فرمائی' اور یہ ان کی علم دوستی اور اخلاقی عظمت تھی کہ اکثر اس تعاون کیلئے خود سفر کرکے دارالعلوم تشریف لائے' اور بہت کم ایسا اتفاق ہوا کہ مجھے ان کے پاس جانا پڑا ہو۔ جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ علم دوستی عطا فرماتے ہیں' وہ ظاہری تکلفات سے بے نیاز ہوتے ہیں۔

پروفیسر ایوب قادری صاحب مرحوم نے بہت سی کتابیں اور درجنوں مقالے یادگار چھوڑے ہیں۔ ان میں سے ہر کتاب اور ہر مقالہ برصغیر کی تاریخ کے کسی پہلو پر ٹھوس مواد کا خزینہ ہے' جو اس موضوع پر کام کرنے والوں کیلئے انشاء اللہ بہترین رہنما کا کام دے گا۔

ابھی غالباً دو تین ماہ پہلے کی بات ہے کہ دارالعلوم میں عراق کے ایک عالم تشریف لائے جو ہندوستان کے علماء کے تذکرے پر مشتمل ایک کتاب عربی میں تالیف کررہے ہیں' انکو اس موضوع پر مواد کی ضرورت تھی' لیکن عربی زبان کے سوا دوسری زبان ان کے لئے قابل فہم نہ تھی۔ عربی میں جو معروف کتابیں "نزہۃ الخواطر" اور "رجال السند والہند" اس موضوع پر ہیں' ان کی نشاندہی کردی گئی' لیکن وہ مزید کتب چاہتے تھے' میں نے پروفیسر صاحب مرحوم کو فون کیا' مگر ملاقات نہ ہو سکی' اگلے دن ان کا خود فون آیا' پوچھنے لگے کہ کیا بات تھی؟ میں نے ان کو عراقی عالم کی ضرورت سے آگاہ کیا' اس موضوع پر کچھ دیر بات چیت ہوتی رہی'

اور پھر فون بند ہوگیا۔ اس وقت کس کو اندازہ تھا کہ یہ ان سے آخری گفتگو ہے۔ اس کے کچھ عرصے بعد میں اسلام آباد میں تھا تو اخبار میں یہ دلگداز خبر نظر سے گذری کہ مرحوم شمالی ناظم آباد کی ایک سڑک پر پیدل جارہے تھے کہ کسی گاڑی کی وحشیانہ ڈرائیونگ کا نشانہ بن گئے انا للہ وانا الیہ راجعون۔

بسوں، ٹرکوں اور کاروں میں تیز رفتاری اور لاقانونیت کا رجحان روز بروز شدید تر ہوتا جارہا ہے، اور چند لمحوں کی بے مقصد بچت کا یہ مجنونانہ شوق روزانہ نہ جانے کتنے گھروں کے چراغ بجھادیتا ہے۔ وہ گاڑی والا کیا جانے کہ اس نے اپنا یہ شوق پورا کرکے ملک وملت کو کتنے قیمتی آدمی سے محروم کردیا ہے؟۔

موت ہر ایک کو آنی ہے، اور پروفیسر ایوب قادری صاحب مرحوم اپنے لئے اتنی ہی زندگی لیکر آئے تھے، کاش! کہ ہم ان حادثات سے اپنی زندگی کے لئے کوئی سبق لے سکیں، اور دنیا کی اس زندگی کی حقیقت پہچان لیں جس کا کوئی لمحہ یقینی نہیں۔

دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی خدمات کو قبول فرماکر ان کی مغفرت فرمائیں، انہیں جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائیں، اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشیں۔ آمین۔

البلاغ جلد ۱۸ شمارہ ۵

# حضرت مولانا عبدالسلام صاحب نوشہرویؒ

## (خلیفۂ اجل حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ)

دوسرے بزرگ جن کی وفات کی اطلاع دوسرے نمبر پر ہوئی، حضرت مولانا عبدالسلام صاحب نوشہروی رحمۃ اللہ علیہ تھے۔ حضرت موصوفؒ پاکستان میں حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی صاحب قدس سرہ کے ان خلفاء میں سے تھے جن کی تعداد اب گھٹتے گھٹتے ان کی وفات کے بعد کل تین رہ گئی ہے۔ حفظھم اللہ تعالیٰ۔

حضرت مولاناؒ کا قیام چونکہ نوشہرہ میں تھا' اور وہ ان بزرگوں میں سے تھے جو سیاسی جھمیلوں اور اسٹیج کی زندگی سے ہمیشہ کنارہ کش رہے' اس لئے سفر کی نوبت بھی بہت کم آتی تھی' وہ زیادہ تر اپنے وطن میں رہ کر ہی دعوت واصلاح کا فریضہ انجام دیتے رہے' اور شہرت کے فتنوں سے اپنے آپ کو بچائے ہی رکھا۔ چنانچہ راقم الحروف کو ان سے زیادہ نیاز حاصل نہ ہوسکا۔ البتہ اللہ تعالیٰ ہمارے محترم بھائیوں جناب مولانا مشرف علی تھانوی' اور مولانا وکیل احمد صاحب شیروانی کی جدوجہد کو قبول فرمائے' کہ انہوں نے کچھ عرصے سے مجلس صیانۃ المسلمین کے تحت لاہور میں ایسے اجتماعات کا سلسلہ شروع کیا' جن میں حضرت حکیم الامت کے بیشتر متوسلین سال میں کم از کم ایک مرتبہ یکجا جمع ہوجاتے ہیں۔

انہی اجتماعات میں حضرت مولاناؒ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا۔ صورت ایسی کہ دیکھ کر خدا یاد آئے' صحبت پرانوار اور پرتاثیر' سادگی اور تواضع ادا ادا سے نمایاں' اپنے مرشد سے حاصل کئے ہوئے فیوض حرزجان' حق کی صراط مستقیم پر پوری طرح ثابت قدم' اور اس ثابت قدمی پر سکینت وطمانیت کی دولت سے سرشار۔ غرض ان تمام آثار کے امین جو اتباع سنت اور انابت الی اللہ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے بزرگوں کا طرۂ امتیاز ہوتے ہیں۔ حضرتؒ سے زیادہ استفادے اور صحبت اٹھانے کا موقع تو نہ مل سکا' لیکن جن چند مختصر ملاقاتوں کی دولت حاصل ہوئی ان کا نقش جمیل ناقابل فراموش ہے۔

گوناگوں فتنوں کے اس دور میں ایسے خدا رسیدہ بزرگوں کا نفس وجود بھی امت کیلئے مجسم رحمت ہوتا ہے' اور نہ جانے کتنے فتنوں کے لئے آڑ بنا رہتا ہے۔ اس لئے ان کی وفات پوری امت کا عظیم نقصان ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو جوارِ رحمت میں مقامات عالیہ سے نوازے' ان کے متوسلین کو ان کے فیوض عام کرنے کی توفیق بخشے' اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ اللھم لا تحرمنا اجرہ ولا تفتنا بعدہ۔ آمین۔

البلاغ جلد ۱۸ شمارہ ۵

# جناب مولانا نورالحسن صاحب بخاریؒ

۵ جنوری کو میں اسلام آباد میں تھا' وہیں جناب مولانا نورالحسن صاحب بخاریؒ کی وفات کی اطلاع ملی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مولانا بخاریؒ ہمارے ملک کے ان نامور علماء میں سے تھے جنہوں نے ساری عمر باطل کے فتنوں کے خلاف حق کا دفاع کرنے میں گذاری۔ یوں تو وہ تمام باطل نظریات کے خلاف سینہ سپر رہے' اور ختم نبوت کی تحریک میں بھی انہوں نے نمایاں حصہ لیا' اور اس راہ میں قید وبند کی صعوبتیں بھی اٹھائیں' لیکن شیعیت ان کا خاص موضوع تھا' جس پر ان کا مطالعہ بھی نہایت وسیع تھا' اور اس موضوع پر ان کی تقریر و تحریر بھی بڑی پر مغز اور عالمانہ ہوتی تھی۔ شیعہ مذہب کی بنیادی کتابوں کے حوالے انہیں ازبر تھے' اور اس موضوع پر علمی اور عملی جدوجہد کے لئے انہوں نے "تنظیم اہل سنت" کے نام سے ایک جماعت بھی قائم کی ہوئی تھی جس نے شیعیت کے مقابلے میں اہل سنت کے عقائد کی وضاحت میں خاص طور پر پنجاب کے اندر کافی کام کیا ہے۔

یوں تو مولاناؒ نے بہت سی کتابیں تالیف فرمائیں' لیکن احقر کو ان کی ایک ہی کتاب سے استفادے کا موقع ملا۔ اور وہ مولانا مودودی صاحب مرحوم کی "خلافت وملوکیت" کے جواب میں ان کی کتاب "عادلانہ دفاع" ہے۔ انداز بیان اور بعض مسائل میں اختلاف کی گنجائش سے قطع نظر یہ کتاب قیمتی علمی مواد پر مشتمل ہے' جو اس موضوع پر مطالعہ اور تحقیق کرنے والوں کے لئے بڑی مددگار ثابت ہو سکتی ہے۔

مولاناؒ کی وفات علمی اور دینی حلقوں کیلئے ایک افسوسناک خلا ہے' اور دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی زلّات وسیآت سے درگذر فرما کر ان کی کامل مغفرت فرمائیں' اور پس ماندگان کو صبر جمیل اور اجر جزیل عطا فرمائیں۔ آمین۔

# مولانا تاج محمود صاحبؒ

اور اب تازہ ترین اندوہناک سانحہ جناب مولانا تاج محمود صاحبؒ کی وفات کا حادثہ ہے جو اسی مہینے نہ صرف اپنے احباب واعزہ' بلکہ ہزارہا متعلقین اور محبت رکھنے والوں کو سوگوار چھوڑ کر اپنے مالک حقیقی سے جاملے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

جناب مولانا تاج محمود صاحبؒ ——— جن کو آج رحمتہ اللہ علیہ لکھتے ہوئے دل پر آرے چل رہے ہیں ——— قحط الرجال کے اس دور میں ملک وملت کیلئے ایک گرانقدر متاع کی حیثیت رکھتے تھے۔ ان کی پوری زندگی تحفظ ختم نبوت کے مقدس مشن کی انجام وہی میں گذری' اور اس راہ میں انہوں نے دل و جان سے مجاہدانہ خدمات انجام دیں۔ وہ مجلس تحفظ ختم نبوت کے مقتدر رہنما اور ہفت روزہ "لولاک" کے ایڈیٹر کی حیثیت سے عمر بھر عقیدہ ختم نبوت کے دفاع میں سینہ سپر رہے اور اس کیلئے انہوں نے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا۔

تقریر وخطابت میں وہ احرار کی روایات کے پاسبان تھے' اور ان گنے چنے مقررین میں سے تھے جنہیں اسٹیج کی رونق اور مائیک کی آبرو کہنا چاہیے۔ ان کی تقریر میں بیک وقت دلکشی اور شکوہ دونوں کا حسین امتزاج ہوتا تھا جو سننے والوں کو اپنے ساتھ بہالے جانے کی پوری صلاحیت رکھتا تھا۔

"ختم نبوت" ان کا بنیادی موضوع تھا' لیکن اس کے علاوہ ملک وملت کا کوئی دینی اور اجتماعی مسئلہ ایسا نہ تھا جس میں وہ بھرپور حصہ نہ لیتے ہوں۔ یہ ان کے اخلاص اور ملی درد کا نتیجہ تھا کہ وہ ملک وملت کے اجتماعی مسائل میں مختلف الفکر اصحاب کے ساتھ قدم بہ قدم چلنے اور ان کو دین کے بنیادی مسائل کے لئے جوڑے رکھنے کی صلاحیت رکھتے تھے۔ انہوں نے گروہی اور جماعتی حد بندیوں کو دین کے اجتماعی مسائل کی جدّوجہد میں خود کو بھی آڑے آنے نہیں دیا' اور دوسروں کو بھی حتی الامکان اسی روش پر قائم رکھنے کی کوشش کی۔

مولاناؒ سے خصوصی تعلق ۱۹۷۴ء کے تحریک ختم نبوت کے دوران پیدا ہوا' اس تحریک

میں تقریباً دس روز احقر حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری صاحب قدس سرہ کے ساتھ راولپنڈی میں مقیم رہا۔ اس دوران مولاناؒ کے ساتھ کافی وقت گزارنے کا موقع ملا ان کی تقریریں بھی سنیں اور ان کے ساتھ مجلسیں بھی رہیں جن میں تحریک ختم نبوت کیلئے ان کے پرجوش جذبے کے ساتھ ساتھ اصابت رائے اور توازن فکر کا بھی اندازہ ہوا۔

تحریک کی اس رفاقت کے بعد مولاناؒ اس ناچیز پر بہت شفقت فرمانے لگے اور ہر ملاقات کے بعد اس محبت میں اضافہ ہی ہوتا رہا۔ پھر بہت سے اجتماعی معاملات میں مولاناؒ کے ساتھ صلاح مشوروں اور عملی کام کی نوبت آئی' اور ہر موقع پر ان کے خلوص اور جذبے کا نقش دل پر قائم ہوا۔ احقر کی کنارہ کشی کے باوجود جن علماء کرام نے احقر کو وفاقی شرعی عدالت میں بطور جج کام کرنے کے لئے باصرار آمادہ' بلکہ کسی حد تک مجبور فرمایا' ان میں دوسرے حضرات کے علاوہ مولانا تاج محمود صاحبؒ بھی شامل تھے۔

ابھی چند ماہ قبل میرا فیصل آباد جانا ہوا تو وہاں برادر گرامی جناب مولانا نذیر احمد صاحب مدظلہم نے اپنے مدرسے میں ایک نشست طے کردی' اور مجھے کچھ عرض کرنے کے لئے مجبور فرمایا۔ جناب مولانا تاج محمود صاحبؒ نے اپنی علالت کے باوجود اس نشست کی صدارت فرمائی۔ یہ ان کی شفقت تھی کہ میری سمع خراشی کو محبت اور صبر و سکون کے ساتھ برداشت کرکے اس ناچیز کیلئے حوصلہ افزائی کے کلمات ارشاد فرمائے۔

یکم ربیع الثانی کو اسلام آباد کے علماء کنونشن میں ان سے ملاقات ہوئی۔ وہی شگفتہ اور شاداب چہرہ' ملاقات کا وہی دلنواز انداز' پچھلے سال کے دل کے شدید دورے کے بعد سے ان کے چہرے پر نقاہت کے آثار اکثر محسوس ہونے لگے تھے' لیکن بات میں وہی گھن گرج بڑی حد تک باقی تھی۔

ان کی ان دونوں ملاقاتوں سے اندازہ ہوتا تھا کہ وہ قادیانیت کی حالیہ سرگرمیوں پر بے حد مضطرب اور بے چین ہیں۔ دونوں مواقع پر ان کا گفتگو موضوع یہی تھا' اور بلا تکلف محسوس ہوتا تھا کہ یہ اضطراب ان کی رگ رگ میں بسا ہوا ہے۔ کسے معلوم تھا کہ یہ ان سے آخری ملاقات ہوگی' بس اس واقعے کے چند دن بعد ہی ان کی وفات کی اطلاع ملی اور پتہ چلا کہ ع عمر بھر کی بے قراری کو قرار آہی گیا

اللہ تعالیٰ ان کی دینی، تبلیغی اور مجاہدانہ خدمات کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت عطا فرمائیں، انہیں جنت الفردوس میں درجات عالیہ سے سرفراز فرمائیں، اور ان کے اخلاف کو ان کا مشن زندہ رکھنے اور اسے آگے بڑھانے کی توفیق مرحمت فرمائیں۔ آمین۔

البلاغ جلد ۱۸ شمارہ ۵

# حضرت مولانا مفتی عبداللہ صاحبؒ

علمی حلقوں کے لئے حضرت مولانا مفتی عبداللہ صاحبؒ کا اسم گرامی محتاج تعارف نہیں وہ ان علمائے حقانی میں سے تھے کہ ع

جن کو دیکھے سے خدا یاد آئے

اکابر علمائے دیوبند سے فیض پانے کی بناء پر ان کی علمی استعداد' اور خاص طور پر فقہ سے انکی خصوصی دلچسپی قابل رشک تھی۔ درس و تدریس کے علاوہ فتویٰ اور تصنیف کے بھی شناور تھے' لیکن انداز زندگی اس قدر سادہ' درویشانہ اور متواضع تھا کہ دیکھنے والا سمجھ بھی نہ سکتا کہ یہ کوئی بڑے عالم ہونگے۔

انہوں نے اپنی عمر کا ایک طویل حصہ درس و تدریس اور فتویٰ کی خدمت میں گذارا۔ ملتان کے خیرالمدارس اور قاسم العلوم دونوں مدرسوں سے ان کا تعلق رہا' لیکن جہاں تک احقر کو یاد ہے' اس دینی خدمت پر انہوں نے کبھی تنخواہ وصول نہیں کی۔ تدریس اور فتویٰ کی خدمت ہمیشہ لوجہ اللہ انجام دی' اور معاش کیلئے اپنے تجارتی کتب خانہ "مکتبہ صدیقیہ" کو وسیلہ بنایا۔ دین کے ایسے بے غرض خدام اب خال خال ہی نظر آتے ہیں۔

ایک زمانہ تک وہ ملتان سے ماہانہ رسالہ "الصدیق" نکالتے رہے' جو اپنے زمانے میں علماء دیوبند کی طرف سے نکلنے والا شاید واحد رسالہ تھا۔ جس نے عرصہ دراز تک دین اور علم دین کی ترجمانی کا حق ادا کیا اس کے بعض بڑے معرکے کے خاص نمبر بھی شائع ہوئے۔ جب منکرین حدیث کے زیر اثر "پوتے کی وراثت" کا مسئلہ اٹھا اور پنجاب اسمبلی میں اس غرض سے ایک مسودہ قانون پیش ہوا تو پاکستان کے بہت سے علماء نے اس موضوع پر مفصل مقالے لکھے' لیکن اس سلسلے میں شاید سب سے زیادہ مبسوط' مدلل اور کافی و شافی تحریر "الصدیق" کے "ارث الیتیم نمبر" میں شائع ہوئی۔

درس' تدریس' فتویٰ' تصنیف اور تجارت کے ساتھ حضرت مفتی صاحبؒ موصوف اپنے اخلاص کے بناء پر ملک کے اجتماعی مسائل میں بھی دلچسپی کے ساتھ حصہ لیتے رہے' اور

ملک گیر پیانے پر جب علماء کا کوئی اجتماع ہوتا تو وہ ہمیشہ اس کے رکن رکین ہوتے تھے' پچھلے دنوں انہوں نے حجاز کی طرف ہجرت کا ارادہ فرمالیا تھا' اور اس کے پہلے مرحلے کے طور پر کراچی منتقل ہو چکے تھے۔ لیکن ابھی یہ ارادہ تشنہ تکمیل ہی تھا کہ وطن اصلی سے بلاوا آ گیا۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

موصوفؒ کو حضرت والد صاحب قدس سرہ سے خاص تعلق تھا' اور اسی نسبت سے برادر محترم حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی مدظلہم اور اس ناکارہ پر بھی بہت شفقت فرماتے تھے۔ دارالعلوم میں بارہا تشریف لائے' یہاں کے علمی دینی کاموں کو دیکھ کر اظہار مسرت فرمایا' دعائیں دیں' اور جب کبھی ضرورت پیش آئی' تعاون سے بھی دریغ نہیں کیا۔

ایسے مخلص' وضع دار' بے لوث اور پیکر تواضع بزرگ اب کہاں نظر آتے ہیں؟ دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں اپنے مقام قرب میں پیہم ترقی درجات عطا فرمائیں' اور پس ماندگان کو صبر جمیل کی دولت سے نوازیں۔ آمین۔ قارئین سے بھی ان کے حق میں دعائے مغفرت اور ایصال ثواب کی درخواست ہے۔ اللّٰھم لا تحرمنا اجرہ ولا تفتنا بعدہ۔

البلاغ جلد ۱۹ شمارہ ۷

# جناب مولانا محمد شریف جالندھریؒ

پچھلے مہینے دوسرا المناک حادثہ مجلس تحفظ ختم نبوت کے ناظم اعلیٰ جناب مولانا محمد شریف جالندھری (رحمتہ اللہ علیہ) کی وفات کا پیش آیا۔

مولانا محمد شریف جالندھری رحمتہ اللہ علیہ امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری رحمتہ اللہ علیہ کے اُن خاص رفقاء میں سے تھے، جنہوں نے اپنی زندگی تحفظ ختم نبوت کے مشن کیلئے وقف کردی تھی۔ انہوں نے اس مشن اور اس مقصد کیلئے بڑی قربانیاں دیں، منکرین ختم نبوت کی سازشوں کا ہر محاذ پر مردانہ وار مقابلہ کیا۔ ۱۹۵۳ء اور ۱۹۷۴ء کی تحریکوں میں وہ صف اول کے رہنماؤں میں شامل تھے۔

احقر کو ان سے سب سے پہلے نیاز ۱۹۷۴ء کی ختم نبوت تحریک کے دوران حاصل ہوا۔ حضرت علامہ سید محمد یوسف بنوری قدس سرہ کے حکم سے احقر ان دنوں مسلمانوں کی طرف سے اسمبلی کیلئے بیان مرتب کرنے کیلئے راولپنڈی میں مقیم تھا۔ مولانا جالندھری اس وقت تحریکی امور میں بھی مصروف رہتے اور کبھی کبھی اس تحریر کی دیکھ بھال کیلئے ہمارے پاس بھی تشریف لاتے، ان کی سنجیدگی، متانت، تدبر اور ان تمام اوصاف کے باوجود انتہادرجے کی سادگی نے بڑا متاثر کیا۔ اس کے بعد بھی متعدد مواقع پر ان سے نیاز حاصل ہوتا رہا، اور ہر بار اس تاثر کی مزید تائید ہوتی گئی۔

۱۹۷۴ء کے بعد مولانا موصوفؒ نے اپنی توجہات کا مرکز قادیانیوں کے سب سے بڑے گڑھ ربوہ کو بنالیا تھا۔ انہی کی جدوجہد کے نتیجے میں ربوہ کے اندر ایک عظیم جامع مسجد تعمیر ہوئی، مسلم کالونی کے نام سے مسلمانوں کی ایک بستی آباد ہوئی۔ اور تحفظ ختم نبوت کے مراکز بھی قائم ہوئے۔ مجھے صرف ایک ہی مرتبہ ربوہ جانے کا موقع ملا ہے، اور وہ مولاناؒ ہی کی دعوت اور تحریک پر۔ اس وقت مسلم کالونی اور اس کی مسجد ابتدائی مراحل میں تھی، اور یہ دیکھ کر دل بہت متاثر ہوا کہ ربوہ میں ختم نبوت کے کام کو پھیلانے کی خاطر مولاناؒ نے اس ویرانے میں ڈیرہ ڈالا ہوا تھا، اور مخالفین کی ہمہ جہتی سازشوں کا نشانہ بنکر پورے عزم اور

استقامت کے ساتھ اپنے مرکز پر ڈٹے ہوئے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے انہی مخلصانہ کوششوں میں اتنی برکت عطا فرمائی کہ آج ربوہ جیسے شہر میں مسلمانوں کے باوقار مراکز قائم ہیں۔

میں ۱۵ فروری ۱۹۸۵ء کو راولپنڈی میں تھا، وہیں اخبار کے ذریعے مولانا کی وفات کی اچانک اطلاع ملی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مولانا مرحوم کی بال بال مغفرت فرمائیں، ان کی خدمات کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت سے نوازیں، اور ان کے پس ماندگان کو صبر جمیل کی توفیق مرحمت فرمائیں۔ آمین اور قارئین سے بھی موصوف کیلئے دعائے مغفرت اور ایصال ثواب کی درخواست ہے۔

البلاغ جلد ۱۹ شمارہ ۷

# مولانا محمد محترم فہیم عثمانی رحمۃ اللہ علیہ

اور احقر کیلئے اس مہینے کا سب سے المناک حادثہ اپنے عمّ زاد بھائی مولانا محمد محترم صاحب فہیم عثمانی کا حادثۂ وفات ہے جن کے ساتھ "رحمتہ اللہ علیہ" لکھتے ہوئے آج کلیجہ منہ کو آرہا ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مولانا مرحوم دیوبند کے معروف علمی خانوادے کے چشم و چراغ تھے۔ ان کے والد محمد مسلم صاحب عثمانی رحمتہ اللہ علیہ دیوبند کے اکابر علماء میں سے تھے جو تقسیم ہند سے پہلے عرصہ دراز تک لائل پور (فیصل آباد) میں علمی و دینی خدمات انجام دیتے رہے۔ اور کچھ عرصہ ڈابھیل کے شہرہ آفاق مدرسے میں بھی استاذ حدیث رہے' قیام پاکستان کے بعد انہوں نے لاہور کو اپنا وطن بنالیا' اور وہاں "دارالعلوم الاسلامیہ" کی بنیاد رکھی' جو تجوید وقراءت کی درسگاہ کے طور پر ملک بھر میں مشہور ہے' اور جہاں حضرت عبدالمالک صاحبؒ جیسے امام فن نے تجوید وقراءت کا درس دیا (اور آج یہ مدرسہ برادر محترم جناب مولانا مشرف علی تھانوی صاحب مدظلہم کے زیر اہتمام بحمد اللہ کامیابی کے ساتھ مصروف خدمت ہے)۔

مولانا محمد محترم فہیم عثمانی انہی حضرت مولانا محمد مسلم صاحب عثمانی قدس سرہ کے فرزند ارجمند تھے' انہوں نے شروع میں انگریزی تعلیم حاصل کی' اور والد ماجدؒ کی وفات کے بعد عمر کا ایک بڑا حصہ مختلف محکموں کی ملازمتوں میں بسر کیا۔ اس دور میں ان کی دلچسپی کا محور علم دین کے بجائے شعر و ادب رہا۔ نوجوانی کے دور میں ایک بینک میں ملازم ہوگئے' لیکن اس ملازمت کے دوران ایک بزرگ نے ملاقات کے وقت یہ جملہ کہا کہ "تم بینک کی ملازمت کیلئے پیدا نہیں ہوئے" بس یہ جملہ ان کی زندگی کیلئے انقلاب کا نقطۂ آغاز بن گیا۔

والد ماجدؒ کی صحبت کے زیر اثر دینی جذبات رگ و پے میں سمائے ہوئے تھے' لیکن حالات نے کسی اور رخ پر ڈال دیا تھا' اس جملے نے اندر چھپے ہوئے ان جذبات کو اجاگر کرکے انہیں عملی زندگی میں برسرکار کردیا۔ انہوں نے معاشی مشکلات کی پروانہ کرتے ہوئے بینک کی ملازمت ترک کردی' اور دنیوی اعتبار سے ایک باعزت ملازمت کو چھوڑ کر ایک پرچون

کی دکان لیکر بیٹھ گئے۔ اس دوران معاشی مشکلات سے گذرے، لیکن پائے استقامت میں جنبش نہ آنے دی۔ دکان میں نقصان ہوا تو ایک محکمے میں ملازمت کرلی۔

اس محکمے میں بعض افسران نے کوئی غلط حساب و کتاب رکھنا چاہا، اور اس کام کے لئے ان کو مامور کیا تو انہوں نے جواب دیا کہ "میں نے حرام کمائی سے پرہیز کی خاطر بینک کی اچھی ملازمت چھوڑی ہے، اور اب حرام آمدنی سے تائب ہو چکا ہوں، للذا یہ کام نہیں کرسکتا" شدہ شدہ ان کی امانت و دیانت کی خبر واپڈا کے بعض افسران کو پہنچی تو انہوں نے قحط الرجال کے اس دور میں ایسے امانت دار شخص کی قدر پہچانتے ہوئے انہیں واپڈا میں ایک اچھی ملازمت کی پیشکش کی، جہاں وہ ترقی کرتے کرتے اسسٹنٹ ڈائرکٹر کے عہدے تک پہنچ گئے۔

اسی ملازمت کے دوران ان کے دل میں حصول علم دین کا جذبہ پیدا ہوا، اور ایک بڑے عیال کی کفالت اور ملازمت کی ذمہ داریوں کے ساتھ انہوں نے باقاعدہ عربی زبان اور اسلامی علوم کی تحصیل شروع کردی۔ پہلے یہ تعلیم نجی طور پر بعض اساتذہ سے حاصل کی، پھر باقاعدہ جامعہ اشرفیہ لاہور میں تفسیر، حدیث، اور فقہ کی کتابیں ماہر اساتذہ سے پڑھیں۔ اور اسلامیات اور پھر عربی میں نمایاں حیثیت کے ساتھ ایم اے کیا۔

اللہ تعالیٰ نے ذہانت و فطانت اور خوش ذوقی سے نوازا تھا اور علمی مزاج اپنے والد ماجدؒ سے ورثے میں پایا تھا۔ اس لئے بہت جلد ان علوم میں اچھی استعداد حاصل کرلی، اور اس کے بعد خدمت دین ہی کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنالیا۔ دفتر سے فارغ ہونے کے بعد ان کے زیادہ تر اوقات تحریر و تقریر کے ذریعے دین کی تبلیغ و اشاعت ہی میں صرف ہوتے تھے۔ اپنے محلے کی "مسجد مقدس" میں نماز بھی پڑھاتے تھے، اور وہیں دینی کتابوں کا ایک دارالمطالعہ قائم کر رکھا تھا۔ جمعہ کی نماز شادمان کالونی کی ایک بڑی مسجد میں پڑھاتے، جہاں ان کی ہفتہ وار تقریر نہایت مقبول اور مفید خاص و عام تھی، اور جس کی بدولت بہت سے لوگوں کو راہ ہدایت نصیب ہوئی۔

اللہ تعالیٰ نے تحریر و انشاء کا بھی خاص سلیقہ بخشا تھا، چنانچہ قلم کے ذریعے بھی انہوں نے دین کی بڑی خدمت انجام دی۔ ابتداء میں انہوں نے دینی رسائل میں مضامین لکھنے شروع کئے۔ پھر رفتہ رفتہ متعدد ضخیم کتابیں بھی لکھیں۔ "حجیت حدیث" کے موضوع پر ان کی

مفصل کتاب "حفاظت و حجیت حدیث" (جو تقریباً چھ سو صفحات پر مشتمل ہے) شاید اپنی جامعیت کے لحاظ سے اس موضوع پر اردو میں مفصل ترین کتاب ہے جس میں انہوں نے منکرین حدیث کے تمام دلائل و اعتراضات کے تار و پود بکھیر کر رکھ دیئے ہیں۔

اس کے علاوہ نماز کے احکام و مسائل پر انہوں نے جو کتاب تالیف فرمائی ہے وہ بھی اپنے موضوع پر اردو کی شاید جامع ترین کتاب ہے' اور پھر خود ہی اس کا انگریزی ترجمہ کر کے اس کی افادیت کو عالمگیر بنا دیا ہے۔

حضرت والد صاحب قدس سرہ کی کتاب "احکام حج" کا انگریزی ترجمہ بھی برادر موصوفؒ ہی نے کیا ہے' جو "How to perform hajj" کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔

اس کے علاوہ بھی انہوں نے ایک درجن سے زائد چھوٹی بڑی کتابیں تالیف فرمائی ہیں جن میں سے ہر ایک مواد کی صحت و جامعیت اور شگفتہ اسلوب تحریر کے لحاظ سے اردو کے ذخیرہ کتب میں بیش بہا اضافے کی حیثیت رکھتا ہے۔

پچھلے دنوں ملک میں عورت کی دیت کا مسئلہ اٹھا تو برادر موصوفؒ نے اس مسئلے پر بھی ایک مفصل مقالہ تحریر فرمایا جو چند ہی ماہ پہلے البلاغ میں قسط وار شائع ہوا ہے۔

احقر نے حضرت مولانا رحمت اللہ صاحب کیرانوی قدس سرہ کی کتاب "اظہار الحق" کا اردو ترجمہ اپنی شرح و تحقیق کے ساتھ شائع کیا تھا' حضرت مولاناؒ کی ایک دوسری کتاب "اعجاز عیسوی" کی تحقیق و ترتیب پر بھی احقر نے کام شروع کیا' لیکن مصروفیات کی بنا پر اسکی تکمیل نہ کر سکا۔ اس کی تکمیل کیلئے احقر نے برادر موصوفؒ سے درخواست کی' چنانچہ وہ چند ماہ سے اسی کام میں مشغول تھے اور اس کا معتدبہ حصہ مکمل کر چکے تھے۔ اسکے علاوہ انکے والد ماجد قدس سرہ نے طحاوی شریف کی ایک شرح تالیف فرمائی تھی جس کا مسودہ انکے پاس محفوظ تھا' وہ اس مسودے کی تبییض و ترتیب میں مشغول تھے اور شاید اس کا قابل لحاظ حصہ کتابت بھی کرا چکے تھے۔

اللہ تعالیٰ نے انہیں جن غیر معمولی صلاحیتوں سے نوازا تھا' اور ان کے اوقات میں جو برکت عطا فرمائی تھی (کہ واپڈا کی ملازمت اور کثیر عیال کی دیکھ بھال کے ساتھ انہوں نے تقریر اور تحریر کے ذریعے دین کی اتنی خدمت انجام دی) اس کے پیش نظر ان کی زبان و قلم سے بہت کچھ توقعات قائم تھیں۔ ان کی عمر بھی بمشکل پچاس سال ہوئی ہوگی' اور یہ تجویز بھی

زیرِ غور تھی کہ وہ مستقل طور پر کراچی آکر اپنا سارا وقت تصنیفی خدمات کیلئے وقف کردیں۔ لیکن مشیّت ایزدی ہر خواہش پر بالا ہے۔ ان کی دوڑ دھوپ جس منزل کیلئے تھی وہ دیکھتے ہی دیکھتے اس منزل تک پہنچ گئے۔

جمعہ ۲۲ فروری کو انہوں نے حسب معمول شادمان کالونی کی مسجد میں جمعہ پڑھایا' جمعہ کے بعد ایک صاحب نے انہیں اپنا مکان دکھانے کی دعوت دی' وہ صاحب آگے آگے گاڑی میں جارہے تھے' اور یہ موٹر سائیکل پر ان کے پیچھے چل رہے تھے' اچانک ایک دوراہے پر برابر کی سڑک سے ایک تیز رفتار سوزوکی نمودار ہوئی' اور اس نے موٹر سائیکل کو ٹکر ماری' مولاناؒ موٹر سائیکل سے دور جاکر گرے' دماغ پر ضرب آئی' اور اتنی کاری ضرب کہ موقع پر ہی جان جاں آفریں کے سپرد کردی۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

برادر موصوفؒ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی صاحب قدس سرہ کے خلیفہ حضرت مولانا حاجی محمد شریف صاحب مدظلہم (ملتان) سے بیعت تھے۔ غالباً ان سے بیعت کی اجازت بھی حاصل تھی' اور اللہ تعالیٰ نے اس فیض صحبت سے ان کو علم و عمل کے ساتھ دل پُرگداز اور انابت و خشیت کی خاص کیفیات سے بھی نوازا تھا۔

ان کا دائمی معمول تھا کہ عصر و مغرب کے درمیان وہ احقر کے برادر زادہ عزیز مولانا محمود اشرف عثمانی کے سلمہ پاس ادارہ اسلامیات آجاتے' اور نماز مغرب تک وہیں رہتے تھے۔ دونوں میں بڑی محبت و موانست تھی۔ جب کبھی احقر کا لاہور جانا ہوتا تو عموماً وہیں ان سے ملاقات ہوتی' اور ہر ملاقات کے بعد دل میں ان کی سلامت فکر' ان کے حسن اخلاق اور ان کے اخلاص و محبت کا نقش مزید گہرا ہو جاتا۔ ہمارے لئے لاہور جن شخصیتوں سے آباد تھا' ان میں سے ایک وہ بھی تھے' اور کبھی تصور بھی نہ آیا تھا کہ وہ اس قدر جلد ہم سے بچھڑ جائیں گے۔ لیکن تقدیر کے فیصلے ہمارے وہم و گمان کے پابند نہیں' یہ حادثات قدرت کی طرف سے ہمیں غفلتوں کی دلدل سے نکلنے کیلئے تازیانہ ہوتے ہیں' کاش کہ ہم ان سے سبق لیکر اپنی زندگی میں کوئی تبدیلی پیدا کرسکیں۔

برادر موصوفؒ کا نام قارئین البلاغ کیلئے نیا نہیں' ان کے نہ جانے کتنے مضامین البلاغ میں شائع ہوئے ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ وہ برادر موصوفؒ کو دعائے مغفرت اور ایصال ثواب میں یاد رکھیں۔ اللہ تعالیٰ اس پاک نفس انسان کو اپنے جوار رحمت

میں مقامات عالیہ عطا فرمائیں' اور پس ماندگان کو صبر جمیل کی دولت سے نوازیں آمین ثم آمین' ع

خوش درخشید' ولے شعلۂ مستعجل بود

السلاغ جلد ۱۹ شمارہ ۷

# حضرت مولانا حاجی محمد شریف صاحبؒ

پچھلے مہینے حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کے خلیفہ مجاز حضرت مولانا حاجی محمد شریف صاحب رحمتہ اللہ علیہ کا حادثہ رحلت دل پر بجلی بن کر گرا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

حضرت حاجی صاحب قدس سرہ پاکستان میں حضرت حکیم الامت قدس سرہ کے ان خلفاء میں سے تھے جن کی تعداد اب ایک ہاتھ کی انگلیوں سے بھی کم رہ گئی تھی اور اب ان کے رخصت ہونے کے بعد تو پاکستان میں اس مقدس قافلے کی صرف دو شخصیتیں باقی رہ گئی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کا سایہ رحمت و شفقت ہمارے سروں پر تادیر بعافیت سلامت رکھیں' اور ان کے فیوض سے مستفید ہونے کی توفیق مرحمت فرمائیں' آمین۔ ایک سیدی و سندی و مولائی حضرت مولانا حضرت ڈاکٹر عبدالحئی صاحب عارفی مدظلہم العالی' اور دوسرے حضرت مولانا فقیر محمد صاحب مدظلہم العالی متعنا اللہ بطول حیاتہما بالخیر۔

حضرت مولانا حاجی محمد شریف صاحبؒ ملتان میں قیام پذیر تھے جامعہ خیرالمدارس کے سرپرست تھے اور انتہائی سادگی کے ساتھ اپنے شیخ کے مسلک کے مطابق اصلاح وارشاد کی خدمات انجام دے رہے تھے۔

حضرتؒ خود فرمایا کرتے تھے کہ میں اپنے شیخ حضرت حکیم الامت قدس سرہ کی مجسم کرامت ہوں کہ انہوں نے مجھے کس ماحول سے نکال کر کہاں پہنچا دیا۔

حضرت حاجی صاحبؒ یکم ستمبر ۱۹۰۱ء کو ضلع ہوشیار پور کے ایک گاؤں مہندی پور میں پیدا ہوئے تھے۔ قریب ہی ایک قصبہ کہریاں کے اینگلو سنسکرت ہائی اسکول میں آٹھویں جماعت تک تعلیم حاصل کی۔ اس اسکول پر آریوں کا غلبہ تھا اس لئے انہوں نے آپ کو اپنا ہم مذہب بنانے کی کوشش کی' لیکن بفضلہ تعالیٰ آپ ایمان پر مضبوطی سے قائم رہے' اگرچہ وضع قطع بڑی حد تک اسی ماحول کے رنگ میں رنگ گئی۔ ۱۹۲۱ء میں آپ نے گورنمنٹ ہائی اسکول جالندھر سے پاس کیا' وہاں آپ کا شمار ممتاز طلباء میں ہوتا تھا۔ چودھری محمد علی صاحب

مرحوم سابق وزیر اعظم پاکستان آپ کے ہم جماعت، ہم کمرہ اور خاص دوست تھے۔ وہاں رہتے ہوئے فٹبال فرسٹ الیون کے کھلاڑی بھی رہے۔ غرض وضع قطع سے لیکر مصروفیات تک تمام باتیں ایک مغربی طرز کی درس گاہ کے طالب علم کی سی تھیں۔ تعلیم سے فراغت کے بعد بھی ضلع ہوشیار پور کے متعدد اسکولوں میں ریاضی اور انگریزی کے استاد کی حیثیت سے کام کرتے رہے۔ بالآخر میانی افغاناں ضلع ہوشیار پور میں انگلش ٹیچر کی حیثیت سے تعینات ہوئے تو بیسویں صدی کے ایک آزاد منش نوجوان کی طرح انگریزی لباس، داڑھی سے بے نیاز اور نماز کی پابندی سے محروم تھے۔

لیکن یہاں حضرت مولانا شیر محمد صاحبؒ سے ملاقات ہوگئی جو خط و کتابت کے ذریعہ حکیم الامت حضرت تھانوی قدس سرہ سے تعلق رکھتے تھے (اور بعد میں حضرتؒ کے خلیفہ بھی ہوئے)۔ حضرت مولانا شیر محمد صاحبؒ پر خانقاہ تھانہ بھون کا رنگ چڑھ رہا تھا۔ ان کی پاکیزہ اور قابل رشک زندگی آپ پر اثر انداز ہوئی۔ خود فرماتے ہیں کہ "ابتداء میں شرم کی وجہ سے اور بعد میں خلوص سے، پہلے تین وقت کا اور پھر پانچ وقت کا نمازی بن گیا"۔ حضرت مولانا شیر محمد صاحبؒ کی زندگی میں جو کشش تھی اس نے رفتہ رفتہ حکیم الامت حضرت تھانوی قدس سرہ کے ساتھ خط و کتابت کا تعلق قائم کرا دیا۔ اور پھر اسکول کی بڑی چھٹیاں ہوئیں تو حضرت مولانا شیر محمد صاحبؒ کے ساتھ خود بھی تھانہ بھون تشریف لے گئے اور حضرت حکیم الامتؒ کی زیارت و صحبت سے مشرف ہوئے۔

بس پھر کیا تھا؟ زندگی کی کایا ہی پلٹ گئی، حلال و حرام اور جائز و ناجائز کی فکر پیدا ہوئی، اور اس فکر کی بدولت اپنے بہت سے دنیوی مفادات کی قربانیاں بھی دیں۔ ہر ہر قول و فعل کو دین کے معیار پر جانچنے اور اتباع سنت کے سانچے میں ڈھالنے کا جذبہ پیدا ہوا۔ وضع قطع بالکل بدل گئی۔ خانقاہ تھانہ بھون میں آمد و رفت بھی رہی اور حضرتؒ کے ساتھ خط و کتابت بھی۔ یہاں تک کہ حضرتؒ نے بیعت و تلقین کی اجازت بھی مرحمت فرمادی اور حضرتؒ کے خاص متوسلین میں آپ کا شمار ہوا۔

تقسیم ہند کے بعد حضرت حاجی صاحبؒ نے ملتان کو اپنا وطن بنالیا تھا اور حضرت حکیم الامتؒ سے مجاز بیعت ہونے کے باوجود آپ نے حضرتؒ کے اکابر خلفاء حضرت مولانا مفتی محمد حسن صاحبؒ، حضرت مولانا خیر محمد صاحبؒ اور احقر کے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد

شفیع صاحب قدس سرہم سے نیاز مندانہ تعلق قائم رکھا اور یہ سب حضرات آپؒ سے نہایت اکرام و محبت کا معاملہ فرماتے رہے۔ بہت سے طالبین نے آپ سے اصلاح و تربیت کا تعلق قائم کیا اور اس تعلق کی برکت اور اثر سے ان کی زندگیوں میں انقلاب پیدا ہوا۔

آپ کی زندگی اس قدر سادہ اور متواضع تھی کہ کسی کو گمان بھی نہ ہو سکتا تھا کہ یہ شیخ طریقت ہوں گے۔ ملتان کے محلّہ نواں شہر کے ایک قدیم طرز کے سادہ سے مکان میں مقیم تھے۔ گھر پر نہ کوئی خادم' نہ نوکر۔ کوئی مہمان پہنچ جاتا تو اس کی خاطر مدارات میں خود ہی سارا کام کرتے' بازار سے کوئی چیز لانی ہوتی تو خود جاکر لاتے۔ مہمان خواہ رتبے اور عمر میں کتنا چھوٹا کیوں نہ ہو' اس معمول میں فرق نہیں آتا تھا۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت حاجی صاحب قدس سرہ کی صحبت میں ایسی برکت رکھی تھی کہ ان کی زیارت کرکے اور ان کے پاس بیٹھ کر دل کی دنیا بدلی ہوئی معلوم ہوتی تھی' ان کا چہرہ دیکھ کر خدا یاد آتا تھا' چہرے بشرے پر ذکر و فکر کے انوار اور انداز و ادا میں اس بلا کی معصومیت کہ دل بے ساختہ کھنچتا تھا۔ گفتگو اتنی جامع' مختصر اور نپی تلی کہ کوئی ضروری بات چھوٹتی نہ تھی اور کوئی زائد بات منہ سے نکلتی نہ تھی۔ عام طور پر' یہاں تک کہ گفتگو اور وعظ و خطاب کے موقع پر بھی' نگاہیں جھکی رہتیں اور منہ سے الفاظ پھولوں کی طرح جھڑتے چلے جاتے۔

حضرت حکیم الامت قدس سرہ کا ذکر مبارک آجاتا تو طبیعت کھل جاتی' حضرتؒ کے واقعات و ملفوظات یکے بعد دیگرے سناتے رہتے اور اکثر آپ کی مجلس انہی واقعات و ملفوظات سے معمور رہتی تھی۔

احقر ناکارہ پر حضرت حاجی صاحبؒ کی بے پایاں شفقتیں حیطۂ بیان میں نہیں آسکتیں' جب کبھی ملتان حاضری ہوتی تو احقر کا معمول یہ تھا کہ قیام گاہ جانے سے پہلے حضرتؒ کی خدمت میں حاضر ہوتا تھا' حضرتؒ بھی آنے کی خبر سنتے تو منتظر رہتے تھے اور جب پہنچ جاتا تو مسرت کا ایسا اظہار فرماتے کہ احقر پانی پانی ہو جاتا۔ بس حاضری میں تکلّف اس بات پر ہوتا تھا کہ حضرتؒ کی عادت معلوم تھی کہ وہ خود میزبانی کی فکر فرمائیں گے۔ ایک مرتبہ حاضر ہوا تو بڑی شفقت سے بیٹھک میں بٹھا کر اندر تشریف لے گئے۔ جب کچھ دیر گزر گئی تو دوسرے دروازے سے ہاتھ میں شربت کی بوتلیں لئے داخل ہوئے' تب اندازہ ہوا کہ بوتلیں لینے

کے لئے خود بازار تشریف لے گئے تھے۔ ایسے مواقع پر ہم خدام کی ندامت اور شرم کی انتہا نہ رہتی' لیکن ان کو غایت تواضع کی بناء پر احساس بھی نہ ہوتا کہ یہ کوئی غیر معمولی بات ہوئی ہے۔

احقر کے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرہ کی وفات کے موقع پر اطراف عالم سے جو تعزیتی خطوط آئے' ان کی تعداد شاید سینکڑوں سے متجاوز ہو' ان میں طویل خطوط بھی تھے اور مختصر بھی۔ لیکن ایسے خط گنے چنے تھے جنہیں پڑھ کر خاص تسلی ہوئی۔ اور جو اکثر یاد رہتے ہیں' ان میں سرفہرست حضرت حاجی صاحبؒ کا مکتوب گرامی تھا۔ اختصار کے باوجود اس کے لفظ لفظ میں شفقت و محبت اور حضرت حکیم الامت قدس سرہ کی تربیت کا خصوصی رنگ رچا بسا ہے۔ تحریر فرمایا :

مکرمی و محترمی جناب مولانا صاحب زید مجدکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ' حضرت اقدس مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خبر وفات نے دل مجروح کردیا۔ اس ناکارہ کے تو بہت ہی بڑے محسن تھے' کسی پہلو قرار نہیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنا قرب خاص عطا فرمادیں اور ہم سب کو صبر جمیل سے نوازیں۔ یہ ناکارہ دعائیں اور ایصال ثواب انشاء اللہ کرتا رہے گا۔ آپ ہی حضرات سے تو معلوم ہوا ہے کہ اللہ کے حاکم اور حکیم ہونے کا مراقبہ ایسے موقع پر بہت نفع دیتا ہے۔ جواب کی تکلیف نہ فرمائیں آپ کو فرصت نہ ہوگی جوابی لفافہ صرف احتیاطاً بھیجا ہے۔ یہ لفافہ آپ کی ملکیت ہے' لفافہ صرف اس لئے بھیجا ہے کہ شاید کوئی اطلاع ضروری ہو تو دے سکیں ورنہ اپنا قیمتی وقت جواب پر صرف نہ فرمائیں' اسی لئے لفافہ پر اپنا پتہ تحریر نہیں کیا۔

احقر محمد شریف عفی عنہ۔

یہ خاص طور سے حاجی صاحبؒ کے باصرار حکم کا نتیجہ تھا کہ احقر نے اپنی نا اہلی کے باوجود خیر المدارس کی مجلس شوریٰ کی رکنیت سے عذر نہیں کیا' اور اس کا نقد فائدہ احقر کو یہ پہنچا کہ اس کی بدولت بار بار ملتان حاضر ہونے اور حضرتؒ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا۔ مجلس شوریٰ کے اجلاسات میں آپ اکثر خاموش رہتے' لیکن جب مدرسے کے مسلک و

مشرب کا سوال آتا تو غیر متزلزل موقف کا اظہار فرماتے، لیکن اس طرح کہ کسی کی دل شکنی نہ ہو۔ دوسرے معاملات میں احقر جیسے ادنیٰ طالب علم کی بات بھی بلا چوں و چرا مان لیتے۔

احقر نے کئی بار حضرتؒ سے درخواست کی کہ خیرالمدارس میں ہفتہ وار مجلس کا سلسلہ شروع فرمادیں، شروع میں حضرتؒ کو متعدد وجوہ سے کچھ تامل سا رہا، لیکن بالآخر تقریباً ایک سال سے دوشنبہ کے دن یہ مجلس شروع فرمادی جو غالباً آخر وقت تک جاری رہی، اور اس کی بناء پر بحمد اللہ بڑا فائدہ پہنچا۔

حضرتؒ کو دل کی تکلیف کافی دنوں سے تھی۔ پچھلے سال قلب کے شدید دورے کی بناء پر ملتان کے نشتر ہسپتال میں داخل تھے۔ انہی دنوں احقر ملتان حاضر ہوا تو ہسپتال میں عیادت کے لئے حاضری ہوئی۔ وہاں ماشاء اللہ احقر کے برادر زادہ عزیز مولانا محمود اشرف عثمانی سلمہ (جو حضرتؒ سے بیعت بھی ہیں، اور ماشاء اللہ ان کو حضرتؒ سے اجازت بھی حاصل ہے اور حضرتؒ کے تعلق سے ماشاء اللہ انہوں نے قابل رشک نفع اٹھایا ہے) اور احقر کے عم زاد بھائی مولانا محمد محترم فہیم عثمانیؒ (جن کا تذکرہ البلاغ کی کسی قریبی اشاعت میں کرچکا ہوں) وہاں دن رات خدمت میں حاضر تھے۔ احقر خدمت سے تو محروم رہا۔ لیکن اس حالت میں بھی زیارت نصیب ہوئی۔ شدید تکلیف کے باوجود چہرے پر غیر معمولی سکون و اطمینان چھایا ہوا تھا۔ حسب معمول احقر کو قریب دیکھ کر کھل گئے، باتیں بھی کرنی چاہیں لیکن معالجین نے گفتگو کرنے سے منع کیا ہوا تھا اس لئے احقر جلد ہی اٹھ کر باہر آگیا۔

اللہ تعالیٰ نے اس بیماری سے شفا دی تو کچھ عرصہ کے لئے اپنی صاحبزادی کے مکان پر لاہور تشریف لے آئے۔ اسی زمانے میں احقر کی لاہور حاضری ہوئی، حضرتؒ کو احقر کی آمد کی اطلاع مل چکی تھی، تواضع اور فنائیت کا اس حالت میں بھی یہ عالم تھا کہ احقر کی آمد کا سن کر ائرپورٹ جانے کے لئے تیار تھے، وہ تو برادر زادہ عزیز مولانا محمود اشرف سلمہ اور احقر کے بہنوئی حافظ شفقت علی صاحب نے باصرار روکا، ورنہ وہ اس ضعف کی حالت میں بھی ائرپورٹ جانا طے کئے بیٹھے تھے۔

احقر ہوائی اڈے سے سیدھا حضرتؒ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ بے حد مسرور ہوئے اس وقت بفضلہ تعالیٰ صحت کافی بہتر ہوچکی تھی۔ بحمد اللہ باتیں بھی ہوئیں، نصیحتیں بھی فرمائیں اور حسب معمول اپنی شفقتوں سے نہال فرمادیا۔ اس کے بعد ایک مرتبہ اور زیارت

اور ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ کسے خبر تھی کہ یہ بجھتے ہوئے چراغ کی آخری ضیاء پاشیاں ہیں اور اب اس کے بعد اس روئے زیبا کی زیارت دنیا میں مقدر نہیں۔ ابھی چند روز پہلے عصر کے بعد گھر آیا تو معلوم ہوا کہ لاہور سے ٹیلی فون پر احقر کے بہنوئی حافظ شفقت علی صاحب نے حضرتؒ کی وفات کی جاں گداز خبر سنائی ہے"۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

حضرتؒ کی وصیت تھی کہ انہیں سنت کے مطابق جس شہر یا گاؤں میں انتقال ہو' وہیں کے عام قبرستان میں دفن کیا جائے' نعش کو کسی اور شہر میں منتقل نہ کیا جائے اور تدفین حتی الامکان جلدی کی جائے اور کسی کے انتظار میں تاخیر نہ کی جائے اور تدفین کیلئے عام قبرستان سے الگ کوئی جگہ منتخب نہ کی جائے۔ چنانچہ جس روز وفات ہوئی اسی دن رات ہی کو ملتان ہی میں تدفین عمل میں آئی۔

احقر نے ایک مرتبہ ملاقات کے بعد رخصت کے وقت عرض کیا کہ "حضرت! کوئی نصیحت فرمادیں" حضرتؒ نے ایک لمحہ توقف کے بعد فرمایا "عمر کے لحات کو غنیمت سمجھیں' عمر کا ایک ایک لمحہ بڑا گراں قدر ہے' اسے ناقدری سے بچائیں"۔

ایک اور مرتبہ اسی قسم کی درخواست پر فرمایا "دنیا کی بے ثباتی اور ناپائیداری کو ہمیشہ پیش نظر رکھیں' دنیا سے دل لگانے کے بجائے وطن اصلی یعنی آخرت کی فکر کو غالب رکھیں"۔

حضرتؒ نے حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ کے ساتھ اپنے تعلق کی سرگزشت اور حکیم الامت قدس سرہ کے مکاتیب کا ایک انتخاب اپنے ایک چھوٹے سے رسالے "مکتوبات اشرفیہ" میں جمع فرمادیا ہے جو برادر مکرم جناب محمد اقبال قریشی صاحب نے ہارون آباد سے شائع کیا ہے' اور بڑا مفید' دلچسپ اور موثر رسالہ ہے۔

دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حضرت حاجی صاحب قدس سرہ کی روح پر فتوح پر اپنی لازوال رحمتیں نازل فرمائیں' انہیں اپنے مقام قرب میں درجات عالیہ سے نوازیں' پس ماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائیں' اور ہم سب کو ان کے فیوض سے مستفید ہونے کی توفیق مرحمت فرمائیں۔ آمین ثم آمین۔

البلاغ جلد ۱۹ شمارہ ۹

# مولانا مفتی محمد عمر بلوچ صاحبؒ

گزشتہ رمضان المبارک کے آخری عشرے میں کراچی کے معروف و ممتاز عالم دین حضرت مولانا مفتی محمد عمر بلوچ صاحب رحمۃ اللہ علیہ اپنے مالک حقیقی سے جاملے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

ریگ سرلائن (چاکی واڑہ) کراچی میں حضرت مولانا کریم بخش صاحبؒ نے مدرسہ احرار الاسلام کے نام سے ایک دینی مدرسہ کی بنیاد رکھی تھی، حضرت مولانا مفتی محمد عثمان صاحب بلوچ رحمۃ اللہ علیہ انہی کے فرزند ارجمند تھے جو اپنے علم و تقویٰ اور دینی و علمی خدمات کے اعتبار سے کراچی کے گنے چنے علماء میں سے تھے۔ اکثر و بیشتر حضرت والد صاحب قدس سرہ سے مختلف فقہی مسائل میں تبادلہ خیال کا سلسلہ رہتا تھا۔ حضرت والد صاحب قدس سرہ ان کی فقہی رائے کو بہت وزن دیتے تھے، اور ایک مرتبہ یہ بھی فرمایا کہ آج کل حال یہ ہوگیا ہے کہ جب علماء سے ملاقات ہوتی ہے تو اکثر ہر طرح کے موضوعات زیر گفتگو آتے ہیں۔ لیکن عام طور سے کوئی علمی مسئلہ گفتگو میں نہیں آتا، لیکن جب کبھی حضرت مولانا مفتی محمد عثمان صاحب بلوچ سے ملاقات ہوتی ہے تو خوشی اس لئے ہوتی ہے کہ انشاء اللہ اس ملاقات میں کوئی نہ کوئی علمی گفتگو ضرور نکلے گی۔

اپنے والد ماجدؒ کی وفات کے بعد حضرت مولانا محمد عثمان بلوچ صاحب قدس سرہ نے مدرسہ احرار الاسلام کا انتظام سنبھالا اور اسے ترقی دی یہاں تک کہ ان کی وفات ہوگئی۔ حضرت مولانا مفتی محمد عمر بلوچ صاحبؒ حضرت مولانا محمد عثمان بلوچ صاحبؒ کے بھانجے تھے اور انکی وفات کے بعد مدرسہ احرار الاسلام کے مہتمم مقرر ہوئے۔ یہ پورا خانوادہ علمی اور دینی خدمات میں ممتاز و معروف تھا اور حضرت مولانا مفتی محمد عمر بلوچ صاحبؒ اپنی ان خاندانی روایات کے سچے امین تھے۔ متین اور باوقار شخصیت، وجیہہ اور قد آور سراپا، ادا ادا سے حلم و بردباری نمایاں اور علم و فضل کے آثار روشن!۔

لیاری کے علاقے میں اس خاندان اور خاص طور پر حضرت مولانا محمد عمر بلوچ صاحب

قدس سرہ کی دینی جدوجہد کے آثار نمایاں طور پر محسوس ہوتے ہیں۔ یہ حضرات ہمیشہ شور و شغب اور پبلسٹی کے ذرائع سے بے نیاز ہو کر خاموشی اور سادگی کے ساتھ دین کی مخلصانہ خدمت میں مصروف رہے ہیں اور اسی کا نتیجہ ہے کہ بحمد اللہ اس علاقے میں ان کی خدمت کے بڑے اثرات ہیں، اور لوگوں کو ان سے بے شمار دینی فوائد پہنچے ہیں۔

حضرت مولانا مفتی محمد عمر بلوچ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا دارالعلوم اور اس کے خدام کے ساتھ بھی بڑا مشفقانہ تعلق تھا۔ افسوس ہے کہ راقم الحروف اعتکاف میں ہونے کی بناء پر ان کی نماز جنازہ میں شرکت نہ کرسکا۔

قحط الرجال کے اس دور میں ایسی مغتنم ہستیوں کی جدائی ملک و ملت کے لئے بڑا حادثہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں، اور اس کے بھی آخری عشرے میں اپنے پاس بلایا، اور وہ رمضان کی پچیسویں شب جو ان کی زندگی کی آخری رات تھی، تمام رات عبادت میں گزار کر اپنے خالق و مالک سے ملے۔ اللہ تعالیٰ موصوف کو اپنے مقام قرب میں درجات عالیہ سے نوازے اور پس ماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے، آمین۔

قارئین البلاغ سے مرحوم کے لئے دعائے مغفرت و ایصال ثواب کی درخواست ہے۔ اب موصوف کے بھائی مولانا محمد علی صاحب بلوچ مدرسہ احرار الاسلام کے ذمہ دار ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو یہ ذمہ داریاں بطریق احسن انجام دینے کی توفیق عطا فرمائیں اور ان کی امداد و نصرت فرمائیں۔ آمین البلاغ کے اسی شمارے میں انہی کے قلم سے حضرت مولانا محمد عمر بلوچؒ کے حادثۂ رحلت کی تفصیلات الگ شائع ہو رہی ہیں۔

# دارالعلوم کے شہید طلبہ

مجاہدین افغانستان سالہا سال سے جس جوانمردی اور شجاعت کے ساتھ دنیا کی ایک بڑی مادی طاقت کا مقابلہ کر رہے ہیں' وہ دنیا بھر کیلئے حیرت انگیز ہے۔ یہ جہاد ہماری سرحد کے بالکل کنارے ہو رہا ہے۔ اور ایک رائے کے مطابق مجاہدین کی یہ قربانیاں صرف افغانستان کیلئے نہیں بلکہ پاکستان کے تحفظ کیلئے بھی یکساں اہمیت کی حامل ہیں۔ لیکن افسوس ہے کہ ہمارے ملک میں عوام کو اس جہاد کی اہمیت کا احساس نہیں' اور اس سلسلے میں عوام کے اندر وہ جذبہ اور جوش و خروش نظر نہیں آتا جو ہونا چاہئے۔

لیکن بے حسی کے اس عالم میں کچھ سعید روحیں ایسی بھی ہیں جو نہ صرف اس جہاد سے قلبی وابستگی رکھتی ہیں' بلکہ اس میں عملاً حصہ لیکر اس کیلئے اپنے جان و مال کا نذرانہ پیش کرتی رہتی ہیں۔

پچھلے دنوں دارالعلوم کراچی کے تقریباً بیس طلباء بھی جذبہ جہاد سے سرشار ہو کر کسی ضابطے کی کارروائی کے بغیر اپنے طور پر اس جہاد میں عملاً شریک ہوئے۔ اور بفضلہ تعالیٰ انہوں نے اپنے عمل سے یہ ثابت کر دیا کہ بسم اللہ کے گنبد میں رہنے والے یہ بوریہ نشین جب سرفروشی اور جاں سپاری پر کمر باندھ لیں تو دنیا کی بڑی سے بڑی طاقت سے ٹکر لے سکتے ہیں۔ انہوں نے بہت مختصر مدت میں جنگ کی تربیت حاصل کی اور بحمد اللہ جہاد میں کارہائے نمایاں انجام دیئے۔

اب اطلاع ملی ہے کہ ان میں سے چھ طلبہ ایک شدید معرکے کے دوران شہید ہو گئے ہیں۔

انا للہ وانا الیہ راجعون۔

اطلاع کے مطابق ان چھ طلباء کے نام یہ ہیں :-

۱۔ امیر احمد ۳۔ عبدالرحمان ۵۔ محمد اقبال

۲۔ محمد سلیم ۴۔ محمد عبداللہ ۶۔ عبدالواحد

یہ سب دارالعلوم کے بڑے ہونہار طالب علم تھے' اور جہاد فی سبیل اللہ کا جذبہ بیتاب انہیں اپنی چھٹیوں کے دوران میدان جنگ تک لے گیا' وہاں انہوں نے جس عزیمت واستقامت کے ساتھ خالص اللہ کے لئے جان دی' وہ ہم سب کیلئے لائق رشک بھی ہے اور قابل فخر بھی۔ انہوں نے گولوں کی شدید بارش میں بھی نہ صرف یہ کہ دشمن کو پشت نہیں دکھائی بلکہ آخر وقت تک شجاعت کے جوہر دکھاتے رہے' اور شہادت کی موت کا خندہ پیشانی سے استقبال کیا۔ ان میں سے بعض طلبہ کے بارے میں معلوم ہوا ہے کہ وہ جاتے وقت اپنے ساتھیوں سے یہ کہہ کر گئے تھے کہ ہمارے لئے دعا کرنا کہ ہمیں شہادت نصیب ہو۔

ولستُ أبالی حین أقتل مسلما
علی أیّ جنب کان للّٰہ مصرعی
وذلك فی ذات الإله وإن یشاء
یبارك علی أوصال شلو ممزّع

ان خدا مست نوجوانوں نے اپنے خون گرم کا نذرانہ پیش کر کے جہاد افغانستان کی آبیاری کی ہے' اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے امید ہے کہ انشاء اللہ یہ خون معصوم رنگ لا کر رہے گا۔ آج ہمارے دل ان ہونہار جوانان رعنا کی جدائی سے مغموم بھی ہیں' اور ہمارے سر فخر سے بلند بھی کہ بحمد اللہ' ابھی ہم میں ایسے جاں نثار موجود ہیں جو نام ونمود سے بے پرواہ ہو کر صرف اور صرف اللہ کی خوشنودی کیلئے اپنی جان دے سکتے ہیں۔

بنا کر دند خوش رسمے بہ خاک وخون غلطیدن
خدا رحمت کندایں عاشقان پاک طینت را

انہی میں سے بعض طلبہ زخمی بھی ہوئے۔ ایک طالب علم محمد یونس کی آنکھ بھی شہید ہوئی' اور ایک طالب علم محمد سلیم کے بازو کی ہڈی ٹوٹ گئی۔

قارئین سے درخواست ہے کہ وہ شہداء کیلئے مغفرت' ان کے پسماندگان کیلئے صبر جمیل اور زخمی طلبہ کیلئے صحت وعافیت کاملہ عاجلہ کی دعا فرمائیں۔

البلاغ جلد ۱۹ شمارہ ۱۲

# وفات حسرت آیات
# عارف باللہ حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالحیؒ صاحب عارفیؒ

قارئین کو یقیناً اس حادثۂ فاجعہ کی اطلاع مل چکی ہوگی کہ احقر کے شیخ و مربی' اور ہم سب کے مخدوم بزرگ عارف باللہ حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالحی صاحب عارفی (رحمۃ اللہ علیہ) صدر دارالعلوم کراچی جمعرات ۱۵ رجب ۱۴۰۶ھ کی صبح کو اپنے مالک حقیقی سے جا ملے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون. حضرت والا کی وفات پوری ملت کیلئے بالعموم' اور حضرتؒ کے متعلقین اور اہل دارالعلوم کیلئے بالخصوص' ایسا عظیم سانحہ ہے جس پر شدت غم کے اظہار کے لئے تمام الفاظ ناکافی معلوم ہوتے ہیں۔ اس حادثے کے بعد سے راقم الحروف اپنے آپ کو ایک ایسے چٹیل صحرا میں محسوس کر رہا ہے جس میں دور دور کسی سائے کا نام و نشان نہیں۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت والاؒ کو اس دنیا میں اپنی رحمت کا مظہر بنایا تھا' وہ رحمت و رافت اور شفقت کا پیکر مجسم تھے' جس کسی کا آپ سے تعلق ہوا' خواہ مختصر وقت ہی کیلئے کیوں نہ ہو' وہ آپ کے اس وصف جمیل کا گہرا نقش لئے بغیر نہ رہ سکا۔ آپ اپنے سے ادنیٰ تعلق رکھنے والوں کی نجی زندگی کی تفصیلات تک میں اس قدر دخیل تھے کہ آج ان میں سے ہر شخص یہ محسوس کر رہا ہے کہ دنیا میں اس کی سب سے گرانقدر پونجی لٹ گئی۔ یہ عزیز ترین متاع گم ہوگئی' اور زندگی کا محبوب ترین سہارا ٹوٹ گیا۔

اگرچہ یہ احساس ہر اس شخص کو ہے جسے حضرت والاؒ سے نیازمندانہ تعلق تھا' لیکن ناچیز راقم الحروف' برادر بزرگ حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مد ظلہم اور دارالعلوم کے دوسرے خدام کے ساتھ حضرتؒ کا معاملہ ایسا تھا کہ تعبیر کرنے کیلئے "لطف و کرم" سے لیکر "شفقت و محبت" تک کے تمام الفاظ تشنہ ہی تشنہ معلوم ہوتے ہیں۔

آج سے تقریباً دس سال پہلے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرہ کا حادثۂ وفات ہمارے لئے زندگی کا سب سے بڑا حادثہ تھا' اس حادثہ کے موقع پر اور اس کے بعد جس ذات کی بے پایاں شفقتوں نے ہمیں اور دارالعلوم کو سہارا دیا' وہ حضرت ڈاکٹر صاحب قدس سرہ ہی کی ذات بابرکات تھی' آپ نے اس وقت فرمایا تھا کہ میری کوشش جیتے

جی یہ ہوگی کہ حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کے بعد تمہیں یہ احساس نہ ہو کہ تمہارا باپ سر پر نہیں ہے' اور پھر گذشتہ دس سال کے دوران آپ نے اپنے اس ارشاد کا جس غیر معمولی طور پر حق ادا فرمایا' وہ صرف اور صرف آپ ہی کا حصہ تھا۔

اس لئے حضرت والاؒ کی وفات ہمارے لئے دوہرا صدمہ لیکر آئی ہے' ایک طرف آپ کی وفات سے اس شیخ و مربی کا سایہ سر سے اٹھا ہے جس کی زندگی کا ہر سانس خدمت دین اور اپنے متعلقین کی اصلاح کی فکر کیلئے وقف تھا' اور دوسری طرف والد ماجد قدس سرہ کی وفات کا وہ زخم جس پر حضرت والاؒ نے اپنی ناقابل بیان شفقتوں سے مرہم رکھا ہوا تھا' ایک بار پھر اس طرح ہرا ہوگیا ہے جیسے یہ حادثہ بھی آج پیش آیا ہو۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

الحمدللہ' اس جانگداز صدمے کے باوجود انہی بزرگوں کی تعلیم و تلقین سے یہ حقیقت پوری طرح دل نشین ہے کہ اللہ تعالیٰ حاکم بھی ہیں' حکیم بھی اور اپنے بندوں پر کائنات کے ہر فرد سے کہیں زیادہ رحیم بھی' ان کا کوئی فعل حکمت و مصلحت سے خالی نہیں' اس دنیا میں کوئی ہمیشہ رہنے کیلئے نہیں آتا' موت کے اٹل قانون سے نہ کوئی پیغمبر مستثنیٰ ہوئے' نہ کوئی صحابی یا بڑے سے بڑا ولی' قضاء الٰہی میں ہر شخص کے حصے کے سانس گنے ہوئے محفوظ ہیں جن میں کسی آرزو' کسی تمنا' کسی صدمے اور کسی بڑی سے بڑی کوشش سے کوئی کمی بیشی ممکن نہیں' پیدا کرنے والا ہی جانتا ہے کہ کس شخص کو کب تک دنیا میں باقی رکھنا قرین حکمت ہے' ہم اور آپ اپنے ظاہری مفادات اور سطحی آرزوؤں کے محدود دائرے میں رہ کر سوچتے ہیں' لیکن علیم و حکیم کے فیصلے پورے نظام کائنات کی ان ازلی اور ابدی حکمتوں پر مبنی ہوتے ہیں جن تک ہماری محدود سوچ کی رسائی ممکن نہیں۔ اگر کائنات کا یہ نظام جو صدیوں سے چل رہا ہے' اس کو ہماری انفرادی سطحی آرزوؤں کے تابع بنا دیا جاتا تو اس کا ایک دن چلنا ممکن نہ تھا۔ لہٰذا پورا یقین ہے کہ جو کچھ ہوا' وہ حکمت و مصلحت کے عین مطابق تھا' اس فیصلے میں کسی ادنیٰ نقص کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔ لیکن ہم کمزور ہیں' ہماری عقل' ہماری فہم' ہماری سوچ ایک تنگ دائرے میں محدود ہے' اور ہمارے غم و مسرت کے جذبات اسی تنگ دائرے سے وابستہ ہیں' لہٰذا مذکورہ بالا حقائق پر مکمل ایمان کے باوجود دل میں سلگنے والی آتش غم کو یکلخت بجھا دینا ہمارے بس سے باہر ہے' یہ آگ تو نہ جانے کب تک لو دیتی رہے گی' لیکن یہ مولائے کریم کا کیسا انعام ہے کہ پارہ پارہ دل اور پر نم آنکھوں کے ساتھ بھی

انا للہ وانا الیہ راجعون کہہ دیئے ...... اور صرف کہدیئے ........ پر کتنے عظیم صلے کا وعدہ فرمالیا ہے کہ اولئک علیھم صلوات من ربھم ورحمۃ و اولئک ھم المھتدون۔

......................

حضرت والاؒ کے ضعف ونقاہت کا سلسلہ تو عرصے سے چل رہا تھا' لیکن شدید ضعف کے باوجود آپ نے اپنے معمولات زندگی کبھی نہیں چھوڑے' اسی طرح آخر شب میں بیدار ہونا' اسی طرح نوافل واوراد کا اہتمام' اسی طرح آٹھ بجے گھر سے نکل جانا اور ایک بجے دوپہر تک مطب میں اس طرح مشغول رہنا کہ بیچ میں پل بھر کی مہلت نہ تھی' اسی طرح ڈاک کے انبار کا جواب' اسی طرح احباب کے سامنے دینی افادات کا سلسلہ' اسی طرح ایک ایک فرد کے ساتھ حق محبت کی ادائیگی کا اہتمام۔ غرض اس ضعف ونقاہت کے عالم میں ان تمام گرانبار ذمہ داریوں کا پورا پورا حق ادا کرنا ایک ایسی محیرالعقول بات تھی جسے حضرت والاؒ کی قوت ایمانی کی کرامت کے سوا کسی اور نام سے تعبیر نہیں کیا جاسکتا۔

اسی ضعف کے عالم میں اتوار ۱۱ رجب ۱۴۰۶ھ مطابق ۲۳ مارچ ۱۹۸۶ء کو فجر کے بعد معمولی بدہضمی کی بنا پر درد شکم کی شکایت شروع ہوئی' اتفاق سے اسی دن دارالعلوم میں ختم بخاری شریف کی تقریب تھی' اور حضرتؒ نے یہاں تشریف آوری کا وعدہ فرمالیا تھا' خدّام نے عرض بھی کیا کہ طبیعت چونکہ ٹھیک نہیں ہے' اس لئے دارالعلوم تشریف لیجانا ملتوی فرمادیں' لیکن فرمایا کہ "الحمدللہ' ابھی ہمت ہے' اور ختم بخاری شریف کی بابرکت مجلس میں شرکت کا معاملہ ہے' اس لئے میں ضرور جاؤں گا ......... اللہ اکبر! اس ضعف اور علالت میں بھی سعادتوں کے حصول کی یہ فکر اور دارالعلوم کے ساتھ تعلق کا یہ عالم تھا۔

دارالعلوم تشریف لائے' لیکن یہاں پہنچ کر بھی تکلیف جاری رہی' یہاں تک کہ تکلیف ہی کی بنا پر وقت مقررہ سے پہلے تشریف لے جانے کا فیصلہ فرمالیا' اور مکان پر تشریف لے گئے' مکان پر پہنچنے کے بعد بھی تکلیف بڑھتی چلی گئی' متعدد معالجوں کا علاج ہوا' لیکن درد شکم کو افاقہ ہوا تو پیشاب میں رکاوٹ کی تکلیف ہوگئی' منگل کے دن پتہ چلا کہ بلڈپریشر بہت گر گیا ہے' اور بلڈ یوریا میں بہت اضافہ ہوگیا ہے۔

احقر دو ہفتے پہلے سعودی عرب اور ترکی کے سفر پر گیا ہوا تھا' بدھ کی صبح کو واپس کراچی پہنچا تو حضرتؒ کی علالت کا علم ہوا' حضرتؒ کے مکان پر پہنچا تو معلوم ہوا کہ حضرتؒ کو ناظم آباد

کے مرتضٰی ہسپتال میں لیجایا گیا ہے' افتاں خیزاں وہاں حاضر ہوا تو حضرتؒ چارپائی پر لیٹے ہوئے تھے' ڈرپ لگی ہوئی تھی' ناک سے آکسیجن دی جارہی تھی' لیکن اس حالت میں بھی ہوش وحواس پوری طرح برقرار تھے۔ حضرتؒ نے اس ناکارہ کی آمد پر مسرت کا اظہار فرمایا' اور فرمایا کہ "جو سانس بھی اللہ کی یاد میں میسر آجائے وہ بڑی نعمت ہے۔" اس کے بعد کچھ اور باتیں بھی ارشاد فرمائیں' آواز میں بحمد اللہ قوت تھی' البتہ دواؤں کے اثر سے بولنے میں قدرے دقت ہوتی تھی' اور جملے پوری طرح سمجھنا مشکل ہوتا تھا۔

تاہم ڈاکٹروں نے اس حد تک اطمینان دلایا کہ بحمد اللہ ہسپتال آنے کے بعد بلڈ پریشر تقریباً معمول پر آگیا ہے' بلڈ یوریا میں بھی کمی ہوئی ہے' اور پیشاب بھی ہوا ہے' یہ حالات امید افزا تھے' بدھ کا دن اسی حالت میں گذرا' لیکن جمعرات کی شب میں فجر سے پہلے سانس اکھڑنی شروع ہوگئی' فجر کی اذان ہو رہی تھی' برادر عزیز ومکرم ممتاز صاحب جو اس وقت سرہانے موجود تھے' ان کا بیان ہے کہ اذان کے وقت زبان میں حرکت محسوس ہوئی' عمر بھر اذان کا جواب دینے کا جو اہتمام تھا' اس عالم میں بھی اس سے غفلت نہ تھی' اور بس' یہ اس زبان مبارک کی آخری حرکت تھی۔

بیمار عشق لے کے ترا نام سوگیا
مدت کے بیقرار کو آرام آگیا

انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اللّٰھمّ اکرم نزلہ ووسع مدخلہ وابدلہ داراً خیراً من دارہ واھلاً خیراً من اھلہ، ونقہ من الخطایا کما ینقی الثوب الابیض من الدنس۔

.....................

اللہ تعالیٰ نے حضرت ڈاکٹر صاحب قدس سرہ کو اس آخری دور میں اپنے شیخ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ کے علوم وفیوض کی تشریح وتوضیح اور ان کی نشرواشاعت کیلئے گویا چن لیا تھا' خاص طور پر اپنی زندگی کے آخری سالوں میں حضرتؒ پر افادہ خلق کا ایک جذبہ بیتاب طاری تھا' ان کی ہروقت کی دھن یہ تھی کہ جو کچھ میں نے اپنے شیخ سے حاصل کیا ہے' اسے جلد از جلد اپنے ہر مخاطب کی طرف منتقل کردوں' چنانچہ حضرتؒ کے یہ افادات کسی باقاعدہ مجلس کے پابند نہیں تھے' بلکہ ان کی حالت یہ تھی کہ

میں جہاں بیٹھ لوں' وہیں میخانہ بنے

چنانچہ اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے ان کی زبان مبارک پر ایک ہی ذکر تھا' اور وہ تھا اتباع سنت کی دعوت و تبلیغ' اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق پیدا کرنے والے اعمال کی تربیت اور اپنے شیخ کے مزاج ومذاق کی تعلیم' چنانچہ آپ جہاں بیٹھ جاتے' خواہ وہ گھر ہو یا مطب' یا کوئی اور جگہ دعوت و تبلیغ کا یہ سلسلہ شروع ہو جاتا تھا' اور اس جذبۂ بیتاب کا لازمی اثر یہ تھا کہ سننے والا اگر چند لمحے بھی آپ کی صحبت سے فیض یاب ہو سکا ہے تو وہ اپنی زندگی کیلئے کچھ نہ کچھ لیکر اٹھتا تھا۔

حضرت والاؒ کی اس تبلیغ و دعوت اور تعلیم و تربیت سے سینکڑوں زندگیوں میں انقلاب آیا' اور نہ جانے کتنے لوگوں کی کایا پلٹ گئی۔

آپ نے وکالت کے پیشے کو چھوڑ کر ہومیو پیتھک طریقہ علاج کا مشغلہ اختیار فرمایا تھا' اور آخر وقت تک اس مشغلے کو ترک نہیں فرمایا' مطب میں لوگوں کے رجوع کا عالم یہ تھا کہ جس وقت حضرت مطب میں تشریف فرما ہوتے' اس وقت بعض مرتبہ کھڑے ہونے کی بھی جگہ نہ ہوتی تھی' لیکن اس مشغولیت کے عالم میں بھی دعوت و تبلیغ کا کام چھوٹتا نہیں تھا' اور اس مطب میں جسمانی امراض کے ساتھ ساتھ روحانی امراض کا علاج بھی جاری رہتا تھا۔ نہ جانے کتنے لوگ ہیں جو حضرتؒ کے پاس اپنے جسمانی امراض کے علاج کیلئے آئے' آتے وقت نہ دین کی کوئی فکر تھی' نہ کسی دینی بات سے دلچسپی' لیکن یہاں سے دین کی فکر لیکر لوٹے جسم کے ساتھ ساتھ اپنی روح کی دوائیں لیکر گئے' اور رفتہ رفتہ اللہ نے ان کی کایا پلٹ دی۔

زبانی وعظ و نصیحت کے ساتھ ساتھ حضرتؒ کے یہاں تصنیف کا سلسلہ بھی جاری تھا' اور آپ نے ہزار ہا صفحات پر مشتمل اپنی ایسی تالیفات کا گرانقدر ذخیرہ چھوڑا ہے جو اپنے اسلوب کے لحاظ سے بالکل منفرد ہے' اور طالبان حق کے لئے انشاء اللہ رہتی دنیا تک مشعل راہ بنے گا۔ "اسوۂ رسول اکرمؐ" "آثر حکیم الامت" "بصائر حکیم الامتؒ" "معارف حکیم الامتؒ" "اصلاح المسلمین" اور "معمولات یومیہ" میں سے ہر کتاب ہم سب کیلئے ایک گرانقدر سرمایہ اور علوم و معارف کا انمول خزانہ ہے' جس کے ذریعے انشاءاللہ حضرت والاؒ کا فیض ہمیشہ جاری رہے گا۔ رحمۃ اللہ تعالیٰ رحمۃ واسعۃ۔

---

حضرت والاؒ کا تذکرہ درحقیقت ایک مستقل تالیف چاہتا ہے' اور اس وقت حضرت

کے تمام متوسلین اس قدر دل شکستہ ہیں کہ کسی کو تفصیل سے اس موضوع پر قلم اٹھانے کا دماغ نہیں، لیکن ارادہ یہ ہے کہ انشاء اللہ "البلاغ" کی ایک خصوصی اشاعت عنقریب حضرتؒ ہی کے تذکرے کیلئے مخصوص کی جائے گی جس میں حضرتؒ کی سوانح حیات، آپ کے افادات، آپ کے معمولات زندگی اور آپ کے خصوصی مزاج ومذاق پر انشاء اللہ تفصیل سے روشنی ڈالی جائے گی۔ اس غرض کے لئے متعدد حضرات سے مضامین لکھنے کی درخواست بھی کردی گئی ہے۔ امید ہے کہ انشاء اللہ آئندہ شمارے میں اس خاص نمبر کی تاریخ کا اعلان کردیا جائے گا۔[1]

اس وقت تو قارئین سے درخواست ہے کہ وہ حضرت والاؒ کیلئے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کی مکمل مغفرت فرما کر آپ کو اپنے مقامات قرب میں پیہم ترقی درجات عطا فرمائیں، پسماندگان کو صبر وجمیل کی توفیق بخشیں اور ہم سب کو حضرتؒ کی ہدایات وتعلیمات کے مطابق زندگی بسر کرنے کی توفیق کامل عطا فرمائیں۔

اللّٰھم لا تحرمنا اجرہ ولا تفتنا بعدہ۔ آمین۔ البلاغ جلد ۲۰ شمارہ ۸

---

[1] یہ خاص نمبر حضرت عارفی نمبر کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔ محمد عمران

# حضرت مولانا نور احمد صاحبؒ

۲ جمادی الثانیہ ۱۴۰۷ھ مطابق کیم فروری ۱۹۸۷ء کو میں بفضلہ تعالیٰ عمرے کی ادائیگی کے بعد جدہ سے خرطوم (سوڈان) جانے کیلئے روانہ ہو رہا تھا کہ جدہ میں پاکستان کے قونصل ظفراللہ شیخ صاحب نے مجھے ایک ٹیلیکس کا پیغام دیا۔ اس پیغام میں یہ جانکاہ خبر دی گئی تھی کہ "آپ کے بہنوئی جناب مولانا نور احمد صاحب گذشتہ رات انتقال فرما گئے۔" پہلے جب شیخ صاحب نے زبانی یہ خبر سنائی تھی تو یقین نہیں آیا تھا' اور میں نے دل کو یہ تسلی دینے کی کوشش کی تھی کہ شاید پیغام سمجھنے میں کوئی غلطی ہوئی ہوگی' اس لئے کہ ابھی پرسوں جمعہ کے دن میری ان سے ملاقات ہوئی تو وہ پوری طرح صحت مند' ہمیشہ کی طرح فعّال اور چاق وچوبند تھے' اور کسی بیماری یا کمزوری کے دور دور کوئی آثار نہ تھے' لیکن جب شیخ صاحب نے تحریری پیغام دیا تو دل پر ایک بجلی سی گری' اس المناک خبر کو سچ ماننے بغیر چارہ نہ تھا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

حضرت مولانا نور احمد صاحبؒ احقر کے بہنوئی بھی تھے اور استاذ بھی' اور اس لحاظ سے ان کی وفات میرے لئے ایک زبردست اور گھریلو حادثہ تو ہے ہی' لیکن اس کے ساتھ ہی وہ اسلام کے ان خاموش رضاکاروں میں سے تھے جن کی پوری زندگی علمی' تعلیمی' اجتماعی اور سیاسی میدانوں میں کسی نہ کسی جہت سے خدمت دین میں بسر ہوئی' لیکن وہ نام ونمود اور شہرت کے معروف ذرائع سے ہمیشہ دور رہے۔ قیام پاکستان کی تحریک سے لیکر روز وفات تک ملک وملت کے نہ جانے کتنے اہم کاموں میں انہوں نے مؤثر حصہ لیا' لیکن اس طرح کہ جب ان کاموں کی تاریخ مرتب کرنے والے تاریخ مرتب کریں گے تو شاید ان کاموں میں ان کا نام نہ آئے' یا آئے تو سرسری اور مختصر انداز میں' اور اسی طرح دینی خدمات کے ساتھ اس دور میں شہرت و سُمعت کے جو وسائل ہر وقت لگے رہتے ہیں' مولاناؒ ان سے اپنا دامن بچاتے ہوئے دنیا کی سرحد پار کر گئے۔ لیکن برصغیر پاک وہند بشمول بنگلہ دیش وبرما کا شاید کوئی دینی حلقہ ایسا نہیں ہوگا جو ان سے اور انکی خدمات سے واقف نہ ہو' للذا ان کی وفات محض

ایک شخصی اور گھریلو حادثہ ہی نہیں' ملک وملّت کا ایک عظیم سانحہ ہے۔
رحمہ اللہ تعالیٰ رحمۃً واسعۃً۔

مولانا اپنے وطن سے علوم دین کی تکمیل کیلئے دارالعلوم دیوبند آئے تھے' اپنی ذہانت وذکاوت اور مضبوط علمی استعداد کی بنا پر اپنے تمام اساتذہ کے منظور نظر رہے' اور ہمیشہ امتحانات میں امتیاز کے ساتھ کامیابی حاصل کی۔ اساتذہ کی خدمت اور ان کے علمی وعملی کاموں میں ہاتھ بٹانے کا خاص ذوق تھا' اس لئے تعلیم سے فراغت کے بعد بھی دیوبند ہی میں مقیم ہوگئے۔ احقر کے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرہ سے خصوصی تعلق قائم کیا' اور جب ۱۹۴۸ء میں حضرت والد صاحبؒ ہجرت کرکے پاکستان تشریف لائے تو اگلے ہی سال مولاناؒ بھی کراچی تشریف لے آئے۔ حضرت والد صاحبؒ کا ذاتی کتب خانہ دیوبند میں رہ گیا تھا' اور حضرت والد صاحبؒ کی عمر بھر کی پونجی تھی' اسے پاکستان منتقل کرنے میں مولاناؒ نے بڑی محنت کی جس کی حضرت والد صاحب قدس سرہ کے دل میں بڑی قدر تھی۔

یہ احقر کے بچپن کا بھی بالکل ابتدائی زمانہ تھا میں نے دیوبند میں قاعدہ بغدادی شروع کیا تھا کہ پاکستان منتقل ہونے کا ہنگامہ شروع ہوگیا۔ کراچی میں اس وقت دور دور تک کوئی ایسا مدرسہ نہ تھا' جس میں میری عمر کے بچے تعلیم حاصل کر سکیں۔ چنانچہ احقر کی ابتدائی تعلیم کی ذمہ داری حضرت مولانا نور احمد صاحبؒ نے قبول فرمائی' اور مجھے قاعدہ بغدادی پڑھانا شروع کیا' ابھی قاعدہ ختم بھی نہ ہوا تھا کہ خاندان کے کچھ بچوں کے بارے میں یہ اطلاع ملی کہ وہ پارہ عم بھی ختم کر چکے ہیں' اس اطلاع پر انھوں نے احقر کو قاعدہ بیچ میں چھڑوا کر پارہ عم شروع کرا دیا' اور ابتدائی چند پارے بڑی تیز رفتاری کے ساتھ پڑھا دیئے' اس وقت حضرت والد صاحبؒ شیخ الاسلام حضرت علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی قدس سرہ کے ساتھ ملکی وملّی خدمات میں مصروف رہتے تھے' اور حضرت مولانا نور احمد صاحبؒ بھی ان کا ہاتھ بٹانے کیلئے ہمہ وقت انہی کے ساتھ رہتے تھے' اس لئے میری پڑھائی کا نہ کوئی وقت مقرر تھا' نہ دن' جب کبھی مولاناؒ کو موقع مل گیا' مجھے لے کر بیٹھ گئے' اور یہ ان کے انداز تعلیم اور والدین کی دعاؤں کی برکت تھی کہ اس طرح بے قاعدگی سے پڑھنے کے باوجود میں نے سات پارے پورے کرلئے' اور ناظرہ پڑھنے کے لائق ہوگیا۔

اس مرحلے پر مولاناؒ نے مجھ سے فرمایا کہ اب باقی ماندہ قرآن کریم تم خود نکال سکتے ہو'

روزانہ تھوڑا تھوڑا خود پڑھ لیا کرو' چنانچہ اب انہوں نے مجھے قرآن کریم کے بجائے بہشتی گوہر اور سیرت خاتم الانبیاءؐ شروع کرادی' اور ان دونوں کتابوں کے بعد حمد باری۔۔۔۔ اتنے عرصہ میں پہلے جامع مسجد جیکب لائنز کے اندر اور پھر مسجد باب الاسلام آرام باغ میں چھوٹے چھوٹے مدرسے قائم ہو گئے جن میں ابتدائی فارسی کی تعلیم کا انتظام تھا' پھر احقر نے وہاں پڑھنا شروع کردیا۔

لیکن اس ناکارہ کو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے حرف شناسی کی جو مقدار بھی حاصل ہوئی' وہ ظاہر اسباب میں حضرت مولانا نور احمد صاحب قدس سرہ کی رہین منت ہے' اور اس لحاظ سے بھی وہ احقر کے بہت بڑے محسن ہیں۔

پاکستان منتقل ہونے کے بعد ابتدائی چند سالوں میں حضرت والد صاحب قدس سرہ کی زیادہ تر توجہ ملک میں اسلامی دستور و قانون کے نفاذ کے کاموں پر مرکوز رہی' اور اس مقصد کیلئے زبان وقلم سے لیکر تحریکی اور جماعتی انداز کی جدوجہد تک ہر قسم کے کام حضرت والد صاحبؒ کو کرنے پڑے۔ اس دور میں حضرت والد صاحبؒ کے ان تمام کاموں میں حضرت مولانا نور احمد صاحبؒ آپ کے دست وبازو اور خصوصی معاون بنے رہے۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت مولانا کو مہم جوئی اور مشکلات کو سر کرنے کا نہ صرف ملکہ' بلکہ اس کا خاص ذوق وشوق عطا فرمایا تھا' وہ اس معاملے میں غیر معمولی عزم وارادے اور حوصلے کے مالک تھے' جو کام سادہ' آسان اور معمولی ہو وہ کر ضرور لیتے تھے' لیکن ان کی اصل جولانیاں ایسے مواقع پر ظاہر ہوتی تھیں جب کوئی ایسا مشکل اور سخت محنت طلب کام سامنے آجائے جس سے عام لوگ پیچھے ہٹ رہے ہوں' ایسے مواقع پر وہ آگے بڑھ کر بڑے ذوق وشوق سے اس کام کو سنبھالتے' اور جب تک وہ کام اپنی انتہا کو نہ پہنچ جاتا اس کے لئے تن من کی بازی لگائے رکھتے' اس معاملے میں رات دن کو ایک کر کے بظاہر ناممکن کو ممکن کر دکھانا ان کا خاص وصف تھا جس سے ان کے ساتھ ہر واقفیت رکھنے والا پوری طرح آگاہ ہے۔

چنانچہ حضرت والد صاحب قدس سرہ کے مذکورہ بالا کاموں میں وہ اسی دھن اور جذبے کے ساتھ مصروف رہتے تھے' اور اس طرح اس دور کی حضرت والد صاحبؒ کی بیشتر خدمات میں انشاءاللہ وہ عظیم اجر وثواب کے مستحق ہونگے۔

حضرت والد صاحب قدس سرہ کو کراچی منتقل ہونے کے بعد اس بات کا شدید احساس تھا کہ اس بھرے پُرے شہر میں' جو اس وقت ملک کا دارالحکومت بھی تھا کوئی معیاری دینی درسگاہ موجود نہیں ہے۔ چنانچہ وہ یہاں ایک معیاری دارالعلوم قائم فرمانا چاہتے تھے۔ شروع میں مسجد باب الاسلام آرام باغ میں ایک چھوٹا سا مدرسہ "امداد العلوم" اور اسی کے ساتھ ایک کمرہ تعمیر کر کے ایک "دارالافتاء" قائم فرمایا۔ حضرت والد صاحب قدس سرہ کی نگرانی میں ان اداروں کا عملی انتظام حضرت مولانا نور احمد صاحب قدس سرہ نے ہی سنبھالے رکھا۔

۷۰ ۱۳ھ مطابق ۱۹۵۱ء میں اللہ تعالیٰ نے حضرت والد صاحب قدس سرہ کی آرزو اس طرح پوری فرمائی کہ محلہ نانک واڑہ میں ہندوؤں کے ایک متروکہ اسکول کی عمارت مدرسے کے قیام کیلئے مہیا ہو گئی۔ حضرت والد صاحب قدس سرہ نے اس عمارت میں بنام خدا تعالیٰ وہ مدرسہ قائم فرمایا جو آج بحمد اللہ دارالعلوم کراچی کے نام سے مشہور ہے۔ یہ عمارت بڑی میلی کچیلی اور کباڑ خانے کی سی حالت میں ملی تھی' حضرت والد صاحب قدس سرہ اور حضرت مولانا نور احمد صاحبؒ نے اپنے ہاتھوں سے اس کی صفائی کر کے اس مدرسے کا آغاز فرمایا۔ حضرت والد صاحبؒ نے مدرسے کے امور کی اصولی نگرانی کیلئے ایک مجلس منتظمہ قائم فرمائی جس میں متعدد علماء اور شہر کے دیندار معزز افراد شامل تھے' حضرت والد صاحبؒ اس مجلس کے صدر قرار پائے' اور حضرت مولانا نور احمد صاحبؒ کو دارالعلوم کا ناظم مقرر کیا گیا اور اس حیثیت میں بھی مولاناؒ نے اپنی فعّال اور متحرک شخصیت کے جوہر دکھلائے۔

اللہ تعالیٰ نے مدرسے کو مقبولیت عطا فرمائی' اور طلباء کا رجوع بڑھا' یہاں تک کہ وہ عمارت تنگ محسوس ہونے لگی۔ ۱۹۵۵ء میں اللہ تعالیٰ نے دارالعلوم کو شہر سے باہر اس علاقے میں ایک وسیع قطعہ اراضی عطا فرمایا جہاں آج کورنگی انڈسٹریل ایریا آباد ہے۔ اس وقت کورنگی کی آبادی کا نہ کوئی نام و نشان تھا' نہ اس کا کوئی تصور۔ اس علاقے سے نزدیک ترین شہری آبادی لانڈھی کی تھی۔ رسل و رسائل کے ذرائع مفقود تھے' اور شہر سے اتنی دور جگہ پر مدرسے کی تعمیر بڑا کٹھن مرحلہ تھا' لیکن حضرت مولانا نور احمد صاحبؒ کی مہم جویانہ طبیعت نے اس کٹھن مرحلے کو بڑی خوبی کے ساتھ مردانہ وار طے کیا' اور مختصر سی مدت میں یہاں تین عظیم الشان عمارتیں تعمیر ہو گئیں جن میں ایک درسگاہوں اور دو طلبا کی قیام گاہوں

پر مشتمل تھیں چنانچہ ۱۹۵۶ء میں دارالعلوم اس نئی عمارت میں منتقل ہوگیا۔

اللہ تعالیٰ کو مولاناؒ سے دارالعلوم سے باہر بھی مختلف جہات میں کام لینا تھا' چنانچہ حالات ایسے پیدا ہوئے کہ وہ (غالباً ۱۹۶۵ء کے آغاز میں) دارالعلوم سے مستعفی ہو گئے۔ اورانہوں نے "مجلس دعوۃ الحق" کے نام سے ایک تبلیغی ادارہ قائم کرلیا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب ملک میں پہلی بار سوشلزم کے قیام کی تحریک پوری قوت سے اٹھ رہی تھی۔ چنانچہ اس موقع پر انہوں نے مجلس دعوۃ الحق کے ذریعے سوشلزم کی تردید کو اپنا ہدف بنا کر ہر طرح کی علمی اور عملی جدوجہد شروع کی' اور اس سلسلے میں کارہائے نمایاں انجام دیئے۔ سوشلزم کے بارے میں ۱۱۳ علماء کا وہ فتویٰ جس نے اس دور میں بہت شہرت حاصل کی' درحقیقت مولاناؒ ہی کی جدوجہد کا نتیجہ تھا' اور مختلف مکاتب فکر کے علماء سے اس پر دستخط حاصل کرنے کیلئے انہوں نے چند روز کے اندر کراچی سے پشاور تک کار میں طوفانی سفر کیا تھا۔

جب افغانستان میں روسی افواج کے داخلے کی بنا پر افغان مجاہدین نے گوریلا جنگ شروع کی' تو ان مجاہدین کو مادّی اور اخلاقی امداد فراہم کرنے میں بھی مولاناؒ نے نمایاں کردار ادا کیا۔ افغان مجاہدین کی مختلف تنظیموں سے مولاناؒ کے بڑے گہرے روابط تھے' اور وہ سب ان کی خدمات کے احسان مندی کی حد تک معترف ہیں۔ اس سلسلے میں متعدد مرتبہ مولاناؒ نے سرحد تک سفر بھی کیا' پاکستان میں مختلف حلقوں سے مل کر انہیں جہاد افغانستان کے متعلق ان کے فرائض کا احساس دلایا' اور لاکھوں روپے کا چندہ جمع کر کے افغان مجاہدین تک پہنچایا اور ایک زمانہ ایسا گذرا کہ مولاناؒ کی شب و روز کی مصروفیات اسی جہاد سے متعلق تھیں۔

اسی جہاد کے سلسلے میں مولاناؒ کا رابطہ مؤتمر العالم الاسلامی سے قائم ہوا' اور مؤتمر نے آپ کو نشرواشاعت اور دعوت وارشاد کا ناظم بھی مقرر کردیا۔ اور اس حیثیت میں بھی انہوں نے ملک اور بیرون ملک خدمات جلیلہ انجام دیں۔

آخر عمر میں اللہ تعالیٰ نے ان سے دینی علوم کی جو عظیم خدمت لی' وہ اپنی پائیداری اور اثرات کے لحاظ سے ایسی خدمت ہے کہ اگر ان کی زندگی میں صرف ایک ہی کارنامہ انجام پایا ہوتا تو شاید ان کی سعادت و فضیلت کیلئے کافی تھا۔ انہوں نے "ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ" کے نام سے ایک اشاعتی ادارہ قائم فرمایا۔ شروع میں یہاں سے تصحیح کے خصوصی اہتمام کے ساتھ قرآن کریم کے نسخے شائع کئے جو اپنی صحت' حسن اور دلکشی کے لحاظ سے

کسی طرح تاج کمپنی کے نسخوں سے کم نہ تھے۔ اس کے بعد اسی ادارے سے انہوں نے "اعلاء السنن" جیسی عظیم الشان کتاب جو بیس جلدوں پر مشتمل ہے' پہلی بار مکمل ٹائپ پر شائع کی۔ "اعلاء السنن" وہ جلیل القدر کتاب ہے جو حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ نے اپنی نگرانی میں حضرت مولانا ظفر احمد صاحب عثمانی قدس سرہ سے تالیف کروائی تھی' اور خود حضرتؒ کا یہ ارشاد متعدد بزرگوں نے نقل کیا کہ اگر خانقاہ تھانہ بھون سے اس کتاب کی تالیف کے سوا کوئی اور کام نہ ہوا ہوتا تو تنہا یہی کام اس کی سعادت کیلئے کافی تھا۔ حضرت حکیم الامت قدس سرہ کو اس کتاب کی اشاعت کا بہت اہتمام تھا' لیکن قلت وسائل کی بنا پر اس وقت اس کی صرف گیارہ جلدیں شائع ہو سکیں' اور وہ بھی لیتھو کی طباعت کے ساتھ' باقی حصے سالہاسال تک تشنہ طباعت رہے۔ آخر میں حضرت مولانا شبیر علی صاحب تھانوی رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی آخر عمر میں یہ سوچ کر کہ یہ حصے کسی طرح وجود میں آکر محفوظ ہو جائیں' انہیں نہایت معمولی کاغذ پر لیتھو کی طباعت کے ساتھ چھپوا دیئے تھے' مگر اس کا مقصد محض کتاب کو وجود میں لانا تھا' اول تو طباعت ایسی تھی کہ خاص طور پر اہل عرب اس سے استفادہ نہ کر سکتے تھے' دوسرے اس وقت تک ابتدائی جلدیں نایاب ہو چکی تھیں۔

ہمارے تقریباً تمام بزرگوں کی تمنا تھی کہ یہ کتاب ٹائپ پر مکمل شائع ہو' لیکن بیس جلدوں کی طباعت کا انتظام کارے وارد تھا' اللہ تعالیٰ نے حضرت مولانا نور احمد صاحبؒ کے دل میں یہ داعیہ پیدا فرمایا' اور یہ کام انہی جیسے شخص کی ہمت مردانہ کا منتظر تھا۔ پاکستان میں عربی ٹائپ کی طباعت انتہائی مشکل کام تھا' اس کیلئے سرمایہ بھی درکار تھا اور محنت بھی۔ حضرت مولانا نور احمد صاحبؒ نے اپنی خداداد قابلیت سے یہ مشکل کام بڑی خوبی کے ساتھ سر کیا' اور تھوڑے ہی عرصے میں یہ کتاب طباعت کے حسین پیرہن میں منظر عام پر جلوہ گر ہو گئی۔

"اعلاء السنن" کی اشاعت نے ان کے سامنے علم دین کی خدمت کا ایک وسیع دروازہ کھول دیا' اور اب انہوں نے ایسی نایاب کتابوں کی جستجو شروع کر دی جو ابھی تک طبع نہیں ہوئیں' یا طبع ہو کر مدت سے نایاب ہو چکی ہیں۔ چنانچہ انہوں نے یکے بعد دیگرے بہت سی گرانقدر علمی کتب شائع کیں جو ماضی قریب میں عالم اسلام کے کسی بھی حصے میں

شائع نہیں ہوئی تھیں۔ "مصنف ابن ابی شیبہ" کا مکمل نسخہ پہلی بار بمبئی سے حال ہی میں شائع ہوا تھا' لیکن اس میں بھی بہت سے ابواب غائب تھے' مولاناؒ نے پیر جھنڈا کے کتب خانے سے ایک مخطوطہ نکلوا کر ان ابواب کا اضافہ کیا' اور پہلی بار اتنی مکمل صورت میں یہ کتاب شائع فرمائی۔ اسی طرح امام محمدؒ کی مبسوط جو کتاب الاصل کے نام سے مشہور ہے' اس کے بعض متفرق حصے مختلف ملکوں میں شائع ہوئے تھے' مولاناؒ نے ان حصوں کو یکجا کر کے شائع کیا۔ "الاشباہ والنظائر" مدت سے نایاب تھی' انہوں نے یہ کتاب بھی طبع فرمائی۔ اس کے علاوہ امام محمدؒ کی "الجامع الصغیر" اور "کتاب الآثار" بھی پاکستان میں پہلی بار اتنے خوبصورت لباس میں شائع کیں۔

فقہ حنفی کی مشہور کتاب "محیط البرھانی" ابھی تک دنیا میں کہیں طبع نہیں ہوئی' یہ کتاب فقہ حنفی کے اہم ترین مآخذ میں سے ہے' لیکن دنیا بھر میں اس کے صرف چند قلمی نسخے پائے جاتے ہیں۔ کتاب اتنی ضخیم ہے کہ اب تک کسی ناشر نے اسکی اشاعت کی ہمت نہیں کی۔ اسکی اشاعت بلاشبہ اتنا کٹھن کام ہے کہ اچھی اچھی اکیڈمیوں کو اس کے تصور سے پسینہ آجائے' لیکن مولاناؒ نے اس کتاب کو بلاشبہ منظر عام پر لانے کا ارادہ کر لیا تھا' اور اسی غرض کیلئے محنت شاقہ برداشت کر کے اسکے دو مکمل نسخوں کی فوٹو کاپیاں حاصل کر لی تھیں۔ ایک نسخہ راولپنڈی سے کچھ فاصلے پر ایک گاؤں میں موجود تھا جہاں فوٹو اسٹیٹ وغیرہ کی کوئی سہولت میسر نہ تھی' مولاناؒ سے ایک فوٹو اسٹیٹ مشین کے مالک کو منہ مانگی اجرت دیکر اس گاؤں میں لیکر گئے' اور دن رات جاگ کر اسکی فوٹو کاپی نکلوائی' دوسرا نسخہ مدینہ منورہ کے ایک کتب خانے سے اسی طرح حاصل کیا' اور ان سے کئی نسخے تیار کر لئے۔ ابھی نسخوں کی فراہمی کا عمل مکمل ہوا تھا' اور طباعت کا آغاز نہ ہو سکا تھا کہ زندگی کا سفر تمام ہو گیا۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

جس زمانے میں وہ "المحیط البرھانی" کے نسخوں کی جستجو میں مصروف تھے' اسی دور میں ایک طرف "المبسوط للسرخسیؒ" کی طباعت کا کام جاری تھا جو اب بحمد اللہ تکمیل کو پہنچ رہی ہے' اور دوسری طرف "احکام القرآن" کی طباعت کا سلسلہ شروع کر رکھا تھا۔

"اعلاء السنن" کی طرح "احکام القرآن" بھی حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ العزیز کے عظیم کارناموں میں سے ایک کارنامہ ہے۔ اس کی تالیف

آپ نے مختلف علماء کے سپرد فرمائی تھی۔ حضرت مولانا ظفر احمد صاحب عثمانیؒ حضرت والد صاحبؒ حضرت مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلویؒ اور حضرت مولانا مفتی جمیل احمد صاحب تھانوی مدظلہم نے قرآن کریم کے مختلف حصوں کا کام اپنے اپنے ذمے لے لیا تھا۔ اس کتاب کے بیشتر حصّے کی تالیف مکمل ہو چکی تھی' البتہ بیچ کے دو حصّے باقی تھے کہ تحریک قیام پاکستان کے ہنگامے میں یہ کام رک گیا۔ حضرت مولانا شبیر علی صاحب تھانویؒ نے "اعلاء السنن" کی طرح اس کے میسّر حصوں کو وجود میں لانے کیلئے معمولی رف کاغذ پر چھپوادیا تھا۔ حضرت مولانا نور احمد صاحبؒ نے اس کی اشاعت کا بھی بیڑا اٹھایا' اور اب اس کتاب کی طباعت بھی تکمیل کے قریب تھی کہ داعیٔ اجل آپہنچا' افسوس کہ وہ اسے مطبوعہ کتاب کی شکل میں خود نہ دیکھ سکے' لیکن امید ہے کہ انشاء اللہ یہ کتاب جلد منظر عام پر آجائے گی' اور ان کے صدقاتِ جاریہ میں اضافے کا سبب بنے گی۔

بہرکیف! ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کے ذریعے نایاب عربی کتابوں کی اشاعت کا جو عظیم کارنامہ انہوں نے انجام دیا ہے' اور ملک کے طباعتی واشاعتی حلقوں میں جو نئی طرح ڈالی ہے وہ ان کے حسناتِ زاخرہ کا بڑا روشن باب ہے۔

الحمدللہ! اللہ تعالیٰ نے انہیں قابل وصالح اولاد سے بھی نوازا' ان کے بڑے صاحبزادے مولوی امین اشرف سلمہ دارالعلوم کے فارغ التحصیل اور مدینہ طیبہ کے ہائی کورٹ میں مونتعن ہیں' ان سے چھوٹے صاحبزادے مولوی رشید اشرف سلمہ دارالعلوم کے قابل اور مقبول اساتذہ میں سے ہیں' اور احقر کی تقریر ترمذی انہوں نے ہی بڑی قابلیت سے مرتّب کی ہے جو "درس ترمذی" کے نام سے شائع ہو چکی ہے۔ ان سے چھوٹے صاحبزادے مولوی قاسم اشرف سلمہ جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن سے فارغ التحصیل ہیں' جامعہ اسلامیہ میں ایل ایل ایم کر چکے ہیں' آجکل اپنے مقالے کی تیاری میں مصروف ہیں' اور ماشاء اللہ تقریباً ہر امتحان میں اول آتے رہے ہیں۔ ان سے چھوٹے دو صاحبزادگان مولوی نعیم اشرف اور مولوی فہیم اشرف سلمہما بھی جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن سے فارغ ہونے کے بعد "ادارۃ القرآن" کے کاموں میں اپنے والد گرامی کا ہاتھ بٹاتے رہے اور اب ماشاء اللہ یہ ادارہ انہوں نے ہی سنبھالا ہوا ہے' ان صاحبزادگان کی ذہانت و قابلیت' سعادت مندی اور علمی ذوق سے پوری توقع ہے کہ وہ انشاء اللہ اس ادارے کے کام کو اپنے

والد گرامی کے بنائے ہوئے نقوش پر آگے بڑھانے کی پوری کوشش کریں گے۔

حضرت مولانا نور احمد صاحبؒ کافی مدت سے لسبیلہ ہاؤس کے مکان میں مقیم تھے' اور اسی کی نچلی منزل میں "ادارۃ القرآن" قائم کیا ہوا تھا۔ میں جمعہ کی نماز پڑھانے کیلئے لسبیلہ ہاؤس کی جامع مسجد میں جاتا تو وہاں ان سے ملاقات ہو جایا کرتی تھی۔ ۳۰ جنوری ۱۹۸۷ء کے جمعہ کو نماز جمعہ کے بعد ان سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے بتایا کہ میں ابھی کے سفر سے واپس آیا ہوں اور اس مرتبہ پشاور کے بعد افغانستان سرحد پر ایسی جگہ تک جانا ہوا جہاں سے گولہ باری کی آوازیں سنائی دے رہی تھیں۔ یہ کہہ کر ایک لمحے کیلئے رکے' اور پھر روہانسی آواز میں فرمانے لگے کہ "لیکن حسرت یہ ہے کہ وہاں سے شہادت لئے بغیر کیسے واپس آگیا؟"

اس کے بعد انہوں نے احقر سے پوچھا کہ تم سوڈان کب جا رہے ہو؟ میں نے جواب دیا کہ انشاء اللہ کل روانگی ہے۔ فرمانے لگے کہ میں "کتاب الآثار" اور "عنوان الشرف الوافی" کا ایک ایک نسخہ دوں گا۔ وہ سوڈان میں ڈاکٹر حسن الترابی اور وزیراعظم صادق المہدی کو دیدینا۔ پھر فرمانے لگے کہ "معارف لدنیہ" پر تبصرہ کب لکھوگے؟ (یہ کتاب صوبہ سرحد کے ایک بزرگ شیخ عبدالنصیر چلاسی مدظلہم کی فارسی مثنوی ہے جو مولاناؒ نے شائع کی تھی) میں نے عرض کیا کہ انشاء اللہ سفر سے واپسی پر۔ فرمانے لگے کہ کتاب اپنے ساتھ رکھ لو' جب کبھی موقع ملے' سفر کے دوران لکھ دینا۔ احقر نے عرض کیا کہ کتاب ضخیم اور وزنی ہے' غیر ملکی سفر میں اتنا وزن ساتھ رکھنا مشکل ہو گا' میں انشاء اللہ دس بارہ دن تک واپس آ ہی جاؤں گا۔ فرمانے لگے "پھر ایسا کرو کہ جلد توڑ کر کچھ صفحات ساتھ رکھ لو"۔ میں خاموش ہو گیا۔

پھر جب میں نے ڈرائیور کو "کتاب الآثار" وغیرہ لینے کیلئے بھیجا تو اس کے ساتھ معارف لدنیہ کا ایک نسخہ جلد توڑ کر بھیج دیا۔۔۔ مولاناؒ اس وقت پوری طرح چست اور توانا تھے۔ اور دور دور کسی بیماری یا کمزوری کے آثار نہ تھے' لیکن کسے معلوم تھا کہ یہ ان سے آخری ملاقات ہوگی۔

اگلے دن شام کو ساڑھے چار بجے میں جدہ روانہ ہو گیا۔ اسی روز رات کو تقریباً بارہ بجے تک وہ معمول کے مطابق اپنے کاموں میں مشغول رہے۔ نہ جانے کتنے معاملات نمٹائے' کتنوں سے فون پر بات کی' یہاں تک کہ اس دن کے تمام کاموں سے فارغ ہو کر بارہ

بجے بستر پر پہنچے۔ کچھ ہی دیر بعد اچانک کھانسی کا دورہ شروع ہوگیا جو تھوڑی دیر بعد دل کے شدید دورے میں تبدیل ہوگیا۔ گھر والے اس یک بیک تکلیف کو ابھی سمجھ بھی نہ پائے تھے کہ پیشاب کی حاجت ہوئی' اور وہ اپنے پاؤں چل کر بیت الخلاء تشریف لے گئے۔ لیکن جب واپس نکلے تو دروازے پر ہی گھر والوں سے کہا کہ مجھے سنبھالو' میں گر رہا ہوں۔ احقر کی ہمشیرہ اور عزیزم فہیم اشرف سلمہ نے سہارا دیکر بمشکل کمرے میں پہنچایا۔ (دوسرے صاحبزادے عزیزم مولوی نعیم اشرف سلمہ معالج کو بلانے چلے گئے تھے) لیکن بستر تک پہنچنا ممکن نہ رہا تو بستر کے قریب فرش ہی پر نیم دراز ہوگئے۔ اور بار بار آواز بلند "اللہ اکبر" "اللہ اکبر" کہتے رہے' اور یہی کلمات ادا کرتے کرتے دنیا کی سرحد پار کرگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

جس طرح وہ دنیا میں ہر کام بعجلت ممکنہ کرنے اور کروانے کے عادی تھے' دنیا سے رخصت ہونے میں بھی اتنی ہی عجلت کا معاملہ ہوا کہ پندرہ بیس منٹ کے اندر اندر عالم بالا کا سفر طے کرلیا۔

اللہ تعالیٰ نے انہیں غیر معمولی صلاحیتوں سے نوازا تھا' اور یہ صلاحیتیں انہوں نے بحیثیت مجموعی خدمت دین ہی میں صرف فرمائیں۔ یوں بھی انہیں تدیّن' ذوق عبادت اور رجوع الی اللہ کا خاص رنگ اپنے اساتذہ سے ورثے میں ملا تھا جو کبھی کسی ماحول اور کسی حالت میں نہیں اترا۔ عام طور سے سیاسی اور انتظامی امور کو علم سے بیر ہوتا ہے اور ان مصروفیات میں پھنس کر انسان علم سے دور ہو جاتا ہے' لیکن یہ وصف انہی میں دیکھا کہ ان تمام مصروفیات کے باوجود ان کا نہ صرف علمی ذوق بلکہ استحضار بھی ہر حالت میں باقی رہا' اللہ تعالیٰ نے اسی مشغلے میں زندگی اور اسی میں موت عطا فرمائی۔

انا للہ وانا الیہ راجعون۔

دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی زلات کی کامل مغفرت فرمائیں' آخرت میں انہیں جوار رحمت سے نوازیں' اور اپنے مقامات قرب میں پیہم ترقی درجات عطا فرمائیں۔ آمین' قارئین سے بھی ان کیلئے دعائے مغفرت اور ایصال ثواب اور پس ماندگان کیلئے دعائے صبر کی درخواست ہے۔

البلاغ جلد ۲۶ شمارہ ۰

# آہ! حضرت قاری فتح محمد صاحبؒ

ماہ شعبان کے دو ہفتے جنوبی افریقہ میں گزارنے کے بعد میں شعبان کے آخری عشرے میں مکہ مکرمہ پہنچا' خیال یہ تھا کہ اس مرتبہ رمضان المبارک کا ایک معتدبہ حصہ حرمین شریفین میں گزارنے کی توفیق ہو جائے۔ مدینہ منورہ کی حاضری میں ہمیشہ جو ضروری کام سرفہرست رہتے تھے ان میں حضرت مولانا قاری فتح محمد صاحب پانی پتی مہاجر مدنی کی زیارت بھی شامل تھی' اور پاکستان سے روانہ ہوتے وقت ہی ان کی زیارت اور ان کی دعاؤں سے فیض یاب ہونے کا شوق دل میں موجود تھا' بلکہ سامان میں حضرت قاری صاحبؒ کے لئے ایک مختصر سا ہدیہ بھی رکھ لیا تھا۔

لیکن مکہ مکرمہ پہنچنے کے اگلے دن (۲۳ شعبان کو) مولوی عبدالقیوم گلگتی صاحب نے (جو دارالعلوم کے فاضل ہیں' اور ازہر سے ڈاکٹریٹ کرنے کے بعد اب جامعہ ام القریٰ کے شعبہ تحقیق میں بحیثیت اسکالر کام کر رہے ہیں) اچانک یہ جانکاہ خبر سنائی کہ پچھلی جمعرات (۱۸ شعبان) کو حضرت قاری صاحب قدس سرہ اس دنیائے فانی کو خیرباد کہہ کر اپنے مالک حقیقی کے حضور پہنچ چکے ہیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

جس روز یہ حادثہ پیش آیا' اس دن میں جنوبی افریقہ میں تھا' اس لئے مجھے اس کی اطلاع نہیں ہو سکی اور اچانک یہ خبر دل پر بجلی بن کر گری۔ صرف چند روز کے فرق سے میں انکی زیارت سے محروم رہا۔ ان کی عنایات' ان کی شفقتیں' ان کا سراپا رحمت وجود' ان کی دلکش ادائیں ایک ایک کر کے یاد آتی رہیں' اور چند لمحوں کیلئے قلب وذہن پر سکتہ سا چھا گیا۔

حضرت مولانا قاری فتح محمد صاحب قدس سرہ بلاشبہ اس دور میں قرآن کریم کا زندہ معجزہ تھے' ان کے اوصاف وکمالات کو اگر آنکھوں سے دیکھا نہ ہوتا تو صرف لوگوں کے کہنے سے یقین آنا مشکل ہوتا۔

بچپن ہی سے حضرت قاری صاحب قدس سرہ کا نام تو سنا تھا' لیکن پہلی بار زیارت ۱۹۵۶ء میں اس وقت ہوئی جب حضرت والد صاحبؒ نے دارالعلوم کراچی میں تجوید وقراءت کا

ایک باقاعدہ شعبہ بڑے پیمانے پر قائم کرنے کا ارادہ فرمایا۔ اس وقت دارالعلوم میں ملک بھر کے چوٹی کے قراء کرام کا ایک بڑا اجتماع منعقد کیا گیا' جس میں حضرت مولانا قاری فتح محمد صاحب قدس سرہ اور حضرت مولانا قاری عبدالمالک صاحب قدس سرہ جیسے حضرات بھی شریک ہوئے۔ تجوید و قراءت کے فن سے تو ہماری ناواقفیت اس درجہ تھی کہ حضرت قاری فتح محمد صاحبؒ کے مقام کا اندازہ ہو ہی نہیں سکتا تھا' لیکن ان کے سراپا' ان کی اداؤں اور ان کے انداز زندگی میں جو زہد و تقویٰ جھلکتا نظر آتا تھا' اس نے دل کو بے حد متاثر کیا۔

بعد میں حضرت والد صاحبؒ کی فرمائش پر حضرت قاری فتح محمد صاحب قدس سرہ نے دارالعلوم کے شعبہ تجوید و قراءت کی سرپرستی و نگرانی قبول فرمائی' اس وقت دارالعلوم کا شعبہ درس نظامی کورنگی کی موجودہ جگہ پر منتقل ہو چکا تھا' لہٰذا شعبہ تجوید و قراءت نانک واڑہ کی قدیم عمارت میں قائم کیا گیا' حضرت قاری صاحب قدس سرہ نے اپنی مستقل رہائش بھی وہیں اختیار کی' اسی عمارت میں جو مسجد تعمیر کی گئی' اس کا نام بھی حضرت قاری صاحب قدس سرہ کے نام پر "مسجد فتح" رکھا گیا۔

اس زمانے میں حضرت قاری صاحب قدس سرہ کی خدمت میں بار بار حاضری اور آپ کو قریب سے دیکھنے کی سعادت میسر آئی۔ اگر ان کی زندگی کا نقشہ مختصر الفاظ میں بیان کیا جائے تو کسی مبالغے کے بغیر کہہ سکتے ہیں کہ ان کی پوری زندگی قرآن کریم میں رچی بسی ہوئی تھی۔ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ماثور دعاؤں میں ایک دعا اس طرح منقول ہے :

واسألك باسمك الذی استقر به عرشك ......... ان ترزقنی القرآن العظیم و تخلطه بلحمی ودمی وسمعی وبصری وتستعمل به جسدی اے اللہ! میں آپ کے اس نام کے واسطے سے' جس سے آپ کا عرش قرار پذیر ہے' سوال کرتا ہوں کہ آپ مجھے قرآن عظیم عطا فرمائیں' اور اسے میرے گوشت' میرے خون' میری سماعت اور میری بصارت میں رچا دیں' اور میرے جسم کو قرآن ہی میں استعمال فرمائیں۔

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حضرت قاری صاحب قدس سرہ نے کبھی یہ دعا دل سے مانگی ہوگی جو ان کے حق میں قبول ہوگئی' ان کی زبان تو تقریباً ہر وقت قرآن کریم کی تلاوت سے شاداب رہتی ہی تھی' لیکن ان کی سوچ' ان کے قلب و ذہن اور فکر و خیال کا محور بھی قرآن کریم ہی تھا۔ بس فکر ہر وقت یہ تھی کہ قرآن کریم کی تعلیم اور نشر و اشاعت کا بہتر سے بہتر

کونسا طریقہ اختیار کیا جائے؟

یہ منظر تو سینکڑوں انسانوں نے دیکھا ہوگا کہ حضرت قاری صاحبؒ بیک وقت کئی کئی حفاظ سے قرآن کریم اس طرح سنتے تھے کہ ہر شخص مختلف مقامات سے قرآن کریم پڑھتا ہوتا تھا، اور قاری صاحبؒ بیک وقت سب کی غلطیاں بتایا کرتے تھے۔

حضرت قاری صاحب قدس سرہ کو قرآن کریم کی متواتر قراءتیں اور ان کی مختلف روایات اس طرح ازبر تھیں جیسے عام مسلمانوں کو سورہ فاتحہ یاد ہوتی ہے۔ وہ رمضان المبارک کی راتوں میں سحری تک تراویح پڑھاتے تھے اور ایک ایک رات میں سات سے لیکر دس پاروں تک تلاوت فرماتے تھے، اس طرح تیسرے چوتھے دن قرآن کریم ختم فرماتے، اور پھر کسی اور قراءت یا روایت میں تلاوت شروع فرما دیتے۔ چنانچہ رمضان المبارک کے اختتام تک نو دس قراءتوں میں قرآن کریم ختم فرما لیتے تھے۔ دارالعلوم نانک واڑہ میں تراویح کا یہ معمول سالہا سال جاری رہا۔ عموماً ایک دو صفیں مقتدیوں کی ہو جاتی تھیں، مقتدی تو تراویح کے دوران کبھی بیٹھ کر، کبھی نیم دراز ہو کر آرام بھی کر لیتے تھے، لیکن حضرت قاری صاحب قدس سرہ مسلسل کھڑے رہ کر تلاوت فرماتے رہتے تھے۔ بعض اوقات ایسا بھی ہوتا کہ تراویح ایسے وقت ختم ہوتی جب سحری میں صرف دس پندرہ منٹ باقی رہ جاتے۔

حضرت قاری صاحبؒ نے قرآن کریم کو یاد رکھنے کے لئے ایسے ایسے طریقے ایجاد کئے ہوئے تھے کہ وہ خارق عادت معلوم ہوتے تھے، وہ آیاتِ قرآنی کے صرف آخری کلمات اس طرح تسلسل اور روانی سے پڑھتے چلے جاتے تھے جیسے ایک مسلسل عبارت۔ اسی طرح بعض اوقات آیات قرآنی کے اوائل بھی اسی تسلسل سے پڑھتے چلے جاتے تھے۔

بعض اوقات ایسا بھی ہوا کہ کئی شاگردوں کی تلاوت سنتے سنتے حضرت قاری صاحبؒ کو تھوڑی سی نیند آ گئی، لیکن بیدار ہونے کے بعد تمام شاگردوں سے وہی حصے دوبارہ پڑھوائے جن میں ان سے غلطی ہوئی تھی۔

ذوقِ عبادت کا عالم یہ تھا کہ اکثر و بیشتر روزے رکھتے تھے، حد یہ ہے کہ ایک مرتبہ شدید گرمی کے موسم میں حج کا زمانہ آیا، عرفات کے میدان میں حضرت قاری صاحبؒ سے ملاقات ہوئی تو وہ اس وقت بھی روزے سے تھے...... نابینا ہونے کے باوجود ہر نماز مسجد میں باجماعت ادا کرنے کا اہتمام اس دور میں ان سے زیادہ کسی میں نہیں دیکھا۔ شاید یہ کہا جائے تو مبالغہ

نہ ہو کہ سالہا سال سے ان کی کوئی جماعت قضا نہیں ہوئی تھی۔

وفات سے تقریباً بارہ سال پہلے حضرت قاری صاحبؒ مدینہ منورہ ہجرت فرما گئے تھے' اور آخر وقت تک وہیں مقیم رہے' سات آٹھ سال پہلے حضرت قاری صاحبؒ پر فالج کا حملہ ہوا' اس وقت سے معذوری اور بڑھ گئی' مسلسل علاج کے باوجود بے تکلف بولنے پر آخر وقت تک قدرت نہیں ہوئی' لیکن اس حالت میں بھی حرم شریف کی حاضری میں فرق نہیں آیا۔ ہر نماز حرم شریف میں ادا فرماتے' اور عصر سے عشاء تک کا وقت حرم شریف ہی میں گزارتے تھے۔

نابینا ہونے کے باوجود قرآن کریم کی قراآت متواترہ کے علاوہ علم قراآت پر لکھی ہوئی کتابیں اور طویل قصائد بالکل ازبر تھے' اور علم قراآت پر حضرت قاری صاحبؒ نے محققانہ تصانیف کا جو عظیم الشان ذخیرہ چھوڑا ہے وہ اس دور میں یقیناً بے مثال ہے۔

حضرت قاری صاحب قدس سرہ نے درس نظامی کی تکمیل دارالعلوم دیوبند میں فرمائی تھی' مشکوٰۃ شریف میں داخلے کا امتحان حضرت والد صاحب قدس سرہ نے لیا تھا' اور قاری صاحبؒ کو اس امتحان کی ایک ایک جزدی تفصیل یاد تھی' اور اس کی بنا پر وہ حضرت والد صاحب قدس سرہ سے ہمیشہ استاذ ہی کا جیسا معاملہ فرماتے تھے' حالانکہ حضرت والد صاحبؒ ان کے علمی و عملی کمالات کی بنا پر ان سے اپنے بزرگوں جیسا سلوک فرماتے تھے۔

طریقت میں حضرت قاری صاحبؒ نے حضرت مولانا مفتی محمد حسن قدس سرہ سے بیعت کا تعلق قائم فرمایا تھا۔ آپ کی وفات کے بعد حضرت قاری صاحبؒ کے اپنے بیان کے مطابق حضرت والد صاحبؒ سے اصلاحی تعلق قائم رکھا' اور یہ حضرتؒ کے اخلاص تواضع اور فنائیت کا ثمرہ تھا کہ اتنے عظیم کمالات اور اتنی بڑی روحانی نسبتوں کے بعد بھی اپنے آپ کو اصلاحی تعلق سے مستغنی نہیں سمجھا' اور وفات سے کچھ ہی عرصہ قبل حضرت مولانا مفتی رشید احمد صاحب لدھیانوی قدس سرہ سے اصلاحی تعلق قائم فرمایا۔

حضرت قاری صاحب قدس سرہ کے معتقدین' متوسلین' شاگردوں اور نیازمندوں کی تعداد یقیناً ہزاروں میں ہوگی' اور نابینا ہونے کی وجہ سے ان میں سے کسی کو دیکھنا ممکن نہ تھا' لیکن آواز ہی سے فوراً مخاطب کو پہچان لیتے تھے' بلکہ جو شخص سالہا سال بھی حضرتؒ سے نہ ملا ہو' وہ جب مدت دراز کے بعد ملتا تو اس وقت بھی اسے نہ صرف فوراً شناخت فرما لیتے' بلکہ

اس کے معاملات و مسائل بھی از خود یا دولادیتے تھے۔

برادر محترم حضرت مولانا مفتی محمد رفیع صاحب مد ظلہم اور اس ناکارہ کے ساتھ حضرتؒ کی شفقتیں ناقابل بیان تھیں۔ خاص طور پر حضرت والد صاحب قدس سرہ کی وفات کے بعد اس توجہ میں بہت اضافہ ہوگیا تھا' جب تک فالج کا حملہ نہیں ہوا تھا' ہر تھوڑے عرصے کے بعد مدینہ طیبہ سے خط ارسال فرماتے جو نصائح اور دعاؤں سے بھرا ہوتا تھا۔ احقر کی جو کوئی تحریر "البلاغ" میں شائع ہوتی' اسے پورے اہتمام کے ساتھ سنتے تھے۔

احقر کو اپنی کتاب "علوم القرآن" کی تالیف کے دوران قرآن کریم کے "سبعۃ احرف" پر ایک تحقیقی مقالہ لکھنا پڑا' اس مقالے کی تالیف میں احقر نے اپنی بساط کے مطابق کافی محنت کی' یہ مقالہ احقر کی ان چند تحریروں میں سے ہے جن میں احقر کو کافی مشقت اٹھانی پڑی' لیکن لکھنے کے بعد اس وقت تک اطمینان نہیں ہوا جب تک کسی محقق فن کی نظر سے نہ گذرے۔ چنانچہ ایک مرتبہ حضرت قاری صاحبؒ مدینہ منورہ سے پاکستان تشریف لائے تو احقر نے موقع غنیمت سمجھ کر حضرتؒ کو پورا مقالہ سنایا' حضرتؒ نے لفظ بہ لفظ مقالہ سنا' اس کی تصدیق و تصویب فرمائی اور بہت دعائیں دیں' اس کے بعد احقر کو اطمینان ہوا' اور اسے اشاعت کے لئے بھیجا۔

تقریباً بارہ سال سے حضرتؒ مدینہ طیبہ میں مقیم تھے' اور اس انتظار میں تھے کہ کسی طرح جنت البقیع کی مٹی نصیب ہو جائے' اس غرض کیلئے انہوں نے انتہائی خندہ پیشانی سے بڑے مجاہدات کئے' اور بڑی صعوبتیں اٹھائیں' اگرچہ کئی سال سے گویائی کی طاقت نہیں رہی تھی' اور طرح طرح کے امراض کا شکار تھے' لیکن چہرے پر ہر وقت سکینت و طمانیت کا نور چھایا رہتا تھا۔

احقر کی آخری ملاقات اب سے چند ماہ قبل مدینہ منورہ میں ہوئی' احقر صرف دو روز کے لئے مدینہ منورہ حاضر ہوا تھا' حضرتؒ کی خدمت میں حاضر ہوا تو حضرتؒ کی اہلیہ محترمہ نے (جنہیں حضرتؒ کے تمام متعلقین "بڑی استانی جی" کہتے ہیں) احقر سے فرمایا کہ قاری صاحبؒ کو ضعف بہت ہوگیا ہے' اس کے باوجود وہ روزے مسلسل رکھ رہے ہیں' ذرا تم انہیں سمجھاؤ۔

احقر نے حضرتؒ سے عرض کیا کہ "حضرت! آپ کی جسمانی حالت تو ایسی ہے کہ ایسے

میں فرض روزے بھی قضا کرنے کی اجازت ہوجاتی ہے' اور آپ فرض تو کجا مسلسل نفلی روزے رکھتے رہتے ہیں۔ اگر چند روز کے لئے نفلی روزے موقوف فرمادیں تو اس روز افزوں ضعف کا کچھ علاج ہوسکے' آخر نفس کا بھی کچھ حق ہے۔"

یہ بات سن کر حضرتؒ کے چہرہ مبارک پر تبسم چھا گیا' حسب منشا بولنے پر قدرت نہ تھی' لیکن جواب میں احقر کا ہاتھ پکڑ کر قدرے آواز سے ہنسے' اور دو تین بار ہاتھ کو جھٹکے دیکر چھوڑ دیا۔ زبان حال سے گویا یہ فرمایا کہ "ظاہری اعتبار سے تم ٹھیک کہتے ہو' لیکن بات اس ظاہر سے آگے بڑھ چکی ہے۔"

کسے معلوم تھا کہ یہ حضرت قاری صاحبؒ سے آخری ملاقات ہے' اس واقعے کے چند ہی ماہ بعد ۱۸ شعبان کو حضرت قاری صاحبؒ اپنے مالک حقیقی سے جا ملے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

حضرت قاری صاحبؒ کی وفات کے حالات ان کے خادم خاص مولانا عبدالقادر صاحب نے تحریر فرمائے ہیں۔ جو اسی شمارے میں الگ شائع ہو رہے ہیں۔

حضرت قاری صاحبؒ کی وفات پورے عالم اسلام کا عظیم سانحہ ہے۔ اللّٰھم لاتحرمنا اجرہ ولاتفتنا بعدہ۔ ادارہ البلاغ حضرتؒ کے اہل خانہ بلکہ تمام مسلمانوں کی خدمت میں پیغام تعزیت پیش کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ حضرت قاری صاحبؒ کی روح پر فتوح پر پیہم رحمتوں کی بارش فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ آمین۔ قارئین البلاغ سے دعائے مغفرت اور ایصال ثواب کے اہتمام کی درخواست ہے۔

البلاغ جلد ۲۱ شمارہ ۱۰

# حافظ جی حضور
# حضرت مولانا حافظ محمد اللہ صاحب رحمتہ اللہ علیہ

بنگلہ دیش میں اس وقت حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمتہ اللہ علیہ کے خلفاء میں صرف ایک ہی شخصیت باقی رہ گئی تھی اور وہ تھی حضرت مولانا حافظ محمد اللہ صاحب رحمتہ اللہ علیہ کی شخصیت، جنہیں عموماً "حافظ جی حضور" کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔

رمضان المبارک کے پہلے عشرے میں احقر مدینہ طیبہ میں تھا کہ مولوی میزان الرحمٰن صاحب نے (جو دارالعلوم سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد مدینہ منورہ کے ایک معہد میں زیر تعلیم ہیں) یہ اندوہناک خبر سنائی کہ آج بنگلہ دیش میں خانقاہ تھانہ بھون کی یہ آخری یادگار بھی رخصت ہوگئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

داغ فراق صحبت شب کی جلی ہوئی
اک شمع رہ گئی تھی سو وہ بھی خموش ہے

البلاغ کے سابق شمارے میں مفتی اظہار الاسلام صاحب مد ظلہم کے قلم سے ان کے حالات زندگی اور واقعہ وفات کی تفصیلات شائع ہو چکی ہیں۔ لہٰذا ان سطور میں صرف اپنے چند مختصر تاثرات پیش کرنا چاہتا ہوں۔ حضرت حافظ جی قدس سرہ اللہ کے ان بندوں میں سے تھے جنہیں دیکھ کر ہی خدا یاد آتا ہے۔ ایک ایسا سادہ و بے تکلف سراپا کہ اس میں ریا و تصنع کا دور دور کوئی شائبہ نہ تھا، دیکھ کر ایک اجنبی کو یہ اندازہ کرنا بھی مشکل ہوتا کہ یہ کوئی بڑے عالم یا بڑے صوفی بزرگ ہوں گے بس سادگی اور تواضع کا ایک چلتا پھرتا پیکر تھے۔

۱۹۶۱ء میں جب میں پہلی بار حضرت والد صاحب قدس سرہ کے ساتھ ڈھاکہ گیا تو اس

وقت ڈھاکہ بڑی بڑی علمی' سیاسی اور روحانی شخصیتوں سے مالامال تھا۔ ہمارا قیام تو اس وقت بڑا کٹرہ کے مدرسہ اشرف العلوم میں ہوا جو اس وقت حضرت مولانا عبدالوہاب صاحب قدس سرہ (پیر جی حضور) کے زیر سرپرستی چل رہا تھا۔ لیکن علماء کرام کی مشاورت وغیرہ کے اجتماعات حضرت مولانا شمس الحق صاحب فرید پوری قدس سرہ کے مدرسہ (لال باغ) میں ہوا کرتے تھے۔ لال باغ کا مدرسہ اجتماعی دینی سرگرمیوں کا مرکز تھا اور حضرت مولانا شمس الحق صاحب فرید پوری رحمتہ اللہ علیہ کی شخصیت لوگوں کی توجہ کا مرکز تھی اس وقت حافظ جی حضور بھی اسی مدرسے میں تشریف فرما تھے لیکن وہ ہمہ تن ذکر و شغل اور اصلاح و ارشاد میں مشغول تھے اور سیاسی اور اجتماعی امور سے عموماً الگ تھلگ رہتے تھے۔ اس لئے علماء کی ان مجالس میں جو حضرت مولانا شمس الحق صاحب فرید پوری قدس سرہ کے زیر اثر مدرسے میں منعقد ہوا کرتی تھیں' بہت کم شریک ہوتے تھے۔

لیکن بنگال کے سربر آوردہ علماء حضرت مولانا اطہر علی صاحبؒ' حضرت مولانا شمس الحق صاحب فرید پوریؒ وغیرہ کی وفات کے بعد ضرورت کے تحت حافظ جی حضورؒ نے بھی اجتماعی امور میں حصہ لینا شروع فرما دیا اور خاص طور پر بنگلہ دیش بننے کے بعد ان کی ذات ملک بھر کے دینی حلقوں کا سب سے بڑا مرکز بن گئی۔

لال باغ کے مدرسے کے علاوہ حافظ جی حضورؒ نے ڈھاکہ کے نواح کم رنگی چر کے علاقے میں ایک بہت بڑا مدرسہ قائم کیا۔ یہ مدرسہ لال باغ سے کافی دور تھا اور برسات کے موسم میں تو وہاں کشتی کے بغیر جانا ممکن نہ تھا۔ لیکن حافظ جی حضورؒ اپنی پیرانہ سالی کے باوجود بیک وقت دونوں مدرسوں کی نگرانی و سرپرستی فرماتے رہے۔

بنگلہ دیش بننے کے بعد میں پہلی بار ۱۹۸۰ء میں ڈھاکہ گیا تو حافظ جی حضورؒ نے انتہائی شفقت و محبت سے کمرنگی چر کے مدرسے میں مدعو فرمایا۔ ایک دن ایک رات ان کی خدمت و صحبت میں رہنے کا موقع ملا اور ان کی شفقت و عنایت کی مٹھاس سے قلب و نظر کو سرور حاصل ہوا۔

اس وقت میں نے پاکستان کی اسلامی نظریاتی کونسل سے استعفیٰ دیا ہوا تھا۔ حضرتؒ نے مجھ سے اس کی وجوہ پوچھیں جو میں نے بیان کردیں جب میں چلنے لگا تو حضرتؒ نے صدر پاکستان جنرل محمد ضیاالحق صاحب کے نام ایک خط احقر کے حوالہ فرمایا کہ میں صدر صاحب کو

پہنچادوں' میں نے خط پڑھا تو اس کے آخری جملے مجھے خلاف مصلحت معلوم ہوئے اور ان کی موجودگی میں میرا اس خط کو صدر صاحب تک پہنچانا مناسب معلوم نہ ہوا چنانچہ میں نے اپنا یہ اشکال حضرت سے ذکر کرکے درخواست کی کہ یہ جملے خط سے حذف فرمادیں' لیکن حضرت نے حکماً فرمایا کہ جملے اسی طرح رہنے دو اور خط ضرور پہنچاؤ۔ احقر ادباً خاموش ہوگیا' اور پاکستان پہنچنے کے بعد خط صدر صاحب تک پہنچادیا۔ جس پر انہوں نے بڑی ممنونیت کا اظہار کیا۔ خط کا مضمون چونکہ سدا بہار ہے اور اس سے حافظ جی حضورؒ کے دل دردمند کی عکاسی ہوتی ہے اس لئے وہ ذیل میں پیش خدمت ہے۔

یکے از فقیر حقیر کمترین خلائق مسمی بہ محمد اللہ عفی عنہ۔

بشرف ملاحظہ جناب مخدومنا المکرم ضیاء الحق صاحب صدر مملکت پاکستان اضاء الله بضوء و نور هدايته ملكه واجعله من الهادين المهتدين غير ضالين ولا مضلين سلما لاولياء وحربا لاعداء الدين اللهم اجعله من اولياءك المنتخبين الذين يخافون فى الله لومة لائم آمين ثم آمين۔

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته۔

امابعد عرض یہ ہے کہ یہ کمترین خلائق اس لائق نہیں کہ آپ جیسی بلند ہستی کے سامنے کچھ عرض معروض پیش کرے تاہم حضرت حکیم الامت قدس سرہ کا ایک ارشاد یہ تھا کہ حق بات ایک بچہ بھی مجھے سمجھادے تو میں ماننے کیلئے ہروقت تیار ہوں اور آپ جانتے ہیں ماننا وہی معتبر ہے کہ جس پر عمل مرتب ہو مطلق ماننا معتبر نہیں جیسا کہ ابوجہل وغیرہ بہت سے کفار بھی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سچا نبی جانتے اور مانتے تھے۔ مگر بے ایمان ہی دنیا سے رخصت ہو کر نمرود و فرعون وغیرہ جیسے دبدبہ والے بادشاہ کی طرح ابدالاباد کے لئے سزائے جہنم کے مستحق ہو کر دنیا سے رخصت ہوئے۔ اور اللہ جل جلالہ و عم نوالہ نے آپ کو دنیا کی ایک سربلندی عطا فرمائی اس نعمت کے شکریہ میں ملک خدا میں قانون خداوندی نافذ اور عمل کرکے اللہ تعالیٰ کو راضی کریں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دلی صدمہ سے بچائیں کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں امت کی بداعمالیوں کے رپورٹ پہنچتی ہے اور کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد "لا تسودوا وجهى عند الله يوم القيامه او كما قال

علیہ الصلوٰۃ اسلام" کیا کوئی مومن حضورؐ کے اس صدمہ کو برداشت کر سکتا ہے اسی صدمہ کے پیش نظر ایک بزرگ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ خطاب کر کے کہا۔

ای بسر پردہ یثرب بخواب     کیز کہ شد مشرق و مغرب خراب

درحقیقت بزرگ نے اپنے دلی صدمہ کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کر کے حضور کے واسطے سے اللہ تعالیٰ سے فرما دیا کہ اے اللہ ہم پر حکومت عادلہ قائم فرما۔

آپ کو معلوم ہو گا کہ ہمارے اکابرین علماء حقانی حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے سلسلہ کے بزرگوں نے کفری سلطنت اور اسکی گمراہیوں سے بچانے کے لئے کیا کیا قربانیاں دیں۔ مثلاً سید احمد اور مولانا اسمٰعیل وغیرہ شہید نے بالاکوٹ میں کیا کیا قربانیاں دیں اور احیاء دین کے لئے شہادت قبول کیا۔ بالخصوص قیام پاکستان کے لئے محض اس وعدہ پر لاکھوں مسلمان اپنا خون بہا کر خدا کے پیارے     ہیں کہ پاکستان میں اسلامی قانون قرآن وسنت کے موافق عمل میں لایا جائے گا۔ دیکھئے حضرت حکیم الامت بموجب قائد اعظم مسٹر جناح مرحوم کے اعلانات ممکن ہر یاد رکھنے والوں کے ارشاد۔ اعلانات کے دن تاریخ بھی موجود ہیں۔ ایوب خان کے دور کے گورنر بنگال عبد المنعم خان مرحوم نے یہاں کہا تھا کہ مسٹر جناح نے آخری سفر بنگال میں مجمع عام میں یہ خطاب کیا کہ میں نے پاکستان میں مسلمان کے حکومت اس وعدہ پر لایا کہ اس ملک میں چودہ سو سال پہلے کا قانون خداوندی ملک خدا میں نافذ کروں گا اگر مجھ سے نہ ہو سکا تو سب مسلمان اس کے ذمہ دار ہیں اگر کوتاہی کریں تو خداوند کریم کے سامنے روز محشر میں اس کے جواب دہ ہوں گے اوکما قال۔ مجدد زماں حضرت حکیم الامت کے ساتھ مرحوم مسٹر جناح کے عہد و پیمان کے بعد شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی قدس سرہ مسٹر جناح مرحوم کے رفیق کار ہے۔ اور حضرت حکیم الامت کی دعا اور توجہات کے بعد پاکستان وجود میں آیا واحسرتاہ اللہ تعالیٰ نے غالباً تیس سال تک مہلت دی پھر بھی عہد شکنی پر اڑے رہے خدا کی طرف سے یہ عذاب نازل ہوا کہ آپس میں لڑ کر قوۃ متحدہ کے دو ٹکڑے ہوئے اور لاکھوں مسلمانوں کے خون کے ندیاں بہایا' نہ معلوم کون شہید اور کون مردود ہوا۔

اللہ تعالیٰ نے بقیہ پاکستان کے باگ ڈور آپ کے ہاتھ میں دیا۔ فینظر کیف تعملون۔

ایک اللہ کو راضی کریں کہ جس نے آپ کو یہ نعمت عطا کیا۔ علماء حقانی کے مشورہ سے اپنے عزائم کو درست کریں کیونکہ ہر زمانہ میں کچھ علماء سوء بھی ہوتے ہیں۔ دیکھئے مکتوبات امام ربانی شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی ان کے مشورہ سے سلطان جہانگیر نے کام کیا اور علماء سوء کے وجہ سے شاہ اکبر بگڑ کر ایک نیا دین الٰہی ایجاد کیا۔ حضرت شاہ جہانگیر نے حضرت مجدد صاحب کے مشورہ سے سارے فتنہ اکبری سے ملک کو صاف کیا۔ صحیح دین مسلمانوں کو دکھایا۔ آپ بھی زمانہ کے مجدد حضرت حکیم الامت تھانوی کی کتابیں جتنا ہو سکے مطالعہ کریں، بالخصوص (۱) حیوۃ المسلمین اور (۲) صیانتہ المسلمین پر عمل کریں اور ہمارے یہ نوجوان جناب مولانا محمد تقی صاحب ولد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب مرحوم کے صاحبزادہ کو اپنے قرب سے اور مشیرین سے ہرگز الگ نہ رہنے دیں اگر کسی عذر سے یہ دور رہنا ہی چاہیں آپ ہرگز گوارہ نہ کریں بلکہ عذر کو دور کریں۔ میں نے بھی ان کو سخت تاکید کیا کہ یہ آپ سے ہرگز دور نہ رہیں۔ یہ میرا ایک نہایت خیر خواہانہ مشورہ ہے۔ و ما علینا الا البلاغ ۔

احقر محمد اللہ عفی عنہ ۲۳ شوال ۱۴۰۰

مدرسہ نوریہ اشرفیہ ڈھاکہ

نظریاتی اور تبلیغی حد تک حافظ حضورؒ کی طرف سے ملک کے دینی اور سیاسی حلقوں کی رہنمائی فرمانا ملک وملت کے لئے بڑی سعادت کی بات تھی، لیکن حضرتؒ کے بعض رفقاء نے انہیں رفتہ رفتہ انتخابی سیاست میں براہ راست شریک کرنے کی کوشش کی۔ اتفاق سے یہ حضرتؒ کی زندگی کا وہ دور تھا جب وہ بہ کثرت استغراق کے سے عالم میں رہتے تھے ملک وملت کی اصلاح کا جذبہ تو دل میں پہلے سے موجود ہی تھا، ان دونوں چیزوں نے مل کر حضرتؒ کو براہ راست انتخابی سیاست میں لا کھڑا کیا۔ احقر کی ناقص رائے میں یہ بات حضرت کے شایان شان نہ تھی اور حضرت کی اصلاحی و تبلیغی جدوجہد سے ملک وملت کو جو دیرپا اور ٹھوس فائدہ حاصل ہو رہا تھا، اس کو بہت نقصان پہنچا لیکن حافظ جی حضورؒ کی عظیم مقبولیت کا اندازہ اس بات سے کیا جا سکتا ہے کہ صدر مملکت کے بعد سب سے زیادہ ووٹ انتخابات میں انہوں نے ہی حاصل کئے۔

اسی دوران ایک اور المیہ یہ پیش آیا کہ ایرانی انقلاب اور خمینی حکومت کی حمایت

میں بعض بیانات کی بناپر (جنکی حقیقت احقر کو پوری طرح معلوم نہیں) ملک کے بیشار دینی حلقے 'جو حضرت کی سیاسی تحریک میں ان کے دست بازو بنے ہوئے تھے حضرتؒ سے دور ہوتے چلے گئے۔

احقر کو ان واقعات کی مکمل تفصیل تو دور ہونے کی بناء پر معلوم نہیں ہو سکتی تھی' لیکن حافظ جی حضورؒ کی طبیعت سے کسی قدر آشنا ہونے کی بناء پر میرا اندازہ یہ تھا کہ ان اقدامات کو حضرت کی طرف سے منسوب کرنا بظاہر درست نہیں ہے اور یہ ان کی اپنی سوچ کا کرشمہ نہیں ہو سکتے۔ ابھی چھ ماہ پہلے جب میں دوبارہ بنگلہ دیش گیا اور حضرت کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس خیال کی مکمل تصدیق ہو گئی۔ احقر نے انتہائی عاجزی کے ساتھ حضرتؒ سے درخواست کی کہ آپ اپنے اصل کام یعنی اصلاح وارشاد کی طرف ہمہ تن متوجہ ہو جائیں اور ہر قسم کی سیاسی اور جماعتی سرگرمیوں سے اپنے آپ کو یکسو فرمالیں اس طرز عمل سے ملک وملت کو جو فائدہ پہنچ سکتا ہے سیاسی اور جماعتی سرگرمیوں سے اس کا عشر عشیر بھی حاصل نہیں ہو سکتا۔ حضرتؒ نے احقر کی ان معروضات کو نہ صرف بکمال شفقت نہایت توجہ سے سنا بلکہ صریح الفاظ میں فرمایا کہ:

"بھائی میرا مزاج اور میری رائے تو بالکل وہی ہے جو آپ کہہ رہے ہیں۔"

اس گفتگو سے احقر کے سابقہ خیال کی مکمل تصدیق ہو گئی لیکن ماحول کی جن مجبوریوں کی بناء پر حضرت اپنے اصل مزاج کے خلاف ان سرگرمیوں سے یکسو نہ ہو سکے ان کی تفصیل میں جانے کی نہ ضرورت ہے نہ ان کی پوری تحقیق ہے۔ بہر صورت! یہ بات واضح ہے کہ ان کے پیش نظر اللہ تعالیٰ کے دین کے غلبے کے سوا کچھ نہ تھا ان کی زندگی کا ہر سانس اطاعت الٰہی میں ڈوبا ہوا محسوس ہوتا تھا۔ ان کی ذات سے بلا مبالغہ ہزاروں افراد اس طرح فیضیاب ہوئے کہ ان کی زندگیاں بدل گئیں۔ ان کے حالات میں انقلاب آگیا اور اس آخری دور میں بھی جب حالات انہیں سیاست کے گرداب میں کھینچ لائے تھے ان کا اصلاح وارشاد کا سلسلہ بدستور جاری تھا اور اس سے مسلمانوں کو عظیم فائدہ پہنچ رہا تھا۔

اللہ تعالیٰ حضرت کی روح پر فتوح پر اپنی بے شمار رحمتیں نازل فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ آمین۔

اللھم لا تحرمنا اجرہ ولا تفتنا بعدہ۔

## مفتی سیاح الدین صاحب کاکاخیلؒ

شعبان کے اواخر میں محترم بزرگ جناب مولانا مفتی سیاح الدین صاحب کاکاخیلؒ ایک حادثہ کا شکار ہو کر داغ مفارقت دے گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مولاناؒ ہمارے ملک کے ان ممتاز اور جید علماء میں سے تھے جن کی طرف ملک و ملت کے ہر اجتماعی مسئلے میں نگاہیں اٹھتی تھیں۔ وہ دارالعلوم دیوبند کے نہ صرف فارغ التحصیل تھے بلکہ انہوں نے کچھ عرصہ وہاں تدریس کا شرف بھی حاصل کیا۔ تمام دینی علوم پر ان کی بڑی وسیع نگاہ تھی اور بالخصوص فقہ و فتویٰ کے ساتھ خصوصی شغف تھا۔

مولاناؒ طبقے کے اعتبار سے یقیناً مجھ ناکارہ کے اساتذہ کے طبقے سے تعلق رکھتے تھے اور اگرچہ احقر نے براہ راست ان سے کچھ نہیں پڑھا تھا' لیکن احقر نے ان کے علم و فضل اور تقدم کے لحاظ سے ان کے ساتھ ہمیشہ نیازمندانہ تعلق رکھا۔ حضرت والد صاحب قدس سرہ' کی حیات میں ان کے ساتھ رابطہ بس دور دور ہی سے رہا' کبھی شاذونادر ملاقات بھی ہو گئی اور کبھی خط و کتابت بھی۔

لیکن حضرت والد صاحب قدس سرہ کی وفات کے بعد مولاناؒ کا ایک پر اثر خط احقر کے پاس آیا اس میں حضرت والد صاحب قدس سرہ' کی وفات پر رنج و غم کا اثر انگیز اظہار تو تھا ہی مگر اس کے ساتھ ایک فقہی مسئلے کے بارے میں ایک طویل استفسار بھی تھا۔ مجھے حیرت بھی ہوئی کہ ان جیسے علم و فضل کے آدمی کو مجھ ناکارہ سے اس مسئلے میں رجوع کرنے کی کیا ضرورت تھی؟ لیکن درحقیقت یہ ان کی بے نفسی اور دینی مسائل میں غایت احتیاط کی علامت تھی کہ ان کے پاس آئے ہوئے ایک استفتاء میں انہیں کچھ شبہ ہوا تو اپنے ایک چھوٹے سے بھی استصواب کرنے میں انہیں کوئی جھجک محسوس نہیں ہوئی انہوں نے لکھا کہ پہلے ہم ان جیسے مسائل میں آپ کے والد ماجد قدس سرہ سے رجوع کیا کرتے تھے۔ اب حال یہ ہے کہ۔

فصل گل رفت و گلستان شد خراب
بوئے گل را از کہ جوئم؟ از گلاب

بہر کیف احقر نے اپنی بساط کے مطابق مسئلے کا مفصل جواب لکھ کر بھیجا؟ مولانا نے اس پر نہ صرف اپنی موافقت' بلکہ بڑی مسرت کا اظہار فرمایا۔ اتفاق سے مولانا کا وہ خط اس وقت مل گیا جو انہوں نے فتویٰ موصول ہونے پر احقر کو لکھا تھا اس سے مولانا کی دردمندی دل سوزی اور اس کے ساتھ چھوٹوں کی حوصلہ افزائی کا جذبہ نیز اسلوب تحریر کا اندازہ ہو سکے گا۔ یہ خط ذیل میں پیش خدمت ہے :۔

"بہ خدمت جناب محترم حضرت مولانا محمد تقی عثمانی صاحب زید مجدھم۔ السلام علیکم ورحمتہ اللہ برکاتہ' بعد از سلام مسنون عرض ہے کہ کل آپ کا ارسال کردہ فتویٰ موصول ہوا۔ بڑے غور و فکر کے ساتھ مطالعہ کیا۔ پڑھتے وقت بہت زیادہ خوشی حاصل ہوئی اور سارا فتویٰ مطالعہ کرنے کے بعد بہت زیادہ دعائیں دیں۔ محترم مولانا محمد رفیع صاحب کی مخلصانہ دعا کثر اللہ امثالہ کو دو تین بار پورے حضور قلب کے ساتھ دہرانے کے بعد اور بھی جو جو دعائیں مستحضر ہو سکیں پورے اخلاص کے ساتھ دیں۔ آپ نے نہ صرف یہ کہ اس کے لئے بڑی محنت اور مطالعہ کیا ہے بلکہ پوری فقاہت کے ساتھ مختلف اجزاء کی تنقیح کر کے اس کے مطابق مفصل اور تشفی بخش جواب دے دیا ہے۔ غالب نے تو "تقریر کی لذت" کہا ہے مگر میں کچھ تصرف کر کے یہی لکھوں گا۔

دیکھنا تحریر کی لذت کو جو اس نے لکھا
میں نے یہ سمجھا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے

اس مسئلہ کو جس طرح میں نے اپنے محدود علم کے مطابق فقہی حوالوں سے سمجھا تھا' اگرچہ اس کا اظہار استفتاء میں نہیں کیا تھا اور مناسب بھی نہیں تھا۔ آپ نے ٹھیک اسی انداز سے بالتفصیل تحریر فرمایا ہے۔ بلکہ جتنے حوالے میرے علم اور مطالعے میں تھے' آپ نے اس پر معین الحکام اور شامی کے بعض ان حوالوں کا اضافہ کر دیا ہے جو قاضی کی ذمہ داریوں سے متعلق ہیں۔ اور مجھے اس کا اعتراف ہے کہ آپ کے اس فتوے سے میرے علم

میں بھی اضافہ ہوا ہے جزاک اللہ فی الدارین خیرًا ۔ مجھے بہت زیادہ خوشی اس بات کی ہوئی کہ الولد سر لابیہ کا مقولہ آپ کے حق میں بالکل صحیح ثابت ہوا اور آپ نے یہ ثابت کر دیا کہ حضرت مفتی صاحب نور اللہ مرقدہ کی صحیح جانشینی کا استحقاق آپ کو ہے اور حضرتؒ کے مسند افتاء کو آپ کماحقہ سنبھال سکتے ہیں ان کی وفات کے حادثۂ عظمٰی کا ایک پہلو نہایت غم انگیز یہ بھی تھا کہ اہم فقہی مسائل میں ان کی رہنمائی سے مسائل حل ہو جایا کرتے تھے ان کی مفارقت سے پوری ملت کو اس رہنمائی سے محرومی کا حادثہ پیش آیا تھا۔ لیکن آپ کی اس محنت، علمی کاوش، فقیہانہ انداز اور سلیس و عام فہم عبارتوں کو دیکھ کر اندازہ ہوا کہ انشاء اللہ تعالیٰ حضرتؒ کے بعد بھی ان کی یادگار اولاد تدریس و افتاء دونوں شعبوں میں ملک و ملت کی رہنمائی کا کام سرانجام دے گی۔ میری درخواست ہے کہ آپ اپنے مصروف اوقات میں سے کچھ وقت اہم فتووں کے مرتب کرنے اور لکھنے کے لئے نکال لیا کریں تاکہ حضرت مفتی صاحب رحمتہ اللہ علیہ کے بعد دارالافتاء حقیقی معنوں میں آباد اور پورے پاکستان کے لئے مرکز افتاء ہو۔ پاکستان میں فقیہ النفس مفتیوں کی کمی نہیں بلکہ نایابی ہے کسی معاملہ کے تمام پہلوؤں پر غور کر کے حضرات فقہاء کرام کی علمی تحقیقات و اجتہادات کی روشنی میں صحیح مسئلہ بتانے والا عالم اب بہت ہی کم ملتا ہے۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے تمام مدارس عربیہ اس حیثیت سے توعقیم ہیں اور ایسے عالم اور صاحب افتاء اب ان مدارس سے نہیں نکلتے بلکہ نئے فارغ التحصیل مولوی صاحبان کی توجہ بھی اس طرف نہیں ہوتی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو مزید توفیق و ہمت عطا فرمائے ان مخلصانہ دعاؤں کے ساتھ یہ عریضہ ختم کرتا ہوں۔ مولانا محمد رفیع صاحب مدظلہ دوسرے اساتذہ کرام خصوصًا مولانا غلام محمد صاحب اور مولانا شمس الحق صاحب کو میری طرف سے سلام مسنون قبول ہو۔" فقط والسلام

احقر سید سیاح الدین کاکاخیل عفی عنہ ۶ / مارچ ۱۹۷۷ء

اس واقعہ کے کچھ ہی عرصہ بعد قدرت نے مولانا کے ساتھ ایک طویل رفاقت کی سعادت عطا فرمائی صدر ضیاء الحق صاحب کے ابتدائی عہد حکومت میں جب اسلامی نظریاتی کونسل دوبارہ تشکیل دی گئی تو اس میں مولانا بھی رکن بنے اور یہ ناکارہ بھی۔ اس طرح تقریبًا تین سال مولانا کے ساتھ دن رات کام کرنے کا موقع ملا۔ یہ ان کی بزرگانہ شفقت تھی کہ انہوں نے اس پورے عرصے میں احقر ناکارہ کے ساتھ برابری کا سا معاملہ فرمایا۔ اور

اپنے آپ سے اتنا بے تکلف کر لیا کہ بعض اوقات مجھے یہ احساس ہونے لگتا کہ میں اپنی حدود سے تجاوز تو نہیں کر رہا۔

چھوٹا ہونے کی وجہ سے کونسل میں تحریری کام زیادہ تر اس ناکارہ کے سپرد ہو جاتا۔ مفتی صاحبؒ اس میں ہمیشہ اپنے بیش قیمت مشوروں سے نوازتے' رہنمائی فرماتے اور کام کی تکمیل پر بڑی ہمت افزائی کرتے تھے ان کے قیمتی مشوروں سے احقر نے بہت سے علمی معاملات میں بڑا استفادہ کیا اور حضرت مولانا بنوری قدس سرہ کی وفات کے بعد ان کی وجہ سے بڑی تقویت حاصل رہی۔ اسی دوران ۱۹۷۹ء میں کونسل کا ایک وفد سعودی حکومت کی دعوت پر ایام حج میں سعودی عرب کے دورے پر گیا اس طرح مولانا کے ساتھ سفر حج کی رفاقت بھی میسر آئی اور حج کے دوران مولاناؒ کے ذوق عبادت اور افضل و اولیٰ طریقوں پر عمل کا شوق فراواں قدم قدم پر محسوس ہوا۔

مفتی صاحبؒ سیاسی اور دعوتی معاملات میں مولانا مودودی صاحب مرحوم اور جماعت اسلامی سے نہ صرف متفق بلکہ ان سے آخر تک پوری طرح وابستہ رہے۔ اور اس لحاظ سے ان کا طرز فکر و عمل عام علماء دیوبند سے مختلف تھا۔ اس سلسلے میں وہ جماعت اسلامی کا بڑے زور شور کے ساتھ دفاع بھی کرتے تھے لیکن فقہ و عقائد کے معاملے میں بسا اوقات ان کی رائے عام علمائے دیو بند ہی کے ساتھ رہتی اور وہ ان معاملات میں مولانا مودودیؒ سے اختلاف کا اظہار بھی فرماتے تھے ان کا کہنا یہ تھا کہ "جماعت اسلامی ملک میں اسلامی نظام کے قیام کے لئے جو جدوجہد کر رہی ہے' میں اس جدوجہد میں اس کے ساتھ پورا تعاون کرنا چاہتا ہوں اور فقہی معاملات میں مولانا مودودی مرحوم کی آراء شاذہ کا ہم نوا نہیں ہوں"۔ چنانچہ بعض معاملات میں احقر نے خود مشاہدہ کیا کہ وہ مولانا مودودیؒ کی رائے کے خلاف نہ صرف فتویٰ دیتے' بلکہ جماعت اسلامی کے حضرات کو مولاناؒ کے بعض ایسے فتووں پر عمل کرنے سے روکتے تھے۔ جن میں انہوں نے ائمہ اربعہ کے مسلک کے خلاف کوئی راہ اختیار کی ہے۔

تاہم مولانا مودودیؒ کی جن آراء شاذہ سے مفتی صاحبؒ کو اختلاف تھا ان کے باوجود وہ ان کے لٹریچر کو بحیثیت مجموعی نہایت مفید سمجھتے اور لوگوں کو اسے پڑھنے کی تبلیغ بھی فرماتے تھے۔

کونسل کی رکنیت کے دوران کونسل کا اپنا کام اس قدر ہوتا کہ کبھی اس قسم کے مسائل پر تفصیل سے بات کرنے کا موقع ہی نہیں ملتا تھا' لیکن کبھی کبھی یہ موضوعات بھی زیر گفتگو آئے۔ احقر نے اپنی رائے ان سے عرض کی انہوں نے اپنی رائے ارشاد فرمائی' اختلاف رائے تو برقرار رہا' لیکن فضا ہمیشہ خوشگوار اور علمی ہی رہی۔

مفتی صاحبؒ کو مغربی تجدد پسندی سے نہ صرف نفرت تھی بلکہ وہ اس کے خلاف شمشیر برہنہ تھے۔ ان معاملات پر جب کبھی کونسل میں کوئی گفتگو آجاتی تو وہ جلال میں آجاتے اور شدت جذبات میں ان کی آواز بھی بلند ہو جاتی تھی۔

جب کونسل سے میں مستعفی ہوا تو وہ بھی مستعفی ہو گئے تھے بعد میں کچھ وعدے وعید کے بعد کچھ ایسی ترتیب بنی کہ میں وفاقی شرعی عدالت میں چلا گیا اور وہ دوبارہ کونسل کے رکن ہو گئے۔ ڈاکٹر تنزیل الرحمٰن صاحب کی سربراہی میں وہ کونسل کے ہمہ وقتی رکن کی حیثیت سے بڑی گرانقدر خدمات انجام دیتے رہے لیکن جب ان کی مدت تقرر ختم ہوئی تو ڈاکٹر ضیاء الدین نے انہیں اپنے "عالمی ادارہ اقتصاد اسلامی" میں بلا لیا اور وہ وہاں تحقیقی کام کرتے رہے۔

شعبان کے آخری ہفتے میں اسی ادارے نے اسلامی ترقیاتی بنک جدہ کے تعاون سے جدہ میں ایک محفل مذاکرہ ترتیب دی تھی' جس میں قرضوں کو قیمتوں کی شرح سے مربوط کرنے (Indexalim) کی فقہی حیثیت زیر بحث تھی اس مذاکرے میں شرکت کے لئے میں چند روز قبل مکہ مکرمہ پہنچ گیا تھا خیال تھا کہ انشاء اللہ ان سے جدہ میں ملاقات ہو گی لیکن مذاکرے سے ایک روز قبل میں نے جدہ فون کیا تو ڈاکٹر منور اقبال نے یہ اندوہناک خبر سنائی کہ مفتی صاحبؒ پشاور سے اپنے صاحبزادے کے ہمراہ جدہ جانے کے لئے بذریعہ کار اسلام آباد آرہے تھے کہ راستے میں کار کا شدید حادثہ پیش آیا اور وہ اپنے صاحبزادے سمیت اس حادثے میں شہید ہو گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

یہ خبر اتنی غیر متوقع اور اس قدر اندوہناک تھی کہ پہلی بار سننے پر یقین نہ آیا' لیکن قدرت کے فیصلے کسی کے یقین کرنے یا نہ کرنے پر موقوف نہیں ہوتے۔ ان کا وقت موعود آچکا تھا۔ اللہ تعالیٰ ان کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

البلاغ جلد ۲۱ شمارہ ۱۱

# دو ذاتی حادثے

پچھلے ڈیڑھ ماہ میں احقر کو دو خاندانی نوعیت کے حادثے پیش آئے۔ ۲۰ شعبان کو احقر کی ایک حقیقی ہمشیرہ تقریباً دو ہفتے موت وحیات کی کشمکش میں رہنے کے بعد اپنے مالک حقیقی سے جا ملیں' اور اس کے ٹھیک پینتالیس دن بعد ۵ شوال کو ان کے شوہر اور ہمارے بہنوئی مشرف حسین مرحوم اللہ کو پیارے ہوگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

احقر کی سب سے بڑی ہمشیرہ حضرت والد صاحب قدس سرہ کی حیات ہی میں ۱۹۷۶ء میں ۷۳ سال کی عمر میں وفات پاچکی تھیں۔ ان کے بعد ان سے چھوٹی تین ہمشیرگان میں سے عمر کے لحاظ سے یہ دوسرے نمبر کی ہمشیرہ تھیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے غیر معمولی صفات سے نوازا تھا۔ انہوں نے کبھی کسی اسکول کالج کی شکل تک نہیں دیکھی' لیکن گھریلو تعلیم اور حضرت والد ماجد قدس سرہ کی تربیت کے طفیل اللہ تعالیٰ نے علمی وادبی صلاحیت بھی ایسی عطا فرمائی تھی کہ بڑی بڑی ڈگری یافتہ خواتین کو حاصل نہیں ہوتی۔ لکھنے پڑھنے کا بچپن ہی سے شوق تھا' اور تحریر وگفتگو میں شائستگی اور ادبیت کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی۔ فطری طور پر شعر کا بڑا ستھرا ذوق تھا' اعلیٰ معیار کی شعر فہمی کے ساتھ کبھی کبھی خود بھی بلا تکلف شعر کہہ لیتی تھیں۔ ان کے چند اشعار سے اس فطری صلاحیت کا اندازہ ہو سکتا ہے:-

اٹھے گی کس طرح بزم جہاں ؟ نہیں معلوم
کہاں پہ جائیں گے کون ومکاں؟ نہیں معلوم
ہمیں تو آتا ہے رونا نال گلشن پر
بھلا یہ ہنستے ہیں کیوں گلستاں؟ نہیں معلوم
گذر رہی ہیں نشیمن سے بے سلام و پیام
خفا خفا سی ہیں کیوں بجلیاں؟ نہیں معلوم

یہ آخری شعر تو ایسا ہے کہ اچھے اچھے پختہ کار شعر گو بھی یہ سنکر انگشت بدنداں رہ گئے

کہ ایک گھریلو خاتون، جس نے کبھی کسی تعلیمی ادارے میں تعلیم حاصل نہیں کی ایسا شعر کہہ سکتی ہے!

حضرت والد ماجد قدس سرہ کے طفیل بفضلہ تعالیٰ گھر کا ماحول دینی تھا اور وہی دینی رنگ ان پر بھی چڑھا ہوا تھا۔ حضرت والد صاحب قدس سرہ اکثر چھٹیاں گزارنے کیلئے اہل و عیال سمیت حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ کی خدمت میں تشریف لیجاتے تھے۔ اس دوران ہمارے وہ بڑے بہن بھائی جو اس وقت شعور کی حالت میں تھے، انہیں بھی حضرتؒ کی خدمت و تربیت سے فیض یاب ہونے کا موقع ملتا تھا۔ چنانچہ ہماری یہ ہمشیرہ بھی اس نعمتِ عظمیٰ سے مستفید ہوئیں، اور شاید حضرتؒ سے باقاعدہ بیعت بھی ہوئیں۔

الحمد للہ! اس تربیت کا اثر یہ تھا کہ مزاج و مذاق اور فکر و عمل پر دینی رنگ چڑھا ہوا تھا، عبادات اور اذکار و اوراد کی پابند تھیں۔ طہارت کا خصوصی اہتمام رکھتی تھیں اپنے تمام مرحوم اعزہ اقرباء کے لئے الگ الگ ایصال ثواب اور بقید حیات لوگوں کیلئے الگ الگ نام بنام دعا کا معمول تھا۔ خوش اخلاقی اور دوسروں کے کام آنے کا ذوق تھا۔ مزاج میں مسکنت اور تواضع تھی۔ زندگی میں ان پر بہت سے تنگی کے ادوار گذرے لیکن صبر و شکر اور قناعت واستقلال کی پیکر بنی رہیں۔ زندگی کے آخری دور میں طرح طرح کے امراض و عوارض میں مبتلا ہوگئی تھیں، لیکن امراض اور ضعف کے اس عالم میں بھی ادائے حقوق کا اہتمام رہا۔ مرض الموت کے دوران کئی دن تک مسلسل غشی طاری رہی لیکن اس غشی کے عالم میں جب کبھی چند لمحوں کے لئے بھی ہوش آتا تو سب سے پہلا لفظ جو زبان پر آتا وہ نماز ہوتا، یہ کلمہ کہہ کر اٹھنے کی کوشش کرتیں، گویا نماز پڑھنا چاہتی ہیں، لیکن مرض کی شدّت سے اٹھنا ممکن نہ تھا، پھر غشی طاری ہو جاتی۔

غشی کا یہ سلسلہ جس میں سانس کی آمدورفت بھی نہایت مشقت سے ہو رہی تھی، کئی روز مسلسل جاری رہا۔ لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ سفر آخرت کیلئے جمعہ کے مبارک دن کی منتظر تھیں۔ جمعہ ۲۰ شعبان کو صبح آٹھ بجے کے قریب وہ اس دنیائے فانی کو خیرباد کہہ کر اپنے مالک حقیقی کے پاس پہنچ گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

جمعہ کی نماز کے متصل بعد دارالعلوم ہی میں نماز جنازہ ہوئی جس میں ہزار ہا افراد نے

شرکت کی اور دارالعلوم ہی کے قبرستان میں حضرت والد ماجد قدس سرہ کے مزار مبارک کے قریب تدفین عمل میں آئی۔ اللہ تعالیٰ اپنی اس بندی پر اپنی رحمتیں نازل فرمائیں، اور اپنے جوار رحمت میں مقامات عالیہ سے نوازیں۔ آمین۔

ان کے شوہر مشرف حسین صاحب کمزور اور بیمار تو عرصے سے تھے، لیکن اس حادثے نے ان کی کمر توڑ دی، اس کے بعد ان کی بیماری اور کمزوری میں اضافہ ہوتا چلا گیا، رمضان المبارک کے دوران ہی انہیں ہسپتال میں داخل کرنا پڑا، اور وہ بھی تقریباً پندرہ بیس دن ہسپتال میں رہے۔ اور اپنی اہلیہ کی وفات کے ٹھیک ۴۵ دن بعد ۵ شوال کو وہ بھی دنیا کی سرحد پار کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

یہ بھی عجیب اتفاق ہے کہ شوہر بھی اسی بیماری میں انہی مراحل سے گذر کر دنیا سے رخصت ہوئے جس بیماری میں اور جن مراحل سے گذر کر بیوی دنیا سے گئی تھیں۔ زندگی کے دو رفیقوں کے درمیان آخرت کے سفر میں بھی اتنی موافقت بھی کم دیکھنے میں آئی ہے۔

مشرف حسین صاحب مرحوم بڑے کم گو، کم آمیز اور سادہ مزاج کے مالک تھے۔ عمر بھر جس محکمے میں ملازمت کی، اس کا ایسا حق ادا کیا کہ شاذ ہی ملازمت کا ایسا حق کوئی ادا کرتا ہو گا۔ ایک مرنجان و مرنج انسان جس نے کبھی اپنا بوجھ کسی پر ڈالنا گوارا نہیں کیا۔ ہاتھ اور بات کے سچے، دل کے صاف اور خوددار مگر متواضع شخص تھے۔ اہلیہ کی علالت کے زمانے میں ایثار ووفا کا مثالی مظاہرہ پیش کیا، اور آخرت کے سفر میں بھی ان کا ساتھ دیا۔

قارئین کرام سے درخواست ہے کہ وہ دونوں کیلئے دعائے مغفرت اور حسب المقدور ایصال ثواب کا اہتمام فرمائیں۔ ان کے بچے جو بحمد اللہ سب سمجھ دار اور بالغ ہیں، ۴۵ دن کے اندر اندر ماں اور باپ دونوں کے سائے سے محروم ہونے کی بنا پر جس شدید صدمے کا شکار ہونگے۔ وہ محتاج بیان نہیں۔ ان کیلئے بھی دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں صبر و سکینت سے نوازیں اور زندگی کے ہر مرحلے میں ان کی دستگیری فرمائیں۔ آمین ثم آمین۔

# ضیاء شہید

## (صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق شہیدؒ )

شہید مرحوم جنرل محمد ضیاء الحق صاحب کے حادثۂ وفات پر پچھلے شمارے میں صرف چند سطور لکھ سکا تھا' اور ساتھ ہی یہ ارادہ بھی ظاہر کیا تھا کہ اگلے شمارے میں انشاء اللہ ان کی شخصیت' ان کے ساتھ راقم کے تعلق کے واقعات اور ان پر مبنی تاثرات قدرے تفصیل سے قلمبند کروں گا۔

آج جب اپنے اس ارادے کی تکمیل کے لئے بیٹھا ہوں تو پچھلے گیارہ سال کے واقعات کی اتنی بہت سی تصویریں نگاہ کے سامنے آگئی ہیں کہ انہیں ایک مربوط تحریر میں منضبط کرنا دشوار معلوم ہو رہا ہے۔ اس لیے میں آغاز ہی میں یہ معذرت کرلوں کہ۔

دریں کتاب پریشاں نہ بینی از ترتیب
عجب مدار کہ چوں حال من پریشاں است

پچھلے گیارہ سال میں بہت سے اتار چڑھاؤ آئے اور صدر مرحوم کے بارے میں بہت سے لوگوں کی رائے میں انقلابی تبدیلیاں واقع ہوئیں۔ وہی لوگ جو ابتداء میں انہیں فرشتہ غیبی کہتے اور سمجھتے تھے' انہی کی زبان سے بعد میں ان کے خلاف بڑے سخت اور ثقیل الفاظ بھی سنے گئے۔ بہت سے لوگ جو شروع میں ان کے اسلامی مشن کی وجہ سے ان کے پر زور حامی تھے' کچھ عرصے کے بعد ان کی مخالفت پر کمربستہ ہوئے' یہاں تک کہ انہیں اسلام دشمن یا منافق تک کہنے سے دریغ نہیں کیا۔

مجھے ذاتی طور پر مردم شناسی کا دعویٰ نہیں ہے' لیکن حالات کے اس گیارہ سالہ نشیب و فراز میں صدر مرحوم کے بارے میں میری رائے میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی' میں ان کے بارے میں روزِ اول جو رائے رکھتا تھا' آخری دن تک اس میں کوئی قابل ذکر تغیر نہیں آیا۔ میں نے نہ انہیں پہلے دن فرشتہ معصوم یا خلیفہ راشد سمجھا تھا' نہ آخر میں (خدانخواستہ) اسلام دشمن یا منافق قرار دینے کا کوئی واہمہ دل میں پیدا ہوا۔ ہاں انتخابات پر یقین' اور سو فیصد یقین تھا کہ ماضی میں ہم نے جتنے حکمرانوں کے تجربے کئے ہیں' اور بظاہر حالات آئندہ کے لئے جو لوگ سامنے ہیں' ان کے مقابلے میں وہ اپنی اسلامی روح' دینی جذبے' خود اپنی ذاتی زندگی کے حالات کے لحاظ سے اتنے قابل قدر انسان ہیں کہ موجودہ حالات میں ان کی شخصیت کو غنیمت کبریٰ سمجھ کر ان کے ساتھ نفاذ اسلام کے مشن میں بھرپور تعاون کرنا چاہئے۔ پاکستان ہی میں نہیں' جکارتا سے لیکر رباط تک عالم اسلام کے دوسرے ملکوں میں بھی مجھے کوئی حکمراں ایسا نظر نہیں آتا تھا جو اسلام پر ایسا غیر متزلزل ایمان' اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایسا تعلق اور اسلام کی سربلندی کا ایسا ولولہ رکھتا ہو۔ میرے ناچیز مطالعے کی حد تک وہ عالم اسلام کے حکمرانوں میں اس وقت واحد انسان تھے جن میں نفاذ شریعت کے کام کو آگے لیکر آگے بڑھنے کا ذاتی جذبہ بھی تھا' اور جو اس بات کی صلاحیت رکھتے تھے کہ اس مقصد کے لئے وقت کے چلے ہوئے نعروں سے ٹکر لے سکیں' اور واقعۃً انہوں نے بہت سے معاملات میں یہ ٹکر لیکر بھی دکھائی' اور بہت سے وہ کام کئے جو مغربی افکار سے مرعوب ذہنوں کے لحاظ سے اس دور میں ناممکن سمجھے جاتے تھے۔

صدر مرحوم کے ساتھ المیہ یہ تھا کہ لادینی طاقتیں تو ان کی اس لئے دشمن تھیں کہ وہ انہیں اپنے عزائم کی راہ میں ایک زبردست کانٹا نظر آتے تھے' بعض سیاسی حلقے اس لئے ان کے مخالف تھے کہ انکی وجہ سے انہیں نفاذ اسلام کی جدوجہد کا کریڈٹ اپنے ہاتھ سے چھن جانے کا اندیشہ تھا' تیسری طرف وہ دیندار حلقے تھے جنہیں انکی ذات سے کوئی پرخاش نہیں تھی' لیکن ان کے منہ سے نفاذ اسلام کا لفظ سننے کے بعد وہ اس بات کے لئے بیتاب تھے کہ اس مقصد کی طرف پیش قدمی تیز رفتاری کے ساتھ ہو' جس کے اثرات معاشرے پر بلا تاخیر نظر آئیں اور چونکہ یہ پیش قدمی واقعۃً سست رفتار تھی' اس لیے ان کی توقعات پوری نہیں ہوئیں اور ان کی نگاہ مرحوم کے کئے ہوئے اچھے کاموں کے بجائے ان کاموں پر زیادہ رہنے

لگی جو وہ نہیں کر سکے' یہاں تک کہ بالآخر وہ اتنے مایوس ہوئے کہ انہوں نے مرے سے یہ تسلیم کرنے ہی سے انکار کردیا کہ صدر مرحوم نے اسلام کی کوئی خدمت کی ہے' یا کرنا چاہتے ہیں' اور اس طرح عملاً وہ بھی پہلے اور دوسرے طبقے ہی کے ساتھ ہم آواز ہو گئے۔

ایک چوتھا طبقہ بھی تھا جو اس بات کی تکلیف ضرور محسوس کرتا تھا کہ نفاذ اسلام کی طرف پیش قدمی سست رفتار اور ناکافی ہے' لیکن ساتھ ہی صدر مرحوم کے عہد میں جو قابل قدر کام ہوئے ہیں' ان کی نفی کا بھی قائل نہ تھا' اور اس بات کو بھی شدت کے ساتھ محسوس کرتا تھا کہ بہت سے قابل تنقید امور کے باوجود اس وقت نفاذ اسلام کے مشن کے حق میں بظاہر حالات کوئی متبادل شخصیت سامنے نہیں ہے جو اتنا کام بھی کر سکے' لہٰذا وہ سمجھتا تھا کہ اصلاح حال کی بھرپور کوششوں کے ساتھ ساتھ صدر ضیاء الحق کی ذات کو بسا غنیمت سمجھنا چاہئے اور بحیثیت مجموعی نفاذ اسلام کے مشن میں ان کی تائید و حمایت سے ہاتھ نہیں کھینچنا چاہئے۔ لیکن سچی بات یہ ہے کہ ساتھ ہی یہ حلقہ پہلے تین طبقات کی بنائی ہوئی فضاء سے اتنا مرعوب بھی تھا کہ صدر مرحوم کے اچھے کارناموں کی اس قدر کھل کر حمایت اور تعریف نہیں کر سکا جس کے وہ مستحق تھے' اس کی طرف سے بھی ان کے اچھے کاموں کی تعریف و حمایت بڑے تحفظات کے ساتھ ہوئی' اور اس میں بھی تنقید کا پہلو اکثر و بیشتر غالب رہا۔

اس صورت حال کا مجموعی نتیجہ یہ نکلا کہ شہید مرحوم کے کارنامے پس منظر میں چلے گئے' اور قابل تنقید امور زیادہ ابھر کر سامنے آئے' یہاں تک کہ یہ جملے زبان زد عام ہو گئے کہ "گیارہ سال میں کچھ نہیں ہوا" "اسلام کو خواہ مخواہ بدنام کیا گیا ہے" "اسلام کو صرف اقتدار کو طول دینے کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے" وغیرہ وغیرہ۔

لیکن اسی ماحول میں جب ۱۷ اگست کو یک بیک صدر مرحوم کا حادثہ شہادت پیش آیا تو یہ ایک ایسا ناگہانی صاعقہ تھا جس کے بارے میں قوم نے سوچا بھی نہ تھا۔ مذکورہ چار طبقات میں سے آخری دو طبقے جو اسلام کے لئے واقعۃً مخلص تھے' اور جن کی ملک کے باشعور عوام میں اکثریت ہے' جب انہوں نے صدر مرحوم کے اس طرح اچانک منظر سے غائب ہو جانے کے بعد گردوپیش پر نظر ڈالی تو انہیں یکایک یہ جانکاہ احساس ہوا کہ انہوں نے کیا چیز کھو دی ہے؟ اب لوگوں کو ایک ایک کر کے وہ اچھے کام یاد آئے جو تنقید کے زور و شور میں گم ہو گئے تھے' اور احساس ہوا کہ جن باتوں کو ہم ابتک غیر اہم' ناکافی بلکہ کالعدم سمجھتے آئے تھے' اب

کہیں انہی کے لالے نہ پڑ جائیں۔ اس احساس نے قوم کے ہر باشعور مسلمان کو ایک ناقابل بیان صدمے اور زبردست تشویش میں مبتلا کر دیا۔ یہ صدمہ صدر مرحوم کے ساتھ عقیدت و محبت کے طوفان میں تبدیل ہو گیا' اور ملک کی اس "خاموش اکثریت" نے مرحوم کی نماز جنازہ کے موقع پر وہ فقید المثال نظارہ پیش کیا کہ شاید مرگلہ کی وادی نے پہلے کبھی ایسا نظارہ نہ دیکھا ہو گا۔

یہ درست ہے کہ پچھلے گیارہ سال میں نفاذ اسلام کی طرف پیش قدمی سست رفتار تھی' یہ بھی درست ہے کہ اس زمانے میں بہت سی توقعات پوری نہیں ہوئیں' یہ بھی حقیقت ہے کہ اس دور میں بہت سے قابل تنقید امور بھی پیش آئے جن پر میں نے البلاغ کے ان صفحات میں مفصل تنقید کی' لیکن میرے نزدیک یہ کہنا سراسر ظلم اور پرلے درجے کی ناانصافی ہے کہ شہید مرحوم نے اس زمانے میں اسلام کی نمائش کے سوا نفاذ اسلام کی سمت میں کوئی کام نہیں کیا۔

واقعہ یہ ہے گذشتہ گیارہ سال کے دوران نفاذ اسلام و شریعت کے سلسلے میں جتنا کام اللہ نے شہید مرحوم کے ہاتھوں کرایا' وہ اس سے پہلے کے تیس سال میں نہیں ہوا تھا۔ اور نفاذ شریعت کے سلسلے میں ان گیارہ سال کو ایک پلڑے میں اور پہلے کے تیس سالوں کو دوسرے پلڑے میں رکھا جائے تو یقیناً ان گیارہ سال کا پلہ بھاری رہے گا۔ شہید مرحوم کے دور میں جو قابل تعریف کام ہوئے ان میں سے بہت سے کام ایسے ہیں جن کا عام لوگوں کو آج تک علم نہیں' اور بہت سے ایسے ہیں جن کی اہمیت کا کماحقہ احساس نہیں' لیکن انشاء اللہ وہ مرحوم کے لئے صدقہ جاریہ ثابت ہوں گے۔ یہاں خاص طور پر میں چند اہم کاموں کا ذکر کرنا چاہتا ہوں' جن کا مقصد مرحوم کو خراج تحسین پیش کرنے کے علاوہ یہ بھی ہے کہ عام مسلمانوں کو انکی اہمیت کا کماحقہ احساس ہو' اور وہ آئندہ ان کے بقاء و تحفظ اور ان سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کر سکیں۔

(۱) یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ صدر مرحوم کے زمانے میں اسلام اور شعائر اسلام کی عظمت و اہمیت کا ایک عام شعور پیدا ہوا۔ پہلے اسلام اور اسلامی شعائر سے عملی وابستگی رکھنے والوں کو قدم قدم پر ہمت شکنی کا سامنا کرنا پڑتا تھا' انہیں نشانہ استہزاء بنایا جاتا تھا' اور خاص طور پر سرکاری حلقوں میں شعائر اسلام کو عملاً فرسودگی اور دقیانوسیت کی علامت قرار

دے لیا گیا تھا' اور انگریز کی پیدا کردہ وہ ذہنی فضا نہ صرف برقرار تھی' بلکہ اس میں اضافہ ہو رہا تھا' جس کے تحت اسلام کا نام لینے والے یا اس کے کسی شعار پر عمل کرنے والے کو معاشرے سے الگ تھلگ کردیا جائے' اور اس کے دل میں احساس کمتری پیدا کرنے کی کوشش کی جائے۔

شہید مرحوم کا یہ کارنامہ ہے کہ انہوں نے اپنی متواتر جدوجہد سے اس فضا میں نمایاں تبدیلی پیدا کی۔ اور وہ فضا بنائی جس میں اسلام اور شعائر اسلام سے وابستگی کو واقعۃً عزت و عظمت کا سبب اور سرمایہ فخرو ناز سمجھا جائے۔ اس طرح نہ صرف یہ کہ ان لوگوں کے راستے کی رکاوٹیں دور ہوئیں جو پہلے سے اسلام کے ساتھ عملی وابستگی رکھتے تھے' بلکہ دوسرے لوگوں کو بھی اس کی ترغیب ہوئی۔

اندرون ملک کے علاوہ عالمی برادری میں بھی شہید مرحوم نے اسلام کا کلمہ پوری خود اعتمادی کے ساتھ ڈٹ کر پیش کیا۔ وہ تاریخ کے واحد حکمران تھے جنہوں نے جنرل اسمبلی میں اپنی تقریر کا آغاز تلاوت قرآن سے کرنے پر اصرار کیا' اور اس طرح اس عالمی پلیٹ فارم سے قرآن کریم کا پیغام پیش کیا۔ کیوبا جیسے دہریہ ملک میں بھی انہوں نے تلاوت قرآن ہی کو اپنی تقریر کی بنیاد بنایا۔

(۲) ملک میں شراب جیسی ام الخبائث کا آزادانہ استعمال کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں تھی۔ سب سے پہلے حضرت مولانا مفتی محمود صاحبؒ نے اپنی وزارت علیا کے دور میں صوبہ سرحد کے اندر شراب کی ممانعت کا قانون نافذ کیا' پھر بھٹو صاحب مرحوم نے اپنے آخری دور میں پورے ملک میں شراب کی ممانعت کا قانون جاری کیا۔ یہ دونوں قانون شراب بندی کے سلسلے میں بلاشبہ بڑے لائق ستائش تھے۔ لیکن ان دونوں قوانین میں شراب کی ممانعت صرف مسلمانوں کے لئے تھی' غیر مسلم اس ممانعت سے مستثنیٰ تھے' اور شراب نوشی کی سزا بھی شریعت کے مطابق نہیں تھی۔ اگرچہ ان قوانین کے بعد ملک میں پائے جانے والے کھلے شراب خانے بند ہوگئے تھے لیکن غیر مسلموں کے استثناء کی وجہ سے ایک وسیع چور دروازہ کھلا ہوا تھا' غیر مسلموں کے بہانے شراب کا استعمال عام تھا بلکہ ایسی اطلاعات بھی ملیں کہ لوگوں نے اپنے آپ کو غیر مسلم ظاہر کرکے شراب حاصل کی' والعیاذ باللہ العظیم۔

صدر مرحوم نے ۱۹۷۹ء میں ممانعت شراب کا جو آرڈی نینس جاری کیا' اس میں غیر

مسلموں کے لئے بھی شراب کی ممانعت کر کے یہ چور دروازہ بھی بند کر دیا گیا۔ اور شراب نوشی کی سزا بھی شریعت کے مطابق مقرر کر دی گئی۔

اس آرڈی نینس کے بعد شراب کے استعمال پر موثر پابندی عائد ہوئی' اور اس گناہ عظیم کے بے دریغ ارتکاب پر موثر بریک لگا۔ خاص طور سے فوج کے حلقوں میں جہاں شراب نوشی ایک عام وبا کی صورت اختیار کرتی جا رہی تھی' وہاں اس اقدام نے ایک انقلاب برپا کر دیا' جس کا مشاہدہ ہر شخص کر سکتا ہے۔

غیر مسلموں کو شراب بندی پر مطمئن کرنا خاصا دشوار کام تھا' لیکن صدر مرحوم نے بڑی حکمت کے ساتھ غیر مسلم اقلیتوں کو اس پر راضی کیا' جس کے نتیجے میں ان کی طرف سے کوئی بڑی مخالفت پیش نہیں آئی۔

پھر سب سے بڑی دشواری پی آئی اے کی بین الاقوامی پروازوں میں شراب بندی کے سلسلے میں پیش آئی۔ حکومت اور ایئرلائنز کے ذمہ داروں میں تقریباً ہر شخص اس اقدام کے عواقب سے خوفزدہ تھا۔ کہا یہ جاتا تھا کہ بین الاقوامی پروازوں میں شراب کی سپلائی بند کرنے سے ایئرلائنز کو ناقابل تحمل خسارے کا اندیشہ ہے۔ سعودی ایئرلائنز کی مثال پیش کی جاتی تو یہ کہا جاتا کہ وہ ایک امیر ملک ہے' جو اس خسارے کو برداشت کر سکتا ہے لیکن پاکستان اس کا تحمل نہیں کر سکتا۔ مگر صدر مرحوم اعداد و شمار سے بنائی ہوئی اس ڈراؤنی فضا سے مرعوب نہیں ہوئے' اور پوری جرأت کے ساتھ اللہ کے بھروسے پر پی آئی اے کی عالمی پروازوں میں بھی مطلقاً شراب بند کرنے کے احکام جاری کر دیئے۔ اور پھر دنیا نے دیکھ لیا کہ اس اقدام کے نتیجے میں ایئرلائنز کو نہ صرف یہ کہ کوئی خسارہ نہیں ہوا' بلکہ پہلے سے زیادہ نفع ہوا اور اس طرح اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہماری ایئرلائنز بھی اس ام الخبائث سے پاک ہو گئی۔

(۳) ۱۹۷۹ء سے پہلے تک انگریز کی پیدا کی ہوئی یہ صورت حال برقرار تھی کہ زنا کاری جیسا گھناؤنا گناہ اگر باہمی رضامندی سے کیا جائے تو وہ کوئی جرم نہیں تھا۔ قانون صرف زنا بالجبر کو جرم قرار دیتا تھا اور اس میں بھی اگر ملزم عدالت کے ذہن میں یہ شبہ پیدا کرنے میں کامیاب ہو جائے کہ شاید اس بدکاری کے ارتکاب میں عورت کی مرضی شامل ہو تو وہ جرم سے بری ہو جایا کرتا تھا۔ یہ صورت حال ایک مسلمان کہلانے والے ملک کے ماتھے پر کلنک کا ایسا ٹیکہ تھی کہ الفاظ اس کی شناعت کو بیان کرنے سے عاجز ہیں۔ شہید مرحوم جنرل ضیاء

صاحب کے دور میں پہلی بار اس بدکاری اور اس کے مقدمات کو قانوناً جرم قرار دیا گیا' اور اس پر شرعی سزائیں مقرر کی گئیں۔ زنا کاری کی حد شرعی (یعنی سو کوڑوں اور سنگساری) کو بطور قانون نافذ کیا گیا۔ چونکہ مذکورہ حد شرعی کا معیار ثبوت انتہائی سخت ہے' اس لئے حد تو شاذونادر ہی کہیں جاری ہوسکتی ہے' لیکن قانون میں جہاں حد کی شرائط پوری نہ ہوں وہاں سخت تعزیری سزائیں مقرر کی گئیں جن پر اب عدالتیں عمل کر رہی ہیں۔

(۳) صدر مرحوم ہی کے زمانے میں ملک میں پہلی بار حدود شرعیہ کو بطور قانون نافذ کیا گیا۔ یہ درست ہے کہ اس قانون کے نفاذ کے بعد اب تک کسی مجرم پر کوئی حد جاری نہیں ہوئی' جس کی بنا پر عموماً یہ غلط فہمی پائی جاتی ہے کہ ملک میں حدود شرعیہ نافذ نہیں ہیں' یا اگر ہیں تو وہ صرف نچلی عدالتوں کے لئے ہیں' اور اعلیٰ عدالتوں پر حدود شرعیہ کا قانون لاگو نہیں ہوتا' لیکن واقعہ یہ ہے کہ اب تک حد جاری نہ ہونے کی وجہ ایک تو یہ ہے کہ پولیس' تفتیش جرائم اور عدالتی طریق کار میں اب تک کوئی تبدیلی نہیں ہوئی' جس کی وجہ سے اکثر جرائم کے تو مقدمات ہی درج نہیں ہوتے' بہت سے مقدمات میں تفتیش صحیح طور پر نہیں ہوپاتی' اور بعض مقدمات میں عدالتی طریق کار میں خامیاں رہ جاتی ہیں۔ اور دوسری وجہ یہ ہے کہ حدود شرعیہ کے اجراء کے لئے شریعت نے شرائط اتنی کڑی مقرر کی ہیں کہ وہ ننانوے فیصد مقدمات میں پوری نہیں ہوتیں۔

ورنہ جہاں تک قانون کا تعلق ہے' حدود آرڈی نینس کے نفاذ کے بعد سے جرائم متعلقہ حدود کی حد تک ملک کا قانون بلاشبہ اسلامی ہوچکا ہے' اور وہ صرف نچلی عدالتوں پر نہیں' مجسٹریٹ سے لے کر سپریم کورٹ تک ہر عدالت پر واجب العمل ہے' بلکہ شروع میں فوجی عدالتیں اور فوجی مقدمات اس سے مستثنیٰ تھے' اب تمام فوجی عدالتوں کو بھی اس کا پابند کردیا گیا ہے۔

چونکہ مذکورہ بالا خامیوں کی بنا پر اب تک کسی مجرم پر کوئی حد جاری نہیں ہوئی' اس لئے اس قانون کے اثرات بلاشبہ معاشرے پر ظاہر نہیں ہوسکے' اور اس سلسلے میں عوام کو حکومت سے جو شکایت رہی ہے' وہ بالکل بجا اور برحق ہے لیکن یہ بات ناقابل انکار ہے کہ جس فضا میں دنیا نے حدود شرعیہ کے خلاف پروپیگنڈہ کرکے آسمان سر پر اٹھا رکھا تھا' وہاں صدر مرحوم نے مخالف پروپیگنڈہ کا ڈٹ کر مقابلہ کیا' اور بالآخران قوانین کو نافذ کرکے ملک

میں چلی ہوئی اس نظریاتی بحث کو ختم کردیا کہ حدود شرعیہ اس دور میں واجب العمل ہیں یا نہیں؟۔

(۵) ہمارے ملک کے ہر دستور میں یہ دفعہ لکھی جاتی رہی ہے کہ "ملک کے تمام قوانین قرآن وسنت کے مطابق بنائے جائیں گے" لیکن صدر مرحوم سے پہلے یہ دفعہ دستور کی ایک بے جان دفعہ تھی' نہ کبھی اس دفعہ کے تحت کسی قانون کو اسلامی بنایا گیا' نہ عوام کو یہ موقع فراہم کیا گیا وہ کسی مروجہ قانون کو غیر اسلامی ہونے کی بناء پر چیلنج کرکے اسے بدلوا سکیں۔ علماء اور نفاذ اسلام کا مطالبہ کرنے والے حلقوں کا یہ مطالبہ سالہا سال سے چلا آتا تھا کہ دستور کی مذکورہ بالا دفعہ کو مؤثر اور عدالت کے ذریعے قابل تنفیذ (justiciable) بنایا جائے۔ اور اس ملک کے عوام کو یہ حق دیا جائے کہ وہ غیر اسلامی قوانین کو اعلیٰ عدالتوں میں چیلنج کرکے اسی طرح بدلوا سکیں جیسے بنیادی حقوق کے خلاف قوانین کو بدلوا سکتے ہیں۔ لیکن صدر مرحوم سے پہلے کسی حکومت نے مطالبے پر کان نہیں دھرے۔ یہ اعزاز سب سے پہلے صدر ضیاء الحق شہید کو حاصل ہوا کہ انہوں نے غیر اسلامی قوانین کو عدلیہ میں چیلنج کرنے کا راستہ پیدا کیا' اور اس غرض کے لئے وفاقی شرعی عدالت اور سپریم کورٹ میں شریعت ایپلیٹ بنچ قائم کی۔

افسوس ہے کہ عوام' علماء اور دینی جماعتوں کے طرف سے اس موقع سے کما حقہ فائدہ نہیں اٹھایا گیا' اور اس راستے سے قوانین کی اصلاح کرانے میں بہت کم دلچسپی لی گئی جس کی بنا پر اس اقدام کے ممکنہ فوائد حاصل نہ ہوسکے۔ لیکن اس کے باوجود ان عدالتوں نے اب تک دسیوں غیر اسلامی قوانین کو کالعدم قرار دیکر ختم کردیا' اور ان کے ذریعے قوانین کی ایک قابل ذکر تعداد کی اصلاح ہوئی۔

چند ماہ پہلے تک مالیاتی قوانین اور مسلم پرسنل لاء کو کسی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جاسکتا تھا' لیکن اب شریعت آرڈی ننس کے نفاذ کے بعد ان قوانین کو بھی ہائی کورٹ میں چیلنج کرنے کی گنجائش پیدا کردی گئی ہے۔ اور اس طرح دنیا بھر میں پاکستان واحد ملک ہے جس کے عوام کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ رائج الوقت قوانین کو غیر اسلامی ہونے کی بناء پر عدالت میں چیلنج کرسکتے ہیں اور عدالت اگر ان کے غیر اسلامی ہونے کا فیصلہ کردے تو وہ قانون خود بخود منسوخ ہوجاتے ہیں' اور حکومت متبادل قانون نافذ کرنے پر مجبور ہوتی ہے۔ اور بلاشبہ یہ

صدر مرحوم کا نہایت قابل قدر کارنامہ ہے۔

ہمارے ملک کے عوام چونکہ عموماً قانونی نظام کی تفصیلات سے باخبر نہیں ہیں' اس لئے اس موقع سے اب بھی بہت کم فائدہ اٹھایا جارہا ہے' حالانکہ اس سلسلے میں عدالت سے رجوع کرنے کا طریقہ بھی بہت سادہ اور آسان ہے۔

(۶) قرارداد مقاصد ۱۹۴۸ء میں شیخ الاسلام حضرت علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی ؒ اور دینی حلقوں کی کوشش سے منظور ہوئی تھی' لیکن پاکستان کے ہر دستور میں وہ ایک غیر مؤثر دیباچے کے طور پر شامل کی گئی۔ یہاں تک کہ اعلیٰ عدالتوں نے یہ فیصلے دیئے کہ محض ایک دیباچہ ہونے کی بنا پر اس کی کوئی لازمی قانونی حیثیت نہیں ہے۔ صدر مرحوم کے دور میں پہلی بار اس قرارداد مقاصد کو آئین کا مؤثر حصہ بنایا گیا' اور اس طرح عدلیہ کے ذریعے ملک کے قانونی نظام کی اصلاح کا ایک دوسرا اہم دروازہ کھولا گیا۔ ابھی اس تبدیلی کے قانونی اثرات اعلیٰ عدالتوں میں زیر بحث ہیں' بعض اعلیٰ عدالتوں نے اس تبدیلی کی بنیاد پر غیر اسلامی قوانین کے مطابق فیصلے کرنے سے انکار کردیا ہے۔ اگر عدالت عظمیٰ نے بھی اس پوزیشن کو تسلیم کرلیا تو یہ تبدیلی ملک میں غیر اسلامی قوانین اور اقدامات کی اصلاح کے لئے ایک عظیم انقلابی تبدیلی ثابت ہوگی' جو یقیناً صدر مرحوم ہی کا صدقہ جاریہ ہے۔

(۷) یہ بھی ایک بدیہی حقیقت ہے کہ شہید مرحوم نے ملک میں نماز کے اہتمام کے لئے یادگار خدمات انجام دی ہیں۔ ان سے پہلے نمازی لوگوں کے لئے بھی اپنی دفتری مجبوریوں کے تحت نماز کے وقت نماز باجماعت ادا کرنا سخت دشوار تھا۔ صدر مرحوم کے احکام کے تحت تمام سرکاری دفتروں میں نماز باجماعت کا مؤثر انتظام ہوا' اور اب شاید کوئی سرکاری دفتر ایسا نہیں ہے جہاں دفتری اوقات میں نماز باجماعت کا انتظام نہ ہو۔ اسلام آباد سیکریٹریٹ میں اگر دن کے ایک بجے سے ڈیڑھ بجے تک جا کر دیکھیں تو واقعۃً ایسا محسوس ہونے لگا ہے کہ یہ مسلمان ملک کا سیکریٹریٹ ہے۔ تقریباً ہر عمارت اور ہر بلاک میں نماز باجماعت کے روح پرور مناظر نظر آتے ہیں۔ اس اہتمام کے نتیجے میں لوگوں کو نماز کی ترغیب ہوئی ہے' اور نمازیوں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے' بہت سی جگہوں پر نماز کے متصل بعد چند منٹ کے وقفے میں کوئی حدیث سنانے کا بھی معمول ہے' جس کی افادیت ظاہر ہے۔

سرکاری دفاتر کے علاوہ سرکاری تقریبوں اور اجتماعات کے نظام الاوقات میں نماز کی

رعایت بھی اسی دور میں شروع ہوئی، ورنہ پہلے کسی سرکاری اجتماع میں جانے کا مطلب یہ تھا کہ انسان یا تو نماز سے ہاتھ دھوئے، ورنہ اس فریضے کی ادائیگی کے لئے سخت مشکلات کا شکار ہو۔ ملک بھر کے تمام ہوائی اڈوں، ریلوے اسٹیشنوں اور دوسرے عوامی مقامات پر بھی نماز اور وضو کے عمدہ انتظامات بھی اسی زمانے میں ہوئے، جنہوں نے نماز کی اہمیت کی عام فضا پیدا کی ہے، اور اس میں صدر مرحوم ہی کی ذاتی دلچسپی کو دخل ہے۔

اس اہتمام کا یہ نتیجہ میں نے کھلی آنکھوں دیکھا ہے کہ بہت سے وہ سرکاری افسران جو پہلے نماز نہیں پڑھتے تھے، رفتہ رفتہ نماز کے عادی بن گئے، اور نماز ان کی زندگی کا لازمی حصہ ہو گئی۔

خاص طور فوج کے ماحول میں اس زمانے میں بہت نمایاں تبدیلی آئی ہے۔ جس کی گواہی احقر کے سامنے بہت سے فوجی افسروں نے دی۔ ان میں سے ایک صاحب کے الفاظ یہ تھے کہ میں ۱۹۵۷ء سے فوج میں ہوں، پہلے عالم یہ تھا کہ جنگی مشقوں کے دوران اگر ہمارے چودہ افسر ہوتے تو ان میں سے تیرہ تو یقیناً، ورنہ چودہ کے چودہ شراب نوشی کے عادی ہوتے تھے، اور اب بفضلہ تعالیٰ حال یہ ہے کہ چودہ میں سے کم از کم بارہ افراد نماز کے عادی ہوتے ہیں۔

(۸) صدر مرحوم سے پہلے رمضان کے مہینے میں کھانے پینے کی تمام دکانیں، ہوٹل کھلے ہوتے تھے بلکہ ان میں کھانے پینے والوں کی تعداد بڑھ جاتی تھی، صرف ایک آدھا تہائی پردہ "احترام رمضان" کی علامت کے طور پر لٹکا دیا جاتا تھا۔ صدر مرحوم نے پہلی بار یہ حکم جاری کیا کہ رمضان میں دن کے وقت ہوٹل، ریستوران اور کھانے پینے کی تمام دکانیں بالکل بند رہیں گی۔ چنانچہ گیارہ سال سے اس پر عمل ہو رہا ہے اور اب محسوس ہونے لگا ہے کہ رمضان کا مہینہ کسی اسلامی ملک میں آیا ہے۔

(۹) ملک میں سرکاری طور زکوٰۃ کی وصولیابی اور تقسیم کا انتظام بھی پہلی بار صدر مرحوم ہی کے دور میں شروع ہوا۔ اگرچہ اس کی وصولیابی اور تقسیم دونوں کے طریق کار میں بہت سے نقائص ہیں، جن کی وجہ سے اس اقدام کے اثرات قوم پر نمایاں نہیں ہوئے، زکوٰۃ کی تقسیم کے بارے میں بالخصوص خورد برد کی اطلاعات بھی ملتی رہتی ہیں، لیکن جس معاشرے میں ہم جی رہے ہیں، اس کی خرابیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے جتنی خورد برد کا اندیشہ تھا، شاید عملاً اتنی

خورد برد نہیں ہوئی۔ زکوٰۃ کی رقم کو سرکاری خزانے سے بالکل علیحدہ رکھنے اور سرکاری ملازمین کے بجائے عوام سے زکوٰۃ کی تقسیم کا کام لینے سے اس سلسلے میں کافی مدد ملی ہے۔ بہر صورت! اس نظام کے تمام موجودہ نقائص کے باوجود اسلام کے ایک اہم رکن کو عملاً قائم کرنے کا آغاز ضرور ہو گیا ہے۔ اب اسے مؤثر، مستحکم اور مفید بنانے کی ضرورت ہے۔

(۱۰) صدر مرحوم ہی نے تمام سرکاری ملازمین کو قومی لباس پہننے کا پابند بنا کر ملک کو انگریزی لباس سے نجات دلائی۔ ایک ایسے ماحول میں جہاں ہر چھوٹا بڑا افسر انگریزی لباس کا خوگر تھا۔ اسی کو اپنے لئے باعث فخر سمجھتا تھا، اور اس کے حق میں دلائل دینے کے لئے ہر وقت تیار تھا، یہ تبدیلی لانا بھی شہید مرحوم کے اہم کارناموں میں سے ہے۔ جس کے نتیجے میں پہلے سرکاری دفتروں اور سرکاری تقریبات سے انگریزی معاشرت کا یہ نشان ختم ہوا، اس کے بعد رفتہ رفتہ اس کا اثر عام قومی زندگی پر بھی پڑا، اور اب شاید یہ کہنا مبالغہ نہ ہو کہ ملک میں انگریزی لباس پہننے والے اقلیت میں تبدیل ہو گئے ہیں۔ لباس کے مسئلے کو کوئی شخص خواہ کتنا غیر اہم قرار دینے کی کوشش کرے، لیکن زندگی پر اس کے نفسیاتی اثرات کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔

(۱۱) تعلیم کے نصاب و نظام میں بھی اس دور میں خاصی تبدیلی آئی۔ تقریباً ہر مضمون کے لئے نصابی کتابوں کی تدوین میں اسلامی افکار کو مد نظر رکھنے کی کوشش کی گئی۔ اسلامیات کو تعلیم کے ہر مرحلے میں لازمی قرار دیا گیا۔ اعلیٰ سول اور فوجی افسران کے تربیتی کورسوں میں بھی اسلامیات کو ایک لازمی مادّے کے طور پر شامل کیا گیا۔ ججوں اور تفتیشی افسران کو شریعت سے روشناس کرانے کے لئے ریفریشر کورسز جاری کئے گئے۔ اسلام آباد کی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کا قیام عمل میں آیا جس کا معیار تعلیم اسلامی علوم کے لحاظ سے ملک کی تمام سرکاری یونیورسٹیوں سے کہیں زیادہ بلند ہے، اور جہاں سے اسلامی قانون کے شعبے میں بعض بہت اچھے اور قابل طلبہ فارغ التحصیل ہوئے ہیں۔

(۱۲) اسلامی علوم کی تدریس میں ملک کے دینی مدارس کا معیار تعلیم ہمیشہ یقیناً ملک کی ہر یونیورسٹی کی اعلیٰ سے اعلیٰ معیار سے کہیں زیادہ رہا ہے، سرکاری یونیورسٹیوں سے اسلامیات میں ایم اے یا پی ایچ ڈی کرنے والے علم دین میں دینی مدارس کے فارغ التحصیل طلبہ سے کوئی نسبت نہیں رکھتے۔ اس کے باوجود سرکاری حلقوں میں دینی مدارس کی سند کی

کوئی قیمت نہیں تھی' جس کا نتیجہ یہ تھا کہ جن سرکاری مناصب پر علماء کی ضرورت تھی' وہاں بھی دینی مدارس کے فارغ التحصیل طلبہ کے پہنچنے کا قانوناً کوئی راستہ نہ تھا۔ صدر مرحوم نے اپنی ذاتی دلچسپی سے سرکاری طور پر دینی مدارس کی سند کو ایم اے کے مساوی قرار دیکر تعلیمی اداروں اور دیگر سرکاری مناصب کو علماء کی خدمات سے فائدہ اٹھانے کا موقع فراہم کیا۔

آجکل یہ فقرہ بہت کثرت سے بولا جاتا ہے کہ "صدر ضیاء کے دور میں علماء کا وقار بلند ہوا۔" میرے نزدیک یہ تعبیر درست نہیں ہے۔ علماء اگر صحیح معنی میں علماء ہوں' تو کسی کے وقار بلند کرنے کے محتاج نہیں ہوتے' اللہ تعالیٰ نے علم دین کو جو وقار عطا فرمایا ہے' وہ کسی کے عطا کرنے یا تسلیم کرنے سے بے نیاز ہے۔ جس شخص کو اللہ تعالیٰ نے واقعۃً علم دین کی دولت عطا فرمائی ہو' اسے ان باتوں کی طرف التفات بھی نہیں ہوتا' اور نہ سرکاری طور پر منظور کرنے سے اس کی عزت میں حقیقی طور پر کوئی اضافہ ہوتا ہے۔

لیکن مسئلہ اصل میں یہ تھا کہ جن مقامات پر علماء دین کی ضرورت تھی' وہاں انکی خدمات سے استفادہ کس طرح کیا جائے؟ پچھلے زمانوں میں نہ صرف یہ کہ یہ استفادہ نہیں کیا گیا' بلکہ اس کا راستہ روکنے کی کوشش کی گئی۔ صدر مرحوم نے اپنے متعدد اقدامات کے ذریعے علماء کی خدمات سے استفادے کی راہ پیدا کر کے جہاں جہاں علماء کی ضرورت تھی' وہاں پہنچانے کی قابل قدر کوشش کی ہے۔

(۱۳) ملک میں غیر سودی بنکاری کے نام سے جو طریق کار رائج ہوا ہے' اس کی خرابیوں پر میں البلاغ کے صفحات میں بارہا لکھ چکا ہوں' اور شاید اس نظام پر مجھ سے زیادہ کسی نے تنقید نہ کی ہو' لیکن ان تمام خرابیوں اور خامیوں کے باوصف صدر مرحوم کا یہ کارنامہ بلاشبہ قابل قدر ہے کہ اصولی طور پر بنکاری کے نظام کو سود سے پاک کرنا سرکاری طور پر طے کر دیا گیا' اور وہ بحث ختم کر دی گئی جس میں بینکوں کے سود کی حرمت ہی کو مشکوک بنانے کی سعی کی جا رہی تھی' اب بحث یہ نہیں ہے کہ بینکوں کے نظام میں تبدیلی لائی جائے یا نہیں؟ اب بحث یہ ہے کہ تبدیلی کس طرح لائی جائے؟ اور اب صدر مرحوم نے شہادت سے کچھ ہی دنوں پہلے بنکاری کے ذمہ داروں کو بلا کر واضح لفظوں میں موجودہ طریق کار پر اپنی بے اطمینانی کا اظہار کیا تھا' اور انہیں تاکید کی تھی کہ وہ جلد از جلد اس طریق کار کو بدل کر شریعت کے مطابق بنائیں۔ شریعت آرڈیننس کے نفاذ کے بعد اس کے بغیر چارہ بھی نہیں تھا۔

(۱۴)ذرائع ابلاغ کے طرز عمل اور ان کے ذریعے بے حیائی کے فروغ پر ہم سب کی طرف سے بڑی جائز تنقید ہوتی رہی ہے' اور واقعہ یہی ہے کہ ہمارے ذرائع ابلاغ کا طریق کار کسی بھی طرح ایک اسلامی ملک کے شایان شان نہیں ہے۔ لیکن اس میں بھی شبہ نہیں ہے کہ ۱۹۷۷ء سے پہلے ذرائع ابلاغ جس برق رفتاری سے فاشی و عریانی کی طرف جا رہے تھے' صدر مرحوم کے زمانے میں اس کو کچھ نہ کچھ بریک ضرور لگا ہے' اگر ۱۹۷۷ء سے پہلے کے اخبارات و رسائل اور ریڈیو' ٹی وی کے پروگراموں کا موازنہ جولائی ۱۹۷۷ء کے بعد سے کیا جائے تو یہ فرق محسوس کیا جا سکتا ہے۔

(۱۵)ہمارا ملک ہر دور میں مرزائیت کی اسلام دشمن سرگرمیوں سے مجروح رہا ہے' ان سرگرمیوں پر جس قدر کاری وار صدر ضیاء الحق شہید مرحوم کے زمانے میں کیا گیا' اس سے پہلے اس کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا تھا۔ ۱۹۷۴ء میں ذوالفقار علی بھٹو صاحب مرحوم نے ایک دستوری ترمیم کے ذریعے مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دینے کا تاریخی اقدام کیا تھا جس نے ملک کو مرزائیت کے بارے میں صحیح رخ پر گامزن کیا' لیکن اس دستوری ترمیم کے باوجود مرزائیوں کی طرف سے اپنے آپ کو مسلمان باور کرانے' اپنی عبادت گاہوں کو مسجد قرار دینے اور اپنے کفریہ عقائد کو تبلیغ اسلام کے عنوان سے پیش کرنے کا سلسلہ جاری تھا۔ وہ پوری ڈھٹائی کے ساتھ اپنے سربراہوں کے لئے اسلامی القاب واصطلاحات استعمال کرتے تھے' اور ان کی تلبیسات علانیہ جاری تھیں۔ صدر مرحوم نے ایک تاریخی آرڈی ننس کے ذریعے ان کی ایسی تمام سرگرمیوں پر پابندی عائد کر کے پاکستان میں ان کی تبلیغی سرگرمیوں اور تلبیس انگیز پروپیگنڈے کو اس طرح تقریباً ختم کر دیا کہ ان کے سربراہ کے لئے اس کے سوا چارہ نہ رہا کہ وہ اپنی تلبیسی سرگرمیوں کے لئے پاکستان سے مایوس ہو کر لندن کو اپنا مستقر بنائے۔

(۱۶) جہاد افغانستان کے معاملے میں صدر مرحوم کے کارنامے کسی تشریح کے محتاج نہیں ہیں۔ افغان مہاجرین کی امداد اور مجاہدین کی پشت پناہی سے ان کا مقصد اپنے ستم رسیدہ مسلمان بھائیوں کی امداد تو تھا ہی' اس کے علاوہ ان کا منصوبہ یہ تھا کہ اس طرح افغانستان میں ایک مضبوط اسلامی حکومت قائم ہو جو اس علاقے میں احیاء اسلام کی تحریک کو سہارا دے' جس کے نتیجے میں پاکستان اور افغانستان پوری ہم آہنگی کے ساتھ نفاذ اسلام کے مشن کو پایۂ

تکمیل تک پہنچا سکیں۔ انہوں نے یہ پالیسی جس کامیابی سے چلائی اس نے پوری دنیا سے خراجِ تحسین حاصل کیا۔ یہاں تک کہ روس جیسی طاقت کو اس علاقے سے پسپا ہونا پڑا۔

یہ صدر مرحوم کے دور کے چند وہ موٹے موٹے کام ہیں جن کی بنا پر میں یہ کہنا بدترین ناانصافی سمجھتا ہوں کہ ان کے دور میں اسلام کے لئے کوئی کام نہیں ہوا۔ اس میں شک نہیں کہ وہ نفاذ اسلام کے مشن کو ادھورا چھوڑ گئے۔ ابھی اس سمت میں بہت سے جرات مندانہ اقدامات کی ضرورت تھی' اور جو اقدامات ہوئے تھے' ان کو موثر و مستحکم بنانے کے لئے بہت کچھ کرنا باقی تھا' لیکن ان کے مندرجہ بالا اقدامات نے اس ملک کو پہلی بار صحیح رخ دیا' اور نفاذ اسلام کے مشن کے لئے بڑی حد تک راہ ہموار کی۔ اگر آئندہ اللہ کے کسی بندے کو اس مقصد کو آگے بڑھانے کی توفیق ہوگی تو وہ محسوس کریگا کہ اس راہ کے کتنے کانٹے صدر مرحوم چن گئے ہیں۔ آج سیاسی چشمک کی فضا میں خواہ کچھ کہا جائے' لیکن جب کبھی معاصرت کا گردو غبار چھٹے گا' اور اسلام کا درد رکھنے والے کسی مؤرخ کو غیر جانب داری کے ساتھ ملکی حالات کے تجزیہ کا موقع ملے گا تو وہ ان تمام کاموں کو شہید مرحوم صدر جنرل محمد ضیاء الحق کے درخشاں کارناموں میں شمار کئے بغیر نہیں رہ سکے گا۔

مرحوم اپنی ذاتی زندگی میں بھی بڑے غیر معمولی اوصاف کے حامل تھے' اسلام سے ان کی عملی وابستگی ایک واضح اور ظاہر و باہر حقیقت تھی۔ لہٰذا نفاذ اسلام کے لئے ان کے عزائم اور اقدامات کو محض سیاست قرار دینا ممکن نہیں' وہ بہرحال! موجودہ معاشرے ہی کے ایک فرد تھے' اور نفاذ اسلام کے لئے جو کام وہ نہیں کرپائے' ان میں سے بعض کے پیچھے سیاست کارفرما ہو سکتی ہے' لیکن اسلام کے لئے جو کام انہوں نے کئے' وہ ان کے اندر کی آواز تھی۔

وہ صوم و صلوٰۃ کی پابندی میں بلاشبہ قابل رشک تھے۔ صرف پنجگانہ نمازوں ہی کے نہیں' تہجد کے بھی پابند تھے' پنجگانہ نمازیں بھی بالعموم جماعت کے ساتھ مسجد میں ادا کرتے تھے۔ یہ منظر تو میرے علاوہ نہ جانے کتنوں نے دیکھا ہے کہ میٹنگ کے دوران پیچیدہ مسائل پر خواہ کتنے زور و شور سے بحث جاری ہو' مرحوم کی نگاہ گھڑی پر رہتی' اور جہاں نماز کا وقت ہوتا' کام کو وہیں چھوڑ کر اٹھ جاتے' اور اپنے دفتر ہی کے احاطے میں بنی ہوئی مسجد میں جاکر نماز ادا کرتے تھے' ایک مرتبہ ایک ایسی ہی میٹنگ کے دوران مجھے وضو میں کچھ دیر ہوگئی' جب میں مسجد میں پہنچا تو دیکھا کہ نماز کھڑی ہو چکی ہے' اور خود صدر مرحوم نماز پڑھا رہے ہیں

'بعد میں معلوم ہوا کہ امام صاحب اس وقت موجود نہیں تھے 'اس لئے لوگوں نے مرحوم ہی کو آگے کر دیا۔

ہفت روزہ تکبیر کے مدیر جناب صلاح الدین صاحب نے خود اپنا واقعہ لکھا ہے کہ حرمین شریفین کے ایک سفر میں وہ صدر مرحوم کے ساتھ تھے' نماز عشاء کے بعد حرم مکہ میں پہنچے' اور جب عشاء کی نماز جماعت سے پڑھنے کا ارادہ کیا تو امام حرم شیخ عبداللہ بن سبیّل نے صدر مرحوم سے کہا کہ مسلمانوں کے سربراہ کی حیثیت سے نماز تو آپ ہی کو پڑھانی چاہئے اور یہ کہہ کر انہیں آگے کر دیا۔ صدر مرحوم نے کعبہ شریف کے سائے میں نماز پڑھائی' اور نماز کے دوران رقت کے عالم میں ان کی ہچکیاں بندھ گئیں۔ بعد میں صلاح الدین صاحب نے ان سے اس غیر معمولی تاثر کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے کہا کہ میں تو ایک گنہگار انسان ہوں' میں تو حرم شریف میں داخلے میں اجازت کا بھی اہل نہیں' چہ جائیکہ یہاں امامت کروں۔

مجھے صدر مرحوم کے انداز و ادا سے یہ مترشح تو ہوتا تھا کہ شاید وہ تہجد کی نماز بھی پڑھتے ہیں' لیکن یقین سے معلوم نہیں تھا۔ ایک روز ان کے ایک ہاؤس اے ڈی سی نے بتایا کہ میں سالہا سال سے ان کے ساتھ ہوں' فوج کے زمانے میں بھی ساتھ رہا ہوں۔ ان کی نماز تہجد عموماً ناغہ نہیں ہوتی۔ پھر بعد میں یہ بات اور بھی قریب کے لوگوں سے معلوم ہوئی' اور ان کے ساتھ غیر ملکی سفروں میں جانے والے کئی لوگوں نے بتایا کہ یہ معمول سفر میں بھی جاری رہتا ہے۔

تلاوت قرآن کریم کا بھی معمول تھا۔ یہاں تک کہ قرآن کریم ان کے آخری سفر میں بھی ساتھ تھا جو صرف چند گھنٹوں کا سفر تھا۔ حضرت والد صاحب قدس سرہ' کی تفسیر معارف القرآن ان کے ڈرائنگ روم میں نمایاں رکھی نظر آتی تھی' ایک دن مجھ سے اس تفسیر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ کتاب ایک بہت بڑا خزانہ ہے' اور جب مجھے قرآن کریم کی کوئی بات سمجھنے کی ضرورت ہوتی ہے تو اس سے استفادہ کرتا ہوں۔ اس کے علاوہ بھی دینی کتب کے مطالعے کا معمول تھا۔ اور آخر وقت میں بھی مرحوم کے بریف کیس سے جو اشیاء برآمد ہوئیں' ان میں ایک قرآن کریم کا نسخہ اور دو کتابیں شامل تھیں' ان دو کتابوں میں سے ایک اصلاح المسلمین اور ایک تصوف کے موضوع کی کتاب تھی۔

ان کی زندگی شروع ہی سے ان بڑے بڑے منکرات سے پاک تھی جو آج کل عموماً "اونچی سوسائٹی" کی زندگی کا لازمہ سمجھتے جاتے ہیں۔ حرمین شریفین کی زیارت کا خاص ذوق تھا۔ اور جس کسی سفر کے دوران سعودی عرب جانے کا موقع ہو' وہ اہتمام کر کے حرمین شریفین کی حاضری کی کوشش کرتے تھے' اور ہر سال رمضان کی ۲۷ویں شب وہاں گزارتے کا معمول تو اس کے علاوہ تھا۔ وہاں پہنچ کر ساری ساری رات حرم شریف میں گذارتے' اور جن لوگوں نے انہیں وہاں حاضر ہوتے ہوئے دیکھا ہے' ان کا بیان ہے کہ ان پر وہاں ایک عجیب عالم رقت طاری رہتا تھا۔ ایک محفل میں انہوں نے میرے سامنے یہ کہا کہ لوگ اکثر یہ اعتراض کرتے ہیں کہ میں بار بار سعودی عرب کے دورے کیوں کرتا ہوں؟ بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ میں وہاں مالی امداد حاصل کرنے جاتا ہوں' لیکن بات در اصل یہ ہے کہ میں بڑا گنہگار انسان ہوں' اور مجھے بار بار وہیں سے اسٹیم بھرنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔

مشکلات میں اللہ تعالیٰ سے رجوع مرحوم کا خاص وصف تھا' اور ایک مرتبہ ان کی زبان سے بھی نکل گیا کہ میں اہم امور میں اللہ تعالیٰ سے استخارہ کرتا ہوں' لوگوں نے اسے "سیاسی استخارہ" کا عنوان دیکر موضوع بحث بنالیا۔

تواضع اور تحمل مرحوم کے دو ایسے وصف تھے کہ مخالف سے مخالف شخص بھی ان کا گہرا نقش لئے بغیر نہیں رہ سکتا تھا۔ ان کا اقتدار پاکستان کی تاریخ کا طویل ترین اقتدار تھا' جس کا بیشتر حصہ نہایت وسیع اختیارات کے ساتھ گذرا ہے' لیکن ان وسیع اختیارات نے ان کی گردن میں کبھی تناؤ پیدا نہیں کیا' وہ ہر شخص نے نہایت انکساری کے ساتھ پیش آتے' اور کسی بھی مرحلے پر اپنی بڑائی کا اظہار کرنے کا کوئی شائبہ ان کے انداز و ادا سے ظاہر نہیں ہوتا تھا۔

ان پر ان کے سامنے سخت سخت تنقید کی جاتی' لیکن وہ کبھی اس کا برا نہ مناتے' ٹھنڈے دل سے ہر ایک کی بات پوری توجہ کے ساتھ سنتے' اور اپنی یا سرکاری اقدامات کی غلطیوں کا کھلے دل سے اعتراف کر لیتے تھے' سخت سے سخت مصروفیت کی حالت میں بھی کبھی مخاطب کو اس بات کا احساس نہ ہونے دیتے کہ وہ جلدی میں ہیں' اور اس کی بات سننا نہیں چاہتے۔

حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جب کوئی شخص بات کرتا تو جب

تک وہ از خود فارغ نہ ہو جائے' آپ اس کی طرف برابر متوجہ رہتے تھے۔ ایک مصروف آدمی کے لئے بلند اخلاق کا یہ طرز عمل بہت اونچائی کی بات ہے جو ہر ایک کے بس کی بات نہیں۔ اپنی زندگی میں صرف چند آدمی ہی ایسے دیکھے ہیں جو اکثر اوقات اس سنت پر عمل پیرا ہوتے ہیں۔ ان چند انسانوں میں سے ایک صدر مرحوم جنرل محمد ضیاء الحق شہید بھی تھے۔

وہ ان تھک کام کرنے کے عادی تھے' بسا اوقات رات کو دو دو بجے تک کام کرتے رہتے' اور تین چار گھنٹے سے زیادہ نہیں سوتے تھے۔ اس کے باوجود ان کے چہرے پر کبھی تھکن' گھبراہٹ یا جھنجلاہٹ کا دور دور نشان نہیں ہوتا تھا۔ اس کے بجائے انہیں ہمیشہ نہایت پرسکون اور تروتازہ پایا۔

مرحوم اے کے بروہی صاحب کہا کرتے تھے کہ "ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس شخص کے پاس انرجی کا کوئی محفوظ خزانہ ہے۔" اور واقعہ ان کے حالات کو دیکھ کر بروہی صاحب مرحوم کی یہ بات بالکل درست معلوم ہوتی تھی۔ یوں تو گیارہ سال میں اس کے بہت سے واقعات دیکھے' لیکن صرف ایک واقعہ بطور مثال ذکر کرتا ہوں۔

ایک مرتبہ مغرب کے وقت میرے پاس ان کا فون آیا' انہوں نے فرمایا کہ کل کابینہ کے اجلاس میں بعض مسودات قانون زیر بحث آ رہے ہیں' میں چاہتا ہوں کہ کابینہ کی آخری منظوری کے وقت آپ موجود ہوں' تاکہ شرعی نقطہ نظر سے ان کے بارے میں رائے دے سکیں۔ اس لئے اگر آپ کل صبح راولپنڈی تشریف لا سکیں تو بہت اچھا ہو۔ میں نے عرض کیا کہ وہ مسودات اپنی آخری شکل میں میں نے دیکھے نہیں ہیں' اور دیکھے بغیر رائے دینا مشکل ہوگا' انہوں نے کہا کہ وہ مسودات آج ہی رات میں آپ کے پاس پہنچ جائیں گے۔ آپ سفر سے پہلے اور سفر کے دوران انہیں دیکھ سکتے ہیں۔ یہ سن کر میں نے ہامی بھرلی۔ رات کو ایک بجے مسودات میرے پاس پہنچے۔ صبح پانچ بجے میں گھر سے روانہ ہوا۔ اور نو بجے راولپنڈی پہنچا' اور ایئرپورٹ سے سیدھا کابینہ کے اجلاس میں چلا گیا جو میرے پہنچنے کے وقت تک شروع ہو چکا تھا۔ اس وقت سے شام ساڑھے پانچ بجے تک ان مسودات پر بحث ہوتی رہی' درمیان میں ظہر اور عصر کی نمازوں کا وقفہ ہوا' دوپہر کا مختصر کھانا بھی اجلاس کے دوران میز پر

ہی ہوا۔ بالآخر نماز عصر کے بعد کی نشست میں ان مسوّدات پر بحث مکمل ہوئی تو صدر مرحوم نے فرمایا کہ "اب ہمارے سامنے کچھ دوسرے موضوعات ہیں' ہم نے آپ کا بہت وقت لیا' اب اگر آپ تشریف لے جانا چاہیں تو تشریف لیجائیں"۔

میں جب اٹھ کر جانے لگا تو مرحوم اپنی عادت کے مطابق پورچ تک چھوڑنے کے لئے آئے' اور کہنے لگے کہ اگر آپ آج رات پنڈی ہی میں ہوں تو مجھے کچھ اور باتیں بھی آپ سے کرنی ہیں' میں نے عرض کیا کہ میں رات رہ کر انشاء اللہ کل صبح واپس جاؤں گا۔ اس پر انہوں نے فرمایا کہ "پھر اگر آپ رات کو نو بجے میرے گھر پر زحمت فرما سکیں تو اچھا ہو' میں نے وعدہ کرلیا' اور روانہ ہو گیا۔ بے خوابی اور مسلسل کام کی وجہ سے میں تو بہت تھک چکا تھا' اس لئے نماز مغرب کے بعد اچھی طرح آرام کیا۔ پھر نماز عشاء کے بعد ساڑھے آٹھ بجے روانہ ہو کر نو بجے سے ذرا پہلے آرمی ہاؤس پہنچ گیا۔

صدر مرحوم کے اے ڈی سی نے استقبال کیا' اور بتایا کہ صدر صاحب ابھی تک کابینہ کے اجلاس میں مشغول ہیں' اور ان کا فون آیا تھا کہ آپ آئیں تو آپ کو بٹھالوں' صدر صاحب کو چند منٹ کی تاخیر ہو جائیگی۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ اجلاس کو تقریباً بارہ گھنٹے ہو چکے تھے' تھوڑی دیر بعد صدر صاحب کی گاڑی پورچ میں آکر رکی' اور وہ گاڑی سے اتر کر سیدھے میرے پاس کمرہ انتظار میں پہنچے' دیکھا تو بارہ گھنٹے کے طویل اجلاس کے بعد بھی وہ اس طرح ہشاش بشاش اور تازہ دم تھے کہ یوں محسوس ہوتا تھا جیسے ابھی غسل خانے سے نکل کر آئے ہیں۔ آتے ہی انہوں نے تاخیر کی معذرت کی' اور اپنے ساتھ اپنے کمرہ ملاقات میں لے گئے' نوکروں سے کہا کہ گھر میں کہہ دیں کہ کھانے پر انتظار نہ کریں' اور کھانا یہیں لے آئیں۔ اس کے بعد نہایت اطمینان و سکون سے بہت سے امور پر تقریباً ساڑھے دس بجے تک مجھ سے بات کرتے رہے۔ میں ساڑھے دس بجے رخصت ہونے لگا تو دیکھا کہ تین حضرات ابھی کمرہ انتظار میں ملاقات کے منتظر ہیں۔ اے ڈے سی نے بتایا کہ ملاقاتوں کے بعد وہ تنہائی میں کام کریں گے' پھر ٹیلی فونوں کا جواب دیں گے' اور رات دو بجے کے قریب تہجد کی نماز پڑھ کر سوئیں گے' اور فجر کے لئے پھر اٹھ جائیں گے۔

اللہ تعالیٰ نے انہیں بزرگوں کی خدمت و صحبت اور ان سے دعائیں لینے کا بھی خاص ذوق عطا فرمایا تھا' احقر کے مرشد و مربی عارف باللہ حضرت ڈاکٹر عبدالحئی صاحب عارفی قدس

سرہ کی حیات میں جب کبھی میری ملاقات ہوتی تو حضرتؒ کا حال ضرور پوچھتے۔ انہیں سلام کہلاتے اور دعا کی درخواست کرتے۔

صدارت کے زمانے میں جب مرحوم کی پہلی صاحبزادی کا نکاح ہوا تو جناب مولانا ظفر احمد صاحب انصاری کے ذریعے حضرتؒ کی خدمت میں پیغام بھجوایا کہ "میرا نکاح حضرت مفتی محمد حسن صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے پڑھایا تھا۔ میرے بھائی کا نکاح حضرت مفتی محمد شفیع صاحبؒ نے پڑھایا' اور اب میری خواہش ہے کہ میری لڑکی کا نکاح بھی حضرت تھانویؒ ہی کے کوئی خلیفہ پڑھائیں' اس لئے اگر کوئی امر مانع نہ ہو تو حضرت نکاح پڑھانے کو منظور فرمالیں۔" حضرتؒ نے فرمایا کہ "اتنی ساری نسبتوں کے بعد میں کیسے انکار کردوں؟" چنانچہ حضرتؒ نے نکاح پڑھانا منظور فرمالیا۔ اس سفر میں برادر محترم حضرت مولانا مفتی محمد رفیع صاحب عثانی مدظلہم اور احقر کو بھی حضرتؒ کی ہم رکابی کا شرف حاصل ہوا۔

جب طیارہ راولپنڈی پہنچا تو صدر مرحوم خود پروٹوکول اور سیکیورٹی کے انتظامات سے بے نیاز جہاز کی سیڑھیوں پر حضرتؒ کے استقبال کے لئے موجود تھے' اور حضرتؒ کی تشریف آوری پر احسان مندی کے جذبات سے بچھے جاتے تھے۔ جہاز ہی سے حضرتؒ کو گاڑی میں بٹھا کر روانہ ہوئے۔ راستے میں مختلف باتوں کے دوران عرض کیا کہ "حضرت! میرا دل تو یہ چاہتا تھا کہ آپ میرے گھر پر قیام فرمائیں' (مرحوم صدارت کے زمانے میں بھی ایوان صدر کے بجائے اپنے آرمی ہاؤس میں ہی آخر تک قیام پذیر رہے) لیکن پھر میں نے آپ کے قیام کے لئے ایوان صدر کو اس لئے ترجیح دی کہ اس کو برکت حاصل ہو"۔ یہ کہہ کر حضرتؒ کو ایوان صدر میں ٹھہرایا' اور یہ کہہ کر چلے گئے کہ "سفر میں تعب ہوگیا ہوگا' آپ کچھ دیر آرام فرمالیں' عشاء کے بعد میں آکر نکاح کے لئے آپ کو لے جاؤں گا۔"

عشاء کے بعد پھر آئے' اور حضرتؒ کو اپنے مکان پر لے گئے' جہاں نکاح ہونا تھا۔ نکاح کی مجلس ان کے ڈرائنگ روم میں منعقد ہوئی۔ وہاں صوفے ہٹا کر فرشی نشست کا انتظام کیا گیا تھا۔ نکاح کی مجلس انتہائی سادہ اور مختصر تھی' مشکل سے بیس پچیس آدمی ہوں گے جن میں گھر کے افراد کے علاوہ ملتان میں حضرت تھانوی قدس سرہ کے خلیفہ حضرت حاجی محمد شریف صاحب رحمتہ اللہ علیہ' جناب مولانا ظفر احمد انصاری' دو تین علماء' دو تین وزراء اور فوج کے چند اعلیٰ افسران شامل تھے۔ دو گاؤ تکیوں پر حضرت ڈاکٹر صاحبؒ اور حضرت

حاجی صاحبؒ تشریف فرما تھے اور سامنے باقی لوگ بیٹھے تھے۔ صدر مرحوم انہی لوگوں کے درمیان ایک عام آدمی کی طرح باادب بیٹھے رہے۔ نکاح کے بعد ڈاکٹر صاحب قدس سرہ نے اپنی عادت کے مطابق نصیحتیں شروع فرمادیں، اور تقریباً گھنٹہ بھر تک یہ محفل حضرتؒ کی مجلس ارشاد میں تبدیل ہو گئی۔

اسی دوران اسی کمرے میں فرش پر کھانے کے لئے دستر خوان بچھائے گئے، وہیں پر کھانا ہوا، کھانے کے بعد پھر حضرتؒ کے مواعظ کا سلسلہ جاری رہا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب میں نے بعض وجوہ سے اسلامی نظریاتی کونسل سے استعفاء دیدیا تھا (جس کی وجوہ البلاغ کے اسی دور کے کسی شمارے میں تفصیل سے شائع ہو چکی ہیں۔) اس موقع پر صدر مرحوم نے حضرت ڈاکٹر صاحبؒ سے عرض کیا کہ "مولانا تقی عثمانی صاحب نے اسلامی نظریاتی کونسل سے استعفاء دیدیا ہے، اسلامی قوانین کے نفاذ کے لئے کونسل کو ان کی ضرورت ہے، آپ ان سے فرمادیں کہ یہ دوبارہ کونسل کی رکنیت قبول کریں۔" حضرتؒ نے برجستہ جواب دیا کہ "انہوں نے میرے مشورے سے استعفاء دیا ہے، اور میں ہرگز ان سے نہیں کہوں گا کہ یہ دوبارہ رکنیت قبول کریں۔" صدر صاحب نے وجہ پوچھی تو حضرتؒ نے فرمایا کہ "جو قوانین یہ مرتب کرتے ہیں، آپ کی کابینہ اس میں ایسی تبدیلیاں کردیتی ہے جو شریعت کے مطابق نہیں ہوتیں۔" صدر صاحب اس پر کچھ اپنی مجبوریاں پیش کرتے رہے، لیکن حضرتؒ نے انہیں تسلیم نہ کیا، بالآخر طویل ردوقدح کے بعد حضرتؒ نے فرمایا "اگر اس قسم کی کوئی عملی مجبوریاں ہوں تو آپ کو چاہئے کہ وہ کونسل کے علم میں لائیں تاکہ کونسل ان مجبوریوں کو مدنظر رکھتے ہوئے کوئی شرعی حل تجویز کرسکے۔" صدر صاحب نے اس کو تسلیم کرتے ہوئے کہا کہ "جب کبھی کونسل کی سفارشات کابینہ میں زیر بحث آئیں گی، تو میں وعدہ کرتا ہوں کہ ان کی آخری منظوری سے پہلے ان سے مشورہ کیا جائیگا" پھر کہنے لگے کہ "حضرت! انشاءاللہ ہم اپنی غلطیوں کا بوجھ ان پر نہیں ڈالیں گے۔"

یہ سنکر حضرتؒ نے اجازت دیدی، میں اس پورے عرصے میں خاموش تھا، اگرچہ جس بنیادی وجہ کی بنا پر میں نے استعفاء دیا تھا (یعنی فرقہ وارانہ بنیاد پر پبلک لاء میں تفریق) اس میں اب خاصی تبدیلی آچکی تھی، لیکن کئی سال کونسل میں شب و روز کی دماغ سوزی کے بعد میں اپنے ذہن کو کونسل سے یکسو کرچکا تھا (اور یہ ارادہ کیا تھا کہ کوئی ضابطے کی ذمہ داری

قبول کئے بغیر نفاذ اسلام کی جد وجہد میں جو خدمت بن پڑیگی' وہ ادا کرتا رہوں گا' لیکن کونسل کی رکنیت قبول نہیں کروں گا) اس لئے اب دوبارہ اس طرف لوٹنا مجھے بہت شاق معلوم ہو رہا تھا' لیکن حضرتؒ کی ایماء دیکھی تو خاموش ہو جانے کے سوا کوئی چارہ نہ تھا' صدر صاحب نے حضرتؒ کی طرف سے رضا مندی کا اشارہ پایا تو میرا ہاتھ پکڑ کر کہا "بس فیصلہ ہو گیا' مبارک ہو۔"

اتفاق سے اس واقعے کے کچھ عرصے کے بعد ملک میں یہ مطالبہ زور پکڑ گیا کہ وفاقی شرعی عدالت میں علماء کو بطور جج مقرر کیا جائے۔ اس موقع پر صدر مرحوم کی رائے بدلی' اور انہوں نے کونسل کے بجائے مجھے وفاقی شرعی عدالت کا جج مقرر کرنا زیادہ مناسب سمجھا۔ میں اگرچہ وفاقی شرعی عدالت میں علماء کے وجود کو نہایت ضروری سمجھتا تھا' لیکن خود یہ ذمہ داری قبول کرنے کے لئے تیار نہ تھا' جس کی بہت سی وجوہ تھیں۔ چنانچہ شروع میں احقر نے حتمی طور پر معذرت کر دی' لیکن صدر صاحب کا اصرار جاری رہا' اور بالآخر اس معاملے میں بھی جیت انہی کی ہوئی' (جس کی تفصیل اس وقت موضوع سے خارج ہے) اور میں کونسل کے بجائے وفاقی شرعی عدالت اور پھر سپریم کورٹ کی شریعت اپیلیٹ بنچ میں پہنچ گیا۔

اس واقعے کے کئی سال بعد صدر مرحوم بنگلہ دیش کے دورے پر گئے ہوئے تھے' ایک روز مغرب کے بعد انہوں نے ڈھاکہ سے مجھے فون کیا' اور کہا کہ میری ایک دوسری لڑکی کی شادی ہونے والی ہے' پہلے کی طرح اس مرتبہ بھی میری خواہش ہے کہ نکاح حضرت ڈاکٹر صاحب قدس سرہ پڑھائیں' لیکن مجھے اندازہ نہیں ہے کہ حضرتؒ کی صحت اس کی اجازت دیگی یا نہیں؟ میں اپنی خواہش کے باوجود حضرتؒ پر عذر کرنے میں تکلف ہو' اس لئے آپ سے کہہ رہا ہوں کہ اگر حضرتؒ کی صحت متحمل ہو' اور طبیعت پر ذرا بھی بار ہو تو عذر فرمادیں' ایسی صورت میں میری طرف سے اصرار بالکل نہیں ہے' میں ایک گھنٹہ بعد پھر فون کر کے جواب معلوم کرلونگا۔

میں نے حضرتؒ کو فون کر کے صدر مرحوم کی بات من و عن نقل کر دی' حضرتؒ نے ان کی اس رعایت مزاج کو پسند فرمایا' اور فوراً بلا تامل منظوری دیدی۔ چنانچہ جب ایک گھنٹے بعد صدر صاحب کا دوبارہ فون آیا تو میں نے حضرتؒ کی طرف سے منظوری نقل کر دی' جس پر وہ بہت خوش ہوئے' اور اس کے بعد براہ راست حضرتؒ سے فون پر گفتگو کی۔

اس سفر میں احقر حضرتؒ کے ساتھ نہ جا سکا' البتہ برادر محترم مولانا مفتی محمد رفیع صاحب مد ظلہم اور حضرتؒ کے پوتے ساتھ گئے۔ پھر ایک ہفتے بعد صدر صاحب کے صاحبزادے کا نکاح بھی حضرتؒ ہی نے پڑھایا۔

ان تمام مواقع پر انہوں نے حضرتؒ کے ساتھ صرف نیاز مندانہ نہیں' خادمانہ معاملہ فرمایا' یہاں تک کہ حضرتؒ کے جوتے سیدھے کرنے میں بھی وہ ہم اور دوسرے خدام سے پہل کرنے کی کوشش کرتے تھے۔

مرشدی حضرت مولانا مسیح اللہ خان صاحب مد ظلہم العالی پاکستان تشریف لاتے تو عموماً آپ کا قیام لاہور میں ہوتا تھا۔ صدر مرحوم اہتمام کے ساتھ زیارت اور دعائیں لینے کے لئے حضرت مد ظلہم کی خدمت میں جاتے تھے۔ اسی طرح ملتان کے حضرت حاجی محمد شریف صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ بھی نہایت نیازمندانہ تعلق رکھتے تھے۔ غرض بزرگوں کی زیارت و خدمت کا انہیں خاص ذوق تھا۔

احقر لکھنے پڑھنے کے مشغلے کی وجہ سے طبعاً عزلت پسند واقع ہوا ہے' روابط بڑھانے کے فن سے قطعی نا آشنا ہے' جن لوگوں سے از خود کوئی تعلق پیدا ہو جائے' وہاں بھی جلد بے تکلف ہونے کی عادت نہیں' صدر مرحوم سے پہلی ملاقات ۱۹۷۷ء میں اسلامی نظریاتی کونسل کی تشکیل جدید کے بعد اس کے افتتاحی اجلاس میں ہوئی۔ اس کے بعد تقریباً ڈھائی سال تک میں کونسل میں رہا' اس دوران کونسل کے چیئرمین یا دوسرے ارکان کے ہمراہ بارہا کونسل کی سفارشات کے سلسلے میں ان سے ملاقات ہوتی رہی۔ مختلف اجلاسات میں بھی ساتھ رہا' صدر مرحوم نے مجھ سے کئی بار کہا بھی کہ آپ جب چاہیں' کسی معاملے میں مجھ سے ملاقات کر لیا کریں' لیکن میں نے اس پورے عرصے میں ان سے کبھی علیحدہ ملاقات کی کوشش نہیں کی' اور جو بات کہنی ہوتی' اجتماعی ملاقاتوں ہی میں کہہ دیا کرتا تھا۔

بالآخر جب ملک میں فرقہ وارانہ بنیادوں پر پبلک لاء میں تفریق کا سنگین خطرہ پیدا ہوا تو میں نے محسوس کیا کہ اپنی بساط کی حد تک صدر مرحوم کو اس معاملے کی سنگینی سے آگاہ کرنے کا اس کے سوا کوئی راستہ نہیں ہے کہ کونسل سے مستعفی ہو جاؤں' چنانچہ میں نے استعفا دے دیا۔

اس موقع پر احقر کے مخدوم بزرگ حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی صاحب

مد ظلہم العالی نے اپنے ایک مکتوب گرامی میں احقر کو یہ مشورہ دیا' بلکہ تاکید فرمائی کہ ملک میں نفاذ شریعت کی جو جدوجہد شروع ہوئی ہے' اس میں حتی المقدور حصہ لیتا رہوں۔ اس مکتوب کے مندرجہ ذیل فقرے نقل کرنے میں کوئی مضائقہ معلوم نہیں ہوتا۔ کیونکہ ان سے اندازہ ہوتا ہے کہ عالم اسلام کے اہل نظر صدر موصوف کے بارے میں کیا رائے رکھتے تھے۔ مولانا مد ظلہم نے فرمایا:۔

"اس وقت اتنا ضرور لکھتا ہوں کہ آپ اپنی موجودہ ذمہ داری کو کسی طرح ترک نہ فرمائیں۔ آپ کا شریک رہنا بڑے خیر و برکت کا باعث ہو گا اور اس سے توازن و اعتدال برقرار رہے گا۔ اس دائرے کے مرکزی نقطے سے آپ جتنے قریب اور مشوروں میں شریک ہوں' اس میں بالکل تامل نہ کریں۔ میں نے رباط سے لیکر رابطہ تک سب کو دیکھا ہے' مدار علیہ شخصیتوں میں سے کوئی بھی اندر سے ایسا مسلمان نظر نہیں آیا جیسے کہ صاحب موصوف (اپنی تمام کمزوریوں اور خامیوں کے ساتھ)۔ میں چاہتا ہوں کہ علماء کا رول' خاص طور پر آپ کا' اس دائرہ کے اندر وہی ہو جو رجاء بن حیوۃؒ کا سلیمان بن عبدالملک کے دربار میں تھا' اور جس کے نتیجے میں مسلمانوں کو حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کی شکل میں خلیفہ راشد نصیب ہوا' یا کم سے کم وہ ہو جو حضرت خواجہ عبید اللہ احرارؒ کا اپنے عہد حکومت میں تھا اور جس کا حضرت مجدد الف ثانیؒ اپنے مکتوبات میں بار بار حوالہ دیتے ہیں۔

"من اگر شیخی کنم' ہیچ شیخ در دنیا مریدے نیابد' لاکن مرا کارے دگر فرمودہ اند۔"

اس کی حضرت مجددؒ تشریح فرماتے ہیں کہ اس سے مراد اہل اقتدار سے مل کر اور تعلقات قائم کر کے احکام شرعیہ کا اجراء و نفاذ اور بدعات و منکرات کا ازالہ تھا۔"

صدر مرحوم کے بارے میں میری ذاتی رائے بھی قریب قریب وہی تھی جو حضرت مولانا مد ظلہم نے بیان فرمائی' لیکن اس وقت حالات کچھ ایسے تھے کہ میں نے کونسل سے باہر رہ کر ہی مقدور بھر خدمت کا فیصلہ کیا' اور پھر وہ واقعہ پیش آیا جو حضرت ڈاکٹر صاحب قدس سرہ کے سفر راولپنڈی کے ذیل میں لکھ چکا ہوں۔

اس زمانے میں صدر مرحوم نے مجھے از خود تنہائی میں ملاقات کی دعوت دی' اپنا خصوصی ٹیلی فون نمبر دیا تاکہ وقتاً فوقتاً دینی معاملات کے سلسلے میں ان سے رابطہ ہو سکے۔ اس کے بعد علیحدہ ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہوا۔

احقر نے یہ طے کیا تھا کہ ٹیلی فون پر بات ہو یا ذاتی ملاقات' انشاء اللہ کبھی اپنی' اپنے کسی دوست یا کسی عزیز کی کوئی درخواست لیکر کبھی ان کے پاس نہیں جاؤں گا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے اس عزم پر قائم رکھا' اور گیارہ سال کے عرصے میں' ایک عزیز کی حج کی درخواست کے سوا' کبھی کوئی انفرادی مسئلہ میں نے ان کے سامنے پیش نہیں کیا' اور ملاقاتوں کے دوران ہمیشہ دینی معاملات ہی پر بات ہوئی' اور الحمدللہ بہت سے امور میں یہ ملاقاتیں مفید ثابت ہوئیں۔ صدر مرحوم کے عہد کے جن کاموں کا اجمالی تذکرہ پیچھے کیا گیا ہے' ان میں اللہ تعالیٰ نے ان ملاقاتوں کا بھی حصہ لگایا' اس کے علاوہ ان کاموں کے سلسلے میں حکومت کو غلط رخ پر ڈالنے کی بہت سی کوششوں کی مقاومت کا بھی موقع عطا فرمایا۔

مذکورہ اہم اور بنیادی کاموں کے علاوہ نہ جانے کتنی چھوٹی چھوٹی باتیں ایسی تھیں جو صدر مرحوم کو توجّہ دلانے سے انجام پا گئیں۔ راولپنڈی میں ایک ملاقات کے دوران میں نے صدر مرحوم سے ذکر کیا کہ کراچی میں شیخ الاسلام حضرت علامہ شبیر احمد صاحب عثمانیؒ اور حضرت علامہ سید سلیمان ندویؒ کے احسانات پاکستان پر اتنے زیادہ ہیں کہ ان سے ہم عمر بھر عہدہ برآ نہیں ہو سکتے۔ اس کے باوجود سرکاری سطح پر ان شخصیتوں کی ناقدری کا حال یہ ہے کہ ان کے مزارات تک کی حفاظت کا ابتک کوئی انتظام نہیں ہے' جب سے ان مزارات پر اسلامیہ کالج تعمیر ہوا ہے' مزار پر حاضری انتہائی مشکل ہو گئی ہے۔ مزاروں کے آس پاس گندگی بھی بہت زیادہ ہے' اور مزار تک پہنچنے کا باہر سے کوئی راستہ نہیں۔

صدر مرحوم نے اس صورت حال پر افسوس کا اظہار کیا' اور کہا کہ واقعی یہ تو بڑے ظلم کی بات ہے کہ ملت کے ایسے محسنوں کے مزارات کے ساتھ ایسا معاملہ کیا جائے۔ میں سندھ کے گورنر صاحب سے کہوں گا کہ وہ مزارات کے تحفظ کا مناسب انتظام کریں۔

میں نے عرض کیا کہ "میرے خیال میں تو اتنا کافی نہیں ہو گا' آپ کسی وقت خود مزار پر جا کر صورت حال کا اندازہ کریں' یوں بھی ان حضرات کے مزارات پر حاضری ایک سعادت ہے۔ اس کے بعد موقع پر خود احکام جاری فرمائیں۔

صدر صاحب نے فوراً جواب دیا۔ "بالکل ٹھیک ہے' مجھے کل ہی کراچی جانا ہے' وہاں خود حاضری دونگا اور صورت حال کو دیکھ کر مناسب کارروائی کروں گا۔"

میں اس زمانے میں اسلام آباد میں مقیم تھا۔ اگلے دن اخبارات میں پڑھا کہ صدر

صاحب کراچی ایئرپورٹ سے سیدھے علامہ شبیر احمد صاحب عثمانیؒ اور علامہ سید سلیمان ندویؒ کے مزارات پر حاضر ہوئے، فاتحہ پڑھی، اور مزارات کے آس پاس سے گندگی اور ملبہ صاف کر کے مزار کے لئے مستقل راستہ بنانے کے احکامات جاری کئے۔

چند ماہ بعد میں مزار پر حاضر ہوا تو علاقے کا حلیہ بدل چکا تھا۔ دونوں بزرگوں کے مزارات کو کالج سے علیحدہ کر کے ان کے گرد عمدہ چار دیواری تعمیر ہو چکی تھی، باہر سے راستہ بن چکا تھا، دونوں بزرگوں کے اقوال پر مشتمل کتبے دیواروں پر لگائے جا رہے تھے، اور مزارات پر حاضری کا مسئلہ بحمد اللہ حل ہو گیا تھا۔

ایک اور ملاقات میں، میں نے صدر مرحوم سے ذکر کیا کہ میں نے پی آئی اے والوں کو یہ تجویز پیش کی تھی کہ وہ پرواز شروع سے پہلے سفر کی دعا یعنی سبحان الذی سخرلنا ھذا وما کنالہ مقرنین الخ پڑھا کریں۔ اس پر پی آئی اے کے متعلقہ ذمہ داروں سے کافی خط و کتابت ہوئی، شروع میں وہ اس تجویز کو ماننے کے لئے تیار نہ تھے۔ آخر میں آمادگی کا اظہار کر دیا تھا، لیکن اب اس واقعے کو بھی تین سال سے زیادہ ہو گئے ہیں یہاں تک کہ میں نے دیکھا کہ سعودی ایئرلائنز والوں نے یہ آیت پڑھنی شروع کر دی ہے لیکن پی آئی اے میں آج تک شروع نہیں ہوئی، شہید مرحوم نے تجویز کو بہت پسند کیا، اور فوراً اپنے پاس نوٹ کرلیا اس کے کچھ ہی عرصے بعد پی آئی اے میں پرواز سے پہلے یہ آیت پڑھی جانے لگی۔

ہر سال ربیع الاول کے موقع پر اسلام آباد میں سیرت کانفرنس منعقد ہوتی ہے۔ جب میں پہلی بار اس کانفرنس میں شریک ہوا تو دیکھ کر شدید تکلیف ہوئی کہ کانفرنس میں مردوں عورتوں کا مخلوط اجتماع تھا۔ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم گرامی پر اجتماع منعقد ہوا اور اس میں آپؐ کے احکام کی اس قدر صریح خلاف ورزی کی جائے؟! احقر واپس چلا آیا، اور آئندہ سال جب کانفرنس دعوت نامہ آیا تو میں نے لکھ کر بھیج دیا کہ مردوں، عورتوں کا مخلوط اجتماع آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام کی صریح خلاف ورزی ہے، اسلئے میں گنہگار ہونے کے باوجود سیرت کے نام پر ایسے اجتماع میں حاضری سے معذور ہوں۔

خیال یہ تھا کہ نقار خانے میں طوطی کی آواز کون سنے گا؟! اس سے قبل یہ تجربہ ہو چکا تھا کہ ایک غیر سرکاری کانفرنس ایک ایسے صاحب کے انتظام میں منعقد ہو رہی تھی جو اسلام کے ساتھ اپنے لگاؤ میں خاصے مشہور ہیں، اس میں مخلوط اجتماع کی اطلاع ملی تھی تو وہاں بھی

برادر محترم محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہم اور احقر نے اسی عنوان سے معذرت کرلی تھی۔ بعد میں معلوم ہوا کہ منتظمین کو یہ "رجعت پسندانہ" بات بہت ناگوار گزری' اور بعض حضرات نے اس پر یہ تبصرہ کیا کہ "اچھا' اب یہ بھی اسلام کے ٹھیکہ دار بن گئے"۔

جب ایک غیر سرکاری کانفرنس کے اسلام پسند منتظمین کا رد عمل یہ تھا تو ایک سرکاری کانفرنس کے منتظمین سے کسی بہتر رد عمل کی توقع نہیں کی جاسکتی تھی۔ لیکن میں نے یہ سوچ کر خط لکھ دیا تھا کم از کم اپنا فرض ادا کردیا جائے' اور منتظمین کو یہ محسوس تو ہو کہ کچھ لوگ اس بنا پر عذر کرسکتے ہیں۔

لیکن اللہ تعالیٰ کا کرنا ایسا ہوا کہ وزارت مذہبی امور کے بعض افسران نے میرا یہ خط شہید مرحوم صدر ضیاء الحق صاحب کے پاس بھیج دیا۔ صدر مرحوم نے یہ خط پڑھ کر احکام جاری کردیئے کہ آئندہ سیرت کانفرنس میں مردوں عورتوں کا مخلوط اجتماع نہ کیا جائے۔ ان احکام کی اطلاع ان خواتین کو ہوئی جو ہر سال سیرت کانفرنس میں آیا کرتی تھیں تو انہوں نے اس پر اعتراض کیا۔ اور اس سلسلے میں خواتین کے وفود صدر صاحب سے ملے۔ بالآخر صدر مرحوم نے مردوں اور عورتوں کے لئے الگ الگ اجتماعات کرنے کا حکم دیا۔ چنانچہ اب اسی پر عمل ہوتا ہے۔ کئی بار ایسا بھی ہوا کہ کسی خاص معاملے میں مرحوم سے کوئی بات کہنی شروع کی تو اندازہ ہوا کہ انہیں پہلے سے اس کا احساس ہے۔

تقریباً دو سال کی بات ہے کہ میں سوڈان گیا ہوا تھا' جس روز کراچی واپس آیا' اسی دن اخبار میں دیکھا کہ ایک مقامی ہوٹل میں (غالباً اٹھارہ انیس سال تک کے) لڑکوں اور لڑکیوں کے مقابلہ صحت و خوبصورتی کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ محسوس یہ ہوا کہ پاکستان میں مقابلہ حُسن کی تیاری اور اس کا مقدمہ ہے۔ اسی دن اس ہوٹل سے پاس سے گزرنا ہوا تو وہاں بینر بھی لگے ہوئے تھے جس سے اس بات کی تصدیق ہوگئی۔ برادر محترم مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی مدظلہم نے اس کے خلاف بیان بھی دیا تھا۔ منتظمین کی طرف سے اس کے جوابات بھی دیئے گئے مگر پروگرام جوں کا توں رہا۔ پاکستان جیسے اسلامی ملک میں ایسے مقابلے منعقد کرنے کی جرأت ایسی وحشت ناک خبر تھی کہ میں بے چین ہوگیا' لیکن اس اجتماع میں صرف ایک دن باقی تھا اور ہاتھ پاؤں مارنے کی گنجائش باقی نہ تھی۔ بالآخر میں نے صدر مرحوم کو فون کیا۔ ان کو فون کرنے کا طریقہ عموماً یہ ہوتا تھا کہ آپریٹر فون کرنے والے کا نام اور نمبر لکھ لیتا تھا' جب

صدر صاحب کو وقت ملتا' وہ دوبارہ فون کیا کرتے تھے اور چونکہ عموماً وہ رات گئے کاموں سے فارغ ہوتے تھے اس لئے فون کا جواب اکثر رات کو بارہ بجے کے بعد' کبھی ایک بجے' کبھی دو بجے آیا کرتا تھا۔ جو لوگ ان کو فون کیا کرتے تھے' ان کو یہ بات معلوم تھی' اس لئے وہ دیر تک جاگنے کا ارادہ لیکر ہی فون کرتے تھے۔ لیکن اس روز بارہ بجے سے پہلے ہی فون آگیا۔

صدر صاحب نے علیک سلیک کے بعد پوچھا : "فرمایئے کیسے یاد فرمایا؟" میں نے عرض کیا کہ "میں آج ہی سوڈان سے واپس پہنچا ہوں' اور یہاں پہنچ کر ایک انتہائی تکلیف دہ بات کی اطلاع ملی ہے کہ اس پر افسوس کے اظہار کے لئے میرے پاس الفاظ نہیں ہیں"۔

ابھی میں اتنا ہی کہہ پایا تھا' اور اس تکلیف دہ بات کی وضاحت بھی نہیں کر سکا تھا کہ دوسری طرف سے آواز آئی۔

"مولانا! وہ بات تو ختم ہوگئی"۔

میں نے عرض کیا : "کون سی بات؟"۔

کہنے لگے : "آپ اسی مقابلے کے بارے میں فرمانا چاہتے ہیں جو کل منعقد ہونے والا تھا؟"

میں نے کہا : "جی ہاں" کہنے لگے "میں اسی کو کہہ رہا ہوں کہ وہ ختم ہوگیا۔"

میں نے مزید اطمینان کے لئے تصدیق چاہی کہ : "آج شام تک تو منسوخی کی کوئی اطلاع نہیں تھی؟"

فرمانے لگے : "ہاں مگر اب وہ نہیں ہوگا' آپ بالکل مطمئن رہیں۔"

اس کے بعد سوڈان کے سفر کے بارے میں پوچھتے رہے' اور پھر بات ختم ہوگئی۔ صبح اخبار آیا تو اس میں اس پروگرام کی منسوخی کی خبر موجود تھی۔

غرض اس قسم کی نہ جانے کتنی چھوٹی چھوٹی باتیں ان سے ملاقات یا گفتگو کے نتیجے میں درست ہوئیں اور کم از کم یہ بات تو تھی ہی کہ ان سے ملک کے دینی حالات کے بارے میں کوئی بات کہنے میں کوئی تکلف نہیں تھا۔ کوئی بات ان کی رائے کے کتنے خلاف ہو' لیکن وہ اسے ٹھنڈے دل سے سنتے تھے اور دینی معاملات میں اپنی کسی رائے پر ہر حال میں جمے رہنے کا معمول نہیں تھا۔

ان کے یہ محاسن شمار کرنے سے ہرگز یہ مقصد نہیں ہے کہ وہ اسلامی اعتبار سے کوئی

آئیڈیل حکمران تھے' نہ خود ان کو کبھی یہ دعویٰ ہوا' اور بلاشبہ ان کے زمانے میں بہت سے سخت قابل اعتراض امور بھی سامنے آتے رہے' جن پر دینی اعتبار سے تنقید ہوتی رہی' بعض دینی معاملات میں محسوس ہوتا تھا کہ خود ان کا ذہن صاف نہیں ہے' بعض اہم معاملات کی طرف سے بے توجہی اور بعض غیر اہم معاملات پر زیادہ توجہ کی بھی شکایت رہتی تھی' اور ان کی بعض پالیسیاں ایسی بھی تھیں جو آج تک سمجھ میں نہیں آسکیں۔ بلکہ میرا معاملہ تو یہ رہا کہ ان سے گفتگو کے دوران زیادہ تر حکومت کے مختلف اقدامات پر تنقید ہی کا پہلو غالب رہتا تھا' لیکن بحمد اللہ یہ تنقید خالص دینی نقطہ نظر سے ہوتی تھی اور یہ بات کتنی سخت کیوں نہ ہو' خیر خواہی کے جذبے سے ہوتی تھی۔ اور یہ بات مد نظر رہتی تھی کہ سابق اور آئندہ متوقع حکمرانوں کے مقابلے میں دینی اعتبار سے وہ اس دور میں بہت مغتنم حکمران ہیں' اور محض اس بنا پر ان کے اچھے اقدامات کی مخالفت میں جائز نہیں سمجھتا تھا کہ وہ جمہوری انتخاب کے بغیر بر سر اقتدار آئے ہیں۔

ہمارے ملک میں پارلیمانی انداز جمہوریت کو ایک فیشن کے طور پر آئیڈیل نظام حکومت قرار دے لیا گیا ہے' اور ہماری چالیس سالہ تاریخ یہ رہی ہے کہ جو لوگ حکومت میں آگئے' وہ یہ دعویٰ کرتے رہے کہ انہوں نے جمہوریت قائم کر دی ہے' اور جو لوگ حکومت سے باہر رہے' وہ اس بات پر احتجاج کرتے رہے کہ جمہوریت کو کچل دیا گیا ہے' اور جب تک وہ بر سر اقتدار نہیں آجائیں گے' جمہوریت بحال نہیں ہو سکے گی۔ اسی جمہوریت کو کچلنے کی وجہ سے جس طبقے کو اقتدار سے اتارا گیا' اترنے کے بعد وہی طبقہ پھر جمہوریت پرستوں کے حلقے میں شامل ہو جاتا ہے' اور دوسرے جمہوریت پسند جو کل تک اسے جمہوریت دشمن قرار دیتے آئے تھے' اب جمہوریت کی بحالی کے لئے اسے اپنے سر پر بٹھانے کے لئے تیار ہو جاتے ہیں۔

اس سیاسی کھیل سے تو راقم کو کبھی دلچسپی نہیں رہی' لیکن یہ درست ہے کہ صدر مرحوم معروف جمہوری طریقوں سے بر سر اقتدار نہیں آئے تھے' بلکہ ان کا بر سر اقتدار آنا اس تحریک کا منطقی نتیجہ تھا جو سیاست دان حضرات نے بھٹو صاحب مرحوم کو اتارنے کے لئے چلائی تھی۔ لیکن جتنی "جمہوری حکومتوں" کا اب تک ہم نے تجربہ کیا ہے' صدر مرحوم کی حکومت کا دور بحیثیت مجموعی ان سے زیادہ شریفانہ دور تھا' جس میں سیاسی مخالفین کے

ساتھ اس طرح کا تشدد روا نہیں رکھا گیا جو پچھلی حکومتوں میں عام تھا۔ حکومت اور اس کے اقدامات پر کھلے عام تنقید' بلکہ تنقیص تک' ہوتی رہی مگر محض اس کی بنا پر کسی کو اپنے انسانی حقوق سے محروم نہیں کیا گیا' بلکہ سیاسی حریفوں کے لئے کبھی کوئی ثقیل لفظ بھی صدر مرحوم کی طرف سے کم از کم مجھے یاد نہیں۔

ان کے مخالفین نے ان کے خلاف عیب جوئی کا کوئی دقیقہ نہیں چھوڑا' لیکن آج تک کوئی شخص یہ الزام عائد نہیں کرسکا کہ انہوں نے اقرباء پروری یا ذاتی زراندوزی کے لئے منصب صدارت کو استعمال کیا۔ ان کے بیٹوں کے نام تک قوم کو ان کی شہادت کے بعد معلوم ہوئے' ان کے بھائی آخر دم تک عام دکان میں ملازمت کرتے رہے۔

تقریباً دو ماہ پہلے کی بات ہے' ایک سفر کے دوران جہاز میں کسٹم کے ایک ڈائرکٹر میرے ہم سفر ہو گئے' گفتگو کے دوران وہ اپنی کچھ مشکلات بیان کرنے لگے کہ ہم اگر اونچے سرکاری افسران یا ارکان پارلیمنٹ کا سامان کبھی کھول کر چیک کرلیں تو ہماری شامت آجاتی ہے' حالانکہ صدر مملکت کے سوا ہمیں قانوناً ہر شخص کے سامان کی چیکنگ کا اختیار حاصل ہے۔ البتہ ملک میں ایک شخص ہے جو غیر ملکی سفر سے واپسی پر اپنے سامان کی چابیاں کسٹم آفیسر کے حوالے کرنیکا حوصلہ رکھتا ہے' اور وہ ہے صدر ضیاء الحق۔ وہ چیکنگ سے مستثنیٰ ہونے کے باوجود کہہ دیتا ہے کہ اگر کوئی سامان ڈیوٹی کے لائق ہو تو میرے اے ڈی سی سے وصول کرلینا اور ایک مرتبہ اس نے اپنے ہم سفروں کے سامان کی چیکنگ کی بھی ہدایت کردی تھی تو اس روز تقریباً دس بارہ عدد ایسے تھے جن کو کسی نے اپنی ملکیت تسلیم کرنے سے انکار کردیا۔

مرحوم نے اگرچہ ٹیلی فون کے ذریعے گفتگو اور شخصی طور پر ملاقات کے ایسے مواقع فراہم کر رکھے تھے جو طویل رسمی طریق کار سے مبرا تھے' لیکن میں نے ان کو شدید دینی ضرورت کے سوا کبھی استعمال نہیں کیا۔ چنانچہ ان سے شخصی ملاقاتیں بہت زیادہ نہیں ہوئیں' ان کے ساتھ جو حالات و واقعات گزرے' ان سب کی تفصیل اور ان پر تبصرہ اس وقت مقصود نہیں' اس وقت اجمالی طور پر ان کے محاسن اور اپنے ان جذبات کا اظہار مقصود تھا جو ان کی زندگی میں کبھی ذکر کرنے کا موقع نہیں ملا۔

ان سے میری آخری ملاقات اس وقت ہوئی جب انہوں نے شریعت آرڈی نینس کے

سلسلے میں مشورے کے لئے اسلام آباد آنے کی دعوت دی' اس موقع پر دو دن تقریباً پورے کے پورے ان کے ساتھ آرڈی ننس کے مختلف پہلوؤں پر گفتگو میں گزرے۔ اگر چہ بے شمار اندرونی اور بیرونی مسائل کی وجہ سے ان پر اس زمانے میں کام کا بہت دباؤ تھا' لیکن وہ حسب معمول صبح نو سے شام تک پوری یکسوئی کے ساتھ شریعت آرڈی ننس پر بحث میں مصروف رہے۔ بحث کی تکمیل کے بعد دوسرے حضرات آرڈی ننس کی تبییض کے انتظار میں ایک دن مزید رکے' لیکن میں بعض مصروفیات کی بنا پر دو روز بعد صدر صاحب سے اجازت لے کر چلا آیا۔ چلتے وقت حسب معمول وہ دروازے تک پہنچانے کے لئے آئے' شریعت آرڈی ننس کے بعد بعض دوسرے امور کے لئے بھی مختصر مشورہ کیا' اور فرمایا کہ میں ان معاملات کو بھی آخری شکل دینا چاہتا ہوں' اور اس کے لئے آپ کو پھر زحمت دینا چاہوں گا۔ میں نے ہامی بھرلی' لیکن کسے معلوم تھا کہ یہ ان کے ساتھ آخری ملاقات ہے' اور اب اسلام آباد آنے کی "زحمت" وہ کسی اور عنوان سے دینے والے ہیں۔

۳ر محرم ۱۷ر اگست کو مغرب کے بعد میں گھر آیا تو میرے بھتیجے مولوی زبیر اشرف سلمہ نے بتایا کہ "ناظم آباد سے ایک خاتون کا فون آیا تھا' وہ روتی ہوئی یہ خبر دے رہی تھیں کہ صدر ضیاء الحق صاحب کسی طیارے کے حادثے میں شہید ہو گئے ہیں۔" دل پر ایک دھکا سا لگا' لیکن اس قسم کی خبریں پہلے بھی کئی مرتبہ اڑ چکی تھیں' خبر کا ذریعہ بھی کچھ مصدقہ نہ تھا' میں نے دل ہی دل میں خبر کی تردید کی کوشش کی' مگر زبیر میاں نے کہا "میں نے جنگ کے دفتر میں فون کیا تھا' انہوں نے بتلایا کہ ہمارے پاس بھی اس قسم کی اطلاعات آئی ہیں' مگر ہم ابھی تصدیق کر رہے ہیں"۔ پانچ دس منٹ بعد ریڈیو کی خبریں ہونے والی تھیں' آٹھ بجے ریڈیو کھولا تو پہلی ہی خبر دل چیرتی چلی گئی۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

گیارہ سال کے دوران مرحوم کی دعوت پر یا ان کے چھیڑے ہوئے کاموں کے سلسلے میں شاید سینکڑوں بار اسلام آباد جانا آنا ہوا' لیکن ۶ محرم ۲۰ اگست کی صبح اسلام آباد کا سفر کچھ عجیب و غریب کیفیات کا حامل تھا۔ جہاز میں اور بھی بہت سے لوگ شہید مرحوم کے جنازے میں شرکت کے لئے جا رہے تھے' میں برادر محترم حضرت مولانا محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہم کے ہمراہ تھا' لیکن راستہ بھر ایک سوگوار سکوت طاری رہا۔ اسلام آباد اترے تو وہاں بھی ماحول انتہائی اداس تھا۔

ہم نے پہلے صدر مرحوم کے اہل خانہ کی تعزیت کے لئے ان کے گھر جانا چاہا' لیکن وہاں ایک عجیب عالم نظر آیا۔ مکان کے ایک دروازے پر غریب اور پھٹے پرانے کپڑوں میں ملبوس خواتین کا ایک انبوہ جمع تھا' اور اس میں مسلسل اضافہ ہو رہا تھا' دوسرے دروازے پر مردوں کا یہی عالم تھا' اور آنے جانے والوں کی قطار لگی ہوئی تھی' معلوم ہوا کہ میت ابھی ابھی گھر پہنچی ہے' اس لئے اندازہ ہوا کہ اندر گھریلو ماحول ہوگا' ہم نے اس موقع پر اندر جانا مناسب نہ سمجھا اور قیامگاہ پر آگئے' لیکن راستہ بھر لوگوں کے ٹھٹھ کے ٹھٹھ کھڑے دیکھے جو شاید اس انتظار میں کھڑے تھے کہ میت یہاں سے گزرے گی۔

نماز جنازہ فیصل مسجد میں ہونی تھی' خیال یہ تھا کہ ہجوم خاصا ہوگا' اس لئے ہم کافی پہلے راولپنڈی سے روانہ ہوئے اور ایئرپورٹ کی طرف سے اسلام آباد جانے والی سڑک پر پہنچے' ابھی مری روڈ تک پہنچنے سے پہلے آدھا راستہ باقی تھا کہ سڑک پر دونوں طرف پیدل چلنے والوں کا ایک نہ ختم ہونے والا ہجوم نظر آیا' یہاں سے فیصل مسجد آٹھ نو میل سے کم نہیں ہوگی لیکن' یہ لوگ تپتی ہوئی دھوپ کی پروا کئے بغیر پیدل لپکے ہوئے جا رہے تھے۔ مری روڈ عبور کرنے کے بعد اس تعداد میں بہت اضافہ ہوگیا۔ اور زیرو پوائنٹ تک پہنچتے پہنچتے گاڑی کا چلنا مشکل ہوگیا۔ یہاں سے چھتوں تک لدی ہوئی بسیں اور ویگنیں بھی ان گنت تعداد میں نظر آنے لگیں۔ اور ابھی فیصل مسجد دو ڈھائی میل دور تھی کہ عام ٹریفک نے لوگوں کو وہیں اتارنا شروع کردیا اور سڑک پر چلنے کی جگہ نہ رہی' ہماری گاڑی رینگ رینگ کر آگے سرکتی رہی' یہاں تک کہ جب ہم فیصل مسجد کے مین روڈ پر پہنچے تو سڑک بالکل بلاک تھی' اور چاروں طرف حد نظر تک انسانی سروں کا سمندر ٹھاٹھیں مار رہا تھا۔ جس کی انتہا نظر نہیں آتی تھی۔ فیصل مسجد میں عمارت کے اندر ایک لاکھ نمازیوں کی گنجائش ہے' اور اس سے ملحق سبزہ زاروں میں چار لاکھ انسان نماز پڑھ سکتے ہیں اور فیصل مسجد انسانوں کے اس سمندر میں ایک چھوٹی سی عمارت محسوس ہوتی تھی' لہٰذا حاضرین کا اندازہ دس سے پندرہ لاکھ تک کا تھا۔ یہ بات بھی واضح اور بدیہی تھی کہ ان لاکھوں افراد کو کوئی زمیندار' کوئی صنعت کار یا کوئی حاکم زبردستی یہاں نہیں لایا۔ حکومت کی طرف سے جنازے میں شرکت کے لئے کوئی خصوصی انتظام نہیں تھا۔ فیصل مسجد جیسی دور دراز جگہ تک لوگوں کو پہنچانے کے لئے انتظامات بالکل ناکافی تھے' اگرچہ اس روز بس مالکان نے بسیں کرایہ کے بغیر چلائیں' اور ان

کا کوئی ایسا حصہ جہاں پاؤں رکھنے کی جگہ ہو' خالی نہیں رہا' لیکن یہ تمام بسیں مل کر بھی مجمع کو منتقل کرنے کے لئے ناکافی تھیں' اور ہزاروں افراد تپتی ہوئی دھوپ میں بارہ بارہ پندرہ پندرہ میل سے پیدل چل کر فیصل مسجد پہنچے' جن میں بوڑھے' کمزور اور معذور افراد بھی شامل تھے۔

انسانوں کا یہ انبوہ جس کی نظیر میدان عرفات یا کراچی میں امام کعبہ کی نماز جمعہ کے علاوہ مجھے کبھی یاد نہیں' اس ایک شخص کو الوداع کہنے آیا تھا جس کی اپنی کوئی جماعت نہیں تھی' اور جس کے بارے میں کہا جاتا تھا کہ عوام اس کے ساتھ نہیں ہیں' یہ سب لوگ کسی ایک لڑی میں پروئے ہوئے نہیں تھے' مگران کا نظم وضبط قابل دید تھا۔ خاموش' پرسکون اور سوگوار کوئی شور نہیں' کوئی جھگڑا نہیں' کوئی دھکا پیل نہیں' ہاں بے شمار لوگوں نے شہید مرحوم کے ساتھ اپنی محبت وعقیدت کے اظہار کے لئے بینر اٹھا رکھے تھے' جن میں سے اکثر ہاتھ کے لکھے ہوئے تھے۔ ان بینروں پر بڑے پر اثر جملے تحریر تھے اور ایک بینر پر تو ایک شعر میں اس سوگوار فضا کا نقشہ کھینچ کر رکھ دیا تھا' اس پر لکھا تھا کہ۔

بچھڑا کچھ اس ادا سے کہ رت ہی بدل گئی
اک شخص سارے شہر کو ویران کرگیا

ہم نے ہجوم کی وجہ سے نماز جنازہ سڑک پر کھڑے ہو کر ادا کی' نماز کے بعد تدفین کے وقت کسی طرح قبر کے قریب پہنچنے اور مٹی دینے کا موقع ملا۔ جس سے ملو' وہ آبدیدہ تھا' بعض ایسے حضرات جو زندگی میں مرحوم کو برا بھلا کہا کرتے تھے' انہیں بچوں کی طرح روتے دیکھا' بہت سے علماء' صحافیوں اور اہل فکر سے ملاقات ہوئی' ان سب کو ہاتھ ملتے ہوئے پایا۔ ایک معروف عالم اور سیاسی رہنما کے الفاظ یہ تھے کہ: "اس قوم نے اللہ کی اس نعمت کی قدر نہ کی' اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تم اس نعمت کے لائق نہیں ہو' اس لئے وہ واپس لے لی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

اللہ تعالیٰ نے مرحوم کو شہادت کی نعمت سے سرفراز فرمایا۔ اگر یہ حادثہ کسی تخریب کاری کا نتیجہ تھا' جیسے کہ ظاہر یہی ہے' تو یہ پہلے درجے کی شہادت ہے' جس پر دنیا اور آخرت

دونوں میں شہادت کے احکام جاری ہوتے ہیں' ورنہ اخروی احکام کے لحاظ سے تو شہادت میں کوئی شبہ ہی نہیں ہے۔ دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی حسنات پر بہترین صلہ عطا فرمائے' سیأت کی مکمل مغفرت فرمائے۔ پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے' اور ملک و ملت کو ان کا نعم البدل عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

صدر مرحوم کی شہادت پر ملک کی تاریخ کا ایک دور ختم ہوگیا۔ اب ملک اور اس کے عوام کے لئے سب سے بڑا چیلنج یہ ہے کہ مرحوم نے ملک میں نفاذ اسلام کی حرکت کو جس منزل تک بھی پہنچایا تھا' قوم اس کے تحفظ و بقاء اور اس کو آگے بڑھانے کے لئے کیا کرتی ہے؟ مغربی جمہوریت کے راستے سے نفاذ اسلام کی جدوجہد کرنے والوں کے خیال میں صدر مرحوم نفاذ اسلام کی راہ کا ایک کانٹا تھے' آج یہ کانٹا نکل گیا' اب ان کے لئے میدان صاف ہے' جن لوگوں کے خیال میں مرحوم نفاذ شریعت کی راہ میں رکاوٹ بنے ہوئے تھے' اب یہ رکاوٹ دور ہوگئی اب ان تمام حضرات پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ زیادہ صحیح' زیادہ مکمل' زیادہ پائیدار طریقے سے ملک میں شریعت نافذ کریں' اور کروائیں۔

اب تک سیاسی جماعتوں کی جدوجہد کا ایک ہی مرکزی نقطہ تھا' اور وہ تھا "صدر ضیاء کو ہٹانا" اللہ نے خود ہی انہیں اس طرح ہٹادیا کہ کسی جماعت کو ان کے ہٹنے کا کریڈٹ لینے کا موقع نہیں مل سکا۔ بہرحال! اب انہیں کوئی مثبت پروگرام پیش کرکے دکھانا ہوگا کہ ان کی جولانیوں کا میدان صرف نفی ہی نفی نہیں ہے۔

اسی طرح وہ لوگ جو صدر مرحوم کے بارے میں یہ سمجھتے تھے کہ واقعۃً ان کا مشن نفاذ اسلام ہے' اور اسی وجہ سے ان سے محبت رکھتے تھے' اب ان کا بھی یہی فریضہ ہے کہ وہ اس مشن کی تکمیل اور اس کو آگے بڑھانے کی فکر کریں' اور اس جدوجہد کے لئے کوئی دقیقہ فرو گزاشت نہ کریں۔ اس طرح دونوں قسم کے لوگوں پر اس وقت بہت بھاری ذمہ داری عائد ہوگئی ہے۔ جس سے اللہ تعالیٰ کی توفیق خاص کے بغیر عہدہ برآ ہونا ممکن نہیں۔

دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ تاریخ کے اس نازک موڑ پر اس قوم کی دستگیری و رہنمائی فرمائے' اور اسے وہ کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے جو اس کی رضا کے مطابق ہو اور جس کی ملک و ملت کو ضرورت ہے۔

موت و حیات اور سانحات و حوادث اس دنیا کے لوازم میں سے ہیں' کوئی شخص ہمیشہ

دنیا میں نہیں رہ سکتا۔ اگر قوم اپنی تاریخ اور پیش آنے والے واقعات سے سبق لیکر اپنے لئے صحیح راہ عمل طے کر سکتی ہو تو اس قسم کے حوادث اسے ڈگمگانے کے بجائے اس کے لئے مہمیز کا کام کرتے ہیں' اور وہ ان کے ذریعے اپنی جدوجہد کے کچھ اور زینے طے کر لیتی ہے' لیکن اگر خدانخواستہ واقعات سے صحیح سبق لینے کی بصیرت یا حوصلہ نہ ہو تو یہ مستقبل کے لئے شدید خطرے کی گھنٹی ہے' جس کا انجام بڑا ہولناک ہے۔ اللہ تعالیٰ اس ہولناک انجام سے مسلمانوں کی حفاظت فرمائے آمین ثم آمین۔

البلاغ جلد ۲۳ شمارہ ۲

# حضرت مولانا محمد ادریس صاحب میرٹھیؒ

مورخہ ۲۴ جمادی الثانیہ ۱۴۰۹ھ کو استاد محترم حضرت مولانا محمد ادریس صاحب میرٹھی رحمۃ اللہ علیہ' صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان بھی ہمیں داغ مفارقت دیکر اپنے مالک حقیقی سے جاملے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

حضرت مولانا رحمۃ اللہ علیہ اپنے مخلصانہ دینی جذبے' بے پناہ قوت عمل' دین کیلئے انتھک جدوجہد اور گوناگوں دینی وعلمی خدمات کے لحاظ سے ان شخصیات میں سے تھے' جو کسی بھی قوم کیلئے باعث فخر ہو سکتی ہے۔ آپ نے دارالعلوم دیوبند میں مشاہیر علماء دیوبند سے تعلیم حاصل کی' علوم مروجہ میں پختہ استعداد کے حامل تھے' لیکن ابتداء میں انہوں نے کسی دینی مدرسہ کو اپنا مرکز فیض قرار دینے کے بجائے السنہ شرقیہ کے سرکاری امتحانات کی تیاری کے لئے ایک ادارہ قائم کیا' جو "ادارہ شرقیہ" کے نام سے مدتوں خدمات انجام دیتا رہا اور غالباً یہ السنہ شرقیہ کی تدریس کا ممتاز ادارہ تھا' جس سے شاید ہزارہا لوگوں نے فائدہ اٹھایا اور عربی' اردو' فارسی کی معیاری تعلیم حاصل کی۔ لیکن کچھ عرصہ کے بعد مولانا کے جذبہ فیض رسانی کو یہ ذریعہ ناکافی معلوم ہوا' اور مولانا اس نتیجے پر پہنچے کہ دین کی ٹھوس خدمت کیلئے کسی دینی مدرسہ ہی میں رہ کر روایتی طریقے سے علوم اسلامیہ کی درس وتدریس ضروری ہے۔ چنانچہ مولانا نے بڑی جانی اور مالی قربانیوں کے ساتھ رفتہ رفتہ ادارہ شرقیہ کے کاموں کو سمیٹ کر ہمارے دارالعلوم میں تدریس کے فرائض انجام دینے شروع کردیئے۔

یہ وہ وقت تھا' جب ۱۳۷۷ھ (۱۹۵۷ء) میں دارالعلوم نانک واڑہ کی قدیم عمارت سے حالیہ جدید عمارت میں منتقل ہوا تھا' اس وقت دارالعلوم کے آس پاس نہ کورنگی کی آبادی تھی' نہ اس کا کوئی تصور' دارالعلوم کی زمین جنگلی جھاڑیوں اور ریتیلے ٹیلوں کے درمیان دو پختہ اور ایک زیر تعمیر عمارت پر مشتمل تھی۔ قریب میں ایک قدیم شرافی گوٹھ کے سوا کوئی آبادی نہ تھی۔ نہ بجلی تھی' نہ پانی' نہ ٹیلیفون اور شہر سے رابطہ کیلئے بس بھی ایک میل کے فاصلے سے ملتی تھی' اور یہ پورا فاصلہ لق ودق صحرا پر مشتمل تھا۔ مولانا کیلئے ادارہ شرقیہ کی

ذمہ داریوں کو یک لخت چھوڑنا ممکن نہیں تھا' اور اس لئے وہ دارالعلوم میں مستقل قیام بھی نہیں فرما سکتے تھے' چنانچہ انہوں نے دارالعلوم میں تدریس کیلئے روزانہ آمدورفت کا سلسلہ شروع کیا۔ شہر سے روزانہ دو بسیں بدل کر لانڈھی پہنچنا اور وہاں سے ایک ڈیڑھ میل کا فاصلہ اس طرح پیدل طے کرنا کہ ساتھ کتابیں بھی ہوتیں' اور چونکہ مولانا چائے اور پان کے نہ صرف عادی' بلکہ بلانوش تھے' اس لئے ساتھ چائے کا تھرماس بھی ہوتا' اور پان کا سامان بھی اور پھر کئی گھنٹے جم کر درس دینا اور بعد میں اسی طرح شہر واپس جانا' اور وہاں جاکر ادارہ شرقیہ کی ذمہ داریاں نبھانا روز مرہ کا معمول تھا' جسے دیکھ کر ہم نوجوانوں کو بھی پسینہ آتا تھا' اور یہ معمول ایک دو دن یا چند ماہ نہیں' مسلسل چار سال تک جاری رہا' اور اس ساری مشقت کے صلے میں مولانا نے کوئی مالی معاوضہ لینا گوارہ نہیں فرمایا۔

برادر محترم جناب مولانا محمد رفیع عثمانی صاحب اور احقر کو یہ شرف حاصل ہے کہ اسی زمانہ میں ہم نے دیوان حماسہ حضرت مولانا سے پڑھا۔ مولانا بڑے لطیف ادبی مذاق کے حامل تھے' اور واقعہ یہ ہے کہ ان کے دیوان حماسہ کے درس کی حلاوت ۳۳ سال گزر جانے کے بعد بھی قلب و ذہن میں اسی طرح تازہ ہے اور دیوان حماسہ کے اشعار ان کے مخصوص انداز و آہنگ اور آواز کی اسی گھن گرج کے ساتھ آج بھی کانوں میں گونجتے ہیں' اور بہت سے اشعار کی تشریحات اور اس کے ذیل میں بتائے ہوئے افادات اس طرح یاد ہیں' جیسے کل ہی ان سے یہ درس لیا ہو۔ درس کی یہ تاثیر بہت کم اساتذہ کے حصے میں آتی ہے کہ طالب علم کو سالہا سال گزرنے پر بھی اس کی چھوٹی چھوٹی باتیں ہی نہیں' استاد کا لب و لہجہ بھی مستحضر رہ جائے۔

مولاناؒ اپنے حماسہ کے درس میں الفاظ کی لغوی تحقیق اور نحوی ترکیب کے علاوہ شعر کے مختلف ممکن معانی پر بڑی تفصیل سے روشنی ڈالتے اور اس کے ذیل میں عربوں کی معاشرت' ان کی تاریخ' ان کے عادات و نفسیات' اور بالخصوص جاہلی اور اسلامی عہد کے درمیان پیدا ہونے والے فرق کی ایسی وضاحت فرماتے کہ طلبہ کے سامنے عرب کی خانہ بدوش اور قبائلی زندگی کا نقشہ کھنچ جاتا۔ جاہلیت کی شاعری میں مشاہدہ کی جو قوت اور ذہنوں کی نفسیاتی کیفیت کا جو بے ساختہ بیان پایا جاتا ہے' اس سے خود بھی لطف لیتے' اور پڑھنے والے کو اس لطف میں حصہ دار بناتے' چنانچہ اسی وقت سے حماسہ کے بیشتر اشعار جو مولانا

سے پڑھے تھے' کسی کوشش کے بغیر ازبر یاد ہو گئے تھے' اور آج بھی جب کبھی وہ اشعار پڑھتا ہوں تو مولانا کی تصویر آنکھوں میں پھر جاتی ہے۔

مولاناؒ بڑے بلند آواز بزرگ تھے' دار العلوم کی درس گاہوں اور دار الاقامہ کے درمیان کافی وسیع و عریض میدان حائل ہے' اور اس وقت اس میدان میں ٹیلوں اور جھاڑیوں کی بھی کثرت تھی' لیکن ہم دار الاقامہ میں بیٹھ کر درسگاہ سے مولانا کی آواز سنا کرتے تھے' اور اس طرح مولانا کی تشریف آوری کی اطلاع ہو جاتی تھی۔

دار العلوم کے اس دور افتادہ مقام کا' اور اس بے سروسامانی کے دور میں روزانہ شہر سے آکر کئی گھنٹے پڑھانا یقیناً مولانا کیلئے ایک شدید مجاہدہ سے کم نہ تھا' لیکن مولانا نے یہ مجاہدہ کئی سال جاری رکھا۔ پھر بالآخر حضرت مولانا سید محمد یوسف صاحب بنوری رحمتہ اللہ علیہ کے مدرسہ میں جو اب جامعۃ العلوم الاسلامیہ' بنوری ٹاؤن کے نام سے معروف ہے' تدریس شروع فرمادی' وہاں پہنچ کر مولانا نے رفتہ رفتہ "ادارہ شرقیہ" کے مشغلہ کو بالکل ختم ہی کر دیا اور ہمہ تن مدرسہ کے ہو کر رہ گئے۔ تدریس کے علاوہ مولانا انتظامی امور میں بھی حضرت مولانا بنوری صاحب قدس اللہ سرہ کے دست وبازو بنے رہے اور جب حضرت مولانا نے مدرسہ سے ماہنامہ "بینات" جاری کیا تو اس کے مدیر اور طابع و ناشر کی حیثیت سے مولانا ہی کو منتخب فرمایا۔

مولاناؒ کے دل میں یہ تڑپ عرصہ سے تھی کہ دینی مدارس جو درحقیقت برصغیر میں اسلام کے قلعوں کی حیثیت رکھتے ہیں' ان میں تعلیم کا نظم وضبط اور مستحکم اور معیاری ہونا چاہئے اور اس معاملہ میں مختلف مدارس کے درمیان جو تفاوت پایا جاتا ہے اس کو کم کرنا چاہئے۔ چنانچہ جب اس غرض کیلئے وفاق المدارس العربیہ کا قیام عمل میں آیا تو اگرچہ اس تنظیم کے رسمی مناصب پر تو اس وقت کے مشاہیر علماء حضرت مولانا خیر محمد صاحب رحمتہ اللہ علیہ' حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری صاحب رحمتہ اللہ علیہ اور حضرت مولانا مفتی محمود صاحب رحمتہ اللہ علیہ جیسے حضرات فائز رہے' لیکن اس بات کا اعتراف ان سب حضرات نے بارہا کیا کہ عملی طور پر وفاق کے کرتا دھرتا درحقیقت حضرت مولانا ادریس صاحبؒ ہی تھے' ہر تنظیم کی طرح وفاق بھی اپنی ابتداء میں وسائل کی قلت کا شکار تھا' اور مولانا محرری سے لیکر ڈاک کی ترسیل تک کے تمام کام تن تنہا انجام دیتے تھے' اور راتوں کو جاگ جاگ کر

یہ کام نمٹاتے۔

چنانچہ حضرت مولانا مفتی محمود صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کے بعد باتفاق آپ ہی کو وفاق المدارس کا صدر منتخب کیا گیا' اور اس عہدہ پر آپ آخر وقت تک فائز رہے۔

آپ ہی نے جامعۃ العلوم الاسلامیہ میں تخصص فی الحدیث کا سلسلہ شروع کیا' اور طلبہ سے مقالے لکھوانے اور ان کے مطالعے وغیرہ کی نگرانی کے فرائض نہایت عرق ریزی سے انجام دیئے۔ اسی دوران جب مرحوم صدر پاکستان محمد ایوب خان کے دور میں ادارۂ تحقیقات اسلامیہ' اسلام آباد اور اس کے ڈائریکٹر ڈاکٹر فضل الرحمٰن صاحب کی تجدد پسندانہ تحقیقات سامنے آئیں' جو درحقیقت تحریف دین کی سرحدوں کو چھو رہی تھیں تو مولانا نے "بینات" میں اس کے خلاف بڑے وقیع علمی مقالے تحریر فرمائے۔ اور ڈاکٹر مصطفیٰ سباعی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب "السنۃ ومکانتھا فی التشریع الاسلامی" کا ترجمہ فرمایا' جو "سنت کا تشریعی مقام" کے نام سے شائع ہوا' اور اس میں حدیث کی تشریعی حیثیت کے بارے میں سینکڑوں افراد کے دلوں سے شبہات کے کانٹے نکالے۔

حضرت مولانا کو حرمین شریفین کی حاضری کا والہانہ ذوق بھی تھا۔ اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کی قابلِ رشک توفیق بھی ملی' بیس پچیس سال سے ان کا یہ معمول قضا نہیں ہوا کہ وہ رمضان کا عشرہ اخیرہ حرمین شریفین میں گذارتے' اور پھر حج کیلئے دوبارہ تشریف لے جاتے' اس طرح سال میں دو مرتبہ کی حاضری ان کا لازمہ زندگی بن گئی تھی۔

سالہا سال سے ذیابیطس کے مرض کے باوجود ان کی قوت وہمت غیر معمولی تھی' لیکن اب چند سال سے ضعف بے حد بڑھ گیا تھا' چند قدم چلنا بھی دشوار ہو گیا تھا۔ اس کے باوجود پانچوں نمازوں میں صف اول کی حاضری آخر وقت تک جاری رہی' اور درس کی پابندی بھی آخر دم تک اس طرح باقی رہی کہ ٹھیک وفات کے دن بھی تفسیر جلالین کا درس دیا' اور آخری آیت جو طلبہ کو پڑھائی وہ تھی :

اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ۔

"بیشک نیک لوگ (جنت کی) نعمتوں میں ہونگے۔"

بس یہی وہ منزل تھی' جس کے حصول کیلئے عمر بھر کی تگ ودو جاری تھی۔ اور اسی پر پہنچ کر قدرت کی طرف سے ان کا کاروان حیات روک دیا گیا۔ بس اس کے چند ہی گھنٹوں بعد

ان کی روح انشاء اللہ جنت کی نعمتوں کی طرف پرواز کر گئی۔

جامعۃ العلوم الاسلامیہ کے ذمہ دار حضرات نے بڑا مناسب فیصلہ کیا کہ مولانا کی تدفین دارالعلوم کورنگی کے قبرستان میں کی جائے۔ چنانچہ ۲۵ جمادی الثانیہ کی شب میں یعنی شب جمعہ میں مولانا کی نعش مبارک دارالعلوم پہنچی' اور اس خاک میں دفن ہوگئی جہاں سے انہوں نے اپنی دینی مدارس کی زندگی کے سفر کا آغاز کیا تھا۔

اللّٰھمّ اکرم نزلہ ووسع مدخلہ، وابدلہ داراخیرا من دارہ واھلا خیرا من اھلہ، ونقّہ من الخطایا کما ینقی الثوب الابیض من الدنس۔

البلاغ جلد ۲۳ شمارہ ۷

# آہ! حضرت مولانا عبدالحق صاحب قدس سرہ

ابھی شہید مرحوم جنرل ضیاء الحق صاحب کا حادثۂ وفات تازہ تھا، اور ان کے بارے میں تفصیلی تاثرات لکھ کر فارغ ہوا تھا، اور وہ زیرِ کتابت تھے کہ ایک اور جانکاہ حادثے کی خبر نے ہلکان کردیا۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق صاحب قدس سرہ (بانی و مہتمم دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک) اس ملک کی ان گرانقدر شخصیتوں میں سے تھے جن کے تصور سے اس ظلمت بھرے دور میں دل کو ڈھارس اور قلب کو تقویت محسوس ہوتی تھی، اور جن کے خیال سے اپنے عہد کے افلاس کا احساس کم ہوتا تھا۔ آج ہم اس دلآویز اور دلنواز شخصیت اور ان کی برکات سے بھی محروم ہوگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

حضرت شیخ الحدیث صاحب قدس سرہ کی ذات والا صفات یادگار سلف تھی، علم و فضل اور طہارت و تقویٰ کے اوج کمال پر فائز ہونے کے باوجود وہ سادگی اور تواضع و انکسار کا ایسا پیکر مجسم تھے کہ عجب و پندار کے اس دور میں اس کی نظیر ملنی مشکل ہے۔ ان کا پرنور چہرہ دیکھ کر اللہ یاد آتا تھا، ان کی صحبت میں رہ کر قلب میں گداز اور آخرت کی فکر پیدا ہوتی تھی، اور محسوس ہوتا تھا کہ ہم سلف صالحین کے کسی بزرگ کی صحبت سے فیض یاب ہیں۔

طبعی طور پر حضرت موصوفؒ درس و تدریس اور علمی و تبلیغی مشاغل کے بزرگ تھے، سیاست اور اسٹیج کے نہیں۔ لیکن ایک دردمند صاحب دل کی طرح ملک و ملت کی بہبود کی فکر اور پاکستان میں نفاذ شریعت کی لگن بھی ان کی حیات طیبہ کا جزو لاینفک بن گئی تھی۔ چنانچہ اس لگن کی بنا پر انہوں نے اپنا گوشہ عزلت چھوڑ کر ملک کے سیاسی معاملات میں بھی فعال حصہ لیا، لیکن یہ سب کچھ دین اور صرف دین کیلئے تھا۔

حضرتؒ ایک طویل عرصے تک قومی اسمبلی کے رکن رہے۔ آپ آجکل کی انتخابی سیاست کے داؤں پیچ سے کوسوں دور تھے، اور ووٹ حاصل کرنے کیلئے جو ترکیبیں آج کی انتخابی سیاست کیلئے لازمی حیثیت رکھتی ہیں، ان سے بھی آپ کا کوئی واسطہ نہ تھا۔ لیکن محض اپنے اخلاص، للّٰہیت اور علم و تقویٰ کی بنا پر آپ اپنے حلقہ انتخاب میں وہ مقبولیت

عامہ رکھتے تھے کہ پے در پے کئی انتخابات میں آپ بھاری اکثریت سے کامیاب ہوئے' اور اپنے مقابلہ بڑے بڑے سیاسی پہلوانوں کو زیر کیا۔ ایک مرتبہ توصوبہ سرحد کا وزیراعلیٰ بھی آپ کے مقابل میں ناکام ہوا۔

اسمبلی میں آپ کی جدوجہد کا محور بھی صرف دین اور خالصۃً دین رہا' آپ معاصر سیاست کے ان کاموں میں کبھی نہیں الجھے جو اپنی کوشش کے اس بنیادی نقطے سے آپ کو ہٹا سکیں' حق کے اس بندے نے اسمبلی میں ہمیشہ حق کی آواز بلند کی' حق کا ساتھ دیا' اور محض سیاسی بنیاد پر بنی ہوئی دھڑے بندیوں میں اپنے آپ کو ملوث نہیں ہونے دیا۔ اور یہی وجہ تھی کہ آپ کی شخصیت ان چند گنی چنی شخصیتوں میں سے تھی جن کی مقبولیت اور جن کا حلقہ اثر حزب اقتدار اور حزب اختلاف کی تفریق سے نا آشنا تھا۔

ملک میں جب کبھی کوئی ایسا مسئلہ پید ہوا جس کا تعلق دین سے ہو' حضرت مولاناؒ نے اسمبلی میں اس سے متعلق خالص دینی نقطہ نظر سے اپنا موقف واضح کیا۔ حضرتؒ نے اسمبلی میں جو تقریریں فرمائیں' یا جو تحریکیں پیش کیں' ان میں سے کچھ کا ریکارڈ آپ کے فاضل صاحبزادے جناب مولانا سمیع الحق صاحب نے ایک کتاب میں مرتب فرما دیا ہے جو "قومی اسمبلی میں اسلام کا معرکہ" کے نام سے شائع ہوئی ہے۔

حضرتؒ ہمارے ملک میں مسلک علماء دیوبند کے علم برداروں میں سے تھے' اور اپنے عقیدہ و عمل میں پورا رسوخ رکھتے تھے' لیکن اس رسوخ اور تصلب کے باوجود آپ نے کبھی اپنے آپ کو فرقہ واریت میں ملوث نہیں ہونے دیا۔ آپ نے ہر اختلاف کو اختلاف کی حدود میں رکھنے کا وہ معتدل طریقہ اپنایا جو درحقیقت اکابر علماء دیوبند کا بنیادی وصف ہے۔ اپنے مسلک و مشرب کو مضبوطی سے تھامنے کے ساتھ ساتھ دین کے بلند اور مشترک مقاصد کے لئے دوسرے مکاتب فکر سے اشتراک عمل بھی جاری رہا' اور کوئی مخالف سے مخالف شخص بھی آپ پر فرقہ وارانہ تعصب کی تہمت نہیں لگا سکا۔

اور یہی وجہ ہے کہ آپ کی ذات ملک کے تمام دینی حلقوں کی نظر میں اپنے اخلاص وتقویٰ کی بنا پر ایک محترم مقام رکھتی تھی' اور آپ کی شخصیت پر مختلف مکاتب فکر اور متحارب گروہ جمع ہو جایا کرتے تھے۔ چنانچہ حال ہی میں "شریعت بل" منظور کرانے کی جدوجہد کیلئے ملک بھر کے مختلف الخیال عناصر کا جو "متحدہ شریعت محاذ" بنایا گیا' اس کا سربراہ

آپ ہی کو چنا گیا۔ اب ملک کے علماء میں کوئی دوسری شخصیت ایسی نہیں نظر آتی جس پر مختلف مکاتب فکر کے لوگ اس طرح بے کھٹکے متفق ہو جائیں۔

حضرت ؒ علمی میدان میں' جو آپ کا اصل میدان تھا' دارالعلوم دیوبند کے اکابر کے علم و فضل کے امین تھے۔ آپ نے اکوڑہ خٹک جیسے دور افتادہ قصبے میں "دارالعلوم حقانیہ" کی بنیاد ڈالی جو رفتہ رفتہ ملک کے ممتاز ترین دینی مدارس میں اعلیٰ مقام کا حامل بنا۔ آپ نے اس دارالعلوم کو خون جگر پلا کر پروان چڑھایا' اور آخر وقت تک اس میں درس حدیث کا سلسلہ جاری رکھا۔ یہاں تک کہ اسمبلی کی گھمبیر مصروفیات کے عین درمیان بھی تدریس حدیث کا یہ مبارک مشغلہ موقوف نہیں ہوا۔ آپ اکوڑہ خٹک سے اسلام آباد تک کا طویل فاصلہ کار میں' بلکہ بسا اوقات بسوں اور ویگنوں میں طے کر کے اپنے دونوں فرائض بحسن و خوبی نبھاتے رہے' اور اس کام کیلئے بڑھاپے کے دور میں جو مشقتیں آپ نے اٹھائیں' وہ ہم جیسے جوانوں کے لئے حیرت انگیز تھیں۔

آپ کا دورہ حدیث کا درس ملک کے ممتاز ترین دروس میں سے تھا جس میں ہر سال طلبہ کی تعداد سینکڑوں میں ہوا کرتی تھی' چنانچہ آپ کے شاگردوں کا سلسلہ چار دانگ عالم میں پھیلا ہوا ہے' آپ کے درس ترمذی کی تقریر کا ایک حصہ "حقائق السنن" کے نام سے شائع ہوا ہے' اس سے آپ کے درس کی عظمت' ہمہ گیری اور معیار تحقیق کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ خدا کرے کہ یہ تقریر مکمل طور پر شائع ہو جائے تو معلومات کا بیش بہا خزانہ ثابت ہوگی۔

آپ آخر وقت تک اکوڑہ خٹک کے ایک اندرونی محلے میں ایک نیم پختہ سے مکان میں مقیم رہے' اور اسی کے متصل ایک مسجد میں (جہاں ابتداء میں دارالعلوم حقانیہ کا آغاز ہوا تھا) جمعہ کا خطبہ دیتے رہے۔ آپ کا یہ خطبۂ جمعہ بھی انتہائی مفید اور مقبول تھا' اس کا خلاصہ ماہنامہ "الحق" میں ہر مہینے شائع ہوتا رہا ہے۔

جہاد افغانستان شروع ہوا تو ملک کے تمام دینی مدارس میں سے دارالعلوم حقانیہ غالباً وہ پہلا مدرسہ تھا جس کے فضلاء نے حضرت مولاناؒ کے زیر ہدایت اس جہاد میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا' اور نمایاں کامیابیاں حاصل کیں۔

راقم الحروف کے ساتھ حضرت مولاناؒ کا مشفقانہ تعلق لفظ و بیان سے ماورا تھا۔ ان کی خدمت و صحبت میں پہنچ کر شفقت پدری کی ٹھنڈک محسوس ہوتی تھی۔ پہلے پہل احقر کو ان

کی زیارت کا موقع ۱۹۵۶ء میں ملا۔ والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرہ نے ملک میں اسلامی دستور کے لئے جدوجہد کرنے کی خاطر جمیعۃ علماء اسلام کو منظم کرنے کیلئے کراچی سے پشاور تک کا طوفانی دورہ کیا' اس دورے میں آپ کے ساتھ حضرت مولانا محمد متین خطیب صاحب رحمتہ اللہ علیہ بھی شریک تھے' برادر محترم حضرت مولانا محمد رفیع عثمانی صاحب مد ظلہم اور احقر بھی آپ کے ہمراہ رہے۔ اس موقع پر اکوڑہ خٹک میں قیام حضرت مولاناؒ کے مدرسے میں ہوا' وہیں پہلی بار آپ کی زیارت ہوئی' اور پہلی ہی زیارت میں دل پر یہ تاثر قائم ہوا کہ گویا دنیا ہی میں کسی فرشتے کی زیارت ہو رہی ہے۔ سرخ وسفید نورانی چہرہ' چہرے پر بلا کی معصومیت' گفتگو سے پھول جھڑتے ہوئے' انداز و ادا میں وہ نورانیت کہ جیسے اس دنیائے دوں کی آلائشوں سے دامن کبھی آلودہ نہیں ہوا۔ یہ حسین اور منور چہرہ اسی وقت سے دل پر نقش ہو گیا۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے بارہا حضرتؒ کی زیارت وصحبت کے مواقع نصیب فرمائے' اور ہر بار یہ نقش پختہ ہوتا چلا گیا۔ حضرتؒ کے لائق وفاضل فرزند جناب مولانا سمیع الحق صاحب سے احقر کے بے تکلف برادرانہ تعلق کی وجہ سے حضرتؒ اس ناکارہ پر بھی ایسی ہی شفقت فرماتے جیسے اولاد پر ہوتی ہے' اور ان کے سایۂ شفقت میں پہنچ کر دل کو ایک عجیب سکینت نصیب ہوتی تھی۔

علم وفضل کے دریا جذب کر لینے کے باوجود اپنے آپ کو کچھ نہ سمجھنے کی البیلی ادا ہمارے بزرگوں کا طرۂ امتیاز رہی ہے' اور یہ وصف حضرت مولاناؒ میں اس درجہ زیادہ تھا کہ بعض اوقات حیرت ہو جاتی تھی' اور مخاطب شرم سے پانی پانی ہو جاتا تھا۔

غالباً ۱۹۷۲ء کی بات ہے' بھٹو صاحب مرحوم کا دور حکومت تھا' اور اسمبلی میں ۱۹۷۳ء والے دستور کا مسودہ زیر بحث تھا۔ حضرت مولاناؒ قومی اسمبلی کے رکن تھے' میرے پاس برادر محترم مولانا سمیع الحق صاحب کا خط آیا کہ حضرت مولاناؒ شرعی نقطہ نظر سے مسودہ دستور کا جائزہ لینا چاہتے ہیں' تاکہ اس میں ترمیمات پیش کر سکیں۔ حضرتؒ کا خیال ہے کہ اگر اس موقع پر تم بھی آجاؤ تو یہ کام مل جل کر کر لیا جائے۔ احقر کو یہ غلط فہمی نہیں تھی کہ حضرتؒ کو واقعتہً اس کام کے لئے میری ضرورت ہے' بلکہ زیادہ خیال یہ تھا کہ یہ مولانا سمیع الحق صاحب نے "تقریب بہر ملاقات" پیدا کرنے کا ایک لطیف حیلہ ایجاد کیا ہے۔ لیکن حضرتؒ

کی شفقت سے بہرہ ور ہونے اور ان کے کسی کار خیر میں برائے نام ہی سہی حصہ لگانے کو سعادت سمجھ کر احقر چلا گیا۔

میں جب اسلام آباد پہنچا تو اسمبلی کا اجلاس جاری تھا' برادر محترم مولانا سمیع الحق کے ہمراہ میں اسمبلی کی گیلری میں چلا گیا جہاں سے اسمبلی کی کارروائی دیکھی جاتی ہے۔ حضرتؒ نے کچھ دیر بعد نیچے سے گیلری کی طرف نگاہ اٹھائی' اور مولانا سمیع الحق صاحب کے ساتھ احقر کو بیٹھے دیکھا تو تھوڑی دیر کیلئے باہر نکل آئے' اور ہمیں بھی باہر آنے کا اشارہ فرمایا۔ ہم باہر پہنچے تو حضرتؒ نے گلے سے لگالیا اور احقر کو' جو ان کی اولاد اور شاگردوں کے برابر آنا اپنے لئے باعث فخر سمجھتا تھا' خطاب کرتے ہوئے بے ساختہ جو جملہ ارشاد فرمایا' وہ یہ تھا کہ "حضرت آپ نے بڑی شفقت فرمائی۔"

میں حضرتؒ کے چہرے کو دیکھتا ہی رہ گیا کہ وہ کیا الفاظ کس سے کہہ رہے ہیں؟ لیکن وہاں کسی تصنع یا تکلف کا نام ہی نہ تھا' وہ ایسے انداز سے بات کر رہے تھے جیسے میں نے ان کی خدمت میں حاضری دیکر ان کی کوئی ضرورت پوری کی ہے۔ اللہ اکبر! تواضع کا یہ مقام خال خال ہی کسی کو نصیب ہوتا ہے۔

الحمد للہ' اس کے بعد بھی بارہا حضرتؒ کی خدمت میں حاضری اور صحبت سے بہرہ ور ہونے کی سعادت حاصل ہوتی رہی اور ہمیشہ "من تواضع للہ۔" کا نظارہ سامنے آیا۔

اب سالہا سال سے ملک میں جب کبھی کسی اجتماعی دینی کام کا کوئی تصور کیا جاتا تو سب سے پہلے نظر حضرت مولاناؒ کی طرف جاتی تھی۔ عرصہ دراز سے حضرتؒ علیل چلے آتے تھے اور ضعف وعلالت کے باوجود اپنی غیر معمولی ہمت اور قوت ایمانی سے کام لیکر اپنے آپ کو متحرک اور فعال بنائے رکھتے تھے' لیکن صحت کے انحطاط کو دیکھتے ہوئے یہ خطرہ لگا ہوا تھا کہ یہ ٹمٹماتا ہوا چراغ کسی بھی وقت داغ مفارقت دے سکتا ہے۔ بالآخر یہ خطرہ اس ماہ حقیقت بنکر سامنے آگیا۔ حضرتؒ اس دنیا کے الجھیڑوں سے فراغت پاکر اپنے مالک حقیقی سے جا ملے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اللھم اکرم نزلہ ووسع مدخلہ وابدلہ دارا خیرا من دارہ واھلا خیرا من اھلہ۔ اللھم لا تحرمنا اجرہ ولا تفتنا بعدہ

حضرت مولاناؒ اپنی زندگی علم وعمل کے ہر میدان میں قابل رشک طریقے سے گذار گئے' اللہ تعالیٰ کی رحمت سے امید ہے کہ انشاء اللہ ان کی نئی زندگی راحت واطمینان کی زندگی

ہوگی' لیکن ان جیسی شخصیات کے اٹھنے سے ہم پسماندگان کے لئے جو مہیب خلا پیدا ہوتا ہے' وہ بڑی مشکل سے پر ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے کہ ان کے تربیت یافتگان بیشمار ہیں' خاص طور پر ان کے فاضل فرزند اور برادر محترم جناب مولانا سمیع الحق صاحب کو اللہ تعالیٰ نے ان کی خصوصی صحبت و تربیت سے سرفراز فرمایا ہے' وہ عالم شعور میں آنے کے بعد ان کی جدوجہد کے ہر مرحلے میں ان کے دست و بازو بنے رہے ہیں۔ انشاء اللہ وہ ان کی زندگی کے مشن کو جاری و ساری رکھیں گے۔ اللہ تعالیٰ انہیں اپنی توفیق خاص سے نوازیں' اور ان کے کندھوں پر جو گراں بار ذمہ داریاں آگئی ہیں' ان سے اپنی رضائے کاملہ کے مطابق عہدہ برآ ہونے کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین

حضرتؒ کی نماز جنازہ میں شرکت کی خواہش تھی' لیکن اطلاع ایسے وقت ملی کہ میں یہ سعادت حاصل نہیں کر سکا۔ لیکن جو حضرات اس نماز جنازہ میں شریک ہوئے ان کا بیان ہے کہ کسی نماز جنازہ میں علماء کا اتنا بڑا اجتماع پہلے کبھی نہیں دیکھا گیا۔

الحمد للہ' دارالعلوم کے تمام اساتذہ و طلبہ نے اسباق کی تعطیل کر کے نہایت عقیدت و محبت کے ساتھ حضرتؒ کی روح پر فتوح پر ایصال ثواب کا اہتمام کیا۔ قارئین سے بھی درخواست ہے کہ وہ حضرتؒ کے لئے دعائے مغفرت اور ایصال ثواب کو خود اپنی سعادت سمجھ کر انجام دیں۔

سبزہ نورستہ اس گھر کی نگہبانی کرے
فضل حق تیری لحد پر رحمت افشانی کرے

البلاغ، محرم ۱۴۰۹ھ

# مولانا محمدؒ مالک کاندھلوی صاحب ؒ

ماہ نومبر سے احقر کو پے در پے کئی طویل غیر ملکی سفر پیش آئے۔ میں کینیڈا میں تھا کہ میرے پیچھے ملک کے ممتاز اور مشہور عالم دین حضرت مولانا محمد مالک صاحب کاندھلوی رحمتہ اللہ علیہ کا حادثۂ وفات پیش آیا جس کی اندوہناک اطلاع مجھے پاکستان واپس پہنچ کر ملی۔ یہ خبر اتنی غیر متوقع اور ناگہانی تھی کہ شروع میں اس پر یقین نہیں آیا۔ مولاناؒ ماشاء اللہ بڑے صحت مند، چاق و چوبند اور ہشاش بشاش بزرگ تھے، عمر بھی اتنی زیادہ نہیں تھی اس لئے دور دور تصور نہیں تھا کہ وہ اتنی جلدی ہم سے رخصت ہو جائیں گے لیکن موت جس کا وقت لمحوں تک کے حساب سے کہیں اور طے ہو چکا ہے ہمارے تصورات اور خواہشات کی پابند نہیں ہے۔ اس کا فیصلہ وہ حاکم و حکیم ذات کرتی ہے جس کی مشیت ہمارے محدود دائرہ فکر سے ماوراء ہے۔ معلوم ہوا کہ خبر انتہائی المناک اور بڑی حیرت ناک ہونے کے باوجود درست ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

حضرت مولانا محمد مالک کاندھلویؒ برصغیر کے مایہ ناز عالم اور بزرگ حضرت مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلوی قدس سرہ کے فرزند ارجمند تھے۔ اور ان کے علم و فضل کے صحیح وارث۔ احقر نے انہیں سب سے پہلے اس وقت دیکھا جب (تقریباً ۱۳۷۳ھ میں) دارالعلوم نانک واڑہ میں قدوری اور کافیہ وغیرہ پڑھتا تھا۔ مولاناؒ اس وقت حضرت والد صاحب قدس سرہ کی خواہش پر دارالعلوم میں تدریس کے فرائض انجام دیتے تھے اور غالباً ابوداؤد یا ترمذی شریف کا درس ان کے سپرد تھا۔ احقر کو ان سے براہ راست استفادے کا موقع تو نہیں ملا لیکن درجے کے اعتبار سے یقیناً وہ احقر کے اساتذہ کے رتبے کے تھے۔

دارالعلوم میں ان کا قیام مختصر مدت کے لئے رہا لیکن ان کی خوش اخلاقی، خوش وضعی اور شفقت کا انداز ہمیشہ دل پر نقش رہا۔ اس کے بعد مولانا ٹنڈوالہ یار میں تدریس کے فرائض انجام دیتے رہے اور ایک طویل عرصہ تک وہاں درس حدیث دیا۔ بعد میں جب ان کے والد ماجد حضرت مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلوی قدس سرہ کا وصال ہوا تو جامعہ اشرفیہ لاہور میں اپنے والد کی جگہ صحیح بخاری کا درس آپ نے شروع فرمایا جو زندگی کے آخری دور تک جاری رہا۔

آپ کا صحیح بخاری کا درس بڑا مقبول درس تھا۔ ہر سال تقریباً ڈیڑھ سو طلبہ آپ کے درس میں شریک ہوتے تھے۔ حضرت مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلوی قدس سرہ کی درس حدیث کی مسند کو سنبھالنا کوئی معمولی بات نہیں تھی لیکن حضرت مولاناؒ نے ٹھوس علمی مذاق اپنے والد ماجدؒ سے وراثت میں پایا تھا اور ذوق مطالعہ بھی خوب تھا۔ چنانچہ آپ نے درس حدیث کے اس معیار کو بڑی حد تک برقرار رکھنے کی پوری کوشش فرمائی اور اسی کا نتیجہ تھا کہ دورۂ حدیث میں طلبہ کے رجوع و اقبال میں کوئی کمی نہیں آئی۔

تدریس کے علاوہ اپنے والد ماجدؒ کی طرح مولاناؒ کو تصنیف و تالیف کا بھی خاص ذوق تھا آپ کی بہت سی ٹھوس علمی کتابیں آپ کے صدقہ جاریہ کے طور پر باقی ہیں۔ حضرت مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلوی قدس سرہ اپنی حیات میں تفسیر معارف القرآن کی تکمیل نہیں فرما سکے تھے، مولاناؒ نے ماشاء اللہ اس کی تکمیل کا بیڑا اٹھایا اور تفسیر میں اپنے والد ماجدؒ کے رنگ کو برقرار رکھنے کی پوری کوشش فرمائی۔

اس کے علاوہ مولانا کی کتابوں میں "مناھل القرآن" بڑے پائے کی کتاب ہے جسمیں علوم قرآن کے موضوع پر بڑی گراں قدر مباحث اور معلومات جمع فرمائی ہیں اور شاید اردو میں علوم القرآن پر اتنی ضخیم کتاب کوئی اور نہیں ہے اس کے علاوہ "تاریخ حرمین" اور "اصول تفسیر" بھی آپ کی گراں قدر علمی یادگار ہیں جو اپنے اپنے موضوع پر وقیع تصانیف کی حیثیت رکھتی ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے تدریس و تصنیف کے ساتھ ملت کے اجتماعی مسائل کا درد اور ان کے ساتھ خاص شغف بھی عطا فرمایا تھا۔ چنانچہ اس سلسلے میں بھی آپ نے قابل قدر خدمات انجام دیں۔ آپ صدر ضیاء الحق صاحب شہید مرحوم کے دور میں مجلس شوریٰ اور پھر اسلامی نظریاتی کونسل کے بھی رکن رکین رہے۔ جامعہ اسلامیہ اسلام آباد اور متعدد تعلیمی اداروں کی ذمہ دار مجالس اور نصاب کمیٹیوں کے بھی رکن رہے اور ان تمام حیثیتوں میں دین کی دعوت و اشاعت کے لئے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا۔

آپ کے ذہن پر مدت سے اس بات کا تقاضا تھا کہ دینی مدارس کے فضلاء میں ایسے حضرات کی ایک کھیپ تیار کی جائے جو دعوت و ارشاد کی لگن رکھتی ہو اور اس مقدس فریضے کی انجام دہی کے لئے ان ہتھیاروں سے لیس ہو جو اس دور میں ایک داعی حق کے لئے

ضروری ہیں۔ چنانچہ اس مقصد کے لئے انہوں نے شمالی ناظم آباد کراچی میں ایک مستقل ادارہ اپنی عمر کے آخری حصے میں قائم فرمایا۔ جس کا بنیادی مقصد فارغ التحصیل طلبہ کو دعوت وارشاد کی تربیت دین اور اس سلسلے کی ضروری معلومات سے آراستہ کرنا تھا۔ افسوس ہے کہ ابھی یہ ادارہ اپنے ابتدائی مراحل ہی طے کر رہا تھا کہ وہ مولاناؒ کی سرپرستی اور نگرانی سے محروم ہوگیا۔

مولاناؒ بڑے متواضع، ملنسار، نفس کھ اور شفیق بزرگ تھے۔ آپ کی باتوں میں اپنے والد ماجدؒ کا علمی رنگ جھلکتا تھا، سنجیدگی اور متانت کے ساتھ عالمانہ خوش طبعی آپ کا خاص وصف تھا۔ آپ علمائے دیوبند کے مسلک اور مزاج پر سختی سے کاربند تھے لیکن فرقہ وارانہ تعصب سے بلند ہو کر دین کے مشترک مقاصد میں وحدت امت کے لئے ہمیشہ کوشاں رہے۔ چنانچہ دوسرے مسلک کے حضرات بھی آپ سے اختلاف رکھنے کے باوجود آپ کے علمی مقام اور دین کے لئے آپ کے خلوص کے قائل تھے۔ عبادات کا بھی اللہ تعالیٰ نے ذوق عطا فرمایا تھا اور علمی و اجتماعی مشاغل کے ساتھ عبادات کا اہتمام قابل رشک حد تک تھا۔

اس دور میں کوئی اجتماعی علمی یا دینی کام کرنا ہو تو اس کی انجام دہی کے لئے ملک کے جن چیدہ لوگوں کی طرف نگاہیں اٹھتی ہیں، مولاناؒ انہی میں سے تھے اور اس نازک دور میں ایسی شخصیت کا اٹھ جانا یقیناً ملت کا بہت بڑا نقصان ہے۔ ایسا خلا آج کے دور میں مشکل ہی سے پُر ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ مولانا مرحوم کی مکمل مغفرت فرما کر انہیں جوار رحمت میں مقامات عالیہ عطا فرمائیں اور پسماندگان کو صبر جمیل اور اجر جزیل عطا فرمائیں۔ آمین۔

البلاغ جلد ۲۳ شمارہ ۷

# حضرت مولانا امیر الزمان کشمیریؒ

تقریباً پانچ ماہ ہونے کو ہیں کہ میرے انتہائی شفیق اور محترم استاذ حضرت مولانا امیر الزمان صاحب کشمیری رحمتہ اللہ علیہ اللہ کو پیارے ہوگئے۔ آزاد کشمیر کے علمی اور دینی حلقوں کیلئے تو مولاناؒ کی ذات کسی تعارف کی محتاج نہیں تھی' پاکستان کے بھی اکثر دینی مدارس میں مولاناؒ اچھی طرح متعارف تھے' اور اپنے مخلصانہ دینی جذبے اور مجاہدانہ خیالات کے لئے مشہور و معروف۔ اللہ تعالیٰ نے جہاد فی سبیل اللہ کا جذبہ دل میں کوٹ کوٹ کر بھر دیا تھا' اور اسی جذبہ بیتاب کا نتیجہ تھا کہ وہ پاکستان بننے کے بعد ۱۹۴۸ء کے جہاد کشمیر میں بہ نفس نفیس شامل رہے۔ اور جب اس کے بعد حیدر آباد دکن میں انڈیا کی طرف سے پولیس ایکشن ہوا تو وہ ان ہزار ہا رضاکاروں میں شامل ہوگئے' جنہوں نے نہتے' اور بے سرو سامان ہونے کے باوجود انڈیا کے ٹینکوں کی مزاحمت کی تھی۔ آزاد کشمیر کے ایک باشندے کا حیدر آباد دکن جاکر اس جدوجہد میں شریک ہونا جہاد کے گرم جوش جذبے کے سوا اور کس چیز کا نتیجہ ہو سکتا ہے؟

سقوط حیدر آباد کے بعد مولاناؒ کراچی تشریف لے آئے تھے' اور میرے والد ماجدؒ کے شاگرد ہونے کے ناتے تقریباً روزانہ ہی ان کا ہمارے یہاں آنا جانا رہتا تھا۔ میں اس وقت بچہ تھا' اور قرآن کریم کی تعلیم کے بعد فارسی' عربی تعلیم کا مسئلہ سامنے تھا۔ لیکن اس وقت کراچی میں کوئی ایسا دارالعلوم نہیں تھا جہاں یہ مقصد حاصل ہو سکے۔ ہم اس وقت آرام باغ کے قریب رہتے تھے' اور حضرت والد صاحب قدس سرہ نے مسجد باب الاسلام میں ایک چھوٹے سے مکتب کی بنیاد رکھی تھی۔ جب مولانا امیر الزمان صاحب کشمیری رحمتہ اللہ علیہ کراچی تشریف لے آئے تو حضرت والد صاحبؒ نے وہاں ابتدائی فارسی عربی کی تعلیم کا آغاز بھی فرما دیا۔ مدرسہ امداد العلوم کے نام سے یہ چھوٹا سا مدرسہ باب الاسلام کے وضوخانے اور چھت پر کام کر رہا تھا۔

اسی زمانے میں احقر نے حضرت مولانا امیر الزمان صاحب کشمیری رحمتہ اللہ علیہ سے

فارسی کی کچھ کتابیں پڑھیں۔ مولاناؒ سبق بھی بڑے دلنشین انداز میں پڑھاتے' اور ساتھ ساتھ جہاد کشمیر اور حیدر آباد دکن کے واقعات بھی سناتے' اور اسی کا اثر تھا کہ بچپن کے اس عالم میں جہاد کا شوق دل میں پیدا ہوتا چلا گیا۔ اپنی شامت اعمال سے کبھی کسی جہاد میں عملی حصہ لینے کی نوبت تو نہیں آئی' لیکن پانچ وقت کی نمازوں میں یہ دعا ضرور شامل ہوگئی کہ یا اللہ! جہاد کی زندگی اور شہادت کی موت عطا فرما۔

اسی زمانے (۱۹۵۳ء) میں ملک بھر میں قادیانیوں کے خلاف تحریک ختم نبوت شروع ہوئی' مولانا امیر الزمان کشمیری صاحبؒ کے مجاہدانہ جذبے نے اس موقع پر یہ رخ تلاش کرلیا' اور مولاناؒ کراچی کی سطح پر اس تحریک کے روح رواں بنے رہے۔ اس راہ میں چوٹیں کھائیں' زخمی ہوئے اور بالآخر جیل چلے گئے۔ اور اس کے بعد "فتنہ مرزائیت" کے نام سے ردّ قادیانیت پر مفصل کتاب بھی تحریر فرمائی۔

حضرت والد صاحب قدس سرہ نے نانک واڑہ میں دارالعلوم کراچی کی باقاعدہ بنیاد رکھ دی تو جیل سے رہائی کے بعد مولاناؒ نے دارالعلوم میں تدریس کی خدمات انجام دینی شروع کردیں' اسی زمانے میں مختصر القدوری کا ایک معتدبہ حصہ احقر اور برادر مکرم حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہم العالی نے حضرت مولاناؒ ہی سے پڑھا۔

کچھ عرصہ کے بعد مولانا امیر الزمان صاحب رحمتہ اللہ علیہ اپنے وطن کشمیر چلے گئے' اور وہاں مدرسہ قاسم العلوم کے نام سے ایک مدرسے کی بنیاد رکھی۔ جو ماشاء اللہ تاحال سرگرم عمل ہے۔ کشمیر جانے کے بعد بھی مولاناؒ ہر سال رمضان کراچی میں گذارتے' اور اکثر قیام دارالعلوم ہی میں رہتا۔

کشمیر سے بھی خط وکتابت کا سلسلہ رہتا تھا' اور مولاناؒ ملک وملت سے متعلق مختلف دینی امور میں اپنے مشوروں سے نوازتے رہتے تھے۔ احقر کی کوئی تصنیف یا تحریر منظرعام پر آتی تو اس کے بارے میں ہمت افزائی بھی فرماتے' مشورے بھی دیتے' اور مختلف موضوعات پر لکھنے کی طرف متوجہ بھی فرماتے رہتے تھے۔

مولاناؒ اکابر علماء دیوبند کے عاشق تھے' تحریک پاکستان کے سلسلے میں علماء کے درمیان اختلاف رائے پیدا ہوا' لیکن مولاناؒ اس اختلاف رائے سے بے نیاز اپنے تمام بزرگوں کے ساتھ یکساں عقیدت ومحبت رکھتے' اور اگر کبھی کوئی شخص ان حضرات کے بارے میں کوئی

ثقیل جملہ کہہ دیتا تو مولاناؒ کے جلال و عتاب سے ان کی اس بے لوث اندرونی محبت کا اظہار ہوتا تھا جو اکابر علماء دیوبند کیلئے ان کی رگ و پے میں سرایت کر گئی تھی۔

اللہ تعالیٰ نے مولاناؒ کو صبر و شکر کی تصویر بنایا تھا' وہ اپنی مجاہدانہ زندگی کے دوران بہت سے سخت مصائب سے دوچار ہوئے' فقر و فاقہ برداشت کیا' مشقتیں جھیلیں' لیکن ان کے چہرے پر ہمیشہ ایک پر طمانیت تبسم جلوہ ریز دیکھا۔ دینی جدوجہد کے علاوہ مولاناؒ کی گھریلو زندگی ایک آزمائش سے کم نہ تھی۔ ان کے ایک صاحبزادے کو دودھ پینے ہی کی عمر میں کوئی بیماری لاحق ہوئی اور غالباً غلط علاج کے نتیجے میں بچے کی ذہنی نشوونما بند ہو گئی' بچے کی جسمانی بڑھوتری بدستور جاری رہی' لیکن ذہنی طور پر دو سال ہی کا بچہ رہا' سن بلوغ کو پہنچنے کے بعد بھی اس کی تمام حرکات و سکنات ایک شیر خوار بچے کی مانند تھیں۔ اپنے جگر گوشہ کی یہ ذہنی معذوری مولانا جیسے حساس باپ کے لئے ہر وقت سوہان روح تھی' لیکن انہوں نے جس صبر و استقامت کے ساتھ اس المیہ کا سامنا کیا وہ بذات خود ان کی عظمت کی دلیل ہے۔

چند سال پہلے کچھ ظالموں نے فرقہ وارانہ منافرت کی آگ بھڑکا کر ایک مسجد میں مولاناؒ پر حملہ کیا' اور اس طوفان بدتمیزی میں ایک لکڑی مولاناؒ کی آنکھ میں اس طرح لگی کہ آنکھ کی بینائی جاتی رہی۔ کشمیر اور راولپنڈی سے لیکر کراچی تک ہر مشہور ہسپتال میں اس کا علاج ہوا' کئی بار آپریشن بھی ہوئے' اور کئی کئی مہینے متواتر مولاناؒ ہسپتال میں داخل رہے' لیکن آنکھ کی وہ تکلیف نہ جانی تھی' نہ گئی۔ بلکہ اس دوران اور متعدد پیچیدگیاں پیدا ہوتی گئیں' ذیابیطس کی تکلیف پہلے سے تھی' بار بار کے آپریشنوں نے کمزور بھی بہت کر دیا۔ یہاں تک کہ بالآخر دل کی تکلیف بھی شروع ہو گئی۔ لیکن امراض و آلام کے اس ہجوم میں بھی انہیں کبھی شکایت کرتے تو کیا' گھبراتے بھی نہیں دیکھا۔ جب کبھی ملاقات ہوتی احقر کے جواب میں صحت کا مختصر ذکر کرنے کے بعد حسب معمول علمی' ذہنی اور اجتماعی موضوعات پر بات شروع کر دیتے' اور سننے والے کو یہ احساس بھی نہ ہونے دیتے کہ وہ کسی شدید تکلیف کا شکار ہیں۔

مولاناؒ سے آخری بار گذشتہ شوال میں مولاناؒ کے بھتیجے مولانا محمد طیب صاحب کے مکان پر ملاقات ہوئی' جہاں وہ بغرض علاج مقیم تھے۔ اس مرتبہ آنکھ اور ذیابیطس کے ساتھ شدید اختلاج قلب کی شکایت کا اضافہ ہو گیا تھا' لیکن حسب معمول چہرے پر تبسم کھیلتا رہا' اور وہ مختلف دینی موضوعات پر گفتگو فرماتے رہے۔

میں کسی سفر پر گیا ہوا تھا۔ واپسی پر یہ جانکاہ خبر ملی کے بالآخر مولاناؒ جہاد زندگی میں سرخرو ہو کر اپنے مالک کے حضور پہنچ گئے' اور ع

عمر بھر کی بے قراری کو قرار آہی گیا

انا للہ و انا الیہ راجعون۔

مولاناؒ کا حادثہ وفات مئی ۱۹۸۹ء میں پیش آیا' لیکن مجھے اس کی اطلاع کافی عرصہ کے بعد ملی' اللہ تعالیٰ کی رحمت سے امید ہے کہ انشاء اللہ انہوں نے تو دنیا کے اس جھنجھٹ سے نجات پا کر ابدی سکینت کی منزل حاصل کر لی' لیکن اس دنیا میں اخلاص' جہد و عمل' ملت کے درد اور صبر و استقامت کے ایسے پیکر کم پیدا ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں جوار رحمت میں اپنے مقامات قرب سے نوازیں' اپنی رضائے کاملہ سے سرفراز فرمائیں اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشیں۔ آمین

البلاغ جلد ۲۴ شمارہ ۴

# میرے مرحوم بھائی جناب محمد رضی عثمانی صاحبؒ

البلاغ کے پچھلے شمارے میں میرے مرحوم بھائی جناب محمد رضی عثمانی صاحب رحمتہ اللہ علیہ کے حادثۂ وفات کی خبر شائع ہو چکی ہے۔ برادر مرحوم اس وقت ہم چار بھائیوں میں سب سے بڑے تھے' اور ان کی وفات احقر کے لئے والدین کی وفات کے بعد سب سے بڑا حادثہ ہے۔ یوں تو اللہ تعالیٰ نے بھائی کا رشتہ ایسا بنایا ہے کہ اسے عرف عام میں قوت بازو کہا جاتا ہے' اور اپنا بھائی ہر شخص کو پیارا ہوتا ہے' لیکن برادر مرحوم کے ساتھ احقر کے تعلق کی نوعیت اس سے کہیں زیادہ تھی' اتنی زیادہ کہ اس کی پوری کیفیت کو بیان کرنے کیلئے مجھے کوشش کے باوجود موزوں الفاظ میسر نہیں آرہے۔ چنانچہ دنیا سے ان کے چلے جانے کے بعد اس بھری پری دنیا میں جو مہیب خلا محسوس ہو رہا ہے' اس کو کسی اور تعلق سے پر کرنا ممکن نظر نہیں آتا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

برادر مرحوم ہم سب بھائیوں میں سب سے زیادہ کم آمیز اور شہرت طلبی کے مواقع سے سب سے زیادہ دور واقع ہوئے تھے' اس لئے بظاہر ان کا حلقہ تعلقات بھی دوسرے بھائیوں کے مقابلے میں کم تھا' لیکن اس کے باوجود اللہ تعالیٰ نے انہیں ایسی ہر دلعزیزی سے نوازا تھا کہ جس شخص سے بھی ان کا تعلق قائم ہوا' وہ ان سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا۔ ان کی وفات پر ملک اور بیرون ملک سے تعزیتی خطوط اور پیغامات کا جو سلسلہ اب تک جاری ہے' اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ایک کم آمیز اور بظاہر الگ تھلگ ہستی نے کتنے بیشمار دل جیتے ہوئے تھے۔

بھائی صاحب مرحوم کی ولادت دیوبند میں ۱۳۵۰ھ میں ہوئی۔ اس وقت ہمارے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرہ دارالعلوم دیوبند میں تدریس اور افتاء کی خدمات انجام دیتے تھے۔ جس دن بھائی صاحب کی ولادت ہوئی اس روز حضرت والد صاحبؒ دارالعلوم میں سورہ مریم کی اس آیت کا درس دے رہے تھے جس میں حضرت زکریا علیہ السلام نے اپنے بیٹے (حضرت یحییٰ علیہ السلام) کیلئے اللہ تعالیٰ سے یہ دعا فرمائی تھی کہ

واجعلہ رب رضیا

"اور میرے پروردگار! اس بچے کو رضی (پسندیدہ) بنائیے گا۔"

اسی درس کے دوران حضرت والد صاحبؒ کو اطلاع ملی کہ ان کو اللہ تعالیٰ نے ایک بیٹا عنایت فرمایا ہے۔ اسی وقت حضرت والد صاحبؒ نے ارادہ فرمالیا تھا کہ ان کا نام "محمد رضی" رکھیں گے' چنانچہ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی صاحب قدس سرہ کے مشورے سے ان کا یہی نام رکھا گیا۔ پھر حضرت والد صاحبؒ نے اسی آیت سے ان کی تاریخ ولادت نکالی۔ چنانچہ مذکورہ آیت میں "بک" کے اضافے سے برادر مرحوم کی تاریخ ولادت نکل آتی ہے۔

بک ۲۲' واجعلہ رب رضیا ۱۳۲۸=۱۳۵۰ھ

ہوش سنبھالنے کے بعد بھائی صاحب مرحوم نے ابتدائی تعلیم دارالعلوم دیوبند میں حاصل کی۔ قرآن کریم اور ابتدائی اردو دینیات کے علاوہ فارسی اور ریاضی کی معیاری کتابیں وہیں پر پڑھیں۔ اور ابھی تعلیم کا سلسلہ نامکمل تھا کہ تحریک پاکستان نے زور پکڑا' اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے پاکستان معرض وجود میں آیا' اور حضرت والد صاحب قدس سرہ دیوبند سے ہجرت فرما کر کراچی تشریف لے آئے۔ یہاں اس قت دینی علوم کی تحصیل کا کوئی معیاری انتظام نہیں تھا۔ حضرت والد صاحب قدس سرہ اپنی اجتماعی مصروفیات میں اس درجہ مشغول تھے کہ نہ ان کے لئے خود پڑھانا ممکن تھا' اور نہ کوئی معاشی مشغلہ اختیار کرنا۔ ہم بھائیوں میں اس وقت برادر مرحوم ہی ایسے تھے جو کوئی معاشی مشغلہ اختیار کرسکتے تھے۔ خود ان کا رجحان بھی تجارت کی طرف تھا۔ حضرت والد ماجد قدس سرہ نے ان سے فرمایا کہ معاشی ضرورت پوری کرنے کے لئے تجارتیں بہت سی ہوسکتی ہیں' لیکن میں چاہتا ہوں کہ تم کتابوں کی اشاعت اور تجارت کا سلسلہ شروع کرو۔ اگرچہ اس زمانے میں کتاب کی تجارت کوئی قابل ذکر تجارت نہیں تھی' نہ اس سے کوئی بہت زیادہ نفع کی توقع تھی' لیکن حضرت والد صاحبؒ نے بھائی صاحبؒ کیلئے اس تجارت کا انتخاب اس لئے کیا کہ اس طرح ایک طرف دینی کتابوں اور اہل علم کے ساتھ تعلق برقرار رہے گا' اور دوسری طرف دینی کتابوں کی نشرو اشاعت میں حصہ دار بننے کی سعادت حاصل ہوگی۔ چنانچہ "دارالاشاعت" کے نام سے بھائی صاحبؒ نے ایک تجارتی کتب خانہ قائم کیا جو بحمد اللہ اردو بازار میں اب تک قائم ہے۔

بھائی صاحبؒ اس کے بعد سے پورے استقلال اور استقامت کے ساتھ اس ادارے میں مشغول رہے۔ معاشی اعتبار سے صبر آزما حالات سے بھی دوچار ہوئے' لیکن اللہ تعالیٰ نے رفتہ رفتہ برکت دی اور اس ادارے سے انہوں نے تین سو سے زائد دینی کتابیں شائع کیں' جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ کی رحمت سے امید ہے کہ انشاء اللہ وہ ان کیلئے صدقہ جاریہ ثابت ہوں گی۔

اگرچہ کتابوں کی نشرواشاعت اور تجارت کا یہ کام بنیادی اعتبار سے ایک ذریعہ معاش کے طور پر اختیار کیا گیا تھا' لیکن اس ذریعہ معاش کے انتخاب میں دین اور علم دین سے تعلق قائم رکھنا' اور دینی' علمی اور تبلیغی کتب کی خدمت انجام دینا پیش نظر تھا۔ اس لئے بھائی صاحبؒ نے اپنی حد تک اس بات کا پورا اہتمام کیا کہ حتی الامکان صرف صحیح عقیدہ و مسلک کی کتابیں اس ادارے سے شائع ہوں اور محض تجارتی فائدے کی خاطر ایسی کتابوں کی نشر واشاعت میں حصہ دار نہ بنیں جو دینی اعتبار سے مضر ہوں۔

دوسری طرف معاملات کی صفائی حضرت والد صاحب قدس سرہ کی تربیت کے اثر سے گھٹی میں پڑی ہوئی تھی۔ چنانچہ بفضلہ تعالیٰ ان کی تجارت ایک صاف ستھری تجارت تھی جس کا مقصد بھی نیک تھا اور طریق کار بھی۔ اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے امید ہے کہ سچائی اور دیانت داری کے ساتھ تجارت کے جو فضائل احادیث میں وارد ہوئے ہیں' انشاء اللہ وہ ان کو حاصل ہوئے ہوں گے۔

اللہ تعالیٰ نے ان کی طبیعت میں نظم و ضبط بھی ودیعت فرمایا تھا' اور مصارف خیر میں کشادہ دستی کے ساتھ حصہ لینے کا جذبہ بھی۔ ہر چیز کے مدات الگ الگ مقرر تھے' اور ہر مد سے اس کی آمدنی کے بقدر اخراجات کا معمول تھا۔ محض ٹیپ ٹاپ اور نمائش و آرائش کیلئے فضول خرچی سے کوسوں دور تھے۔ اس احتیاط اور نظم و ضبط کی یہ برکت تھی کہ قلیل آمدنی کے زمانے میں بھی مصارف خیر کیلئے ان کا ہاتھ کھلا ہوا تھا' چنانچہ بفضلہ تعالیٰ بہت سے مصارف خیر میں ان کا حصہ ان کیلئے ایک مستقل صدقہ جاریہ ہے۔

آج کے ڈگری زدہ دور میں جہاں انسان کی قابلیت کو کاغذی اسناد کے پیمانے سے ناپا جاتا ہے' ان کے پاس ڈگری تو کوئی نہ تھی' لیکن وسعت مطالعہ اور بزرگوں کی صحبت کے نتیجے میں ان کی حقیقی قابلیت اچھے اچھے ڈگری یافتہ لوگوں سے کہیں زیادہ تھی۔ اردو اور فارسی

ادب پر ان کا عبور قابل رشک تھا' دینی اور علمی معلومات نہایت وسیع تھیں' اور کسی بھی علمی مجلس میں کوئی شخص یہ اندازہ نہیں کرسکتا تھا کہ ان کے پاس کوئی معروف ڈگری نہیں ہے۔

اللہ تعالیٰ نے عبادت کا بھی ذوق عطا فرمایا تھا' رمضان کی تمام راتیں جاگ کر عبادت میں گزارتے' عام دنوں میں بھی بکثرت تہجد کی توفیق ہوتی۔ حضرت والد صاحبؒ کے ساتھ حج اور عمرے کے سفر کرنے کے بعد حرمین شریفین کی حاضری کا ایک خاص ذوق پیدا ہوگیا تھا اور شاید دنیا میں کسی بھی چیز کا اتنا شوق نہ ہو جتنا حرمین شریفین کی حاضری کا شوق تھا۔ جب اللہ تعالیٰ نے وسعت عطا فرمائی تو سال میں کم از کم ایک مرتبہ عمرے کیلئے ضرور جاتے۔ تین سفروں میں احقر کو بھی ان کی رفاقت کا موقع ملا' اور ہر مرتبہ اس بات کا مشاہدہ ہوا کہ حرمین شریفین کے قیام کے دوران ان پر محویت کا ایک عجیب عالم طاری ہے۔ وہ بیت اللہ شریف کا طواف کرتے تو ایسا لگتا کہ دنیا ومافیہا سے بے خبر ہیں۔ اور وہاں سے واپس آنے کے بعد ان کا محبوب ترین موضوع گفتگو وہیں کی باتیں ہوتیں۔

حضرت والد صاحب قدس سرہ سے انہیں بے حد محبت اور عقیدت تھی۔ اور یہ محبت صرف اس تعلق کی حد تک محدود نہ تھی جو ایک سعادت مند بیٹے کو اپنے باپ سے ہونی چاہئے۔ بلکہ اس میں عقیدت و محبت کا وہ رنگ غالب تھا جو ایک طالب اصلاح کا اپنے شیخ کے ساتھ ہوتا ہے۔ وہ خود کہا کرتے تھے کہ مجھے روئے زمین پر علم و فضل اور بزرگی و تقویٰ کے لحاظ سے بھی اپنے والد صاحبؒ سے سب سے زیادہ عقیدت ہے۔ چنانچہ انہوں نے حضرت والد صاحبؒ سے باقاعدہ اصلاحی تعلق قائم کرنے کی درخواست بھی کی۔ حضرت والد ماجدؒ نے فرمایا کہ باپ بیٹے کے تعلق میں عام طور سے اصلاحی تعلق کا پورا فائدہ ظاہر نہیں ہوتا' اس لئے کسی اور شیخ سے رجوع کرنا چاہیے' تاہم کسی اور سے تعلق قائم ہونے تک حضرت والد صاحبؒ نے انہیں اصلاحی خط و کتابت کی اجازت دیدی تھی جو انہوں نے جاری رکھی' لیکن حضرت والد صاحبؒ کی وفات سے یہ سلسلہ منقطع ہوگیا۔

ابھی انتقال سے ایک ڈیڑھ ماہ پہلے جبکہ وہ آٹھ نو ماہ سے صاحب فراش تھے' ایک روز انہوں نے مجھ سے فرمایا کہ میں کسی بزرگ سے باقاعدہ بیعت کی سعادت حاصل نہیں کرسکا' انہیں معلوم تھا کہ احقر نے اپنے شیخ حضرت ڈاکٹر عبدالحئی صاحب عارفیؒ کی وفات کے بعد

حضرت مولانا محمد مسیح اللہ خان صاحب مدظلہم العالی سے اصلاحی تعلق قائم کیا ہوا ہے اور وہ بھی یہ سعادت حاصل کرنا چاہتے تھے' لیکن صاحب فراش ہونے کی بناء پر خط لکھنا ممکن نہ تھا' احقر نے ان کی خواہش پر حضرت والا کو عریضہ لکھا اور ان کی طلب کا ذکر کیا' تو حضرت والا نے خط کے ذریعے انہیں بیعت فرمالیا۔ حضرت والا کا یہ مکتوب ان کی وفات سے تقریباً دو ہفتے پہلے موصول ہوا' اور اس طرح اللہ تعالیٰ نے ان کی یہ خواہش بھی پوری فرمادی۔

بھائی صاحب مرحوم کو مجھ ناکارہ سے بچپن کی بالکل ابتداء ہی سے غیر معمولی تعلق تھا۔ وہ مجھ سے عمر میں تقریباً تیرہ سال بڑے تھے' اور میری شیر خواری کے زمانے میں ان کا محبوب ترین مشغلہ مجھے لئے لئے پھرنا تھا۔ انہوں نے حضرت والد صاحبؒ کے بارے میں "البلاغ" کے مفتی اعظمؒ نمبر میں جو دلچسپ اور سبق آموز مضمون لکھا تھا اس میں بھی اس بات کا اظہار کیا ہے۔ ۱۹۴۴ء میں برادر مرحوم حضرت والد صاحب قدس سرہ کے ساتھ ڈابھیل گئے تھے اس سفر کا ذکر کرتے ہوئے وہ لکھتے ہیں۔

ڈابھیل قیام کے دوران حضرت والد صاحبؒ تو شب و روز درس و تدریس میں مشغول رہتے' اور احقر کو اتنا یاد ہے کہ احقر ان دنوں قرآن پاک ناظرہ پڑھتا تھا اور وہیں درجہ قرآن میں داخلہ لے لیا تھا۔ مدرسہ سے چھٹی کے بعد احقر اکثر خاموش رہتا تھا۔ نہ کھانے میں دل تھا اور نہ کسی اور کام میں۔ اور اس کی اصل وجہ یہ تھی کہ آج کے مولانا محمد تقی عثمانی مدیر البلاغ اس وقت دو یا اڑھائی سال کے تھے اور احقر کو ان سے اس قدر محبت اور تعلق خاطر تھا کہ دیوبند میں ایک گھنٹہ بھی ان سے علیحدہ رہنا شاق گذرتا تھا۔ چنانچہ ڈابھیل میں بھی ہر وقت بس وہی یاد آتے رہتے' اور جب کچھ اور بس نہ چلتا تو مدرسے کے در و دیوار پر ان کا نام لکھتا رہتا تھا"۔ (البلاغ۔ مفتی اعظم نمبر ص ۱۱۲۷)۔

تعلق و محبت کا یہ عالم بچپن کے ساتھ خاص نہ تھا۔ بڑے ہونے کے بعد اس میں ترقی ہی ہوتی گئی۔ میرے ساتھ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کسی خوشی یا اعزاز کا کوئی واقعہ پیش آتا تو ان کی دلی مسرت کی انتہا نہ رہتی۔ زبان سے دلی جذبات کے اظہار کا تو زیادہ معمول نہ تھا لیکن ان کی ایک ایک ادا سے ایسا محسوس ہوتا کہ یہ خوشی ان کی ذات کی خوشی اور یہ اعزاز ان کی ذات کا اعزاز ہے۔ احقر کو کوئی تکلیف ہوتی تو ایسا معلوم ہوتا کہ جیسے یہ تکلیف انہی کو پہنچی ہے۔ خود غرضی اور لگاوٹ سے بھری ہوئی اس دنیا میں ایسی بے لوث محبت خال خال ہی

کہیں نظر آتی ہے' اور میں اس خوش نصیبی پر جتنا شکر ادا کروں' کم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اس جنس نایاب کا حصہ وافر عطا فرمایا۔

بچپن کی اس محبت کا عکس بھائی صاحبؒ کے دل میں آخری لمحات تک نقش رہا' اور بھائی صاحبؒ کے اہل خانہ کا بیان ہے کہ مرض وفات کے دوران غشی کی سی کیفیت میں وہ بسا اوقات احقر کو پکارا کرتے تھے۔

پاکستان آنے کے بعد تقریباً آٹھ نو سال تک ہم سب بھائی حضرت والد صاحبؒ کے ساتھ رہے' لیکن جب دارالعلوم کی تعلیمی مصروفیات کی وجہ سے برادر مکرم حضرت مولانا مفتی محمد رفیع صاحب مدظلہم اور احقر کو اپنی رہائش دارالعلوم میں منتقل کرنی پڑی تو ہمہ وقت ساتھ رہنے کا سلسلہ تو ختم ہوگیا لیکن ہفتے میں کم از کم ایک مرتبہ ہمارا اجتماع ضرور ہوتا تھا۔ میں تقریباً تیس سال سے جمعہ کی نماز نسبیلہ ہاؤس میں برادر مرحوم کے مکان کے قریب پڑھاتا رہا ہوں' چنانچہ ہر جمعہ کو نماز کے بعد میں ان کی خدمت میں حاضر ہوتا' اور ہم دوپہر کا کھانا ہمیشہ ساتھ ہی کھاتے تھے۔ مجھے بھی پہلے سے اس ملاقات کا انتظار اور اشتیاق ہوتا تھا اور بھائی صاحبؒ بھی جمعہ کے بعد میری آمد کا انتظار کرتے رہتے تھے۔ عموماً برادر محترم جناب محمد ولی رازی صاحب بھی وہیں تشریف لے آتے۔ جمعہ کے بعد سے عصر تک کا یہ اجتماع نہایت پر کیف ہوتا' اور مجھے یہ محسوس ہوتا کہ ہفتہ بھر کی تابڑتوڑ مصروفیات کے بعد سرور و نشاط کے ان لمحات سے جسم و روح کو نئی تازگی میسر آگئی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے انہیں باغ و بہار طبیعت سے نوازا تھا۔ شگفتہ مزاجی ان کی سرشت میں داخل تھی۔ ان کے بے ساختہ ظریفانہ جملے خاندان بھر میں مشہور تھے۔ ان ظریفانہ جملوں میں بسا اوقات وہ بڑے کام کی باتیں اور کسی کے غلط طرز عمل پر بڑا لطیف تبصرہ بھی کرجاتے اور سننے والے کو ناگوار بھی نہ ہوتا تھا۔ غرض ان کی مجلس بڑی باغ و بہار مجلس ہوتی تھی جس میں اکتاہٹ کا کوئی گذر نہیں تھا۔

ہمارے سب سے بڑے بھائی جناب محمد زکی کیفیؔ صاحب مرحوم کی وفات کے بعد وہ ہم بھائیوں میں سب سے بڑے تھے' اور حضرت والد صاحبؒ کی وفات کے بعد انہوں نے ایک بڑے بھائی کی ذمہ داریاں پورے اہتمام کے ساتھ انجام دیں' اور چھوٹوں کی دلداری کا فریضہ حتی الامکان پوری طرح ادا کیا' لیکن کبھی اپنی بڑائی کا رعب داب قائم کرنے کا تصور

بھی انہیں نہیں آیا۔ اس کے بجائے وہ اپنے چھوٹوں سے ہمیشہ تواضع کے ساتھ پیش آتے' اور ان کے ساتھ اتنی بے تکلفی سے گھلے ملے رہتے کہ جیسے وہ ان کے ہم عمر یا ان سے بھی چھوٹے ہیں۔ چنانچہ ان سے دل کی کوئی بات کہنے میں کسی کو کوئی تکلف یا حجاب نہیں ہوتا تھا۔

احقر کی عربی تالیف "تکملہ فتح الملہم" کی پہلی جلد جب چھپ کر آئی تو میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کیلئے الفاظ نہیں پاتا تھا کہ اس نے محض اپنے فضل و کرم سے حدیث پاک کی اس خدمت کی توفیق بخشی' ورنہ اپنی بساط کو دیکھوں تو اس کام کا تصور بھی میرے لئے مشکل تھا۔ چنانچہ اس کتاب کے چھپنے کی مجھے طبعی طور بہت خوشی ہوئی' اور ایک روز میں یہ سوچ رہا تھا کہ اگر حضرت والد ماجد قدس سرہ بقید حیات ہوتے تو اس کتاب کی اشاعت کی سب سے زیادہ خوشی ان کو ہوتی' اور میں یہ کتاب ان کے پاس لیکر جاتا تو نہ جانے ان کی کتنی دعائیں ملتیں۔

ابھی میں اس خیال ہی میں تھا کہ دیکھا تو برادر مرحوم رحمہ اللہ تعالیٰ گھر میں داخل ہو رہے ہیں۔ وہ آکر بیٹھے اور کہنے لگے کہ "میں نے آج جب "تکملہ فتح الملہم" کی پہلی جلد مطبوعہ شکل میں دیکھی تو اس قدر خوشی ہوئی کہ میں بیان نہیں کر سکتا' اور ساتھ ہی مجھے یہ خیال آیا کہ اگر حضرت والد صاحب حیات ہوتے تو اس موقع پر وہ بے حد مسرور ہوتے اور یقیناً تمہیں اس خدمت پر انعام دیتے" یہ کہہ کر انہوں نے مجھے پانچ سو روپے نکال کر دیئے اور فرمایا کہ "یہ انعام والد صاحبؒ ہی کی طرف سے ہے"۔ بھائی صاحبؒ کے اس انعام میں کچھ ایسی مٹھاس تھی کہ آج بھی اس کی حلاوت قلب و روح میں محسوس ہوتی ہے' اور واقعتہً مجھے ایسا محسوس ہوا جیسے یہ انعام مجھے والد ماجد قدس سرہ کی طرف سے ملا ہے۔

"بڑے بھائی" کے مقام کو اتنی باریک بینی کے ساتھ نبھانے کا عالم تو یہ تھا' لیکن دوسری طرف مزاج میں تواضع اس قدر تھی کہ عام طرز عمل میں اپنے آپ کو کبھی بڑا نہیں سمجھا۔ اور یہ یقیناً بڑائی کا وہ درجہ ہے جو بہت کم لوگوں کو میسر آتا ہے' اور اسی بڑائی کا نتیجہ ہے کہ دنیا میں بھائیوں کے درمیان کبھی کوئی تلخی بھی پیدا ہو جاتی ہے' لیکن احقر کے ساتھ برادر مرحوم کی محبت و شفقت کا یہ عالم تھا کہ بحمد اللہ ساری عمر کبھی کسی ادنیٰ رنجش کا شائبہ تک پیدا نہیں ہوا۔ یقیناً احقر سے انہیں تکلیفیں بھی پہنچی ہوں گی' لیکن ان کی وجہ سے کبھی کسی ذرا سی ناگواری کا بھی اظہار کبھی نہیں فرمایا۔ دو چار مرتبہ احقر کی کسی غلطی پر شفقت کے

ساتھ متنبہ ضرور کیا' لیکن احقر کے ساتھ تعلق میں تلخی' ناگواری یا رنجش کے الفاظ ان کی لغت ہی سے خارج تھے' اور میں سمجھتا ہوں کہ آج کی دنیا میں ایسی مثالیں شاذ و نادر ہی کہیں مل سکتی ہیں کہ اٹھاون سال کے ایسے قریبی تعلق میں کبھی کوئی ناگواری پیدا نہ ہوئی ہو۔

دو تین سال سے میں نے بزرگوں کے ارشاد پر گلشن اقبال کی مسجد البیت المکرم میں جمعہ کے دن عصر سے مغرب تک ایک عوامی درس کا سلسلہ شروع کیا ہوا ہے جس میں پہلے حکیم الامت حضرت تھانوی صاحبؒ کے ملفوظات کچھ تشریح کے ساتھ بیان کرتے شروع کئے تھے' اور اب کچھ عرصے سے "ریاض الصالحین" شروع کی ہوئی ہے۔ یہ بھائی صاحبؒ کی کمال تواضع کا اثر تھا کہ وہ اس درس میں نہ صرف خود شریک ہوتے' بلکہ اپنے تمام گھر والوں کو لیکر جاتے تھے۔ احقر کو اسمیں کافی حجاب بھی معلوم ہوتا تھا' لیکن ان کی دینی طلب کو دیکھ کر مجھے کچھ کہتے بھی نہ بنی۔ جمعہ کے بعد میں ہمیشہ بھائی صاحبؒ کے گھر میں ہی ہوتا تھا' عصر کے وقت ہم ساتھ ہی مسجد البیت المکرم جایا کرتے تھے۔ اور یہ سلسلہ اس وقت تک جاری رہا جب تک بھائی صاحبؒ بالکل ہی صاحب فراش نہیں ہوگئے۔ بلکہ بیماری کے زمانے میں بھی دو ایک مرتبہ شدید تکلیف کے باوجود تشریف لائے' اور ایک مرتبہ جب مسجد کی سیڑھیاں چڑھنے کی طاقت نہ تھی تو مسجد کے باہر ہی گاڑی میں بیٹھ کر لاؤڈ اسپیکر سے درس سنتے رہے۔

بھائی صاحب مرحوم کی صحت و طاقت ہم بھائیوں میں سب سے اچھی اور قابل رشک تھی۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں حسن باطن کے ساتھ حسن ظاہر سے نوازا تھا' لیکن اس دنیا میں کوئی حسن اور کوئی طاقت ایسی نہیں جو کبھی نہ کبھی روبہ زوال نہ ہو۔ پچھلے دو تین سال سے ان کی صحت گرنے لگی تھی' لیکن عمر بھر ان کا معمول یہ رہا کہ وہ اپنی ناسازی طبیعت کو کبھی خاطر میں نہیں لائے' علاج معالجے کی طرف کبھی توجہ نہ کرتے اور اپنے معمولات میں مشغول رہتے۔ چنانچہ مختلف قسم کی تکالیف کے باوجود ان کے نظام زندگی میں کوئی قابل ذکر فرق نہیں آیا۔ میں جمعہ کے دن حاضر ہوتا تو اسی شگفتگی اور شادابی کے ساتھ ملتے جو ان کی طبیعت کا لازمہ تھا۔

وفات سے تقریباً دس ماہ پہلے ایک جمعہ کو میں ان کے پاس گیا تو انہوں نے ذکر کیا کہ چند روز سے ان کی کمر میں مونڈھے کے نیچے کچھ عجیب جکڑن سی ہے' جو لیٹنے کے وقت زیادہ

ہو جاتی ہے' اور اس کی وجہ سے نیند نہیں آتی۔ شروع میں ہم نے یہ سمجھا کہ شاید یہ کوئی اعصابی قسم کا درد ہے' اور اسی کے مطابق علاج بھی شروع کردیا گیا۔ اتفاق سے انہی دنوں مجھے امریکہ اور کینیڈا کا سفر پیش آگیا' اور میں تقریباً دو ہفتے ملک سے باہر رہا۔ دو ہفتے بعد جب میں واپس پہنچا تو معلوم ہوا کہ بھائی صاحب ؒ کی تکلیف اس دوران شدت اختیار کرگئی ہے' میرے گھر پہنچنے کے چند ہی گھنٹے بعد بھائی صاحب ؒ کے صاحبزادے عزیزم خلیل اشرف سلمہ کا فون آیا تو انہوں نے بتایا کہ اس دوران بھائی صاحب ؒ کے متعدد ایکسرے ہوئے ہیں' اور ان کی رپورٹ اچھی نہیں ہے۔ اس کے بعد انہوں نے رندھی ہوئی آواز میں بتایا کہ رپورٹ سے پھیپھڑوں میں کسی قسم کے غدود کی نشان دہی ہوئی ہے اور ریڈیا لوجسٹ نے بائیوپسی (Biopsy) کا تاکید کے ساتھ مشورہ دیا ہے۔ ناگہانی طور پر یہ غیر متوقع خبر سن کر ایسا محسوس ہوا جیسے یکایک آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا گیا ہو۔ عزیزم خلیل اشرف سلمہ نے بتایا کہ بھائی صاحب ؒ پہلے ہی علاج معالجے سے بیزار ہیں' اور بائیوپسی جیسے عمل کیلئے تیار نہیں' اور وہ کئی روز سے آپ کی واپسی کے منتظر ہیں کہ آپ کے مشورے کے بعد کوئی علاج شروع کیا جائے۔

میں افتاں خیزاں بھائی صاحب ؒ کے پاس پہنچا تو اندازہ ہوا کہ دو ہفتوں میں تکلیف کہیں سے کہیں پہنچ گئی ہے۔ حالت یہ تھی کہ کمر کے درد کی وجہ سے بستر پر لیٹنا ممکن نہ تھا اور وہ چوبیس گھنٹے ایک کرسی پر بیٹھ کر گذار رہے تھے۔ مختلف کرم فرما معالجوں سے یکے دیگرے بعد رجوع کیا گیا' سب نے صورتحال تشویشناک بتائی۔ یہ دن جس پریشانی اور ذہنی کرب میں گذرے' ان کا بیان الفاظ میں نہیں ہو سکتا۔ ایک طرف بھائی صاحب ؒ کی تکلیف کی شدت اور دوسری طرف معالجوں کی تشویش' دونوں چیزوں نے مل کر ایسی کرب ناک کیفیت پیدا کردی کہ مجھے اپنی عمر میں اتنی طویل اور ایسی شدید پریشانی یاد نہیں ہے۔ اس کے بعد بھائی صاحب ؒ تقریباً دس مہینے صاحب فراش رہے' اور اس دوران ان پر انواع واقسام کی تکلیفیں گذریں۔ بائیوپسی کے بعد جو علاج ہوا وہ بھی اتنا سخت اور صبر آزما تھا اس کے جانبی اثرات (Side Effects) کو برداشت کرنا آسان نہ تھا' لیکن آفرین ہے بھائی صاحب ؒ کے صبرو استقلال اور استقامت کو کہ انہوں نے یہ ساری تکلیفیں انتہا درجے کے صبروضبط اور تحمل کے ساتھ خندہ پیشانی سے برداشت کیں' اور دس ماہ کے اس طویل عرصے میں کبھی کوئی حرف

شکایت زبان پر نہیں آیا۔ اس کے بجائے ہمیشہ یہی فرماتے رہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیشہ عافیت، راحت اور آرام ہی کے ساتھ رکھا ہے، اگر کچھ دن کیلئے یہ تکلیف آ گئی ہے تو کیا ہے؟ اس کے ساتھ راحت و اطمینان کے بے شمار سامان بھی تو ہیں جن پر شکر ادا کرنا چاہئے۔

آخری چند ماہ ایسے گذرے کہ تکلیف کی شدت اور نقاہت کی وجہ سے بھائی صاحبؒ کے لئے بستر پر بھی نقل و حرکت مشکل ہو گئی۔ اس حالت میں بھی نماز وغیرہ کا اہتمام جاری رہا۔ اس کے باوجود اپنے صاحبزادے عزیزم خلیل اشرف سلمہ کو وصیت کی کہ جب سے میری بائیسی ہوئی ہے، اس وقت سے نماز کے صحیح طریقے سے ادائیگی کا بھروسہ نہیں ہے، اس لئے اس دن سے حساب کر کے میری نمازوں کا فدیہ ادا کر دیا جائے۔ اور چونکہ طبیعت میں اللہ تعالیٰ نے انتظام عطا فرمایا تھا، اس لئے ساتھ ہی یہ تاکید فرمائی کہ اس کام کیلئے ایک لفافہ بنا کر روزانہ کا فدیہ روزانہ اس میں ڈال دیا کرو، تاکہ بہت دن کا فدیہ جمع ہو جانے سے اس کی یکمشت ادائیگی مشکل نہ ہو۔

ایک جمعہ کو میں حاضر ہوا تو مجھ سے فرمایا کہ میں ایک خط اپنے تمام اہل تعلقات کو لکھنا چاہتا ہوں کہ اگر کسی کا کوئی حق میرے ذمے رہ گیا ہو تو یا وصول کر لے یا معاف کر دے، اور چاہتا ہوں کہ دارالاشاعت کی جو تازہ فہرست چھپ رہی ہے، اس میں بھی یہ خط شائع کر دیا جائے، لیکن مجھے لکھنے کی ہمت نہیں، چنانچہ ان کے ایماء پر احقر نے ان کی طرف سے یہ تحریر لکھی جو فہرست کتب میں بھی شائع ہوئی، اور احقر نے اسے "البلاغ" میں اشاعت کیلئے بھی دیدیا، جو پچھلے شمارے میں ان کی وفات کی خبر کے ساتھ ساتھ شائع ہو سکی۔

مرض وفات کی سختیوں کے عین درمیان حقوق کی ادائیگی کی یہ فکر در حقیقت اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق اور اس کے سامنے جواب دہی کے قوی احساس سے پیدا ہوتی ہے جو اس بات کی علامت ہے کہ انشاء اللہ ان کی یہ بیماری ان کے لئے کفارۂ سیّآت اور بلندیٔ درجات کی باعث بنی ہے، اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے امید ہے کہ اللہ نے انہیں پاک و صاف کر کے اپنے پاس بلایا ہے۔

اللہ نے انہیں حسین و جمیل، متوازن اور تومند جسم عطا فرمایا تھا، لیکن اس بیماری کے دوران وہ دیکھتے ہی دیکھتے ایک خزاں دیدہ گلاب کی طرح مرجھا گیا تھا۔ زندگی کے آخری ایام میں نقاہت کے باعث انہیں دیکھ کر پہچاننا مشکل تھا، لیکن اللہ تعالیٰ نے انہیں طبیعت کی

جو شگفتگی عطا فرمائی تھی' وہ آخر وقت تک برقرار رہی' اور ان کی لطیف ظرافت سے بھرپور باتیں اس حالت میں بھی جاری رہیں۔

۱۶ اگست کو مجھے سپریم کورٹ کی شریعت ایپلیٹ بنچ کے اجلاس میں شرکت کے لئے راولپنڈی جانا پڑا۔ ان کو جس حالت میں چھوڑ کر گیا تھا' اس کی بناء پر دل میں دھڑکا تو ہروقت لگا ہوا تھا۔ لیکن ۱۹ محرم ۱۴۱۱ھ اور ۱۴ اگست ۹۰ء کی شام کو تقریباً ساڑھے چھ بجے شام عدالت سے فارغ ہو کر اپنے ریسٹ ہاؤس پہنچا تو کراچی سے فون آیا کہ بھائی صاحب دس ماہ کی کشمکش کے بعد اپنی منزل پر پہنچ چکے ہیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

عموماً اسلام آباد سے کراچی کیلئے آخری پرواز سات بجے شام ہوتی ہے' جس سے کراچی جانے کا وقت نکل چکا تھا لیکن اللہ کو پہنچانا منظور تھا' اس روز شام ۴ بجے والی پرواز اتنی لیٹ ہوئی کہ رات کو تقریباً گیارہ بجے روانہ ہو سکی' اور میں اس کے ذریعے رات ہی میں کراچی پہنچ گیا۔ ائیرپورٹ سے بھائی صاحبؒ کے مکان پر پہنچا تو وہ اپنے بستر پر سکون سے لیٹے ہوئے تھے' جیسے کہہ رہے ہوں کہ اب تمہیں میری تکلیف سے پریشان ہونے کی ضرورت نہیں' اب مجھے چین آچکا ہے۔

اب کیا ستائینگی ہمیں دوراں کی گردشیں
اب ہم حدود سود و زیاں سے نکل گئے

صبح کو ان کا جنازہ دارالعلوم کے قبرستان میں لایا گیا' یہاں ان کی نماز جنازہ ہوئی' جس میں علماء کرام اور اہل تعلقات کی بہت بڑی تعداد نے شرکت کی۔ بھائی صاحبؒ کو ہماری والدہ ماجدہؒ سے بہت تعلق تھا' اور مرض وفات کے بالکل آغاز میں بھائی صاحبؒ نے یہ خواب بھی دیکھا تھا کہ والدہ صاحبہؒ ان کے آنے کی خوشی منا رہی ہیں' چنانچہ ان کی قبر والدہ صاحبہؒ کے بالکل قریب بنائی گئی تھی۔ ان کے صاحبزادے عزیزم خلیل اشرف سلمہ اور احقر نے انہیں قبر میں اتارا' اور جس باغ و بہار وجود نے آدھی صدی سے زیادہ خاندان بھر کو اپنی شگفتگی سے مہکائے رکھا' آج اسے اپنے ہاتھوں یہ کہہ کر سپرد خاک کر آئے کہ۔

اے خاک قبر! دلبرِ مارا نگاہ دار

اور ایسا لگا جیسے بھائی صاحب زبان حال سے کہہ رہے ہوں کہ۔

شکریہ اے قبر تک پہنچانے والو' شکریہ
اب اکیلے ہی چلے جائینگے اس منزل سے ہم

بھائی صاحبؒ کو ماشاء اللہ اپنے والدین کی خدمت کی بھی بڑی توفیق ملی۔انہیں دیکھ کر والدین کی آنکھوں میں ٹھنڈک پڑتی تھی۔اللہ تعالیٰ نے اس خدمت کی برکت سے انہیں اولاد بھی بڑی سعادت مند عطا فرمائی'ان کے تین بچوں میں عزیزم خلیل اشرف سلمہ ان کے اکلوتے صاحبزادے ہیں'اور ماشاء اللہ انہوں نے بھائی صاحبؒ کی علالت کے دوران والد کی خدمت کی ایک مثال قائم کی'انہوں نے جس محبت' عزم و ہمت' سمجھ بوجھ' باریک بینی اور استقامت کے ساتھ بھائی صاحبؒ کی خدمت کی ہے'وہ اس دور میں کم دیکھنے میں آتی ہے۔ اب انہوں نے ہی "دارالاشاعت" کا کام سنبھالا ہوا ہے'اور بفضلہ تعالیٰ خیر و خوبی کے ساتھ اپنی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہو رہے ہیں۔اللہ ان کی عمر اور علم و عمل میں برکت اور ان کے کاموں میں ہمیشہ آسانی پیدا فرمائیں'اور انہیں صبر جمیل اور اجر جزیل کی نعمت سے نوازیں آمین۔

قارئین البلاغ اور دوسرے اہل تعلقات نے صدمے کے اس موقع پر تعزیت کے تاروں اور خطوط سے احقر' برادر مکرم حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہم اور عزیزم خلیل اشرف سلمہ کو نوازا ہم ان کے تہ دل سے شکر گزار ہیں'امید ہے کہ تمام حضرات بھائی صاحب مرحوم کو اپنی دعائے مغفرت اور ایصالِ ثواب میں یاد رکھیں گے۔

# حضرت مولانا نجم الحسن تھانویؒ

پچھلے دنوں حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہ کی بابرکت مجلس کا ایک اور چراغ یکایک اس طرح بجھا کہ بزم اشرفؒ کے خدام میں 'جن کے لئے یہ حادثہ قطعی طور پر غیر متوقع تھا' صف ماتم بچھ گئی۔ حضرت مولانا نجم الحسن تھانوی رحمتہ اللہ علیہ کی ناگہانی وفات کی خبران سے تعلق رکھنے والوں کے لئے ایسا حادثہ ہے جس کا زخم مدتوں مندمل نہیں ہو سکے گا۔

انا للہ وانا الیہ راجعون

پلبسٹی اور تشہیر کے اس دور میں جو شخصیتیں نام و نمود سے دور رہ کر گوشہ نشینی کے ساتھ خاموش خدمات بجالاتی ہیں' انہیں دنیا میں اس طرح کی شہرت تو حاصل نہیں ہوتی جیسی ان لوگوں کو ملتی ہے جن کا نام روزانہ اخبارات میں چھپتا رہتا ہے لیکن جس کسی کو ایسی شخصیات کو قریب سے دیکھنے کی لذت و سعادت حاصل ہوتی ہے' ان کے دل پر ایسی شخصیات کے یادوں کے نقوش اول الذکر اشخاص کے مقابلے میں کہیں زیادہ انمٹ' پائیدار اور لازوال ہوتے ہیں۔ حضرت مولانا نجم الحسن صاحب تھانویؒ اسی دوسری قسم سے تعلق رکھتے تھے۔

بات یہ نہیں کہ ان کو شہرت اور ناموری کے مواقع ہی میسر نہ آئے ہوں۔ اللہ تعالی نے انہیں جو مختلف نسبتیں اور جو خصوصیات عطا فرمائی تھیں' ان کے ذریعے بام شہرت تک پہنچنا کوئی ایسا مشکل نہ تھا' لیکن بات یہ تھی کہ انہوں نے جس ماحول میں تربیت پائی تھی 'وہاں زندگی کا سب سے پہلا سبق یہ تھا کہ۔

دانہ خاک میں مل کر گل گلزار ہوتا ہے

حضرت مولانا نجم الحسن تھانوی صاحبؒ ' حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی

صاحب تھانویؒ کے بھائی اکبر علی صاحب مرحوم کے نواسے تھے' اور اس لحاظ سے خود حضرتؒ کے نواسے اور نواسے بھی ایسے نہیں کہ حضرتؒ سے صرف رشتہ داری کا برائے نام تعلق رہا ہو' بلکہ پانچ سال سے بائیس سال کی عمر تک گویا حضرتؒ کی آغوش شفقت میں ہی رہے۔
آپ کی پیدائش ۳ فروری ۱۹۲۵ء کو سہارنپور میں ہوئی تھی لیکن کم عمری ہی میں والد کا سایہ سر سے اٹھ گیا تھا' اس لئے اپنے ماموں حضرت مولانا شبیر علی تھانوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی نگرانی میں انہی کے مکان میں مقیم رہے۔ حضرت مولانا شبیر علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کو حضرت حکیم الامتؒ سے جو نسبتی اور روحانی تعلق تھا وہ ظاہر ہے' چنانچہ اس پورے عرصہ میں نہ صرف حضرت مولانا شبیر علی صاحبؒ کی بلکہ خود حضرت حکیم الامتؒ کی تربیت اور سرپرستی کی سعادت انہیں حاصل رہی۔

ہندوستان میں دارالعلوم دیوبند کے بعد دینی علوم کے دوسرے بڑے مرکز یعنی مظاہرالعلوم سہارنپور میں آپ نے علوم دین حاصل کئے جہاں حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب کاملپوریؒ اور شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا صاحب سہارنپوری قدس سرہ' جیسے اساطین سے شرف تلمذ حاصل کیا۔ تجوید و قراءت میں حضرت مولانا قاری عبدالمالک صاحبؒ سے کسب فیض کیا اور دورہ حدیث سے فراغت کے بعد مظاہرالعلوم سہارنپور میں ماہر اساتذہ کے زیر نگرانی فتویٰ نویسی کی تربیت بھی حاصل فرمائی۔

ظاہری علوم تو بہت سے لوگ حاصل کر ہی لیتے ہیں لیکن اس علم کو کسی شیخ کامل کی صحبت سے صیقل کرنے کی جو ضرورت ہوتی ہے' اس کا موقع آپ کو خوب خوب حاصل ہوا۔ حکیم الامت حضرت تھانویؒ کی نگاہ فیض کے سائے میں اس طرح نشو و نما پائی کہ حضرتؒ کی تعلیمات ہی نہیں' آپ کا انداز زندگی بھی نظر سے لیکر دل و دماغ تک رچ بس گیا۔ حضرت خواجہ عزیز الحسن مجذوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ حکیم الامتؒ کے اجل خلفاء میں سے بھی تھے اور حضرتؒ کے مزاج و مذاق کے وارث بھی۔ حضرت مولانا نجم الحسن صاحبؒ کو ان کی بھی بھرپور صحبت میسر آئی۔ حضرت مجذوبؒ ایک پر گو شاعر بھی تھے اور جب اپنے اشعار سنانے آتے تو گھنٹوں یہ سلسلہ جاری رہتا۔ حضرت مولانا نجم الحسن صاحبؒ نے ان کی شعر و سخن کی مجلسیں اس طرح دیکھیں کہ وہ گویا اشعار مجذوبؒ کے حافظ ہو گئے۔ چنانچہ خود ان کا حال یہ تھا کہ جب کبھی حضرت مجذوبؒ کے اشعار کا ذکر آجاتا تو ان کے ذہن میں یادوں

کے دریچے کھل جاتے اور وہ بھی گھنٹوں ان کے اشعار اور ان سے متعلق واقعات سناتے رہتے تھے۔

حضرت مولانا نجم الحسنؒ صاحب بذات خود بڑے ستھرے شعری مذاق کے حامل تھے۔ خود بھی کبھی کبھی شعر کہتے اور دلکش ترنم کے ساتھ سناتے تھے' جب ان کے بھائی مولانا شمس الحسن صاحب مدظلہم (خطیب مسجد خضرا کراچی) کا نکاح ہوا تو حضرت مجذوبؒ کی موجودگی میں آپ نے ان کا سہرا ترنم سے سنایا۔ حضرت مجذوبؒ نے بے ساختہ فرمایا۔

کچھ اس انداز سے گاتا ہے تو نجم الحسن ! سہرا
کہ گانے لگتا ہے سنکر مراہر موئے تن سہرا

قیام پاکستان کے بعد مولانا نجم الحسن صاحبؒ اپنے اہل خانہ کے ساتھ لاہور تشریف لے آئے۔ اس وقت لاہور میں مولانا مفتی محمد حسن صاحب قدس سرہ کی ذات مرجع خاص و عام تھی۔ مولاناؒ نے آپ کی مجالس سے بھی سالہاسال استفادہ فرمایا۔ یہاں تک کہ جب حضرت مفتی صاحب قدس سرہ' نے جامعہ اشرفیہ سے "انوار العلوم" کے نام سے ایک ماہانہ رسالہ جاری فرمایا تو اس کی ادارت کے فرائض بھی مدت تک مولانا ہی انجام دیتے رہے۔

شروع میں ذریعہ معاش کوئی نہ تھا' پھر آپ یونیورسٹی آف پنجاب کے کانفیڈنشل پریس کے انچارج مقرر ہوئے' اور ۱۹۵۶ء سے ۱۹۸۷ء تک پہلے لاہور' پھر سرگودھا اور بالآخر راولپنڈی میں پنجاب کے تعلیمی اداروں کے خفیہ پریس میں خدمات انجام دیتے رہے اور ۱۹۸۷ء میں ریٹائر ہوئے۔

لاہور میں قیام کے دوران مال روڈ پر مشہور اور عالی شان "مسجد شہداء" تعمیر کرانے میں بھی آپ نے بنیادی کردار ادا کیا اور وہاں ۱۴سال تک اعزازی طور پر جمعہ کی خطابت کے فرائض انجام دیتے رہے۔ بلکہ جب سرگودھا تبادلہ ہو گیا تب بھی جمعہ کی خطابت کے لئے ہر ہفتے لاہور آنے کا معمول رہا۔

مولاناؒ کا ایک بہت بڑا صدقہ جاریہ "مجلس صیانۃ المسلمین" ہے۔ یہ ایک کثیر المقاصد دعوتی انجمن ہے جس کا خاکہ 'اغراض و مقاصد' طریق کار سب کچھ حکیم الامت حضرت مولانا

اشرف علی تھانوی قدس سرہ کا تجویز فرمودہ ہے۔ نام بھی حضرتؒ نے ہی تجویز فرمایا تھا لیکن حضرتؒ کی حیات میں یہ جماعت قائم نہ ہو سکی تھی۔ لاہور میں اس مجلس کا کام ابتداء میں تو حضرت حکیم الامتؒ کے خلیفہ حضرت مولانا جلیل احمد صاحب شیروانی قدس سرہ نے شروع فرمایا تھا لیکن ان کی وفات کے بعد حضرت مولانا نجم الحسن صاحبؒ کو اس کا صدر منتخب کیا گیا اور ان کی صدارت کے زمانے میں مجلس کا کام کافی آگے بڑھا۔ پنجاب کے مختلف شہروں، سندھ اور کراچی وغیرہ میں اسکی شاخیں قائم ہوئیں اور مجلس ایک تخیل سے نکل کر عملی دنیا میں نظر آنے لگی۔ مجلس کے کام کو ترقی دینے میں جہاں جناب مولانا وکیل احمد شیروانی اور جناب مولانا مشرف علی تھانوی صاحب کے نشاط کار کو دخل ہے وہاں حضرت مولانا نجم الحسن صاحب قدس سرہؒ کی بے لوث قیادت اور ان کی مخلصانہ مساعی نے بنیادی کردار ادا کیا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ ان کی وفات سے "مجلس صیانۃ المسلمین" میں اتنا بڑا خلا پیدا ہو گیا ہے کہ اس کا پُر ہونا بہت مشکل نظر آتا ہے۔

راولپنڈی منتقل ہونے کے بعد بھی مولاناؒ کی تبلیغی مساعی مسلسل جاری رہیں۔ یہاں مختلف مقامات پر آپ کے درس قرآن کا سلسلہ جاری تھا جس میں اہل ذوق بڑی دلچسپی سے شریک ہوتے تھے اور اس سے بڑا فائدہ پہنچ رہا تھا۔ ایک جامع مسجد میں اعزازی طور پر جمعہ کے خطاب کا بھی معمول تھا اور اس طرح نام و نمود سے دور رہتے ہوئے دین کی خدمت و تبلیغ کے کام میں آپ آخر وقت تک مشغول رہے۔

احقر ناکارہ پر حضرت مولاناؒ کی شفقتیں ناقابل فراموش ہیں۔ احقر جب اپنے عدالتی کام کے سلسلے میں راولپنڈی میں مقیم ہوتا تو بارہا آپ سے نیاز حاصل ہوتا اور اس سلسلے کا آغاز بھی انہوں نے خود فرمایا۔ ایک مرتبہ سپریم کورٹ کے ریسٹ ہاؤس میں مولاناؒ کا خود فون آیا کہ میں شام کو ملنے کے لئے آرہا ہوں۔ احقر کو شرمندگی بھی ہوئی کہ پہل مجھے کرنی چاہئے تھی لیکن مجھے مولاناؒ کا پتہ وغیرہ معلوم نہ تھا۔ بہر کیف! مولاناؒ نے کرم فرمایا، تشریف لائے اور پھر عصر سے عشاء تک احقر کو اپنی پر کیف صحبت سے نہال فرمادیا۔ حضرت مجذوبؒ کے اشعار کا سلسلہ شروع ہو گیا اور مجھے پہلی بار احساس ہوا کہ راولپنڈی آنے کے بعد مولاناؒ سے نہ مل کر میں کتنی بڑی غلطی کرتا ہوں۔

مولاناؒ کو اللہ تعالیٰ نے حسن باطن کے ساتھ حسن ظاہر سے بھی نوازا تھا، وہ نہایت

دلکش، وضع دار، شگفتہ مگر متین شخصیت کے مالک تھے۔ بات کرتے تو منہ سے پھول جھڑتے معلوم ہوتے، ادا ادا سے خوش اخلاقی اور تواضع مترشح ہوتی تھی۔ ان کے صاحبزادے فہیم الحسن صاحب کا بیان ہے کہ کبھی کسی بات پر فوراً غصہ نہیں کرتے تھے، غصے پر حیرت انگیز کنٹرول تھا اور فرمایا کرتے تھے کہ میں غصے میں جو کچھ بھی کہتا ہوں، سوچ سمجھ کر کہتا ہوں اور آج تک مجھے کچھ کہہ کر پچھتانا نہیں پڑا۔ کہنے کو یہ ایک معمولی سی بات ہے لیکن واقعہ یہ ہے کہ یہ مقام اسی شخص کو حاصل ہو سکتا ہے جس نے مدتوں ریاضت کے بعد اپنے جذبات وخواہشات کو عقل و شریعت کے آگے رام کرلیا ہو۔ وہ خانقاہ تھانہ بھون کا مجسم تذکرہ تھے اور اس لحاظ سے ان کی ہر محفل سے ہم جیسوں کو بزرگوں کی کوئی نہ کوئی نئی بات معلوم ہو جاتی تھی اور ان کی ہر ملاقات ہمارے لئے باعث فیض تھی۔

مولانا کے ایک بھائی ضیاء الحسن صاحب حیدر آباد میں مقیم تھے، وہاں ان کی ایک دکان تھی جس پر کچھ شقی القلب ڈاکو حملہ آور ہوئے اور وہ ان کی بربریت کا نشانہ بن کر شہید ہو گئے انا للہ وانا الیہ راجعون مولاناؒ کو اس المناک حادثے کی اطلاع ملی تو وہ حیدر آباد پہنچے اور اسی صدمے سے نڈھال کراچی تشریف لائے۔ رات کے کھانے کے بعد انہیں سینے پر کچھ گرانی محسوس ہوئی جو رات دو بجے تک شدت اختیار کرگئی۔ مولانا اپنے داماد مولانا تنویر الحق تھانوی (صاحبزادہ حضرت مولانا احتشام الحق صاحب تھانویؒ) کے مکان پر مقیم تھے اور ان کے صاحبزادے فہیم الحسن صاحب بھی ان کے ساتھ تھے۔ وہ مولاناؒ کو قریبی ہسپتال میں لے گئے۔ ان کا سانس بے قابو تھا، اس لئے انہیں آکسیجن لگائی گئی۔ جس کے فوراً بعد وہ پرسکون ہوگئے۔ تیمارداروں نے ابتداء میں یہ سمجھا کہ تنفس میں سہولت حاصل ہونے سے انہیں آرام ملا ہے لیکن درحقیقت مولانا اس دنیا کے جھنجھٹوں سے نجات حاصل کرکے ابدی سکون پا چکے تھے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مولاناؒ کے ایک صاحبزادے حافظ نظیر الحسن صاحب ایم اے تک اپنی تعلیم مکمل کرنے کے بعد آجکل آسٹریلیا میں ایک اسلامی ایسوسی ایشن کے ڈائرکٹر ہیں۔ دوسرے صاحبزادے فہیم الحسن مولانا کے ساتھ راولپنڈی میں مقیم ہیں اور ماشاء اللہ گریجویشن کر چکے ہیں۔ دونوں صاحبزادے اپنے تدیّن، خوش اخلاقی اور متانت و نفاست میں ماشاء اللہ اپنے والد گرامی کے نقش قدم پر ہیں اور مولاناؒ کے حسن تربیت کا نمونہ۔

دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حضرت مولانا کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائیں اور پسماندگان کو صبر جمیل اور اجر جزیل سے نوازیں (آمین)

البلاغ جلد ۲۵ شمارہ ۶

# مولانا مفتی احمد الرحمٰن صاحبؒ
# خوش درخشید ولے شعلہ مستعجل بود

جمعرات ۱۴ رجب ۱۴۱۱ھ کو صبح چار بجے کے قریب اچانک ٹیلی فون کی گھنٹی بجی تو دل سہم سا گیا کہ اس وقت آنے والا ٹیلی فون عموماً کوئی خوش گوار خبر لیکر نہیں آتا۔ ڈرتے ڈرتے ریسیور اٹھایا تو دوسری طرف ایک انجانی سی آواز نے ایک ایسی ناگہانی اور اندوھناک خبر سنائی کہ اس پر یقین کرنا مشکل ہوگیا۔ خبر یہ تھی کہ جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کے مہتمم حضرت مولانا مفتی احمد الرحمان صاحب رحمۃ اللہ علیہ دنیا سے رخصت ہوگئے۔ مولانا رحمۃ اللہ علیہ کی عمر بمشکل باون ترپن سال کی ہوگی' اور وہ آج ہی دوپہر ہمارے دارالعلوم تشریف لاکر برادر محترم حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہم سے نہ صرف مل کر' بلکہ دیر تک وفاق المدارس کے بارے میں اہم مشورے کرکے گئے تھے۔ پوری طرح صحت مند' چاق وچوبند اور کسی بھی طرح کی بیماری سے کوسوں دور۔

ٹیلی فون پر جن صاحب نے یہ ناگہانی خبر سنائی تھی' ان سے راقم الحروف واقف نہ تھا' اس لئے دل کو بہلایا کہ شاید کسی نے یہ بے بنیاد خبر اڑا کر شرارت کی ہو' اگرچہ لہجے میں کسی شرارت کے بجائے دردمندی کا اسلوب نمایاں تھا جس سے ماتھا تو ٹھنک گیا لیکن خبر پر یقین کرنے کو بھی دل نہ مانا۔ اس کے بعد میں نے بنوری ٹاؤن کے مدرسے اور دوسری متعلقہ جگہوں پر خبر کی تصدیق کے لئے فون کئے تو سارے فون مشغول ملے' اور اس خبر کی مزید تائید ہوتی گئی۔ بالآخر نماز فجر کے بعد متعدد ذرائع سے گفتگو کرکے یقین ہوگیا کہ خبر درست تھی' اور مفتی صاحب واقعۃً ہم سے اچانک بچھڑ گئے ہیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مولانا مفتی احمد الرحمان صاحب رحمۃ اللہ علیہ برصغیر کے مشہور عالم وعارف حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب کیمبلپوری قدس سرہ کے فرزند ارجمند تھے' اور شیخ الحدیث حضرت علامہ سید محمد یوسف بنوری صاحب قدس سرہ کے داماد۔ اس طرح نسب اور مصاہرت دونوں

میں جہتوں سے ان کو بڑی عظیم نسبتیں حاصل تھیں۔ ان کے والد ماجد (حضرت مولانا عبدالرحمٰن کیمبلپوریؒ) حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ کے اجل خلفاء میں سے تھے اور حضرت کے خلفاء میں آپ کو یہ امتیاز حاصل تھا کہ حضرت حکیم الامت قدس سرہ نے آپ کو بیعت سے پہلے ہی خلافت عطا فرمادی تھی۔

مفتی احمد الرحمٰن صاحب رحمتہ اللہ علیہ کو اللہ تعالیٰ نے اپنے والد ماجد رحمتہ اللہ علیہ کے فیوض سے نوازا' اور اس کے بعد حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری صاحب قدس سرہ سے تلمذ اور استفادے کی دولت عطا فرمائی۔ حضرت بنوری صاحب قدس سرہ کی مسلسل صحبت حاصل ہوئی' یہاں تک کہ حضرت رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی صاحبزادی کا عقد بھی ان کے ساتھ کردیا۔

آپ نے حضرت بنوری قدس سرہ سے علم حدیث میں استفادے کے علاوہ حضرت مولانا مفتی ولی حسن صاحب مدظلہم العالی سے افتاء کی تربیت حاصل کی۔ حضرت مولانا بنوری صاحب قدس سرہ کی حیات طیبہ کے دوران انہوں نے عموماً کم آمیزی کی زندگی گذاری' لیکن حضرت رحمتہ اللہ علیہ کی وفات کے بعد جب مدرسے کے انتظام و اہتمام کی تمام تر ذمہ داریاں ان کے کندھے پر آگئیں تو انہوں نے اپنی زندگی مدرسے اور اسکے متعلقہ امور کے علاوہ دین کی نشرواشاعت کے لئے وقف کردی۔

حضرت بنوری قدس سرہ کے علمی و عملی مقام بلند کی وجہ سے ان کے قائم کردہ مدرسے کو اپنے تعلیمی معیار اور وقار کے لحاظ سے دینی مدارس میں ایک امتیاز حاصل تھا' اور حضرت رحمتہ اللہ علیہ کی وفات کے بعد اس اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنا آسان نہ تھا' لیکن مفتی احمد الرحمٰن صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی متواتر جدوجہد اور انتھک محنت سے مدرسے کو اسی معیار پر قائم رکھنے کی پوری کوشش فرمائی' اور جامع مسجد بنوری ٹاؤن کے علاوہ شہر کے متعدد دوسرے مقامات پر بھی مدرسے کی ایسی شاخیں قائم فرمائیں جو خود مستقل مدارس کی حیثیت رکھتی ہیں۔

مدرسے کی خدمات کے علاوہ مفتی صاحب رحمتہ اللہ علیہ مسلمانوں کے اجتماعی امور میں بھی گہری دلچسپی لیتے تھے اور ان کی فعال زندگی دین کے مختلف شعبوں میں گوناگوں خدمات کے لئے وقف ہوگئی تھی۔

آپ "مجلس تحفظ ختم نبوّت" کے نائب صدر بھی تھے اور "سواد اعظم اہلسنت پاکستان" کے ناظم اعلیٰ بھی' اور اب حضرت مولانا محمد ادریس صاحب میرٹھی قدس سرہ کی وفات کے بعد "وفاق المدارس العربیہ" کے ناظم اعلیٰ کی ذمہ داریاں بھی انہی کے کندھوں پر آگئی تھیں۔ ان میں سے ہر کام ایسا ہے جو ہمہ وقتی توجہات اور مصروفیات کا طالب ہے' لیکن مولانا رحمتہ اللہ علیہ کی متحرک شخصیت ان تمام ذمہ داریوں کو حسن و خوبی کے ساتھ نبھا رہی تھی۔ ان ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کے لئے ان کو ملک اور بیرون ملک طویل سفر بھی پیش آئے' اور اس طرح ان کی خدمات کا دائرہ نہ صرف برصغیر بلکہ افریقہ اور یورپ کے علاقوں تک پھیل گیا۔

مولانا (رحمتہ اللہ علیہ) ایک متواضع' سادہ اور شگفتہ شخصیت کے حامل تھے۔ ان کے دل میں دین کا درد اور اس کے لئے غیرت کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی۔ اپنی غیرت ایمانی کی بدولت انہوں نے اپنی ذات کے لئے بڑے بڑے خطرات مول لئے' لیکن جس موقف کو وہ درست سمجھتے تھے' اس سے پیچھے نہیں ہٹے۔ اپنے غیرت دینی کے زیر اثر انہوں نے قید و بند کی صعوبتیں بھی برداشت کیں' دشمنیاں بھی مول لیں' لیکن کوئی لالچ یا خوف انہیں اپنے راستے سے نہ ڈگمگا سکا۔

قحط الرجال کے اس دور میں' جب خدمت دین کے ہر شعبے میں مناسب رجال کار کا فقدان ایک خوفناک ملی مسئلہ بن چکا ہے' وہ ان لوگوں میں سے تھے' جنہوں نے بیک وقت بہت سے محاذ سنبھالے ہوئے تھے۔ اور جب کبھی ملت اسلامیہ کے مسائل میں کسی اجتماعی کام کی ضرورت پیش آتی' تو مولانا ان حضرات میں سے تھے جن کی طرف پر امید نگاہیں سب سے پہلے اٹھتی ہیں۔ ان کی عمر' صحت' قوی اور چاق و چوبند وجود میں خوردبین لگا کر بھی کسی ایسے اندیشے کا شائبہ نظر نہیں آتا تھا کہ وہ اتنی جلدی داغ مفارقت دے جائیں گے' لیکن قدرت کے فیصلے ہمارے قیاسات' تخمینوں اور خواہشات سے ماورا ہیں۔ اس دنیا میں ہر شخص اپنی زندگی کے گنے ہوئے سانس لے کر آیا ہے۔ اور دنیا کی کوئی طاقت اس میں کمی یا اضافہ نہیں کر سکتی۔

جیسا کہ اوپر عرض کیا گیا' مفتی صاحب جب بدھ ۱۳ رجب ۱۴۱۱ھ کی دوپہر کو برادر معظم مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہم سے ملاقات کے لئے دارالعلوم تشریف لائے تو کسی

کے واہمے میں بھی نہ آسکتا تھا کہ ان کی زندگی کے صرف بارہ تیرہ گھنٹے باقی رہ گئے ہیں' پھر یہاں سے واپس جاکر بھی وہ اپنی معمول کی زندگی میں مصروف رہے' یہاں تک کہ رات کے وقت مدرسہ بنوریہ میں مشکوٰۃ شریف کے ختم کی تقریب میں شرکت فرمائی اور وہاں سے ساڑھے نو بجے رات کو اپنے مکان پر واپس تشریف لائے۔ اس وقت بھی کسی کو دور دور اندازہ نہ تھا کہ اب یہ صرف چند گھنٹوں کے مہمان ہیں۔

لیکن رات کو بارہ بجے کے بعد سینے میں درد اور اس کے ساتھ کھانسی کا دورہ شروع ہوا جو ایک دو گھنٹے ہی کے اندر شدت اختیار کرگیا۔ رات کو تین بجے کے بعد انھیں ایمبولینس کے ذریعہ امراض قلب کے ہسپتال لے جایا گیا' لیکن!

علاج درد سے کچھ اور درد بڑھ ہی گیا۔

وہاں پہنچ کر درد وکرب کی شدت میں کمی کے بجائے اضافہ ہی ہوتا چلا گیا' معلوم ہوا کہ معالج حضرات نے اپنی فنی مہارت کے تمام راستے اختیار کرلئے اور اپنی طرف سے کسی تدبیر میں کوئی کمی نہیں کی' لیکن!

داعیا دواء الموت کل طبیب

مولانا کی منزل قریب آچکی تھی' مقدر کے سانسوں کی تعداد پوری ہورہی تھی جس کے بعد کوئی ڈاکٹر' کوئی حکیم' کوئی سائنس اور کوئی ہنر کام نہیں دیتا۔ کچھ دیر موت وحیات کی کشمکش میں رہنے کے بعد بالآخر وقت موعود آپہنچا اور مولانا ایک ہی جست میں اپنے وطن اصلی تک پہنچ گئے۔

نماز فجر کے بعد مولانا کی وفات کی خبر شہر کے تمام علمی و دینی حلقوں میں پھیل گئی' دارالعلوم اور دوسرے بہت سے مدارس میں اسباق بند کرکے علماء وطلبہ ایصال ثواب میں مصروف ہوگئے' احقر بھی اساتذہ دارالعلوم کے ہمراہ جب مولانا کے گھر پہنچا تو اسی کمرے میں جہاں کبھی حضرت مولانا بنوری صاحب قدس سرہ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا کرتا تھا' مولانا کی نعش رکھی ہوئی تھی' چہرے پر واضح تبسم تھا اور ایسا محسوس ہوتا تھا جیسے ایک طویل اور پُر مشقت سفر کے بعد کوئی مسافر منزل پر پہنچ کر آسودہ ہوگیا ہو۔

وہی مدرسہ جوان کی بھاگ دوڑ اور فکر و عمل کا محور تھا' آج اس کے در ودیوار سوگ میں نظر آتے تھے۔

شام کو عصر کے وقت نماز جنازہ میں شرکت کے لئے دوبارہ حاضری ہوئی' مسجد اور مدرسے کا کوئی گوشہ ایسا نہ تھا جہاں آدمی نہ ہوں۔ ہزارہا افراد نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔ مولانا (رحمتہ اللہ علیہ) کے بڑے بھائی جناب مولانا قاری سعید الرحمٰن صاحب نے' جو وفات کی خبر سن کر راولپنڈی سے یہاں پہنچے تھے' نماز جنازہ پڑھائی۔ اطراف ملک سے بعض دوسرے علماء بھی نماز جنازہ میں شرکت کے لئے کراچی پہنچے تھے' وہ بھی نماز میں شریک ہوئے۔

اور اس طرح ایک متحرک اور فعّال وجود' جو کل تک علمی اور دینی حلقوں کا ایک جزو لازم معلوم ہوتا تھا' دیکھتے دیکھتے قافلے سے الگ ہوگیا۔

اس قسم کے مناظر روز آنکھوں کے سامنے سے گزرتے ہیں' مگر انہیں دیکھ کر بہت کم لوگ ہیں جو عبرت حاصل کرتے ہوں' اور یہ سوچ سکتے ہوں کہ یہ واقعہ صرف دوسروں کے ساتھ نہیں' اپنے ساتھ بھی پیش آسکتا ہے۔

و لعمرک ان حضنا من الموت حیفتہ کم العمر باق والمدی متطاول۔

مولانا (رحمتہ اللہ علیہ) کے اہل خانہ' اہل مدرسہ اور تمام دینی حلقوں سے تعزیت کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ مفتی صاحب (رحمتہ اللہ علیہ) کو اپنی مغفرت اور رضائے کاملہ سے نوازیں' انہیں جنت الفردوس میں مقامات عالیہ عطا فرمائیں۔ ان کے پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشیں' اور مدرسے کے انتظام وانصرام کے لئے غیب سے ایسی صورت پیدا فرمائیں جو مدرسے کی ظاہری وباطنی ترقیات کا ذریعہ ہو۔ آمین۔

مولانا (رحمتہ اللہ علیہ) کے ایک صاحبزادے امسال دورۂ حدیث سے فارغ ہو رہے ہیں' دوسرے صاحبزادے درجہ خامسہ میں ہیں' تیسرے ان سے بھی کمسن ہیں' اور شاید درجہ حفظ میں ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو علم نافع اور عمل صالح کی دولت سے مالا مال فرمائیں۔ اور اپنے آباؤ اجداد کے حقیقی ورثے کا حامل بننے اور ان کے آثار حسنہ کی پیروی کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین۔ قارئین سے بھی ایصال ثواب اور مذکورہ بالا دعاؤں کی درخواست ہے۔

# حضرت مولانا فقیر محمد صاحبؒ

## اک شمع رہ گئی تھی 'سو وہ بھی خموش ہے

پاکستان میں حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ کے آخری خلیفہ اور مجلس اشرفی کی آخری یادگار حضرت مولانا فقیر محمد صاحب رحمتہ اللہ علیہ بھی پچھلے مہینے ہم سے رخصت ہو کر اپنے مالک حقیقی سے جاملے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

حضرت مولانا فقیر محمد صاحب قدس سرہ العزیز ان نفوس قدسیہ میں سے تھے جن کا نفس وجود بہت سے فتنوں کے لئے آڑ بنا رہتا ہے اور راس پر آشوب زمانے میں جن کے تصور ہی سے قلب کو تسکین ہوا کرتی ہے۔

ایک وقت تھا کہ پاکستان بحمد اللہ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ کے خلفاء سے آباد تھا اور ان میں سے ہر فرد اپنی اپنی جگہ رشد و ہدایت کی شمع روشن کئے ہوئے تھا۔ نام و نمود اور پبلسٹی کی دنیا سے الگ تھلگ ان حضرات نے اپنے اپنے حلقوں میں تعمیر انسانیت اور افراد سازی کی وہ خدمات انجام دی ہیں کہ ان میں سے ایک ایک شخص کی خدمات بڑی بڑی جماعتوں کے کام پر بھاری ہیں۔

سنت اللہ کے مطابق یہ تمام ہستیاں ایک ایک کر کے رخصت ہونی شروع ہوئیں اور دیکھتے ہی دیکھتے میدان خالی نظر آنے لگا لیکن اس ویرانی کے عالم میں حضرت مولانا فقیر محمد صاحب رحمتہ اللہ علیہ کی شخصیت اللہ تعالیٰ کی اتنی بڑی نعمت تھی کہ اس پر حق شکر ادا نہیں ہو سکتا۔ ان کی خدمت میں حاضر ہو کر ایسا محسوس ہوتا تھا جیسے کسی مسافر کو چلچلاتی دھوپ میں جھلسنے کے بعد ٹھنڈی اور گھنی چھاؤں میسر آگئی ہو۔

نام و نمود کی اس دنیا میں جہاں شخصیتوں کو پبلسٹی کے پیمانے سے ناپا جاتا ہے حضرت مولانا فقیر محمد صاحب قدس سرہ کو جاننے اور پہچاننے والے بہت زیادہ تو نہیں تھے لیکن علم و دین اور اصلاح و ارشاد کے حلقوں میں آپ کی شخصیت اس وقت مرجع خلائق تھی اور اس بات کا زندہ ثبوت کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کا ہو جائے 'وہ اپنی ذات کو کتنا چھپانے کی کوشش کرے، لیکن اس کی سیرت و کردار کی خوشبو دور دور تک پہنچ کر رہتی ہے۔

حضرت مولانا فقیر محمد صاحب رحمتہ اللہ علیہ ۱۹۱۱ء میں آزاد قبائل کے علاقے مہمند ایجنسی میں پیدا ہوئے۔ آپ کے دادا خائستہ خان صاحب رحمتہ اللہ علیہ بڑے عالم باعمل بزرگ تھے۔ آپ کے والد ماجد خان محمد خان صاحب نے آپ کو دینی تعلیم کے لئے وقف کیا اور آپ ابتدائی تعلیم تحصیل چارسدہ میں حاصل کرنے کے بعد حضرت مولانا مفتی محمد حسن صاحب امرتسری قدس سرہ کے مدرسے میں امرتسر تشریف لے گئے اور تقریباً دس سال تک حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کے زیر نگرانی تعلیم و تربیت حاصل کرتے رہے جو آپ پر نہایت شفقت فرماتے اور آپ کو بکثرت اپنے ساتھ رکھتے تھے۔

حضرت مفتی محمد حسن صاحب قدس سرہ حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ کے اجل خلفاء میں سے تھے اور حضرت حکیم الامت کے عاشق صادق۔ چنانچہ جب آپ حضرت حکیم الامتؒ کی خدمت میں تھانہ بھون تشریف لے جاتے تو اکثر حضرت مولانا فقیر محمد صاحبؒ کو بھی اپنے ساتھ لے جاتے تھے۔

حضرت مولانا فقیر محمد صاحبؒ شروع سے نہایت رقیق القلب تھے اور دین کی باتوں کے دوران آپ پر اکثر گریہ طاری ہوجاتا تھا۔ یہ سلسلہ حضرت مفتی محمد حسن صاحب قدس سرہ کے درس تفسیر و حدیث یا وعظ کے دوران بھی جاری رہتا اور حضرت حکیم الامتؒ کی مجلس میں بھی۔ یہاں تک کہ حضرت حکیم الامتؒ سے تعلق رکھنے والے حضرات میں آپ کا لقب "بکاء" (بہت رونے والے) مشہور ہوگیا تھا۔ یہ گریہ بے اختیار تھا اور اللہ تعالیٰ کی محبت یا خوف کی بناء پر ہوتا تھا اس میں اکثر آواز بھی بلند ہوجاتی تھی اور اس کا سننے والوں پر بھی اثر ہوتا تھا۔

حضرت حکیم الامت قدس سرہ کی مجلس میں بناوٹی قسم کے حال و قال کی کوئی گنجائش نہیں تھی لیکن حضرت مولانا فقیر محمد صاحب قدس سرہ کا یہ گریہ ان کی حقیقی باطنی کیفیت کا آئینہ دار تھا' اس لئے حضرت حکیم الامت قدس سرہ نے اس پر نہ صرف کوئی گرانی محسوس نہیں فرمائی بلکہ جب آپ خانقاہ میں حاضر ہو کر حضرت تھانوی قدس سرہ سے مصافحہ کرتے تو آپ فرماتے "رونق آگئی' رونق آگئی"۔

ایک مرتبہ حضرت مفتی محمد حسن صاحبؒ تنہا تھانہ بھون تشریف لے گئے اور حضرت مولانا فقیر محمد صاحبؒ کو امرتسر چھوڑ آئے۔ حضرت تھانوی قدس سرہ نے پوچھا "فقیر محمد کا کیا

حال ہے ؟" حضرت مفتی صاحبؒ نے جواب دیا کہ "آجکل ان پر گریہ بہت طاری ہے اور اسی وجہ سے انھیں چھوڑ آیا ہوں کہ کہیں حضرت کو تکلیف نہ ہو"

حضرت حکیم الامتؒ نے فرمایا "ان کے گریہ سے مجھے کوئی تکلیف نہیں ہوتی"

حضرت مفتی محمد حسن صاحب قدس سرہ کی معرفت حضرت حکیم الامت قدس سرہ سے تعلق قائم ہوا، یہاں تک کہ حضرتؒ نے آپ کی بیعت کی درخواست نہ صرف قبول فرمائی بلکہ بعد میں آپ کو اپنا مجاز بیعت مقرر فرمایا۔ حضرت مولانا فقیر محمد صاحب قدس سرہ اس تعلق کا ذکر کرتے ہوئے خود فرماتے ہیں :

"حضرت رحمتہ اللہ علیہ میرے لئے آئینہ باطن تھے۔ ہر عیب اور خوبی مجھے ان کے ذریعے سے معلوم ہوتی تھی اور اس کی اصلاح بھی کرتے۔ ان کی مجلس سے مجھے جو کچھ ملا ہے میں اسے ظاہر نہیں کرسکتا کیونکہ مجھے حضرت رحمتہ اللہ علیہ نے ظاہر کرنے سے منع فرمایا ہے کیونکہ وہ راز کی باتیں ہیں۔ حضرتؒ دین اور دنیا دونوں کے کفیل تھے ایک مرتبہ فرمایا "جاؤ شادی کرو، شادی پر جو خرچ ہوگا میں دیدوں گا۔"

حضرت حکیم الامت قدس سرہ کی وفات سے پہلے چھ ماہ تک متواتر حضرت مولانا فقیر محمد صاحب قدس سرہ کو اپنے شیخ کی خدمت کی توفیق ہوئی حضرتؒ کی علالت کے زمانے میں حضرتؒ کی مسلسل خدمت کا شرف جن بزرگوں کو حاصل ہوا ان میں حضرت مولانا عبدالکریم صاحبؒ اور حضرت مولانا فقیر محمد صاحب قدس سرہ کے اسماء گرامی سرفہرست ہیں۔ ایک دفعہ حضرتؒ نے فرمایا "تم دونوں نے میری بہت خدمت کی ہے" دونوں حضرات نے عرض کی کہ "یہ تو آپ کی کرم نوازی ہے کہ آپ ہم پہاڑی لوگوں سے خدمت کرواتے ہیں ورنہ آپ کے تو ہزاروں خادم موجود ہیں" حضرت قدس سرہ فرماتے تھے کہ "یہ دونوں میری خدمت بھی کرتے ہیں اور احسان بھی مانتے ہیں۔"

ایک طرف جذبۂ خدمت و محبت کا یہ عالم تھا اور دوسری طرف خود فرماتے ہیں کہ حضرت حکیم الامت قدس سرہ کی وفات سے ایک ہفتہ پہلے مجھے تھانہ بھون کی ہر چیز پر گریہ طاری نظر آتا تھا۔ مسجد کے ستون 'محراب' سہ دری 'حضرتؒ' کا گھر غرض ہر چیز روتی ہوئی معلوم ہوتی تھی، اس سے مجھے اندازہ ہوا کہ حضرت رحمتہ اللہ علیہ کی جدائی کا وقت قریب آچکا ہے اور چونکہ مجھ میں اس صدمے کی تاب نہ تھی اسلئے وہاں سے چلا آیا اور ایک ہفتے

بعد ہی مجھے معلوم ہوا کہ حضرتؒ دنیا سے تشریف لے گئے۔

حضرت حکیم الامت قدس سرہ کی وفات کے بعد آپ نے اپنے استاذ و مربی حضرت مولانا مفتی محمد حسن صاحب قدس سرہ سے تعلق قائم رکھا اور اس کے بعد دوسرے اکابر علماء نے آپ سے اصلاحی تعلق فرمایا اور اصلاح وارشاد سے فیض یاب ہوئے۔

آپ نے پشاور کے قریب ایک چھوٹی سی بستی "لنڈی ارباب" میں تعلیم قرآن کریم کا ایک مدرسہ قائم فرمایا ہوا تھا وہیں پر اقامت پذیر ہوئے تھے اور وہیں "خانقاہ اشرفیہ" کے نام سے ایک خانقاہ قائم فرمائی تھی۔ لیکن سالہا سال سے معمول یہ تھا کہ چھ ماہ حرمین شریفین میں قیام فرماتے اور چھ ماہ اپنے گھر پر گذارتے۔ ضعف اور علالت کے باوجود حرمین شریفین کی حاضری کا یہ معمول آخر دور تک جاری رہا اور اسطرح حضرتؒ کے فیوض پاکستان کے علاوہ حجاز کے مستفیدین تک بھی پھیل گئے۔

جنہوں نے حضرت مولانا فقیر محمد صاحب قدس سرہ کی زیارت کی ہے وہ جانتے ہیں کہ حضرتؒ کے چہرہ مبارک پر بلا کی معصومیت تھی، حضرتؒ معروف طریقے سے وعظ و تقریر نہیں فرماتے تھے لیکن اللہ والوں کو اپنا پیغام پہنچانے کے لئے لفظ وبیان کی حاجت نہیں ہوتی ان کا چہرہ مہرہ ان کا انداز وادا اور ان کی ایک ایک نقل و حرکت مجسم پیغام ہوتی ہے۔ ایسا پیغام جو براہ راست دل پر اثرانداز ہوتا ہے اور اس کا رشتہ اللہ تعالیٰ سے جوڑ دیتا ہے۔ بس یہی حضرتؒ کا انداز تربیت واصلاح تھا جس سے سینکڑوں افراد سیراب ہوئے۔

چنانچہ حضرتؒ کے خلفاء مجازین میں ہمارے دور کے اکابر علماء شامل ہیں جن میں سے حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہم العالی، حضرت مولانا نجم الحسن صاحب تھانوی حضرت مولانا مفتی احمد الرحمٰن صاحب رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب مدظلہم نائب مہتمم جامعہ اشرفیہ لاہور وغیرہ بطور خاص قابل ذکر ہیں۔

مجھے یاد ہے کہ ۱۹۷۸ء میں احقر اسلامی نظریاتی کونسل کی میٹنگ کے سلسلے میں پشاور گیا ہوا تھا قیام مختصر تھا لیکن میں نے تہیہ کیا ہوا تھا کہ حضرت مولانا فقیر محمد صاحب قدس سرہ کی خدمت میں حاضری دیئے بغیر نہیں جاؤں گا، چنانچہ شام کے وقت میں نے حاضری کا ارادہ کیا۔ جناب جسٹس محمد افضل چیمہ صاحب اس وقت کونسل کے چیئرمین بھی تھے اور سپریم کورٹ کے جج بھی، احقر نے ان سے بھی ذکر کیا تاکہ وہ بھی تشریف لے جانا چاہیں تو ساتھ

چلیں وہ نہایت اشتیاق کے ساتھ آمادہ ہوگئے اور ہم مغرب کے بعد حضرتؒ کی خدمت میں پہنچے۔ حضرت نے حسب معمول انتہائی محبت و شفقت کا معاملہ فرمایا۔ وہاں وعظ و تقریر کا معمول تو تھا نہیں لیکن چند محبت بھری باتیں کرنے کے بعد حضرتؒ پر حسب معمول گریہ طاری ہوگیا جناب جسٹس چیمہ صاحب سے بھی حضرت نے کوئی خاص بات نہیں کی تھی لیکن جیسا کہ میں نے ابھی عرض کیا اللہ والوں کو پیغام دینے کے لئے کسی تقریر کی ضرورت نہیں ہوتی چند ہی لمحوں کے بعد میں نے دیکھا کہ جناب جسٹس چیمہ صاحب پر گریہ طاری ہوگیا اور دیر تک ان پر ایسی کیفیت طاری رہی کہ میں نے انہیں ایسی حالت میں بہت کم دیکھا ہے۔ بعد میں وہ جب کبھی حضرتؒ کے بارے میں کوئی خبر سنتے تو آپ کی زیارت کے لئے ضرور حاضر ہوتے اور استفادہ کرتے تھے۔

لنڈی ارباب کا مدرسہ تو حضرتؒ نے مدت سے قائم فرمایا ہوا تھا لیکن آخر دور میں اپنے پشاور کے مال روڈ پر جامعہ امداد العلوم کے نام سے ایک عظیم الشان مدرسے کی بنیاد ڈالی جو بحمداللہ درس نظامی کی معیاری تعلیم کا مرکز ہے اور حضرتؒ کے صاحبزادے مولانا عبدالرحمٰن صاحب کے زیر اہتمام چل رہا ہے اور حضرت مولانا حسن جان صاحب مدظلہم جیسے فاضل بزرگ اس کے شیخ الحدیث ہیں۔

حضرتؒ کی علالت کا سلسلہ تو مدت سے چل رہا تھا لیکن وفات سے چند روز پہلے سے اہلیہ محترمہ اور اہل خانہ سے بار بار یہ کہنا شروع کردیا تھا کہ اب میرا وقت قریب آگیا ہے۔ بظاہر معروف بیماریوں میں سے کوئی بیماری نہ تھی لیکن تین دن قبل بے خوابی اور غنودگی کی سی کیفیت ہوئی۔ بعض حضرات نے ہسپتال لیجانے کا ارادہ کیا لیکن حضرتؒ ہسپتال لے جانے سے پہلے ہی منع فرما چکے تھے کہ اب میرے سفر کا وقت آچکا ہے۔ چنانچہ اسی حالت میں ۲۲ ربیع الاول ۱۴۱۲ھ مطابق ۲ اکتوبر ۱۹۹۱ء کو رات کے آٹھ بجے انتہائی سہولت کے ساتھ روح پرواز کرگئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

جن دنوں یہ حادثہ پیش آیا' احقر اس وقت ملک سے باہر سفر پر تھا اس لئے جنازے میں شرکت کی سعادت نصیب نہ ہوسکی' لیکن جو حضرات تجہیز و تکفین میں شریک تھے انہوں نے بتایا کہ غسل کے بعد ہر شخص چہرہ مبارک کی تروتازگی دیکھ کر حیرت زدہ رہ گیا۔ ہزارہا افراد کے ہجوم نے جنازے میں شرکت کی۔ حضرت مولانا حسن جان صاحب مدظلہم نے نماز جنازہ

پڑھائی اور پھر لنڈی ارباب ہی میں حضرتؒ کو دفن کیا گیا۔

حضرتؒ کی وفات ملک و ملت کا زبردست سانحہ ہے۔ آپ کی وفات پر آپ کے اہل خاندان ہی نہیں پوری امت مستحق تعزیت ہے۔ اس ناکارہ پر بھی حضرتؒ کی احسانات اور شفقتیں ناقابل بیان ہیں۔ جب کبھی حاضری ہوتی زبان مبارک سے دعاؤں کی بارش شروع ہوجاتی، معصومانہ انداز میں دنیا و آخرت کے مقاصد کے لئے دعائیں کرکرکے نہال فرمادیتے اور بات بات پر ہمت افزائی فرماتے تھے۔

ایک مرتبہ اللہ تعالیٰ نے احقر کو حضرتؒ کے سفرِ حج میں رفاقت کی سعادت عطا فرمائی منیٰ میں قیام کے دوران حضرتؒ کی صحبت بابرکت نصیب رہی جس نے ان ایّام کا لطف دوبالا کردیا۔ اس موقع پر حضرتؒ نے حکم دیا کہ "نمازیں تم پڑھاؤ" چنانچہ احقر تعمیل کرتا رہا اس کے بعد جب کبھی حاضری ہوتی تو حضرتؒ اس واقع کو ضرور یاد دلاتے اور فرماتے "یہ ہمارا امام ہے اس نے حج میں ہم کو نمازیں پڑھائیں" اور اس کے بعد مشفقانہ دعاؤں کا سلسلہ شروع ہوجاتا۔

اللہ تعالیٰ حضرت والاؒ کو جنت الفردوس میں درجات عالیہ اور اپنے مقامات قرب میں پیہم ترقی عطا فرمائیں۔ حضرتؒ کے اہل خانہ اور پسماندگان کو صبر جمیل اور اجر جزیل سے نوازیں اور ہمیں حضرتؒ کے فیوض سے مستفید ہونے کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین

اللّٰھم لا تحرمنا اجرہ ولا تفتنا بعدہ۔

البلاغ جلد ۲۶ شمارہ ۶

# مولانا ظفر احمد انصاری رحمتہ اللہ علیہ

۱۲ جمادی الثانیہ ۱۴۱۲ھ مطابق ۲۰ دسمبر ۱۹۹۱ء کو جمعہ کی شام جناب مولانا ظفر احمد انصاری صاحبؒ بھی راہی آخرت ہو گئے، اور اس طرح قیام پاکستان، تحریک آزادی اور پاکستان میں اسلامی نظام کی جدوجہد کا ایک اہم کردار ہم سے رخصت ہو گیا، اور برصغیر کے ایک صدی کے سیاسی اتار چڑھاؤ کے بعد سے راز اور شاید ملت اسلامیہ کے مستقبل کے بارے میں بہت سے فکر انگیز نظریات بھی انہی کے ساتھ دفن ہو گئے۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون۔

ہوش سنبھالتے ہی ہم نے جن حضرات کو حضرت والد ماجد رحمتہ اللہ علیہ کے پاس کثرت سے آتے جاتے دیکھا اور جن کا گھر میں بکثرت چرچا سنا، ان میں مولانا ظفر احمد انصاری صاحبؒ کی شخصیت بہت نمایاں تھی، "مولانا" وغیرہ کے القاب تو ان کے ساتھ بعد میں لگے، لیکن ہم شروع میں انہیں "انصاری صاحب" کے نام سے جانتے تھے "انصاری" کی نسبت سے برصغیر میں نہ جانے کتنے لوگ ہونگے، لیکن ہمارے گھر اور حضرت والد صاحبؒ کے حلقہ احباب میں جب صرف "انصاری صاحب" کہا جاتا تو اس سے مولانا ظفر احمد انصاری صاحبؒ کے سوا کوئی اور مراد نہیں ہو سکتا تھا۔

بچپن میں ہمارے گھر کے سامنے اکثر ایک بگھی آکر رکا کرتی جس سے ایک وضع دار شخصیت نمودار ہوتی، جسم پر علیگڑھی شیروانی اور پاجامہ، سر پر جناح کیپ، ہاتھ میں چھڑی، چلتے وقت پاؤں میں ہلکی سی رکاوٹ، پیشانی پر متفکرانہ سلوٹیں، انداز و ادا میں متانت، غرض سنجیدگی، شرافت اور وقار کا ایک پیکر مجسم جسے دیکھ کر ہمیں یہ احساس ہوتا کہ اب حضرت والد صاحبؒ کم از کم گھنٹے دو گھنٹے کے لئے ان کے ساتھ ایسی گفتگو میں مشغول رہیں گے جس کا بیشتر حصہ ہماری پرواز فہم و ادراک سے بالاتر ہو گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوتا، وہ تنہا ہوں، یا دوسرے حضرات بھی مجلس میں موجود ہوں، گفتگو پر سنجیدگی اور تفکر کا رنگ اتنا غالب ہوتا ہے کہ اس مجلس میں چائے اور پان پہنچانے کی حد تک محدود رہنے ہی میں عافیت سمجھتے تھے۔

اسی وضع دار شخصیت کو ہم "انصاری صاحب" کے نام سے پہچانتے تھے۔

دوسری طرف بارہا ایسا ہوتا کہ ہم حضرت والد صاحبؒ کے ساتھ کسی جگہ سے آ رہے ہیں' بندر روڈ پر سعید منزل سے گزرتے ہوئے حضرت والد صاحبؒ نے فرمایا کہ "ذرا انصاری صاحب سے ایک ضروری بات کرتے چلیں" چنانچہ سعید منزل کے سامنے ایک پرانے طرز کے فلیٹ میں لکڑیوں کا زینہ طے کرنے کے بعد والد صاحبؒ کے ساتھ ایک ایسی بیٹھک میں داخل ہو جاتے جس کا دروازہ ہم نے کبھی بند نہیں دیکھا اور نہ کسی کو اس میں داخل ہونے کے لئے کبھی صاحب خانہ سے اجازت لیتے ہوئے پایا جس کا جی چاہتا کسی رکاوٹ کے بغیر اندر چلا جاتا۔ اور بے تکلف ان صوفوں پر بیٹھ جاتا جو گھنٹوں بیٹھے رہنے والوں کا بوجھ سہہ سہہ کر جھولی ہو گئے تھے۔

حضرت والد صاحبؒ یہاں جناب "انصاری صاحب" سے محو کلام رہتے اور ہم دیر تک اس گھٹی ہوئی فضا میں بیزار بیٹھے رہتے جس میں ہماری دلچسپی کا کوئی سامان نہیں تھا۔

اسی زمانے میں جبکہ "انصاری صاحب" کی گفتگو کا ہر موضوع ہمیں اپنے فکر و خیال سے ماورا معلوم ہوتا تھا' ایک دن ہمیں اپنے گھر میں ان کی تصنیف کردہ ایک کتاب نظر آئی جس کا عنوان تھا "ہمارے دستوری مسائل کا نظریاتی پہلو" اس عنوان میں "ہمارے" کے سوا' کوئی لفظ ہمارے پلے نہ پڑا' اور ہمیں یقین ہو گیا کہ ان کی تقریر اور تحریر دونوں ہمارے ادراک سے بلند ہیں۔

لیکن جوں جوں عمر میں اضافہ ہوتا گیا' رفتہ رفتہ "انصاری صاحب" کی باتیں نہ صرف سمجھ میں آنے لگیں' بلکہ ان میں ایک گونہ دلچسپی پیدا ہو گئی' یہاں تک کہ وہ وقت بھی آیا جب سعید منزل کی وہ گھٹی ہوئی بیٹھک جس میں والد صاحبؒ کے ساتھ بیٹھے بیٹھے ہم بیزار ہو جایا کرتے تھے' اب اسی میں لطف محسوس ہونے لگا' اور یہ بھی سمجھ میں آنے لگا کہ بہت سے لوگ یہاں گھنٹوں گھنٹوں کیوں بیٹھے رہتے ہیں؟ اور پھر کسی نہ کسی درجے میں خود ہم بھی ان بیٹھنے والوں میں شامل ہو گئے' اور یہ بھی ایک کرشمۂ قدرت تھا' اور حضرت انصاری صاحبؒ کا تحمل کہ جن مسائل پر وہ حضرت والد صاحبؒ کے ساتھ محو کلام رہا کرتے تھے' اور جس جدوجہد میں وہ حضرت والد صاحبؒ کے رفیق کار تھے' بعد میں اسی قسم کے مسائل اور اسی قسم کی جدوجہد میں ہمیں بھی ان کی خدمت اور رفاقت کا شرف حاصل ہوا۔

جب سے برصغیر میں قیام پاکستان کی تحریک شروع ہوئی' اس وقت سے شاید مسلمانوں کی کوئی سیاسی اور ملی جدوجہد ایسی نہیں ہے جس میں جناب مولانا ظفر احمد انصاری صاحب رحمتہ اللہ علیہ کا کوئی نہ کوئی کردار نہ ہو۔ انہوں نے اپنی جدوجہد کا آغاز قیام پاکستان کے لئے مسلم لیگ میں شامل ہو کر کیا جسکے آل انڈیا پارلیمنٹری بورڈ کے وہ سیکرٹری رہے اور اس منصب کے علاوہ بھی انہوں نے اپنی زندگی پاکستان کے لئے صحیح معنیٰ میں وقف کر دی۔ تحریک پاکستان کے صف اول کے قائدین جن میں قائد اعظم محمد علی جناح' نوابزادہ لیاقت علی خان صاحب' خواجہ ناظم الدین' سردار عبدالرب نشتر وغیرہ داخل ہیں' ان سب سے مولانا انصاریؒ کے قریبی تعلقات تھے' اور یہ حضرات ان کی خدمات کے قدردان تھے۔

قیام پاکستان کی تحریک میں صحیح معنی میں جان اس وقت پڑی جب حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانویؒ کے ایماء پر ان کے بہت سے متوسلین نے تحریک کی حمایت شروع کی' اور شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد صاحب عثانی قدس سرہ اور ان کے رفقاء نے جن میں حضرت مولانا ظفر احمد صاحب عثانیؒ' احقر کے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرہ وغیرہ شامل تھے' جمعیتہ علماء اسلام کے نام سے ایک جماعت کی بنیاد رکھی۔ اور اس نے ملک کے طول و عرض میں تحریک پاکستان کے حق میں فضا ہموار کرنے کی مہم شروع کی۔ مولانا ظفر احمد صاحب انصاریؒ اس جماعت کے بانی اراکین میں سے تھے' اور انہوں نے اس جماعت کی تشکیل و تاسیس میں نمایاں کردار ادا کیا۔

مولانا انصاریؒ کو اللہ تعالیٰ نے جن صلاحیتوں سے نوازا تھا' اور بانیان پاکستان کے ساتھ ان کے جو قریبی روابط تھے' ان کے پیش نظر پاکستان بننے کے بعد کسی بڑے عہدہ و منصب یا مالی مفادات کا حصول ان کے لئے چنداں مشکل نہیں تھا' لیکن اللہ تعالیٰ نے انہیں ان باتوں سے بہت بلند بنایا تھا' پاکستان بننے کے بعد انہوں نے مسلم لیگ کو خیرباد کہہ دیا' اور عہدہ و منصب یا ملازمت' بلکہ اپنے لئے کسی مستقل ذریعہ معاش سے بھی غلو کی حد تک پرہیز کیا۔ پاکستان کے ابتدائی دور میں اسلامی دستور کا ڈھانچہ تیار کرنے کے لئے دستور ساز اسمبلی کے ساتھ "بورڈ تعلیمات اسلامیہ" کے نام سے ایک بورڈ بنایا گیا جس کے صدر حضرت علامہ سید سلیمان ندویؒ تھے' اور اس کے ارکان میں احقر کے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ بھی شامل تھے۔ حضرت انصاری صاحبؒ اس بورڈ کے سیکرٹری کے فرائض

انجام دیتے رہے۔ قرار داد مقاصد کی منظوری پاکستان میں اسلامی دستور کی جدوجہد میں سب سے پہلا قدم تھا' اور اس قرار داد کی تسوید میں مولانا انصاری صاحبؒ کا کردار مرکزی اہمیت کا حامل تھا۔ دستور کے متفقہ اسلامی نکات طے کرنے کے لئے ۱۹۵۱ء میں مختلف مکاتب فکر کے تینتیس علماء کا جو تاریخی اجتماع منعقد ہوا' اور جس میں مشہور بائیس نکات متفقہ طور پر منظور کئے گئے' اس اجتماع میں مختلف الخیال حضرات کو کسی ایک فارمولے پر متفق کرنے میں جناب انصاری صاحبؒ نے یادگار خدمات انجام دیں۔ پھر ۱۹۵۳ء میں حکومت کے پیش کردہ دستوری مسودے پر تبصرہ کرنے کے لئے دوبارہ علماء کا اجتماع منعقد ہوا' اسمیں بھی متفقہ ترمیمات مرتب کرنے میں انہوں نے اہم کردار ادا کیا۔ پھر ۱۹۵۴ء کے مسودہ دستور کی ترتیب و تسوید میں بھی وہ شریک رہے' جو اسلامی اعتبار سے شاید سب سے بہتر مسودہ دستور تھا لیکن نافذ نہ ہو سکا۔

جب گورنر جنرل غلام محمد صاحب نے دستور ساز اسمبلی توڑی تو اس کے ساتھ "بورڈ تعلیمات اسلامیہ" بھی ختم ہو گیا۔ اس کے چند سال بعد مولانا انصاری صاحبؒ جنیوا چلے گئے جہاں وہ اسلامک سنٹر کے تحت خدمات انجام دیتے رہے' لیکن پاکستان سے اور اس کے مسائل کی فکر نے انہیں زیادہ عرصے وہاں رہنے نہ دیا۔ مجھے یاد ہے کہ جب انصاری صاحبؒ جنیوا میں تھے تو والد صاحبؒ نے ان کے ایک خط میں انہیں پاکستان کے کچھ حالات لکھے' اور ساتھ ہی یہ بھی لکھا کہ ایسے مواقع پر آپ کی کمی بہت محسوس ہوتی ہے۔ جواب میں انصاری صاحبؒ کا جو خط آیا اسمیں نے انہوں نے ایک شعر لکھا جو ان کی قلبی کیفیات کی تصویر تھا۔

کچھ یاس سے تسکین دل مضطر کو ہوئی تھی
پھر چھیڑ دیا زخم جگر' ہائے تمنا

وہ کچھ عرصے بعد پھر پاکستان آ گئے' اور ان کی سابقہ مصروفیات پھر شروع ہو گئیں۔ ۱۹۷۰ء کے الیکشن میں وہ آزاد امیدوار کی حیثیت سے قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے۔ اور ۱۹۷۳ء کے دستور کی منظوری میں انہوں نے یادگار کردار ادا کیا' اور ایک ایسے مرحلے پر جب حکومت اور اپوزیشن کے درمیان تناؤ انتہا کو پہنچا ہوا تھا' اور قریب تھا کہ دستور متفقہ طور پر منظور نہ ہو سکے' انہوں نے اپنی حکمت عملی اور تدبر سے فریقین کے درمیان فاصلے کم کئے'

اور بالآخر ۱۹۷۳ء کا دستور منظور ہوا۔

۱۹۷۴ء میں جب ملک گیر تحریک ختم نبوت شروع ہوئی تو اس کی مجلس عمل میں مولانا انصاریؒ بھی شامل تھے' اور بالآخر جب قومی اسمبلی میں مرزا ناصر اور لاہوری جماعت کے پیشوا پر اس وقت کے اٹارنی جنرل یحیٰی بختیار صاحب نے جرح کی تو ان کو مواد فراہم کرنے اور جرح کے لئے تیار کرنے میں مولانا نے اہم کردار ادا کیا۔

۱۹۷۷ء میں جب مارشل لا لگا' اور شہید جنرل محمد ضیاء الحق صاحب مرحوم برسراقتدار آئے تو انہوں نے مولانا انصاریؒ کی خدمات اور ان کی حکمت و تدبّر کی بڑی قدردانی کی' اور ان کے مشوروں سے فائدہ اٹھایا۔ ان کے عہد میں اسلامی نظریاتی کونسل کی تشکیل نو ہوئی تو مولانا انصاریؒ اس کے رکن رکین تھے' اور تقریباً آٹھ سال تک اس حیثیت میں خدمات انجام دیتے رہے۔ ۱۹۸۳ء میں جنرل محمد ضیاء الحق صاحب مرحوم نے نظام حکومت میں اصلاح کے لئے جو دستوری کمیشن قائم کیا' مولاناؒ اس کے چیئرمین بنائے گئے' اور وہ "انصاری کمیشن" ہی کے نام سے لوگوں میں مشہور ہوا' ان دونوں اداروں میں احقر کو بھی انکی معاونت اور رفاقت کی سعادت حاصل ہوئی۔

پاکستان کے علاوہ عالم اسلام کے دوسرے ملکوں میں بھی مولانا انصاریؒ کے اچھے روابط تھے' شروع میں "الاخوان المسلمون" اور "مؤتمر العالم الاسلامی" کے لیڈروں سے مولانا کے تعلقات تھے' اور وہ بھی ان کی حکمت و تدبّر کے مداح تھے' اسی زمانے میں انہوں نے بہت سے اسلامی ملکوں کے دورے بھی کئے۔ پھر جب سعودی عرب میں رابطۃ العالم الاسلامی کے نام سے ایک بین الاسلامی تنظیم قائم ہوئی تو جناب انصاری صاحبؒ اس کی مجلس تاسیسی کے بھی رکن منتخب ہوئے' اور آخر تک رکن رہے۔

مولانا ظفر احمد انصاری صاحبؒ جن مناصب پر فائز رہے' اور جن جن حیثیتوں سے انہوں نے ملک و ملت کی خدمات انجام دیں' ان کا مختصر تذکرہ تو میں نے مذکورہ بالا سطور میں کر دیا' لیکن واقعہ یہ ہے کہ ان باتوں میں مولاناؒ کے خداداد اوصاف اور ان کے حقیقی کارناموں کی صحیح عکاسی ناممکن ہے جن مناصب پر وہ فائز رہے' ان جیسے مناصب بہت سے لوگوں کو حاصل ہو جاتے ہیں' لیکن اللہ تعالیٰ نے انہیں بعض ایسی غیر معمولی صلاحیتوں سے نوازا تھا جو آج کے دور میں شاذونادر ہی دستیاب ہوتی ہیں۔ تعلیمی اعتبار سے وہ فلسفہ میں

ایم۔ اے' آنرز اور ایل ایل بی تھے' اور بعد میں انہوں نے بعض اساتذہ سے عربی زبان اور بعض دینی علوم بھی پرائیوٹ طور پر اس طرح پڑھ لئے تھے کہ وہ عربی کی کتابوں سے بخوبی استفادہ کر لیتے تھے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے انہیں فہم و ذکاوت اس بلا کی عطا فرمائی تھی کہ جو موضوعات ان کے اختصاص سے باہر تھے' ان میں بھی وہ بہت جلد بات کی تہہ تک پہنچ جاتے تھے' مطالعہ بہت وسیع تھا' اور حافظہ قابل رشک۔ عالم اسلام کے تقریباً ہر ملک کے سیاسی اتار چڑھاؤ سے باخبر تھے' اور حالات کا تجزیہ بڑی دقت نظر سے کرنے کے عادی تھے۔

ان تمام ملکات و خصوصیات کے علاوہ ان کا سب سے قیمتی وصف ان کا اخلاص اور سوز دروں تھا جو ہمہ وقت انہیں عالم اسلام کے مختلف مسائل میں غلطاں و پیچاں رکھتا تھا۔ شہرت پسندی' پبلسٹی اور نام و نمود سے انہیں نفرت تھی' اور وہ ہر کام کا فیصلہ اسکی معروضی خوبیوں کی بنا پر کرتے تھے' لوگوں کی تعریف و توصیف کی انہیں پرواہ نہ تھی۔ اگر پورا ماحول کسی ایک طرف بہا چلا جا رہا ہو' اور خود ان کی رائے اس کے خلاف ہو تو وہ محض حالات کے بہاؤ پر بہنے والے نہیں تھے۔ ان کی اپنی رائے ہوتی۔ اور وہ اس پر بلا خوف لومتہ لائم ثابت قدم رہتے تھے۔

انہوں نے اصحاب اقتدار کے انتہائی قریب رہنے کے باوجود زندگی بھر ان سے کوئی مالی فائدہ نہیں اٹھایا' اور زندگی کے سالہا سال انتہائی عسرت کے عالم میں گزارے جو خوشحال لوگ صبح و شام ان کی محفل سے معلومات اور مفید مشوروں کا خزانہ لیکر لوٹتے تھے' ان میں سے اکثر لوگوں کو معلوم نہیں ہوتا تھا کہ ان کی گھریلو زندگی کس تنگی سے بسر ہو رہی ہے؟ لیکن اسی تنگی کے دور میں بھی انہوں نے جس استغناء کے ساتھ اپنے شب و روز گزارے اس کی مثالیں اس دور میں بہت کم ملیں گی۔

چونکہ ان کا ضمیر مطمئن تھا اور دامن اس قسم کی آلودگی سے پاک۔ اسلئے انہوں نے اپنے مقصد اصلی ..... یعنی پاکستان کا استحکام اور اسمیں اسلامی اقدار کے فروغ۔ کی خاطر اگر کسی صاحب اقتدار کے قریب جانا زیادہ مفید خیال کیا تو یہ اندیشے انکی راہ میں رکاوٹ نہیں بنے کہ لوگ کیا کہیں گے؟ انہوں نے ۱۹۷۰ء کے انتخابات میں پیپلز پارٹی کی برملا مخالفت کی' لیکن اس کی کامیابی کے بعد جب ملکی سالمیت کے لئے ضروری سمجھا تو اس پارٹی کے لیڈروں' یہاں تک کہ وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو مرحوم سے گفت و شنید اور مفاہمت میں کوئی باک

محسوس نہیں کیا' اور اسی کا نتیجہ یہ ہوا کہ ۱۹۷۳ء کا آئین متفقہ طور پر منظور ہو گیا جو اس وقت ملک کی سالمیت کے لئے نہایت ضروری تھا۔

ان کا یہی وصف تھا جس کی وجہ سے مختلف الخیال حلقے اور متحارب و متصادم گروپ ان سے یکساں تعلق رکھتے اور ان کی رائے کا احترام کرتے تھے۔ ان کا حلقہ تعلقات بے حد وسیع تھا جسمیں ہر شعبہ زندگی کے نمایاں افراد شامل تھے۔

سعید منزل پر ان کے مکان کی جس بیٹھک کا ذکر میں نے شروع میں کیا تھا' وہ شام کے وقت عموماً ان مختلف شعبہ ہائے زندگی کے افراد سے بھری رہتی تھی' ان میں علماء بھی تھے' سیاسی جماعتوں کے قائدین بھی' صحافی بھی' وکلاء بھی' ادباء بھی اور شعراء بھی۔ اور مولاناؒ ان سب کے ذوق کی پوری پوری تسکین کرتے تھے۔

حضرت سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ میں آپؐ کا ایک عجیب و غریب وصف یہ بیان ہوا ہے کہ اگر کوئی شخص آپؐ سے کوئی بات کرنا شروع کرتا تو آپؐ اس وقت تک اس کی بات توجہ سے سنتے رہتے جب تک وہ خود بات ختم کر کے واپس نہ ہو جاتا۔ یعنی آپؐ از خود سلسلہ کلام ختم کر کے کسی دوسری طرف متوجہ نہیں ہوتے تھے۔ کہنے کو یہ بات آسان ہے لیکن ایک ایسے شخص کے لئے جس کے کندھوں پر بے شمار مصروفیات کا بوجھ ہو' اس پر عمل کرنا اتنا ہی مشکل ہے' اور یہ کام وہی کر سکتا ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے "خلق عظیم" کی دولت سے نوازا ہو۔

اس عظیم سنت نبویؐ کی جھلک احقر نے جن گنے چنے افراد میں دیکھی۔ ان میں حضرت انصاری صاحبؒ بھی داخل ہیں۔ مصروفیات کے ہجوم میں بھی وہ ہر مخاطب کا پورا پورا حق ادا کرنے کی کوشش کرتے تھے اور کوئی شخص ان کے سامنے خواہ کتنی طویل گفتگو' کتنے بے ربط اور بے فائدہ انداز میں کر رہا ہو' کم از کم میں نے ان کے انداز و ادا میں کبھی کوئی جھنجھلاہٹ نہیں دیکھی۔

کتنے لوگ تھے جو اپنی ناقابل عمل تجاویز اور بے ربط تبصروں کے دفتر کے دفتر ان کے سامنے کھولتے رہتے' ان کے اقدامات پر اپنے اپنے ظرف و استعداد کے مطابق تنقید بھی کرتے رہتے' مگر وہ تھے کہ پورے صبر و تحمل کے ساتھ نہ صرف ان کی پوری بات سنتے' بلکہ حتی الامکان ان کا اطمینان بھی کرنے کی کوشش کرتے تھے۔

کچھ سراپا اخلاص حضرات ایسے بھی تھے جن کے طرز عمل سے ایسا لگتا تھا کہ انہوں نے شاید اپنی عمر کے آخری ایام سعید منزل کی اس بیٹھک میں بسر کرنے کا تہیہ کر لیا ہے' انہوں نے بیٹھک میں بچھے ہوئے صوفوں میں اپنی نشست بھی اس طرح متعین کر لی تھی کہ ایک نو وارد کو انہی پر صاحب خانہ ہونے کا گمان ہو سکتا تھا۔

چنانچہ حضرت انصاری صاحب کے پاس آنے والوں میں جہاں اکثریت ایسے حضرات کی تھی جو ان سے استفادے اور مشورے کے لئے ان کی خدمت میں آتے تھے۔ وہاں اچھی خاصی تعداد ایسے حضرات کی بھی تھی جو انصاری صاحبؒ کو اپنے نظریات اور اپنے مشوروں سے مستفید کرنا چاہتی تھی' اور جن کے آنے کی بڑی وجہ یہ تھی کہ ان کو اپنے دل کا غبار نکالنے کے لئے سعید منزل کی اس بیٹھک سے بہتر کوئی اور جگہ میسر نہیں آسکتی تھی۔ لیکن حضرت انصاری صاحبؒ تھے کہ ان کا دامن شفقت سب کے لئے کشادہ تھا' اور ان کو کسی نے شاذونادر ہی اس بات کی شکایت کرتے ہوئے پایا ہو گا۔

شرافت اور وضع داری ان کا خاص وصف تھا' اور تعلقات کو نبھانے اور ان کا حق ادا کرنے کی ہر قیمت پر کوشش کرتے تھے' جن لوگوں سے انہیں شدید اختلاف ہوا ان کے حق میں بھی ان کے منہ سے ثقیل الفاظ نہیں سنے گئے۔ شدید جذباتی فضا میں بھی وہ الفاظ کا استعمال تول تول کر کرتے' اور کسی پر تنقید کے لئے بھی حتی الامکان مہذب سے مہذب اسلوب استعمال کرنے کی کوشش کرتے تھے۔

ان کی ساری عمر سیاست کی گتھیاں سلجھانے میں گزری' لیکن آجکل کے بہت سے سیاسی حضرات کے وہ اوصاف جو آجکل سیاست کے لوازم میں سے سمجھے جانے لگے ہیں' حضرت انصاری صاحبؒ ان سے کوسوں دور رہے۔ اوّل تو آج کی سیاست کا سب سے بڑا لازمہ طلب اقتدار ہے' لیکن یہ ہوس انصاری صاحب کو چھو کر بھی نہیں گزری تھی۔ دوسرے کہا جاتا ہے کہ آج کی سیاست اصولوں کی پابند نہیں ہوتی۔ مولانا انصاری صاحبؒ نے اپنے عمل سے اس کی تردید کر کے دکھائی۔ تیسرے آج کی سیاست میں شرافت کا عمل دخل بہت کم نظر آتا ہے۔ لیکن انہوں نے سیاست و شرافت کو شیر و شکر کر کے دکھایا۔

چوتھے' سب سے اہم بات یہ ہے کہ بہت سے وہ حضرات جو سیاست میں اسلام کے نفاذ کا علم لے کر چلے تھے' سیکولرزم کی تردید کے جوش میں بسا اوقات انہوں نے سیاست پر

اتنا زور دیا کہ وہ دین کا مقصود اصلی بن کر رہ گئی، اور دین کے دوسرے شعبے اس کے تابع بنا لئے گئے، اور اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ وہ سیاست کو اسلامی تو نہ بنا سکے، لیکن انہوں نے اسلام کو سیاسی بنا کر رکھ دیا۔ "اسلامی سیاست" اور "سیاسی اسلام" کا یہ فرق اس دور میں بہت کم حضرات نے ملحوظ رکھا ہے[1]۔ حضرت انصاری صاحب اگرچہ شب و روز سیاست ہی کے نشیب و فراز میں غلطاں پیچاں رہے، لیکن انہوں نے دین میں سیاست کے اصل مرتبہ و مقام کے سمجھنے میں غلطی نہیں کی۔ وہ اس نقطہ نظر کی شدت سے تردید کرتے تھے کہ دین کا اصل مقصود سیاست ہے۔ ایک مرتبہ میری موجودگی میں ایک صاحب ان سے اس موضوع پر بحث کر رہے تھے۔ آخر میں ان صاحب نے پوچھا کہ "پھر آخر دین کا اصل مقصد ہے کیا؟" مولانا انصاری نے برجستہ جواب دیا: "تعلق مع اللہ پیدا کرنا" پھر فرمایا کہ سیاست دین کا ایک شعبہ ضرور ہے، لیکن بالکل اسی طرح جیسے تجارت اور کسب معاش بھی دین کا ایک شعبہ ہے لیکن جس طرح کسب معاش کو دین کا مقصود نہیں کہا جا سکتا، اسی طرح سیاست کو بھی دین کا مقصود قرار دینا غلط ہے۔ پھر انہوں نے سیاست کو مقصد دین قرار دینے کو ایک دھوکا قرار دیتے ہوئے اقبال مرحوم کا یہ شعر پڑھا۔

براہیمی نظر پیدا مگر مشکل سے ہوتی ہے
ہوس سینے میں چھپ چھپ کر بنا لیتی ہے تصویریں

اللہ تعالیٰ نے انہیں عبادت کا بھی ذوق عطا فرمایا تھا، اور جب تک ان کے اعضاء کام دیتے رہے، انہوں نے ہر سال حرمین شریفین کی حاضری ترک نہیں کی، وہ بڑے مضبوط اعصاب کے آدمی تھے، اور ان کے بارے میں رونے دھونے کا تصور مشکل ہی سے آ سکتا ہے۔ لیکن اپنی چالیس سالہ یادداشت میں، میں نے انہیں صرف ایک مرتبہ روتے ہوئے دیکھا۔ ایک دن حرم مکہ میں مجھے وہ دور سے رکن یمانی کے قریب تنہا بیٹھے نظر آئے۔ میں ان کے پیچھے سے ان کے قریب پہنچا تو دیکھا کہ ان کی آنکھوں سے آنسوؤں کی لڑیاں رخساروں پر بہہ رہی ہیں، لرزتے ہوئے ہونٹوں سے آہستہ آہستہ وہ کچھ کلمات ادا کر رہے ہیں اور آنکھیں مسلسل کعبہ شریف کی چھت پر جمی ہوئی ہیں، میں نے اس حالت میں انہیں سلام کرنا بھی مناسب نہ سمجھا، اور خاموشی سے لوٹ آیا۔

---

[1] حضرت نے اپنے مقالے "حکیم الامت کے سیاسی افکار" میں اس نکتے کو قدرے تفصیل کیسا تھ واضح کرنے کی کوشش کی ہے۔

حضرت والد صاحب قدس سرہ کے تعلق سے حضرت انصاری صاحبؒ کو دارالعلوم سے بھی قریبی تعلق تھا' وہ اس کی مجلس منتظمہ کے بانی ارکان میں سے تھے' اور جب تک صحت نے ساتھ دیا' انہوں نے اس تعلق کا حق ادا کرنے کی پوری پوری کوشش کی۔ برادر محترم حضرت مولانا مفتی محمد رفیع صاحب مدظلہم اور احقر پر ان کی شفقتیں ناقابل فراموش ہیں خاص طور سے احقر پر ان کے بہت احسانات ہیں بچپن ہی سے وہ احقر پر شفقت فرماتے' اور تعلیم کے دوران تعلیمی حالات دریافت کرتے رہتے تھے۔ میں جب عربی کی ابتدائی کتابیں پڑھتا تھا تو ایک مرتبہ میں نے مدرسے کے کسی جلسے میں عربی میں تقریر کی۔ مولانا انصاری صاحبؒ اس کے بعد تشریف لائے تو حسن البنا شہیدؒ کی کتاب "مذکرات الدعوۃ والداعیۃ" اپنے دستخط کے ساتھ لیکر آئے' اور مجھے دیکر فرمایا: "یہ آپ کی تقریر کا انعام ہے"

درس نظامی سے فراغت کے بعد میری انگریزی اور بعض عصری علوم کی تعلیم اور مطالعے میں بھی مولاناؒ کے مشورے اور رہنمائی کا بڑا دخل رہا' اور متعدد تصانیف میں بھی' احقر کے بعض مقالات پر انہوں نے نظر ثانی بھی فرمائی' اور اپنی مفید ہدایات سے بھی نوازا۔ اور پھر بالآخر احقر کے گوشہ عزلت سے کسی قدر باہر نکلنے کا ایک مؤثر سبب بھی وہی بنے۔

۱۹۷۷ء میں جب شہید جنرل محمد ضیاء الحق صاحب مرحوم نے جناب جسٹس محمد افضل چیمہ صاحب کی سربراہی میں اسلامی نظریاتی کونسل کی از سرنو تشکیل کی تو انہوں نے اس کے ارکان کے انتخاب کے لئے جن حضرات سے مشورہ کیا' ان میں حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا انصاری صاحبؒ بھی شامل تھے' ان دونوں حضرات کی تجویز پر احقر کو بھی کونسل کا رکن نامزد کیا گیا' اور اس کے بعد سے تقریباً تین سال تک اسلامی نظریاتی کونسل میں احقر کو ان کی رفاقت کا شرف حاصل رہا۔ تین سال کی اس مدت میں اسلامی نظریاتی کونسل نے بڑے بھرپور انداز میں کام کیا۔ اس کے اجلاسات بعض اوقات کئی کئی ہفتے جاری رہے' اور اس طرح طویل طویل مدت کے لئے ان کے ساتھ اسلام آباد میں شب و روز ساتھ رہنے کے مواقع میسر آئے۔

حضرت انصاری صاحبؒ بڑے دھیمے انداز میں سوچنے اور انتہائی غور و فکر کے بعد کوئی فیصلہ کرنے کے عادی تھے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں ضبط و تحمل کی بھی خصوصی صفت عطا فرمائی تھی' اور جلد بازی یا تیز رفتاری پر اپنی اس صفت کو قربان کرنے کے لئے کبھی تیار نہ ہوتے

تھے۔ کوئی اقدام کرنے سے پہلے وہ اس کے دور تک کے عواقب و نتائج کو اچھی طرح سوچ لینا چاہتے تھے' تاکہ جو کام ہو' وہ ٹھوس نتائج پیدا کرے' اور جلد بازی کی وجہ سے اس کے برے نتائج نہ نکلیں۔

دوسری طرف ہمیں یہ جوش تھا کہ جب ایک کام کرنے کا موقع ملا ہے تو جلد از جلد اسکے مثبت نتائج سامنے آنے چاہئیں۔ اس لئے ہم ان کی رفتار سے آگے بڑھنے کی کوشش میں رہتے تھے۔ ایک مرتبہ ایک ایسے ہی موقع پر جب حضرت انصاری صاحبؒ اپنی حکمت و تدبر کے تحت کسی معاملے میں کچھ دھیما چلنا چاہتے تھے' اور ہم لوگ قدرے تیز رفتاری کے خواہش مند تھے' انہوں نے ہم سے خطاب کرتے ہوئے یہ شعر پڑھا جو ان کی عمر بھر کی ادھیڑ بن کی تصویر ہے فرمایا۔

اے شمع ! تجھ پہ رات یہ بھاری ہے جس طرح
ہم نے تمام عمر گذاری ہے اس طرح

جہاں دیانت اور اخلاص ہو' وہاں اختلاف رائے بھی تقریباً ناگزیر ہوتا ہے' چنانچہ بعض مسائل میں' بالخصوص بعض فقہی معاملات میں' حضرت انصاری صاحبؒ سے اختلاف رائے بھی ہوا۔ راقم الحروف یقیناً ان کی اولاد کے درجے میں تھا' اور ان کی رائے کے خلاف باقاعدہ کوئی موقف اختیار کرنا احقر کے لئے بڑا صبر آزما اور ناخوشگوار فریضہ تھا' لیکن یہ انکی عظمت کی بات تھی کہ انہوں نے اس پر کبھی ادنیٰ تکدّر کا اظہار نہیں فرمایا۔ اور انکی بزرگانہ شفقتوں میں کبھی کوئی فرق نہیں آیا۔

اسلامی نظریاتی کونسل ہی کے زمانے میں جب کبھی کونسل کے کاموں سے کسی قدر فرصت ملتی تو مولاناؒ کے ساتھ بڑی پر لطف مجلسیں بھی ہوتیں' اللہ تعالیٰ نے انکو قابل رشک حافظہ عطا فرمایا تھا۔ وہ برصغیر کی سیاسی تاریخ کی جزوی تفصیلات تک سے باخبر تھے' اور واقعات سنانے پر آتے تو ماضی کی تصویر کھینچ کر رکھدیتے' ان کی زبانی ہر مجلس میں کوئی نہ کوئی نئی بات معلوم ہو جاتی تھی۔ ان کو شعر و ادب سے بھی بڑا لگاؤ تھا' اور وہ اس شعبے میں بھی بڑے پاکیزہ اور ستھرے ذوق کے مالک تھے۔ انہوں نے کسی دور میں خود بھی شاعری کی ہے' ان کی نظم "پیام حریت" بڑی ولولہ انگیز نظم ہے جو ان سے کئی بار سنی' اس کے علاوہ انہوں

نے غزل کے بھی بہت سے اشعار کہے' اور ایک غزل تو شدید بخار کے بحران کے عالم میں غالب کی زمین میں کہی جس کا عجیب و غریب قصہ وہ بڑے مزے سے سنایا کرتے تھے۔ اس کے علاوہ انہیں برصغیر کے ممتاز شعراء کا منتخب کلام حیرت انگیز حد تک ازبر تھا خصوصاً اکبر اور اقبال کے کلام کے تو وہ عاشق تھے۔ اور ان کی مجلسوں میں ان سے یہ ساری باتیں سننے کو ملتی تھیں۔

۱۹۸۴ء میں اس وقت کے صدر مملکت جنرل محمد ضیاء الحق صاحب مرحوم نے حضرت انصاری صاحبؒ کی سربراہی میں ایک کمیشن قائم کیا جسکا مقصد ملکی نظام حکومت میں اصلاح کے لئے دستوری سفارشات پیش کرنا تھا۔ اس کمیشن کے کام کے لئے انہوں نے جو غیر معمولی محنت اٹھائی' وہ انتہائی حیرت انگیز تھی' اس وقت ان کی عمراسی سال کے لگ بھگ ہو گی' اور اس زمانے میں وہ کئی شدید بیماریوں کا شکار تھے' یہاں تک کہ انہیں اس دور میں پیشاب کے ساتھ خون آ رہا تھا' لیکن ضعف و علالت کے اس عالم میں وہ صبح سے رات گئے تک انتھک کام کرتے تھے' اور اپنی عادت کے خلاف انہوں نے کمیشن کی رپورٹ بہت تیز رفتاری کے ساتھ' یعنی تقریباً دو ہفتے میں مکمل کر کے پیش کردی۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ ان مسائل پر وہ سالہا سال سے سوچتے چلے آئے تھے' اس لئے کسی فیصلے تک پہنچنے کے لئے وہ حزم و احتیاط کے جن مراحل کو ضروری سمجھتے تھے' وہ پہلے ہی گزر چکے تھے۔ لیکن پورے کمیشن کو ساتھ لے کر چلنے' مختلف موضوعات پر بحث اور پھر رپورٹ کی تیاری بھی بڑے وقت اور محنت کی طالب تھی' اور ایسا لگتا تھا کہ ملک و ملّت کی سالمیت کے لئے انہوں نے عمر بھر جو غور و فکر کیا ہے اس کے نتائج کو وہ اپنے پاس امانت سمجھتے ہیں' اور وہ ایسی شدید بیماری کے عالم میں موت و حیات سے بے نیاز ہو کر یہ چاہتے ہیں کہ دنیا سے رخصت ہونے سے پہلے اس امانت سے عہدہ برآ ہو جائیں۔ چنانچہ انہوں نے اسی وقت تک اپنی اس بیماری کا باقاعدہ علاج شروع نہیں کیا جب تک وہ کمیشن کے کام سے فارغ نہیں ہو گئے۔

اتفاق سے ان دنوں میرے گھر میں بھی علالت کا سلسلہ تھا' میں نے مولاناؒ کے ارشاد پر اپنا ایک غیر ملکی سفر تو ملتوی کردیا تھا' لیکن گھر کی علالت کی وجہ سے میں کمیشن کے کام میں کوئی موثر حصہ نہ لے سکا۔ ان مسائل پر حضرت انصاری صاحبؒ کی سوچ سے احقر کو بڑی حد تک اتفاق بھی تھا' اور بعض امور میں اپنی رائے زبانی عرض بھی کر دی تھی' اس لئے میں

شروع کے ایک دو روز شرکت کرنے کے بعد گھریلو مجبوری کی وجہ سے چند روز کے لئے کراچی چلا آیا۔ اور جب واپس پہنچا تو کام کا بڑا حصہ گذر چکا تھا۔ میں نے مولاناؒ کے سامنے اپنی مجبوری ذکر کر کے معذرت کی' تو انہوں نے فرمایا:

بیشتر مسائل میں آپ کی رائے تو مجھے معلوم تھی۔ البتہ میری خواہش یہ تھی۔ کہ آپ کا قلم ہمیں میسر آجاتا۔ یہ خواہش پوری نہ ہو سکی۔ تاہم جو کچھ لکھا گیا ہے' آپ دیکھ لیجئے' اور جہاں ترمیم کی ضرورت ہو' مجھے بتا دیجئے۔

احقر نے رپورٹ دیکھی' جوہری معاملات میں تو احقر کو اتفاق ہی تھا۔ البتہ بعض جزوی معاملات اور بعض جگہ بات کہنے کے انداز میں کچھ ترمیمات ذہن میں آئیں' لیکن مولانا کی صحت کا حال دیکھ کر تقاضا یہ ہوا کہ ان کا جلد از جلد اس رپورٹ سے فارغ ہو جانا ضروری ہے تاکہ وہ آمادۂ علاج ہو سکیں۔ اس لئے بعض جزوی باتوں سے صرف نظر کرنا مناسب معلوم ہوا۔ اور اس طرح وہ رپورٹ تیار ہوئی۔

چند سال سے حضرت انصاری صاحبؒ کی صحت بہت کمزور ہو گئی تھی' بینائی' سماعت اور چلنے کی صلاحیت ہر چیز متاثر ہوئی تھی' لیکن ذہنی اور فکری طور پر وہ آخر وقت تک چاق و چوبند رہے' پرانی باتیں اسی طرح یاد رہیں' اور عملی زندگی سے کنارہ کش ہونے کے باوجود وہ ملک و ملت کے مسائل میں آخر وقت تک غلطاں پیچاں رہے۔

کافی عرصے سے وہ سعید منزل سے اپنے صاحبزادے ڈاکٹر ظفر اسحٰق صاحب کے مکان میں گلشن اقبال منتقل ہو چکے تھے' اور یہاں ان کی بیٹھک کی وہ رونق باقی نہ رہی تھی' لیکن ان سے محبت کرنے والے یہاں بھی پہنچتے رہتے تھے۔ احقر گوناگوں مصروفیات کی وجہ سے بہت کم ان کی خدمت میں حاضر ہو پاتا تھا' اور جب بہت دن گزر جاتے تو وہ خود فون پر یاد فرما لیتے کبھی یہ شکایت تو نہیں کی کہ تم بہت کم آتے ہو' لیکن ہر مرتبہ یہ فرماتے کہ "میرا دل چاہتا ہے کہ آپ کی طرف آؤں' مگر کوئی نہ کوئی عذر پیش آجاتا ہے۔" ان کا یہ جملہ شرم دلانے کے لئے کافی ہوتا' اور میں کسی نہ کسی طرح پہنچ جاتا۔ وہ لکڑی کے سہارے بھی مشکل سے چل پاتے تھے' اور ان کو اندر سے ڈرائنگ روم میں آتے دیکھ کر بھی دل پر بوجھ ہوتا تھا کہ ہمارے آنے سے انہیں تکلیف ہوئی' لیکن جب بیٹھتے تو باتیں اسی شان سے شروع ہو جاتیں جیسے ان کے فکر و تعقل نے بڑھاپے کو ذرہ برابر تسلیم نہیں کیا۔

وضعداری کا عالم یہ کہ پچھلے سال میرے بڑے بھائی جناب محمد رضی عثمانی صاحب مرحوم کا انتقال ہوا تو اس ضعف و علالت کے عالم میں تعزیت کے لئے ہمارے لسبیلہ کے مکان پر تشریف لائے اور سیڑھیاں نہ چڑھ سکنے کی وجہ سے دیر تک گیٹ ہی پر بیٹھے رہے۔

آخر میں میں ان کے فاضل صاحبزادے ڈاکٹر ظفر اسحٰق انصاری صاحب نے' جو آج کل ادارہ تحقیقات اسلامی کے ڈائریکٹر ہیں' ان سے درخواست کر کے انہیں اپنے پاس اسلام آباد بلا لیا تھا۔ میں نومبر کو ایک میٹنگ کے سلسلے میں اسلام آباد گیا تو ان کی خدمت میں حاضر ہوا' ضعف کا بھی وہی عالم تھا۔ اور حاضر دماغی کا بھی' صحت دریافت کرنے پر اپنی حالت تو مختصر لفظوں میں بیان کردی' لیکن پھر وہی ملکی اور ملی مسائل شروع ہو گئے۔ اس وقت ایک سیاسی رہنما نے مخلوط انتخاب کے حق میں بیان دیا تھا۔ اس کے بارے میں دیر تک تبصرہ کرتے رہے کہ مخلوط انتخاب کس بنا پر پاکستان کے لئے مہلک ہے' اس نے مشرقی پاکستان کی علیحدگی میں کیا کردار ادا کیا؟ اور اس سے ملک کی نظریاتی بنیادوں پر کس طرح ضرب لگتی ہے؟ پھر عربی حروف میں بنگلہ زبان لکھنے اور اس طرح کا ایک قرآن کریم کا ترجمہ شائع کرنے کے لئے انہوں نے سالہا سال جو خدمت انجام دی' اسکا تذکرہ فرماتے رہے' اور اس سلسلے میں احقر کو کچھ ہدایات بھی دیں۔ دوپہر کا کھانا بھی میں نے ان کے اور ڈاکٹر ظفر اسحٰق صاحب کے ساتھ کھایا۔ پھر میں نے ان سے رخصت چاہی' اور انہوں نے محبت کے ساتھ رخصت کیا۔ کسے معلوم تھا کہ یہ ان سے آخری ملاقات ہوگی۔ بالآخر ۱۹ دسمبر کی رات میں ان پر فالج کا حملہ ہوا' اور ۲۰ دسمبر کو جمعہ کے دن عصر کے بعد وہ اپنی منزل پر پہنچ گئے' وہ روح جو عمر بھر ملک و ملت کے لئے بے قرار رہی' آخر کو ان تمام بکھیڑوں سے نجات پا گئی' اور ع

عمر بھر کی بے قراری کو قرار آ ہی گیا

اللہ تعالیٰ ان پر اپنی رحمتیں نازل فرمائیں' انکی زلّات وسیآت کی مکمل مغفرت فرماکر انہیں مقامات قرب عطا فرمائیں' اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق مرحمت فرمائیں' آمین۔

البلاغ جلد ۲۶ شمارہ ۸،۹

# اہلیہ محترمہ

## حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانویؒ

۱۱ رمضان ۱۴۱۲ھ مطابق ۱۶ مارچ ۱۹۹۲ء کو ہم سب کے سروں سے ایک گہیبر سایہ رحمت اٹھ گیا' اور حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ کی چھوٹی اہلیہ محترمہ اس دنیائے فانی سے رخصت ہو کر اپنے مالک حقیقی سے جاملیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون' مرحومہ موصوفہ کو حضرت حکیم الامت قدس سرہ کے متوسلین کے حلقوں میں عموماً "چھوٹی پیرانی صاحبہ" کے لقب سے یاد کیا جاتا تھا' اور حضرت والاؒ کے خصوصی متعلقین کے درمیان "آپا جی" کے نام سے بھی پکارا جاتا تھا۔

احقر کو حضرت حکیم الامت قدس سرہ کی زیارت تو نصیب نہ ہوئی' کیونکہ حضرتؒ کی وفات احقر کی پیدائش سے بھی تین ماہ قبل ہو چکی تھی۔ لیکن بحمد اللہ حضرت پیرانی صاحبہؒ کی بے پایاں شفقتیں ہمارے حصے میں آئیں۔ بچپن میں تو پردے کا بھی کوئی سوال نہیں تھا' اور انہیں دیکھ کر ایسا محسوس ہوتا تھا کہ رحمت و شفقت نے مجسم ہو کر ایک انسانی وجود اختیار کر لیا ہے۔ ان کی ادا ادا میں بلا کی معصومیت اور بات بات میں خلوص و محبت کی ایسی مٹھاس تھی جو نفاق اور لگاوٹ کی اس دنیا میں متاع نایاب سے کم نہیں۔ ان کا دامن شفقت حضرت حکیم الامتؒ کے تمام متعلقین کے لئے ہمیشہ کشادہ تھا' اور وہ اہل تعلقات کے مسائل میں اس طرح شریک رہتیں جیسے وہ ان کے گھر اور ان کے خاندان کے افراد ہیں۔ ایک ایک شخص کے حالات اور مسائل سے باخبر رہ کر وہ پیچیدہ مسائل کی گتھیاں شفقت اور حسن تدبیر سے سلجھاتیں' اور حضرت کے متوسلین کو ان کی ذات میں ایک شفیق ترین ماں کے وجود کا احساس ہوتا' جس سے قلب پر ایک ہمہ وقتی ڈھارس موجود رہتی تھی۔ آج ہم اس ڈھارس اور اس سایہ شفقت و رحمت سے محروم ہو گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

حضرت پیرانی صاحبہؒ کی زندگی ایک مثالی مومن خاتون کا مجسم نمونہ تھی۔ مجھے بچپن

ہی سے جب کبھی اسلاف کی بزرگ خواتین مثلاً حضرت رابعہ بصریہؒ وغیرہ کا تصور آتا تو حضرت پیرانی صاحبہؒ کی صورت میں آتا جنہیں ہمارے گھر میں قدرے بے تکلفی سے "آپا جی" بھی کہا جاتا تھا۔ اور واقعہ یہ ہے کہ ان کی سیرت و کردار اور اخلاق و اعمال میں اسلامی تعلیمات کی خوشبو اس طرح رچی بسی ہوئی تھی کہ ان کے انداز و ادا سے اسلامی طریق زندگی کی تعلیم حاصل کی جاسکتی تھی۔

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ کا پہلا نکاح گنگوہ میں ۱۹۲۸ء میں ہوا تھا۔ اور نکاح قطب الارشاد حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی قدس سرہ نے پڑھایا تھا۔ یہ پہلی اہلیہ محترمہ خود بھی حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکیؒ سے بیعت تھیں اور نہایت متقی اور پارسا خاتون تھیں۔ پھر دوسرا نکاح رمضان ۱۳۳۴ھ میں چھوٹی اہلیہ محترمہ سے ہوا۔ یہ آپ کے بھانجے مولانا سعید احمد تھانویؒ کی بیوہ تھیں' اور ان کے انتقال کے ایک سال بعد آپ نے ان سے نکاح فرمایا' جس کی وجوہ و اسباب کی تفصیل حضرت نے خود اپنے رسالے "الخطوب المذیبة للقلوب المنیبة" میں تحریر فرمائی ہے۔

اسلام میں مرد کو چار شادیوں تک کی اجازت اس شرط کے ساتھ مشروط ہے کہ وہ تمام بیویوں کے درمیان مکمل عدل و انصاف کا برتاؤ کرسکے۔ جب حضرت نے دوسرا نکاح فرمایا تو پہلی اہلیہ محترمہ نے ایک مرتبہ ذکر کیا کہ "آپ نے اپنے متعلقین کے لئے دوسری شادی کرنے کا دروازہ کھول دیا ہے۔" اس پر حضرتؒ نے جواب دیا: "میں نے عقد ثانی کا دروازہ کھولا نہیں ہے' بلکہ بند کر دیا ہے' کیونکہ جب لوگ یہ دیکھیں گے کہ دو بیویوں میں اتنی رعایت کرنا پڑتی ہے تو اس کو دشوار سمجھ کر عقد ثانی کی ہمت ہی نہ کرسکیں گے۔"

اور واقعہ یہی ہے کہ حضرت حکیم الامت قدس سرہ نے اپنی دونوں ازواج کے درمیان عدل و انصاف قائم رکھنے کے لئے جو غیر معمولی انتظام قائم فرمایا تھا' اس کی نظیر ملنی مشکل ہے۔ ایک مرتبہ یہاں تک فرمایا کہ "میں تو ایک کی باری میں دوسری کا خیال لانا بھی خلاف عدل سمجھتا ہوں' کیونکہ اس سے ان کی طرف توجہ میں کمی ہوگی جس کی باری ہے۔ اور یہ حق تلفی ہے۔ اسی طرح میں اپنے کپڑے خانقاہ ہی میں رکھتا ہوں' کیونکہ اگر میں ایک گھر میں رکھتا تو دوسرے گھر والوں کو شکایت ہوسکتی تھی کہ ہمارے ساتھ اتنی خصوصیت نہیں جتنی دوسری کے ساتھ ہے۔"

عمر بھر معمول یہ رہا کہ نقد یا غیر نقد جو کچھ دیتے وہ دونوں گھروں میں برابر دیتے' یہاں تک کہ جن چیزوں کا وزن ممکن ہے' ان کے وزن کے لئے خانقاہ ہی میں ترازو رکھی ہوئی تھی۔

حضرت والاؒ کے خلیفہ اجل حضرت مولانا شاہ محمد مسیح اللہ خان جلال آبادی مدظلہم العالی نے ایک دفعہ بیان فرمایا کہ :۔

"ایک دن مجلس میں ایک دیہاتی دو تربوز لیکر حاضر ہوا۔ حضرتؒ نے پوچھا" بھائی! یہ دو تربوز کیسے؟" اس نے کہا" تیرے ہاں دو بیویاں نہیں ہیں کیا؟" حضرت نے فرمایا "بھائی ہیں تو!" تو اس نے کہا "ایک ایک بیوی کے لئے' دوسرا دوسری بیوی کے لئے ہے۔" حضرتؒ نے فرمایا: "یہ کیسے معلوم ہو گا کہ دونوں برابر ہیں یا کم و زیادہ ؟" اس نے کہا "میں دونوں وزن کر کے لایا ہوں' دونوں ہم وزن ہیں" حضرتؒ نے فرمایا یہ کیسے معلوم ہو گا کونسا میٹھا ہے اور کونسا پھیکا؟" تو اس دیہاتی نے کہا "میں اندر تھوڑا ہی گھسا ہوں' جو دیکھتا کہ اندر سے کیسا ہے؟" حضرتؒ نے دونوں تربوز نصف نصف کر کے ایک کا نصف دوسرے کے ساتھ اور دوسرے کا نصف پہلے ساتھ کر کے خادم کو دونوں گھر پہنچانے کا حکم دیا۔ یہ صورت حال دیکھ کر اس دیہاتی نے عرض کیا "مولوی جی! توں تو بڑی تکلیف میں ہے" حضرتؒ نے فرمایا "بھائی' یہاں کی تھوڑی سی تکلیف گوارا ہے' آخرت کی بڑی تکلیف کے بجائے۔"

(منقول از ماہنامہ الحسن لاہور شمارہ شوال ۱۳۱۲ھ صفحہ ۵)

حضرتؒ کی بڑی اہلیہ محترمہ کا انتقال حضرتؒ کی وفات کے کچھ عرصے بعد ہندوستان ہی میں ہو گیا تھا' لیکن چھوٹی اہلیہ محترمہ بحمد اللہ حضرتؒ کی وفات کے بعد تقریباً نصف صدی تک بقید حیات رہیں۔ آپ کی اپنے پہلے شوہر مولانا سعید الحسن تھانویؒ سے ایک صاحبزادی ہیں جو حضرت تھانوی قدس سرہ کی ربیبہ تھیں' اور حضرت مولانا مفتی جمیل احمد صاحب تھانوی مدظلہم کے نکاح میں آئیں۔ حضرت پیرانی صاحبہ قدس سرہا اپنی ان صاحبزادی کے ساتھ لاہور آ گئیں۔ اور آخر وقت تک حضرت مفتی جمیل احمد صاحب تھانوی مدظلہم العالی کے گھر میں مقیم رہیں۔ حضرت مفتی صاحب مدظلہم اور ان کے اہل خانہ کو حضرت پیرانی صاحبہؒ کی خدمت کی سعادت نصیب ہوئی جسکا ماشاء اللہ انہوں نے خوب حق ادا کیا۔

حضرت حکیم الامتؒ کی وفات کے بعد حضرت پیرانی صاحبہؒ پچاس برس بقید حیات

رہی اور ان کا وجود متعلقین کے لئے بڑی ڈھارس اور تسلی کا موجب بنا رہا۔ اب کچھ عرصے سے انکی علالت سنگین نوعیت اختیار کر گئی، اور بالآخر ۱۱ رمضان ۱۴۱۲ھ کو ان کا وقت موعود آن پہنچا، اور وہ اپنے مالک حقیقی سے جا ملیں۔

اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں پیہم ترقی درجات عطا فرمائیں، اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشیں۔ آمین، اللّٰھم اکرم نزلھا ووسع مدخلھا ونقھا من الخطایا کما ینقی الثوب الابیض من الدنس۔

البلاغ جلد ۲۶ شمارہ ۱۲

# مسیح الامّت حضرت مولانا مسیح اللہ خان صاحبؒ
# (خلیفۂ اجل حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ)

۱۶ جمادی الاولی ۱۴۱۳ھ مطابق ۱۲ نومبر ۱۹۹۲ء کی تاریخ دین اور علم دین سے تعلق رکھنے والوں کے لئے جس جانکاہ حادثے کی خبر لیکر آئی وہ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ کے خلیفہ اجل حضرت مولانا مسیح اللہ خان صاحب قدس سرہ کی وفات حسرت آیات کا حادثہ تھا۔ حضرت قدس سرہ کی ذات اس وقت ایک ایسا چشمہ فیض تھی جس سے نہ صرف بر صغیر' بلکہ افریقہ' یورپ اور امریکہ کے دور دراز علاقوں کے مسلمان مستفید ہورہے تھے' جس نے اس انحطاط پذیر زمانے میں اتباع سنت پر مبنی دین کی خالص اور بے غل وغش فہم کو عملی صورت میں مجسم کرکے دکھایا' اور جس نے شریعت وطریقت کا حسین امتزاج اپنے قول وفعل اور تعلیم وتربیت کے ذریعے عام کرکے حضرت حکیم الامت قدس سرہ کے فیوض کو زندہ وتابندہ رکھا۔ آج یہ مقدس وجود ہم سے جدا ہوگیا' اور ہم اس دریائے فیض سے محروم ہوگئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ نے گذشتہ صدی میں تجدید واحیائے دین کے سلسلے میں جو عظیم الشان کارنامے انجام دیئے' ان کا ایک حصہ یہ بھی تھا کہ اپنی تعلیم وتربیت اور ارشاد واصلاح کے ذریعے اپنے ایسے خلفاء کی ایک بڑی جماعت تیار کی جو اپنے شیخ کے رنگ میں رنگے ہوئے تھے' اور جن کا مزاج ومذاق حضرت حکیم الامت قدس سرہ کی تعلیمات کا جیتا جاگتا نمونہ تھا' ان خلفاء نے حضرت حکیم الامت قدس سرہ کی وفات کے بعد بھی اصلاح وارشاد کا یہ سلسلہ جاری رکھا' اور چاردانگ عالم میں اپنے فیوض پھیلائے' لیکن رفتہ رفتہ یہ نفوس قدسیہ بھی راہی آخرت ہوئے۔ پاکستان میں اس سلسلۃ الذہب کی آخری کڑی حضرت مولانا فقیر محمد صاحبؒ تھے' اور ان کی وفات کے بعد صرف ہندوستان میں حضرت حکیم الامتؒ کے دو خلفاء باقی رہ گئے تھے' ایک حضرت مولانا

مسیح اللہ خان صاحب قدس سرہ اور دوسرے حضرت مولانا ابرار الحق صاحب مدظلہم العالی۔ اب حضرت مولاناؒ بھی ہم سے رخصت ہوگئے اور اب حضرت حکیم الامتؒ کے خلفاء میں سے صرف حضرت مولانا ابرار الحق صاحب مدظلہم باقی ہیں' اللہ تعالیٰ ان کا سایہ رحمت ہم پر تادیر بعافیت سلامت رکھیں۔ آمین ثم آمین۔

حضرت مولانا مسیح اللہ خان صاحب قدس سرہ حضرت حکیم الامتؒ کے ان خلفاء میں سے تھے جنہوں نے سالہا سال اپنے شیخ کی صحبت اٹھائی' اور ان کے رنگ کو اپنی زندگی میں اس طرح جذب کیا کہ ان کا وجود اپنے شیخ کی زندہ یادگار بن گیا۔

آپ ۱۳۲۹ھ میں ضلع علی گڑھ کی ایک بستی سرائے برلہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد ماجد جناب احمد حسین خان صاحب شیروانی خاندان کے چشم وچراغ تھے' اور اپنے علاقے میں بڑے بااثر اور ہردلعزیز سمجھے جاتے تھے۔ حضرت کو بچپن ہی سے عبادات وطاعات کا خاص ذوق تھا' بچپن ہی میں نوافل' تہجد اور ذکر کے عادی ہوگئے تھے' آپ کے ایک رشتہ دار مولانا محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ حضرت شیخ الہندؒ سے بیعت تھے' آپ اکثر ان کی صحبت میں بیٹھا کرتے تھے' اور انہی کے ذریعے آپ کو حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ کے مواعظ مطالعے کیلئے میسر آئے جس کے نتیجے میں آپ کو حضرت حکیم الامتؒ سے غائبانہ طور پر ہی خصوصی محبت وعقیدت پیدا ہوگئی۔

آپ نے ابتدائی تعلیم اپنے وطن ہی کے ایک سرکاری اسکول میں درجہ ششم تک حاصل کی' اور اس کے ساتھ بہشتی زیور اور حضرت حکیم الامت کے مواعظ کا مطالعہ جاری رکھا۔ اسکول میں آپ ہمیشہ ممتاز نمبروں سے کامیاب ہوتے رہے' لیکن طبیعت چونکہ ابتدا ہی سے دینی تعلیم کی طرف راغب تھی' اس لئے کچھ عرصے کے بعد والد صاحب نے آپ کا طبعی رجحان دیکھتے ہوئے آپ کو فارسی اور عربی کی تعلیم شروع کرادی۔ ابتدا سے مشکوٰۃ شریف تک کی تعلیم آپ نے اپنے وطن ہی میں حاصل کی' آپ کے اس وقت کے اساتذہ میں حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب لکھنوئیؒ بطور خاص قابل ذکر ہیں' جن سے حضرتؒ نے مشکوٰۃ سمیت درس نظامی کی بہت سی کتابیں پڑھیں' لیکن یہ عجوبہ بھی استاد اور شاگرد دونوں کے انتہائی اخلاص اور دونوں کے مقام بلند کا کرشمہ ہے کہ بعد میں جب شاگرد کو حضرت حکیم الامتؒ سے بیعت وارشاد کی اجازت حاصل ہوئی تو استاد نے اپنی اصلاح کے

لئے شاگرد سے رجوع کیا' اور حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحبؒ نے اپنے شاگرد رشید حضرت مولانا محمد مسیح اللہ خان صاحبؒ کے ہاتھ پر بیعت کی۔

اللہ اکبر! ایک طرف حضرت مولانا مسیح اللہ خان صاحبؒ کے مقام کا اندازہ لگائیے کہ ان کے استاذ نے بیعت ارشاد کے لئے ان کا انتخاب کیا' اور دوسری طرف حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحبؒ کے اخلاص اور بے نفسی کا عالم دیکھئے کہ اپنے شاگرد کو اپنا شیخ طریقت بنانے میں کوئی حجاب مانع نہیں ہوا۔ باوجودیہ کہ وہ خود حضرت تھانویؒ کی طرف سے مجاز صحبت قرار دیئے جاچکے تھے۔ سچ ہے کہ جب دل میں فکرِ آخرت بیدار ہوتی ہے' اور انسان کو اپنی اصلاح کی فکر دامنگیر ہوتی ہے تو رسوم وقیود کے سارے بندھن ٹوٹ جاتے ہیں' اور اللہ تعالیٰ کی رضاجوئی کی فکر انسان کے سینے میں بنے ہوئے خودپسندی کے تمام بتوں کو پاش پاش کرڈالتی ہے' پھر اندر سے اللہ کی بندگی میں ڈوبا ہوا وہ انسان ابھرتا ہے جس کی پاکیزگی اور تقدس پر فرشتے رشک کرتے ہیں' اور جس کی لغت میں نام ونمود' ذاتی شہرت پسندی اور عجب وتکبر کے الفاظ نہیں ہوتے' پھر اس کی سیرت وکردار کی مہک ہر اس شخص کو معطر کرتی ہے جو اس سے چھو کر گذر جائے' لیکن اس بھری پری دنیا میں عظمت کردار کے ایسے نگینے خال خال ہی وجود میں آتے ہیں۔

بہرکیف! حضرتؒ نے اپنا زمانۂ طالب علمی اس طرح گذارا کہ استاد تو ان کی ذہانت وذکاوت اور متانت کردار کے معترف تھے ہی' والد صاحب بھی آپ کی نیکی کا اس درجہ احترام کرتے تھے کہ اپنے اس بیٹے سے اپنے حقے کی چلم کبھی نہیں بھرواتی' حضرتؒ نے بعض مرتبہ والد کی خدمت کے شوق میں یہ کام کرنے کی کوشش کی' لیکن والد صاحب نے سختی سے انکار کردیا۔

حضرتؒ نے مشکوٰۃ شریف تک تعلیم اپنے وطن میں حاصل کرنے کے بعد دورۂ حدیث کیلئے دارالعلوم دیوبند کا رخ کیا' اور وہاں اپنی تعلیم کی تکمیل فرمائی' جن بزرگوں سے وہاں آپ نے استفادہ کیا' ان میں حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی قدس سرہ' حضرت مولانا اعزاز علی صاحبؒ' حضرت مولانا سید اصغر حسین صاحبؒ' حضرت مولانا محمد ابراہیم بلیاوی صاحبؒ بطور خاص قابل ذکر ہیں' اور اسی زمانے میں حضرتؒ نے احقر کے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرہ سے بھی تعلیم حاصل کی ہے۔

حضرت حکیم الامت سے عقیدت و محبت تو بچپن ہی سے تھی، حضرت کی علی گڑھ تشریف آوری کے موقع پر زیارت بھی ہو چکی تھی، لیکن باقاعدہ بیعت اور اصلاحی خط و کتابت کا آغاز دارالعلوم دیوبند میں داخلے کے بعد ہوا، اور چھٹیوں میں تھانہ بھون حاضری کا بھی معمول رہا۔ یہاں تک کہ جس سال آپ دارالعلوم سے فارغ التحصیل ہوئے "یعنی ۱۳۵۱ھ" اسی کے فوراً بعد شوال ۱۳۵۱ھ میں حضرت حکیم الامتؒ نے آپ کو بیعت کی اجازت بھی مرحمت فرمادی۔ یوں تو حضرت حکیم الامتؒ کے خلفاء کی فہرست کافی طویل ہے، لیکن حضرت نے اپنے زمانہ علالت میں خاص طور پر گیارہ خلفاء مجازین کے نام شائع فرمائے تھے جن کے بارے میں یہ تصریح فرمائی تھی کہ ان کے طرز تعلیم پر مجھے اعتماد ہے۔ ان منتخب خلفاء میں حضرت مولانا مسیح اللہ خان صاحب قدس سرہ کا اسم گرامی بھی شامل تھا۔

بلکہ یہ امتیاز بھی شاید حضرت والاؒ ہی کو حاصل ہوا کہ حضرت حکیم الامتؒ نے اپنے متعلقین میں سے ایک صاحب کو اس شرط پر اپنی خانقاہ میں آنے کی اجازت دی کہ وہ حضرت مولانا مسیح اللہ خان صاحبؒ سے اپنا اصلاحی تعلق قائم کریں، اور ہر ماہ جو خط و کتابت ہو، وہ مجھے (یعنی حضرت حکیم الامتؒ کو) دکھایا کریں۔ چنانچہ دو تین سال تک برابر وہ حضرت حکیم الامتؒ کی خدمت میں اپنے خطوط اور حضرت مولانا مسیح اللہ خان قدس سرہ کے جوابات پیش کرتے رہے، لیکن حضرت الامتؒ نے آپ کے کسی جواب پر کوئی گرفت نہیں فرمائی۔

حکیم الامت حضرت تھانوی قدس سرہ کی اس خصوصی نظر شفقت کا اثر تھا کہ حضرت مولاناؒ کی تعلیم و تربیت کا فیض دور دور تک پھیلا۔ حضرت حکیم الامتؒ کے ارشاد پر آپ نے جلال آباد میں قیام فرمالیا تھا اور وہاں مفتاح العلوم کے نام سے ایک مدرسے کی بنیاد ڈالی، اور تقریباً نصف صدی تک اسی مدرسے کو فیض رسانی کا مرکز بنائے رکھا۔ وہیں پر درس و تدریس، تصنیف و تالیف، وعظ و ارشاد اور مدرسے کے انتظام و انصرام کی خدمات میں مشغول رہے۔ یہیں پر عرصہ دراز تک صحیح بخاری شریف کا درس دیا جس کی تقریر کا کچھ حصہ شائع بھی ہو چکا ہے۔

جن حضرات نے حضرت موصوفؒ کی زیارت کی ہے اور جلال آباد میں آپ کی مصروفیات کا مشاہدہ کیا ہے وہ یہ محسوس کئے بغیر نہ رہ سکے ہوں گے کہ حضرتؒ کی زندگی سراپا کرامت ہے۔ احقر کو یہ شرف بالکل آخری دور میں حاصل ہوا جب آپ کے ضعف و علالت

کا دور تھا' اور آپ قریبی مسجد تک بھی سہارے سے تشریف لے جاتے تھے' لیکن اس ضعف کے عالم میں بھی معمول یہ تھا کہ تہجد کے وقت سے جو کام میں لگتے' مغرب کے وقت تک مسلسل کام میں مشغول رہتے۔ فجر کے بعد برائے نام ناشتہ فرماتے' اور پھر مغرب تک کچھ تناول نہیں فرماتے تھے۔ اور فجر کے بعد سے مسلسل اپنی نشست پر دوزانو بیٹھے رہتے' احقر نے کبھی آپ کو چار زانو بیٹھے نہیں دیکھا۔ اسی انداز نشست پر بیٹھ کر اہل حاجت کی حاجتیں پوری فرماتے جس کا جی چاہتا' بیٹھک کی چق اٹھا کر اندر آجاتا' اور اپنی ضرورت بیان کرتا' حضرتؒ پوری خندہ پیشانی سے اس کا کام کرتے' بیچ بیچ میں ڈاک کے جواب کا سلسلہ جاری رہتا' ساری دنیا سے متوسلین کے خطوط آتے تھے' اور ڈاک کے ذریعے ان کے باطنی مسائل کا حل تجویز فرمایا جاتا' صبح نو بجے سے مجلس عام شروع ہوتی' اور دو دو تین تین گھنٹے تک علوم و معارف کے دریا بہتے رہتے۔ اس دوران کوئی محسوس بھی نہ کر سکتا تھا کہ حضرتؒ ضعف کے اس عالم میں ہیں' بعض اوقات مجلس تین گھنٹے سے بھی زیادہ طویل ہو جاتی' مگر حضرتؒ پر تعب کے آثار نظر نہیں آتے تھے۔ ان مجالس میں تفسیر' حدیث' فقہ اور تصوف و طریقت کے وہبی علوم کا ناپیدا کنار سمندر رواں دواں رہتا تھا۔ اور اس پورے عرصے میں حضرتؒ کی نشست نہیں بدلتی تھی۔ مجلس کے بعد پھر وہی کاموں کا سلسلہ شروع ہو جاتا' اور نماز کے اوقات کو چھوڑ کر مغرب تک جاری رہتا تھا۔

تواضع' سادگی اور فنائیت کا یہ عالم تھا کہ اپنے آپ کو دنیا بھر کا خدمت گذار سمجھا ہوا تھا۔ مدرسہ کے طلبہ کی بیماری کی خبر سنتے تو ان کی نہ صرف بیمار پرسی' بلکہ اپنے ہاتھوں سے ان کی خدمت کرتے' ایک نومسلم طالبعلم کی تمام ضروریات کی کفالت آپ نے اپنے ذمہ لے رکھی تھی' وہ صاحب کچھ عجیب طبیعت کے واقع ہوئے تھے۔ جب ان کے جی میں آتا' عین مجلس میں آکر ایسی باتیں حضرت والاؒ سے کہہ دیتے جو سننے والوں کو گستاخانہ معلوم ہوتیں' دکان داروں سے قرض کر لیتے' اور پھر آکر تقاضا کرتے کہ مجھے پیسے چاہئیں۔ ایک مرتبہ مجلس میں آئے اور کہنے لگے کہ "ہمارے جوتے ٹوٹ گئے ہیں' اور بنوا دیجئے" حضرتؒ نے فرمایا کہ "ابھی تو خرید کر دیئے تھے' تھوڑے سے ٹوٹے ہوں گے' مرمت کروا دی جائے گی"۔ انہوں نے کہا' "ہمیں معلوم نہیں' آپ دیکھ لیجئے"۔ آپ نے فرمایا "لاؤ' دیکھ لوں" اس پر انہوں نے کہا کہ "وہ ہیں چق کے باہر' آپ دیکھ لیجئے" ان کے اس جواب پر حضرت والاؒ مجلس سے

اٹھ کر دھوپ میں باہر تشریف لائے' جہاں بہت سے جوتے رکھے تھے۔ چونکہ آپ کو ان کے جوتے کی پہچان نہیں تھی' اس لئے مختلف جوتے اٹھا اٹھا کر فرماتے رہے کہ "یہ تمہارے جوتے ہیں؟" اور وہ صاحب اندر ہی اندر سے انکار کرتے رہے۔ بالآخر جب دیر گزر گئی تو حاضرین میں سے کسی صاحب نے ان سے کہا کہ "تم سے اتنا بھی نہیں ہوتا کہ آگے بڑھ کر دکھلا دو" اس پر انہوں نے اپنے جوتے دکھائے' اور حضرتؒ نے مرمت کے لئے پیسے دیئے۔

کسی نے ان صاحب کے بارے میں حضرتؒ سے عرض کیا کہ یہ صاحب ایسی بے تکی باتیں کرتے رہتے ہیں۔ حضرتؒ نے فرمایا کہ "بھائی حضرت تو سب لوگ کہتے ہیں' کوئی ایسا بھی تو ہو جس سے میں اپنے آپ سنبھالتا رہوں' اور میری اصلاح ہوتی رہے"۔

ایک مرتبہ حضرتؒ مدرسہ تشریف لے جا رہے تھے' راستے میں ایک بڑے میاں اپنے مکان کے دروازے کے باہر چارپائی پر لیٹے ہوئے کراہ رہے تھے۔ حضرت والاؒ نے ان سے سلام کے بعد حال دریافت کیا' انہوں نے کمر میں درد کی شکایت کی۔ آپ نے فرمایا "لایئے' میں آپ کی کمر دبا دوں" انہوں نے سختی سے انکار کیا' آپ اس وقت تو مدرسہ تشریف لے گئے' لیکن رات کو عشاء کے بعد پھر ان کے پاس پہنچ گئے' اور ان کی کمر دبانی شروع کر دی' اور ان کے انکار پر فرمایا کہ صبح تو دوسرے حضرات بھی موجود تھے آپ ان سے شرماتے ہوں گے' لیکن اس وقت کوئی نہیں ہے' اب دبوا لیجئے' آپ کو آرام آجائے گا۔

حضرت حکیم الامت قدس سرہ سے اصلاحی تعلق قائم ہونے کے بعد آپ پر مخلوق خدا پر شفقت کا ایک خاص حال اس درجہ طاری ہوا کہ انسان تو انسان کسی جانور اور کیڑوں مکوڑوں کو بھی اپنی ذات سے کوئی ادنیٰ تکلیف پہنچنا بے حد شاق گذرتا تھا۔ یہاں تک کہ موذی حشرات الارض کو بھی اپنے ہاتھ سے مارنے پر قدرت نہ ہوتی تھی۔ جس شخص کا جانوروں کے ساتھ یہ معاملہ ہو' وہ انسانوں کی تکلیف کا کس درجہ خیال رکھے گا؟ اس کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

حضرت والاؒ کا مستقل قیام اگرچہ جلال آباد میں تھا' لیکن دعوت و ارشاد کے مقصد سے آپ نے اطراف ملک اور بیرون ملک سفر بھی بہت سے کئے۔ برصغیر کے علاوہ جنوبی افریقہ' برطانیہ' فرانس' امریکہ' پاناما' مصر وغیرہ کے دورے فرمائے' اور اس طرح آپ کا علمی اور روحانی فیض ان تمام علاقوں میں پہنچا' اور دنیا کے ان تمام خطوں میں آپ کے متوسلین اور

متعلقین موجود تھے جو خط وکتابت کے ذریعے آپ سے اصلاحی تعلق استوار کئے ہوئے تھے' ان حضرات کے خطوط کا ایک انبار ہروقت آپ کے سامنے موجود رہتا' اور ہر خط کا اطمینان بخش جواب مختصر مدت میں روانہ ہو جاتا۔

حضرتؒ کا تذکرہ احقر نے بچپن میں سب سے پہلے اپنے استاذ گرامی قدر حضرت مولانا محمد سلیم اللہ خان صاحب مد ظلہم (صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان و مہتمم جامعہ فاروقیہ کراچی) سے سنا جو مدتوں حضرتؒ کے مدرسے میں تدریسی اور انتظامی خدمات انجام دیتے رہے تھے' اور بعد میں پاکستان تشریف لے آئے تھے۔ اسی زمانے میں حضرتؒ دو ایک مرتبہ کراچی تشریف ______________ لائے تو دارالعلوم میں بھی تشریف آوری ہوئی اور حضرت والد ماجد صاحب قدس سرہ سے ملاقات فرمائی۔ پہلی بار آپ کی زیارت اسی موقع پر ہوئی' ایک انتہائی سادہ اور متواضع وجود' جسمانی اعتبار سے منحنی' لیکن سرخ وسفید چہرہ مبارک پر زہد وعبادت کے انوار' کم گوئی اور فروتنی کی وجہ سے کوئی اندازہ بھی نہ لگا سکتا تھا کہ یہ مشت استخواں علوم ومعارف کے کتنے دریا سینے میں جذب کئے ہوئے ہے۔

آپ بکثرت لاہور بھی تشریف لاتے تھے' اور اپنے بھانجے اور داماد جناب مولانا وکیل احمد شیروانی صاحب مد ظلہم کے یہاں قیام فرماتے تھے۔ وہاں بھی متعدد مرتبہ زیارت کا شرف حاصل ہوا۔ پھر جب احقر کے شیخ ومربی سیدی وسندی حضرت ڈاکٹر عبدالحئی صاحب عارفی قدس سرہ کی وفات ہوئی تو احقر پر ایک عالم حسرت طاری تھا کہ حضرت ڈاکٹر صاحب قدس سرہ جیسے شیخ کامل سے جو فائدہ اٹھانا چاہیے تھا' میں اپنی نااہلی کی بنا پر نہیں اٹھا سکا۔ دوسری طرف حضرت ڈاکٹر صاحب قدس سرہ کے بعد ایسا محسوس ہوتا تھا کہ جیسے ایک لق ودق صحرا میں تنہا کھڑا رہ گیا ہوں۔

اس موقع پر قلب میں شدت کے ساتھ یہ تقاضا پیدا ہوا کہ حضرتؒ کے بعد اپنی نگرانی اور اصلاح کیلئے حضرت مولانا محمد مسیح اللہ خان صاحب قدس سرہ سے اصلاحی تعلق قائم کروں' چنانچہ احقر نے آپ کی خدمت میں اس مقصد کے لئے عریضہ لکھا۔ حضرت والاؒ کا جواب ملا کہ :

"احقر تو خادم ہے' جو چاہے' استقامت کے ساتھ خدمت لے۔"

اس کے بعد بفضلہ تعالیٰ خط وکتابت کے ذریعے حضرتؒ سے اصلاحی تعلق تقریباً سات سال قائم رہا۔ اس دوران اتفاق سے حضرت والاؒ کی پاکستان (لاہور) تشریف آوری صرف ایک مرتبہ ہوئی۔ اس موقع پر بفضلہ تعالیٰ حضرتؒ کی مجالس میں حاضری کی سعادت نصیب ہوئی۔ اس کے بعد دو مرتبہ احقر بھی جلال آباد حاضر ہوا اور حضرت والاؒ کے سایہ شفقت میں چند روز گذارنے کا شرف بھی حاصل ہوا۔ حضرتؒ کی بے پایاں عنایتوں نے ہمیشہ نہال فرمایا۔ جلال آباد کے قیام کے دوران روزانہ حضرتؒ کی مجلس میں حاضری کی توفیق ہوئی' اس زمانے میں حضرتؒ تین تین گھنٹے' بلکہ بعض اوقات اس سے بھی زائد بیان فرماتے' لیکن محویت کا عالم یہ ہوتا کہ یوں محسوس ہوتا جیسے یہ وقت پلک جھپکتے گذر گیا' اور جو علوم ومعارف وہاں سننے میں آتے' ان کے بارے میں اس کے سوا کچھ نہیں کہا جاسکتا کہ ع

آتے ہیں غیب سے یہ مضامین خیال میں

احقر کو جسمانی حاضری اور براہ راست صحبت سے استفادے کا موقع تو بہت کم ملا لیکن الحمد للہ' مراسلت کے ذریعے اپنے تقریباً تمام کاموں میں حضرتؒ سے رہنمائی حاصل کرنے کا سلسلہ جاری رہا۔ خط جانے اور جواب آنے میں کم از کم بیس دن لگ جاتے تھے' لیکن جب ڈاک میں حضرتؒ کا مکتوب گرامی نظر نواز ہوتا تو ایک عجیب سرور محسوس ہوتا' اور جواب پڑھ کر دیر تک سرور طاری رہتا۔

حضرتؒ کا ضعف تو عرصہ سے روز افزوں تھا' لیکن معمولات میں فرق نہیں آتا تھا' اب چند ماہ پہلے معلوم ہوا کہ ضعف اتنا بڑھ گیا ہے کہ مسجد تک بھی نہیں جاپاتے' اور مجلس کا سلسلہ بھی منقطع ہوگیا ہے۔ پھر معلوم ہوا کہ ڈاک کا جواب بھی نہیں لکھ رہے ہیں' بیچ میں کبھی کبھی افاقے کی خبریں بھی آتی رہتیں۔ احقر نے ۲ نومبر کو ہندوستان جانے کا ارادہ کیا ہوا تھا' اور جلال آباد حاضر ہونے کا قصد تھا' لیکن اچانک ازبکستان کا سفر پیش آگیا' اور ہندوستان کا سفر وہاں سے واپسی پر ملتوی کردیا۔ لیکن حضرتؒ کی زیارت مقدر میں نہ تھی' ازبکستان سے واپسی کے چند ہی دن بعد اچانک حضرت والاؒ کے وصال کی خبر آئی' جمعرات کا دن گذرنے کے بعد جمعہ کی شب میں حضرتؒ نے بلند آواز سے ذکر شروع کیا' اور ذکر کرتے کرتے ہی دنیا سے کوچ فرماگئے انا للہ وانا الیہ راجعون جمعہ کے دن حضرت والاؒ کی تجہیز وتکفین ہوئی۔ سنا ہے کہ حضرت مولانا عنایت اللہ صاحب مدظلہم العالی نے نماز جنازہ پڑھائی۔

# حضرت مولانا مفتی جمیل احمد تھانوی صاحب ﷫

۶ رجب ۱۴۱۵ھ کی صبح کو میں جامعہ امدادیہ کے ختم بخاری کے اجتماع میں شرکت کے لئے فیصل آباد ایئرپورٹ پر اترا تو حضرت مولانا نذیر احمد صاحب مدظلہم نے یہ المناک خبر سنائی کہ حضرت مولانا مفتی جمیل احمد صاحب تھانوی ﷫ آج صبح رخصت ہوگئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

حضرت مفتی جمیل احمد صاحب تھانوی ﷫ ان خوش نصیب ہستیوں میں سے تھے جنہیں خانقاہ اشرفیہ میں حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی ﷫ کے زیر سایہ ایک طویل عرصہ گزارنے کی سعادت حاصل ہوئی۔ چونکہ حکیم الامت حضرت تھانوی ﷫ کی ربیبہ حضرت مفتی صاحب ﷫ کے گھر میں تھیں۔ اس لئے حضرت مفتی صاحب ﷫ کو حضرت تھانوی ﷫ سے دامادی حیثیت بھی حاصل تھی اور ان کا شمار حضرت تھانوی ﷫ کے اہل خانہ میں سے ہوتا تھا۔ اس لحاظ سے ان کو اس دور میں خانقاہ اشرفیہ کی آخری یادگار کہا جاتا تھا۔

حضرت مفتی جمیل احمد صاحب ﷫ ضلع مظفرنگر کے قصبہ تھانہ بھون میں پیدا ہوئے تھے اور ابتدائی تعلیم وہاں اور آس پاس حاصل کرنے کے بعد اعلیٰ تعلیم کے لئے مدرسہ مظاہرالعلوم سہارنپور میں داخلہ لیا اور وہیں سے فراغت حاصل کی۔ مظاہرالعلوم کے قیام کے دوران شیخ العرب والعجم حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری ﷫ سے شاگردی کا شرف حاصل کیا اور حضرت مولانا سہارنپوری ﷫ کے منظور نظر بھی رہے، یہاں تک کہ جب دورہ حدیث کے امتحان میں اول آئے تو حضرت مولانا سہارنپوری ﷫ نے ایک جیبی گھڑی انعام میں دی۔ جو اس دور کے لحاظ سے انتہائی قیمتی انعام سمجھا جاتا تھا۔

حضرت سہارنپوری کے علاوہ اس دور میں مفتی صاحب ﷫ نے مولانا عبدالرحمٰن صاحب کامل پوری، حضرت مولانا بدر عالم صاحب میرٹھی، اور حضرت حافظ عبداللطیف صاحب سے بھی خصوصی استفادہ کیا۔ پھر حضرت سہارنپوری ہی کے

حکم سے فراغت کے بعد حیدر آباد دکن کے ایک مدرسے میں تدریس کیلئے تشریف لے گئے وہیں کچھ عرصہ مدرسہ نظامیہ حیدر آباد میں تدریس کی خدمت انجام دی۔ بالآخر ۱۳۴۵ھ میں واپس مظاہرالعلوم تشریف لائے۔وہاں تقریباً ۲۵ سال تدریسی خدمات انجام دیں۔ وہاں سے آپ نے ایک ماہنامہ "المظاہر" اور بعد میں دوسرا رسالہ "دیندار" جاری کیا۔اور یہ دونوں رسالے دعوت وتبلیغ کی خدمات انجام دیتے رہے۔ ۱۳۶۰ھ میں جب حضرت تھانوی ﷺ بیمار ہوگئے تو حضرت ہی کے حکم سے خانقاہ اشرفیہ کے مدرسہ امدادالعلوم میں فتویٰ اورتدریس کی خدمت انجام دیتے رہے۔

حضرت حکیم الامت ﷺ نے "احکام القرآن" کی تالیف کے لئے اپنے متوسلین میں جن چار بزرگوں کا انتخاب فرمایا۔ان میں حضرت مولانا ظفر احمد عثمانی' حضرت مفتی محمد شفیع' حضرت مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلوی کے بعد چوتھا نام حضرت مفتی جمیل احمد صاحب ﷺ ہی کا تھا اور انہوں نے تقریباً پانچ پاروں کی تالیف تھانہ بھون میں رہتے ہوئے ہی کرلی تھی۔احکام القرآن کی یہ تالیف حکیم الامت حضرت تھانوی ﷺ کی بڑی عزیز آرزوؤں میں سے تھی۔لیکن اس کے کچھ حصے ابھی تک ناتمام چلے آتے تھے۔اللہ تعالیٰ حضرت مفتی جمیل احمد صاحب ﷺ کے خلف رشید جناب مولانا مشرف علی صاحب تھانوی کو جزاء خیر عطا فرمائے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے دل میں حضرت حکیم الامت کی اس خواہش کی تکمیل کا قوی داعیہ پیدا فرمایا۔چنانچہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی خاص توفیق سے ایسے اسباب مہیا کئے کہ ان کے والد گرامی حضرت مفتی جمیل احمد صاحب ﷺ اور جامعہ حقانیہ ساہیوال کے حضرت مولانا مفتی عبدالشکور ترمذی مدظلہم العالی اس کام کے لئے تیار ہوگئے اور ان دونوں بزرگوں نے اپنے ضعف اور علالت کے باوجود بڑی تیزرفتاری سے اس عظیم کام کی تکمیل فرمادی۔

فجزاهم الله تعالى خير الجزاء

۱۳۷۰ھ میں مفتی صاحب ﷺ نے پاکستان ہجرت کرنے کے بعد جامعہ اشرفیہ لاہور سے تعلق قائم کیا تھا۔جہاں وہ آخری وقت تک فتویٰ کی خدمت انجام دیتے رہے۔

مجھ ناکارہ پر حضرت مفتی صاحب ﷺ کی شفقتیں ناقابل فراموش رہیں۔ بالخصوص جب سے ماہنامہ ''البلاغ'' میرے زیر ادارت دارالعلوم کراچی سے نکلنا شروع ہوا۔اس وقت سے بکثرت خط وکتابت بھی رہتی تھی۔حضرت مفتی صاحب وقتاً فوقتاً البلاغ کیلئے مضامین بھی تحریر فرماتے تھے۔جو البلاغ میں چھپتے رہے ہیں۔البلاغ کے بارے میں بہت سے مشورے بھی دیتے رہتے تھے اور رسالے کے مجموعی رخ کی باقاعدہ دیکھ بھال رکھتے اگر کوئی بات قابل اصلاح نظر آتی تو اس سے احقر کو ضرور مطلع فرماتے۔

حضرت مفتی صاحب ﷺ کی تحریر کا ایک خاص اسلوب تھا۔جس میں اختصار بھی تھا۔اور جامعیت بھی نثر کے ساتھ ساتھ عربی اور اردو دونوں میں شعر بھی کہتے تھے۔ ان کے قصائد اور ان کی نظمیں ان کی پرگوئی کی دلیل ہیں۔اس کے علاوہ مختلف واقعات کی تواریخ نکالنے کا آپ کو خاص ملکہ حاصل تھا۔وہ اکثر اوقات کی تاریخیں قرآنی آیات سے نکالتے تھے۔چنانچہ بہت سے بزرگوں کی تواریخ وفات انہیں کے قلم سے البلاغ میں شائع ہوئیں۔

حضرت مفتی صاحب ﷺ نے بہت سی تصنیفات چھوڑی ہیں۔جو انشاء اللہ اہل علم اور دیندار مسلمانوں کیلئے بہترین رہنما ثابت ہوں گی۔

حضرت مفتی صاحب ﷺ ایک عرصے سے بہت ضعیف ہوگئے تھے اور سماعت وبصارت خاص طور سے بہت کمزور ہوگئی تھیں۔لیکن یہ قرآن وحدیث کے علوم میں اشتغال کی برکت ہے کہ عمر کے اس حصے میں پہنچنے کے بعد اور قویٰ کے اس انحطاط کے دور میں بھی وہ ذہنی طور پر پوری طرح علمی کاموں کیلئے پوری طرح تیار رہے۔ آخر وقت تک فتویٰ کی خدمت انجام دی۔قویٰ کے اس انحطاط کے دور میں ''احکام القرآن'' کی تالیف مکمل کی۔آخری بار شوال ۱۴۱۴ھ میں جب احقر ان کی زیارت کیلئے ان کے مکان پر حاضر ہوا تو سماعت تقریباً بالکل جواب دے چکی تھی۔بینائی بھی رخصت ہو رہی تھی۔لیکن حسب معمول شفقت فرماتے ہوئے اندر سے باہر تشریف لائے اور اس دوران بھی تمام باتیں علمی ہی کرتے رہے۔اسی وقت یہ محسوس ہو رہا تھا کہ یہ

چراغ سحری کی آخری ضیاء پاشیاں ہیں۔ چنانچہ اس کے بعد زیارت مقدر میں نہ تھی۔
جب حضرت مولانا نذیر احمد صاحب نے یہ اندوہناک خبر سنائی تو خواہش ہوئی کہ کم از کم مفتی صاحب ﷺ کے جنازے میں شرکت ہو جائے۔ لیکن اول تو حضرت مولانا نذیر احمد صاحب نے ختم بخاری کا جو اعلان فرمایا ہوا تھا اس میں شرکت کے ساتھ جنازے میں شرکت ممکن نہیں تھی۔ دوسرے احقر اپنی کمر کی تکلیف کی وجہ سے سڑک کا طویل سفر نہیں کر سکتا تھا۔ اس لئے جنازے میں شرکت سے بھی محرومی رہی۔ الحمدللہ دارالعلوم سے میرے بھتیجے مولانا محمود اشرف صاحب عثمانی اور مفتی صاحب کے بھتیجے مولانا راحت علی ہاشمی جنازے میں شرکت کیلئے لاہور پہنچ گئے تھے اور ان کی وساطت سے الحمدللہ اہل دارالعلوم کی شرکت ہوگئی۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت مفتی صاحب ﷺ سے بہت بڑے بڑے کام لئے۔ جن کے فیوض انشاء اللہ ہمیشہ جاری رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے بڑے لائق اور فائق صاحبزادوں سے بھی نوازا خاص طور سے حضرت مولانا مشرف علی صاحب تھانوی ان کے علوم و معارف کے امین ہیں انہوں نے دارالعلوم الاسلامیہ لاہور میں فیض رسانی کا بہترین ذریعہ بنایا ہوا ہے۔ دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ اور ہم سب کو ان کے علوم و معارف سے مستفید ہونے کی توفیق بخشے۔ آمین

(البلاغ جلد ۲۹ شمارہ ۱۱)

# حضرت مولانا مفتی ولی حسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ

اس رمضان کے پہلے جمعہ میں میرے استاذ گرامی حضرت مولانا مفتی ولی حسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے حادثۂ وفات نے ملک کے تمام دینی اور علمی حلقوں میں صف ماتم بچھادی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

مجھ ناچیز پر والدین کے بعد جن شخصیتوں کے علمی اور فکری احسانات سب سے زیادہ ہیں' ان میں حضرت مولانا مفتی ولی حسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت سرفہرست ہے۔ انہوں نے ہمیں صرف کتابیں ہی نہیں پڑھائیں بلکہ بچپن ہی سے ذہن میں ایک ایسی دینی فکر کی آبیاری فرمائی' جو آج تک الحمدللہ کام آرہی ہے۔

حضرت مولانا مفتی ولی حسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ دارالعلوم دیوبند کے فارغ التحصیل تھے اور وہاں سے فارغ ہونے کے بعد اپنے آبائی وطن ٹونک میں ایک عرصے تک فتویٰ کی خدمت بھی انجام دیتے رہے' ان کے جدامجد حضرت مولانا مفتی محمود صاحب ٹونکی رحمۃ اللہ علیہ ریاست ٹونک کے مایہ ناز علماء میں سے تھے' انہوں نے تن تنہا ''معجم المولفین'' کے نام سے عربی مصنفین کی ایک وسیع انسائیکلوپیڈیا مرتب کی تھی' جو برسوں تشنۂ طباعت رہی' بعد میں اسکی چند جلدیں شائع ہوئیں۔ حضرت مولانا مفتی محمود صاحب ٹونکی اپنے علاقے میں فتویٰ کے معاملے میں بھی مرجع کی حیثیت رکھتے تھے اور حضرت مولانا مفتی ولی حسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے وطن میں ان کا چھوڑا ہوا کام مکمل کرنے کا آغاز فرمایا' لیکن اسی دوران تقسیم ہند عمل میں آئی اور حضرت مفتی ولی حسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے وطن کو خیرباد کہہ کر پاکستان میں آباد ہونے کا فیصلہ کیا' اور اس غرض کیلئے کراچی تشریف لائے۔ اس وقت کراچی میں دینی تعلیم کا ایک ہی مرکزی ادارہ تھا۔ جو کھڈہ کے علاقے میں ''مظہرالعلوم'' کے نام سے معروف تھا' لیکن ظاہر ہے کہ وہ تمام اہل علم کو اپنے اندر سمو نہیں سکتا تھا۔ اس لئے حضرت مفتی ولی حسن رحمۃ اللہ علیہ نے اس وقت برنس روڈ پر واقع ''میٹرو پولیس ہائی اسکول'' میں اسلامیات کے استاد کی حیثیت

سے کام شروع کر دیا۔

۱۹۵۰ء میں میرے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب ﷺ نے آرام باغ کی باب الاسلام مسجد میں ''امداد العلوم'' کے نام سے ایک چھوٹا سا مدرسہ قائم کیا۔ جس میں حفظ و ناظرہ کے علاوہ ابتدائی فارسی اور عربی کی کتابیں بھی پڑھائی جانے لگیں۔ احقر اور برادر بزرگ حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہم اس مدرسے کے پہلے طالب علم تھے۔ جہاں ہم نے ابتدائی فارسی کتابیں پڑھنی شروع کیں۔ اسی مدرسے کے ساتھ حضرت والد صاحب ﷺ نے ایک دارالافتاء بھی قائم فرمایا۔ جہاں اہل شہر کی سہولت کیلئے شرعی سوالات کے جوابات دیئے جاتے تھے۔ حضرت مولانا نور احمد صاحب ﷺ ان تمام کاموں میں حضرت والد صاحب ﷺ کے دست وبازو کے طور پر کام کرتے تھے اور اللہ تعالیٰ نے ان سے جو بہت سی خاموش خدمات لیں ان میں ایک بڑی خدمت یہ تھی کہ انہوں نے بہت سے ایسے اہل علم کو جو زمانے کی ناقدری کا سامنا کر رہے تھے اور امت ان کی صلاحیتوں سے کماحقہ فائدہ نہیں اٹھا رہی تھی۔ ایک مرکز پر جمع کر کے ان کے علمی اور دینی فیض کو ایک وسیع میدان فراہم کیا۔ حضرت مولانا مفتی ولی حسن صاحب ﷺ دارالعلوم دیوبند میں ان کے ہم سبق رہ چکے تھے اور انہیں پوری طرح اندازہ تھا کہ علم وفضل کا یہ شہسوار درحقیقت کسی ہائی اسکول میں پڑھانے کیلئے نہیں بلکہ اسلامی علوم کے کسی بڑے مرکز سے فیض رسانی کیلئے پیدا ہوا ہے۔ چنانچہ انہوں نے ابتداء میں ''امداد العلوم'' کے مدرسے اور دارالافتاء سے ان کا رابطہ قائم کرایا اور جب ۱۹۵۱ء میں نانک واڑہ میں دارالعلوم کی بنیاد پڑی تو وہ حضرت مفتی ولی حسن صاحب ﷺ کو مستقل طور پر ''میٹروپولیس ہائی اسکول'' سے اٹھا کر دارالعلوم لانے میں کامیاب ہوگئے اور دارالعلوم سے حضرت مفتی صاحب ﷺ نے پاکستان میں اپنی علمی خدمات کا آغاز فرمایا۔

دارالعلوم کراچی کے دارالعلوم نانک واڑہ کے قیام کے دوران ہی برادر محترم

حضرت مولانا مفتی محمد رفیع صاحب عثمانی اور احقر نے حضرت مفتی صاحب ﷺ سے شرف تلمذ حاصل کیا۔ عربی کے ابتدائی سالوں میں ہم نے "عربی کا معلم" حضرت مفتی صاحب سے پڑھی اور بعد میں پوری ہدایہ اولین پڑنے کا شرف بھی انہیں سے حاصل ہوا۔ اگرچہ حضرت مفتی صاحب ﷺ کی زبان میں ہلکی سی لکنت تھی لیکن آپ کا درس انتہائی دل نشین اور دلچسپ ہوتا تھا۔ آپ مشکل سے مشکل بحث کی تقریر اس طرح فرماتے کہ مسئلہ پانی ہوکر رہ جاتا۔ اور زبان کی معصومانہ لکنت اس تقریر کی لذت میں کمی کرنے کے بجائے اور اضافہ کر دیتی تھی۔

حضرت مفتی صاحب ﷺ ان لوگوں میں سے نہیں تھے جو اپنے علم اور مطالعہ کو صرف درسیات کی حد تک محدود رکھتے ہیں بلکہ ان کے شب و روز کا سب سے زیادہ محبوب مشغلہ مطالعہ تھا اور وہ ہر علم و فن کے بارے میں وسیع مطالعہ کے حامل تھے اور کتابوں کے بارے میں بھی ان کی معلومات نہایت وسیع تھی۔ جب کسی شخص کو کسی خاص موضوع پر مواد کی تلاش ہوتی تو وہ حضرت مفتی صاحب ﷺ کے پاس پہنچ جاتا اور حضرت مفتی صاحب ﷺ اسکو برجستہ بہت سی کتابوں کے نام بتا دیتے۔ اور اس کا کام بن جاتا۔ ہم جب حضرت مفتی صاحب ﷺ کے پاس عربی کا معلم پڑھتے تھے اسی وقت سے حضرت مفتی صاحب ﷺ نے ہمارے اندر مطالعے کے ذوق کی آبیاری شروع کر دی تھی اور مجھے یاد ہے کہ اسی زمانے میں جب میری عربی تعلیم کی بالکل ابتداء تھی اور ابھی عربی کتابوں سے براہ راست استفادہ کا تصور مشکل تھا ایک روز حضرت مفتی صاحب ﷺ نے مجھے بلاکر فرمایا میں تمہیں ایک بڑی مزیدار کتاب بتلاتا ہوں۔ اس کا نام ہے "فقہ اللغہ" یہ ابو منصور ثعلبی کی تالیف ہے اور اس میں عربی زبان کے بڑے لطائف اور ظرائف موجود ہیں یہ کتاب کتب خانے میں فلاں جگہ رکھی ہوئی ہے۔ اس کا مطالعہ کیا کرو۔ اس سے تمہیں عربی ادب کی کتابوں میں مدد ملے گی۔ چنانچہ احقر نے حضرت مفتی صاحب ﷺ کے اس ارشاد پر عمل کیا اور اب خیال آتا ہے کہ عربی کا معلم پڑھنے والے ایک طالب علم کو ثعلبی کی "فقہ اللغہ" پڑھنے کا مشورہ

اپنا حضرت مفتی صاحب ﷺ کے ذوق تربیت ہی کی جدت تھی۔اگرچہ اس وقت "فقہ اللغہ" سے کماحقہ استفادہ شاید میں نہ کرسکا ہوں لیکن اول تو اس کتاب تک رسائی حاصل ہوجانے کے بعد آئندہ سالوں میں بھی وہ میرے مطالعے میں رہی اور واقعتاً عربی ادب کی تعلیم میں اس سے بڑی مدد ملی۔ دوسری طرف اس طرح کتب خانہ سے ایک رابطہ پیدا ہوگیا اور یہ بات دل میں بیٹھ گئی کہ اپنا مطالعہ صرف درسیات تک محدود نہ رکھنا چاہئے بلکہ عام مطالعہ بڑھانے کی کوشش بھی ایک طالب علم کیلئے ضروری ہے۔

حضرت مفتی ولی حسن صاحب ﷺ اگرچہ دارالعلوم دیوبند کے فارغ التحصیل تھے لیکن انہوں نے دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ سے بھی تعلیم حاصل کی تھی اور وہاں انہیں تاریخ اور ادب کے ساتھ خصوصی وابستگی حاصل ہوئی تھی۔ چنانچہ عربی کا معلم پڑھاتے وقت عربی تحریر وتقریر کا ذوق بھی انہوں نے ہمارے اندر پیدا فرمایا۔ خوش قسمتی سے انہی دنوں عربی صرف ونحو اور زبان کی تمام ابتدائی کتب ہم استاذ مکرم مولانا سحبان محمود صاحب مدظلہم العالی سے پڑھتے تھے اور انہوں نے بھی اپنے تمام دروس میں عربی تحریر وتقریر کی طرف اپنی بنیادی توجہ مرکوز کی ہوئی تھی۔ اس لئے الحمدللہ ان دو بزرگوں کی نظر عنایت نے ہمیں پہلے ہی سال اس قابل کردیا تھا کہ ہم عربی زبان میں چھوٹے چھوٹے مضامین باسانی لکھ لیتے تھے۔

"فقہ" حضرت مفتی صاحب ﷺ کا خصوصی موضوع تھا اور یہ بھی ہماری خوش قسمتی ہے کہ ہدایہ اولین ان سے پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی۔

جس کے نتیجے میں فقہ سے خصوصی دلچسپی پیدا ہوئی۔ حضرت مفتی صاحب ﷺ اپنے درس میں نہ صرف یہ کہ ہدایہ کے مباحث کو بڑے دل نشین پیرائے میں سمجھاتے بلکہ متعلقہ مسئلے کے اصولی پہلو پر بطور خاص روشنی ڈالتے اور مسئلے سے نکلنے والی اصولی ہدایات کی نشاندہی بھی فرماتے۔ اور بسا اوقات یہ بھی بتاتے کہ ان اصولی ہدایات سے وقت کے نوبہ نو مسائل میں کس طرح کام لیا جاسکتا ہے؟ اس کے ساتھ

ہی حضرت مفتی صاحب ﷺ عصر حاضر کی تمام فکری تحریکوں سے پوری طرح باخبر تھے۔ اور جدید مسائل کے بارے میں اپنے آپ کو تازہ ترین معلومات سے مزین رکھتے تھے۔ چنانچہ ان کے درس میں بھی یہ ساری معلومات اس طرح منعکس ہوتی تھیں کہ طالب علم کی فقہی بصیرت کو جلا اور ترقی ملتی تھی۔ مختصر یہ کہ کہنے کو ہدایہ اولین کا درس ایک درس تھا۔ جو دن میں دو گھنٹے ہوا کرتا تھا' لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس درس کے دوران حضرت مفتی صاحب ﷺ نے ہمیں سوچ کا ایک ایسا رخ عطا کیا جس نے ہمارے طلب علم کی صورت گری میں ناقابل فراموش کردار ادا کیا۔ اگرچہ ضابطے میں ہدایہ کا درس دو گھنٹے ہوا کرتا تھا۔ لیکن مجھے یاد ہے کہ درس ختم ہو جانے کے بعد بھی جب دوسرے اساتذہ اور طلبہ چھٹی پر چلے جاتے تو ہم دیر تک حضرت مفتی صاحب ﷺ کی خدمت میں بیٹھے رہتے۔ اور مختلف موضوعات پر ان کے علم وفضل سے استفادہ کا سلسلہ جاری رہتا۔ اسی زمانے میں حضرت مفتی صاحب ﷺ ہی کے حکم پر احقر نے اپنا سب سے پہلا مقالہ تحریر کیا۔ جس کا عنوان تھا "رسول کریم ﷺ سب سے بڑے شارع تھے" یہ ناظم آباد میں ہونے والے ایک مذاکرے کے لئے لکھا گیا تھا۔ اس مذاکرے میں شہر کے مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ کو اسی موضوع پر تقریر اور مقالہ پیش کرنے کی دعوت دی گئی تھی۔ حضرت مفتی صاحب ﷺ نے فرمایا کہ تم اس موضوع پر لکھو۔ لکھنے کا طریقہ بھی خود ہی تلقین فرمایا۔ مواد بھی بتایا' اور لکھنے کے بعد اسکی اصلاح بھی فرمائی۔ یہ مقالہ مذاکرے میں پیش ہوا اور اسے پہلے انعام کا مستحق قرار دیا گیا۔ اسی طرح ایک مرتبہ میں نے حضرت مفتی صاحب ﷺ سے دریافت کیا کہ قرآن کریم کی آیت :

وما ارسلنٰك الا رحمة للعٰلمين

میں آنحضرت ﷺ کے وجود باوجود کو صرف انسانوں کیلئے نہیں بلکہ پوری کائنات کے لئے رحمت قرار دیا گیا ہے لیکن یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ کائنات کے بے شعور موجودات مثلاً چاند' ستاروں' دریا' پہاڑ' سمندر کے لئے آپ کے رحمت ہونے

کا کیا مطلب ہے؟ حضرت مفتی صاحب ﷺ نے جواب دیا کہ جن موجودات کو ہم بے شعور سمجھتے ہیں وہ بھی اپنے وجود کی مناسبت سے کچھ نہ کچھ شعور ضرور رکھتی ہیں۔ چنانچہ قرآن کریم نے ارشاد فرمایا:

وان من شیئ الا یسبح حمدہ ولکن لاتفقھون تسبیحھم

دوسری طرف کائنات کی تمام موجودات کیلئے باعث رحمت یہ امر ہے کہ دنیا دین فطرت کے مطابق چلے' آنحضرت ﷺ کی تشریف آوری سے یہ مقصد حاصل ہوا' اور زمانہ اپنی فطرت پر لوٹ آیا۔ پھر حضرت مفتی صاحب ﷺ نے فرمایا کہ خطبہ حجۃالوداع کے موقع پر آنحضرت ﷺ نے جوارشاد فرمایا۔

الزمان قد استدار کھیئتہ یوم خلق السموت والارض

اس کا ایک مطلب یہ بھی ہے کہ زمانہ اپنی فطری تخلیق کی حالت پر لوٹ آیا ہے۔ یہ تشریح بڑی دل نشین انداز میں فرمانے کے بعد حضرت مفتی صاحب ﷺ نے احقر سے فرمایا۔ یہ بات تم ایک مضمون کی شکل میں کیوں نہیں لکھ دیتے؟ چنانچہ حضرت ہی کے ایماء پر میں نے اپنا دوسرا مضمون لکھا جس کا عنوان تھا "جو سب کے لئے رحمت ہیں" یہ مضمون ایک ادبی ماہنامہ "فکر نو" میں تین قسطوں میں شائع ہوا۔ اس طرح تحریر و تصنیف کے میدان میں مجھ ناکارہ کو حضرت مفتی صاحب ﷺ نے ہاتھ پکڑ کر چلنا سکھایا۔

فقہ سے خصوصی مناسبت ہی کی بناء پر میرے والد ماجد ﷺ نے حضرت مفتی صاحب کو دارالافتاء میں فتویٰ نویسی کی خدمات بھی جزوی طور پر سپرد کر دی تھیں۔ اسی زمانے میں جب شعبان رمضان کی تعطیلات آتیں تو حضرت مفتی صاحب ﷺ مدرسہ جانے کے بجائے حضرت والد صاحب کے ایماء پر ہمارے گھر تشریف لے آیا کرتے اور ہمارے گھر کی بیٹھک میں بیٹھ کر فتویٰ کا کام کرتے رہتے تھے۔ اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے بھی ہم بکثرت حضرت مفتی صاحب ﷺ کی خدمت میں جاکر بیٹھ جاتے تھے اور ان کا وقت خراب کر کے اپنا فائدہ کرتے۔ اسی دوران ایک مرتبہ میں حضرت

مفتی صاحب ﷫ کے سامنے خاموش بیٹھا ہوا تھا۔ حضرت مفتی صاحب ﷫ کو بہت سے فتاویٰ کا جواب لکھنا تھا۔ جو ان کے سامنے رکھے ہوئے تھے اچانک انہوں نے ایک استفتاء پڑھنے کے بعد مجھ سے فرمایا کہ 'دیکھو' یہ کتنا آسان سوال ہے 'اس کا جواب تم ہی لکھ دو' میں اس وقت ہدایہ پڑھتا تھا' اور حضرت مفتی صاحب ﷫ کا یہ فرمانا مجھے شروع میں مذاق محسوس ہوا۔ لیکن مفتی صاحب ﷫ نے سنجیدگی کے ساتھ اصرار فرمایا تو میں نے ڈرتے ڈرتے جواب لکھ دیا۔ مفتی صاحب ﷫ نے اسے دیکھ کر فرمایا کہ جواب ٹھیک ہے' اور اسی طرح رفتہ رفتہ انسان فتویٰ لکھنا سیکھ لیتا ہے' یہ کہہ کر مفتی صاحب ﷫ نے فتویٰ پر اپنے دستخط فرمادیئے۔ یہ میرا پہلا فتویٰ تھا۔ اور اس طرح فتویٰ کے میدان میں بھی میرا پہلا قدم رکھوانے کا سہرا بھی حضرت مفتی صاحب ﷫ کے سر ہے۔

۱۹۵۶ء میں جب دارالعلوم نانک واڑہ کی تنگ عمارت سے شرافی گوٹھ کے قریب ایک وسیع رقبہ زمین پر منتقل ہوا تو یہ جگہ شہر سے کٹی ہوئی تھی۔ اور یہاں روزانہ آمدورفت بہت مشکل اور مشقت طلب تھی' دوسری طرف حضرت مفتی ولی حسن صاحب کو بعض ایسے گھریلو اعذار لاحق تھے۔ جس کی وجہ سے وہ مستقل طور پر دارالعلوم کے احاطہ میں قیام نہیں کرسکتے تھے۔ اس لئے وہ اس موقع پر دارالعلوم سے مستعفی ہوکر حضرت مولانا محمد یوسف بنوری ﷫ کے نئے قائم کردہ مدرسہ عربیہ نیوٹاؤن سے منسلک ہوگئے۔

مجھے یاد ہے کہ حضرت مفتی صاحب ﷫ کا یہ فیصلہ ہم دونوں بھائیوں پر اتنا شاق گزرا کہ دارالعلوم کے واقعات میں کبھی کسی اور واقعہ کا اتنا تاثر دل پر نہیں ہوا۔

نیوٹاؤن کے مدرسے سے منسلک ہونے کے بعد اگرچہ باقاعدہ استفادہ کا سلسلہ بظاہر منقطع ہوگیا لیکن الحمدللہ حضرت مفتی صاحب ﷫ سے جو قلبی تعلق قائم ہوگیا تھا۔ وہ قاعدوں اور ضابطوں سے ماوراء تھا۔ ہم لوگ مفتی صاحب ﷫ سے علمی کاموں میں مشورے کرتے رہے اور حضرت والد صاحب ﷫ نے جدید مسائل کی

تحقیق کیلئے جو "مجلس تحقیق مسائل حاضرہ" قائم فرمائی تھی۔ حضرت مفتی صاحب ﷺ اس کے رکن رکین تھے۔ اور اس کے ہر اجلاس میں حضرت مفتی صاحب ﷺ کے علم وفضل اور تفقہ کے استفادہ کا موقع ملتا رہا۔ نیو ٹاؤن میں حضرت مفتی صاحب ﷺ صدر مفتی کے طور پر فتویٰ کی خدمات انجام دیتے تھے اور اس کے ساتھ حدیث کے ممتاز اساتذہ میں شمار ہوتے تھے۔ یہاں تک کہ محدث عصر حضرت علامہ سید محمد یوسف بنوری ﷺ کی وفات کے بعد صحیح بخاری کی تدریس میں حضرت بنوری ﷺ کی جانشینی کا شرف بھی آپ ہی کو حاصل ہوا اور اس دوران ہزارہا شاگردوں نے فیض حاصل کیا۔ جو اس وقت اطراف عالم میں بکھرے ہوئے ہیں اور وہ گرانقدر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ جو حضرت مفتی صاحب ﷺ کا صدقہ جاریہ ہے۔

وسعت مطالعہ کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے حضرت مفتی صاحب ﷺ کو بہترین تحریری صلاحیت سے نوازا تھا۔ غالباً ان کی سب سے پہلی کتاب "تذکرۃ اولیاء" شائع ہوئی تھی۔ پھر عائلی قوانین پر آپ کی فاضلانہ کتاب بھی بڑی مقبول ہوئی اور اس کے علاوہ بھی "بینات" میں آپ کے تحقیقی مضامین شائع ہوتے رہے۔ جب احقر نے دارالعلوم سے ماہنامہ البلاغ جاری کیا تو احقر کی درخواست پر حضرت مفتی صاحب ﷺ نے "سلف کا خوف آخرت" کے نام سے چند مضامین لکھے۔ حضرت مفتی صاحب ﷺ کی ان غیر معمولی صلاحیتوں کے پیش نظر احقر کا دل ہمیشہ یہ چاہتا تھا کہ ان کے اوقات کا ایک معتدبہ حصہ تصنیفی کاموں میں صرف ہوتا۔ ان کے علم وفضل اور تفقہ سے استفادہ کا دائرہ زیادہ وسیع اور پائیدار ہو سکے۔ احقر نے بارہا حضرت مفتی صاحب ﷺ سے "فتح الملہم" کی تکمیل کی درخواست کی اور حضرت بنوری ﷺ کی وفات کے بعد "معارف السنن" کی تکمیل کے لئے عرض کیا اور ان دونوں کاموں کیلئے حضرت مفتی صاحب ﷺ کی شخصیت انتہائی موزوں تھی۔ لیکن حضرت مفتی صاحب ﷺ کی طبعی سادگی فطری مروت اور ظلیت میں کسی قدر تلون ایسا تھا کہ ان کے بیشتر اوقات ان مطالبات کو پورا کرنے میں صرف ہوتے رہتے تھے جو وقتی طور پر سامنے آئیں اور ان

کا دباؤ ڈالنے والا کوئی شخص سامنے موجود ہو۔ افسوس یہ ہے کہ ہمارے معاشرے میں یہ مزاج نہیں ہے کہ ہر شخص سے اسکی صلاحیت اور مزاج کے مطابق وہ کام لیا جائے۔ جس میں اس کی صلاحیتیں زیادہ بہتر طور پر استعمال ہوں۔ اس کے بجائے رسمیات پر بہت سا وقت ضائع ہوجاتا ہے۔ حضرت مفتی صاحب ﷺ ایک علمی شخصیت تھے' اور انجمن سازی اور جماعت بندی کے مزاج سے کوسوں دور' لیکن اسے حالات کی مجبوری کہئے' یا ناقدر شناسی کی ستم ظریفی کہ ان کے بہت سے اوقات ایسے کاموں میں بھی صرف ہوئے' اور نکاح' افتتاح' جلسوں کی صدارت وغیرہ جیسے رسمی کاموں میں بھی لیکن ان کے وسیع مطالعے' گہرے تفقہ' اور علمی افادات کو پائیدار طریقے پر محفوظ کرنے اور رکھنے کی طرف کماحقہ توجہ نہ ہوسکی' چنانچہ بہت سے وہ کام جن کیلئے نگاہیں انہی کی طرف اٹھتی تھیں تشنۂ تکمیل رہ گئے۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت مفتی صاحب ﷺ کو جن صفات اور خصوصیات سے نوازا تھا' وہ بمشکل ہی کسی ایک شخصیت میں جمع ہوتی ہیں۔ علم وفضل کے مقام بلند کے ساتھ ساتھ ان کی سادگی اور تواضع کا یہ عالم تھا کہ کوئی اجنبی دیکھنے والا پتہ بھی نہیں لگاسکتا تھا کہ اس سادہ سے پیکر میں علم وفضل کے کیسے خزانے جمع ہیں۔ ان کے حسین چہرے پر بلا کی معصومیت تھی۔ جو دیکھنے والے کو متاثر کئے بغیر نہیں رہتی تھی۔ لیکن اس علم وفضل اور اس معصومیت کے ساتھ ان کے مزاج میں ظرافت اس قدر تھی کہ وہ جس بے تکلف مجلس میں بیٹھ جاتے' اس کو باغ وبہار بناکر چھوڑتے۔ ایسی مجلسوں میں ان کے منہ سے بے ساختہ ایسے ظریفانہ جملے برآمد ہوتے' جنھیں ظریفانہ ادب کا شاہکار کہنا چاہئے اور ان جملوں میں اکثر اوقات علمی تلمیحات کی ایسی چاشنی ہوتی جو ان کی معنویت میں چار چاند لگادیتی' وہ اپنے شاگردوں اور چھوٹوں سے بھی بہت بے تکلف تھے۔ اس کے ساتھ ہی اللہ تعالیٰ نے عبادات وطاعات کا بھی خاص ذوق عطا فرمایا تھا۔ اور ان کی ظرافت کو غور سے دیکھو تو ایسا لگتا تھا کہ انہوں نے اپنی بزرگی کو طنز ومزاح کے پردے میں چھپایا ہوا ہے' اور اس حقیقت کے ادراک کے بعد حضرت مفتی

صاحب ﷺ کے طرزِ عمل میں حضرت محمد بن سیرین ﷺ کی شباہت آنے لگی تھی۔ جن کے بارے میں ان کے شاگرد کہتے ہیں کہ:

کنا نسمع ضحکہ بالنہار و بکائہ باللیل

(یعنی ہم دن کے وقت ان کے ہنسنے کی آواز سنتے تھے اور رات کے وقت ان کے رونے کی)

آج سے تقریباً چھ سات سال پہلے حضرت مفتی صاحب ﷺ پر فالج کا شدید حملہ ہوا۔ جس میں قوت گویائی بھی باقی نہ رہی۔ مسلسل علاج کے نتیجے میں اتار چڑھاؤ آتے رہے۔ لیکن معذوری کی سی جو کیفیت پیدا ہوگئی تھی۔ اس میں کوئی ایسا نمایاں فرق نہ آیا جو حضرت مفتی صاحب ﷺ کو عملی زندگی میں دوبارہ لا سکے' چنانچہ حضرت مفتی صاحب ﷺ تقریباً اس پورے عرصے میں گھر ہی کی حد تک محدود رہے' اور ان سے ملاقات بھی مشکل ہوگئی۔ اس رمضان کے دوسرے روزے کو جمعہ کے دن حضرت مفتی صاحب ﷺ کے پاس داعی اجل کا پیغام آگیا اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ اتنے عرصے سے رمضان اور جمعہ کے انتظار میں تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اس ماہ مبارک کے پہلے ہی جمعہ میں انہیں اپنے پاس بلالیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

حضرت مفتی صاحب ﷺ کے صاحبزادوں نے صحیح فیصلہ کیا کہ ان کی تدفین ہمارے دارالعلوم کے قبرستان میں ہو۔ انہوں نے اپنی فیض رسانی کا آغاز دارالعلوم ہی سے کیا تھا اور یہیں ہمیشہ کے لئے آسودہ ہوگئے۔

اللہم اکرم نزلہ — و وسع مدخلہ، و ابدلہ دارا خیرا من دارہ و اہلا خیرا من اہلہ، و اغسلہ بماء الثلج و البرد و نقہ من الخطایا کما ینقی الثوب الابیض من الدنس —

آخر میں ایک قابل ذکر بات یہ ہے کہ کچھ عرصہ سے خاص خاص حضرات کی نماز جنازہ دو مرتبہ پڑھنے کا رواج چل نکلا ہے' اور چونکہ متعدد بڑے بڑے علماء کی نمازیں ایک سے زائد مرتبہ پڑھی گئیں۔ اس لئے عوام میں غلط مسئلے کی شہرت ہوگئی

ہے۔ بعض مرتبہ ایک سے زائد نمازوں کیلئے یہ حیلہ کیا جاتا ہے کہ پہلی نماز جنازہ سے ولی میت کو قصداً غیر حاضر کر دیا جاتا ہے۔ تاکہ دوسری نماز جنازہ کا جواز پیدا کیا جاسکے۔ واقعہ یہ ہے کہ یہ طرز عمل فقہی اعتبار سے درست نہیں اور خاص طور سے اہل علم کو اس سے پرہیز کرنے کی ضرورت ہے۔ افسوس ہے کہ حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی نماز جنازہ کے ساتھ بھی ایسا ہی ہوا۔ حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے صاحبزادے نے احقر کے برادر بزرگ حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہم سے دارالعلوم کورنگی میں جنازہ پہنچنے کے بعد یہ بتایا کہ پہلی نماز جنازہ صرف ان کی اجازت کے بغیر ہی نہیں ' بلکہ علم کے بھی بغیر ہوئی ہے۔ اس پر حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہم نے نماز جنازہ پڑھائی اور ساتھ ہی مسئلے کی حقیقت بھی بیان فرمائی کہ ورثاء میت کے علم اور اجازت کے بغیر کچھ حضرات کا نماز جنازہ پڑھنا' جبکہ وہ امام الحی کی اقتدا میں بھی نہ ہو' کسی طرح درست طرز عمل نہیں تھا۔ اور آئندہ ایسے مواقع سے بھی پرہیز کرنا چاہئے جہاں دو نمازوں کا شبہ پیدا ہو۔

(البلاغ جلد ۲۹ شمارہ ۱۱)

# مولانا سید ابوذر غفاری ﷫

مورخہ ۲۴ اکتوبر بروز منگل کو مولانا سید ابوذر غفاری ﷫ طویل علالت کے بعد رحلت فرماگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مولانا مرحوم امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری ﷫ کے فرزند ارجمند تھے' اور ان کی سوچ' انداز تکلم اور خطابت میں اپنے والد ماجد کی بڑی دلکش جھلک موجود تھی۔ انہوں نے خیرالمدارس ملتان میں درس نظامی کی تکمیل کی' اور اس طرح حضرت مولانا خیر محمد صاحب ﷫ کے علوم سے بھی استفادہ کیا۔ وہ بلا کے ذہین' حاضر جواب' اور وسیع المطالعہ عالم تھے' خطابت میں فصاحت وبلاغت انہوں نے اپنے والد سے میراث میں پائی تھی' اور انداز زندگی بھی اپنے والد کی طرح درویشانہ تھا۔ سنا گیا ہے کہ قرآن کریم کے آٹھ آٹھ پارے روزانہ تلاوت کرنے کا معمول تھا۔ حضرت شاہ عبدالقادر رائے پوری ﷫ سے بیعت تھے۔ اپنے والد ماجد کی طرح انہوں نے فتنہ قادیانیت کی سرکوبی کیلئے گراں قدر خدمات انجام دیں' نیز صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی ناموس کا تحفظ اور ان اساطین امت کے خلاف دریدہ دہنی کرنے والوں کی تردید ان کی زندگی کا خاص مشن تھا' اور اپنی جدوجہد میں انہوں نے بہت سی صعوبتیں جھیلیں' قید و بند کے مراحل سے بھی گزرے' لیکن کوئی انہیں اپنے موقف سے متزلزل نہ کرسکا۔

مولانا مرحوم کا جب بھی کراچی آنا ہوا تو عموماً دارالعلوم میں تشریف لاکر خاصا وقت برابر حضرت مولانا مفتی محمد رفیع صاحب عثمانی مدظلہم اور اس ناکارہ کے ساتھ ملاقات میں صرف کرتے۔ اپنے والد کی طرح وہ ایک باغ وبہار شخصیت کے مالک تھے۔ اور جب کبھی وہ تشریف لاتے ان کی شگفتہ محفل حاضرین کو نہال کردیتی' انہوں نے قادیانیوں کے مرکز ربوہ میں مسلمانوں کی ایک بستی آباد کرنے کا بیڑہ اٹھایا تھا' اور ایک مسجد بھی تعمیر کی' جہاں وہ وقتاً فوقتاً جلسے بھی منعقد کیا کرتے تھے' کئی بار اس ناکارہ کو انہوں نے ربوہ کی دعوت دی تو میں اپنی گوناگوں مصروفیات کی وجہ سے پورا نہ کرسکا۔ احقر بھی جب ملتان حاضر ہوتا تو ان سے ملاقات کی کوشش کرتا۔ اب وہ کافی

عرصے سے فالج کے حملے میں مبتلا تھے' اور آخر میں زبان بھی بند ہوگئی تھی۔اور بالاخر ۲۴ اکتوبر کو ان کی آخری منزل آپہنچی۔اور وہ دنیا کی اس جدوجہد کو خیرباد کہہ کر اپنے مالک حقیقی سے جاملے۔ مجھے مولانا کی وفات کا علم ایک ماہ سے بھی زیادہ عرصہ بعد ہوا اور اچانک ایک رسالے میں یہ خبر پڑھ کر دل کو ایک دھچکہ سا لگا۔ دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مولانا کی مغفرت فرمائیں۔اور ان کو جوار رحمت میں درجات عالیہ سے نوازیں اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائیں۔آمین۔

(البلاغ جلد ۲۰ شمارہ ۸)

# حضرت شیخ عبدالفتاح ابوغدہ رحمۃ اللہ علیہ

مورخہ ۹ شوال ۱۴۱۷ھ کو یہ المناک خبر دل کو تڑپا گئی کہ عالم اسلام کے مایہ ناز محدث اور اسلامی علوم کے بے مثال شناور حضرت علامہ شیخ عبدالفتاح ابوغدہ رحمۃ اللہ علیہ رحلت فرماگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ موصوف شام کے مشہور شہر حلب کے باشندے تھے، اور عرصہ دراز سے ریاض میں مقیم تھے۔ عرب دنیا میں وہ اپنے وسیع وعمیق علم، اتباع سنت اور ورع وتقویٰ میں نمایاں امتیاز رکھتے تھے، اور برصغیر پاک وہند کے علماء کے تقریباً تمام حلقوں میں انتہائی مقبول اور ہردلعزیز شخصیت کے حامل تھے۔

میں نے ان کا نام پہلی بار اس وقت سنا جب ۱۹۵۶ء میں میرے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ موتمر عالم اسلامی کے ایک اجلاس میں شرکت کے لئے شام، اردن، لبنان اور فلسطین کے دورے پر تشریف لے گئے، دمشق سے حضرت والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا جو خط آیا، اس میں شام کے علماء سے ملاقاتوں کا تذکرہ تھا۔ اور ان علماء میں حضرت والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت شیخ عبدالفتاح ابوغدہ رحمۃ اللہ علیہ کا ذکر بڑی خصوصیت کے ساتھ کیا تھا، سفر سے واپسی کے بعد بھی حضرت والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ ان کا ذکر بڑی محبت سے فرماتے، اور یہ بات اہمیت کے ساتھ بیان کرتے کہ عرب کے علماء میں علم وتحقیق کے شناور تو اب بھی بہت ہیں، لیکن ایسے علماء جن میں علم کی گہرائی کے ساتھ اتباع سنت کا اہتمام ہو، اور ان کی گفتار وکردار میں سلف صالحین کا رنگ جھلکتا ہو، اب بہت کم رہ گئے ہیں، اور حضرت شیخ عبدالفتاح رحمۃ اللہ علیہ انہی معتنم شخصیات میں سے ہیں۔

حضرت والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی زبانی ان کا یہ تذکرہ سن کر بیساختہ ان کی زیارت کو دل چاہنے لگا، لیکن بظاہر کوئی صورت اس لئے ممکن نہ تھی کہ وہ شام میں تھے، اور ہمارے لئے اس وقت سفر شام کا تصور بھی ناممکن تھا۔

لیکن مدت دراز کے بعد اللہ تعالیٰ کا کرنا ایسا ہوا کہ ۱۳۸۲ھ میں اچانک یہ خبر ملی کہ وہ پاکستان تشریف لارہے ہیں۔ یہ سنکر خوشی کی انتہا نہ رہی۔ حضرت شیخ نے پاکستان اور ہندوستان کے کتب خانوں میں مخطوطات کی تلاش وتحقیق اور یہاں کے علمی

حلقوں سے تعلق قائم کرنے کے لئے یہ سفر اختیار فرمایا تھا۔

حضرت ؒ کراچی تشریف لائے 'اور کئی دن یہاں قیام فرمایا۔ اسی دوران وہ دارالعلوم میں تشریف لائے۔ ان کے اعزاز میں دارالعلوم کی طرف سے ایک جلسہ ہوا۔ میں اس وقت عربی کی ابتدائی کتابیں پڑھتا تھا' حضرت والد صاحب ؒ نے احقر کو مامور فرمایا کہ ان کے خیر مقدم کے لئے عربی میں تقریر کروں 'احقر نے تعمیل حکم میں تقریر کی' اور اس میں مہمان معظم کا خیر مقدم کرنے کے علاوہ پاک و ہند میں دینی مدارس کی تاریخ' دارالعلوم دیوبند کے قیام اور علمائے دیوبند کی خدمات کا مختصراً ذکر کیا۔ حضرت شیخ ؒ نے احقر کی اس طالب علمانہ تقریر کی بڑی ہمت افزائی فرمائی۔ جلسہ کے اختتام پر دارالعلوم کے معائنہ رجسٹر میں جو تاثرات تحریر فرمائے 'اس میں یہاں تک لکھ دیا کہ :

"لقد كان من فصاحة الاخ الحبيب في الله الشيخ محمدتقى نجل مولانا محمدشفيع ما كشف تقصير العرب فى لغتهم"

ظاہر ہے کہ یہ کلمات محض احقر کی ہمت افزائی کے لئے کہے گئے تھے 'لیکن اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ چھوٹوں پر ان کی شفقت اور ان کی حوصلہ افزائی کا کیا مقام تھا؟ پھر جب دارالعلوم سے رخصت ہونے لگے تو اس ناکارہ پر اپنی شفقت و محبت کا اظہار اس طرح فرمایا کہ :

"لو كنت تفاحة لأكلتك"

"اگر تم ایک سیب ہوتے تو میں تمہیں کھالیتا"

اس کے بعد انہوں نے مجھے "تفاحة الهند وباكستان" (پاک وہند کا سیب) کے لقب سے یاد کرنا شروع کر دیا' اور اپنی بعض تصانیف میں احقر کا تذکرہ اسی لقب سے کیا۔ اسی سفر میں احقر نے حضرت شیخ ؒ سے اجازت حدیث بھی حاصل کی جو انہوں نے بڑی شفقت سے عطا فرمائی۔

یہ پاکستان میں ان کی پہلی تشریف آوری تھی۔ اس کے بعد شام میں جو سیاسی انقلاب آیا اس نے علمی اور دینی حلقوں پر عرصہ حیات تنگ کر دیا' سینکڑوں مخلص علماء

کرام کو تہ تیغ کیا گیا' سینکڑوں کو قید کر کے انہیں بدترین ظلم و ستم کا نشانہ بنایا گیا' اور سینکڑوں علماء وطن چھوڑ کر دوسرے ملکوں میں پناہ لینے پر مجبور ہوئے۔ حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ اگرچہ علمی ذوق کے بزرگ تھے' اور اقتدار طلبی کی سیاست سے کوسوں دور۔ لیکن حکومت کے ظلم و ستم نے انہیں بھی نہ بخشا' وہ وطن چھوڑنے پر مجبور ہوئے' اور بالآخر ریاض میں آکر مقیم ہوگئے۔ جہاں عرصہ دراز تک وہ جامعہ الامام محمد بن سعود کے کلیہ اصول الدین میں تدریسی اور تحقیقی خدمات انجام دیتے رہے۔ اس دوران وہ بارہا پاکستان آئے۔ وہ حضرت والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو اپنا استاذ کہتے تھے۔ اور ان سے اجازت حدیث بھی حاصل کی تھی۔ اسی طرح شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد یوسف بنوری صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ بھی ان کا یہی معاملہ تھا۔ چنانچہ کبھی انہوں نے ہمارے یہاں قیام کیا' کبھی حضرت مولانا بنوری صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے یہاں مقیم رہے۔ اور قیام کے دوران ان کے علمی افادات کا سلسلہ مستقل جاری رہا۔

حضرت والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کے بعد تشریف لائے تو والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو یاد کر کے دیر تک اشکبار رہے۔ اور اس کے بعد ہم پر ان کی شفقتوں کا سایہ اور گہرا ہوگیا۔ اسی دوران ایک مرتبہ تقریباً دو ماہ تک ہمارے یہاں دارالعلوم میں مقیم رہے' اور اپنی متعدد تصانیف کی تکمیل فرمائی۔ دارالعلوم کے تقریباً تمام طلبہ اور اساتذہ سے بے تکلف تھے' اور تواضع میں اپنی مثال آپ۔

اگرچہ حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا اوڑھنا بچھونا کتاب تھی' اور وہ صبح و شام کتابوں ہی میں غرق رہتے تھے' اسی بناء پر وہ طبعاً گوشہ نشین عالم تھے' لیکن حوادث روزگار نے انہیں ملی مقاصد کے لئے سیاست میں حصہ لینے پر بھی مجبور کیا' غالباً ۱۹۶۲ء میں انہیں شام کی پارلیمنٹ کا رکن بھی منتخب کیا گیا۔ ان علاقوں میں "الاخوان المسلمون" احیاء دین کی جدوجہد کرنے والی واحد طاقتور جماعت تھی' حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ اس سے بھی متعلق رہے' اور شام میں اسلامی احکام کی پامالی کے خلاف جدوجہد کے جرم میں ۱۹۶۶ء میں تدمر کے صحرائی قید خانے میں گیارہ ماہ گذارنے پر بھی مجبور ہوئے۔ شام سے ہجرت کے بعد اگرچہ ریاض میں مقیم ہوگئے تھے' لیکن عرب دنیا میں بالعموم' اور شام میں بالخصوص دین کے علمبرداروں کو سرکاری ظلم و ستم سے بچانے کے لئے ان کی کوششیں مسلسل جاری رہیں' اور ۱۹۸۶ء میں انہیں "اخوان" کا مراقب عام بھی بنا

پڑا لیکن پھر یہ ذمہ داری ڈاکٹر حسن الھویدی کے سپرد کر کے اپنے خاص علمی مشغلے کی طرف واپس آگئے۔

سعودی عرب میں ان کے قیام کے دوران وہاں بھی بارہا احقر کو ان کی زیارت کا شرف حاصل ہوا۔ایک مرتبہ میں ان کی دعوت پر ریاض بھی گیا۔اور ان سے خط و کتابت اور علمی معاملات میں استفادے کا سلسلہ تو بفضلہ تعالیٰ ہر دور میں جاری رہا۔

احقر نے "تکملہ فتح الملہم" کی تالیف کا آغاز کیا تو حضرت شیخ ﷫ اسی زمانے میں دارالعلوم تشریف لائے' اس کام پر بڑی مسرت کا اظہار فرمایا' اور حوصلہ افزائی کے لئے کتاب پر تقریظی کلمات بھی تحریر فرمائے۔

حضرت شیخ ﷫ علامہ محمد زاہد الکوثری ﷫ کے خاص شاگرد تھے۔ علامہ کوثری ﷫ کی خصوصیت یہ ہے کہ انہوں نے اپنے تبحر علمی سے فقہ حنفی اور مسلک اشاعرہ کا ڈٹ کر دفاع کیا۔اور جن حضرات نے فروعی اختلافات کی بنیاد پر علمائے احناف اور اشاعرہ کو طعن و تشنیع 'بلکہ سب وشتم کا نشانہ بنایا ہے' ان کا ترکی بہ ترکی جواب دیا ہے۔دوسرے ہر عالم کی طرح علامہ کوثری ﷫ کی بعض باتوں یا ان کے اسلوب بیان سے اختلاف کی گنجائش موجود ہے لیکن اس میں شبہ نہیں ہے کہ انہوں نے ان مظلوم اہل علم کے دفاع کا فرض کفایہ ادا کیا ہے' جن پر کسی معقول وجہ کے بغیر تضلیل اور طعن و تشنیع کی بارش کی گئی ہے۔حضرت شیخ عبدالفتاح ابوغدہ ﷫ نے اس معاملے میں بھی اپنے استاذ علامہ کوثری ﷫ کی وراثت کا حق ادا کیا۔ لیکن اس فرق کے ساتھ کہ حضرت شیخ ﷫ کے قلم میں مخالف نقطہ نظر رکھنے والے علماء سلف کے خلاف جارحیت یا سوء ادب کا شائبہ بھی نہیں آنے پایا۔ان معاملات میں انہوں نے اپنی بحث کو خالص علمی حدود میں محدود رکھا' اور ہمیشہ علمی دائرے میں رہتے ہوئے داد تحقیق دی اسے ذاتیات تک پہنچنے نہیں دیا۔علامہ ابن تیمیہ ﷫ اور حافظ شمس الدین ذہبی ﷫ سے ان معاملات میں انکا اختلاف اظہر من الشمس ہے لیکن ان بزرگوں کے بارے میں کوئی ثقیل کلمہ ان کی زبان یا قلم سے نکلتا ہوا میں نے نہیں دیکھا۔بلکہ میں اس بات کا گواہ ہوں کہ حافظ شمس الدین ذہبی ﷫ کے علمی مقام کا تذکرہ کرتے ہوئے ایک مرتبہ وہ رو پڑے' اور ان کی موجودگی میں ایک مرتبہ علامہ

ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کا ذکر کسی نے ایسے الفاظ میں کر دیا جو ان کے شایان شان نہیں تھا' تو اس پر انہوں نے خفگی کا اظہار فرمایا۔

اس احتیاط کے باوجود بعض ناقدرشناس حلقوں نے ان کے خلاف ایک محاذ بنا کر انہیں صرف تنقید ہی نہیں ایسی طعن و تشنیع کا نشانہ بنایا جو بعض جگہ سب و شتم کی حدود میں داخل ہوگئی۔ اناللہ و انا الیہ راجعون اللہ کے دین کے خادموں کو ہر دور میں اس طرح کے حالات سے سابقہ پیش آیا ہے۔ جو ان کے لئے مزید ترقی درجات کا ذریعہ بنا ہے۔ کاش کہ امت مسلمہ میں فروعی اختلاف کو اختلاف کی حدود میں رکھنے کا مذاق پیدا ہوجائے تو ہماری صفوں میں پڑے ہوئے کتنے شگاف بھر جائیں۔

اس سلسلے میں ہمارے والد ماجد (حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ) کا سوچا سمجھا طریق کار یہ تھا کہ فروعی اختلافات کو عوامی سطح پر اچھالنے کے بجائے انہیں خالص علمی اور تحقیقی حلقوں تک محدود رکھا جائے' اور جب تک کسی شخص کا نظریہ کھلی گمراہی یا کفر تک نہ پہنچتا ہو' اس کے ساتھ فروعی اختلاف کو محاذ جنگ بنانے سے روکا جائے۔ اس کے بجائے تمام وہ مسلمان جو دین کی بنیادوں میں متفق ہیں' مل جل کر عصر حاضر کے ان فتنوں کا مقابلہ کریں جو براہ راست اصول دین پر حملہ آور ہیں' حضرت والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اسی موضوع پر "وحدت امت" کے نام سے ایک رسالہ بھی تالیف فرمایا تھا جس کا عربی ترجمہ "اختلاف ام شقاق" کے نام سے سعودی عرب میں بھی بڑی تعداد میں تقسیم ہوا۔ اس رسالے کی بنیادی دعوت یہی ہے۔

حضرت والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ کا یہ مزاج و مذاق بفضلہ تعالیٰ و راقم الحروف کو بھی نصیب ہوا۔ چنانچہ جن حضرات سے فروعی اختلافات ہیں' ان کے ساتھ علمی اختلاف اور اشتراک عمل میں توازن اکثر و بیشتر پیش نظر رہتا ہے۔ سعودی عرب کے سلفی علماء سے فروعی مسائل میں علمی اختلاف اپنی جگہ اب بھی موجود ہے۔ جس کے بارے میں نجی مجلسوں میں ان سے کھل کر گفتگو بھی ہوتی رہتی ہے۔ لیکن یہ اختلاف ان کے ساتھ تعلقات' مشترکہ مقاصد میں تعاون اور ان کے اچھے کاموں کی قدردانی پر بحمداللہ کبھی اثرانداز نہیں ہوا۔

پچھلے دنوں شاید احقر کے اس طرز عمل کی غلط تشریح کرتے ہوئے کسی نے حضرت شیخ عبدالفتاح ابوغدہ رحمۃ اللہ علیہ تک یہ بات پہنچائی کہ میں اپنے مسلک کے معاملے

میں کسی مداہنت یا مجاملت کا شکار ہو رہا ہوں چنانچہ انہوں نے اپنی بزرگانہ شفقت کے مطابق مجھ سے اپنے اس خطرے کا اظہار فرمایا لیکن جب میں نے اپنا مذکورہ بالا نقطہ نظر اور طرز عمل شیخ رحمۃ اللہ علیہ سے تفصیل کے ساتھ بیان کیا تو وہ نہ صرف پوری طرح مطمئن ہوئے بلکہ اس بات کی تائید فرمائی کہ ان مسائل کو نہ نزاع و جدال کی بنیاد بنانا چاہئے اور نہ انہیں مشترک دینی مقاصد میں باہمی تعاون کے راستے میں رکاوٹ بننا چاہئے۔ معاملہ انہی لوگوں نے خراب کیا ہے جو علمی اختلاف کی حدود کو پھلانگ کر تضلیل و تفسیق اور طعن و تشنیع پر اتر آئے۔

حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے احقر کی کتاب "تکملہ فتح الملہم" پر پہلی تقریظ اس وقت لکھی تھی جب میرا مسودہ شاید سو صفحات تک بھی نہیں پہنچا تھا۔ چنانچہ یہ تقریظ مختصر تھی، بعد میں جب اللہ تعالیٰ نے کتاب کی تالیف مکمل فرمادی اور اور اسکی چھ جلدیں شائع ہوگئیں تو شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے خود فرمایا کہ اب میں اس پر دوسری تقریظ لکھنا چاہتا ہوں، چنانچہ انہوں نے بعد میں نہایت تفصیل سے تقریظ لکھ کر بھیجی اور اس میں حوصلہ افزائی کے جو غیر معمولی کلمات تحریر فرمائے، وہ احقر کے استحقاق سے کہیں زائد، اور حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی انتہائی شفقت کے عکاس ہیں۔

سالہا سال سے شیخ رحمۃ اللہ علیہ جلاوطنی کی زندگی گذار رہے تھے، ان کا کتب خانہ بھی جو ان کی عمر بھر کا اثاثہ تھا۔ ان سے جدا تھا۔ وطن واپس جانے کی بظاہر کوئی سبیل نہ تھی، لیکن پچھلے سال اچانک حکومت شام کی طرف سے اہل علم کے لئے کچھ نرمی پیدا ہوئی تو سالہا سال کے بعد آپ اپنے وطن حلب تشریف لے گئے، اس دوران آپ کی آنکھوں میں تکلیف شروع ہوچکی تھی۔ اس سے قبل دل کا ایک دورہ بھی ہوچکا تھا۔ آنکھوں کے علاج کے لئے آپ دوبارہ ریاض تشریف لائے۔ یہاں آنکھوں سے خون جاری ہونے کی بیماری پیدا ہوگئی۔ (بعض حضرات کا خیال ہے کہ ہروقت کی کتب بینی اسکا سبب تھی) جو علاج کے باوجود بڑھتی چلی گئی، یہاں تک کہ آخر میں آپ پر غشی طاری ہوگئی۔

حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے بھتیجے ڈاکٹر عبدالستار ابوغدہ میرے بے تکلف دوست ہیں، (اور پچھلے سالوں میں ہمارے درمیان قربتیں اتنی رہی ہیں کہ ہم ایک ہی خاندان کے افراد معلوم ہوتے ہیں) وہ بتاتے ہیں کہ اسی غشی کے دوران ایک روز شیخ

ﷺ کو اچانک قدرے ہوش آیا تو چھوٹتے ہی جو جملہ ان کی زبان سے ادا ہوا وہ یہ تھا "کیا کتاب کے فرمے پریس سے چھپ کر آگئے؟" اس کے بعد وہ دوبارہ غشی کی حالت میں چلے گئے۔ اور بالآخر ۹ شوال ۱۴۱۷ھ (مطابق ۱۶ فروری ۱۹۹۷ء) کو فجر کے وقت انہوں نے اپنی جان جان آفرین کے سپرد کر دی۔ انا للہ و انا الیہ راجعون اللھم اکرم نزلہ و وسع مدخلہ وابدلہ دارا خیرا من دارہ واھلا خیرا من اھلہ واغسلہ بماء الثلج والبرد ونقہ من الخطایا کما ینقی الثوب الابیض من الدنس

اسی روز صبح آٹھ بجے ہوں گے کہ میرے پاس پہلے جدہ سے ہمارے محترم دوست جناب قاری عبدالباسط صاحب نے اور پھر ریاض سے ایک دوست نے فون پر اس المناک سانحے کی اطلاع دی' اسی روز موصوف کو مدینہ طیبہ لیجایا گیا اور جنت البقیع میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

دنیا کا نظام اسی طرح چل رہا ہے کہ آنے والے آتے اور جانے والے جاتے رہتے ہیں۔ لیکن ایسی شخصیتیں کم ہیں جن کے اٹھ جانے سے مشرق و مغرب کے انسانوں کے دل روئیں' اور نسبی قرابت نہ رکھنے والے بھی ان کی وفات کو اپنا ذاتی حادثہ محسوس کریں۔ حضرت شیخ ﷺ یقیناً ایسی ہی شخصیت کے حامل تھے۔ اول تو اب علم کی ظاہری صورت میں بھی انحطاط نمایاں ہے' لیکن علم ظاہر کی حد تک اب بھی شخصیتیں پیدا ہوتی رہتی ہیں۔ لیکن ایسی شخصیات جن کے گفتار و کردار میں علم رچا بسا ہو' جنکی زندگی اتباع سنت اور سلف صالحین کے طرز و انداز سے منور ہو' جن کی ادا ادا میں تواضع' حلم' خشیت اور حسن اخلاق کا جلوہ نمایاں ہو' اب مشکل ہی سے کہیں نظر آتی ہیں' اور جب ایسی کوئی شخصیت اٹھتی ہے تو عرصہ دراز تک اس کا خلا پر نہیں ہوتا۔

حضرت شیخ عبدالفتاح ﷺ کی مطبوعات کی تعداد پچاس کے لگ بھگ ہوں گی۔ انہوں نے اپنی مستقل کتابیں تالیف کم کی ہیں (جو شاید بیس سے کم کم ہیں) لیکن بزرگان سلف کی کتابوں کی تحقیق و تخریج اور تعلیق پر زیادہ کام کیا ہے۔ اور ایک دن اس کی وجہ خود یہ بیان فرمائی کہ ہم لوگوں کی کوئی مستقل حیثیت نہیں ہے ہمارے لئے سب سے بڑی سعادت یہ ہے کہ سلف کے کسی بزرگ کے دامن سے وابستہ ہو جائیں لہذا کسی بڑے کی کتاب کی خدمت میں عافیت بھی ہے اور برکت بھی۔ جو کام اس تواضع للبیت اور سلف کے ادب واحترام کے ساتھ کیا جائے اس میں نصرت الٰہی کیوں

شامل نہ ہو چنانچہ بسا اوقات ان کی تعلیمات اصل کتابوں سے زیادہ مفصل اور نادر فوائد پر مشتمل ہوتی ہیں' امام العصر حضرت علامہ انور شاہ کشمیری ﷫ کے حکم پر احقر کے والد ماجد ﷫ نے "التصریح بما تواتر فی نزول المسیح" مرتب فرمائی تھی' حضرت شیخ عبدالفتاح ابوغدہ ﷫ نے اس کتاب کو ایڈٹ کر کے اپنے مبسوط حواشی کے ساتھ شائع کیا۔ اس کے علاوہ مقدمہ اعلاء السنن "الاجوبہ الفاصلۃ" اور "الرفع والتکمیل" پر ان کی تعلیقات ان کی محدثانہ بصیرت کا شاہکار ہیں۔

پچھلے دنوں آکسفورڈ کے مرکز الدراسات الاسلامیہ نے حدیثی خدمات پر سلطان برونائی ایوارڈ کا اعلان کیا تو حضرت شیخ عبدالفتاح ابوغدہ ﷫ کو بجا طور پر یہ ایوارڈ دیا گیا (اس ایوارڈ کے لئے شیخ ﷫ کا اسم گرامی تجویز کرنے والوں میں احقر بھی شامل تھا۔) لیکن موصوف ﷫ ان حضرات میں سے تھے جو اس قسم کے رسمی ایوارڈز سے کہیں بلند ہوتے ہیں۔ یہ ایوارڈ کی خوش قسمتی ہے کہ وہ صحیح جگہ پر پہنچ جائے۔ ورنہ حضرت شیخ ﷫ کی خدمات اس سے بے نیاز ہیں۔

آج حضرت شیخ ﷫ دنیا میں نہیں ہیں' لیکن ان کی تصانیف' ان کے تیار کئے ہوئے شاگرد اور ان کی سیرت و کردار کی خوشبو سدا بہار ہے' اور انشاءاللہ اس وقت تک یادگار رہے گی جب تک علم اور کردار کے قدردان دنیا میں موجود ہیں۔ ولاباقی الا اللہ

(البلاغ جلد ۳۱ شمارہ ۱۲)

# حضرت مولانا محمد منظور نعمانی رحمۃ اللہ علیہ

جب سے شعور کی آنکھ کھلی' اپنے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی بدولت گھر میں روزانہ آنے والی ڈاک کا ایک پلندا ڈاکئے سے وصول کرنا روزمرہ کے معمول میں شامل دیکھا۔اس ڈاک میں خطوط کے علاوہ ماہانہ اور ہفت وار جرائد ورسائل بھی اچھی خاصی تعداد میں ہوتے تھے۔جب یہ جرائد ورسائل آتے تو انہیں الٹ پلٹ کران کی کم از کم ورق گردانی کا شوق مجھے اس وقت سے تھا جب ان جرائد ورسائل کے مندرجات کا تقریباً اسی فیصد حصہ میری سمجھ سے بالاتر ہوتا تھا۔انہی رسائل میں ایک ماہنامہ ''الفرقان'' لکھنؤ بھی تھا' جس پر حضرت مولانا محمد منظور نعمانی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا اسم گرامی متواتر دیکھ دیکھ کر یہ نام دل میں بیٹھ گیا تھا۔اور بچپن میں یہ بات ذہن میں جم گئی تھی کہ یہ بزرگ ایسے اہل قلم میں سے ہیں جن کی نگارشات اپنی فہم کی سطح سے بالاتر ہوتی ہیں۔

جب رفتہ رفتہ حرف شناسی میں اضافہ ہوا تو یہ نگارشات کچھ کچھ سمجھ میں بھی آنے لگیں' بالخصوص ''الفرقان'' میں ''معارف الحدیث'' کے مسلسل عنوان کے تحت احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی جو عام فہم تشریح حضرت مولانا رحمۃ اللہ علیہ کے قلم سے شائع ہورہی تھی' اسکا بیشتر حصہ فہم سے بالاتر نہ رہا' اور اس طرح مولانا رحمۃ اللہ علیہ سے غائبانہ ایک انسیت پیدا ہونے لگی۔

پھر طالب علمی کے دوران علمائے دیوبند اور علمائے بریلی کے مسلکی اختلافات پر متعدد کتابیں پڑھنے کی نوبت آئی۔اکابر علمائے دیوبند رحمہم اللہ کی جن بعض تحریروں پر علمائے بریلی کی طرف سے سخت اعتراضات کئے گئے تھے۔ان کے بارے میں حقیقت حال کی وضاحت بہت سے حضرات نے کی' لیکن اس موضوع پر جس کتاب نے مجھے سب سے زیادہ متاثر کیا' وہ حضرت مولانا محمد منظور نعمانی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب ''فیصلہ کن مناظرہ'' تھی' اس کتاب میں حضرت مولانا نے جس مدلل' دلنشین اور مستحکم انداز میں ان تحریروں کی وضاحت فرمائی تھی۔حقیقت یہ ہے کہ اسے پڑھنے کے بعد کسی بھی

انصاف پسند انسان کے دل میں ان اکابر کے عقائد کے بارے میں کوئی ادنیٰ شبہ باقی نہیں رہ سکتا۔ کتاب کا نام تو اگرچہ "فیصلہ کن مناظرہ" ہے جس سے تاثر یہ ہوتا ہے کہ یہ کوئی عام قسم کی مناظراتی کتاب ہوگی' اور ہماری شامت اعمال سے مناظرے کے بارے میں یہ تاثر بن گیا ہے کہ یہ ایک فرقہ وارانہ اکھاڑے کا نام ہے جس میں دو منہ زور پہلوان ہر حق و ناحق حربے سے ایک دوسرے کو زیر کرنے کے داؤں استعمال کرتے ہیں اور اس داؤں پیچ میں حق طلبی کا جذبہ کچل کر رہ جاتا ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ مولانا کی یہ کتاب اس قسم کی مناظرانہ فضا سے کوسوں دور ہے۔ بلکہ اسکو پڑھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ نیک نیتی والا مناظرہ کیا ہوتا ہے؟ اصل میں "مناظرہ" عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی ہیں "مل جل کر کسی مسئلے پر غور کرنا"۔ مولانا نے اس کتاب میں مناظرے کی اسی حقیقت کی عملی تفسیر پیش کی ہے' ان کا انداز واسلوب عامیانہ مناظرے کا اسلوب نہیں' خاص علمی' مثبت' معروضی اور مدلل انداز بیان ہے۔ جس کا مطمح نظر حق کی تفہیم ہے' نہ کہ مخالف کی تذلیل۔

پھر ۱۹۶۰ء کے لگ بھگ پاکستان اور ہندوستان کے علماء نے مل کر غلام احمد پرویز صاحب کی کتابوں کا جائزہ لیا اور ایک متفقہ فتویٰ مرتب کیا جس میں کہا گیا تھا کہ پرویز صاحب اپنے بعض گمراہانہ عقائدوافکار کی وجہ سے دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔ یہ فتویٰ پرویز صاحب کی کتابوں کی چھان بین کے بعد مرتب کیا گیا تھا۔ اور اس پر تمام مسلم مکاتب فکر کے علماء کے دستخط تھے۔

اس موقع پر پرویز صاحب کے حلقے نے یہ کہہ کہہ کر آسمان سر پر اٹھالیا کہ علماء کرام کا تو مشغلہ ہی یہ ہے کہ وہ لوگوں کو کافر بناتے رہتے ہیں' اسلامی عقائد واصول سے ناواقف بہت سے دوسرے حضرات بھی اس پروپیگنڈے کا شکار ہوکر اس فتوے کو اعتراضات کا نشانہ بنانے لگے۔ اس موقع پر فتویٰ کی تائید اور اس پروپیگنڈے کی تردید میں بھی متعدد مضامین ومقالات منظر عام پر آئے' لیکن اس موضوع پر سب سے زیادہ مدلل' زوردار اور دل میں اتر جانے والی تحریر حضرت مولانا محمد منظور نعمانی صاحب ﷺ کی تھی جو "الفرقان" میں شائع ہوئی۔ اور اسے پاک وہند کے بہت سے

علمی مجلات نے نقل کیا۔ مولانا کے مستحکم اندازِ تحریر کا قائل تو میں پہلے بھی تھا' لیکن اس تحریر سے اندازہ ہوا کہ انہیں اللہ تعالیٰ نے قاری کو اپنے ساتھ بہالے جانے کی کس غیر معمولی صلاحیت سے مالامال فرمایا ہے' اور حقیقت یہ ہے کہ ان کے اس مضمون نے ''تکفیر'' کے بارے میں پھیلی ہوئی غلط فہمیوں کی دھند صاف کرنے میں نمایاں کردار ادا کیا۔

بعد میں مولاناؒ کی بہت سی تحریریں پڑھنے کا موقع ملتا رہا' اور ان سے غائبانہ عقیدت و محبت پیدا ہوتی گئی' لیکن پاک و ہند کے تباین دارین کی وجہ سے انکی زیارت و ملاقات کا شرف حاصل نہ ہو سکا۔ بالآخر پہلی بار مکہ مکرمہ میں انکی زیارت ہوئی۔ اور اس کے نتیجے میں مراسلت کا سلسلہ بھی قائم ہوا۔ کوئی نئی کتاب آتی تو مولاناؒ شفقت فرماکر احقر کو ارسال فرماتے' اور مختلف مسائل پر خط و کتابت کا سلسلہ بھی جاری رہتا۔ افسوس ہے کہ مولانا کے ابتدائی کچھ خطوط میرے پاس محفوظ نہ رہے' لیکن بعد میں میں نے اکثر خطوط محفوظ بھی رکھے۔ اس کے بعد مولاناؒ ایک مرتبہ پاکستان تشریف لائے۔ اور دارالعلوم میں خطاب بھی فرمایا۔ اس وقت حضرت والد صاحبؒ کی وفات ہوچکی تھی' اور ان کے ذکر مبارک کیلئے البلاغ کا مفتی اعظم نمبر زیر ترتیب تھا' مولانا نے احقر کی فرمائش پر اس کیلئے مضمون لکھنے کا وعدہ فرمایا' اور ہندوستان جاکر مضمون بھیجا جو مفتی اعظم نمبر کی زینت بنا۔

مولاناؒ نے اگرچہ ''الفرقان'' کی ادارت اپنے فاضل صاحبزادے جناب مولانا عتیق الرحمن صاحب سنبھلی کے سپرد کردی تھی' لیکن وقت کی تقریباً ہر اہم ضرورت پر ان کی تحریریں ''الفرقان'' میں شائع ہوتی رہتی تھیں۔ اسی دوران سعودی عرب میں علمائے دیوبند کے خلاف پروپیگنڈا کرنے والوں نے وہاں یہ تاثر پھیلانا شروع کیا کہ علمائے دیوبند علمائے نجد کے سرخیل شیخ محمد بن عبدالوہابؒ کے بارے میں معاندانہ رائے رکھتے ہیں' اور ان کے بارے میں توہین آمیز رویہ اختیار کرتے رہے ہیں۔ مولانا نے اس تاثر کے ازالے کیلئے ''الفرقان'' میں ایک سلسلہ مضامین شروع کیا جس میں شیخ محمد بن عبدالوہاب اور علمائے دیوبند کے درمیان وجوہ مماثلت شرح وبسط

کے ساتھ بیان کی گئی تھیں' اور شرک وبدعت کی تردید میں دونوں کے درمیان جو قدر مشترک تھی' اس پر زور دیا گیا تھا۔ اگرچہ یہ مضمون بھی مولانا کی عام عادت کے مطابق مدلل اور مفید تھا' لیکن اس کی چند قسطیں پڑھنے کے بعد مجھے خدشہ ہوا کہ کہیں وہ تصویر کے صرف ایک رخ ہی پر ختم نہ ہو جائے۔ اور علمائے دیوبند کو شیخ محمد بن عبدالوہاب ﷺ کے بعض نظریات سے جو واقعی اختلاف رہا ہے۔ اس کے تذکرے سے خالی نہ رہ جائے۔ چنانچہ میں نے حضرت مولانا کی خدمت میں ایک خط لکھا جس میں اپنے اس طالب علمانہ اندیشے کا اظہار کرتے ہوئے یہ درخواست کی کہ مضمون کا تاثر یہ ہرگز نہ ہونا چاہئے کہ علماء دیوبند اور شیخ محمد بن عبدالوہاب کے نظریات میں کوئی اختلاف ہی نہ تھا۔ اس کے بجائے جس حد تک اور جتنا اختلاف تھا' اس کا اظہار بھی ریکارڈ درست رکھنے کیلئے ضروری ہے جس کے بغیر یہ سلسلہ مضامین ادھورا بھی رہے گا' اور اس سے مزید غلط فہمیاں پیدا ہوں گی۔

میں نے لکھنے کو تو یہ خط لکھ دیا تھا' لیکن بار بار یہ احساس ہو رہا تھا کہ مولانا کے مقام بلند کے آگے میری حیثیت انکے ایک ادنی شاگرد کی بھی نہیں ہے۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ یہ جسارت کر کے میں نے اپنی حدود سے تجاوز کیا ہو' لیکن میرے خط کے جواب میں مولانا کا جو گرامی نامہ آیا' اس میں انہوں نے اپنی بڑائی کی انتہا کر دی۔ میری گذارش پر کسی ناگواری کا اظہار تو کجا' میری اتنی ہمت افزائی فرمائی کہ میں پانی پانی ہو گیا۔ مولانا کا یہ گرامی نامہ چونکہ متعدد فوائد پر بھی مشتمل ہے اس لئے اسے بعینہ یہاں نقل کرتا ہوں۔

برادر محترم ومکرم جناب مولانا محمد تقی عثمانی صاحب'

احسن اللہ تعالیٰ الیکم والینا

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کا نامہ اخلاص باخوت (مورخہ ۶ ربیع الاول) موصول ہوا اور کسی کے قلم سے لکھائے ہوئے الفاظ سے آپ کو اندازہ نہیں کرا سکتا کہ اس کی بعض باتوں سے کتنی

خوشی ہوئی۔

خط و کتابت سے مجھے فطری مناسبت نہیں ہے اس لئے آنے والے خطوط میری طبیعت پر بوجھ بن جاتے ہیں' لیکن آپ کا مکتوب محبت طویل ہونے کے باوجود میرے لئے راحت وفرحت کا باعث بنا۔

آپ سے اصل واقفیت "البلاغ" ہی کے ذریعہ ہے اور دل میں آپ کی خاص قدروقیمت ہے حرمین شریفین کی ملاقاتوں میں آپ کو بس دیکھ لیا تھا۔ اللہ تعالیٰ ہر طرح کی ترقیات سے نوازے۔ اب چند باتیں نمبروار لکھتا ہوں۔

ا۔ "علمائے دیوبند اور حسام الحرمین" کا کوئی نسخہ ڈاک سے یہاں نہیں پہنچا' آپ نے دستی بھیجنے کیلئے لکھا ہے میں منتظر رہوں گا۔ (ایک صورت یہ بھی ہے کہ آپ تبلیغی مرکز (مکی مسجد) والوں کے سپرد کردیں' وہاں سے کسی کے ذریعہ دہلی پہنچ کر مجھے انشاء اللہ مل جائے گا۔

۲۔ "الشہاب الثاقب" اپنے مواد کے لحاظ سے بڑی قیمتی کتاب تھی۔ "رجوم المذنبین" کے ابتدائی واقعاتی حصہ کے علاوہ آگے جوابی حصہ میں ہمارے بزرگوں کے جو واقعات اور تصانیف وغیرہ نقل کئے ہیں وہ مقصد کیلئے بہت مفید ہیں' لیکن اس کی زبان اور حضرت مولانا کی غیر معمولی مزاجی شدت کی وجہ سے اس سے زیادہ فائدہ نہیں ہوسکا' اس کے علاوہ اس میں ایک خاص کمزوری یہ ہے کہ اس میں "سیف النقی" کے اعتماد پر ۲ حوالے غلط دے دیئے گئے ہیں (یہ "سیف النقی" "حسام الحرمین" کے جواب میں اسی زمانے میں شائع ہوئی تھی اس میں مولوی

احمد رضاخان کے باپ، دادا، پیر، دادا پیر، حتی کہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی ﷫ کے نام سے کتابیں گڑھ گڑھ کے ان کے صفحات اور مطابع کے ساتھ حوالے دیئے گئے تھے (اور یہ سب حوالے بالکل بے اصل تھے) یہ کتاب کسی نے لکھ کر دیوبند بھیجی تھی، اور اسی زمانہ میں (غالباً حضرت میاں صاحب ﷫ کے کتب خانہ کی طرف سے) چھپ کر شائع ہوئی تھی، بعد میں جب مولوی احمد رضاخان نے گرفت کی اور حوالوں کو چیلنج کیا تو معلوم ہوا کہ یہ کسی دشمن کی حرکت تھی، اس کا مصنف (محمد تقی اجمیری) نامعلوم تھا۔ جب وہ چھپی تھی تو ہمارے حلقہ میں ہاتھوں ہاتھ لی گئی اور اسی زمانہ میں حضرت مولانا مدنی ﷫ نے جب "الشہاب الثاقب" لکھی تو اس کے اعتماد پر ۲ حوالے دیدیئے۔ اس غلطی نے "الشہاب الثاقب" کی افادیت کو بہت نقصان پہنچایا۔ (مولانا مرتضٰی حسن صاحب ﷫ کا خیال تھا کہ یہ غالباً بریلی ہی سے پھینکا ہوا جال تھا، ناواقفی سے ہمارے حضرات اس میں پھنس گئے۔) واللہ اعلم۔

آپ کے مکتوب سے یہ معلوم کرکے بڑی خوشی ہوئی کہ آپ نے "الشہاب" کا ابتدائی واقعاتی حصہ زبان کی تبدیلی کے ساتھ اس کتاب میں شامل کردیا ہے۔ میں نے "سیف النقی" والی بات اس لئے لکھدی کہ آپ کے علم میں رہے۔ حال ہی میں سنا ہے کہ ناواقفی کی وجہ سے دیوبند کے کسی کتب خانے نے پھر وہ چھاپ دی ہے۔

بڑا افسوس اور قلق ہے کہ میرے لئے اب سفر بہت مشکل ہوگیا ورنہ میں چاہتا تھا کہ ایک دفعہ ہفتہ عشرہ کے

لئے ادھر جاؤں۔ کراچی یا لاہور میں قیام کروں اور پھر ذی استعداد نوفضلااور منتہی طلبہ کو بریلوی فتنہ سے مسلمانوں کے دین ودنیا کی حفاظت کرنے کی تیاری میں کچھ ان کی مدد کروں۔ یہ طائفہ ضرر کے لحاظ سے قادیانیوں سے بھی بڑا فتنہ ہے۔اس سے امت کی حفاظت کے لئے کچھ واقفیت کے ساتھ نئی حکمت عملی کی ضرورت ہے۔ لیکن میری صحت کہ میں سفر سے معذور ہوں۔

۳۔"زلزلہ کا پوسٹ مارٹم" الگ کوئی کتاب نہیں ہے "بریلوی فتنہ" کے دوسرے ایڈیشن میں بطور مقدمہ کے میرے ایک مضمون کا اضافہ کیا گیا ہے۔ جو افادیت کے لحاظ سے اچھا اضافہ ہے' اور معمولی ترمیمیں بھی کی گئی ہیں۔اور ٹائیٹل پر کتاب کے دوسرے نام کے طور پر "زلزلہ کا پوسٹ مارٹم" لکھ دیا گیا ہے۔

۴۔ شیخ محمد بن عبدالوہاب اور اپنے اکابر سے متعلق جو سلسلہ جاری ہے اس کے بارے میں جس کمی اور قابل اعتراض بات کی طرف آپ نے توجہ دلائی ہے اس سے اندازہ ہوا کہ اب تک میں آپ کو (کم عمری کے باوجود) علم وفہم کے جس امتیازی مقام پر سمجھتا تھا اللہ تعالیٰ کی خاص عنایت سے آپ اس سے بھی بالاتر ہیں۔ آپ کی اس بات کی میرے دل نے بڑی قدر کی یہ نہایت ضروری اور اہم بات تھی۔اللہ تعالیٰ نے جو کچھ آپ کو عطا فرما رکھا ہے اس سے ہزاروں درجہ زیادہ اور عطا فرمائے۔اور علم کے ساتھ دین میں اور اپنی ذات پاک کے ساتھ خاص تعلق میں بے حساب اضافہ فرمائے ___ ہمارے اکابر اور علمائے نجد کے

مسلک میں بلاشبہ اختلاف بھی ہے اور اس مضمون میں اس کا اظہار بھی ضرورت تھا' اور شروع ہی سے میرے خاکے میں یہ جزء بھی تھا' فروری کا شمارہ جس میں اس سلسلہ کی تیسری قسط شائع ہوئی ہے خدا کرے کہ آپ کی نظر سے گذر چکا ہو' اس میں یہ جزء آگیا ہے۔ احتیاطاً وہ شمارہ مکرر روانہ کرنے کے لئے کہدیا ہے۔

سلسلہ کی چوتھی قسط مارچ کے شمارہ میں آرہی ہے انشاء اللہ وہ زیادہ خوش کن اور دلچسپ ہوگی اس میں کچھ وہ تاریخی واقعات آگئے ہیں جن کے عینی شاہد اور براہ راست واقفیت رکھنے والے اب بہت کم زندہ ہیں' اور جہاں تک مجھے معلوم ہے وہ کہیں محفوظ بھی نہیں ہیں اس لئے میں نے ان کو بالقصد اس سلسلہ تحریر کا جز بنا دیا ہے۔

۵۔ چوتھی قسط میں مولانا مدنی کا جو "بیان" شائع کیا جارہا ہے اس کا مل جانا اللہ تعالیٰ کی خاص مدد کا کرشمہ ہے۔ مجھے یاد تھا کہ مولانا مدنی ﷺ نے اس زمانہ میں اس طرح کا بیان دیا تھا لیکن اسکا کوئی ثبوت میرے پاس نہیں تھا وہ اللہ تعالیٰ نے اپنی خاص قدرت سے فراہم کرادیا۔ فلہ الحمد ولہ الشکر۔

۶۔ میری رائے یہ ہے کہ جب چوتھی قسط بھی آپ کی نظر سے گذر جائے تو آپ اس مضمون کو سامنے رکھ کر ایک مستقل مضمون اسی موضوع پر "البلاغ" میں ضرور لکھیں۔

۷۔ یہ میرے علم میں ہے کہ یہ سلسلہ "ترجمان اسلام" لاہور میں شائع ہو رہا ہے۔ ایک صاحب کے خط سے معلوم ہوا تھا کہ حکیم عبدالرحیم اشرف صاحب

"المسر" میں بھی شائع کر رہے ہیں۔

۸۔ تیسری قسط میں نواب صدیق حسن خان مرحوم کی عبارتیں انشاء اللہ ان لوگوں کا پورا علاج کریں گی جنہوں نے "الشہاب الثاقب" اور "التصدیقات" کے اس موضوع سے متعلق مندرجات کو "وہاں" پھیلایا ہے۔ شاید آپ کے علم میں نہ ہو اب سے بہت پہلے مولانا محمد اسماعیل (گجراں والا) مرحوم کا ایک رسالہ عربی میں وہاں بہت بڑی تعداد میں شائع کیا گیا تھا جس کے ذریعہ وہاں کے علماء اور ذمہ داروں کو شیخ محمد بن عبدالوہاب اور ان کی جماعت سے متعلق "الشہاب الثاقب" اور "التصدیقات" سے واقف کیا گیا تھا' صرف یہی اس کا موضوع تھا' مجھے یہ رسالہ گذشتہ سال وہیں سے ملا تھا اور اس نے مجھے اس موضوع پر لکھنے کی ضرورت کا احساس کرایا تھا' اب اللہ تعالیٰ نے ایسا کیا ہے کہ مرحوم نواب صدیق حسن خان اور ہمارے اکابر ایک ہی مقام پر کھڑے ہیں      میں نے نواب صاحب کی طرف سے بھی وہی عذر کیا ہے جو اپنے اکابر کی طرف سے کیا ہے' حالانکہ واقعہ یہ ہے کہ نواب صاحب ہمارے بزرگوں کی طرح ان کی کتابوں اور دعوت سے "بالکل ناواقف" نہیں تھے۔ "اتحاف النبلاء" نواب صاحب نے "ترجمان وہابیہ" سے قریباً ۲۰ سال پہلے لکھی ہے۔ اور اس میں شیخ محمد بن عبدالوہاب کے تذکرہ ہی میں ان کے فرزند شیخ عبداللہ ابن محمد بن عبدالوہاب کے اس رسالہ کا طویل اقتباس نقل کیا ہے جس کے کچھ اقتباسات میں نے تیسری قسط میں درج کئے ہیں      میرا اپنا خیال یہ ہے کہ نواب صاحب ان کے

بارے میں پوری طرح مطمئن بھی نہیں تھے اور یہ بھی واقعہ ہے کہ ''ترجمان وہابیہ'' انہوں نے اپنی خاص سیاسی مصلحت یا مجبوری سے لکھی تھی جب کہ ان کو یہ خطرہ پیدا ہوگیا تھا کہ انگریزی حکومت ان کے ''وہابی'' ہونے کی بنا پر ان کے بارے میں غیر مطمئن ہوجائے گی' ترجمان وہابیہ' دیکھنے کی کتاب ہے اس کو ضرور دیکھئے۔ اس میں یہ بھی لکھا ہے کہ ۱۸۵۷ء کا غدر صرف حنفیوں نے کیا تھا' اہل حدیث اس سے بالکل الگ رہے ___ اس پوری کتاب کا حاصل یہ ہے کہ میرا اور ہندوستان کی جماعت اہل حدیث کا محمد بن عبدالوہاب اور ان کی جماعت سے کوئی تعلق نہیں' وہ مقلد حنبلی ہیں اور اہل حدیث ہیں اور انہوں نے جہاد کے نام سے فساد برپا کیا اور ہم ''امن پسند'' ہیں واقعہ یہ ہے کہ حالات کی مجبوریاں بھی عجیب چیز ہیں۔ بس اللہ تعالیٰ ہی محفوظ رکھے۔ بھائی مولانا محمد رفیع صاحب کو بھی سلام مسنون اور آپ سب حضرات سے دعا کی درخواست۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ

محمد منظور نعمانی

دارالعلوم دیوبند کے اجلاس صد سالہ کے موقع پر جب مجھے ہندوستان جانے کا اتفاق ہوا تو میں دیوبند کے بعد لکھنؤ بھی گیا' اس سفر کا بڑا مقصد حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی مدظلہم اور حضرت مولانا محمد منظور نعمانی ﷫ کی ملاقات تھی۔ مولانا ﷫ اس وقت بہت کمزور ہوچکے تھے' لیکن احقر کو نہ صرف شرف ملاقات بخشا بلکہ میرے استحقاق سے کہیں زیادہ شفقت اور اکرام کا معاملہ فرمایا۔

مولانا کے آخری ایام حیات کا ایک بڑا تالیفی کارنامہ مولانا کی کتاب ''ایرانی انقلاب'' ہے۔ اس موضوع پر انہوں نے ''الفرقان'' میں ایک سلسلہ مضامین سپرد قلم

کیا تھا جو بعد میں کتابی شکل میں شائع ہوا۔ اس موقع پر بھی حضرت مولانا نے احقر کو مندرجہ ذیل خط تحریر فرمایا:

از محمد منظور نعمانی عفا اللہ عنہ

۱۳ ذی الحجہ لکھنؤ ۱۴۰۴ھ

برادر مکرم محترم جناب مولانا محمد تقی عثمانی صاحب

زید مجدکم۔ سلام ورحمت

خدا کرے ہر طرح عافیت ہو۔

"البلاغ" غالباً پابندی سے روانہ ہوتا ہوگا لیکن کبھی کبھی ہی پہنچتا ہے، خدا کرے "الفرقان" پابندی سے پہنچتا ہو۔ معلوم ہوا ہے کہ دفتر سے پابندی سے روانہ کیا جاتا ہے۔

ایران کے انقلاب اور خمینی سے متعلق "الفرقان" کے تین شماروں میں جو کچھ لکھا گیا ہے خدا کرے نظر سے گذرا ہو (اس کی پہلی قسط تو ذیقعدہ کے بینات میں بھی شائع ہوگئی ہے) ___ عمر کے تقاضے سے مجھ پر ضعف کا بہت غلبہ ہوگیا ہے میں اس حال میں نہیں تھا کہ کوئی ایسی چیز لکھوں جس کیلئے محنت کرنی پڑے لیکن میں نے اس کو وقت کا اہم فریضہ اور بعض خاص وجوہات سے اپنے حق میں فرض عین سمجھا اور میں نے ایک مستقل کتاب لکھنا شروع کی۔ جس کا ابتدائی حصہ "الفرقان" کے تین شماروں میں شائع ہوا۔ وہ کتاب بفضلہ تعالیٰ تکمیل کے مرحلہ میں ہے کتابت بھی ساتھ ہی ساتھ ہوتی رہی، اللہ تعالیٰ تکمیل کی توفیق دے اپنے بندوں کیلئے نافع بنائے اور قبول فرمائے۔ تقریباً تین سو صفحات ہوں گے۔

اگر با آسانی ممکن ہوتا تو میں آپ کو مکلف کرتا کہ آپ پوری کتاب کو غور سے دیکھ کر اس پر مقدمہ لکھیں لیکن ظاہر ہے کہ یہ آسان نہیں اور اس کے لئے انتظار کرنا پڑے گا اور میں جلد سے جلد کتاب کی اشاعت چاہتا ہوں کتاب تیار ہو جانے پر انشاء اللہ رجسٹرڈار سال خدمت ہوگی۔ آپ اس پر اس طرح تبصرہ کریں کہ آئندہ ایڈیشن میں اس کو کتاب کا جز بنایا جاسکے۔ مجھے شبہ ہے کہ بے ادبی نہ ہو لیکن عرض کرتا ہوں۔ ایرانی انقلاب کے نتیجہ میں خمینی اور نفس شیعت کے بارے میں خود ہمارے حلقوں میں بھی جو حسن ظن پیدا ہوا۔ اور خاص کر جماعت اسلامی سے متاثر ہونے والے نوجوانوں کا جو حال ہوا ہے دیکھ کر مجھ پر ایسا اثر پڑا کہ میرے لئے یہ سمجھنا آسان ہو گیا کہ کہ قادیانیت کے فروغ کی اطلاعات سے استاذنا حضرت شاہ صاحب ؒ کو کیسی بے چینی ہوئی ہوگی۔ ہم نے ان کا حال آنکھوں سے دیکھا ہے۔

میں نے اس کتاب کے ذریعہ ایک کام شروع کیا ہے۔ ضرورت ہے کہ آپ جیسے حضرات (جن کے قویٰ بفضلہ تعالیٰ پوری طرح ساتھ دے رہے ہیں) اس مسئلہ کی طرف پوری توجہ فرمائیں اور اس کو اپنے قلم کا خاص موضوع بنائیں۔

برادر مکرم مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب کی خدمت میں سلام مسنون اور آپ سے اور ان سے دعا کی درخواست ہے۔ والسلام علیکم ورحمۃ اللہ

**(محمد منظور نعمانی)**

شیعہ عقائد کے بارے میں علمائے اہل سنت کی طرف سے بہت سی کتابیں لکھی گئی ہیں، لیکن مولانا نے اس کتاب میں ایک نئے اسلوب سے ان مباحث پر گفتگو کی ہے، اور بہت سی ایسی معلومات فراہم کی ہیں، جو پردہ خفا میں تھیں۔ میں نے اس کتاب کے بارے میں اپنے تاثرات بھی حضرت مولانا کی خدمت میں ارسال کئے خود میں نے اس سے جس طرح استفادہ کیا تھا، اسکا تذکرہ کیا، لیکن ساتھ ہی کچھ طالب علمانہ گذارشات مسئلہ تکفیر کے سلسلے میں پیش کیں۔ حضرت مولانا نے یہ کتاب ضعف وعلالت کے دور میں لکھی تھی، اور اس کے بعد یہ کمزوری بڑھتی ہی چلی گئی، جس کی وجہ سے مراسلت کا سلسلہ بھی برقرار نہ رہ سکا۔ آنے جانے والوں سے مولانا کی مسلسل بیماری اور معذوری ہی کی اطلاعات ملتی رہیں، اور ایک طویل عرصہ ایسا گذرا کہ مولانا سے کوئی قابل ذکر رابطہ نہ رہ سکا، اور بالآخر وہ وقت آہی گیا جو ہر انسان پر آنا مقدر ہے۔ مولانا علمی ودینی خدمات کا بڑا سرمایہ ہمارے لئے چھوڑ کر ہم سے رخصت ہوگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مولانا کی ”سرگزشت حیات“ خود انہی کے قلم سے لکھی ہوئی شائع ہوچکی ہے۔ جو مجھ جیسے ہر طالب علم کیلئے موعظت ونصیحت کے نہ جانے کتنے باب کھولتی ہے۔ اللہ تعالیٰ مولانا ﷫ کو مقعد صدق میں اپنے مقامات قرب سے نوازے۔ ان کی زلات کی مکمل مغفرت فرمائے۔ اور ان کے فیوض کو امت کیلئے جاری وساری رکھے۔ آمین۔

(البلاغ جلد ۳۳ شمارہ ۱۰)

# مولانا محمد مجاہد کی شہادت ﷫

دہشت گردی کے عفریت نے پچھلے چند سالوں میں جو قیمتی جانیں لی ہیں۔ان کی صحیح تعداد بھی متعین کرنا ممکن نظر نہیں آتا۔ملک وملت کے نہ جانے کتنے عظیم سرمائے اس شرمناک درندگی کا شکار ہوئے' کتنے گھرانوں کے روشن چراغ گل ہوئے' کتنے بچوں کے سر سے باپ کا سایہ اٹھا' کتنی خواتین اپنے شوہروں سے محروم ہوکر بے آسرا ہوگئیں' اوران حادثات کا سلسلہ ہے کہ کسی طرح ختم ہونے میں نہیں آرہا۔

ابھی ایک تازہ حادثہ فیصل آباد میں پیش آیا' جہاں آسمان علم وفضل کے ابھرتے ہوئے ستارے' مولانا مفتی محمد مجاہد صاحب اوران کے شاگرد رشید مولانا محمد شاد کو بربریت کا نشانہ بناکر انتہائی بے دردی سے شہید کردیا گیا' اوران کے ساتھ ایک گمنام رکشہ ڈرائیور بھی انسانیت دشمنی کی بھینٹ چڑھ گیا۔اناللہ وانا الیہ راجعون۔

جو لوگ مفتی محمد مجاہد ﷫ ان کے والدگرامی شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی نذیراحمد صاحب مدظلہم اور فیصل آباد میں ان کی قائم کردہ باوقار اور معیاری دینی درسگاہ جامعہ امدادیہ سے واقف ہیں' انہیں کبھی اس حقیقت میں ایک فیصد بھی شک نہیں ہوسکتا کہ یہ حضرات ہر قسم کی سیاسی سرگرمیوں اور فرقہ واریت سے کوسوں دور انتہائی خاموشی کے ساتھ دین اور علم دین کی خدمات انجام دے رہے تھے۔کسی قسم کی فرقہ وارانہ عصبیت سے ان کے ادنیٰ تعلق کا تو سوال ہی کیا تھا؟ ان کی پوری زندگی فرقہ واریت کے خلاف دین کی بنیادی تعلیمات کے فروغ کیلئے وقف تھی' اور وہ کبھی کسی لمحے کسی سے ذاتی' گروہی' جماعتی یا مسلکی عداوت میں ملوث نہیں ہوئے۔لیکن دہشت گردی کے جنون نے ایسے مرنجان ومرنج حضرات کو بھی اپنی آدم خوری سے محفوظ نہیں رکھا' اور ملک وملت کو ایسے جواں سال عالموں سے محروم کردیا جو مستقبل کے افق پر امید کے روشن چراغ تھے۔جن کی صلاحیتوں کے تصور سے اپنے عہد کے افلاس اور قحط الرجال کے احساس میں کمی آتی تھی۔اور جن کے بارے میں ظالم قاتلوں کو یہ معلوم نہیں کہ انہیں اپنی درندگی کا نشانہ بناکر انہوں نے خود اپنے پاؤں پر

غماز اور خالص تحقیقی کام کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔

مولانا مفتی محمد مجاہد ﷫ کی عمر کل بتیس سال تھی۔ وہ ۵ ستمبر ۱۹۶۵ء کو پیدا ہوئے تھے، ان کے والد گرامی قدر حضرت مولانا نذیر احمد صاحب ان صحیح الفکر اور اعتدال پسند علماء دین میں سے ہیں جنہوں نے ہمیشہ نام و نمود سے بے نیاز رہ کر خاموشی اور اخلاص کے ساتھ ملک و ملت کی خدمت کی ہے، وہ تحریک پاکستان کے بھی ایک گمنام سپاہی رہے ہیں، ان کی تعلیمی اور تبلیغی خدمات کا ثمرہ ہے کہ فیصل آباد کے پڑھے لکھے حلقوں میں ان کا نام احترام ہی سے نہیں محبت سے لیا جاتا ہے، اور ملک کے تمام علمی حلقے، بلا لحاظ مسلک و مشرب ان کی عزت کرتے ہیں۔ ان کے گھر میں ۵ ستمبر ۱۹۶۵ء کو لڑکا پیدا ہوا تو اگلے ہی دن ہندوستان نے لاہور پر حملہ کر دیا، اور ۱۹۶۵ء کی جنگ چھڑ گئی۔ مولانا نے اپنے نوزائیدہ بیٹے کا نام اسی مناسبت سے فال نیک کے طور پر "محمد مجاہد" رکھا۔ یہ نوزائیدہ مجاہد ان کی آغوش تربیت میں علم حاصل کرتا رہا۔ اس نے قرآن کریم حفظ کیا، پھر اسلامی علوم کی تکمیل کی، اس کے بعد ہمارے دار العلوم کراچی میں تین سال درجہ تخصص کے ذریعہ فتویٰ کی تربیت حاصل کی، اور اپنے تمام اساتذہ کا منظور نظر بنا رہا۔ یہاں تک کہ اس نے اپنے والد گرامی کے قائم کردہ ادارے "جامعہ امدادیہ" میں تعلیم و تدریس کی خدمات انجام دینی شروع کیں، اور اپنی کمسنی کے باوجود اس ادارے کے ذریعہ افراد سازی کی گرانقدر خدمت اس انداز سے انجام دینی شروع کی کہ ان کے ہم عصروں میں اس کی مثال نہیں ملتی۔ نو عمری ہی میں تدریس کے مراحل طے کرتے ہوئے مولانا مجاہد﷫ وہاں کے مقبول ترین اساتذہ حدیث میں شمار ہونے لگے۔ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے فتویٰ نویسی کا سلسلہ بھی محنت اور تحقیق کے ساتھ جاری رکھا، یہاں تک کہ ان کے پاس صرف عام مسلمانوں کی طرف سے نہیں، دوسرے اہل علم کی طرف سے بھی سوالات آتے، اور وہ پوری تحقیق کے ساتھ ان کا جواب دیتے تھے۔

تدریس اور فتویٰ کے ساتھ تصنیف و تالیف سے بھی ان کو شغف تھا۔ ان کی متعدد تحریریں ملک کے مقتدر علمی رسالوں میں شائع ہوتی تھیں، لاہور کے ماہنامہ

''الحسن'' میں وہ مستقل دینی سوالات کا جواب دیتے تھے' جنہیں شوق اور دلچسپی سے پڑھا جاتا تھا۔ اور اس کے علاوہ بھی وہ عصری موضوعات پر علمی مضامین لکھتے رہتے تھے۔

میں نے دارالعلوم کراچی اور مرکزالاقتصادالاسلامی کے زیر اہتمام ایک پندرہ روزہ کورس میں جدید معیشت اور تجارت سے متعلق اسلامی تعلیمات پر کچھ مفصل تقریریں کی تھیں۔ مولانا محمد مجاہدؒ نے ان تقریروں کو قلمبند کرکے مرتب کیا' اور وہ ''اسلام اور جدید معیشت و تجارت'' کے نام سے مستقل کتابی صورت میں شائع ہوئیں' اور اب بعض درسگاہوں میں وہ داخل نصاب ہیں۔ ان کی یہ خدمت انشاءاللہ عرصہ دراز تک یادگار رہے گی۔

کراچی میں ''مرکزالاقتصادالاسلامی (Centre for Islamic Economics)'' کے نام سے ایک ادارہ قائم ہے' جو معیشت کے شعبے میں اسلامی تعلیمات واقدار کی ترویج کی غرض سے قائم کیا گیا ہے۔ وہ اسلامی معیشت کے متعدد پہلوؤں پر بہت سے سیمینار بھی منعقد کرچکا ہے' اس نے اس موضوع پر متعدد تعلیمی کورس بھی کرائے ہیں' اسلام کی معاشی تعلیمات پر متعدد کتابیں بھی شائع کی ہیں' اور جو لوگ اپنی صنعت وتجارت کو حتی الامکان اسلامی تعلیمات کے تابع بنانا چاہتے ہیں' ان کی رہنمائی کیلئے انہیں مشورے بھی فراہم کرتا رہتا ہے۔ فیصل آباد کے بعض تاجروں اور صنعتکاروں نے یہ خواہش ظاہر کی تھی کہ اس مرکز کی ایک شاخ فیصل آباد میں بھی قائم ہو' فیصل آباد میں اس مرکز کی نگرانی کیلئے جب کسی شخصیت کے انتخاب کا سوال آیا تو اس کام کیلئے مولانا مفتی محمد مجاہد صاحب ﷫ کا نام سرفہرست تھا' کیونکہ مستحکم علمی استعداد کے ساتھ انہوں نے اسلامی معیشت کے موضوع پر مطالعہ وتحقیق کا خصوصی اہتمام کیا تھا۔ بالآخر انہوں نے اس ذمہ داری کو قبول کرکے ادارے کی داغ بیل ڈالنے کا کام شروع بھی کردیا تھا' اور شہادت سے دو ہی دن پہلے فیصل آباد کے بعض سربرآوردہ حضرات کے ایک اجتماع میں اس کا طریق کار بھی طے کرلیا تھا' لیکن دہشت گردی کے اندھے جنون نے اس کار خیر کے راستے میں بھی ایک بڑی رکاوٹ کھڑی کردی۔

ابھی رمضان سے کچھ پہلے وہ اپنے والد ماجد حضرت مولانا نذیر احمد صاحب مد ظلہم کے ساتھ عمرے کی سعادت سے بہرہ ور ہوئے۔ اتفاق سے اس زمانے میں ایک دن کیلئے میں بھی مکہ مکرمہ حاضر ہوا، اور وہاں چند گھنٹے ان کے ساتھ گذرے، اور یہ میری ان سے آخری ملاقات تھی۔ مجھ سے انہیں محبت کا جو تعلق تھا، اس کی بنا پر وہ مجھے کثرت سے خط لکھتے رہتے تھے، اور اپنے نجی معاملات سے بھی مجھے باخبر رکھتے تھے۔ رمضان سے کچھ عرصہ پہلے انہوں نے مجھے لکھا کہ ان کی تین چھوٹی چھوٹی بچیاں ہیں، اور نرینہ اولاد کوئی نہیں ہے، انہوں نے نرینہ اولاد کی خواہش کے تحت دعا کی بھی فرمائش کی۔ عید کے اگلے دن صبح الصباح فیصل آباد سے ان کا فون آیا، اور مجھے خبر دی کہ الحمد للہ، آج ان کے یہاں ایک بیٹا پیدا ہوا ہے، یہ میری ان سے ٹیلیفون پر آخری گفتگو تھی۔ اس کے دو ہفتے بعد ان کی شہادت کا حادثہ پیش آگیا۔ یہ دو ہفتے کا نوزائیدہ بچہ یتیم ہو گیا، اور ان کی اہلیہ جو ابھی چلہ بھی پورا نہ کر سکی تھیں، اپنے نوجوان شوہر سے محروم ہو گئیں۔

مولانا مفتی محمد مجاہد صاحب ﷺ ہر جمعہ کو خطبے کیلئے اپنی قیام گاہ سے دور ایک مسجد میں جایا کرتے تھے۔ ایک رکشہ ڈرائیور ان سے مانوس تھا، اور اس نے طے کر رکھا تھا کہ وہی مولانا کو جمعہ کے لئے لیجایا کرے گا۔ چنانچہ ۱۳ فروری کو جمعہ کو وہ حسب معمول انہیں جمعہ کی نماز کیلئے لیکر گیا۔ مولانا مجاہد صاحب نے جامعہ امدادیہ میں اپنی خاموش تعمیری خدمات کے ذریعہ ہونہار افراد کی جو ایک جماعت تیار کی، اس میں ایک مولانا محمد شاہ بھی تھے جو جامعہ امدادیہ سے فارغ التحصیل ہو کر پچھلے سال دارالعلوم کراچی میں تخصص کی تعلیم حاصل کرنے آئے تھے، اور پہلا سال مکمل کر کے چھٹیاں گذارنے فیصل آباد گئے ہوئے تھے، چونکہ ان کی تعلیم و تربیت میں مولانا محمد مجاہد کی محنت اور قربانی کو بڑا دخل تھا، اس لئے وہ اپنے استاذ سے والہانہ محبت کرتے تھے، اور اپنے فارغ اوقات انہی کے ساتھ گذارتے تھے، ۱۳ فروری کی شام انہیں تعلیم جاری رکھنے کیلئے واپس کراچی آنا تھا، سیٹ بک تھی، لیکن وہ دن بھی انہوں نے اپنے استاذ مولانا محمد مجاہد کے ساتھ گذارا، اور انہی کے ساتھ جمعہ کی نماز کیلئے

گئے۔ نماز جمعہ کے بعد ان دونوں نے رکشہ میں بیٹھ کر واپسی کا سفر شروع کیا ہی تھا کہ کچھ دہشت گردوں نے پہلے غریب رکشہ ڈرائیور پر فائرنگ کر کے اسے شہید کیا تاکہ رکشہ بے قابو ہو جائے' پھر مولانا مجاہد صاحبؒ اور مولانا محمد شاہدؒ پر پے در پے گولیاں چلائیں۔ مولانا مجاہدؒ کے صرف سینے پر دس گولیاں شمار کی گئیں۔ درندگی اور بربریت کا یہ اندھا دھند مظاہرہ کرنے والوں کو کیا پتہ کہ انہوں نے آن کی آن میں کیسی شخصیتیں ملک و ملت سے چھین لی ہیں' اور اس رکشہ ڈرائیور کے گھر میں کیسا اندھیرا کر دیا ہے' کہ جس کے بیوی بچوں کیلئے کوئی کمانے والا بھی باقی نہیں رہا۔

مولانا مجاہد صاحب ﷺ اگرچہ شہرت اور نام و نمود کے رائج الوقت اسالیب سے نہ صرف بیگانہ بلکہ متنفر رہے' لیکن اس نو عمری میں ایسے علم و فضل اور ایسی سیرت و کردار میں وہ مقناطیسی طاقت تھی کہ وہ علمی حلقوں کے علاوہ عوام کے اپنے حلقہ تعارف میں بھی بڑے ہردلعزیز تھے۔ جب ان کا چہرہ ایک نوشگفتہ پھول کی طرح چشم تصور میں آتا ہے تو عقل حیران ہوتی ہے کہ صلح و آشتی اور امن و اخوت کا یہ پیکر جس کی ہر ہر ادا ہر ایک کیلئے محبت کا پیغام تھی' اور جس کے شفاف سینے پر کسی کی عداوت یا بغض کا کوئی ادنیٰ سا بھی دھبہ نہیں تھا' اسے کوئی کیوں قتل کرنے کے درپے ہو سکتا ہے؟ یہی وجہ ہے کہ ان کی شہادت کے حادثے پر فیصل آباد کی فضا میں بڑا غم و غصہ تھا۔ اور جب فیصل آباد کے وسیع و عریض دی گراؤنڈ میں ہزارہا افراد نے ان کی نماز جنازہ ادا کی تو دلوں میں غم ہی نہیں' اشتعال بھی پایا جاتا تھا۔ لیکن آفرین ہے ان کے والد ماجد (مولانا نذیر احمد صاحب) پر جنھوں نے اپنے ایسے ہونہار جوان بیٹے کے ایسے قتل پر بھی جو تقریر کی اس میں انہوں نے کہا کہ ہم نے اور ہمارے اکابر نے پاکستان کو اپنا خون پسینہ دیا ہے' اور ہمیں اس ملک کی سلامتی اپنی جان اور مال و اولاد سے زیادہ عزیز ہے' مولانا مجاہد صاحب ﷺ کی شہادت سے جو عظیم نقصان پہنچنا تھا پہنچ چکا' لیکن ہم اس بات کی اجازت نہیں دیں گے کہ کوئی شخص اس واقعے کو بنیاد بنا کر یہاں توڑ پھوڑ کا بازار گرم کرے' اور جو کوئی ایسا کرے گا' وہ مرحوم کی روح کو صدمہ اور ہم پسماندگان کو اذیت پہنچائے گا۔ مولانا نذیر احمد صاحب کی اس تقریر نے جذبات

قابو میں رکھے' اور ہمارے ملک میں کسی افسوسناک واقعے کا بدلہ بے گناہوں سے لینے کا جو شرمناک رجحان پایا جاتا ہے اسے پہلے ہی قدم پر کچل دیا۔

افسوس یہ ہے کہ ہماری حکومت کا مزاج یہ بن چکا ہے کہ اسکی نظر میں صرف وہ واقعہ قابل توجہ ہوتا ہے جو اپنے ساتھ احتجاجوں' ہڑتالوں' توڑ پھوڑ' دھمکیوں اور بدامنی کے اقدامات لیکر آیا ہو' لیکن جو شریف لوگ ملک کی سالمیت پر اپنی جان مال قربان کرتے اور اپنے جذبات کا ایثار کرتے ہیں' وہ اس بات کے بھی مستحق نہیں سمجھے جاتے کہ صدر' وزیراعظم یا وزیراعلیٰ ان کیلئے ہمدردی کے دو میٹھے بول ہی بول دیں۔ چنانچہ جن اکابر نے امریکیوں کے قتل پر اپنے جوش بیان کا سارا زور صرف کر دیا تھا' ان معصوموں کے بہیمانہ قتل پر ان کی زبان یا قلم سے افسوس' تعزیت یا ہمدردی کا کوئی ایک کلمہ بھی کم از کم ہمارے سننے یا پڑھنے میں نہیں آیا ——— یہ طرزعمل اس بات کی دعوت نہیں تو اور کیا ہے کہ جب تک تمہارے ہاتھوں میں پتھر نہ ہوں' ہم تمہاری طرف توجہ کرنے کیلئے تیار نہیں۔

مولانا مجاہد صاحبؒ نے کل بتیس سال کی عمر پائی' لیکن اس مختصر وقت میں انہوں نے جو کارنامے انجام دیئے۔ اور جو مراحل طے کئے' وہ بڑے بڑے سن رسیدہ افراد کے کاموں پر بھاری ہیں۔

خوش درخشید ولے شعلہ مستعجل بود

انکی مختصر زندگی ہر اس شخص کیلئے ایک سبق ہے جو اپنی عمر کے لمحات سے کام لینا چاہتا ہے۔

مولانا مجاہد صاحبؒ کے ساتھ ان کے شاگرد رشید مولانا محمد شاہد جو میرے لئے بھی اولاد کے درجہ میں تھے' اور دارالعلوم میں قیام کے دوران انہوں نے اپنی قابلیت' سعادت مندی اور خوش اخلاقی سے سب کے دل جیتے ہوئے تھے' وہ بھی شہادت کے رتبے سے سرفراز ہوئے' اور اپنے محبوب استاذ کی ہمرکابی میں جام شہادت نوش کیا۔ میں جب ان دونوں کی ساتھ جڑی ہوئی قبروں پر گیا تو مولانا محمد شاہدؒ کی قبر

زبان حال سے یہ کہہ رہی تھی کہ محبوب استاد کا ساتھ اس طرح نبھایا جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ ان تینوں شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں۔ اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل اور اجر جزیل سے سرفراز فرمائیں۔ آمین

(البلاغ جلد ۳۲ شمارہ ۱۱)

# حضرت مولانا عبداللہ صاحبؒ

17 ر اکتوبر ہی کو دوسرا المناک حادثہ حضرت مولانا عبداللہ صاحبؒ کی ناگہانی شہادت کا پیش آیا۔ میں 12 ر اکتوبر سے چھ دن کے لیے اپنے عدالتی کام کے سلسلے میں اسلام آباد میں مقیم تھا۔ اسلام آباد حاضری کے موقع پر کسی نہ کسی طرح حضرت مولانا عبداللہ صاحبؒ سے ملاقات ہو ہی جایا کرتی تھی، مگر 12 ر اکتوبر سے 17 ر اکتوبر کے وقفے میں مجھے ان سے ملاقات کی سعادت حاصل نہ ہو سکی۔ ان کے فاضل صاحبزادے مولانا عبدالعزیز صاحب تقریباً روزانہ تشریف لاتے رہے، انہوں نے اپنے والد گرامی کا پیغام بھی پہنچایا کہ میں کسی وقت ان کی مسجد یا مدرسے میں حاضری دوں، میں نے اسے اگلے ہفتے پر محول کر دیا اور حاضر نہ ہو سکا، یہ کیا خبر تھی کہ اگلے ہفتے ان سے ملاقات مقدر نہیں، اور اب بصد حسرت والم ان کی قبر ہی پر حاضری ہوگی۔

17 ر اکتوبر کی صبح میں اسلام آباد سے بنوں جانے کیلئے روانہ ہوا، پشاور ایئر پورٹ پر حکیم محمد سعید صاحب کی شہادت کی اطلاع ملی، دوپہر کو بنوں کانفرس میں مختصر شرکت کر کے میں ڈیرہ اسماعیل خان کے راستے پشاور آیا، اور وہاں سے رات کو کراچی پہنچا تو میرے بیٹے عزیزم مولوی عمران اشرف سلمہ نے یہ جانکاہ خبر سنائی کہ آج ہی دوپہر کے وقت کچھ نامعلوم ظالموں نے حضرت مولانا عبداللہ صاحبؒ کو بھی اپنی سنگدلانہ دہشت گردی کا نشانہ بناتے ہوئے شہید کر دیا۔

انا للہ و انا الیہ راجعون

حکیم سعید صاحب کے حادثے سے دل پہلے ہی زخمی تھا۔ اس خبر نے تو دل پر بجلی سی گرا دی۔ حضرت مولانا عبداللہ صاحبؒ کا معاملہ بھی یہی تھا کہ وہ نہ کسی سیاسی گروہ بندی میں شامل تھے، نہ ان پر فرقہ واریت کی کوئی چھاپ تھی، نہ کسی سے ذاتی دشمنی یا عداوت کا کوئی تصور تھا۔ یہ مرد درویش سالہا سال سے ملک کے دارالحکومت میں انتہائی اخلاص اور میانہ روی کے ساتھ خدمت دین میں مشغول تھا، اور خدمت خلق کیلئے دل و جان سے حاضر۔ ایسے شخص کو نشانہ ستم بنا کر ظالموں نے کیا

لیا؟ یہ ایسا سوال ہے کہ ہزار مرتبہ سوچنے کے بعد بھی اس کا جواب ملنا مشکل ہے۔

حضرت مولانا عبداللہ صاحبؒ سے ہمارا تعلق زمانہ طالب علمی سے تھا۔ ہم دارالعلوم کراچی میں پڑھتے تھے اور وہ حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری صاحبؒ کے مدرسے جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن میں (جو اس وقت مدرسہ عربیہ اسلامیہ نیوٹاؤن کے نام سے مشہور تھا) دینی مدارس میں یہ طریق کار تو مدت سے رائج ہے کہ جمعہ کی شب میں طلبہ جمع ہو کر تقریر و خطابت کی مشق کیا کرتے ہیں۔ ان میں سے جو طلبہ خطابت میں قدرے نمایاں ہو جائیں، انہیں مدرسے سے باہر بھی خطابت کیلئے مدعو کیا جاتا ہے۔ حضرت مولانا عبداللہ صاحبؒ ایسے ہی طالب علموں میں ایک نمایاں حیثیت رکھتے تھے اور طالب علمی ہی کے زمانے میں ان کے حسن خطابت کی، شہر کے دینی حلقوں میں خاصی شہرت تھی اور ان کی تقریر سننے کیلئے اطراف سے انہیں مدعو کیا جاتا تھا۔

خطابت کی حد تک اس قسم کی شہرت بہت سے طلبہ کو حاصل ہو جاتی ہے، لیکن بسا اوقات خطابت کا شوق ایک تو طالب علم کا ذوق اور جذبۂ تحقیق کم کر دیتا ہے، دوسرے مجمع کی طرف سے اظہار پسندیدگی بعض اوقات انسان میں ایک خود پسندی کا جذبہ پیدا کر دیتی ہے جو رفتہ رفتہ اسے اخلاص کی صراط مستقیم سے شہرت طلب کی طرف لیجاتی ہے۔ لیکن مولانا عبداللہ صاحبؒ کا معاملہ بالکل مختلف تھا۔ وہ صرف ایک اچھے خطیب ہی نہ تھے، ان کی صحبت کے فیض سے ان میں کسی قسم کی عجب یا پندار کا بھی کوئی شائبہ نہ تھا، وہ ہمیشہ سے متواضع، منکسر المزاج اور خوش اخلاق انسان تھے جن سے مل کر انسان کو دل میں ٹھنڈک کا احساس ہوتا ہے۔ (مجھے یاد ہے کہ انہی کے ایک اور ہم سبق تھے جو انہی کی طرح اچھے خطیب تھے، مگر خطابت کے زعم اور جوش میں وہ اساتذہ کی صحبت و تربیت سے غافل ہو گئے، اس کے نتیجے میں خطابت ان کیلئے فتنہ بن گئی۔ اور آج ملک و ملت کی خدمت کے حوالے سے انہیں کوئی جانتا تک نہیں۔)

اسی زمانہ میں اسلام آباد کا نیا شہر تعمیر ہو رہا تھا اور دارالحکومت کو کراچی سے وہاں منتقل کیا جا رہا تھا، اسلام آباد کے نئے شہر میں اس وقت جو سب سے بڑی مسجد تعمیر ہوئی اس کا نام ''مرکزی جامع مسجد'' تھا، لیکن چونکہ اس کا رنگ سرخ تھا، اس لئے لوگوں کی زبان پر ''لال مسجد''

کا نام زیادہ مشہور ہوگیا۔ مولانا عبداللہ صاحبؒ اپنے اساتذۂ کرام کے مشورے سے اس مسجد کے امام وخطیب مقرر ہوئے اور یہ مسجد ان کے فیضِ رسانی کا مرکز قرار پائی۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں اخلاص سے بھی نوازا تھا اور سوزِ دروں سے بھی۔ وہ علم سے بھی آراستہ تھے اور حسنِ عمل سے بھی۔

ان کے کلام میں حد درجہ تاثیر تھی اور شخصیت میں انتہائی جاذبیت، چنانچہ انہوں نے اس مسجد کے ذریعے دعوت وتبلیغ اور اصلاح کا بڑا کام کیا۔ نہ جانے کتنی زندگیوں میں ان کی دعوت کے نتیجے میں انقلاب آیا، کتنے لوگوں کو دین کی صحیح معلومات بہم پہنچائیں، کتنی خرابیوں کی اصلاح ہوئی اور کتنے فتنے ان کی کوششوں سے فرو ہوئے۔ اس مسجد کا انتظام حکومت کے ہاتھ میں تھا، اس لحاظ سے وہ ایک سرکاری افسر تھے (اور اب ان کا عہدہ غالباً جوائنٹ سیکریٹری کے برابر تھا) لیکن انہوں نے یہ کام ملازمت کیلئے نہیں، دعوت کی غرض سے اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر کیا تھا۔ لہٰذا حکومت سے ان کا یہ تعلق کبھی حق گوئی میں مانع نہیں ہوا۔ انہوں نے اس مسجد کے منبر ومحراب سے وہی بات برملا کہی جو ان کے نزدیک دین کا تقاضا تھی اور حکومت کے قابلِ تنقید اقدامات پر نہ صرف یہ کہ کبھی سکوت اختیار نہیں کیا، بلکہ کھل کر حکومت کو اس کی غلط کاریوں پر ٹوکا اور بلاخوف لومۃ لائم حق کا پیغام پہنچاتے رہے۔

ایسی حکومتیں بھی آئیں جنہوں نے مولانا کے اس اخلاص، حق گوئی اور جذبے کی قدر کی اور ایسی بھی آئیں جنہوں نے انہیں اپنے راستے کا کانٹا سمجھا۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں غیر معمولی ہر دلعزیزی عطا فرمائی تھی، اس لئے ایک مرتبہ کے سوا انہیں براہِ راست معزول کرنے کی جرأت تو کسی کو نہیں ہوئی، لیکن مختلف حکومتوں کی طرف سے انہیں تنگ کرنے کا سلسلہ بار بار جاری رہا، بعض حکومتیں خاص طور پر ان کے درپے آزار ہوئیں انہیں ایک مرتبہ اغوا بھی کیا گیا، اور حق گوئی کی پاداش میں انہیں نہ جانے کتنی صعوبتیں اٹھانی پڑیں۔ ایک مرتبہ انہیں معزول کرنے کی بھی کوشش کی گئی، لیکن عوام نے جو ان پر جان فدا کرتے تھے، اس کوشش کو اس طرح ناکام بنایا کہ بدخواہوں کو رسوائی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوا۔

میں نے اپنے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ سے شیخ الاسلام حضرت علامہ

شبیر احمد صاحب عثمانیؒ کا یہ مقولہ بارہا سنا کہ "حق بات، حق نیت اور حق طریقے سے کہی جائے تو کبھی بیکار اور بے اثر نہیں ہوتی۔" مولانا عبداللہ صاحبؒ کے اندازِ دعوت وخطاب میں بفضلہ تعالیٰ یہ تینوں باتیں جمع نظر آتی تھیں۔ چنانچہ اسلام آباد میں مولانا عبداللہؒ ایک ایسی شخصیت کے طور پر مشہور ومعروف تھے جس سے عوام وخواص سب محبت کرتے تھے۔ اعلیٰ سرکاری افسران ہوں یا چپڑاسی اور مزدور، سب ان کے اخلاص، ان کی للّٰہیت اور ان کی حق گوئی کے معترف تھے۔ وہ ہر ایک کے دکھ درد میں شریک رہتے، ہر ایک کی خدمت کیلئے تیار رہتے، اور دوسروں کی مشکلات میں ان کی مدد کرنے کو اپنے مقاصد میں شمار کرتے تھے۔ دین کیلئے کوئی سرگرمی یا کوئی کام ہو، مولانا عبداللہؒ دل وجان سے اس کیلئے حاضر تھے، اور اس کیلئے بڑی سے بڑی قربانی دینے کیلئے تیار۔

اسلام آباد میں کوئی قابل ذکر دینی مدرسہ نہیں تھا۔ ہمارے محب مکرم جناب الحاج اختر حسین (جو اس وقت حکومت پاکستان میں شاید جوائنٹ سیکریٹری تھے) ایک چھوٹا سا مدرسہ F-6/4 کے علاقے میں ایک چھوٹے سے فلیٹ میں قائم کیا تھا۔ جب حاجی اختر صاحب ریٹائر ہونے کے بعد کراچی منتقل ہوئے تو یہ مدرسہ مولانا عبداللہ صاحبؒ کے حوالے کر آئے۔ مولاناؒ نے اپنی انتھک جدوجہد سے اسے ایک بڑے معیاری مدرسے میں تبدیل کردیا۔ الحمدللہ مارگلہ کے دامن میں اسلام آباد کا سب سے بڑا مدرسہ ہے جس میں سینکڑوں طلبہ دینی علوم سے بہرہ ور ہو رہے ہیں۔ مولانا عبداللہ صاحبؒ اس مدرسے کے مہتمم تھے اور اسے بزرگوں کے طریقے پر اخلاص اور دردمندی کی پونجی سے چلا رہے تھے۔

مرکزی جامع مسجد کے ساتھ ہی انہوں نے لڑکیوں کی تعلیم کیلئے ایک مدرسۃ البنات بھی قائم فرمایا تھا جو ماشاء اللہ اب بھی نہایت کامیابی سے چل رہا ہے جس میں ان کی بہو بھی درس دیتی ہیں۔ گذشتہ سال سے وہ مرکزی رویت ہلال کمیٹی کے چیئرمین بھی تھے، اور عالمی سطح پر رویت ہلال کے مسائل کو خوش اسلوبی سے حل کرنے کے لئے کوشاں تھے۔

پچھلے دنوں فرقہ وارانہ تشدد کی جس لہر نے ملک بھر کو اپنی لپیٹ میں لیا، اس سے ہر دردمند مسلمان پریشان تھا۔ مولانا عبداللہ صاحبؒ ان لوگوں میں سے تھے جو اس فرقہ وارانہ تشدد کے

مسئلے کو معقولیت اور اصولوں کی بنیاد پر حل کرنے کی کوشش میں لگے ہوئے تھے۔ خلاصہ یہ کہ پچھلے تقریباً پینتیس سال کے دوران ملک میں کوئی دینی سرگرمی ایسی نہ تھی جو اجتماعی سطح پر اٹھی ہو اور اس میں مولانا عبداللہ صاحب کا فعال حصہ نہ ہو۔ وہ جامعہ فریدیہ کے اہتمام کے ساتھ وہاں درس بھی دیتے۔ مرکزی مسجد کی امامت وخطابت کے ساتھ درس قرآن کا بھی متواتر سلسلہ رہتا۔ مدرسۃ البنات کی دیکھ بھال بھی فرماتے۔ اور ان تمام مصروفیات کے ساتھ دین کو عملاً نافذ کرنے کیلئے ہر جدوجہد میں بھرپور حصہ لیتے تھے۔

ان کے تعلقات کو کبھی ذاتی مفاد کے حصول کا ذریعہ نہیں بنایا۔ ہر حال میں وہ اپنی درویشانہ وضع پر قائم رہے۔ مسجد کے ساتھ ہی ایک چھوٹے سے مکان میں قیام تھا۔ ان کے گھر والے بتاتے ہیں کہ وہ اپنا ہر کام خود کرنے کے عادی تھے، اور بیوی بچوں سے بھی اپنی کوئی خدمت نہیں لیتے تھے، عمر بھر اپنے گھر والوں کے ساتھ کبھی کوئی سخت برتاؤ نہیں کیا۔ کھانا بھی سادہ اور کم کھانے کے عادی تھے اور اس کیلئے بھی گھر والوں کو ادنیٰ زحمت دینے سے پرہیز کرتے تھے۔ اتباع سنت کا خاص اہتمام اور ذوق تھا، اور ہر چیز میں اتباع سنت کی کوشش فرماتے تھے۔ وہ خود ایک بزرگ سے مجاز بیعت تھے لیکن اپنے آپ کو اس حیثیت سے پیش نہیں کیا۔ تواضع اور مسکنت ان کی ادا ادا سے نمایاں تھی اور یہی وہ جوہر ہے جس نے انہیں ہر دلعزیزی کے مقام رفیع تک پہنچایا۔

17 / اکتوبر کو وہ حسب معمول جامعہ فریدیہ میں درس دینے کے بعد اپنے گھر تشریف لائے، مسجد کے احاطے سے گھر کی طرف جانے کیلئے دیوار میں ایک چھوٹا سا دروازہ نما خلا ہے، جب اس کے سامنے پہنچے تو ایک شخص پہلے سے اس دروازے میں کھڑا مولاناؒ کی تاک میں تھا، اس نے مولانا پر بے تحاشا فائرنگ شروع کر دی۔ مولاناؒ کے نوجوان اور فاضل صاحبزادے مولانا عبدالعزیز صاحب اس وقت دوسری گاڑی میں بیٹھ کر جانے کی تیاری کر رہے تھے اور اپنے والد کو دیکھ کر ان سے ملنے کیلئے آگے بڑھے تھے، اچانک فائرنگ دیکھ کر وہ فائر کرنے والے کی طرف لپکے، مولاناؒ اس وقت تک متعدد گولیاں کھا کر زمین پر گر چکے تھے، اپنے صاحبزادے کو فائر کرنے والے کی طرف جاتے دیکھا تو فرمایا کہ "بیٹا! سامنے نہ جاؤ، گولی لگ

جائے گی' 'مولانا عبدالعزیز پر واقعی فائر ہوئے ،مگر اللہ تعالیٰ نے انہیں محفوظ رکھا اور گولی ان کی قمیص سے لگتی ہوئی گذر گئی ۔مولانا کو جلدی سے گاڑی میں لٹا کر ہسپتال لیجانے کی کوشش کی گئی ، راستے میں بھی ان کے ہونٹ غالباً ذکراللہ سے حرکت میں تھے ،مگر ہسپتال پہنچنے سے پہلے ہی وہ شہادت کے مقامِ بلند تک رسائی حاصل کر چکے تھے۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون

حقیقت یہ ہے کہ مولانا عبداللہ صاحبؒ کی زندگی بھی قابلِ رشک تھی اور موت بھی اس لحاظ سے قابلِ رشک کہ دین کی خدمت کے عین درمیان انہوں نے جامِ شہادت نوش کیا، ان کی کسی سے کوئی ذاتی دشمنی نہیں تھی، اس لئے انہیں جن ظالموں نے نشانۂ ستم بنایا اس کی وجہ بجز ان کی خدمتِ دین کے نہیں ہوسکتی۔

اللہ تعالیٰ نے انہیں مولانا عبدالعزیز کی شکل میں خلف صالح بھی عطا فرمایا ،انہوں نے جس طرح اس نوجوان کی تربیت کی وہ بھی ایک مثال ہے۔اللہ تعالیٰ نے انہیں علم وعمل کی دولت سے مالا مال فرمایا ہے اور اس کے ساتھ اعتدال وتوازن کی نعمت بخشی ہے۔مولاناؒ کے سنگدلانہ قتل پر جب کچھ لوگ بے قابو ہو کر توڑ پھوڑ کرنے لگے تو مولانا عبدالعزیز نے انتہائی مؤثر اور متین انداز میں انہیں اس حرکت سے منع کیا اور لوگوں کی جان و مال پر بلاوجہ حملہ آور ہونے کے خلاف تقریر کی ۔جس شخص نے اپنی آنکھوں کے سامنے اپنے محبوب باپ کو خون میں نہاتے دیکھا ہو، اس کا ایسے موقع پر صبر وہمت کی ایسی تصویر بن جانا اور اعتدال وتوازن کا دامن نہ چھوڑنا یقیناً قابلِ صد مبارکباد ہے، اور حضرت مولانا عبداللہ صاحبؒ کے فیضِ تربیت کا خوبصورت نمونہ ۔اللہ تعالیٰ ان کی عمر ،علم اور عمل میں برکت عطا فرمائیں ،اور انہیں اپنے والد کے مشن کو جاری رکھنے کی توفیق عطا فرمائیں ۔آمین۔

(ماہنامہ ''البلاغ'' رمضان ۱۴۱۹ھ جنوری ۱۹۹۹ء)

# حکیم محمد سعید صاحبؒ

دہشت گردی کے عفریت نے 17 / اکتوبر کو ایک ہی دن دو ایسی شخصیتوں کو نشانۂ ستم بنایا جو ملک بھر میں اپنے اخلاص، ہردلعزیزی اور ملک وملت کیلئے اپنی دردمندی میں مشہور ومعروف تھے۔ ایک حکیم محمد سعید صاحبؒ اور دوسرے حضرت مولانا عبداللہ صاحبؒ خطیب مرکزی جامع مسجد (لال مسجد) اسلام آباد۔

میں اس روز اسلام آباد سے بنوں فقہی کانفرنس میں شرکت کیلئے روانہ ہوا تھا۔ جہاز جب پشاور اترا تو وہاں یہ خبر ملی کہ کراچی میں حکیم محمد سعید صاحب کو دہشت گردی کا نشانہ بنا کر شہید کر دیا گیا۔ اسی وقت کراچی فون کیا تو اس المناک خبر کی تصدیق ہوگئی۔ انا للّٰہ وانا الیہ راجعون۔ یہ حکیم صاحب ہی کی ہردلعزیزی کی بات تھی کہ جہاز کے تمام مسافر اس خبر پر اس طرح غم واندوہ کا اظہار کر رہے تھے جیسے ان کا کوئی عزیز ان سے رخصت ہوگیا ہو۔

حکیم محمد سعید صاحب ملک کی ان شخصیات میں سے تھے جن کا کسی سیاسی گروہ بندی، فرقہ واریت یا کسی اور قسم کے تنازعے سے دور دراز کا بھی کوئی تعلق نہیں تھا اور جب ملک میں مختلف متحارب گروہوں کو یکجا کرنے یا کسی اور اجتماعی کام کیلئے ایسے افراد کو تلاش کیا جاتا تھا جنہیں متفقہ طور پر احترام کی نظروں سے دیکھا جاتا ہو تو ان کا نام سرفہرست ہوتا تھا، لہٰذا انہیں قتل کرنے کا اقدام کسی سیاسی دھڑے بندی کا نہیں، ملک وملت کی صریح دشمنی کی بنیاد پر ہی ہوسکتا ہے۔

ملک وملت کیلئے بہت سی خدمات کے علاوہ حکیم محمد سعید صاحب دارالعلوم کراچی کے بانی ارکان میں سے تھے، دارالعلوم کے خازن بھی وہی تھے اور اب جامعہ کی مجلسِ منتظمہ میں اس کے بانی ارکان میں سے صرف وہی باقی رہ گئے تھے، اس لئے ان کی شہادت جہاں پورے ملک کیلئے ایک عظیم سانحہ ہے وہاں دارالعلوم کے لئے خصوصی طور پر ایک ایسا حادثہ ہے، جس پر جتنا اظہارِ افسوس کیا جائے، کم ہے۔

حکیم صاحبؒ ایک وضع دار شخصیت تھے، انہوں نے پاکستان کے ابتدائی دور میں فقر و افلاس کا بھی خاصا وقت گذارا، ہمدرد دواخانے کے قیام کیلئے انہوں نے بڑی قربانیاں دیں۔ اس دور کی مشکلات کو انہوں نے جس خندہ پیشانی سے جھیلا، اس کی داستان کبھی کبھی وہ بڑے مزے لے لے کر سنایا کرتے تھے۔ حضرت والد صاحبؒ سے انہیں ابتدا ہی سے عقیدت اور محبت تھی، چنانچہ حضرت والد صاحبؒ کے پاس ان کا کثرت سے آنا جانا رہتا تھا اور اسی تعلق کے نتیجے میں دارالعلوم کے قیام کے وقت وہ اس کے بانی ارکان میں شامل ہوئے۔

طب یونانی کے فروغ اور اسے عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے انہوں نے ہمدرد دواخانے کو شہرت کی بلندیوں تک پہنچایا، طبیہ کالج کی بنیاد رکھی اور خود انتہائی استقامت کے ساتھ آخر وقت تک مطب جاری رکھا۔ مختلف شہروں میں تقریباً 6 بجے سے مغرب تک متواتر مریضوں کا معائنہ کرتے، اور اس خدمت پر انہوں نے کبھی کوئی فیس نہیں لی۔ بلکہ غریب مریضوں کیلئے ہمدرد دواخانے سے دوائیں بھی بکثرت مفت فراہم کی جاتی تھیں۔ عرصۂ دراز سے ان کا معمول یہ تھا کہ مطب کے دن وہ روزے سے ہوتے تھے اور تمام دن مریضوں کی خدمت کے بعد روزہ افطار کیا کرتے تھے۔

ہمدرد دواخانے کے بعد انہوں نے ''ہمدرد نیشنل فاؤنڈیشن'' کی بنیاد رکھی جس کے ذریعہ انہوں نے مختلف میدانوں میں معاشرتی، تعلیمی اور تحقیقی کاموں کا آغاز کیا۔ دنیا کے مختلف حصوں میں کانفرنسیں منعقد کیں، بہت سے ماہانہ یا ہفتہ وار رسالے جاری کئے، کتابیں شائع کیں اور بالآخر ''مدینة الحکمة'' کے نام سے ایک یونیورسٹی قائم کی۔

مشاغل کے تنوع اور ہجوم کے باوجود وہ ہمیشہ پرسکون رہتے تھے، انہیں کبھی بھی گھبراہٹ سے مغلوب نہیں دیکھا۔ ان کا نظام الاوقات اتنا مستحکم اور معمولات اتنے مضبوط تھے کہ وہ ہر کام اپنے وقت پر انجام دیتے اور مطمئن رہتے تھے۔ آخر شب میں بیدار ہو کر تہجد کے نوافل بھی ادا کرتے، اور عموماً فجر سے پہلے ہی کوئی ورزشی کھیل، مثلاً ٹینس کھیلتے تھے۔ پھر دن بھر کاموں میں مصروف رہتے تھے۔ زندگی سادہ تھی۔ صرف ایک وقت کھانا کھاتے، اور زمین پر سوتے

تھے۔ سفید شیروانی اور پاجامہ ان کا مخصوص لباس تھا، کبھی انہیں اس کے سوا کسی اور لباس میں نہیں دیکھا۔

جتنے اخبارات و رسائل ان کے پاس آتے تھے، سب کا کم از کم سرسری مطالعہ ضرور فرماتے تھے اور مطالعے کے دوران موضوعات کے حساب سے انہیں تقسیم کر کے ان پر نشان بھی لگاتے اور ان کے دفتر کا عملہ نشان زدہ حصوں کو ہر موضوع کی الگ فائلوں میں جمع کر لیتا تھا۔ سالہا سال کے مطالعے کا یہ نچوڑ آج بھی ''مدینۃ الحکمۃ'' کے کتب خانے میں موجود ہے۔

جب سے میں نے ''البلاغ'' کی ادارت شروع کی تھی، ملاقات کے وقت وہ البلاغ کی کسی نہ کسی تحریر کا حوالہ اکثر دیتے کہ آپ نے فلاں موضوع پر فلاں بات لکھی ہے۔ کبھی اس کی تصویب فرماتے اور کبھی تنقید۔ مگر مجھے حیرت ہوتی تھی کہ اتنی بے پناہ مصروفیات کے باوجود وہ کس طرح یہ ساری باتیں یاد رکھ لیتے ہیں۔ بعض اوقات ''البلاغ'' کے کسی پہلو پر اپنی رائے کا اظہار تحریری شکل میں بھی فرماتے تھے۔

''دارالعلوم کراچی'' کے وہ خازن تھے، اس لئے دارالعلوم کے ماہانہ اخراجات کے چیک پر ان کے دستخط لازمی تھے۔ ہر ماہ کا تخمینہ ان کے پاس بن کر جاتا، اور اتنی مصروفیات کے باوجود انہوں نے کبھی آنکھ بند کر کے چیک پر دستخط نہیں کئے۔ بعض اوقات وہ نشان دہی کرتے کہ فلاں چیز کا تخمینہ زائد معلوم ہوتا ہے، اس پر نظر ثانی کی جائے اور بعض اوقات کوئی اور مشورہ دیتے۔ دارالعلوم کی مجلسِ منتظمہ کے اجلاسات میں وہ پابندی سے شریک ہوتے اور تمام مسائل پر بصیرت کے ساتھ وقیع مشورے عطا فرماتے تھے۔

ایک عرصہ تک وہ صوبۂ سندھ کے گورنر بھی رہے اور اس زمانے میں انہوں نے کراچی شہر میں تعلیم کے فروغ کے لئے متعدد یونیورسٹیاں قائم کرائیں۔ دارالعلوم کراچی کے سامنے جو سڑک ہے اسے وہ عرصۂ دراز سے ''مفتی محمد شفیع روڈ'' لکھا کرتے تھے، گورنر بننے کے بعد انہوں نے باضابطہ اس سڑک کا نام ''مفتی محمد شفیع روڈ''، اور اس کے بالمقابل صنعتی علاقے والی سڑک کا نام ''شارع دارالعلوم'' اور دارالعلوم کے مغربی جانب کی سڑک (جو شمالاً جنوباً گئی ہے) اس کا نام ''شارع شبیر احمد عثمانی'' رکھ دیا۔ اور اب یہ سڑکیں انہیں

،موں سے موسوم ہیں۔

موصوفؒ نے اپنی عمر کا آخری حصہ تعلیم، بالخصوص بچوں کی تعلیم کیلئے تقریباً وقف فرما دیا تھا۔ اسی ضمن میں انہوں نے "مدينة الحكمة" کے نام سے شہر سے باہر ایک یونیورسٹی قائم کی، اس کے لئے بہترین لائبریری بنائی جس میں ہر علم وفن کی کتابوں کے بہترین ذخیرے کے علاوہ برصغیر کے تمام اہم رسائل ومجلات اور اخبارات کی پوری پوری فائلیں موجود ہیں جو اس جامعیت کے ساتھ ملک کی شاید کسی دوسری لائبریری میں نہ ہوں۔ اگرچہ شہر سے دور ہونے کی بنا پر ابھی اس لائبریری کی افادیت محدود ہے، لیکن جب کبھی اس تک پہنچ آسان ہوگی یہ لائبریری طلبہ اور محققین کے لئے بڑا سرمایہ ثابت ہوگی۔

"مدينة الحكمة" ہی میں حکیم صاحبؒ نے ایک اعلیٰ معیار کا بچوں کا اسکول بھی قائم کیا تھا، اور اس کوشش میں تھے کہ ان بچوں کی دینی تعلیم وتربیت کیلئے اس میں خصوصی نصاب اور پروگرام شروع کیا جائے۔ بچوں کی تربیت میں وہ ذاتی طور پر دلچسپی لیتے تھے، ان کے اجتماعات منعقد کرتے اور انہیں شخصی طور پر آدابِ زندگی سکھانے کی کوشش کرتے تھے۔

حضرت والد صاحبؒ سے خصوصی تعلق کی بنا پر حکیم صاحبؒ ہم دونوں بھائیوں (احقر اور حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی مدظلہم) پر بھی خصوصی شفقت فرماتے اور خاص طور پر حضرت والد صاحبؒ کی وفات کے بعد ہمیں مختلف مراحل پر مشوروں سے نوازتے۔ ہمیں بھی ان سے قدرے بے تکلفی تھی، اس لئے ان سے بہت سی معروضات پیش کرنے میں کوئی خاص حجاب محسوس نہیں ہوتا تھا۔ حکیم صاحبؒ کے بعض اقدامات اور ان کے بعض افکار سے اختلاف ہوتا تو ان کے سامنے پیش کردیتے اور وہ خندہ پیشانی سے سنتے۔ بالخصوص مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہم نے ان سے مفصل گفتگو فرمائی اور انہوں نے وضاحت کی کہ میں نے صرف ایک سوال کے طور پر علماء کرام کو اس مسئلے کی طرف متوجہ کیا تھا۔ میرا مقصد کوئی حتمی رائے دینا نہیں تھا۔

حکیم صاحبؒ کے بہت سے محاسن میں سے ایک یہ نیکی ہی کیا کم ہے کہ وہ سالہا سال تک انتہائی استقامت کے ساتھ مریضوں کی خدمت کرتے رہے، اور اسی خدمت کیلئے آخری بار

گھر سے نکلے تو مطب کے دروازے ہی پر انہیں شہید کر دیا گیا۔ گویا یہ خدمت کرتے کرتے وہ دنیا سے رخصت ہوگئے۔

**اللّٰھم اغفرله و ارحمه و کفّر عنه سیاته و أدخله الجنّة ونجّه من النار.**

(ماہنامہ ''البلاغ'' رمضان ۱۴۱۹ھ جنوری ۱۹۹۹ء)

# میرے استاذ حضرت مولانا سبحان محمود صاحب قدس سرہ

۱۴۱۹ھ کا آخری دن (۲۹، ذی الحجہ) ہم طالب علموں کیلئے ایک ایسا جانکاہ سانحہ لے کر آیا جس کا زخم مندمل ہونا آسان نہیں۔ میرے انتہائی شفیق استاذ، دارالعلوم کراچی کے شیخ الحدیث اور ناظم اعلیٰ، شیخ طریقت مولانا سبحان محمود صاحب (جن کے نام کے ساتھ آج رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہوئے دل پر چوٹ لگتی ہے) اس دن اس دنیائے فانی کی سرحد پار کر کے اپنے مالک حقیقی سے جا ملے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

حضرت مولانا قدس سرہ کا حادثۂ وفات دارالعلوم کیلئے تو ایک بہت بھاری نقصان ہے ہی کہ وہ دارالعلوم کے واحد استاذ تھے، مدرسہ کے قیام کے تقریباً آغاز ہی سے دارالعلوم کی گوناگوں خدمات انجام دے رہے تھے اور تقریباً نصف صدی (۴۸) سال تک انہوں نے اس ادارے کو اپنا مرکزِ فیض رسانی بنائے رکھا، لیکن یہ سانحہ صرف دارالعلوم کا نہیں، پوری ملک و ملت کا ہے، اول تو اس لئے کہ بفضلہ تعالیٰ حضرتؒ کا دائرۂ فیض اب روز بروز بڑھ رہا تھا، اور دوسرے اس لئے کہ ایسے اللہ والے بزرگوں کا نفس وجود ہی نہ جانے کتنے فتنوں کیلئے آڑ بنا ہوتا ہے۔ اوران انفاس قدسیہ سے محرومی پوری ملت کا نقصان عظیم ہے۔

**اللّٰھم لا تحرمنا اجرہ و لا تفتنا بعدہ۔**

میرے لئے مزید حیرت کی وجہ یہ ہے کہ میں نہ آخری لمحات میں حضرتؒ کی زیارت سے مشرف ہو سکا نہ تجہیز و تکفین اور نماز جنازہ میں شرکت کی سعادت حاصل کر سکا۔ میں ہندوستان، مولانا مجاہد الاسلام قاسمی صاحب مدظلہم کی دعوت پر انڈیا گیا ہوا تھا، اور اس روز صوبہ بہار کے دارالحکومت پٹنہ میں تھا۔ وہیں برادر معظم حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہم (صدر دارالعلوم کراچی) نے ٹیلی فون پر یہ جانکاہ خبر سنائی، میں نے آگے کے اسفار ملتوی کر دیئے، مگر بروقت پرواز نہ ملنے کے سبب جنازے میں شریک نہ ہو سکا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

حضرت مولانا کے ساتھ احقر کی نیازمندی کا تعلق اڑتالیس سال قائم رہا، اور آج جب یہ سطور لکھنے بیٹھا ہوں تو پچھلی تقریباً نصف صدی کے واقعات کا ایک تسلسل ہے جو نگاہوں کے سامنے صف آرا ہے۔

میں نے حضرت مولاناؒ کو پہلی بار ۱۹۵۱ء میں دیکھا اس وقت ہم برنس روڈ کے ایک مکان میں رہتے تھے اور اسی مکان کے قریب علوم شرقیہ کی تعلیم کا ایک ادارہ حضرت علامہ سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ کی سرپرستی میں ''دانش کدہ'' کے نام سے قائم ہوا تھا۔ یہاں طلبہ کو ادیب، ادیب عالم اور ادیب فاضل وغیرہ کے امتحانات کی تیاری کرائی جاتی تھی۔ میرے بھانجے حکیم مشرف حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے (جو میرے بھانجے کم اور دوست زیادہ تھے) اس ادارے میں داخلہ لے کر وہاں تعلیم حاصل کرنی شروع کر دی تھی۔ میری عمر اس وقت آٹھ نو سال کی تھی اور مشرف صاحب دس گیارہ سال کے تھے۔ ایک دن میں مشرف صاحب کے ساتھ ان کی تعلیم گاہ ''دانشکدہ'' چلا گیا۔ وہاں دیکھا کہ ایک وجیہ، خوبرو اور باریش نوجوان شاعر مشرق اقبال مرحوم کا ''شکوہ جواب شکوہ'' پڑھا رہے ہیں، ایک آٹھ نو سال کے بچے کو ''شکوہ جواب شکوہ'' کے مضامین کا ادراک تو ظاہر ہے کیا ہو سکتا تھا؟ لیکن ان کے انداز تدریس میں جو شکوہ اور آواز میں تناسب و توازن تھا وہ دل پر نقش ہو کر رہ گیا۔ یوں محض برائے بیت ''شکوہ جواب شکوہ'' میں نے اس عمر میں بھی پڑھ رکھا تھا اور اس کا یہ شعر مجھے یاد بھی تھا کہ

نالے بلبل کے سنوں اور ہمہ تن گوش رہوں
ہمنوا میں بھی کوئی گل ہوں کہ خاموش رہوں

لیکن اس روز پہلی بار شعر کے مختلف الفاظ کے معنی سمجھ میں آئے اور جس انداز سے اشعار سمجھائے جا رہے تھے وہ انداز تفہیم دل میں گھر کر گیا۔ بعد میں پوچھنے پر معلوم ہوا کہ استاذ کا اسم گرامی مولانا سحبان محمود ہے۔

بات آئی گئی ہوگئی، اس وقت یہ تصور بھی نہ تھا کہ مولاناؒ سے باقاعدہ تلمذ کا شرف ہمیں بھی حاصل ہونے والا ہے۔ ۱۳۷۲ھ میں حضرت والد صاحب قدس سرہ نے نانک واڑہ نامی محلے کی ایک قدیم عمارت میں دارالعلوم کی بنیاد ڈالی۔ میں اس وقت مسجد باب الاسلام کے مدرسے

میں فارسی پڑھتا تھا اور برادر معظم حضرت مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب نے (جنہیں آج اہل علم مفتی اعظم کے لقب سے یاد کرتے ہیں) چونکہ اسی وقت حفظ کی تکمیل کی تھی (جس سے میں محروم رہا) اس لئے میں فارسی کی تعلیم میں ان کے ساتھ اور ان کا ہم سبق ہو گیا تھا۔ دارالعلوم کے پہلے تعلیمی سال میں ہم نے مولانا بدیع الزماں صاحب مدظلہم کے پاس فارسی پڑھنی شروع کی اور اسی وقت دیکھا کہ وہ مولانا سحبان محمود صاحب جنہیں میں نے ''دانش کدہ'' میں پہلی بار دیکھا تھا، ہمارے برابر کی درس گاہ میں عربی کی پہلی جماعت کو پڑھا رہے ہیں۔ معلوم ہوا کہ مولاناؒ نے ''دانشکدہ'' کی تدریس ترک کر کے دارالعلوم کی خدمت شروع کر دی ہے۔

اگلے سال ہم نے عربی پڑھنی شروع کی تو ہمارے تمام اسباق حضرت مولانا سحبان محمود صاحبؒ کے پاس تھے۔ صرف ایک ''عربی کا معلم'' کا سبق حضرت مولانا مفتی ولی حسن صاحبؒ کے پاس رکھا گیا تھا۔ اس وقت معلوم ہوا کہ حضرت مولانا سحبان محمود صاحب (قدس سرہ) کا اصل میدان ''دانش کدہ'' میں اردو ادب پڑھانے کے بجائے اسلامی علوم کی تدریس تھا۔ انہوں نے مظاہر علوم سہارنپور کے اکابر اساتذہ اور بالآخر حضرت مولانا عبدالرحمن صاحب کیمبلپوری قدس سرہ جیسے یکتائے روزگار علماء اور اہل اللہ سے کسب فیض کیا تھا۔ چونکہ اس وقت کراچی میں مظہر العلوم کے سوا کوئی دوسرا معیاری دینی مدرسہ موجود نہیں تھا، اس لئے وقتی طور پر ''دانش کدہ'' میں کام شروع کر دیا تھا، لیکن جونہی دارالعلوم قائم ہوا حضرت مولاناؒ نے اسے اپنا مرکز فیض رسائی قرار دے لیا۔

پہلے ہی سال میں حضرت مولاناؒ سے صرف میں میزان الصرف، پنج گنج اور علم الصیغہ، نحو میں نحو میر، شرح مائۃ عامل اور ہدایۃ النحو، اس کے علاوہ تیسیر المنطق، مرقاۃ، دروس الادب، مفید الطالبین اور نور الایضاح بھی پڑھ لی، اس سال ہم نے جو کتابیں حضرت مولاناؒ سے پڑھیں، وہ موجودہ نصاب کے مطابق دو سال میں پڑھائی جاتی ہیں۔ لیکن یہ مولاناؒ کے انداز تدریس کا کمال تھا کہ ہمیں ایک لمحے کیلئے بھی اس بات کا احساس نہیں ہوا کہ ہم پر تعلیم کا کوئی زیادہ بوجھ لادا گیا ہے۔ اگلے دو سال بھی اس طرح گذرے کہ ہمارے تمام اسباق حضرت مولاناؒ کے پاس تھے، اور ہم صبح کے پہلے گھنٹے میں حضرتؒ کی درس گاہ میں داخل ہوتے تو شام کو چھٹی گھنٹی تک

اس درسگاہ میں پڑھتے رہتے تھے۔ ان دو سالوں میں ہم نے حضرت مولاناؒ سے کافیہ، شرح جامی، اصول الشاشی، قدوری کا کچھ حصہ (جو بعد میں یہ ایک دوسری استاذ کی طرف منتقل ہوگئی تھی) شرح تہذیب، قطبی، نفحۃ العرب، مقامات حریری، نورالانوار غرض ساری کتابیں حضرت مولاناؒ سے پڑھیں اور نہ صرف یہ کہ ہمیں تسلسل اور یکسانیت کی وجہ سے کبھی ادنی اکتاہٹ نہیں ہوئی، بلکہ صبح سے لے کر شام تک کے یہ چھ گھنٹے انتہائی دلچسپ معلوم ہوتے تھے۔

حضرت مولاناؒ کے درس کی یہ وہ خصوصیات ہیں جنہوں نے ہمیں ان کا گرویدہ بنالیا تھا، چند درچند تھیں۔ سب سے پہلے تو انہیں اپنی بات مختصر لفظوں مگر انتہائی دلنشین انداز میں سمجھانے کا غیر معمولی ملکہ حاصل تھا۔ وہ مشکل سے مشکل مسئلے کو طلبہ کی ذہنی سطح کے مطابق ایسے ترتیب کے ساتھ بیان فرماتے تھے کہ مسئلے کی مشکلات کا احساس ہی نہیں ہوتا تھا۔ دوسرے ان کے درس کا ماحول ہمیشہ اتنا شگفتہ رہتا تھا کہ اس میں اکتاہٹ کا گذر نہیں تھا۔ بعض اساتذہ سبق کو دلچسپ بنانے کیلئے لطیفوں اور قصوں کا سہارا لیتے ہیں۔ اس سے سبق دلچسپ تو ہو جاتا ہے، لیکن بہت سا وقت ان لطیفوں قصوں میں ضائع ہو جاتا ہے اور اس کے نتیجے میں طلبہ کا علمی نقصان ہوتا ہے۔ حضرت مولاناؒ اس قسم کی اضاعت وقت سے کوسوں دور تھے۔ اس کے بجائے وہ درس کی باتوں کو خارجی مثالوں سے سمجھاتے، بعض اوقات خود طلبہ کی مثالیں دیتے اور انداز گفتگو میں ظرافت کی چاشنی پیدا کر کے ماحول کو شگفتہ بنائے رکھتے تھے۔ اس کا نتیجہ یہ تھا کہ طالب علم کے ذہن پر مشکل سے مشکل مسئلے کا بوجھ نہیں پڑتا تھا۔

تین سال تک حضرت مولاناؒ کے اس دلنشین اسلوب تدریس سے مانوس ہونے کا ایک نتیجہ یہ نکلا کہ جب چوتھے سال ہماری تین کتابیں ایک دوسرے استاذ کے پاس منتقل ہوگئیں تو مدتوں ہمیں مولانا کے انداز تدریس کی یاد ستاتی رہی۔ یہ دوسرے استاذ حضرت مولانا سے زیادہ معمر، پختہ کار اور بڑے مقبول استاذ تھے، لیکن ہمیں ان کے انداز تدریس سے مانوس ہونے میں خاصا وقت لگا۔

وہ حضرت مولاناؒ کے عنفوانِ شباب کا زمانہ تھا، ان کی وجاہت اور صحت قابل رشک تھی اور ان کا مذاق شعر و ادب بھی اپنے عروج پر تھا۔ وہ خود بڑے نفیس شعر کہتے تھے اور دوسروں کے

بیشمار اشعار بھی انہیں خوب یاد تھے۔ کبھی درس میں اور کبھی درس کے باہر وہ نہ صرف شعر سناتے بلکہ شعر کی فنی باریکیوں پر بہترین تبصرے فرماتے تھے، ہمارے گھر میں بھی شعر و ادب کا ماحول تھا، اس لئے حضرت مولاناؒ نے مجھے باقاعدہ شعر گوئی پر آمادہ کیا، وہ ہمیں ایک مصرعہ طرح دیدیتے، اور اس پر شعر کہنے کی ترغیب دیتے، چنانچہ اس زمانے میں حضرت مولاناؒ ہی کی ترغیب پر میں نے تک بندی شروع کی جو رفتہ رفتہ واقعی شعر گوئی میں تبدیل ہوگئی۔

میرے مرحوم بڑے بھائی جناب محمد رضی صاحب کی شادی کا وقت قریب آیا تو میں نے ان کا سہرا کہنے کی کوشش کی اور کچھ بے ہنگم سی تک بندی کر کے اس کی اصلاح تو فرمادی، لیکن پھر خود ایک نظم کہی اور فرمایا کہ اس کے بجائے یہ نظم موقع پر پڑھ دینا۔

حضرت مولاناؒ اس دور میں جو شعر کہتے تھے، اس کا ایک اندازہ کرنے کیلئے حضرت مولاناؒ کی ایک غزل کے چند اشعار پیش خدمت ہیں جو انہوں نے اقبال مرحوم کی مشہور غزل کی زمین میں کہے تھے ؎

مجھ کو اے ہوش! نہ کر واقف انجام ابھی
بیخودی سے مجھے لینا ہے بہت کام ابھی
بے نیاز غم دنیا تو کیا تو نے مجھے
ہے مگر سر پہ مرے زیست کا الزام ابھی
کچھ تو باقی ہے ابھی خاک مری تربت پر
کیسے رک جائے بھلا گردشِ ایام ابھی

اور غالب کی زمین میں یہ اشعار بھی ملاحظہ ہوں ؎

حسن مائل بہ اعتنا نہ ہوا
عشق مرہون التجا نہ ہوا
ان کو دیدار ہی نہ تھا منظور
ظرف کا میرے اک بہانہ ہوا
عشق نے اس کو تمکنت بخشی

ورنہ بت خود بخود خدا نہ ہوا
ماورائے مکاں رہا ہر چند
عرشِ دل سے وہ ماورا نہ ہوا
کیوں ہیں اب بے قرار یہ سوچیں؟
مجھ کو ڈوبے ہوئے زمانہ ہوا

ایک اور غزل کے یہ اشعار

روز ازل کئے تھے ہم نے جو عہد و پیماں
دیباچہ ہے یہ دنیا اس قصۂ کہن کا
دیر و حرم کا حاصل ذوق طلب ہے گویا
ہر ذرہ آستاں ہے دنیا کی انجمن کا
میدان عشق میں تو پہنائیاں بہت ہیں
پھر تنگ اس قدر کیوں قصہ ہے کوہ کن کا

اور ایک نعت کے یہ اشعار کتنے سرور انگیز ہیں۔

السلام اے شہ دیں وجہ نزول جبریل
زینت ہر دو جہاں شمع شبستان خلیل
تیری ﷺ بعثت سے چھٹے اس طرح ظلم و طغیان
جیسے ہو ظلمت شب نور سحر میں تحلیل
جلوہ ساماں ہیں ترے نور سے یہ شمس و قمر
یم بہ یم ہیں ترے فیضان سے یہ دجلہ و نیل
تو نہ ہوتا تو زمانے میں اندھیرا ہوتا
تیرے پرتو ہی سے روشن ہے جہاں کی قندیل
تیرا ہر قول ہے توفیق و ہدایت کی اساس
شرح قرآن مقدس ہے ترا روئے جمیل

میرے دامن میں گناہوں کے سوا کچھ بھی نہیں
کاش ہو تیری محبت مری بخشش کی سبیل
تیرے عشاق کو ہے علم حضور حاصل
تیرے دیوانے کہاں ہوتے ہیں محتاج دلیل
انبیاء خشت و ستون گنبد و محراب رہے
تجھ سے اس قصرِ رسالت کی ہوئی تکمیل
میرا مقصود ہے اس نعت سے اپنی ہی نجات
ورنہ کیا وصف ترا پائے گا مرغ تخیل
ہے اس کا یہ کرم حال پہ تیرے محمود
ورنہ تو اور کہاں مدحت فرزند خلیل

حضرتؒ کی شعرگوئی کا سلسلہ ۱۹۵۵ء کے بعد کم ہوتا گیا، یہاں تک کہ بالآخر انہوں نے شاعری کو بالکل خیر باد کہہ دیا، اور اب اگر کوئی یاد بھی دلاتا تو فرماتے کہ ''اب میں یہ مشغلہ اس طرح ترک کر چکا ہوں کہ اب کچھ یاد بھی نہیں رہا۔''

حضرت مولاناؒ بہترین خطاط بھی تھے، ان کی عام تحریر بھی اتنی خوبصورت تھی کہ موتی جڑے ہوئے معلوم ہوتے تھے اور خطاطی بھی کمال کی تھی۔ چنانچہ درس کی علاوہ دوسرے اوقات میں وہ عرصۂ دراز تک شوقین طلبہ کو خطاطی بھی سکھاتے رہے۔ میری تحریر بچپن میں بڑی خراب تھی۔ حضرت مولاناؒ کے پاس میں نے خطاطی کی بھی مشق کی اور عام تحریر بھی درست کی۔ جمعرات کے دن مولاناؒ ہم سے ہفتے بھر کے پڑھائے ہوئے مضامین کا تحریری امتحان لیا کرتے تھے، اس امتحان میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والوں کے ناموں کا اعلان بھی فرماتے، اس سے طلبہ میں مسابقت کا جذبہ بھی پیدا ہوتا تھا اور ہم اس امتحان کیلئے بڑے جوش وخروش سے تیاری کیا کرتے تھے۔ جہاںتک مضامین امتحان کا تعلق تھا، الحمدللہ، ان کے لحاظ سے ہمارے پرچے بہت اچھے ہوتے، مگر تحریر کی خرابی حضرت مولاناؒ کے ذوق کو بہت گراں گزرتی۔ چنانچہ انہوں نے ہمیں الگ سے تحریر کی مشق کرانی شروع کی، اور رفتہ رفتہ یہ عیب دور ہوگیا۔

یوں تو حضرت مولانا نے درس نظامی کی تقریباً تمام ہی کتابیں پڑھائی ہیں لیکن ابتداء میں ان کی شہرت عربی ادب کے اچھے استاذ کی حیثیت سے ہوئی۔ ہم نے جس زمانے میں ان سے عربی پڑھی، وہ ہمیں عربی لکھنے کی مشق بھی ساتھ ساتھ کراتے تھے، چنانچہ چھوٹے چھوٹے جملوں سے شروع کر کے رفتہ رفتہ وہ ہمیں عربی میں مضمون لکھنے تک لے گئے یہاں تک کہ ہم نے امتحانی پرچوں کا جواب بھی عربی میں لکھنا شروع کر دیا۔ جہاں تک مجھے یاد ہے، میں نے سب سے پہلے عربی میں جن پرچوں کا جواب دیا، وہ ہدایہ اولین اور نورالانوار کے پرچے تھے۔ اور اس کے بعد دورۂ حدیث تک ہر پرچے کا جواب عربی میں لکھا اور یہ سب حضرت مولاناؒ کا فیض تھا۔

اس زمانے میں سوریہ (شام) کے سفارتخانے سے دارالعلوم کے بڑے اچھے روابط تھے۔ (یہ شام میں بعث پارٹی کے برسر اقتدار آنے سے پہلے کی بات ہے) شام کے سفیر جواد المرابط صاحب بڑے علم دوست آدمی تھے اور ظاہری وضع قطع انگریزی ہونے کے باوجود انہیں عبادت کا بھی بڑا ذوق تھا، اور ان کی باتوں میں خشیت و انابت کا پہلو بھی بڑا نمایاں تھا وہ حضرت والد صاحب قدس سرہ کی خدمت میں کثرت سے آیا کرتے تھے، اور استفادہ بھی فرماتے تھے۔ اسی دوران انہوں نے تجویز پیش کی کہ سفارت خانۂ شام دارالعلوم کے تعاون سے شہر بھر میں عربی زبان سکھانے کے مختلف مراکز قائم کرے۔ اس غرض کیلئے انہوں نے چار بہترین شامی اساتذہ استاذ امین المصری، استاذ احمد الاحمد، استاذ عبدالحمید الہاشمی اور استاذ یسین اختلاف کو شام سے بلوا کر ان کا پاکستان میں تقرر کیا۔ اور ان کی مدد سے دارالعلوم نے شہر بھر میں تقریباً بیس مراکز ایسے قائم کئے جن میں عربی بالطریق المباشر (ڈائریکٹ میتھڈ سے) پڑھائی جاتی تھی۔ ان مراکز میں سب سے بڑا مرکز خود دارالعلوم نانک واڑہ میں تھا جہاں یہ چاروں اساتذہ شام کے وقت میں مختلف سطح کے طلبہ کو عربی پڑھاتے تھے لیکن ظاہر ہے کہ شہر بھر کے تمام مراکز میں یہ چاروں حضرات نہیں جاسکتے تھے لہٰذا دوسرے مراکز میں دارالعلوم کے بعض اساتذہ اور کچھ باہر کے حضرات کو استاذ مقرر کیا گیا۔ دارالعلوم کے جن اساتذہ کی خدمات اس مقصد کیلئے حاصل کی گئیں، ان میں حضرت مولانا سحبان محمود صاحب، حضرت

مولانا مفتی ولی حسن، حضرت مولانا مظہر بقاء صاحب اور حضرت مولانا عبدالحق صاحب بطور خاص قابل ذکر ہیں۔ حضرت مولانا سحبان محمود صاحبؒ اس وقت پاکستان کوارٹرز کے ایک مرکز میں شام کو عربی کی تعلیم دیتے تھے۔

عربی کی تعلیم کے ان مراکز کا شہر کی تعلیمی فضاء پر بہت اچھا اثر پڑا، اور وہ ہزارہا افراد جو عربی سیکھنا چاہتے تھے مگر پورا وقت نہیں دے سکتے تھے، اس سلسلے سے بہت مستفید ہوئے۔ حضرت مولانا سحبان محمود صاحبؒ اس میدان میں بھی نہایت ممتاز اور نمایاں استاذ ثابت ہوئے، اور سینکڑوں افراد نے ان سے استفادہ کیا۔

۱۹۵۶ء میں دارالعلوم نانک واڑہ سے موجودہ جگہ منتقل ہوگیا، یہ نئی جگہ شہر سے بہت دور اور آبادی سے کٹی ہوئی تھی، قریب کے شرافی گوٹھ کی وجہ سے اسے دارالعلوم شرافی کہا جاتا تھا، شہری سہولیات میسر نہیں تھیں، اور اساتذہ کی رہائش کیلئے مکانات بھی بہت چھوٹے اور گھٹے ہوئے تھے۔ دارالعلوم کے بعض قدیم اساتذہ اس مشکل صورت حال کو برداشت نہ کر سکے اور اس موقع پر وہ دارالعلوم چھوڑ کر دوسرے مدارس میں چلے گئے (اسی سال حضرت مولانا محمد یوسف بنوری صاحبؒ نے نیو ٹاؤن کی جامع مسجد میں اپنے مشہور جامعۃ العلوم الاسلامیہ کی بنیاد ڈالی تھی، چنانچہ بعض اساتذہ اس مدرسے میں منتقل ہو گئے) لیکن حضرت مولانا سحبان محمود صاحب قدس سرہ نے اس موقع پر دارالعلوم کا ساتھ نہیں چھوڑا۔ ان کا قیام گولی مار کے محلے میں تھا اور شروع میں انہیں انتہائی صعوبت اٹھا کر روزانہ دارالعلوم آنا پڑتا تھا، مگر انہوں نے بڑی استقامت کے ساتھ دارالعلوم کی خدمت جاری رکھی، اور پھر اپنے اہل و عیال کے ساتھ دارالعلوم کے ایک نیم پختہ سے مکان میں منتقل ہو گئے جہاں انہوں نے سالہا سال گزارے۔

شرافی گوٹھ منتقل ہونے کے بعد دو سال تک ہمارا کوئی درس حضرت مولاناؒ کے پاس نہ گیا لیکن ان سے جو قلبی محبت اور انس تھا، اس کی بنا پر خارجی اوقات میں حضرتؒ سے استفادے کا سلسلہ جاری رہتا تھا۔ مولاناؒ کے اس قدیم مکان کے سامنے ایک چھوٹا سا پکا فرش تھا۔ مولاناؒ عصر کے بعد وہاں تشریف فرما ہوتے، طلبہ اس وقت میں ان سے خوش نویسی کی مشق کرتے اور کبھی کبھی ہم بھی حضرتؒ سے ملاقات کیلئے وہاں جا بیٹھتے اور حضرتؒ کی باتوں سے استفادہ

کرتے تھے البتہ دورۂ حدیث کے سال میں ہمارا نسائی شریف کا سبق حضرت مولاناؒ کے پاس چلا گیا، اور اس سال ایک مرتبہ پھر ہمیں ان سے تلمذ کا شرف حاصل ہوا۔ اس درس کی خصوصیت یہ تھی کہ بخاری شریف اور ترمذی شریف کے دروس میں جو طویل بحثیں ہم پڑھتے تھے، نسائی شریف کے درس میں حضرت مولاناؒ ان کا بہترین خلاصہ اور نچوڑ بیان فرمایا کرتے اور اس طرح یہ بحثیں تازہ بھی ہو جاتیں اور ان کا لب لباب بھی ذہن نشین ہو جاتا۔ کچھ عرصے کے بعد حضرت مولاناؒ کو انتظامی ذمہ داریاں بھی سونپ دی گئیں، اور وہ دارالعلوم کے شرافی والے حصے کے ناظم قرار پائے۔ اس میدان میں بھی انہوں نے اپنی اعلیٰ صلاحیتوں کا ثبوت دیا۔ بعد میں انہیں دارالعلوم کا ناظم اعلیٰ بنا دیا گیا، اور وہ تدریس کے ساتھ ساتھ دارالعلوم کی نظامت کے فرائض بھی انجام دیتے رہے۔

جب میں نے دورۂ حدیث سے فارغ ہونے کے بعد تدریس شروع کی تو میری عمر کل سولہ سال تھی، اور چہرے پر داڑھی بھی نہیں آئی تھی حضرت مولاناؒ نے پہلی بار خود درسگاہ میں لیجا کر بٹھایا۔ اور تدریس کے سلسلے میں ایسی نصیحتیں فرمائیں جو عمر بھر کام آئیں۔ شروع میں ترمذی شریف کا درس حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہم کے پاس تھا۔ ان کے دارالعلوم سے چلے جانے کے بعد ترمذی شریف کا درس حضرت مولانا سحبان محمود صاحب قدس سرہٗ کی طرف منتقل ہو گیا۔ بعد میں حضرت مفتی رشید احمد صاحب مدظلہم بھی تشریف لے گئے تو بخاری شریف جلد اول حضرت والد صاحب قدس سرہ نے خود پڑھانی شروع کر دی، اور جلد ثانی حضرت مولانا اکبر علی صاحبؒ کے سپرد فرمائی، حضرت والد صاحبؒ اپنے اسفار و اشغال کی وجہ سے پوری جلد اول نہ پڑھا سکتے تھے، اس لئے جلد اول کا باقی حصہ حضرت مولانا سحبان محمود صاحبؒ کی طرف منتقل کر دیا اور جب علیل ہوئے تو پوری جلد اول حضرت مولانا کے سپرد فرما دی۔ اس موقع پر خود حضرت مولاناؒ نے ترمذی شریف کا درس میرے سپرد کرنے کی تجویز دی، احقر کو تردد تھا، مگر حضرت مولاناؒ نے حوصلہ بندھایا اور اس وقت سے ترمذی کا درس میری طرف منتقل ہو گیا۔ حضرت مولانا اکبر علی صاحبؒ کی وفات کے بعد حضرت مولاناؒ نے مکمل بخاری شریف کا درس شروع کیا، اور اس طرح تقریباً ۳۵ سال تک اصح الکتب بعد کتاب اللہ کی تدریس کی

سعادت حاصل فرمائی۔

کتابی علم تو بہت سے لوگوں کو حاصل ہوتا ہے لیکن انسان کی عظمت درحقیقت اس وقت ظاہر ہوتی ہے جب علمی تبحر کے باوجود وہ تواضع اور خدمت کا پیکر بن جائے۔

حضرت مولاناؒ کی حیات طیبہ اس معاملے میں بھی ایک مثال کی حیثیت رکھتی تھی۔ وہ اپنے گھرانے میں واحد عالم دین تھے۔ ان کے والد ماجد بھی جدید تعلیم یافتہ تھے اور تمام بھائی بھی۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں علم و فضل کا اعلیٰ مقام عطا فرمایا، لیکن اپنے والدین کی خدمت کے معاملے میں انہوں نے اپنے آپ کو ہمیشہ مٹائے رکھا۔ یوں تو خدمت والدین، ان کی ادا ادا سے نمایاں تھی لیکن اس کا بطور خاص مظاہرہ ہمیں ۱۹۶۳ء میں اس وقت ہوا جب حضرت مولاناؒ اپنے والدین کے ہمراہ حج کے سفر پر تشریف لے گئے۔ حسنِ اتفاق سے اسی سال ہم دونوں بھائی حضرت والد صاحب قدس سرہ کی معیت میں حج فرض کی ادائیگی کیلئے گئے ہوئے تھے۔ اس کے علاوہ ہمارے بزرگ استاذ حضرت مولانا اکبر علی صاحبؒ نے بھی اسی سال حج کیا تھا۔ حضرت مولانا اکبر علی صاحب قدس سرہ مظاہر علوم سہارنپور کے قدیم اساتذہ میں سے تھے اور حضرت مولانا سحبان محمود صاحبؒ نے ان سے باضابطہ کوئی درس تو نہیں لیا تھا، لیکن جس زمانے میں حضرت مولاناؒ مظاہر علوم میں پڑھتے تھے اس زمانے میں حضرت مولانا اکبر علی صاحبؒ وہاں پڑھایا کرتے تھے۔ اس نسبت سے حضرت مولانا سحبان محمود صاحبؒ ان کی ایسی ہی عزت فرماتے تھے جیسے اپنے حقیقی استاذ کی کی جاتی ہے اور ساری عمر ان کے ساتھ استاذ جیسا ہی معاملہ فرماتے رہے۔ حضرت مولانا اکبر علی صاحبؒ چونکہ ضعیف تھے اور سفر حج میں بالکل تنہا، اس لئے حضرت مولانا سحبان محمود صاحبؒ نے انہیں اپنے ساتھ رکھ لیا۔ اس طرح ان کے ساتھ والدین بھی تھے، اور حضرت مولانا اکبر علی صاحبؒ بھی یہ سب حضرات عمر رسیدہ بھی تھے، مختلف عوارض کے شکار بھی، اور نہایت نازک مزاج اور زود رنج بھی۔ حضرت مولانا سحبان محمود صاحبؒ ان کی خدمت کیلئے تنہا تھے، پہلی بار حج کا سفر کیا تھا اور اس دور کے حج میں مشقتیں آج سے کہیں زیادہ تھیں۔ لیکن انہوں نے ان تینوں بزرگوں کی خدمت کا جو حق ادا کیا ہے۔ اور ان کے سامنے اپنے آپ کو مٹا دینے کے جو مناظر ہم نے دیکھے ہیں وہ آج بھی دل پر نقش ہیں

انہیں الفاظ میں بیان کرنا مشکل ہے، اور ان سے اندازہ ہوتا ہے کہ ظاہری علم وفضل کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے انہیں تواضع اور خدمت کے کس مقام بلند پر فائز فرمایا ہے۔

حضرت مولاناؒ کے والد ماجد بڑے نازک مزاج اور جلالی بزرگ تھے، خلاف طبع باتوں پر وہ حضرت مولاناؒ کے شاگردوں کے سامنے بھی ان پر بگڑ جاتے تھے لیکن ایسے مواقع پر حضرت مولاناؒ کا رویہ جتنا متواضع اور نیاز مندانہ ہوتا تھا، اس کی مثالیں اب بہت کم ملیں گی۔ والد صاحبؒ کی اطاعت ہی کا مظہر یہ واقعہ بھی ہے کہ حضرت مولاناؒ کا اصل نام جو والدین نے رکھا تھا "سبحان محمود" تھا، جب مولاناؒ کا تعلق ہمارے والد ماجدؒ (حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ) سے ہوا تو حضرت والد صاحبؒ نے ان سے فرمایا کہ "سبحان" نام مناسب معلوم نہیں ہوتا، کیونکہ عام طور سے یہ لفظ اللہ تعالیٰ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ (جیسے سبحان اللہ) حضرت والد صاحبؒ نے مشورہ دیا کہ آپ اپنا نام بدل کر "سحبان محمود" کر لیجئے۔ حضرت مولاناؒ اس تجویز سے متفق بھی تھے اور چاہتے تھے کہ حضرت والد صاحبؒ کی اس ہدایت پر عمل کریں، لیکن جب انہوں نے یہ تجویز اپنے والد سے ذکر کی تو انہوں نے نام بدلنے سے منع کر دیا۔ اب ایک طرف تو مفتی اعظم پاکستانؒ کی تجویز تھی جس سے وہ خود متفق تھے، اور مذکورہ ابہام کی وجہ سے خود اپنے نام کو مناسب نہ سمجھتے تھے لیکن دوسری طرف اپنے والد کا حکم تھا۔ حضرتؒ نے اس مشکل کا حل یہ نکالا کہ اپنے نام کی تبدیلی کا اعلان تو نہیں کیا (کیونکہ اس نام کو صراحتہً ناجائز بھی نہیں کہا جا سکتا تھا اور والد تبدیلی کے حق میں نہیں تھے) لیکن اپنے دستخط اس طرح بنا لئے کہ انہیں "سحبان" بھی پڑھا جا سکتا تھا۔ جب تک مولاناؒ کے والد بقید حیات رہے، انہوں نے نام تبدیل نہیں کیا۔ لیکن والد کی وفات کے بعد ابھی دو تین سال پہلے ختم بخاری کے مجمع عام میں اعلان فرمایا کہ میں حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ کے مشورے کے مطابق اپنا نام تبدیل کرتا ہوں اور آج کے بعد مجھے "سحبان محمود" کہا اور لکھا جائے۔

اندازہ فرمائیے کہ اس واقعے میں کن کن پہلوؤں کی رعایت ہے۔ دستخط میں تو فوراً اس طرح نام تبدیل کر دیا کہ وہ حضرت مفتی صاحبؒ کے مشورے کے مطابق ہو جائے، مگر اعلان اپنے والد کے احترام میں مدتوں روکے رکھا۔ اور پھر تبدیلی کا اعلان ایک ایسے وقت فرمایا جب

وہ ہزار ہا افراد کے مقتدا تھے، عمر کے اس مرحلے میں اس تبدیلی کا اعلان یقیناً بے نفسی کے اعلیٰ ترین مقام کی نشاندہی کرتا ہے۔

حضرت مولاناؒ کو قرآن کریم کی تلاوت کا خاص ذوق تھا۔ وہ بہترین حافظ اور قاری تھے۔ تراویح میں ان کی تلاوت اتنی وجد آفریں ہوتی تھی کہ ہم لوگ خاص ان کی تلاوت سننے کیلئے گولیمار کی مسجد باب السلام جایا کرتے تھے جہاں وہ سالہا سال تراویح پڑھاتے رہے۔ اس وقت وہ رمضان میں تراویح کی علاوہ روزانہ پندرہ پاروں کی تلاوت کرلیا کرتے تھے۔ یوں بھی چلتے پھرتے ان کے ہونٹ تلاوتِ قرآن کریم سے تر رہتے تھے۔ ہم ایسے مواقع ڈھونڈا کرتے تھے کہ جب پنج وقتہ نمازوں میں کوئی جہری نماز حضرت مولاناؒ پڑھائیں تاکہ ان کی تلاوت سننے کی سعادت ولذت حاصل ہوسکے۔

کتابی علم میں عادۃً اس وقت تک برکت نہیں ہوتی جب تک انسان کسی شیخ کامل سے تزکیۂ نفس نہ کرائے۔ حضرت مولاناؒ نے دارالعلوم میں قیام کے دوران ہی اس غرض کیلئے حضرت مولانا عبدالغنی صاحب پھولپوریؒ، حضرت والد صاحبؒ، (حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ) اور آخر میں حضرت ڈاکٹر عبدالحیٔ صاحب سے اصلاحی تعلق قائم فرمایا، اور بالآخر حضرت ڈاکٹر صاحبؒ نے حضرتؒ کو مجاز قرار دیا۔

حضرت مولاناؒ کا علمی اور تدریسی فیض تو دارالعلوم کے ذریعہ تقریباً نصف صدی سے جاری تھا۔ اس دوران حضرتؒ کے شاگردوں کی کم از کم پانچ چھ نسلیں فارغ التحصیل ہوکر علمی و دینی خدمات میں مشغول ہوئیں، اس کے علاوہ کراچی میں اور بیرون کراچی بہت سے مدارس حضرتؒ کے زیر نگرانی چل رہے تھے جنہیں حضرتؒ کی سرپرستی کا شرف حاصل تھا، اور وہ ان سب کو اپنی ہدایات سے فیض یاب فرماتے تھے۔ ان کے شاگرد دنیا کے تقریباً ہر خطے میں پھیلے ہوئے ہیں، لیکن عارف باللہ حضرت ڈاکٹر عبدالحیٔ صاحبؒ کی وفات کے بعد اصلاحِ باطن کیلئے مسلمانوں کا رجوع حضرتؒ کی طرف اتنا بڑھا کہ سینکڑوں افراد نے اپنے تزکیۂ نفس کیلئے حضرتؒ سے فیض حاصل کیا۔ حضرتؒ گلشن اقبال کی جامع مسجد بیت المکرم میں (جو دارالعلوم ہی کے زیر انتظام ہے) سالہا سال سے جمعہ میں خطاب فرماتے، جس میں شرکت کیلئے لوگ دور

دور سے آتے تھے۔ ہفتے کے دن عصر کے بعد حضرتؒ اپنے مکان پر اصلاحی مجلس منعقد فرماتے جس میں دارالعلوم کے اساتذہ وطلبہ کے علاوہ شہر کے بہت سے خواتین وحضرات اہتمام سے شریک ہوتے۔ اس کے علاوہ ہفتے کے مختلف دنوں میں حضرتؒ کی اصلاحی مجلسیں شہر کے مختلف مقامات پر ہوتی تھیں۔ خط وکتابت کے ذریعہ لوگوں کے تربیتی خطوط کا سلسلہ الگ جاری تھا اور ان عمومی مجلسوں کے علاوہ بھی لوگوں کی آمد کا سلسلہ تقریباً روزانہ جاری رہتا تھا، لوگ انفرادی طور پر حضرتؒ کی خدمت میں آتے اور اپنے معاملات میں زرین ہدایات کا ذخیرہ لے کر لوٹتے تھے۔ ہر شخص کے ساتھ حضرتؒ کا معاملہ محبت وشفقت کا تھا اور حضرتؒ کے گوناگوں فیض سے ایک عالم نہال ہو رہا تھا۔

ان کی زندگی شروع سے بااصول تھی۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنے معمولات پر غیر معمولی استقامت عطا فرمائی تھی۔ وہ اپنے نظم اوقات کے اتنے پابند تھے کہ ان کے بعض معمولات کو دیکھ کر گھڑی ملائی جا سکتی تھی۔ ان کے درس کا گھنٹہ اس وقت بجتا تھا جب وہ درسگاہ کے آس پاس پہنچ چکے ہوتے تھے۔ ان کی ہر نماز صف اول میں ادا ہوتی تھی اور اگر وہ صف اول میں نہ ہوتے تو اس کا مطلب یہ ہوتا کہ یا وہ دارالعلوم سے باہر کہیں گئے ہیں یا بیمار ہیں۔ اسی طرح فجر کے بعد تقریباً ۴۵ منٹ تک ان کا چلنا، سفر یا بیماری کے بغیر کبھی ناغہ نہیں ہوتا تھا۔ اس دوران وہ تلاوت وذکر فرماتے رہتے، اوران کے ہونٹ کبھی ذکر سے خالی نہیں ہوتے تھے۔

صحیح بخاری کی دونوں جلدیں دو گھنٹوں میں پابندی سے پڑھاتے اور اگر کبھی کوئی اور گھنٹہ خالی ہوتا تو اسے بھی اپنے درس میں مصروف فرما لیتے۔ اس کے علاوہ دارالعلوم کے انتظامی امور درس سے فارغ ہونے کے بعد ظہر تک انجام دیتے۔ شام کے اوقات زیادہ تر طالبین اصلاح کیلئے وقف تھے۔ پیر کے سوا ہفتے کے ہر دن شہر میں کسی نہ کسی جگہ اصلاحی مجلس سے خطاب فرماتے تھے۔ جمعہ کو گلشن اقبال کی جامع مسجد بیت المکرمؒ میں بیان ہوتا۔ ہفتے کے دن خود اپنے مکان پر مجلس ہوتی۔ اتوار کے دن ڈیفنس سوسائٹی کی مسجد سلطان میں درس ہوتا، منگل کو مسجد بیت المکرم میں، بدھ کو ناظم آباد نمبر 1 کی جامع مسجد میں اور جمعرات کو شادمان ٹاؤن میں مجلس ہوتی تھی۔ صرف پیر کا دن خالی تھا۔ اس میں شہر سے آئے ہوئے مہمانوں

سے ملاقات فرماتے تھے۔

اس طرح بفضلہ تعالیٰ حضرت مولاناؒ کے شب و روز کے تمام اوقات کسی نہ کسی کارِ خیر میں مصروف تھے اور جو وقت اتفاق سے کبھی خالی مل جاتا تو ان کے ہونٹوں کی متواتر حرکت تلاوت یا ذکر اللہ کی گواہی دیتی رہتی تھی۔

ایں سعادت بزورِ بازو نیست
تانہ بخشد خدائے بخشندہ

ناچیز راقم الحروف پر حضرت مولاناؒ کی شفقتیں اور ان کے احسانات اتنے ہیں کہ ان کا شمار ممکن نہیں اس بات کی تو حسرت ہی ہے کہ اپنے بزرگوں کی لامتناہی توجہات اور شفقتوں کے باوجود میں اپنی نااہلی سے ان توجہات کی قدر نہ کر پایا، لیکن احقر کو طلب علم کی جو ٹوٹی پھوٹی مقدار حاصل ہے۔ وہ میرے اساتذہ کی مرہونِ منت ہے اور ان میں حضرت مولانا سحبان محمود صاحب کا اسم گرامی سرفہرست ہے۔ میں اپنی مصروفیات اور اسفار کی بنا پر پچھلے کچھ عرصے سے حضرتؒ کی زیارت وملاقات کی سعادت اپنی خواہش کے مطابق حاصل نہیں کر پاتا تھا، لیکن جس کسی مسئلے میں ذرا الجھن ہوتی، حضرتؒ کی خدمت میں حاضر ہو جاتا اور ان کے چند جملوں سے تشفی ہو جاتی۔

میرے شیخ حضرت ڈاکٹر عبدالحیؒ کی وفات کے بعد بہت سے حضرات نے فرمائش کی کہ میں ہفتہ وار سرکاری تعطیل کے دن لوگوں کو بزرگوں کی باتیں سنایا کروں۔ مجھے اس لئے شدید تامل تھا کہ جس طرح کا اجتماع یہ حضرات چاہتے تھے۔ اس کا انداز اصلاحی مجلس کا تھا، اور میں یقیناً اس کا اہل نہیں، لیکن حضرت مولانا سحبان محمود صاحبؒ نے احقر سے ارشاد فرمایا کہ ''میں تمہیں حکم دیتا ہوں کہ یہ کام شروع کرو'' اس کے بعد انکار کی مجال نہ تھی، چنانچہ پہلے لسبیلہ کی جامع مسجد نعمان میں' اور پھر جامع مسجد بیت المکرم (گلشن اقبال) میں احقر کے بیانات کا سلسلہ (جو اب بھی جاری ہے) حضرتؒ کے حکم سے شروع ہوا۔

مجھے 26/ ذی الحجہ ۱۴۱۹ھ کو مجمع الفقہ الاسلامی ہندوستان میں شرکت کیلئے انڈیا جانا تھا جس کا وعدہ میں نے مدتوں پہلے کیا تھا۔ اس سے چند روز پہلے حضرت مجھکو تشریف لے گئے

تھے۔ لہٰذا مجھے انڈیا جانے سے پہلے بہت سرسری اور مختصر ملاقات میسر آ سکی۔ جو حضرتؒ سے میری آخری ملاقات تھی۔ میں گھر والوں سے کہہ رہا تھا کہ نہ جانے اس مرتبہ انڈیا کے سفر کیلئے طبیعت کیوں آمادہ نہیں ہو رہی؟ میرا یہ سفر انڈیا میں ایک ہفتے کا تھا اور اس کے بعد مجھے وہیں سے لندن جانا تھا۔ میں بادل ناخواستہ انڈیا روانہ ہو گیا اور ابھی دہلی اور پٹنہ ہی پہنچ پایا تھا کہ یہ جانکاہ حادثہ پیش آ گیا۔ اور میں سفر منسوخ کرنے کے باوجود نماز جنازہ کے اگلے دن ہی پہنچ سکا۔

یہ ۲۹ ذی الحجہ کا دن تھا، یعنی ۱۴۱۹ھ کا آخری دن۔ حضرتؒ نے نماز فجر مسجد میں پڑھنے کے بعد حسب معمول صبح کی چہل قدمی کا معمول پورا کیا۔ گھر آ کر بھی تمام معمولات ٹھیک ٹھاک انجام دیئے۔ صبح دس بجے حضرتؒ کا درس بخاری شروع ہوا کرتا تھا۔ اس سے پہلے کچھ دیر دفتر میں انتظامی امور انجام دیا کرتے تھے۔ اس روز بھی دفتر تشریف لے گئے اور کچھ کاغذات نمٹائے۔ وہیں بیٹھے بیٹھے سانس میں کچھ رکاوٹ اور سینے میں کچھ تکلیف شروع ہوئی، اپنے صاحبزادے مولانا احسن محمود کو فون کر کے دفتر بلایا۔ ان کے ساتھ گھر تشریف لے گئے، کپڑے تبدیل فرمائے۔ دارالعلوم کے ڈاکٹر نذیر احمد صاحب کو بلوایا، انہوں نے حضرتؒ کے قلب کے معالج کے مشورے سے ایک انجکشن دیا۔ اسی دوران حضرتؒ اس دنیا سے منہ موڑ گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ہسپتال بھی لیجانے کی کوشش کی گئی، مگر وقت مقدر اس سے پہلے آ چکا تھا۔

یہ سب کچھ بیس پچیس منٹ میں ہو گیا اور مرض الموت سے لے کر آخری سانس تک کے تمام مراحل اسی مختصر وقت میں پورے ہو گئے۔ حضرتؒ انتہائی والہیت کے ساتھ جو دعائیں مانگا کرتے تھے، ان میں یہ دعا بھی ضرور شامل ہوتی تھی کہ اللہ تعالیٰ ہر طرح کی معذوری سے محفوظ رکھیں، اور موت کے مراحل کو آسان فرمائیں۔ حضرتؒ کی یہ دعا قبول ہو چکی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنے پاس ہلکے پھلکے بلا لیا۔ میں تو نماز جنازہ میں شرکت سے محروم رہا، مگر جو حضرات حاضر تھے ان کا بیان ہے کہ حضرت والد صاحبؒ کی نماز جنازہ کے بعد اتنا بڑا مجمع کسی نماز جنازہ میں یہاں کبھی نہیں دیکھا گیا۔ دارالعلوم کی عیدگاہ کا میدان پورا بھرا ہوا تھا اور اس کے باہر بھی آدمی تھے۔ ۱۴۱۹ھ کا سورج غروب ہو رہا تھا جب یہ آفتاب علم و عمل بھی ہم سے روپوش ہو کر

اپنی منزل تک پہنچ گیا۔

دارالعلوم کی فضاؤں میں اور اس کے چپے چپے پر حضرت مولاناؒ کی یادوں کی مہک موجود ہے۔ اس عالم میں کسی کو بقا نہیں، ہر ایک کو اسی منزل کی طرف جانا ہے، لیکن مبارک ہیں وہ جو حضرت مولاناؒ کی طرح کی زندگی گزار کر اور اپنے فیض کا ایک سمندر چھوڑ کر دنیا سے رخصت ہوتے ہیں۔

**اللّٰھم لا تحرمنا اجرہ ولا تفتنا بعدہ.**

(ماہنامہ "البلاغ" جمادی الاخری ررجب ۱۴۲۰ھ راکتوبر ۱۹۹۹ء)

# آہ! حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ

اللہ تعالیٰ نے یہ دنیا ایسی بنائی ہے کہ اس میں غم اور خوشی، راحت اور تکلیف دونوں چیزیں ساتھ ساتھ چلتی ہیں۔ نہ یہاں خوشی خالص ہے نہ غم خالص، اس لئے یہاں غموں اور صدموں کا پیش آنا نہ کوئی اچنبھے کی بات ہے نہ کوئی غیر معمولی چیز، لیکن بعض صدمے ایسے ہوتے ہیں کہ ان کا اثر پوری امت پر پڑتا ہے اور ان کے عالمگیر اثرات کی وجہ سے ان کا زخم مندمل ہونا آسان نہیں ہوتا۔ پچھلے مہینے (رمضان المبارک ۱۴۲۰ھ میں) ایک ایسا ہی عظیم صدمہ مفکرِ اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کا پیش آیا جس نے ہر اس شخص کو ہلا کر رکھ دیا جو حضرت مولاناؒ، ان کی شخصیت اور ان کی خدمات سے واقف ہے۔

انا للّٰہ و انا الیہ راجعون

حضرت مولانا سید ابوالحسن ندوی قدس سرہ ہمارے دور کی ان عظیم شخصیات میں سے تھے جن کے محض تصور سے دل کو ڈھارس اور روح کو یہ اطمینان نصیب ہوتا تھا کہ قحط الرجال کے اس زمانے میں بفضلہٖ تعالیٰ ان کا سایۂ رحمت پوری امت کیلئے ایک سائبان کی حیثیت رکھتا ہے۔ علم وفضل کے شناوروں کی تعداد اب بھی شاید اتنی کم نہ ہو، عبادت و زہد کے پیکر بھی اتنے نایاب نہیں، لیکن ایسی شخصیات جو علم وفضل، سلامت فکر، ورع وتقویٰ اور اعتدال وتوازن کی خصوصیات جمع کر لینے کے ساتھ ساتھ امت کی فکر میں گھلتی ہوں اور جن کے دلِ دردمند میں عالم اسلام کے ہر گوشے کیلئے یکساں تڑپ موجود ہو، خال خال ہی پیدا ہوتی ہیں اور ان کی وفات کا خلا پر ہونا بہت مشکل ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت مولاناؒ کو انہی خصوصیات سے نوازا تھا، اب ان صفات کا جامع دور دور کوئی نظر نہیں آتا۔

حضرت مولاناؒ اصلاً دارالعلوم ندوۃ العلما لکھنؤ کے تعلیم وتربیت یافتہ تھے، لیکن اس کے بعد انہیں اللہ تعالیٰ نے دارالعلوم دیوبند سے بھی اکتساب فیض کی توفیق عطا فرمائی تھی اور اس طرح ان کی ذات میں برصغیر کے ان دونوں عظیم اداروں کے محاسن جمع فرما دیے تھے پھر علم

ظاہر کے اس مجمع البحرین کو اللہ تعالیٰ نے علم باطن کا بھی حصۂ وافر عطا فرمایا۔ انہوں نے حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت وصحبت سے فیض حاصل کیا۔ اور طریقت کے میدان میں بھی حضرت رائے پوری قدس سرہ کے خلیفۂ مجاز کی حیثیت سے آپ کا فیض دور دور تک پھیلا۔

آپ کی اردو اور عربی تصانیف اتنی ایمان افروز، فکر انگیز اور معلومات آفریں ہیں کہ وہ دل کو ایمان ویقین سے سرشار کرنے کے علاوہ دین کا صحیح مزاج، مذاق انسان پر واضح کرتی ہیں اور اسے افراط وتفریط سے ہٹا کر اعتدال کے اس جادۂ مستقیم پر لے آتی ہیں جو ہمارے دین کا طرۂ امتیاز ہے۔ ان کی تحریروں میں علم وفکر کی فراوانی کے ساتھ بلا کا سوز وگداز ہے جو انسان کو متاثر کیے بغیر نہیں رہتا۔ خاص طور پر مغربی افکار کی یورش نے ہمارے دور میں جو فکری گمراہیاں پیدا کی ہیں اور عالم اسلام کے مختلف حصوں میں جو فتنے جگائے ہیں، ان پر حضرت مولاناؒ کی نظر بڑی وسیع وعمیق تھی اور انہوں نے اپنی تقریر وتحریر کے ذریعے ان فتنوں کی تشخیص اور ان کے علاج کی نشاندہی اتنی سلامت فکر کے ساتھ اتنے دلنشین انداز میں فرمائی ہے کہ عہد حاضر کے مؤلفین میں شاید ہی کوئی دوسرا ان کی ہمسری کر سکے۔

اللہ تعالیٰ نے انہیں عربی زبان کی تحریر وتقریر پر وہ قدرت عطا فرمائی تھی جو بہت سے عرب اہل قلم کیلئے بھی باعث رشک تھی، اس منفرد صلاحیت سے انہوں نے خدمت اسلام کا وہ عظیم الشان کام لیا جو عربی زبان وادب کے معاصر ماہرین میں سے شاید کسی نے نہ لیا ہو۔ ان کی فصیح وبلیغ عربی تحریروں نے عربوں کو دن کا بھولا ہوا سبق یاد دلایا۔ اور مغرب کی فکری یلغار سے سہمے ہوئے عرب ممالک میں دین کا پیغام اتنی خود اعتمادی، اتنے یقین اور اتنے پرجوش انداز میں پہنچایا کہ آج بیشمار عرب مسلمان اپنی اسلامی بیداری کو ان کی تحریروں کا مرہونِ منت سمجھتے ہیں۔ ان کی تحریر وتقریر میں جو اخلاص، دردمندی اور دلسوزی کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی، وہ ان کی سخت سے سخت بات کو بھی مخاطب کیلئے قابل قبول بنا دیتی تھی۔ اس کا نتیجہ تھا کہ عربوں پر کھری کھری تنقید کے باوجود عرب ممالک میں ان کی مقبولیت کسی بھی غیر عرب کے مقابلے میں کہیں زیادہ تھی۔ عرب ملکوں کے مقتدر حلقوں سے بھی ان کے مراسم تھے اور وہ اپنے مراسم کو

خدمت دین کیلئے استعمال فرماتے تھے اور ان کی بدولت بہت سے منکرات کا سد باب ہوا۔ دارالعلوم ندوۃ العلماء کے بارے میں اگر یہ کہوں تو مبالغہ نہیں ہوگا کہ حضرت مولاناؒ کی قیادت نے اس ادارے کو نئی زندگی بخشی۔ یہ ادارہ درحقیقت حضرت مولانا محمد علی صاحب مونگیریؒ نے مسلمانوں کی اہم وقتی ضرورت کا احساس کرتے ہوئے قائم فرمایا تھا اور اس کا مقصد یہ تھا کہ یہاں سے ایسے اہل علم پیدا ہوں جو دینی علوم سے آراستہ ہونے کے ساتھ ساتھ عصری علوم سے بھی اتنی واقفیت رکھتے ہوں جو ان کی دعوت کو معاصر تعلیم یافتہ حضرات میں زیادہ مؤثر بنا سکے۔ یہ ایک عظیم الشان مقصد تھا، لیکن رفتہ رفتہ اس ادارے میں تاریخ وادب اتنا غالب آتا گیا کہ اس کی دینی چھاپ ماند پڑنے لگی۔ حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ نے دارالعلوم ندوۃ العلماء کو دوبارہ اپنے اصل مقاصد کی طرف اس حکمت اور بصیرت کے ساتھ لوٹایا کہ اس کی نمایاں خصوصیت بھی برقرار رہی۔ اس کے ساتھ اس میں ٹھیٹھ اسلامی علوم کا معیار بھی پہلے سے کہیں زیادہ بلند ہوا۔ اس کی مجموعی فضا پر تدین تقوی اور انابت الی اللہ کا رنگ بھی نمایاں ہوا اور تاریخ وادب کو دین کی دعوت اور مقاصد شریعت کا خادم بنا کر اس طرح استعمال کیا گیا کہ یہ ادارہ دعوت وخدمت دین کا ایک اہم مرکز بن گیا جس کی خدمات سے پورے عالم اسلام نے استفادہ کیا۔ حضرت مولاناؒ نے اپنی انتھک جد وجہد سے اس ادارے میں اپنے ہم رنگ علماء کی ایک بڑی کھیپ تیار فرمائی جو بفضل تعالیٰ حضرت مولاناؒ کے انداز فکر وعمل کی امین ہے اور انہی کے طرز وانداز پر دین کے مختلف شعبوں میں گرانقدر خدمات انجام دے رہی ہے۔

یوں تو حضرت مولاناؒ کی تمام ہی تصانیف ہمارے ادب کا بہترین سرمایہ ہیں لیکن ''تاریخ دعوت وعزیمت'' اور'' دنیا پر مسلمانوں کے عروج وزوال کا اثر'' اور عالم اسلام میں اسلامیت اور مغربیت کی کشمکش'' یہ تین کتابیں ایسی ہیں کہ راقم الحروف نے ان سے خاص طور پر بہت استفادہ کیا اور ان کے ذریعے بہت سی زندگیوں میں فکری اور عملی انقلاب رونما ہوا۔ اس کے علاوہ ان کے بہت سے چھوٹے چھوٹے مقالے جو الگ کتابچوں کی شکل میں شائع ہوئے ہیں، بلا کی تاثیر رکھتے ہیں۔ خاص طور پر'' اسمعوها منى صريحة ايها العرب'' اور'' من عار حر اتر تسد الصحوة اسلاميه '' اور آخر میں وہ مقالے ہیں جنہوں نے دلوں کو جھنجھوڑ

کرانہیں فکر وعمل کی سیدھی راہ دکھائی۔

عصری ضرورتوں کا احساس ہمارے دور میں بہت سے علماء، رہنماؤں اور اہل قلم کو ہوا اور انہوں نے اخلاص کے ساتھ دین کی عصری حاجتوں کی تکمیل میں اپنی توانائیاں صرف کیں لیکن بسا اوقات عصری حاجتوں کی فکر نے ان کو دین کی سکہ بند اور ٹھیٹھ تعبیر سے ڈگمگا کر ایسی راہ اختیار کرنے پر آمادہ کر دیا جو جمہوریت امت اور سلف صالحین کے جادۂ مستقیم سے ہٹی ہوئی تھی۔ لیکن حضرت مولانا علی میاں قدس سرہ کا معاملہ ان سے کہیں مختلف تھا۔ اس دور کا کوئی بھی حقیقت پسند انسان اس بات سے انکار نہیں کر سکتا کہ وہ امت مسلمہ کی عصری ضروریات کا مکمل احساس و ادراک رکھتے تھے۔ لیکن ان ضروریات کی تکمیل انہوں نے ہمیشہ جمہور امت کے مسلمہ عقائد و نظریات کے دائرے میں رہتے ہوئے کی اور کسی قسم کی مرعوبیت اور معذرت خواہی کی پر چھائیں بھی ان کی تحریروں پر نہیں پڑ سکی۔

جب مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی صاحب مرحوم نے جماعت اسلامی کی بنیاد ڈالی تو وقت کی ایک اہم ضرورت سمجھ کر حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ نے بھی ان کا ساتھ دیا۔ لیکن جب ان کے طرز فکر وعمل سے اختلاف سامنے آیا تو حضرت مولاناؒ ان سے الگ تو ہو گئے لیکن جماعت اسلامی اور مولانا مودودی صاحبؒ کی مخالفت کو اپنا ہدف نہیں بنایا، بلکہ مغربی افکار کی تردید میں انہوں نے جو قابل قدر کام کیا تھا، اس کی تعریف و توصیف میں کبھی بخل سے کام نہیں لیا۔ اور بالآخر ان کے طرز فکر وعمل پر جو عالمانہ تنقید حضرت مولاناؒ نے ''اسلام کی سیاسی تعبیر'' میں سپرد قلم فرمائی وہ انہی کا حق تھا۔ اس کتاب کے ذریعے انہوں نے مولانا مودودیؒ اور ان کے طرز فکر کے حامل دوسرے اہل علم سے اپنے اختلاف کو انتہائی متانت کے ساتھ مدلل اور مستحکم انداز میں بیان فرما کر ان بنیادی نکات کی نشاندہی فرمائی جن میں ان حضرات کی سوچ قرآن وسنت کے جادۂ اعتدال سے ہٹ گئی تھی۔

حضرت مولاناؒ کی پوری زندگی ایک جہد مسلسل سے عبارت تھی، دنیا کے کسی بھی خطے میں مسلمانوں کی کوئی تکلیف یا خرابی ان کے دل میں کانٹا بن کر چبھ جاتی تھی اور وہ مقدور بھر اس کے ازالے کیلئے بے چین ہو جاتے تھے۔ ان کی خودنوشت سوانح حیات ''کاروان زندگی''

کے نام سے چھ جلدوں میں شائع ہوئی ہے اور اس کے مطالعے سے ان کی ہمہ جہتی خدمات کا تھوڑا بہت اندازہ ہو سکتا ہے۔ بلکہ مجھے تو اس بات پر حیرت ہے کہ اتنی مصروف زندگی میں انہوں نے اپنی یہ سوانح کس طرح تالیف فرمائی جس میں ان کی سرگرمیوں کی تفصیلات اتنی جزرسی کے ساتھ بیان ہوئی ہیں۔ سچ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کسی سے کام لیتے ہیں تو اس کے اوقات میں بھی برکت عطا فرما دیتے ہیں۔ اس سوانح کی خصوصیت یہ ہے کہ وہ محض واقعاتِ زندگی کی داستان نہیں ہے بلکہ اس میں قدم قدم پر قاری کے لئے فکر و بصیرت کے نئے نئے پہلو اجاگر ہوتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے انہیں جن ہمہ جہتی خدمات کیلئے چنا تھا ان کے پیش نظر وہ کسی ایک ملک کی نہیں پورے عالم اسلام کی شخصیت تھی۔ میرے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرہ کے سامنے جب کبھی حضرت مولانا کا ذکر آتا تو اکثر وہ فرمایا کرتے تھے کہ وہ "موفق من اللہ" ہیں اور جوں جوں حضرت مولانا کی خدمات سامنے آتی گئیں حضرت والد صاحب قدس سرہ کے اس جملے کی حقانیت واضح ہوتی گئی۔ لیکن ان ہمہ جہتی خدمات اور عالمگیر مقبولیت کے باوجود حضرت مولانا تواضع کے پیکر تھے۔ ان کے کسی انداز و ادا میں عجب و پندار کا کوئی شائبہ نہیں تھا۔ قبول حق کیلئے ان کا ذہن ہمیشہ کھلا ہوا تھا اور وہ اپنے چھوٹوں سے بھی ایسا معاملہ فرماتے تھے جیسے ان سے استفادہ کر رہے ہوں۔

مجھ ناچیز کے ساتھ حضرت مولانا کی شفقت و محبت اور عنایت کا جو معاملہ تھا اسے تعبیر کرنے کے لئے الفاظ ملنے مشکل ہیں۔ اگرچہ پاکستان اور ہندوستان کے بُعد کی بنا پر مجھے حضرت مولانا سے شرف ملاقات اور حضرت کی صحبت سے مستفید ہونے کے مواقع کم ملے۔ لیکن الحمدللہ خط و کتابت کے ذریعے ان سے تعلق قائم رہا۔ میں نے اپنے بہت سے ذاتی اور اجتماعی مسائل میں حضرت مولانا سے رہنمائی طلب کی اور انہوں نے ہمیشہ بڑی شفقت و محبت کے ساتھ اپنے ارشادات سے نوازا۔ میں ایسے مواقع کی تلاش میں رہتا تھا جب حضرت مولانا کی زیارت۔ ملاقات کا شرف حاصل ہو۔ میرا یہ اشتیاق سو فیصد فطری تھا کہ میرے لیے ان کی حیثیت ایک رہنما کی تھی میں اس بات کا حاجت مند تھا کہ ان کی صحبت جتنی ہو سکے میسر آئے

لیکن یہ حضرت مولانا کی شفقت کی انتہا تھی کہ وہ بھی محض اپنے الطاف کریمانہ کی بنا پر مجھے اس سعادت سے بہرہ ور کرنے کی کوشش فرماتے تھے۔ ایک مرتبہ مجمع الفقہ الاسلامی ہند کا اجلاس بنگلور میں ہونا تھا۔ احقر نے حاضری کا فی الجملہ وعدہ کرلیا تھا۔ حضرت مولانا کا گرامی نامہ آیا کہ میں نے تم سے ملنے کی خاطر اس سفر کا ارادہ کیا ہے۔ بعد میں اتفاق سے مجھے ایسی مجبوری پیش آ گئی کہ میں وہاں نہ پہنچ سکا اور اس وقت ان کی زیارت سے محروم رہا۔ میں اپنی نادانی سے یہ سمجھا تھا کہ حضرت نے احقر کی خاطر داری کیلئے مذکورہ بالا فقرہ لکھ دیا ہوگا لیکن بعد میں انہوں نے اپنے خطوط میں جس طرح اس پر افسوس کا اظہار فرمایا اور صرف خطوط ہی میں نہیں، اپنی خودنوشت سوانح میں بھی اس واقعے کا جس طرح ذکر فرمایا ہے وہ احقر کو غرق ندامت کرنے کیلئے کافی ہے۔ حضرت تحریر فرماتے ہیں:

> 15,14 ذی القعدہ 1410ھ 11,10,9,8 جون 1990ء کی تاریخوں میں مجمع الفقہ الاسلامی ہند کا تیسرا عالمی مذاکرۂ علمی (سیمینار) بنگلور میں دارالعلوم سبیل الرشاد کے احاطہ میں منعقد ہونے والا تھا۔ میں نے رائے بریلی کے قیام میں احتیاطاً مجلس کیلئے مقالہ عربی میں تیار کرلیا تھا۔ مقالہ اگرچہ تیار تھا اور بنگلور کا موسم بمبئی سے کہیں زیادہ خوشگوار و خشک بھی ہوتا ہے۔ اس کے باوجود اس موقع پر سفر کے بارے میں بڑا تردد تھا۔ اس کی وجہ یہ احساس تھا کہ فقہ پر راقم کو وہ درجۂ اختصاص اور مطالعے کی وسعت و عمق حاصل نہیں جو اس اہم مذاکرۂ علمی میں شرکت کیلئے ضروری ہے۔ اس لئے شرکت سے معذرت کا رجحان غالب تھا پھر صحت و افتادِ طبع کی بنا پر جن علمی مجالس میں بہت ''دھوم دھام'' ہوتی ہے انہیں شرکت کرنے سے بھی طبیعت گریز کرتی ہے لیکن کچھ تو مولانا مجاہد الاسلام صاحب جیسے قابلِ احترام، قدیم اہل تعلق اور فاضل داعی سے شرم دامن گیر تھی۔ پھر اس سب پر مستزاد یہ توقع تھی کہ فاضل گرامی قدر اور محب محترم مولانا جسٹس محمد تقی عثمانی صاحب بھی اس مذاکرے میں شرکت کیلئے خصوصی طور پر کراچی سے تشریف

لانے والے ہیں۔ بمبئی میں بھی مجھے ان کا خط ملا تھا جس میں اس سفر کی آمادگی تیاری اور ملاقات کے شوق کا ذکر تھا۔ ان کے برادر محترم مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب سے بمبئی میں ملاقات بھی ہوئی تھی جو حیدرآباد کی ایک دعوت پر تشریف لائے تھے اور مولانا تقی عثمانی کی آمد و شرکت کے متوقع تھے۔ بہر حال ان اسباب کی بنا پر بنگلور کے سفر کا فیصلہ کرلیا گیا۔

مولانا محمد تقی عثمانی صاحب غالباً سیٹ نہ ملنے کی وجہ سے تشریف نہیں لاسکے جس کی ذاتی طور پر مجھے بے حد کمی محسوس ہوئی۔ غالباً ان کی عدم شرکت کی بنا پر مجھ ہی کو اس موقر مجلس مذاکرہ کا صدر فرض کرلیا گیا۔

(کاروان زندگی ص318 تا222 ھ)

اللہ اکبر! تواضع وانکسار اور چھوٹوں پر شفقت وعنایت اور ان کی قدر افزائی کی اس سے بڑھ کر کیا مثال ہوسکتی ہے؟ پھر بنگلور کے اس سفر میں ملاقات نہ ہوسکنے کا تاثر حضرت پر اس وقت تک رہا جب تک تین ماہ بعد ان سے مکہ مکرمہ میں ملاقات نہ ہوگئی۔ اس ملاقات کا تذکرہ بھی حضرت نے کاروان زندگی میں اس طرح فرمایا ہے۔

''راقم کی نگاہیں اس موتمر میں پاکستان کے ان مانوس ومحبوب چہروں کو ڈھونڈ رہی تھیں جس سے خصوصی دینی وفکری رابطہ اور انس ومحبت کا رشتہ ہے۔ اچانک جسٹس مولانا محمد تقی عثمانی، حکیم عبدالرحیم اشرف صاحب اور جسٹس افضل چیمہ صاحب پر نظر پڑی۔ یہ حضرات بھی غالباً اسی شوق وجستجو میں تھے۔ یہ حضرات مغرب کے بعد ڈاکٹر مولوی عبداللہ عباس ندوی صاحب کے مکان پر تشریف لے آئے، وہیں عشا کی نماز پڑھی، کھانا نوش فرمایا اور دیر تک مجلس رہی۔ اس طرح بنگلور میں فقہی سیمینار کے موقع پر جو 11,8 جون 90ء کو منعقد ہوا تھا، مولانا محمد تقی صاحب عثمانی سے (جو ایک مجبوری سے تشریف نہیں لاسکے تھے) نہ ملنے کی حسرت پوری ہوگئی۔ دیر تک مجلس رہی جس میں پاکستان کے حالات پر بھی تبصرہ ہوا۔ آخری دن مولانا سمیع

الحق صاحب مہتمم دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک سے اچانک ملاقات ہوئی۔ان سے بھی راقم کا خاص رابطہ ہے۔اس مجموعے میں اگر محترمی مولانا ظفر احمد انصاری صاحب کو شامل کر لیا جائے تو جہاں تک راقم کا تعلق ہے یہ پاکستان کے وہ معتمد ترین اور منتخب ترین افراد ہیں جن سے راقم کو خصوصی رابطہ وتعلق ہے۔اور وہ بھی اس عاجز پر خصوصی کرم فرماتے ہیں۔مولانا محمد تقی عثمانی صاحب کی راقم کے دل میں جو قدر و منزلت ہے اس سے اس کے احباب بخوبی واقف ہیں اور ان کو بھی غالباً اس کا احساس ہے۔''

(کاروانِ زندگی ص 304 ج 4)

حضرت کی خصوصی شفقت کا یہ عالم تھا کہ جب کبھی ان کی کوئی نئی تالیف آتی اس کا ایک نسخہ اپنے دستخط کے ساتھ مجھ ناکارہ کو ضرور بھجواتے۔اس معاملے میں ڈاک پر اعتماد نہ تھا۔اس لئے کوشش یہ فرماتے کہ کسی آنے والے کے ذریعے دستی پہنچ جائے۔اور بعض اوقات احتیاطاً کئی آدمیوں کے ذریعے ایک ہی کتاب کے کئی نسخے بھجوا دیتے تھے۔جب حضرت کی معرکۃ الآرا تالیف ''المرتضیٰ'' منظر عام پر آئی تو اس کے کئی نسخے احقر کے پاس بھیجے اور حکم فرمایا کہ اس پر البلاغ میں بے لاگ تبصرہ لکھوں۔احقر نے حکم کی تعمیل کی اور کتاب کی نمایاں خصوصیات ذکر کرنے کے ساتھ چند طالب علمانہ گزارشات بھی پیش کیں۔حضرت نے ان گزارشات کی ایسی قدر افزائی فرمائی کہ میں پانی پانی ہوگیا۔اس واقعے کا ذکر بھی حضرت نے ''کاروانِ زندگی'' میں کیا ہے۔''المرتضیٰ'' کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

''بعض حلقوں میں کتاب کا استقبال اور ردِ عمل مصنف کی توقع اور کتاب کی قدر و قیمت کے خلاف ہوا۔مؤلف کتاب کو ایسے خطوط اور تنقیدی تبصرے بھی ملے جن میں سخت و تیز و تند لہجہ استعمال کیا گیا اور چبھتی ہوئی طنزیہ زبان میں کتاب اور مؤلف کتاب کو نشانۂ تنقید و تضحیک بنایا گیا، رسائل کے تبصرے بھی عام طور پر پھیکے اور خانہ پری کا نمونہ تھے (اس کلیے میں البلاغ کراچی کا وہ منصفانہ، حقیقت پسندانہ اور فراخ دلانہ تبصرہ ایک ممتاز و مستثنیٰ

حیثیت رکھتا ہے۔ جو فاضل گرامی جسٹس مولانا محمد تقی عثمانی کے قلم سے نکلا اور رسالہ ''البلاغ'' رمضان المبارک 1409ھ کے شمارے میں شائع ہوا)

(کاروانِ زندگی ص34 ج4)

حضرت مولانا کے جو مکاتیب میرے پاس محفوظ ہیں۔ان کی تعداد بھی خاصی ہے۔ چونکہ ان مکاتیب میں پڑھنے والے کیلئے کوئی نہ کوئی سبق ضرور موجود ہے اس لئے میں ان میں سے چند مکاتیب ابلاغ ہی میں الگ سے اشاعت کیلئے دے رہا ہوں ان میں راقم الحروف کے بارے میں شفقت آمیز کلمات ہیں وہ احقر کیلئے سعادت اور فال نیک ضرور ہیں اور دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ مجھے ان کا اہل بننے کی توفیق عطا فرمائیں لیکن انہیں پڑھ کر کوئی صاحب احقر کی حقیقی حالت کے بارے میں کسی غلط فہمی یا خوش فہمی کا شکار نہ ہوں البتہ یہ مکتوب نگار کی عظمت کی دلیل ضرور ہیں کہ وہ اپنے چھوٹوں سے بھی کس عزت افزائی کا معاملہ فرماتے تھے۔

حضرت مولانا نے میری کتاب ''عیسائیت کیا ہے؟'' بہت پسند فرمائی اور اس کے عربی اور انگریزی ترجمے پر بھی زور دیا جو الحمدللہ ان کی دعاؤں سے شائع ہوا اور عربی ترجمے کیلئے مترجم کی خدمت میں ہدیہ بھی پیش فرمایا اور اس پر مفصل مقدمہ بھی لکھا۔ آخری دور میں حضرت نے میری کتاب ''تکملہ فتح الملہم'' پر بھی اپنی گوناگوں مصروفیات کے باوجود مبسوط مقدمہ تحریر فرمایا۔

امسال دار العلوم کراچی کی طرف سے شوال کے آخر میں فضلائے دار العلوم کی دستار بندی کیلئے سالہا سال کے بعد ایک جلسہ منعقد کرنے کا خیال ہے۔ مقصد یہ تھا کہ اس موقع پر اکابر علماء کا ایک اجتماع بھی ہو جائے۔ اس موقع پر جن اکابر علماء کو دعوت دینے کا خیال تھا ان میں حضرت مولانا کا اسم گرامی سرفہرست تھا۔ چنانچہ احقر نے جمعرات 21 رمضان المبارک کو ندوۃ العلماء میں فون کیا۔ معلوم ہوا کہ حضرت رائے بریلی میں تشریف فرما ہیں وہاں فون کیا تو حضرت اس وقت فون کے پاس نہیں تھے۔ فاضل گرامی جناب مولانا محمد رابع ندوی صاحب سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ الحمدللہ حضرت کی صحت بہتر ہے۔ فالج کا جو اثر پچھلے دنوں ہوا تھا۔ بفضلہ تعالیٰ وہ اب زائل ہو چکا ہے اور حضرت کمزوری کے باوجود روزے بھی

رکھ رہے ہیں۔ یہ سن کر الحمدللہ بہت اطمینان ہوا۔ جناب مولانا رابع صاحب نے میرا پیغام حضرت تک پہنچانے کا وعدہ کیا اور فرمایا کہ آپ سے حضرت کو جو محبت ہے اس کے پیش نظر وہ اس دعوت کو ضرور اہمیت دیں گے۔ تاہم میں نے ان سے وہ مناسب وقت معلوم کیا جس میں ان سے براہ راست بات ہو سکے۔ مولانا نے فرمایا کہ صبح دس بجے کے قریب حضرت فون کے پاس ہوتے ہیں میں نے ارادہ کیا کہ انشاء اللہ ہفتے کی صبح کو حضرت سے ہمکلامی کا شرف حاصل کروں گا۔ لیکن اللہ تعالیٰ کو کچھ اور ہی منظور تھا۔ جمعہ کی رات کو میرے بھتیجے عزیز خلیل اشرف عثمانی صاحب سلمہ نے فون پر بتایا کہ ریڈیو ٹیلیویژن سے حضرت کی وفات کی خبر نشر ہو چکی ہے۔ دل پر بجلی سی گری، مگر اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر سر تسلیم خم کئے بغیر چارہ نہ تھا۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنے پاس بلانے کیلئے رمضان کا مبارک مہینہ، جمعہ کا مقدس دن اور وہ وقت منتخب فرمایا جس میں وہ تلاوت قرآن کریم میں مشغول تھے۔ ان کی زندگی جتنی پاکیزہ تھی اللہ تعالیٰ نے موت بھی ایسی ہی پاکیزہ عطا فرمائی۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون۔

اس واقعے پر یوں تو ہر مسلمان تعزیت کا مستحق ہے۔ لیکن خاص طور پر حضرت کے اہل خانہ، دارالعلوم ندوۃ العلماء کے منتظمین اور اساتذہ، نیز حضرت کے تمام متوسلین کی خدمت میں البلاغ کی طرف سے پیغام تعزیت پیش ہے۔

حضرت مولانا اب دنیا میں نہیں ہیں لیکن انہوں نے جو گرانقدر ماثر چھوڑے ہیں۔ وہ انشاء اللہ رہتی دنیا تک امت کی رہنمائی کریں گے۔

اللهم لا تحرمنا اجره و لا تفتنا بعده، اللهم اكرم نزله ووسع مدخله و ابدله داراً خيراً من داره و اهلاً خيراً من اهله و اغسله بماء الثلج و البرد و نقه من الخطايا كما ينقى الثوب الابيض من الدنس. آمين يا ارحم الراحمين.

(ماہنامہ ''البلاغ'' ذی قعدہ ۱۴۲۰ھ / فروری ۲۰۰۰ء)

# آہ! حضرت مولانا محمد عاشق الٰہی صاحب بلند شہریؒ

اس رمضان کے آغاز میں افغانستان کے المیے سے دل وجگر زخمی تو تھے ہی، اس حادثۂ وفات نے صدمے کو دو چند کردیا۔ کیونکہ وہ ان ہستیوں میں سے تھے، جن کی وفات کسی ایک فرد یا خاندان کے لیے نہیں، پوری امت کے لئے ایک المناک سانحہ اور ناقابل تلافی نقصان ہوتی ہے۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون۔

میں 4 رمضان المبارک ۱۴۲۲ھ کو المجلس الشرعی کے ششماہی اجلاس میں شرکت اور عمرے کی ادائیگی کیلئے مکہ مکرمہ گیا تھا۔ اور وہیں پر مقیم تھا، بدھ کے دن جو پاکستان کے حساب سے رمضان کی بارہویں تاریخ تھی اور سعودی عرب کے حساب سے تیرہویں، عصر کے بعد مدینہ منورہ سے میرے بھانجے عزیزم مولانا امین اشرف سلمہ کا فون آیا، اور انہوں نے یہ جانکاہ خبر سنائی کہ آج مولانا محمد عاشق الٰہی صاحب رحمۃ اللہ علیہ اپنے مالکِ حقیقی سے جا ملے۔ انہیں دل کی تکلیف تو مدت سے تھی، اور چند روز قبل اسی سلسلے میں، وہ دو روز ہسپتال میں بھی رہے تھے، لیکن پھر طبیعت سنبھلنے پر گھر آ گئے تھے۔ ان کا گھر حرم نبویؐ سے کافی فاصلے پر جبل اُحد کے قریب تھا، لیکن ان کا معمول یہ تھا کہ رمضان المبارک کے شروع میں وہ حرم کے قریب رباط بخارا میں آ کر مقیم ہو جایا کرتے تھے۔ اس رمضان میں بھی انہوں نے اپنا یہ معمول پورا کیا، بدھ کے روز انہوں نے روزہ بھی رکھا، فجر کی نماز حرم جا کر ادا کی، حالانکہ رباط بخارا سے حرم کا فاصلہ بھی ایک دل کے مریض کے لئے اچھا خاصا ہے۔ فجر کے بعد قیام گاہ پر آ کر صبح ساڑھے نو بجے تک وہ قرآن کریم کی تلاوت میں مشغول رہے، اور اس کے بعد آرام کے لیے لیٹ گئے، گھر والے ڈھائی بجے سہ پہر تک اس تاثر میں رہے کہ سو رہے ہیں۔ ان کے صاحبزادے مولوی عبدالرحمٰن کوثر صاحب سلمہ، اس روز عمرے کے لئے مکہ مکرمہ جانے کے لئے تیار تھے، الوداعی ملاقات کے لئے مولاناؒ کے پاس آئے اور جب چند بار آواز دینے پر جواب نہ ملا تو جسم ٹٹول کر دیکھا، اس وقت پتہ چلا کہ مولاناؒ دنیا کو خیر باد کہہ کر عالم آخرت کی

طرف روانہ ہو چکے ہیں۔ مولاناؒ کا پاسپورٹ پاکستانی تھا، اور وہ اقامہ کی بنیاد پر سعودی عرب میں رہتے تھے، ایسے حضرات کی تدفین کے لئے متعدد قانونی کارروائیاں درکار ہوتی ہیں، اور ان کی تکمیل میں خاصا وقت لگ جاتا ہے اس لئے خیال یہ تھا کہ مولاناؒ کی تدفین جمعرات کی صبح سے پہلے ممکن نہ ہوگی، چنانچہ میں سوچ رہا تھا کہ مکہ مکرمہ میں تراویح پڑھنے کے بعد میں سڑک کے ذریعے مدینہ منورہ چلا جاؤں، اور وہاں جنازے میں شریک ہوں، لیکن جب مغرب کے بعد میں نے مدینہ منورہ فون کیا تو معلوم ہوا کہ حکام نے غیر معمولی طور پر کاغذی کارروائی سے پہلے تدفین کی اجازت دیدی ہے، اور اب نماز جنازہ عشاء کے بعد ہوگی۔ اب میرے پہنچنے کا کوئی راستہ نہ تھا اللہ تعالیٰ نے ان کی سنت کے مطابق جلد تدفین کے لئے معمولی اسباب پیدا فرمادیئے۔ حرم نبویؐ میں تراویح اور وتر کے بعد نماز جنازہ ادا کی گئی، اور اس کے متصل بعد مولاناؒ جنت البقیع کی اس مبارک مٹی کے سپرد کردیئے گئے جس کی آس میں انہوں نے اپنی زندگی کے آخری چھبیس سال گذارے تھے۔ میں جنازے میں شریک نہ ہوسکا، اور اگلے دن مدینہ منورہ پہنچا، لیکن برادر مکرم حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہم کو حسن اتفاق سے بدھ کی شام کو مدینہ منورہ پہنچے تھے، جنازے اور تدفین میں شرکت کا موقع مل گیا۔

مولاناؒ کی شخصیت اس آخری دور میں ان گنی چنی ہستیوں میں سے تھی جن کے تصور سے اس پر آشوب دور میں ڈھارس بندھتی تھی۔ وہ ان اہل اللہ میں سے تھے جن کو دنیا کی محبت چھو کر بھی نہیں گذرتی، جن کا لمحہ لمحہ رضائے الٰہی کا پابند ہو کر آخرت کی تیاری میں گذرتا ہے، اور جن کی دعاؤں کا سایہ پوری امت کے لئے رحمت کا باعث ہوتا ہے، وہ اپنے علم و فضل، زہد و تقویٰ، سادگی اور تواضع میں سلف کی یادگار تھے، اور اللہ تعالیٰ نے ان سے علم و دین کی خدمت کا بڑا کام لیا۔ مدینہ منورہ میں ان کی ذات ایک مرجع کی حیثیت رکھتی تھی، اور شب و روز ان کے فیض کا سلسلہ جاری رہتا تھا۔ پچھلے چھبیس سال میں جتنی بار مدینہ منورہ حاضری ہوتی، روضۂ اقدس پر سلام عرض کرنے اور مسجد نبویؐ میں حاضر ہونے کے بعد مولاناؒ کی زیارت و ملاقات اس حاضری کا لازمی حصہ ہوتی تھی۔ جمعرات ۱۳ رمضان کو جب میں مدینہ منورہ پہنچا تو گزشتہ چھبیس سال میں یہ پہلا موقع تھا کہ ان کی زیارت و ملاقات کا اب کوئی راستہ نہ تھا۔ ان کے گھر

پر حاضری ہوئی، ان کے لکھنے پڑھنے کا کمرہ اسی درویشانہ شان سے کھلا ہوا تھا اور ایسا محسوس ہوتا تھا کہ وہ ابھی کام کرتے کرتے تھوڑی دیر کیلئے کہیں گئے ہیں۔ لیکن وہ جب دور جا چکے تھے، اور ان کی یادیں دل و دماغ میں ایک ایک کر کے صف آرا ہو رہی تھیں۔

مجھے مولانا سے سب سے پہلے غائبانہ تعارف ان کی مقبول عام کتاب ''مرنے کے بعد کیا ہوگا؟'' کے ذریعے ہوا جو بلا مبالغہ لاکھوں کی تعداد میں مختلف ناشروں نے شائع کی ہے، لیکن اس وقت یہ اندازہ نہ تھا کہ ان سے اتنی قربت حاصل ہونے کا بھی موقع ملے گا مولانا ہندوستان میں مقیم تھے، اس لئے ملاقات بھی آسان نہ تھی۔ لیکن ایک مرتبہ دارالعلوم کراچی میں میرے والد ماجد مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرہ کو اونچے درجے کے اساتذہ کی ضرورت ہوئی۔ اس وقت حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہم (موجودہ صدر وفاق المدارس العربیہ و مہتمم جامعہ فاروقیہ) ہمارے دارالعلوم میں استاذ حدیث تھے، انہوں نے بتایا کہ مولانا محمد عاشق الٰہی صاحب پاکستان جاتے ہیں، انہوں نے ہی تجویز پیش کی کہ انہیں بحیثیت استاذ دارالعلوم کراچی میں بلا لیا جائے۔ حضرت والد صاحب قدس سرہ نے یہ تجویز منظور فرما کر مولانا کو دعوت دی اور مولانا ۱۳۸۴ھ میں پاکستان آ کر دارالعلوم سے منسلک ہو گئے۔

دارالعلوم میں مولانا کے قیام کے دوران انہیں قریب سے دیکھنے کا موقع ملا، ان کی درویشانہ زندگی، سادگی اور تواضع کے ساتھ ان کے علمی اور تصنیفی ذوق کا مشاہدہ قدم قدم پر ہوتا رہا۔ مولانا سے اگرچہ ہم نے کوئی باضابطہ کتاب نہیں پڑھی، مگر درجے کے لحاظ سے وہ ہمارے اساتذہ کے ہم قرن تھے، اس کے باوجود انہوں نے ہمیں اپنے آپ سے اتنا بے تکلف کیا ہوا تھا کہ ان سے کسی قسم کی بات کرنے میں تکلف کا کوئی پردہ حائل نہیں تھا۔

حضرت والد صاحب قدس سرہ کو مولانا کے اخلاص، للّٰہیت اور کام کی دھن کی بڑی قدر تھی۔ شروع میں مولانا کو تدریس ہی کا کام سونپا گیا تھا، لیکن بعد میں کچھ انتظامی ذمہ داریاں بھی دی گئیں، اور پھر آخر میں حضرت والد صاحب قدس سرہ نے فتویٰ کا کام بھی ان کے سپرد کیا۔ شروع میں مولانا اس کام کو قبول کرنے میں متردد رہے، لیکن حضرت والد صاحبؒ کی نگرانی کی بنا پر یہ کام بھی قبول کیا، اور مدتوں دارالعلوم میں نائب مفتی کی حیثیت سے خدمات انجام

دیتے رہے۔ کام کے لئے مولاناؒ کسی محدود وقت کے پابند نہ تھے، کام کی دھن انہیں شب و روز مشغول رکھتی تھی، اور دارالافتاء میں وہ بکھری ہوئی کتابوں اور پھیلے ہوئے کاغذات کے درمیان رات گئے تک بیٹھے رہتے، اور فتویٰ کی تربیت حاصل کرنے والے طلبہ کا ایک جمگھٹا بھی ان کے گرد رہتا تھا۔

مولاناؒ کی تصنیف و تالیف کا ذوق ابتدا ہی سے تھا، اور ان کی عوامی کتابیں بڑی مقبول اور مفید ثابت ہوئی تھیں۔ ان دنوں البلاغ کی ادارتی ذمہ داریاں کلی طور پر میرے پاس تھیں، چنانچہ میں نے مولاناؒ سے درخواست کی کہ وہ خواتین کیلئے مضامین کا ایک سلسلہ البلاغ میں شروع کریں۔ مولاناؒ نے ''خواتین اسلام'' کے نام سے یہ سلسلہ شروع کیا جو نہایت مقبول ہوا، اور بالآخر انہی مضامین کا ضخیم مجموعہ ''تحفۂ خواتین'' کے نام سے شائع ہوا، جو بفضلہ تعالیٰ خواتین کیلئے ایک بہترین رہنما کتاب کی حیثیت رکھتا ہے۔

عوامی کتابوں کے ساتھ ساتھ مولاناؒ نے خالص علمی انداز کی کتابیں بھی تحریر فرمائیں، دارالعلوم کے قیام کے دوران ہی طحاوی کی عربی شرح ''مجانی الانمار'' کی جلد اول شائع ہوئی، بعد میں انہوں نے علامہ سیوطیؒ کی تبییض الصحیفة اور علامہ ابن حجر مکیؒ کی الخیرات الحسان کے حواشی بھی لکھے، اور علمائے دیوبند سہارنپور کی اسانید پر العناقید الغالیة تالیف فرمائی، نیز مقدمہ بذل المجهود کی تکمیل کی سعادت بھی انہیں حاصل ہوئی۔

حضرت والد صاحبؒ کی وفات شوال ۱۳۹۶ھ میں ہوئی، اسی سال حضرت والد صاحب کی وفات سے کچھ پہلے مولاناؒ کے دل میں حجاز مقدس کی طرف ہجرت کرنے کا داعیہ شدت سے پیدا ہوا۔ اور شعبان میں مولاناؒ تنہا عازم حجاز ہو گئے۔ ان کے دل میں تڑپ یہ تھی کہ حرمین شریفین کے نعمت اور بالآخر جنت البقیع کی مٹی نصیب ہو، یہی تڑپ حضرت والد صاحبؒ کی وفات سے کچھ ہی پہلے انہیں سعودی عرب لے گئی تھی، اور بعد میں وہ کہا کرتے تھے کہ اگر میں حضرت مفتی صاحبؒ کی زندگی میں حجاز نہ آ جاتا تو ان کی وفات کے بعد دارالعلوم چھوڑ کر جانا میرے لئے مشکل ہوتا۔ حضرت والد صاحبؒ کی وفات کے بعد بھی انہوں نے دارالعلوم اور اہل دارالعلوم سے محبت و شفقت کا تعلق پوری طرح برقرار رکھا۔ برادر محترم حضرت مولانا مفتی

محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہم نے دارالعلوم کا انتظام سنبھالنے کے بعد ان سے کہدیا تھا کہ آپ دارالعلوم سے مستعفی نہیں ہوئے، بلکہ چھٹی پر ہیں اور آپ کی استاذ دارالعلوم کی حیثیت مستقل برقرار رہے گی۔ چنانچہ انہوں نے اس تعلق کو نبھایا۔ دارالعلوم کے معاملات میں دور رہ کر بھی وہ دخیل رہے، اپنی ہدایات اور مشوروں، بلکہ تنبیہات سے بھی نوازتے رہے۔

کراچی سے حجاز چلے جانے کے بعد ایک عرصے تک انہوں نے معاشی اعتبار سے بڑی تنگی کا دور گذارا، وہ خود حجاز میں تھے اور ان کے اہل خانہ یہاں دارالعلوم میں مقیم تھے، دونوں جگہ کوئی ذریعہ معاش نہیں تھا، لیکن وہ ان لوگوں میں سے نہیں تھے جو کسی تنخواہ یا آمدنی کی وجہ سے سعودی عرب جاتے ہیں ان کا اصل مقصد حرمین شریفین کی برکات حاصل کرنا تھا، اور جو لوگ اس غرض سے ہجرت کرتے ہیں وہ معاشی تنگی اور حالات کی ترشی کو خندہ پیشانی سے برداشت کرتے ہیں، چنانچہ انہیں مدینہ منورہ میں اپنے اہل وعیال کے ساتھ سیٹ ہونے میں کئی سال لگے۔

اللہ تعالیٰ نے انہیں دین اور اس کی ضروریات کی فکر عطا فرمائی تھی، ان کا کوئی کام پیسے کمانے کے لئے نہیں تھا، دین کی جو ضرورت وہ خود پوری کر سکتے، خود پوری کرتے، اور جو ضرورت دوسروں سے متعلق ہوتی، خط و کتابت کے ذریعے دوسروں کو متوجہ فرماتے رہتے تھے، پاکستان میں جو نت نئے فتنے سر ابھارتے، ان کی فکر انہیں وہاں بیٹھ کر بعض اوقات یہاں کے لوگوں سے بھی زیادہ ہوتی، اور وہ ان کی مقاومت کیلئے یہاں کے حضرات پر زور دیتے رہتے تھے۔

ان کے مدینہ منورہ چلے جانے سے عام مسلمانوں کو بہت بڑا فائدہ یہ ہوا کہ انہیں سعودی عرب میں دینی رہنمائی کا ایک سرمایہ میسر آگیا، خاص طور پر برصغیر کے مسلمانوں کو دین کے مسائل معلوم کرنے کیلئے ایک قابل اعتماد مرکز مل گیا تھا، ان کے پاس سعودی عرب کے اطراف سے مسلمانوں کا رجوع رہتا تھا اور وہ پوری شفقت سے سب کی پیاس بجھاتے تھے۔ اہل عرب میں سے بھی علم کے قدردان مولاناؒ کی ذات سے استفادہ کرتے، اور ان کے علم و فضل، زہد و تقویٰ اور جذبہ اتباع سنت کا نقش لے کر لوٹتے تھے۔

مولانا کی پیدائش ۱۳۴۳ھ میں ضلع بلند شہر کے ایک گاؤں ''بستی'' میں ہوئی تھی، اور انہوں نے صرف چھ مہینے میں انیس پارے حفظ کئے تھے، ابتدائی تعلیم حسن پور، مراد آباد اور علی گڑھ کے مدرسوں میں حاصل کی، پھر ۱۳۶۰ھ میں مظاہر علوم سہارنپور میں داخلہ لیا اور وہاں کے اکابر سے تین سال فیض حاصل کیا۔ بعد میں میوات، دہلی اور کلکتہ میں تدریسی خدمات انجام دیتے رہے، آخری ڈھائی سال مراد آباد کے مدرسے حیاۃ العلوم میں تدریس کے فرائض انجام دیئے، اور بالآخر حضرت مولانا صاحب کی فرمائش پر ۱۳۸۴ھ میں دارالعلوم کراچی منتقل ہوئے جہاں بارہ سالہ خدمات کے بعد حرمین شریفین کی طرف ہجرت فرمائی۔

چند سال پہلے جب مولانا کو پہلی بار دل کی تکلیف ہوئی، اور میں مدینہ منورہ میں ان کی عیادت کیلئے حاضر ہوا تو فرمانے لگے کہ میں نے اس بیماری میں اللہ تعالیٰ سے عرض کیا کہ ''یا اللہ! میں نے ابھی تک تفسیر تو لکھی نہیں'' چنانچہ اب صحت یاب ہونے کے بعد میں نے تفسیر لکھنی شروع کردی ہے، میں نے عرض کیا کہ ''حضرت! ابھی تفسیر مکمل کرنے کی کیا جلدی ہے؟ بہت سے کام ہیں، پہلے وہ نمٹایئے، پھر تفسیر مکمل کیجئے'' مولانا ہنسنے لگے، لیکن اس کے بعد انہوں نے تیز رفتاری سے تفسیر کی تالیف جاری رکھی، یہاں تک کہ ''انوار البیان'' کے نام سے نو جلدوں میں یہ تفسیر کچھ ہی عرصہ پہلے مکمل فرمالی، اور اس طرح اللہ تعالیٰ نے ان کی آخری تالیف آرزو بھی پوری فرمادی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے رمضان کے مبارک مہینے اور روزے کی حالت میں تلاوت قرآن کے بعد اپنے پاس بلالیا، یہ سب ان کی قبولیت عنداللہ کی قابل رشک علامات ہیں۔

حجاز مقدس سے باہر مولانا کا آخری سفر اس وقت ہوا جب تین سال پہلے دارالعلوم کراچی میں پچاس سال کے فارغ التحصیل طلبہ کیلئے تقسیم اسناد کا جلسہ منعقد کیا گیا، اور ہم نے مولانا کو دعوت دی۔ اگرچہ مولانا اپنی علالت کی بنا پر حجاز مقدس سے باہر جانا پسند نہ فرماتے تھے، مگر ہمارے پاس خاطر کیلئے یہ سفر منظور فرمایا، یہاں لوگ ان سے فیض یاب ہوئے، مگر جنت البقیع کی خواہش نے انہیں یہاں زیادہ قیام نہ کرنے دیا، اسی سال صفر ۱۴۲۲ھ میں میری مدینہ منورہ حاضری ہوئی تو مسجد نبوی میں ان سے آخری ملاقات ہوئی، کسے معلوم تھا کہ آج کے بعد ان سے ملاقات مقدر میں نہیں۔

اللهم اکرم نزله ووسع مدخله و ابدله داراخیرامن داره و اهلا خیرا من اهله واغسله بماء الثلج و البرد و اغفرله وارحمه و ارضه و ارض عنه یا ارحم الراحمین.

یہ مولانا کی یادوں کے چند مختصر نقوش ہیں جو اس وقت بیساختہ قلم پرآ گئے، ورنہ مولانا کی زندگی اور خدمات کے بہت سے پہلو ہیں جو ایک مختصر مضمون میں نہیں سما سکتے۔ دل چاہتا ہے کہ البلاغ کا ایک خاص نمبر مولانا کے تذکرے کیلئے نکالا جائے۔ اور اللہ تعالیٰ نے توفیق دی تو انشاء اللہ یہ نمبر ترتیب دیا جائیگا، اس میں انشاء اللہ ان پہلوؤں کا مفصل تذکرہ ہو سکے گا۔ اللہ تعالیٰ ان کی مکمل مغفرت فرما کر انہیں اپنے جوارِ رحمت میں مقامات عالیہ عطا فرمائیں، ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائیں، اور ان کے صاحبزادگان مولانا عبدالرحمن کوثر، مولانا عبداللہ اور مولانا مدنی کو ان کے نقشِ قدم پر چلنے اور ان کے کام کو جاری رکھنے کی توفیق مرحمت فرمائیں۔ آمین ثم آمین۔

(ماہنامہ ''البلاغ'' جمادی الثانی رر جب ۱۴۲۳ھ رستمبر ۲۰۰۲ء)

# حضرت مولانا مفتی رشید احمد صاحب قدس سرہ

حضرت مفتی صاحب قدس سرہ ان شخصیات میں سے تھے جن کی نظیریں ہر دور میں گنی چنی ہوا کرتی ہیں' اللہ تعالیٰ نے انہیں علم وفضل کی گہرائی کے ساتھ انابت وتقویٰ اور اتباع شریعت وسنت کا وہ اہتمام عطا فرمایا تھا جو اس پرفتن دور میں کہیں خال خال ہی نظر آتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان سے خدمت دین کے ہر شعبے میں قابل رشک کام لیا، اور ان کے فیوض کے دریا مختلف جہتوں میں انشاء اللہ عرصۂ دراز تک مخلوق خدا کو سیراب کرتے رہیں گے۔

وہ ہمارے ان اساتذہ میں سے تھے جن کے احسانات سے ہماری گردن جھکی رہے گی، حرف شناسی کی جو کوئی مقدار ہمارے پاس ہے، وہ انہی حضرات اساتذۂ کرام کا فیض ہے جن کے احسانات کا حق ادا کرنا ہمارے لئے ممکن نہیں، اللہ تعالیٰ ان حضرات کو اپنے مقاماتِ قرب میں پیہم ترقیات عطا فرمائیں۔ آمین

حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کے والد ماجد حضرت مولانا محمد سلیم صاحب قدس سرہ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ کے مریدین میں سے تھے اور انہوں نے اپنے اس فرزندِ ارجمند کو تعلیم کیلئے اُس دور میں دارالعلوم دیوبند بھیجا جب وہ ماضی قریب کی عظیم شخصیتوں سے جگمگا رہا تھا۔ جن حضرات سے انہوں نے علم حاصل کیا، ان میں شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنیؒ، شیخ الادب حضرت مولانا اعزاز علی صاحبؒ، شیخ المعقولات حضرت مولانا محمد ابراہیم بلیاویؒ، بندے کے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرہ اور دوسرے نامور علماء شامل تھے۔

حضرت مولانا مفتی رشید احمد صاحب قدس سرہ نے تعلیم سے فراغت کے بعد اپنی عملی زندگی کا آغاز صوبۂ سندھ سے کیا۔ جہاں مختلف مقامات پر تدریس کے علاوہ انہوں نے فتویٰ کا

کام شروع کیا، اور پھر ضلع خیر پور کے قصبے ٹھیڑی کے مدرسہ دارالہدیٰ کو اپنا مرکز فیض رسانی بنایا۔ اللہ تعالیٰ نے شروع ہی سے انہیں تحقیق، تدقیق اور نکتہ رسی کا ذوق عطا فرمایا تھا۔ چنانچہ اس ابتدائی دور میں انہوں نے مفصل فتاویٰ کے ذریعے قابل قدر علمی تحقیقات قلمبند اور متعدد کتابیں تالیف فرمائیں۔

ابتدا میں ہمارا دارالعلوم کراچی شہر کے ایک گنجان محلے نانک واڑہ کی ایک تنگ اور بوسیدہ عمارت میں تھا۔ ۱۳۷۵ھ (مطابق ۱۹۵۵ء) میں شہر سے دور شرافی گوٹھ کے قریب ایک وسیع رقبہ ایک صاحب خیر نے دارالعلوم کیلئے وقف کیا، کرنے کو اس جگہ عمارتیں تو تعمیر کر لی گئیں، اور مدرسے کو وہاں منتقل کرنے کا ارادہ بھی کر لیا گیا، لیکن یہ جگہ شہر سے بہت دُور لق و دق صحرا میں واقع تھی یہاں تک پہنچنے کیلئے میلوں تک نہ کوئی پختہ سڑک تھی، نہ مواصلات کے ذرائع تھے، نہ بجلی اور رواں پانی کی سہولت میسر تھی۔ ہمارے متعدد بڑے اساتذہ جو کراچی شہر میں رہتے تھے، مثلاً حضرت مولانا فضل محمد صاحب سواتی، حضرت مولانا مفتی ولی حسن صاحبؒ، حضرت مولانا بدیع الزمان صاحبؒ وغیرہ ان کیلئے اپنی ذاتی مجبوریوں کی بناء پر مدرسے کی نئی عمارت میں منتقل ہونا مشکل تھا، اور دوسری طرف غالباً اسی سال حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری صاحب قدس سرہ نے جامع مسجد نیو ٹاؤن میں اپنا مدرسہ شروع فرمایا تھا، اس لئے ان حضرات نے حضرت بنوریؒ کے مدرسے میں تدریس کا ارادہ فرما لیا تھا۔ ان حضرات کے اس ارادے کی بناء پر دارالعلوم میں بڑے اساتذہ کا ایک بڑا خلا پیدا ہو رہا تھا۔ اس موقع پر حضرت والد صاحبؒ کے ایماء پر دارالعلوم کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا نور احمد صاحبؒ نے کچھ نئے اساتذہ سے رابطہ قائم فرمایا، ان میں حضرت مولانا مفتی رشید احمد صاحبؒ، حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہم العالی، حضرت مولانا اکبر علی صاحب قدس سرہ اور بہاولپور کے حضرت مولانا عبید اللہ صاحب شامل تھے۔ چنانچہ جب شوال ۱۳۷۶ھ میں دارالعلوم کی نئی عمارت میں تعلیم شروع ہوئی تو یہ چاروں حضرات دارالعلوم تشریف لا چکے تھے، اور انہوں نے شوال سے تعلیم کا آغاز فرمایا۔ اور اس طرح ہمیں حضرت مفتی صاحبؒ کی زیارت اور ان سے

استفادے کا بہترین موقع اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا۔[۱]

اس سال برادر محترم حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہم العالی اور راقم الحروف ہدایہ اخیرین وغیرہ پڑھ رہے تھے۔ حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کے پاس اُس سال ہمارے تین اسباق ہوئے، ایک ملاحسن دوسرے تصریح اور تیسرے سراجی۔ ملاحسن منطق کی کتاب تھی، اور وہ حضرت مفتی صاحبؒ کا خصوصی موضوع نہ تھا، لیکن انہوں نے جس انداز سے وہ کتاب پڑھائی، اس کے نتیجے میں کم از کم بندے کو منطق سے پہلی بار کچھ مناسبت پیدا ہوئی۔ علم فلکیات حضرت مفتی صاحبؒ کے خصوصی موضوعات میں سے تھا، اس لئے تصریح میں انہوں نے ہمیں نہ صرف فلکیات کے قدیم وجدید نظریات سے باخبر کرایا، بلکہ اس کے ساتھ اپنی اُپَج سے انہوں نے ہمیں ریاضی کی بھی تعلیم دی، "خلاصۃ الحساب" کے منتخب ابواب بھی پڑھائے، اور ریاضی کے مختلف فارمولوں اور اقلیدس کی عملی مشق بھی کرائی۔ علم میراث بھی ان کا خاص موضوع تھا، اور "تسہیل المیراث" کے نام سے خود ان کی تالیف طلبہ کیلئے بڑی فائدہ مند تھی، اس لئے انہوں نے سراجی کے بجائے ہمیں اس کتاب کے ذریعے علم میراث کی تعلیم دی، اور اس کی عملی مشق اس طرح کرادی کہ مناسخہ کے طویل طویل مسائل ہم اسی دور میں آسانی سے نکالنے لگے۔ انہوں نے ہی ہمیں میراث کا حساب نکالنے کا ایک نیا طریقہ سکھایا جس میں مناسخہ کے طویل مسائل زیادہ اختصار کے ساتھ حل ہو جاتے تھے۔

اگلے سال ہم نے حضرت مفتی صاحب قدس سرہ سے مشکوۃ المصابیح پڑھی، یہ علم حدیث میں ہماری پہلی باقاعدہ کتاب تھی، اور حضرت مفتی صاحب قدس سرہ نے وہ اس شان سے پڑھائی کہ الحمدللہ حدیث اور اس کے متعلقہ مباحث سے اچھی مناسبت ہوگئی، اسی دوران انہوں

---

[۱] یہاں ریکارڈ کی درستگی کیلئے یہ گذارش مناسب ہے کہ "انوار الرشید" میں جو مذکور ہے کہ حضرت والد صاحب نے حضرت مفتی رشید احمد صاحب سے دوران سال دارالعلوم آنے پر اصرار فرمایا تھا، وہ بظاہر کسی مغالطے پر مبنی ہے، اول تو دوران سال کسی نئے استاذ کی ضرورت اس لیے نہیں تھی کہ پرانے اساتذہ موجود تھے اس لیے کہ حضرت والد صاحب عمر بھر اس اصول کے داعی اور اس پر کاربند رہے کہ دوران سال کسی مدرسے کو ناجائز کسی دوسرے مدرسے کو آباد کرنا صحیح طرز عمل نہیں ہے۔ اس اصول کی رعایت میں حضرت والد صاحبؒ نے اپنے مدرسے سے مفاد کی بڑی سے بڑی قربانی سے بھی گریز نہیں لیا۔ (محمد تقی عثمانی)

نے ہمیں مختلف مسائل کی تحقیق کے عملی کام پر بھی لگایا، وہ کوئی مسئلہ دیدیتے، اور ہمارے ذمے لگاتے کہ کتب خانہ میں جا کر مختلف کتابوں کی مدد سے اس کی تحقیق کریں۔ اس طرح انہوں نے غیر درسی کتب سے استفادے کا سلیقہ سکھایا، چنانچہ جب اگلے سال ہم دورۂ حدیث میں پہنچے اور صحیح بخاری ان سے پڑھنی شروع کی، تو اسی سال انہوں نے ہمیں فتویٰ نویسی سے مناسبت پیدا کرنے کیلئے مختلف فقہی مسائل کی تحقیق کا کام بھی سپرد کر دیا۔

حضرت مفتی صاحبؒ کا درس بڑا پُر مغز، معلومات آفریں اور نپے تُلے جملوں پر مشتمل متین ہوتا تھا، انہیں ہر موضوع سے متعلق علمی لطائف و ظرائف بھی کثرت سے یاد تھے، جن کی وجہ سے درس کبھی خشک نہیں ہو پاتا تھا، بلکہ اس میں شگفتگی اور دلچسپی برقرار رہتی تھی۔

نظریاتی تعلیم کے ساتھ طلبہ کی عملی تربیت کا بھی خصوصی اہتمام فرماتے تھے۔ جب طلبہ میں کوئی عام خامی دیکھتے تو عموماً نماز عصر کے بعد اس پر مؤثر تنبیہ فرمایا کرتے تھے۔ دارالعلوم کا یہ وہ دور تھا جب یہاں نہ بجلی تھی، نہ پانی، نہ پنکھے تھے، نہ ٹیلیفون، دارالعلوم کی چند عمارتوں کے علاوہ دور دور تک کوئی عمارت نہ تھی، حضرت مفتی صاحب قدس سرہ نے چاہا کہ ہمیں آخر شب میں بیدار ہو کر نماز پڑھنے کی عادت پڑے۔ اس غرض کیلئے وہ مدت تک آخر شب میں اپنے گھر سے اندھیرے میں ہمارے دارالاقامہ کے کمرے تک چل کر تشریف لاتے اور ہمیں بیدار کرتے۔ کچھ عرصہ ایسا بھی کیا کہ ہمیں بیدار کر کے مسجد میں جا بیٹھتے اور ہمیں حکم دیتے کہ وضو کر کے وہیں آجائیں، تاکہ ایسا نہ ہو کہ ان کے تشریف لے جانے کے بعد ہم پھر سو جائیں۔

چونکہ دارالعلوم آبادی سے بہت دور تھا، لہٰذا اگر کوئی طالب علم بیمار ہو جائے تو اسے کسی معالج کے پاس لے جانا کارے دارد تھا، حضرت مفتی صاحب قدس سرہ نے ٹھیری میں رہتے ہوئے ابتدائی علاج معالجہ بھی سیکھ لیا تھا، چنانچہ وہ طلبہ کو فوری طبی امداد بھی پہنچا دیتے تھے، اگر کسی طالب علم کو انجکشن لگانے کی ضرورت پیش آجاتی تو دور دور تک کوئی انجکشن لگانے والا میسر نہیں تھا۔ حضرت مفتی صاحبؒ ایسے طلبہ کو انجکشن لگانے کیلئے خود تشریف لے جاتے، بعد میں یہ خدمت انہوں نے ہمیں بھی سکھا دی تھی، چنانچہ ضرورت کے وقت ہم بھی طلبہ کو انجکشن لگا دیا کرتے تھے۔

خلاصہ یہ کہ حضرت مفتی صاحب قدس سرہ نے ایک مثالی استاذ کی طرح ہماری تعلیم و تربیت میں جو محنت فرمائی اس کے احسان کا حق ادا کرنے کا ہمارے پاس ان کے حق میں دعائے خیر کے سوا کوئی راستہ نہیں، اور کم از کم اپنی حد تک میرا سر، اس احساس ندامت سے جھک جاتا ہے کہ اساتذہ کی اتنی کوشش کے باوجود نہ میں اپنی اصلاح کر سکا، اور نہ ان کے احسانات کا کوئی ادنیٰ حق ادا کر سکا۔

ابتداء میں حضرت مفتی صاحب قدس سرہ پر علم و تحقیق ہی کے رنگ کا غلبہ تھا۔ میرے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرہٗ کے مشورے پر انہوں نے حضرت شاہ عبدالغنی صاحب پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ سے اصلاحی تعلق اور بیعت کا رشتہ قائم فرمایا اور کچھ ہی عرصہ میں ان کی طرف سے بیعت و تلقین کی اجازت بھی عطا ہوگئی۔ اس وقت سے ظاہری علم و تحقیق کے ساتھ عشق و محبت اور باطنی علوم کی آمیزش نے ان کے فیض کو دوچند کر دیا۔

اللہ تعالیٰ نے انہیں ایک منفرد مزاج عطا فرمایا تھا، اور ان کے فیوض کے جوہر اس صورت میں زیادہ کھل سکتے تھے جب وہ اپنے اس مزاج کے مطابق خدمت دین میں مصروف ہوں چنانچہ انہوں نے ناظم آباد کی ایک چھوٹی سی جگہ میں فتویٰ کی تربیت کا ادارہ قائم فرمایا جو شروع میں ''اشرف المدارس'' اور بعد میں ''دارالافتاء والارشاد'' کے نام سے معروف ہوا۔ اور جب دارالعلوم کراچی سے ان کی رسمی وابستگی ختم ہوئی تو انہوں نے شہرت کے معروف ذرائع سے دور رہتے ہوئے اس ادارے کو اپنا مرکز فیض رسانی قرار دے لیا۔ رفتہ رفتہ اللہ تعالیٰ نے اس ادارے سے بڑے عظیم الشان کام لئے۔ یہاں ان کی ہفتہ وار اصلاحی مجلس عوام و خواص کا مرجع بن گئی۔ اطراف واکناف سے لوگ اس مجلس میں شرکت کیلئے آتے اور اس کی بدولت سینکڑوں مردوں اور عورتوں کی زندگی میں خوشگوار دینی انقلاب رونما ہوا۔ اسی ادارے سے انہوں نے اپنا مجموعہ فتاویٰ ''احسن الفتاویٰ'' کے نام سے آٹھ ضخیم جلدوں میں مرتب فرما کر شائع کیا جو گرانقدر علمی اور فقہی تحقیقات پر مشتمل ہے۔ ان کے اصلاحی مواعظ کثیر تعداد میں طبع ہو کر اصلاح خلق کا باعث ہوئے۔ ادارے سے بہت سے علماء نے فتویٰ کی تربیت حاصل کی اور اپنے اپنے علاقوں میں فتویٰ کی خدمت انجام دی۔ پھر جہاد افغانستان کے موقع پر اس ادارے

نے روسی استعمار کے خلاف جدوجہد میں بھرپور حصہ لیا۔ ''الرشید ٹرسٹ'' کے نام سے ایک عظیم رفاہی ادارہ قائم ہوا جس نے افغانستان اور پاکستان میں عظیم رفاہی منصوبوں پر کام کیا، اور اب تک اس خدمت میں مصروف ہے، ''ضرب مومن'' کے نام سے ایک ہفت روزہ اخبار جاری ہوا جس نے قلیل عرصہ میں غیر معمولی مقبولیت حاصل کی، اور لاکھوں کی تعداد میں طبع ہو کر ذہن سازی میں نمایاں کردار ادا کیا، اور اب کچھ عرصہ سے ''اسلام'' کے نام سے ایک روزنامہ انہی خطوط پر جاری ہوا۔ جانداروں کی تصاویر اور غیر شرعی اشتہارات کے بغیر اس پیمانے کے کسی اخبار کا تصور اس سے پہلے مشکل تھا، لیکن ان دونوں جریدوں نے اپنے عمل سے یہ ثابت کر دیا کہ اس دور میں بھی منکرات کے بغیر اخبارات و جرائد کامیابی کے ساتھ نکالے جا سکتے ہیں۔ یہ سارے صدقہ ہائے جاریہ ان کے نامۂ اعمال کا جگمگاتا ہوا حصہ ہیں۔

دارالعلوم کراچی سے رسمی علیحدگی کے بعد بھی حضرت مفتی صاحب قدس سرہ نے دارالعلوم اور اہل دارالعلوم کے ساتھ شفقت و محبت کا تعلق ہمیشہ برقرار رکھا، دور بیٹھ کر بھی ہم لوگوں کی رہنمائی فرماتے رہے، ہمیں بھی یہ ڈھارس تھی کہ ہم ان کی شفقتوں کے سائے میں ہیں، اور بوقت ضرورت ان سے ہدایت و رہنمائی حاصل کرنے کی بھی توفیق ہو جاتی تھی، حضرت مفتی صاحبؒ وقتاً فوقتاً دارالعلوم تشریف لاتے رہتے، اور بے تکلفی کے ساتھ کچھ وقت گذار کر اور ہدایات دے کر تشریف لے جاتے۔ آخری بار دارالعلوم کے جلسۂ تقسیم اسناد میں اپنے عام معمول سے ہٹ کر تشریف لائے اور دو روز یہاں قیام فرمایا۔

کچھ عرصہ سے حضرت مفتی صاحبؒ کی آواز بیٹھ گئی تھی، اس لئے اصلاحی مجلس میں بیان موقوف ہو گیا تھا، اس کے باوجود ان کے کیسٹ اور طبع شدہ مواعظ مستفیدین کی پیاس بجھاتے رہتے تھے۔ آخر میں شکر اور گردے کی بیماری کی وجہ سے باہر تشریف لانا بھی بند ہو گیا، کمزوری حد سے زیادہ ہو گئی، میں ۵ر ذوالحجہ ۱۴۲۲ھ کو ایک کام کے سلسلے میں قاہرہ پہنچا، اور ۶ر ذوالحجہ کو مجھے قاہرہ ہی میں اپنے بھانجے مولوی فہیم اشرف صاحب سلمہ کا پیغام ملا کہ حضرت مفتی صاحبؒ دنیا سے منہ موڑ گئے۔ انا للّٰہ وانا الیہ راجعون.

حضرت مفتی صاحب قدس سرہ اس دنیا کو قید خانہ فرمایا کرتے تھے، اللہ تعالیٰ نے انہیں

اس قید خانے سے رہائی عطا فرما کر اپنی منزل مقصود کی طرف بلا لیا۔ انہیں اس بات کا بڑا اہتمام تھا کہ کسی کے انتقال کے بعد اس کی تجہیز و تکفین اور تدفین جلد از جلد ہو، چنانچہ ان کی وصیت کے مطابق انتقال کے بعد تین چار گھنٹے کے اندر اندر ان کی تجہیز و تکفین اور نماز جنازہ کے تمام مراحل مکمل ہو گئے، اور بالآخر انہیں اپنے شیخ حضرت مولانا شاہ عبدالغنی صاحب پھولپوری قدس سرہ کے پہلو میں ایک ایسی جگہ سپرد خاک کیا گیا جو غالباً خود انہوں نے پہلے سے منتخب فرما رکھی تھی۔

بندے کو سفر پر ہونے کی وجہ سے ان کی نماز جنازہ میں شرکت کی سعادت حاصل نہ ہو سکی، ان کی قبر پر حاضری ہوئی تو ان کے احسانات کے مقابلے میں اپنی غفلتوں اور کوتاہیوں کے تصور سے گردن ندامت جھکی ہوئی تھی، دل سے دعا نکلی کہ اللہ تعالیٰ ان کو اپنے مقامات قرب میں پیہم ترقی عطا فرمائے اور ہمیں ان کی برکات سے محروم نہ فرمائے۔ آمین

**اللّٰهم اکرم نزله ووسع مدخله، وابدله دارا خیرا من داره واهلا خیرا من اهله، واغسله بماء الثلج والبرد، ونقه من الخطایا کما ینقی الثوب الابیض من الدنس، اللهم لا تحرمنا اجره ولا تفتنا بعده. آمین یا رب العالمین.**

حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کے کمالات اور ان کی عظیم خدمات کا کما حقہ تذکرہ اس مختصر مضمون میں ممکن نہیں، امید ہے کہ انشاء اللہ ان کے تلمیذ رشید مولانا مفتی عبدالرحیم صاحب ان کی مفصل سوانح حیات ترتیب دینے کی طرف توجہ دینگے، اور اس سے یہ ضرورت پوری ہو سکے گی، ان سطور میں تو صرف ان چند تاثرات کا ذکر ہے جو فوری طور پر نوک قلم پر آ گئے۔

(ماہنامہ "البلاغ" محرم ۱۴۲۳ھ/اپریل ۲۰۰۲ء)

# پروفیسر محمد شمیم صاحب رحمۃ اللہ علیہ

دنیا میں بہت سے اہل علم وفضل تو وہ ہوتے ہیں جنہیں دنیا جانتی ہے یا کم از کم ان کے اپنے کام کے دائرے میں ان کو شہرت اور عام مقبولیت حاصل ہوتی ہے، وہ دنیا سے جاتے ہیں تو ایک عالم سوگوار ہوتا ہے، ان کی تعریف وتوصیف اور ان کی خدمات کے اعتراف میں تعزیتی جلسے منعقد ہوتے ہیں، اخبارات ورسائل میں ایک عرصے تک ان کے بارے میں مضامین شائع ہوتے رہتے ہیں، یہاں تک کہ جو لوگ انہیں زندگی میں نہیں جانتے تھے، ان کے انتقال کے بعد ان کے کارناموں سے واقف ہو جاتے ہیں۔

لیکن علم وادب اور ملی خدمات کے آسمان پر ایسے ستارے بھی ان گنت ہیں جن کی روشنی کی کرنیں سب کیلئے ہوتی ہیں، مگر ان کے نام سے کوئی واقف نہیں ہوتا۔ ایسے لوگ گوشۂ تنہائی میں خاموشی سے اپنا کام کئے جاتے ہیں، ان کی تنہائی اور گمنامی ان کے کام کی لگن، محنت اور افادیت میں کمی نہیں اضافہ کرتی ہے، نام ونمود سے دور رہ کر ان کی مخلصانہ کاوشیں رہتی دنیا تک لوگوں کو سیراب کرتی ہیں، لیکن جب دنیا میں تعریف وتوصیف کے تمغے تقسیم ہونے کا وقت آتا ہے تو وہ اپنا تمغہ چپکے سے کسی اور کے سینے پر سجا دیتے ہیں، ان کیلئے یہ تصور سب سے بڑا انعام اور ان کی تسکین کا سب سے بڑا ذریعہ ہوتا ہے کہ وہ جس کی خوشنودی کیلئے کام کر رہے ہیں وہ ان کے کام کی ہر جزوی تفصیل سے خوب واقف ہے اور اس کے سوا انہیں کسی اور کو سنانے یا جتلانے کی ضرورت نہیں، اسمعت من ناجیت۔ ایسے لوگ جب دنیا سے جاتے ہیں تو نہ ان کی یاد میں کوئی تعزیتی جلسہ منعقد ہوتا ہے، نہ اخباروں میں ان کے انتقال کی خبر شائع ہوتی ہے۔ نہ ان کی تعریف میں مضامین لکھے جاتے ہیں، وہ دنیا سے اس طرح ہلکے پھلکے اٹھ جاتے ہیں کہ ؂

کس کو خبر کہ چھوٹ گیا کارواں سے کون؟

پچھلے مہینے ایک ایسی ہی شخصیت دنیا سے رخصت ہوگئی، اور سوائے ان معدود افراد کے جو انہیں اور ان کے کام کو قریب سے جانتے تھے، کسی کو اس حادثے کا علم بھی نہ ہوسکا، لیکن جو لوگ انہیں جانتے تھے، ان کیلئے ان کی وفات کا صدمہ کسی بڑی سے بڑی شخصیت کے انتقال کے صدمے سے کسی طرح کم نہیں۔ یہ عمر اور عملی رتبے میں میرے محترم بزرگ اور برتاؤ میں میرے محبوب اور سراپا محبت واخلاص دوست جناب پروفیسر محمد شمیم صاحبؒ کی شخصیت تھی جن کے بارے میں اگر میں یہ کہوں تو شاید مبالغہ نہ ہوگا کہ ان کی جدائی کے صدمے کی ٹیسیں ان کی اہلیہ محترمہ اور صاحبزادگان کے بعد شاید سب سے زیادہ میرے دل نے محسوس کیں اور اب تک ان کی شدت میں کمی نہیں آئی۔ گزشتہ سے پیوستہ البلاغ کے شمارے میں، میں نے ان کی وفات کی مختصر خبر تو دیدی تھی، لیکن ان کے بارے قدرے مفصل تاثرات اب سپرد قلم کرنے کا موقع مل رہا ہے۔

پروفیسر محمد شمیم صاحبؒ کا مختصر تعارف تو یہ ہے کہ انہوں نے معارف القرآن کے انگریزی ترجمے کا بیڑا اٹھایا ہوا تھا، اور اس کام کیلئے اپنی زندگی وقف کر کے انہوں نے معارف القرآن کی تقریباً چھ جلدوں کا ترجمہ مکمل کرلیا تھا جن میں سے پانچ جلدیں شائع ہوچکی ہیں۔ ان سے میرے تعارف کی ابتدا بھی اسی حوالے سے ہوئی، اور عجیب طرح ہوئی۔

میرے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی تفسیر معارف القرآن کو اللہ تعالیٰ نے غیر معمولی مقبولیت عطا فرمائی، لوگوں کی فرمائش بھی تھی اور حضرت والد صاحبؒ کی خواہش بھی کہ اس کا انگریزی میں ترجمہ ہو۔ اردو اور انگریزی کے مشہور ادیب اور نقاد پروفیسر محمد حسن عسکری صاحب مرحوم نے اس کا ترجمہ شروع کیا اور جب سورۂ بقرہ کی آیت انا لله وانا الیه راجعون پر پہنچے تو وفات پاگئے۔ انا لله وانا الیه راجعون ان کا مفصل تذکرہ میں پہلے لکھ چکا ہوں جو میری کتاب ''نقوش رفتگاں'' میں شائع ہوچکا ہے۔

ان کی وفات تقریباً ۱۹۷۹ء میں ہوئی تھی، اس کے بعد عرصہ دراز تک ترجمے کا کام بند رہا اور کوئی مناسب مترجم میسر نہ آیا، یا میسر آیا تو اس کی مصروفیت مطلوبہ رفتار میں مانع بنی، خود میں بھی اس زمانے میں اتنا مصروف ہوگیا کہ مناسب مترجم کی تلاش کیلئے کم حقہ وقت نہ نکال سکا، اور سات سال اسی طرح بیت گئے، لیکن میرے ذہن پر یہ بوجھ مسلسل تھا کہ معارف القرآن کا

یہ کام کس طرح پورا کرنا ہے۔ ۱۹۸۶ء میں میں حرمین شریفین کے سفر پر گیا، اور ملتزم پر الحمدللہ اہتمام کے ساتھ اس دعا کی توفیق ہوئی کہ اللہ تعالیٰ معارف القرآن کے ترجمے کا کوئی مناسب انتظام فرمادے، اور اس کیلئے موزوں مترجم مل جائے۔

چند روز بعد جب میں کراچی واپس آیا تو میرے معاون خصوصی مولانا عبداللہ میمن صاحب نے مجھے بتایا کہ آپ کی واپسی سے پہلے ایک صاحب آپ سے ملنے کیلئے آئے تھے، انہوں نے اپنا نام محمد شمیم بتایا تھا، اور وہ یہ خواہش ظاہر کر رہے تھے کہ معارف القرآن کے انگریزی ترجمے کا جو کام محمد حسن عسکری صاحب مرحوم نے شروع کیا تھا وہ اس کی تکمیل کرنا چاہتے ہیں، ساتھ ہی انہوں نے اپنے ترجمے کے نمونے کے طور پر کچھ ٹائپ شدہ صفحات بھی دیئے تھے کہ اگر میں انہیں پسند کروں تو انہیں بلوا کر ان سے بات کرلوں۔ میں نے نمونے کے وہ صفحات پڑھے تو مجھے ترجمہ مناسب معلوم ہوا، اور اندازہ ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ نے میری دعا قبول فرمائی ہے۔ میں نے شمیم صاحب کو پیغام بھیجا اور وہ تشریف لے آئے، چھریرے بدن کا متواضع وجود، چہرے پر خوبصورت داڑھی، سادہ مگر نفیس لباس، شستہ اور شگفتہ انداز گفتگو، ادا ادا میں تواضع اور مسکنت ان کے ترجمے سے پہلے مجھے ان کی شخصیت نے متاثر کرلیا۔ انہوں نے اپنا تعارف کراتے ہوئے بتایا کہ وہ اردو اور انگریزی ادب کے استاذ رہے ہیں، اور پچھلے دنوں انہوں نے تفسیر عثمانی کے کچھ حصے کا بھی انگریزی میں ترجمہ کیا ہے، اور اب ان کی خواہش ہے کہ وہ معارف القرآن کی خدمت کریں۔ میں نے عرض کیا کہ مجھے آپ کا ترجمہ پسند آیا ہے اور آپ اللہ کا نام لے کر کام شروع کریں، لیکن ہمارے بزرگوں نے ہمیں بے تکلفی اور معاملات کی صفائی سکھائی ہے، لہٰذا براہِ کرم یہ بھی ارشاد فرمادیں کہ اس کام کیلئے آپ کی خدمت میں کتنا اور کس حساب سے حق الخدمت پیش کیا جائے؟ اس پر انہوں نے دبی دبی مسکراہٹ کے ساتھ فرمایا کہ ''الحمدللہ، اللہ تعالیٰ نے میری ضرورت کے مطابق مجھے بہت کچھ دے رکھا ہے اور میں یہ کام کسی دنیوی معاوضے کی خاطر نہیں، بلکہ قرآن کریم کی خدمت کی سعادت لینے کیلئے کرنا چاہتا ہوں۔'' چونکہ اس قسم کی تکلف آمیز باتیں میں متعدد لوگوں سے سن چکا ہوں جن کے پیچھے حقیقت کم ہوتی ہے، اس لئے میں نے شمیم صاحب سے اصرار کیا، اور

مختلف اسالیب سے انہیں ٹٹولنے کی کوشش کی، جب میری جستجو بڑھی تو وہ کھلے، اور کہنے لگے کہ دراصل میں چند سال پہلے ایک شدید بیماری کا شکار ہو گیا تھا اور اس وقت میں نے یہ عہد کیا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے صحت عطا فرما کر مجھے عمر کی مزید مہلت دی تو میں عمر کا باقی حصہ قرآن کریم کی خدمت میں صرف کرنے کی کوشش کروں گا۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے صحت عطا فرمائی تو میں نے ملازمت سے ریٹائرمنٹ لے لی، الحمد للہ میری پنشن اتنی ہے کہ میں اور میری اہلیہ آرام سے گذارا کر سکتے ہیں اور میرے بیٹے امریکہ میں برسر روزگار ہیں، لہٰذا میں نے اپنا عہد پورا کرنے کیلئے تفسیر عثمانی کا ترجمہ شروع کیا تھا مگر وہ جاری نہ رہ سکا، اب میں امریکہ سے واپس پاکستان آتے ہوئے عمرے کیلئے حاضر ہوا تھا، میں نے وہاں ملتزم پر دعا کی تھی کہ یا اللہ! مجھے اپنا عہد پورا کرنے کیلئے قرآن کریم کی خدمت کا موقع عطا فرمایئے، اور ذہن میں یہ تھا کہ کراچی پہنچ کر آپ سے معارف القرآن کے بارے میں بات کروں گا اور اب یہی دعا مجھے آپ کے پاس لے آئی ہے۔

شمیم صاحبؒ کی یہ بات سن کر میں نے کہا کہ محترم! آپ خود تشریف نہیں لائے، آپ کو بھیجا گیا ہے، اور اس معاملے میں ملتزم کی دو دعائیں آپس میں مل گئی ہیں، انشاء اللہ اب یہ کام اسی طرح مقدر معلوم ہوتا ہے، آپ بسم اللہ کریں، لیکن میں آپ کو ایک مرتبہ پھر بتا دوں کہ کوئی حق الخدمت قبول کرنا انشاء اللہ اس عہد کے منافی نہیں ہوگا۔

اس پر وہ چند لمحے خاموش رہے پھر فرمانے لگے کہ ''مولانا! میں ایک بات آپ سے کہنا نہیں چاہتا تھا، لیکن شاید آپ کا اطمینان اس کے بغیر نہ ہو، اس لئے عرض کرتا ہوں کہ جب معارف القرآن کے ترجمے کی پیشکش کرنے کیلئے آپ کے پاس آ رہا تھا تو مجھ سے کسی نے کہا کہ ''تم تو اس طرح جا رہے ہو جیسے کوئی ملازمت کی درخواست لے کر کسی کے پاس جاتا ہے، وہ تم سے واقف نہیں ہیں، نہ جانے کس ردِ عمل کا اظہار کریں' اس کے بعد وہ تم سے رجوع کریں لہٰذا بہتر یہ ہوگا کہ کوئی تیسرا شخص پہلے تمہارا تعارف کرائے، پھر وہ خود طلب اور خواہش کا اظہار کریں' اس کے بعد وہ تم سے رجوع کریں اور تم باوقار طریقے پر کام کرو'' لیکن میں نے انہیں جواب دیا کہ بیشک دنیا کے عام قاعدے کے لحاظ سے آپ کی بات درست ہے، مگر جب

میں نے قرآن کریم کی خدمت کا ارادہ کیا ہے تو میں اپنی ذاتی انا کا یہ بت بھی توڑنا چاہتا ہوں۔ مولانا! میں سچے دل سے یہ سارے بت توڑ کر آپ کے پاس آیا ہوں لہٰذا براہ کرم معاوضے کی بات کو یہیں ختم کر دیجئے''۔

میرے سامنے ایک ایسا شخص تھا جو اپنی انا کا وہ بت توڑ کر میرے پاس آیا تھا جس کا توڑنا مال و دولت کی محبت کا بت توڑنے سے زیادہ مشکل ہوتا ہے، مجھے ان کے اخلاص کا یقین ہو گیا، اور پھر میں نے ان سے حق الخدمت کی بات کبھی نہیں کی۔ اس کے بعد انہوں نے انتہائی جانفشانی سے ترجمے کا کام شروع کیا، اور اس کے سواہر مشغلے کو خیر باد کہہ دیا۔

• پروفیسر شمیم صاحب رحمۃ اللہ علیہ ۳۱ دسمبر ۱۹۲۲ء کو کانپور میں پیدا ہوئے تھے ان کے والد جناب حافظ محمد ظہور صاحب تجارت پیشہ تھے، لیکن شمیم صاحب کے بچپن میں ہی ان کی والدہ انتقال کر گئی تھیں، اس لئے انہوں نے پہلے اپنے چچا اور اپنی خالہ کے گھر میں اپنا بچپن گذارا، وہیں رہتے ہوئے انہوں نے میٹرک کیا۔ کانپور کے کرائسٹ چرچ کالج سے بی۔اے کیا، پھر آگرہ یونیورسٹی سے فرسٹ کلاس فرسٹ پوزیشن کے ساتھ ایم اے کیا اور بعد میں کانپور کے مشہور حلیم کالج میں ۱۹۵۱ء تک انگریزی اور اردو ادب کے استاذ رہے۔ اس دوران جنہوں نے ان سے پڑھا، ان میں ہمارے دور کے متعدد مشہور اہل قلم مثلاً ابوالخیر کشفی صاحب بھی شامل تھے۔ ۱۹۵۱ء میں انہوں نے پاکستان کی طرف ہجرت کی، اور یہاں کراچی یونیورسٹی میں استاذ کی آسامی کیلئے درخواست دی، جب انٹرویو کیلئے پہنچے تو وہاں جناب ابوالخیر کشفی صاحب بھی پہلے سے انٹرویو کے لیے بیٹھے ہوئے تھے۔ شمیم صاحب کو اس بات سے غیرت آئی کہ استاذ اور شاگرد دونوں ایک ہی ساتھ انٹرویو دیں، چنانچہ وہاں سے انٹرویو دیئے بغیر واپس آ گئے۔ بعد میں انہیں امریکی سفارت خانے میں کلچرل ایڈوائزر کے منصب پر فائز کر دیا گیا۔ ۱۹۶۴ء میں سفارت خانے کی طرف سے انہیں امریکہ بھیجا گیا۔ واپسی میں قاہرہ پہنچے تو وہاں سے انہوں نے عمرہ ادا کرنے کا پروگرام بنایا، اور سعودی سفارت خانے میں ویزا کیلئے درخواست دی۔ سعودی سفارت خانے نے کہا کہ آپ امریکی سفارت خانے کے ڈپلومیٹک مشن پر ہیں، اس لئے اس سفر کے دوران آپ کو ویزا نہیں دیا جا سکتا۔ اس پر شمیم صاحب نے یہ

جواب دیا کہ اگر امریکی سفارت خانے کا مشن اور عمرے کا سفر دو متضاد چیزیں ہیں جن میں سے کسی ایک ہی کو اختیار کیا جا سکتا ہے تو میں امریکی سفارت خانے کی ملازمت سے استعفیٰ دینے کو تیار ہوں۔ شاید ان کے اس عزم صمیم کی برکت تھی کہ بعد میں انہیں کسی طرح ویزا مل گیا اور انہوں نے پہلی بار حرمین شریفین کی حاضری کی سعادت حاصل کی اور عمرے کا یہ سفر ہی ان کی زندگی میں خوشگوار دینی انقلاب کا نقطۂ آغاز بن گیا۔

۱۹۷۰ء کے بعد کسی وقت انہیں پھیپھڑوں کی ایک بیماری لاحق ہوئی اسی بیماری کے دوران انہوں نے اللہ تعالیٰ سے یہ عہد کیا کہ اگر انہیں اس بیماری سے صحت نصیب ہوگئی تو وہ اپنی باقی عمر قرآن کریم کی خدمت میں صرف کریں گے۔ اسی بیماری کی بنیاد پر ۱۹۷۳ء میں انہوں نے ریٹائرمنٹ لے لی، اور صحت ہونے پر انہوں نے باقاعدہ ایک استاذ سے ناظرہ قرآن دوبارہ پڑھا۔ اگرچہ بچپن میں ناظرہ پڑھ چکے تھے، لیکن الفاظ و حروف کی تصحیح کی غرض سے انہوں نے اڑتالیس سال کی عمر میں مکتب والی تعلیم از سر نو شروع کی، یہاں تک کہ بفضلہ تعالیٰ قرآن کریم کی صحیح تلاوت پر قادر ہوگئے۔ اس کے ساتھ ساتھ دینی کتب، بالخصوص تفاسیر کا مطالعہ جاری رکھا، اور اپنی دلچسپیوں کا تمام تر محور دینی علوم کو بنا لیا۔ زندگی میں بھی یہ تبدیلی آئی کہ وہ اپنے ابتدائی دور میں بڑے ٹھاٹ باٹ کے آدمی تھے، دن میں دو مرتبہ جوڑے تبدیل کرنا روزمرہ کا معمول تھا۔ دفتر جاتے تو ایک جوڑا ساتھ ہوتا اور دن میں کسی وقت اسے تبدیل کرتے، لیکن زندگی کے اس نئے دور میں سادگی کا یہ عالم ہوگیا کہ قمیص پاجامے کے صرف تین جوڑوں پر اکتفا کرتے۔

اس زمانے میں مولانا قاضی عبدالرحمٰن صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے شیخ الاسلام حضرت علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی قدس سرہ کی تصانیف کو انگریزی میں منتقل کرنے کا کام شروع کیا ہوا تھا۔ شمیم صاحبؒ نے ان کی تفسیر عثمانی کے ترجمے کا کام اپنے ذمے لے لیا، اور ۱۹۷۹ء میں یہ کام شروع کیا۔ ۱۹۸۱ء میں وہ اپنے صاحبزادگان کی تعلیم وغیرہ کے سلسلے میں امریکہ چلے گئے، اور تین سال وہاں مقیم رہے۔ اس پورے عرصے میں وہ تفسیر عثمانی کے ترجمے کے کام میں مشغول رہے۔ ۱۹۸۴ء میں کراچی آکر بھی یہ کام جاری رکھا، جو مولانا قاضی عبدالرحمٰن صاحب رحمۃ

اللہ علیہ کی وفات کی بنا پر منقطع ہو گیا اور افسوس ہے کہ اس کی اشاعت کی بھی نوبت نہ آسکی۔
۱۹۸۶ء میں شمیم صاحب دوبارہ امریکہ تشریف لے گئے، اور وہاں سے واپسی پر عمرہ کرتے ہوئے قرآن کریم کی خدمت کی وہ دعا کی جس کا ذکر میں اوپر کر چکا ہوں، اور جس کے نتیجے میں راقم الحروف کو ان سے تعارف حاصل ہوا، اور بالآخر انہوں نے ''معارف القرآن'' کے ترجمے کو اپنی زندگی کا واحد مشن بنالیا۔

انہوں نے پہلی جلد کا کام وہاں سے شروع کیا جہاں سے جناب محمد حسن عسکری صاحب مرحوم نے چھوڑا تھا۔ انہیں انگریزی زبان پر ماشاء اللہ عبور حاصل تھا، مگر وہ تفسیر کے ترجمے میں انتہائی محتاط تھے، اور یہ خطرہ انہیں ہر وقت دامنگیر رہتا تھا کہ کہیں زبان کی بہتری کے شوق میں دینی احتیاط کا کوئی پہلو نظر انداز نہ ہو جائے۔ چنانچہ اول تو انہوں نے معارف القرآن کے مباحث کو کما حقہ سمجھنے کیلئے متعلقہ دینی علوم کی کتابوں کی مراجعت کا سلسلہ بھی جاری رکھا، عربی لغت اور علمی اصطلاحات کو ہضم کرنے کی کوشش کی، شروع میں جب میں نے ان کے کام پر نظر ثانی کی تو محسوس ہوا کہ خاص طور پر فقہی اور کلامی مباحث میں ان کی غایتِ احتیاط نے زبان کی روانی کو متاثر کیا ہے، چنانچہ جب میں نے ان حصوں میں ترمیم کی تو انہوں نے اس کا ایک ایک لفظ بغور پڑھ کر وہ اصول ذہن نشین کر لئے جو ایسے مواقع پر مدنظر رکھنے چاہئیں، اور اگلی جلدوں کے ترجمے میں بڑی حد تک ان کو ملحوظ رکھا، دوسرا اہم مسئلہ عربی ناموں کے تلفظ اور انگریزی میں ان کے املاء کا تھا، نظر ثانی کے دوران مجھے ان میں بکثرت تبدیلی کرنی پڑی، لیکن شمیم صاحب نے نہ صرف یہ کوشش کی کہ جو نام ایک مرتبہ درست کر دیا گیا، وہ آئندہ غلط نہ ہو، بلکہ انہوں نے مجھ سے پوچھا کہ عربی ناموں کے صحیح املاء کی رہنمائی کرنے کیلئے کون سی کتاب مفید ہو سکتی ہے۔ میں نے انہیں علامہ طاہر پٹنی کی کتاب ''المغنی'' کا نام بتایا، پھر انہوں نے ساری تفسیر کے ترجمے میں اسے سامنے رکھا، اور باوجود یہ کہ وہ کتاب عربی میں ہے، انہوں نے اس کی مدد سے عربی ناموں کے صحیح املاء کا علم حاصل کیا، ہر نام پر اس کتاب کی مراجعت آسان نہ تھی، لیکن انہوں نے اپنا مقصد زندگی ہی اس مشقت کو بنا رکھا تھا جو قرآن کریم کی خدمت میں صرف ہو، اس لئے وہ اسی میں لذت محسوس کرتے تھے۔ اس شان سے انہوں پانچ جلدیں مکمل کیں۔ چوتھی

جلد کا ابتدائی حصہ میرے بڑے بھائی جناب محمد ولی رازی صاحب نے لکھا تھا، لیکن اس کا بیشتر حصہ بھی شمیم صاحبؒ نے ہی مکمل کیا۔ اسی دوران شمیم صاحب اپنے صاحبزادگان کے پاس امریکہ تشریف لے گئے، اور وہاں انہیں دل کی بیماری لاحق ہوئی، لیکن وہیں زیر علاج رہتے ہوئے انہوں نے پانچویں جلد کا ترجمہ کیا، اور کراچی تشریف لے آئے، ان کی علالت کی وجہ سے انہی کے مشورے کے مطابق چھٹی جلد کا ترجمہ برادر محترم جناب محمد عشرت حسین صاحب کے سپرد کیا جا چکا تھا، اس لئے شمیم صاحب نے پانچویں جلد کی تکمیل کے بعد ساتویں جلد کا ترجمہ شروع کیا، لیکن ابھی سورۂ احزاب کے درمیان میں تھے کہ ان کے صاحبزادے جناب شائل شمیم صاحب انہیں علاج کیلئے دوبارہ امریکہ لے گئے، اس مرتبہ وہ مستقل قیام کے ارادے سے امریکہ گئے تھے، البتہ معارف القرآن کے کام کے سلسلے میں یہاں آتے رہنے کا ارادہ تھا۔ وہاں پہنچ کر بھی انہوں نے ساتویں جلد کا کام جاری رکھا، اور اس کا بیشتر حصہ مکمل کر لیا۔ ان سے ای میل کے ذریعے برابر رابطہ قائم تھا۔ قرآن کریم کا جو ترجمہ ہم سورۂ انبیاء تک اکٹھے بیٹھ کر کیا کرتے تھے، ان کی امریکہ روانگی کے وقت یہ طے کر لیا گیا تھا کہ اب اس کی رفتار تیز کرنے کے لئے وہ اب تنہا میں کروں گا، اور ان کے پاس بھیج دیا کروں گا، چنانچہ سورۂ انبیاء سے سورۂ روم تک کا ترجمہ کر کے میں ای میل کے ذریعے ان کے پاس بھجواتا رہا۔ اور وہ میرے ترجمے کی ہر قسط کو انتہائی باریک بینی سے دیکھتے، تمام دوسرے تراجم سامنے رکھتے، پھر اس ترجمے پر اپنی رائے اہتمام کے ساتھ بھیجتے تھے جو میرے لیے بڑی مددگار ہوتی تھی۔ اور اب کسی اور سے اتنی دقت نظر کے ساتھ رائے دینے کی بظاہر امید نظر نہیں آتی۔

۹ / مارچ کو اچانک رات کے وقت میرے پاس شمیم صاحب کی اہلیہ کی ہمشیرہ کا فون آیا کہ شمیم صاحب کو دل کا شدید دورہ ہوا ہے اور وہ ہسپتال میں داخل کر دیئے گئے ہیں، میں نے ان کے صاحبزادے شائل صاحب کو امریکہ فون کیا تو انہوں نے بتایا کہ حملہ شدید ہے، اور ڈاکٹر صاحبان تقریباً ناامیدی کا اظہار کر رہے ہیں، وہ رات بے چینی میں گذری، اور صبح ہونے تک خبر آگئی کہ وہ اپنی منزل مقصود تک پہنچ گئے جس کی تیاری کیلئے انہوں نے سالہا سال سے شب و روز وقف کئے ہوئے تھے۔ انا للّٰہ وانا الیہ راجعون۔

اپریل کے وسط میں مجھے امریکہ جانا تھا، اور انہی سے ملاقات کیلئے نیویارک جانے کا بھی ارادہ تھا مگر ملاقات قسمت میں نہیں تھی، میں ۱۳/ اپریل کو نیویارک پہنچا۔ اور تقریباً چوبیس گھنٹے انہی کے کمرے میں گذارے۔ شاکل صاحب نے بتایا کہ ان کے سینے میں تکلیف کئی دن سے چل رہی تھی۔ مگر وہ کام کئے جا رہے تھے، جب تکلیف کچھ بڑھتی نظر آئی تو صاحبزادگان نے ہسپتال لے جانے پر اصرار کیا، مگر انہوں نے پہلے اپنے چھوٹے صاحبزادے سدیم صاحب کو مامور کیا کہ کمپیوٹر میں ان کا کیا ہوا جتنا کام موجود ہے، پہلے وہ اس کی فلاپی بنوائیں چنانچہ انہوں نے دو فلاپیاں اپنے سامنے بنوائیں، پھر جتنے پرنٹ نکلے ہوئے تھے، انہیں منظم کر کے لفافوں میں رکھا اور انہیں تاکید کی کہ یہ مجھے (راقم الحروف کو) کراچی بھجوادیں۔ شام کے وقت درد زیادہ ہونے لگا تو انہیں معائنے کیلئے ہسپتال لے جایا گیا، ہسپتال جاتے ہوئے انہوں نے شاکل صاحب سے کہا کہ معارف القرآن کی ساتویں جلد کے جو صفحات باقی رہ گئے ہیں اگر میں واپس نہ آؤں تو تقی صاحب سے کہیں کہ وہ خود ہی ان کی تکمیل کر لیں تو بہتر ہے۔ شاکل صاحب نے کہا کہ ان شاء اللہ آپ واپس آئیں گے اور ابھی تو آپ کو آٹھویں جلد بھی مکمل کرنی ہے۔ اس پر وہ فرمانے لگے کہ پہلے میرے دل میں بھی یہی آرزو تھی کہ آٹھویں جلد میرے ہاتھوں ہی مکمل ہو، لیکن اب میں سوچتا ہوں کہ قرآن کریم ایسی چیز نہیں جسے ختم کیا جائے، بلکہ ایسی چیز ہے جس میں زندگی ختم ہو جائے۔ (یہ حضرت والد صاحبؒ کا جملہ ہے جو انہوں نے معارف القرآن میں لکھا ہے، شمیم صاحب نے وہی جملہ اس موقع پر دہرایا)۔

ہسپتال پہنچ کر طبیعت نسبتاً سنبھلی رہی، لیکن رات تین بجے ان پر دل کا شدید حملہ ہوا، اور انہوں نے اپنے صاحبزادے سدیم صاحب کو بتایا کہ ایسی تکلیف پہلے کبھی نہیں ہوئی، اس کے بعد وہ کئی گھنٹے بے ہوش رہنے کے بعد بالآخر اس دنیا کو الوداع کہہ گئے۔ انا للّٰہ وانا الیہ راجعون۔ میں ان کی قبر پر پہنچا تو وہ ان کی زندگی کی طرح سادہ تھی، اور ایسا لگتا تھا کہ دنیا کی وہ رنگینیاں جن سے وہ مدتوں سے بیزار تھے ان سے ہمیشہ کیلئے جان چھڑا کر اس ویرانے میں آسودہ ہو گئے ہیں۔ رحمہ اللّٰہ رحمۃ واسعۃ

ان کے کمرے میں ان کا کمپیوٹر ان کے مسودات اور ان کی کتابیں اسی طرح رکھی تھیں جیسے

وہ ابھی کام کرکے اٹھے ہیں، میں نے کمپیوٹر کھول کر دیکھا تو آخری وہ آیت جس پر کام کرکے وہ اٹھے تھے، سورۂ حم السجدہ کی یہ آیت تھی:۔

ان الذین آمنوا وعملوا الصلحت لھم اجر غیر ممنون

(حم السجدہ ۸)

بیشک جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے ان کیلئے ایسا اجر ہے جو کبھی ختم ہونے والا نہیں۔

انشاء اللہ یہ فال نیک ہے اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے امید ہے کہ انہیں اس آیت کا مصداق بنایا گیا ہوگا۔

شمیم صاحب نے معارف القرآن کے ترجمے کے دوران اور بھی متعدد کتابوں کی ترجمے کئے۔ سب سے پہلے انہوں نے میرے رسالے ''نمازیں سنت کے مطابق پڑھئے'' کو انگریزی میں منتقل کیا۔ پھر ہمارے شیخ حضرت ڈاکٹر عبدالحئی صاحب عارفی قدس سرہ کی کتاب ''احکام میت'' کا ترجمہ کیا۔ اور اپنے صاحبزادوں کو یہ کتاب دے کر وصیت کی کہ ان کی تجہیز و تکفین پوری طرح اس کتاب کے مطابق کی جائے۔ اس کے علاوہ میری کتاب ''پرنور دعائیں'' کا ترجمہ انہوں نے بڑے شوق وذوق کے ساتھ کیا۔ انہیں مسنون دعاؤں سے بڑی مناسبت تھی اور یہ کتاب مجھ سے لکھوانے میں ان کا بھی بڑی دخل تھا۔ اس کتاب کا انگریزی ترجمہ پڑھنے والوں کو یہ بات خاص طور پر محسوس ہوگی کہ مسنون دعاؤں میں والہیت کا جو انداز ہے اسے شمیم صاحب نے انسانی استطاعت کی حد تک انگریزی میں منتقل کرنے کی بڑی کوشش کی ہے۔

جب میں نے ''البلاغ انٹرنیشنل'' انگریزی میں شائع کرنا شروع کیا تو اس کی ادارت اور ترتیب میں بھی شمیم صاحبؒ نے بڑا حصہ لیا اور اس کو بہتر بنانے کی کوشش کی۔ بعد میں خود میں نے ہی ان سے درخواست کی کہ وہ اپنی توجہ تفسیر کے کام پر مرکوز رکھیں تاکہ اس کام میں خلل نہ آئے۔

پچھلے تقریباً سولہ سال میں شمیم صاحبؒ سے ایک تو رسمی تعلق ان کے کام کی وجہ سے تھا ہی، لیکن انسان اور ایک مسلمان ہونے کی حیثیت میں، میں نے انہیں بڑے بلند اوصاف کا حامل

پایا۔ان کی تواضع، ان کے بے نفسی، ان کا خلوص، ان کی للہیت اور ان سب کے ساتھ اُن کی شگفتہ مزاجی ایسی صفات تھیں کہ آج اس دور میں بہت کمیاب ہیں، دنیا کی محبت سے شاید وہ اپنے دل کو بالکل پاک کر چکے تھے۔ انکے صاحبزادے کا بیان ہے کہ ان کے انتقال کے بعد ہسپتال والوں نے پوچھا کہ ان کے ڈیتھ سرٹیفکیٹ (Death Certificate) کی کتنی کاپیاں آپ کو درکار ہونگی؟ صاحبزادے نے کہا ایک بھی نہیں۔ انہوں نے حیرت سے پوچھا، ''کیا آپ کو ان کے بینک اکاؤنٹ کیلئے سرٹیفکیٹ کی ضرورت نہیں ہوگی؟'' صاحبزادے نے کہا ''ان کا کوئی انشورنس نہیں''۔ انہوں نے پوچھا۔ ''مکان کی ملکیت وغیرہ کیلئے؟'' صاحبزادے نے کہا ''ان کا کوئی مکان نہیں وہ اپنے پیچھے ایک بیوی، دو بیٹوں اور کچھ کتابوں اور کاغذات کے سوا کچھ چھوڑ کر نہیں گئے'' ہسپتال والے محو حیرت تھے کہ ایسے انسان بھی امریکہ میں ہوتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ان پر اس حدیث نبوی ﷺ کی بشارت صادق آتی ہے جس میں اس شخص کو اعلیٰ درجات کی خوشخبری سنائی گئی ہے جس کے مرنے کے بعد اس پر رونے والے بھی کم ہوں اور اس کی میراث بھی کم۔ قلت بواکیہ قل تراثہ۔ اور یہ حالت اس بنا پر نہیں کہ انہوں نے فقر وافلاس کی زندگی گذاری تھی، بلکہ یہ حالت اس شخص کی ہے جو روپے پیسے میں کھیلتا تھا اور بالآخر اپنا سب کچھ قرآن کریم کی خدمت کے حوالے کر کے ہلکا پھلکا دنیا سے رخصت ہو گیا۔

**اللهم اكرم نزله ووسع مدخله وابدله دارا خيرا من داره واهلا خيرا من اهله ونقه من الخطايا كما ينقى الثوب الأبيض من الدنس.**

(ماہنامہ ''البلاغ'' ربیع الاول ۱۴۲۳ھ جون ۲۰۰۲ء)